❁❁ حضرت عبداللہ بن عدی انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ لوگوں کے درمیان تشریف فرما تھے اسی دوران ایک شخص آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے آپ ﷺ سے اجازت لی کہ وہ آپ ﷺ سے سرگوشی میں بات کرنا چاہتا ہے اس نے آپ ﷺ سے سرگوشی میں یہ بات چیت کی کہ وہ منافقین سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو قتل کر دے' تو نبی اکرم ﷺ نے بلند آواز میں دریافت کیا: کیا وہ اس بات کی گواہی نہیں دیتا کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ اس شخص نے عرض کی: جی ہاں' یا رسول اللہ ﷺ' لیکن اس کی گواہی کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا وہ اس بات کی گواہی نہیں دیتا کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ اس نے عرض کی: جی ہاں' یا رسول اللہ ﷺ' لیکن اس کی گواہی کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا وہ نماز نہیں پڑھتا اس نے عرض کی: جی ہاں (پڑھتا ہے)' لیکن اس کی نماز کا کوئی اعتبار نہیں ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں' جنہیں (قتل کرنے سے) مجھے منع کیا گیا ہے۔

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ تَحْرِيمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا دِمَاءَ الْمُؤْمِنِينَ

### اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کے خون

---

5971- إسناده صحيح. محمد بن محمد بن حماد الطهراني: ثقة روى له ابن ماجه، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير الصحابي رضي الله عنه، فلم يخرج له أحد من الستة وليس له إلا هذا الحديث. وأخرجه أحمد 5/433 عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## (یعنی ان کی جانیں) قابل احترام قرار دی ہیں

**5972** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَانِيْ اَبُو الْعَالِيَةِ وَصَاحِبٌ لِي، فَقَالَ: هَلُمَّا، فَاِنَّكُمَا اَشَبُّ شَبَابًا، وَاَوْعٰى لِلْحَدِيْثِ مِنِّي، فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا بِشْرَ بْنَ عَاصِمٍ اللَّيْثِيَّ، قَالَ اَبُو الْعَالِيَةِ: حَدِّثْ هٰذَيْنِ، قَالَ بِشْرٌ: حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مَالِكٍ وَّكَانَ مِنْ رَهْطِهِ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً، فَغَارَتْ عَلٰى قَوْمٍ، فَشَذَّ مِنَ الْقَوْمِ رَجُلٌ، وَاتَّبَعَهُ رَجُلٌ مِّنَ السَّرِيَّةِ وَمَعَهُ السَّيْفُ شَاهِرُهُ، فَقَالَ: اِنِّي مُسْلِمٌ، فَلَمْ يَنْظُرْ فِيمَا قَالَ، فَضَرَبَهُ فَقَتَلَهُ، قَالَ: فَنَمِيَ الْحَدِيْثُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ فِيْهِ قَوْلًا شَدِيْدًا، فَبَلَغَ الْقَاتِلَ، قَالَ: فَبَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، اِذْ قَالَ الْقَاتِلُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ مَا قَالَ الَّذِيْ قَالَ اِلَّا تَعَوُّذًا مِنَ الْقَتْلِ، فَاَعْرَضَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَمَّنْ قِبَلَهُ مِنَ النَّاسِ، وَاَخَذَ فِيْ خُطْبَتِهِ، قَالَ: ثُمَّ عَادَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا قَالَ الَّذِيْ قَالَ اِلَّا تَعَوُّذًا مِنَ الْقَتْلِ، فَاَعْرَضَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَمَّنْ قِبَلَهُ مِنَ النَّاسِ، فَلَمْ يَصْبِرْ اَنْ قَالَ الثَّالِثَةَ، فَاَقْبَلَ عَلَيْهِ تُعْرَفُ الْمَسَاءَةُ فِيْ وَجْهِهِ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيَّ اَنْ اَقْتُلَ مُؤْمِنًا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

❁❁ حمید بن ہلال بیان کرتے ہیں: ابوعالیہ اور میرے ایک ساتھی میرے پاس آئے ان لوگوں نے کہا: تم آؤ تم نوجوان ہو تمہیں مجھ سے زیادہ حدیثیں یاد ہیں ہم لوگ روانہ ہوئے یہاں تک کہ ہم بشر بن عاصم لیثی کے پاس آئے تو ابوعالیہ نے کہا: ان دونوں کو حدیث بیان کرو بشر نے یہ بات بیان کی۔

حضرت عقبہ بن مالک رضی اللہ عنہ نے ہمیں حدیث بیان کی ہے: وہ ان کے قبیلے سے تعلق رکھتے تھے وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہم روانہ کی انہوں نے ایک قوم پر حملہ کیا ان میں سے ایک شخص ایک طرف ہٹ گیا مہم میں شامل افراد میں سے ایک شخص اس کے پاس گیا اس کے پاس سونتی ہوئی تلوار تھی اس (پہلے الگ ہونے والے شخص نے) کہا میں مسلمان ہوں لیکن (پیچھے جانے والے فرد نے) اس کی بات پر توجہ نہیں دی اور اس پر حملہ کر کے اسے قتل کر دیا جب اس بات کی اطلاع نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

5972- إسناده صحيح، شيبان بن أبي شيبة: هو شيبان بن فروخ، ثقة روى له مسلم، وبشر بن عاصم: وثقه المؤلف والنسائي. والحديث في "مسند أبي يعلى 314/2 "، والزيادة منه، لكنه جاء فيه: عقبة بن خالد الليثي، وقال ابن الأثير في "أسد الغابة 4/59 "في ترجمة عقبة بن مالك: ذكره أبو يعلى الموصلي في "مسنده "الذي رويناه": عقبة بن خالد"، ولعله تصحيف من الكاتب، والله أعلم، وهذا أصح. وأخرجه ابن الأثير من طريق أبي بكر بن أبي عاصم، عن شيبان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/110و 5/288 289، والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة7/443 "، والطبراني في "الكبير "980"17/" من طرق عن سليمان بن المغيرة، به. وأخرجه الطبراني "981"17/ من طريق يونس بن عبيد، عن حميد بن هلال، بنحوه. وذكره الهيثمي في "المجمع 5/27 "وقال: رواه الطبراني في "الكبير"، وأحمد، وأبو يعلى، إلا أنه قال": عقبة بن خالد "بدل "عقبة بن مالك"، ورجاله ثقات كلهم.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



تک پہنچی' تو نبی اکرم ﷺ نے اس بارے میں سخت ناراضگی کا اظہار کیا اس بات کی اطلاع قتل کرنے والے شخص کو ملی۔ راوی بیان کرتے ہیں: ابھی نبی اکرم ﷺ خطبہ دے رہے تھے' تو اس قاتل نے عرض کی: یا رسول اللہ (ﷺ)! اللہ کی قسم! اس نے یہ کلمہ صرف قتل سے بچنے کے لیے پڑھا تھا' تو نبی اکرم ﷺ نے اس شخص سے اور اس کی طرف موجود لوگوں کی طرف سے منہ پھیر لیا۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنے خطبے کو جاری رکھا اس شخص نے دوبارہ یہی بات بیان کی اس نے عرض کی: یا رسول اللہ (ﷺ)! اس نے صرف قتل سے بچنے کے لیے یہ بات کہی تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے پھر اس سے اور اس کی طرف موجود لوگوں سے منہ پھیر لیا پھر اس شخص سے صبر نہیں ہوا' یہاں تک کہ اس نے تیسری مرتبہ یہی بات کہی' تو نبی اکرم ﷺ اس کی طرف متوجہ ہوئے ناراضگی کے آثار آپ ﷺ کے چہرے پر نمایاں تھے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے میرے لیے یہ بات حرام قرار دی ہے کہ میں کسی مومن کو قتل کروں یہ بات آپ ﷺ نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔

**5973** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُفَضَّلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ بَكْرَةَ، عَنْ اَبِىْ بَكْرَةَ:

(متن حدیث): ذَكَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَقَفَ عَلٰى بَعِيْرِهٖ، وَاَمْسَكَ اِنْسَانٌ بِخِطَامِهٖ، اَوْ قَالَ: بِزِمَامِهٖ، فَقَالَ: اَيُّ يَوْمٍ هٰذَا؟ فَسَكَتْنَا حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ سِوَى اسْمِهٖ، فَقَالَ: اَلَيْسَ بِيَوْمِ النَّحْرِ؟ قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: فَاَيُّ شَهْرٍ هٰذَا؟ فَسَكَتْنَا، حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ سِوَى اسْمِهٖ، فَقَالَ: اَلَيْسَ بِذِى الْحِجَّةِ؟ قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: فَاَيُّ بَلَدٍ هٰذَا؟ فَسَكَتْنَا حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ سِوَى اسْمِهٖ، فَقَالَ: اَلَيْسَ الْبَلَدَ الْحَرَامَ؟ قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: فَاِنَّ دِمَاءَكُمْ، وَاَمْوَالَكُمْ، وَاَعْرَاضَكُمْ بَيْنَكُمْ حَرَامٌ عَلَيْكُمْ، كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا، فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا، فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا، اَلَا لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ مِنْكُمُ الْغَائِبَ، فَاِنَّ الشَّاهِدَ عَسٰى يُبَلِّغُ مَنْ هُوَ اَوْعٰى لَهٗ مِنْهُ

✿✿ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ اونٹ پر ٹھہرے ہوئے تھے ایک شخص نے اس اونٹ کی لگام (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) کو پکڑا ہوا تھا نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا یہ کون سا دن ہے۔ ہم لوگ خاموش رہے ہم نے یہ گمان کیا کہ شاید آپ اس کے لیے کوئی دوسرا نام تجویز کریں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا یہ قربانی کا دن نہیں ہے ہم نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا یہ کون سا مہینہ ہے ہم لوگ خاموش رہے ہم نے یہ گمان کیا کہ شاید آپ اس کے لیے کوئی دوسرا نام تجویز کریں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا یہ ذوالحجہ نہیں ہے ہم نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا یہ کون سا شہر ہے ہم لوگ خاموش رہے' یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ شاید آپ ﷺ اس کے لیے کوئی دوسرا نام تجویز کریں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا یہ حرمت والا شہر نہیں ہے۔ ہم نے عرض کی: جی ہاں۔

5973- إسناده صحيح على شرط، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عبد الأعلى، فمن رجال مسلم، وهو مكرر "3848"، وانظر ما بعده. ذكر البيان بأن تحريم الله جلا وعلا أموال المسلمين ودماؤهم وَأَعْرَاضَهُمْ كَانَ ذٰلِكَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ قَبْلَ ان يقبض الله جلا وَعَلَا رَسُوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہاری جانیں تمہارے مال تمہاری عزتیں ایک دوسرے کے لیے اسی طرح قابل احترام ہیں' جس طرح یہ دن اس مہینے میں اس شہر میں قابل احترام ہے خبردار ہر موجود شخص غیر موجود تک اس کی تبلیغ کردے کیونکہ بعض اوقات موجود شخص ایسے شخص تک اس کی تبلیغ کرے گا' جو اس کے مقابلے میں زیادہ بہتر طور پر اس حکم کو محفوظ رکھے گا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَحْرِيمَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اَمْوَالَ الْمُسْلِمِينَ، وَدِمَاءَ هُمْ، وَاَعْرَاضَهُمْ كَانَ ذٰلِكَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ قَبْلَ اَنْ يَّقْبِضَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا رَسُوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى جَنَّتِهٖ بِثَلَاثَةِ اَشْهُرٍ وَّيَوْمَيْنِ

### اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے اموال، ان کی جانیں،

ان کی عزتیں قابل احترام قرار دی ہیں اور ایسا حجۃ الوداع کے موقع پر ہوا تھا اور یہ نبی اکرم ﷺ کے جنت کی طرف تشریف لے جانے سے تین ماہ دو دن پہلے ہوا

**5974** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا اَيُّوبُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِينَ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ الزَّمَانَ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهٖ يَوْمَ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ، السَّنَةُ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا، مِنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ، ثَلَاثٌ مُتَوَالِيَاتٌ: ذُو الْقَعْدَةِ، وَذُو الْحِجَّةِ، وَالْمُحَرَّمُ، وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِيْ بَيْنَ جُمَادٰى وَشَعْبَانَ ثُمَّ قَالَ: اَيُّ شَهْرٍ هٰذَا ؟ قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ، قَالَ: فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيهِ بِغَيْرِ اسْمِهٖ، قَالَ: اَلَيْسَ ذَا الْحِجَّةِ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: اَيُّ بَلَدٍ هٰذَا؟ قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ، قَالَ: فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيهِ بِغَيْرِ اسْمِهٖ، قَالَ: اَلَيْسَ ذَا الْبَلْدَةِ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: اَيُّ يَوْمٍ هٰذَا ؟ قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ، قَالَ: اَلَيْسَ يَوْمَ النَّحْرِ؟ قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: فَاِنَّ دِمَاءَكُمْ، وَاَمْوَالَكُمْ - قَالَ مُحَمَّدٌ: وَاَحْسِبُهٗ قَالَ: وَاَعْرَاضَكُمْ -، عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا، فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا، وَسَتَلْقَوْنَ رَبَّكُمْ فَيَسْاَلُكُمْ عَنْ اَعْمَالِكُمْ، اَلَا فَلَا تَرْجِعُوْا بَعْدِيْ ضُلَّالًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ، اَلَا لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ مِنْكُمُ الْغَائِبَ، فَلَعَلَّ بَعْضَ مَنْ يُّبَلَّغُهٗ يَكُوْنُ اَوْعٰى لَهٗ مِنْ بَعْضِ مَنْ سَمِعَهٗ ، قَالَ: فَكَانَ مُحَمَّدٌ اِذَا ذَكَرَهٗ يَقُوْلُ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ، قَدْ كَانَ ذَاكَ، ثُمَّ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

---

5974- حديث صحيح .عبد الله بن هانء :هو النحوى، ذكره المصنف فى "الثقات 8/364 "وقال :كنيته أبو عبد الرحمن، من أهل نيسابور، قدم الشام، فحدثهم بها، يروى عن عبد الوهاب الثقفى، ويحيى القطان، حدثنا عنه الحسين بن يزيد بن عبد الله القطان بالرقة، لم أر فى حديثه ما يجب أن يعدل به عن الثقات الى المجروجين، وذكره ابن أبى حاتم 5/195، وقال :يروى عنه محمد بن مسلم، ولم يذكر فيه جرحا ولا تعديلا، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .أيوب :هو السختيانى، وابن أبى بكرة : اسمه عبد الرحمن .وانظر الحديث السابق التالى.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وَسَلَّمَ: اَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟ اَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب سے اللہ تعالیٰ نے آسمان وزمین کو پیدا کیا ہے زمانہ گردش میں ہے سال بارہ مہینے کا ہوتا ہے جن میں سے چار مہینے حرمت والے ہیں ان میں سے تین آگے پیچھے آتے ہیں ذیقعدہ، ذوالحجہ اور محرم، جبکہ رجب کا مہینہ جمادی الثانی اور شعبان کے درمیان آتا ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ کون سا مہینہ ہے، ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے، یہاں تک کہ ہم نے یہ گمان کیا کہ شاید آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے لیے نیا نام تجویز کریں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا یہ ذوالحجہ نہیں ہے ہم نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا یہ کون سا شہر ہے ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے، یہاں تک کہ ہم نے یہ گمان کیا کہ شاید آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے لیے کوئی دوسرا نام تجویز کریں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا یہ البلدہ نہیں ہے ہم نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا یہ کون سا دن ہے ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا یہ قربانی کا دن نہیں ہے ہم نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری جانیں تمہارے مال (یہاں محمد نامی راوی کہتے ہیں: میرا یہ خیال ہے روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں) اور تمہاری عزتیں ایک دوسرے کے لیے اسی طرح قابل احترام ہیں، جس طرح یہ دن اس شہر میں قابل احترام ہے عنقریب تم اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہو جاؤ گے، تو وہ تم سے تمہارے اعمال کے بارے میں حساب لے گا خبردار میرے بعد گمراہ نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں اڑانے لگو، ہر تم میں سے ہر موجود شخص غیر موجود شخص تک تبلیغ کر دے کیونکہ بعض اوقات یہ بات اس شخص تک پہنچ جاتی ہے، جو اس کے مقابلے میں زیادہ بہتر طور پر اسے محفوظ رکھتا ہے، جس نے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی براہ راست) اسے سنا تھا۔

راوی بیان کرتے ہیں: محمد نامی راوی جب اس حدیث کا ذکر کرتے تھے، تو یہ کہتے تھے: اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا ہے اس طرح ہوتا ہے۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خبردار کیا میں نے تبلیغ کر دی ہے کیا میں نے تبلیغ کر دی ہے۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ اسْتِدَارَةِ الزَّمَانِ فِي ذٰلِكَ الْوَقْتِ

## اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ اس وقت میں زمانہ گردش میں ہے

**5975** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ بَكْرَةَ، عَنْ اَبِىْ بَكْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ الزَّمَانَ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهِ يَوْمَ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ، وَالسَّنَةُ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا، مِنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ، ثَلَاثَةٌ مُتَوَالِيَاتٌ: ذُو الْقَعْدَةِ، وَذُو الْحِجَّةِ، وَالْمُحَرَّمُ، وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِىْ بَيْنَ جُمَادٰى وَشَعْبَانَ، ثُمَّ قَالَ: اَىُّ شَهْرٍ هٰذَا؟ قُلْنَا: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ، قَالَ: فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهٖ،

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



قَالَ: اَلَيْسَ ذَا الْحِجَّةِ قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: فَاَيُّ بَلَدٍ هٰذَا؟ قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ، قَالَ: فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهٖ، قَالَ: اَلَيْسَ الْبَلَدَ الْحَرَامَ؟ قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: فَاَيُّ يَوْمٍ هٰذَا؟ قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ، قَالَ: فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهٖ، قَالَ: اَلَيْسَ يَوْمَ النَّحْرِ؟ قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: فَاِنَّ دِمَاءَكُمْ وَاَمْوَالَكُمْ - قَالَ مُحَمَّدٌ: وَاَحْسِبُهٗ قَالَ وَاَعْرَاضَكُمْ -، حَرَامٌ عَلَيْكُمْ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا، فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا، فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا، وَسَتَلْقَوْنَ رَبَّكُمْ فَيَسْاَلُكُمْ عَنْ اَعْمَالِكُمْ، فَلَا تَرْجِعُوْا بَعْدِيْ ضُلَّالًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ، اَلَا لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ، فَلَعَلَّ بَعْضَ مَنْ يَبْلُغُهٗ يَكُوْنُ اَوْعٰى لَهٗ مِنْ بَعْضِ مَنْ سَمِعَهٗ، اَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟

﴾﴿ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب سے اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا ہے زمانہ گردش میں ہے سال بارہ مہینے کا ہوتا ہے جس میں چار مہینے حرمت والے ہیں ان میں سے تین مہینے آگے پیچھے ہوتے ہیں ذیقعدہ، ذوالحجہ اور محرم جبکہ رجب کا مہینہ جمادی الثانی اور شعبان کے درمیان آتا ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا یہ کون سا مہینہ ہے ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے تو ہم نے یہ گمان کیا کہ شاید آپ اس کے لیے نیا نام تجویز کریں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا یہ ذوالحجہ نہیں ہے ہم نے عرض کی: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا یہ کون سا شہر ہے ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے یہاں تک کہ ہم نے یہ گمان کیا کہ شاید آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے لیے دوسرا نام تجویز کریں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا یہ حرمت والا شہر نہیں ہے ہم نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا یہ کون سا دن ہے ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے یہاں تک کہ ہم نے یہ گمان کیا کہ شاید آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے لیے کوئی دوسرا نام تجویز کریں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا یہ قربانی کا دن نہیں ہے ہم نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہاری جانیں اور تمہارے مال (یہاں محمد نامی راوی کہتے ہیں: میرا خیال ہے روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں: تمہاری عزتیں) ایک دوسرے کے لیے اسی طرح قابل احترام ہیں جس طرح یہ دن اس مہینے میں اس شہر میں قابل احترام ہے عنقریب تم اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہو جاؤ گے تو وہ تم سے تمہارے اعمال کے بارے میں حساب لے گا۔ تو تم میرے بعد گمراہ نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں اڑانے لگو خبردار! موجود شخص غیر موجود افراد تک تبلیغ کر دیں کیونکہ جس (دوسرے شخص کو بات) پہنچائی جائے گی وہ (بعض اوقات براہ راست) سننے والے سے زیادہ بہتر طور پر اسے محفوظ رکھے گا۔ خبردار! کیا میں نے تبلیغ کر دی ہے؟

5975- حديث صحيح .عبد الله بن هانىء :هو النحوى، ذكره المصنف فى "الثقات 8/364 "وقال :كنيته أبو عبد الرحمن، من أهل نيسابور، قدم الشام، فحدثهم بها، يروى عن عبد الوهاب الثقفى، ويحيى القطان، حدثنا عنه الحسين بن يزيد بن عبد الله القطان بالرقة، لم أر فى حديثه ما يجب أن يعدل به عن الثقات الى المجروحين، وذكره ابن أبى حاتم 5/195، وقال :يروى عنه محمد بن مسلم، ولم يذكر فيه جرحاً ولا تعديلاً، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .أيوب :هو السختيانى، وابن أبى بكرة : اسمه عبد الرحمن .وانظر الحديث السابق التالى.

5975- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ دِمَاءَ كُمْ حَرَامٌ عَلَيْكُمْ لَفْظٌ عَامٌّ، مُرَادُهَا خَاصٌّ، اَرَادَ بِهٖ بَعْضَ الدِّمَاءِ لَا الْكُلَّ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کے یہ فرمان:

''بے شک تمہارے خون تمہارے لیے حرام ہیں'' یہ الفاظ عام ہیں' لیکن ان کی مراد خاص ہے اور اس کے ذریعے بعض قسم کے خون ہیں سارے خون مراد نہیں ہیں

**5976** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَامَ مَقَامِي هٰذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: وَالَّذِي لَا اِلٰـهَ غَيْرُهُ، لَا يَحِلُّ دَمُ رَجُلٍ يَّشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ، اِلَّا فِي اِحْدٰى ثَلَاثٍ: التَّارِكُ الْاِسْلَامَ، الْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَةِ، وَالثَّيِّبُ الزَّانِي، وَالنَّفْسُ بِالنَّفْسِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس مقام پر نبی اکرم ﷺ کھڑے ہوئے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' جو شخص اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور میں اللہ کا رسول ہوں ایسے کسی بھی شخص کا خون بہانا تین میں سے کسی ایک صورت میں جائز ہے' اسلام کو ترک کر کے (مسلمانوں کی) جماعت سے علیحدگی اختیار کرنے والا شخص، شادی شدہ زانی اور جان کے بدلے میں جان۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ لَمْ يَسْمَعْهُ الْاَعْمَشُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے یہ روایت اعمش نے عبداللہ بن مرہ سے نہیں سنی ہے

**5977** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

---

5976– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر "4407"و"4408"، وانظر ما بعده.

5977– إسناده صحيح على شرط الشيخين سليمان :هو الأعمش .وانظر ماقبله.وأخرجه النسائي 8/13في القسامة :باب القود، عن بشير بن خالد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/465عن محمد بن جعفر، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث):لَا يَحِلُّ دَمُ مُسْلِمٍ اِلَّا بِاِحْدٰى ثَلَاثٍ: اَلنَّفْسُ بِالنَّفْسِ، وَالثَّيِّبُ الزَّانِيْ، وَالتَّارِكُ لِدِيْنِهٖ الْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَةِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کسی بھی مسلمان کا خون تین میں سے کسی ایک صورت میں جائز ہے جان کے بدلے میں جان، شادی شدہ زانی اور اپنے دین کو ترک کر کے (مسلمانوں کی) جماعت سے علیحدہ ہونے والا شخص۔''

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ قَوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَمْوَالَكُمْ حَرَامٌ عَلَيْكُمْ اَرَادَ بِهٖ بَعْضَ الْاَمْوَالِ لَا الْكُلَّ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''بے شک تمہارے اموال تم پر حرام ہیں'' اس کے ذریعے بعض اموال مراد ہیں تمام اموال مراد نہیں ہیں

**5978** - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ،

(متن حدیث):اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَحِلُّ لِامْرِءٍ اَنْ يَّاْخُذَ عَصَا اَخِيْهِ بِغَيْرِ طِيْبِ نَفْسٍ مِّنْهُ، قَالَ ذٰلِكَ لِشِدَّةِ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ مِنْ مَالِ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ

حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کسی بھی مسلمان کے لیے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے کسی بھائی کی لاٹھی اس کی رضامندی کے بغیر حاصل کرے۔''

5978- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير عبد الرحمن بن سعد، وهو ثقة روى له البخاري في "الأدب المفرد" وأبو داود .أبو عامر العقدي :هو عبد الملك بن عمرو القيسي.وأخرجه البزار "1373"، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار 4/42 " 42من طريقين عن أبي عامر، بهذا الإسناد .وقال البزار :لا نعلمه عن أبي حميد إلا بهذا الطريق، وإسناده حسن. وقد رزي من وجوه عن غيره من الصحابةوأخرجه أحمد 5/425، والبيهقي 6/100و9/358، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" 4/41 42من طرق عن سليمان بن بلال، به.وجاء في الرواية الأولى عند البيهقي 6/100من طريق ابن وهب :عبد الرحمن بن سعد، وقال البيهقي :عبد الرحمن :هو ابن سعد بن مالك، وسعد بن مالك :هو أبو سعيد الخدري، ورواه أبو بكر بن أبي أويس عن سليمان، فقال :عبد الرحمن بن سعد، عن أبي حميد وذكره الهيثمي في "المجمع 4/171 "وقال :رواه أحمد والبزار ورجال الجميع رجال الصحيح.وفي الباب عن أبي حرة الرقاشي عن عمه :أخرجه أحمد 5/72، وأبو يعلى "1570"، والدارقطني 3/26، والبيهقي 6/100و8/182، وفيه علي بن زيد بن جدعان، وهو ضعيف.وعن عمران بن يثربي عند أحمد 3/423وابنه عبد الله في زيادات "المسند5/113 "، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار 4/42 "، والدراقطني 25- 3/24و25، والبيهقي .6/97وذكره الهيثمي في "المجمع 4/171 " 172وقال :رواه أحمد وابنه في زياداته أيضاً والطبراني في "الكبير "و"الإوسط"، ورجال أحمد ثقات.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس معاملے کی شدت کی وجہ سے یہ بات بیان کی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مسلمان کا مال دوسرے مسلمان کے لیے حرام قرار دیا ہے۔

## ذِكْرُ نَفْيِ اسْمِ الْإِيمَانِ عَنِ الْقَاتِلِ مُسْلِمًا بِغَيْرِ حَقِّهِ

## مسلمان کو ناحق طور پر قتل کرنے والے شخص سے لفظ ایمان کی نفی کا تذکرہ

**5979** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَسْرِقُ السَّارِقُ حِينَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَزْنِي الزَّانِي حِينَ يَزْنِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِينَ يَشْرَبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، وَلَا يَنْتَهِبُ نُهْبَةً ذَاتَ شَرَفٍ يَرْفَعُ اِلَيْهَا الْمُؤْمِنُونَ اَعْيُنَهُمْ وَهُوَ حِينَ يَنْتَهِبُهَا مُؤْمِنٌ، وَلَا يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ حِينَ يَقْتُلُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، فَاِيَّاكُمْ، اِيَّاكُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

”چور چوری کرتے ہوئے مومن نہیں رہتا، زانی زنا کرتے ہوئے مومن نہیں رہتا، شراب پینے والا شراب پیتے ہوئے مومن نہیں رہتا۔ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں محمد کی جان ہے: جو بھی شخص لوگوں کے سامنے سرعام چیز لوٹتا ہے وہ اسے لوٹتے ہوئے مومن نہیں رہتا اور کوئی بھی شخص کسی کو قتل کرتے ہوئے مومن نہیں رہتا، تو تم لوگ (ان تمام کاموں سے) بچنے کی کوشش کرو بچنے کی کوشش کرو۔“

## ذِكْرُ اِيجَابِ دُخُولِ النَّارِ لِلْقَاتِلِ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ مُتَعَمِّدًا

## اپنے مسلمان بھائی کو بلاوجہ قتل کرنے والے شخص کے جہنم میں داخل ہونے کے واجب ہونے کا تذکرہ

**5980** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْقَطَّانُ، بِالرَّقَّةِ قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ دِهْقَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي زَكَرِيَّا، قَالَ: سَمِعْتُ اُمَّ الدَّرْدَاءِ، تَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا

---

5979- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وقد تقدم برقم "1186" و "4412" و "4454" و "5172" و "5173"

5980- حديث صحيح هشام بن عمار: حسن الحديث وقد توبع، وباقي رجاله ثقات كلهم، وأخطأ الحافظ في قوله في "التقريب" "عن خالد بن دهقان": "مقبول"، فقد وثقه المصنف، ودحيم، وأبو مسهر، وأبو زرعة، والإمام الذهبي في "كاشفه." وأخرجه الحاكم 4/351، والبيهقي 8/21 من طريقين عن محمد بن المبارك الدمشقي، عن صدقة بن خالد، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. وأخرجه أبو داود "427" في الفتن: باب تعظيم قتل المؤمن، عن مؤمل بن الفضل، عن محمد بن شعيب، عن خالد بن دهقان، به، وفي الباب عن معاوية بن أبي سفيان أخرجه أحمد 4/99، والنسائي 7/81 في تحريم الدم في فاتحته، والحاكم 4/351 من طريق صفوان بن عيسى، والطبراني "858"/19 و "857" من طريقين عن ثور بن يزيد، عن أبي عون، عن أبي إدريس الخولاني، عن معاوية. وأخرجه الطبراني "857" "856"/19 من طريقين عن أبي عون، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


الدَّرْدَاءِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كُلُّ ذَنْبٍ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَغْفِرَهُ، اِلَّا مَنْ مَاتَ مُشْرِكًا، اَوْ مَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"ہر گناہ کے بارے میں (یہ امید کی جاسکتی ہے) کہ اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کردے گا ماسوائے اس شخص کے جو مشرک ہونے کے عالم میں فوت ہو یا جس نے کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کیا ہو۔"

## ذِكْرُ التَّغْلِيظِ عَلٰى مَنْ قَاتَلَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ حَتّٰى قُتِلَ

## ایسے شخص کی شدید مذمت کا تذکرہ' جو اپنے مسلمان بھائی کے ساتھ لڑتا ہے یہاں تک کہ وہ (دوسرا شخص) قتل ہو جاتا ہے

**5981** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بن اِسْمَاعِيْل بِبُسْتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوْب، وَيُوْنس، والمُعَلَّى، عَنِ الحَسَن، عَنِ الأحنفِ بن قَيسٍ: عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا التَقَى الْمُسْلِمَان بِسَيْفَيْهِمَا، فَقَتَلَ اَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ، فَالقَاتِلُ والمَقْتُولُ فِي النَّارِ

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"ہر گناہ (کے بارے میں یہ امید کی جاسکتی ہے) کہ اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کردے گا' ماسوائے اس شخص کے' جو مشرک ہونے کے عالم میں مرجائے' یا جو شخص کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کرے۔"

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قَتْلِ الْمَرْءِ مَنْ اَمِنَهُ عَلٰى دَمِهِ

## اس بارے میں ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی کسی ایسے شخص کو قتل کرے' جسے اس نے جان کی امان دی ہو

**5982** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ زَائِدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اِسْمَاعِيْلُ السُّدِّيُّ، عَنْ رِفَاعَةَ الْفِتْيَانِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَيُّمَا رَجُلٍ اَمِنَ رَجُلًا عَلٰى دَمِهِ ثُمَّ قَتَلَهُ، فَاَنَا مِنَ الْقَاتِلِ بَرِيْءٌ، وَاِنْ كَانَ الْمَقْتُوْلُ كَافِرًا

(توضیح مصنف): قَالَ الشَّيْخُ اَبُوْ حَاتِمٍ: فِتْيَانُ بَطْنٌ مِّنْ بَجِيلَةَ، وَقِتْبَانُ سَكَنُهُ بِمِصْرَ

5981- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أحمد بن عبيدة، والمعلى وهو ابن زياد القرشي، فمن رجال مسلم .أيوب :هو ابن أبي تميمة السختياني، ويونس :هو ابن عبيد، والحسن :هو بن أبي الحسن البصري .وقد تقدم الحديث برقم ."5945"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


حضرت عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''جو شخص کسی دوسرے شخص کو اس کی جان کے حوالے سے ایمان دے اور پھر اسے قتل کر دے' تو میں قتل کرنے والے شخص سے بری ہوں خواہ مقتول شخص کافر ہو''۔
شیخ ابوحاتم بیان کرتے ہیں: فتیان' بجیلہ قبیلے کی ایک شاخ ہے اور قتبان (قبیلے کے لوگ) مصر میں رہتے ہیں۔

## ذِكْرُ مَا يَلْزَمُ ابْنَ آدَمَ مِنْ اِثْمِ مَنْ قَتَلَ بَعْدَهُ مُسْلِمًا، لِاسْتِنَانِهِ ذٰلِكَ الْفِعْلَ لِمَنْ بَعْدَهُ

## اس بات کا تذکرہ کہ حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کو کتنا گناہ ہوتا ہے' جب اس کے بعد کوئی شخص کسی مسلمان کو قتل کرتا ہے کیونکہ اس کے بعد اس کے طریقے کی پیروی کی گئی

**5983** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:
(متن حدیث): مَا مِنْ نَفْسٍ تُقْتَلُ ظُلْمًا اِلَّا كَانَ عَلَى ابْنِ آدَمَ الْاَوَّلِ كِفْلٌ مِّنْ دَمِهَا، لِاَنَّهُ اَوَّلُ مَنْ سَنَّ الْقَتْلَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

5982- إسناده حسن. إسماعيل السدى: هو إسماعيل بن عبد الرحمن ب أبى كريمة السدى، روى له مسلم، وهو صدوق، وباقى رجاله ثقات رجال الشيخين غير رفاعة الفتنانى، فقد روى له النسائى وابن ماجة، هو ثقة. أبو أسامة: هو حماد بن أسامة، وزائدة: هو ابن قدامة. وأخرجه البخارى فى "التاريخ الكبير 3/323 "، والفسوى فى "المعرفة والتاريخ 3/193 "تعليقا، قال البخارى: وعن أبى عبيد الله، وقال الفسوى: قال عبيد الله: أخبرنا زائدة، فذكره بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسى "1285"، وأحمد 5/223 224، والطحاوى فى "مشكل الآثار "203" "بتحقيقنا، والطبرانى فى "الصغير"584" "، وأبو نعيم فى "الحلية" 9/24، والفسوى فى "المعرفة والتاريخ 3/192 " 193، وعلقه البخارى فى "التاريخ الكبير 193- 323 -3/322,322 "، من طرق عن إسماعيل السدى، به. وأخرجه أحمد 5/223و224و437، والنسائى فى "الكبرى "كما فى "التحفة 8/149 " 150، والطبرانى "38"من طرق عن رفاعة الفتيانى، به. وأخرجه الطيالسى "1286"، وابن ماجة "2688"فى الديات: باب من أمن رجلا على دمه فقتله، والطحاوى "201"و "202"من طرق عن عبد الملك بن عمير، عن رفاعة الفتيانى، عن عمرو بن الحمق، بلفظ: "إذا أمن الرجل الرجل على دمه، ثم قتله، رفع له لواء الغدر يوم القيامة "لفظ الطيالسى. وأخرجه ابن ماجة "2689"، وعلقه البخارى من طريق أبى ليلى، عن أبى عكاشة الهمذانى، عن سليمان بن صرد. 1بالفاء، وهى التى نسب إليها رفاعة، وقال المصنف فى "ثقاته: 4/240 "رفاعة بن شداد الفتيانى، وكنيته أبو عاصم، فتيان بطن من بجيلة من أهل اليمن، عداده فى أهل الكوفة، وجاء نسبه فى "تهذيب الكمال: 9/204 "رفاعة بن شداد بن عبد الله بن قيس بن جعال بن بداء بن فتيان بن ثعلبة بن رفاعة بن زيد بن الغوث بن أنمار بن إراش بن عمرو بن الغوث ابن بنت مالك الفتيانى البجلى، وقد وهم ابن حجر فى "التقريب "فقيده": القتيانى" بالقاف. وقوله": وقتبان سكنه بمصر "نسبه إلى قتيان بن ردمان، بطن من ذى فضالة بن عبيد القتبانى، والفضل بن عبيد وغيرهم. انظر "الإنساب10/59 "، و"المشتبه.2/499 "

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah. - الهداية

www.KitaboSunnat.com



''جس بھی شخص کوظلم کے طور پر قتل کیا جائے' تو اس کے خون میں حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا بھی حصہ ہوتا ہے کیونکہ اس نے قتل کے طریقے کا آغاز کیا تھا۔''

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قَتْلِ الْمَرْءِ وَلَدَهُ سِرًّا

## اس علت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے مسلمانوں کو قتل کرنے سے منع کیا گیا ہے

**5984** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ اَبِيْ غَنِيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُهَاجِرِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ بْنِ السَّكَنِ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَا تَقْتُلُوا اَوْلَادَكُمْ سِرًّا، فَاِنَّ قَتْلَ الْغَيْلِ يُدْرِكُ الْفَارِسَ، فَيُدَعْثِرُهُ عَنْ فَرَسِهِ

سیدہ اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''اپنی اولاد کو پوشیدہ طور پر قتل نہ کرو کیونکہ غیل کے قتل کا اثر شہسوار تک پہنچتا ہے اور اسے اس کے گھوڑے سے گرا دیتا ہے۔''

## ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا نُهِيَ عَنْ قَتْلِ الْمُسْلِمِيْنَ

## اس علت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے مسلمانوں کو قتل کرنے سے منع کیا گیا ہے

**5985** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ،

---

5983- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وعبد الله: هو ابن مسعود رضي الله عنه. وأخرجه مسلم "1677" في القسامة: باب بيان إثم من سن القتل، والطبري في "جامع البيان" "1173" من طرق عن جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "19781"، وابن أبي شيبة 9/364، وأحمد 1/383 و430 و433، والبخاري "3335" في الأنبياء: باب خلق آدم وذريته، و"6867" في الديات: باب قول الله تعالى: (وَمَنْ أَحْيَاهَا)، و"7321" في الإعتصام: باب قول إثم من دعا إلى ضلالة أو من سن سنة سيئة، ومسلم "1677"، والترمذي "2673" في العلم: باب الدال على الخير كفاعله، وقال: حسن صحيح، والنسائي 7/81 82 في تحريم الدم في فاتحته، وفي التفسير من "الكبرى" كما في "التحفة 7/144"، وابن ماجة "2616" في الديات: باب التغليظ في قتل مسلم ظلماً، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار 1/483"، والطبراني "11738" و"11739"، البيهقي 8/15، والبغوي في "شرح السنة "111""، وفي "معالم التنزيل 2/31" من طرق عن الأعمش، به. 2 تحرفت في الأصل و "التقاسيم/2 "لوحة 67 إلى "عن"، والتصويب من "الموارد "1304""، و "مسند أحمد."

5984- إسناده حسن. المهاجر: هو ابن أبي مسلم مولى أسماء بنت يزيد، روى عنه جمع، وذكره المؤلف في ثقاته، وباقي رجاله ثقات. أخرجه أحمد 6/453 عن أبي نعيم الفضل بن دكين، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/458 وأبو داود "3881" في الطب: باب في الغيل، ومن طريقه البيهقي 7/464 و458 من طرق عن محمد بن المهاجر، به. وأخرجه أحمد 6/457 و458، وابن ماجة "2012" في النكاح: باب الغيل، والطبراني في "الكبير "462"/24" من طريقين عن المهاجر بن أبي مسلم، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنِ الصُّنَابِحِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنِّي فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، وَاِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْاُمَمَ، فَلَا تَقْتَتِلُنَّ بَعْدِي

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: الصُّنَابِحُ مِنَ الصَّحَابَةِ، وَالصُّنَابِحِيُّ مِنَ التَّابِعِينَ

حضرت صنابح رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میں حوض (کوثر) پر تمہارا پیش رو ہوں گا اور میں دوسری امتوں کے سامنے تمہاری کثرت پر فخر کروں گا' تو تم لوگ میرے بعد ایک دوسرے کو قتل نہ کرنا (یا آپس میں جھگڑا نہ کرنا)''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت صنابح رضی اللہ عنہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ہیں اور صنابحی تابعین میں سے ہیں۔

## ذِكْرُ تَعْذِيبِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي النَّارِ مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ فِي الدُّنْيَا

## اللہ تعالیٰ کا اس شخص کو جہنم میں عذاب دینے کا تذکرہ' جو دنیا میں خودکشی کر لیتا ہے

**5986** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ ذَكْوَانَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِيدَةٍ، فَحَدِيدَتُهُ فِي يَدِهِ يَجَاُ بِهَا فِي بَطْنِهِ، يَهْوِي فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا

5985– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير صحابيه الصنابح، وهو ابن الأعرس الأحمسي، فقد روى له ابن ماجة هذا الحديث، وسماه ابن المبارك ووكيع :الصنابحي، بزيادة ياء .رواه عنه كذلك الفسوى فى "المعرفة والتاريخ 2/219 "، أبو يعلى "1454"، وقال البخارى فى "التاريخ الكبير :4/327 "الأول "يعني :الصنابح "أصح، وقال الحافظ فى "الإصابة" :2/178قال الجمهور من أصحاب إسماعيل :بغير ياء ، وهو الصواب، ونص ابن المديني، والبخارى، ويعقوب بن شيبة وغير واحد على ذلك، ونقل عنهم فى "التهذيب "أنهم قالوا :من قال فيه :الصنابحي، فقد أخطأ, وأخرجه أحمد 4/349و351، والحميدى "779"، وابن أبى شيبة 11/438، والطبرانى "7415"و"4716"، وابن ماجة "3944"فى الفتن :باب لا ترجعوا بعدى كفاراً، وأبو يعلى "1455"، ابن الأثير فى "أسد الغابة 3/35 "من طرق عن إسماعيل بن خالد، به. وأخرجه أحمد 4/311، وأبو يعلى "1452"، والطبرانى "7414"من طرق عن مجالد بن سعيد، عن قيس بن أبى حازم، به . وذكره الهيثمى فى "المجمع" 7/295وقال :رواه أحمد وأبويعلى، وفيه مجالد بن سعيد وفيه خلاف.

5986– إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو الوليد :هو الطيالسى، وسليمان :هو الأعمش، وذكوان :هو أبو صالح السمان . وأخرجه ابن منده فى "الإيمان "628" "من طريق معاذ بن المثنى، عن أبى الوليد الطيالسى، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسى "2416"، وأحمد 2/488، والبخارى "5778"فى الطب :باب شرب السم والدواء به ومايخاف منه والخبيث، ومسلم "109"فى الإيمان :باب غلظ تحريم قتل الإنسان نفسه، والترمذى "2044"فى الطب :باب ما جاء فيمن قتل نفسه، أو غيره، والنسائى 4/66 67فى الجنائز :باب ترك الصلاة على من قتل نفسه، وابن منده "628"، والبيهقى 9/355من طرق عن شعبة، به. إخرجه أحمد 2/254و478، والدارمى 2/192، ومسلم "109"، وأبو داود "3872"فى الطب :باب فى الأدوية المكروهة، والترمذى "2044" "2043"، وابن ماجة "3460"فى الطب :باب النهى عن الدواء الخبيث، والطحاوى فى "شرح مشكل الآثار "196" "و"197"، بتحقيقنا، وابن منده "627"و"629"، والبيهقى 8/23 24و 24من طرق عن الأعمش.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



مُخَلَّدًا فِيهَا اَبَدًا، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِسُمٍّ، فَسُمُّهُ فِي يَدِهِ يَتَحَسَّاهُ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيهَا اَبَدًا، وَمَنْ تَرَدَّى مِنْ جَبَلٍ مُتَعَمِّدًا، فَقَتَلَ نَفْسَهُ فَهُوَ يَتَرَدَّى فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيهَا اَبَدًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص لوہے کے ذریعے (یعنی دھاردار چیز کے ذریعے) خودکشی کرلے گا' تو اس کی وہ دھاردار چیز اس کے ہاتھ میں ہوگی' جسے وہ اپنے پیٹ میں گھونپتا رہے گا اور وہ ہمیشہ جہنم میں گرتا رہے گا' جو شخص زہر کے ذریعے خودکشی کرلے گا اس کا زہر اس کے ہاتھ میں ہوگا' جسے وہ جہنم کی آگ میں ہمیشہ ہمیشہ چاٹتا رہے گا' جو شخص پہاڑ سے جان بوجھ کر خود کو گرائے گا اور خودکشی کرلے گا' وہ جہنم میں ہمیشہ گرتا رہے گا۔''

## ذِكْرُ تَعْذِيبِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي النَّارِ الْقَاتِلَ نَفْسَهُ بِمَا قُتِلَ بِهِ

## اللہ تعالیٰ کا خودکشی کرنے والے کو جہنم میں وہی عذاب دینے کا تذکرہ جس طریقے سے اس نے خودکشی کی تھی

5987 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ خَنَقَ نَفْسَهُ فِي الدُّنْيَا فَقَتَلَهَا خَنَقَ نَفْسَهُ فِي النَّارِ، وَمَنْ طَعَنَ نَفْسَهُ طَعَنَهَا فِي النَّارِ، وَمَنِ اقْتَحَمَ، فَقَتَلَ نَفْسَهُ اقْتَحَمَ فِي النَّارِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص دنیا میں اپنا گلا گھونٹ کر خودکشی کرے گا وہ جہنم میں بھی اپنا گلا گھونٹتا رہے گا' جو شخص اپنے آپ کو نیزہ مارے گا وہ جہنم میں بھی اپنے آپ کو نیزہ مارتا رہے گا' جو شخص آگ میں کود کر خودکشی کرے گا وہ جہنم میں بھی آگ میں کودتا رہے گا۔''

## ذِكْرُ تَحْرِيمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْجَنَّةَ عَلَى الْقَاتِلِ نَفْسَهُ فِي حَالَةٍ مِنَ الْاَحْوَالِ

## اللہ تعالیٰ کا اس شخص کے لیے جنت حرام قرار دینے کا تذکرہ' جس نے کسی بھی حالت میں خودکشی کی ہو

5987- حديث صحيح .محمد بن عجلان روى له البخارى تعليقا ومسلم متابعة، وهو صدوق وقد توبع، وباقى رجاله ثقات رجال الشيخين غير عيسى بن حماد، فمن رجال مسلم، الليث :هو ابن سعد، وأبو الزناد :هو عبد الله بن ذكوان، والأعرج :هو عبد الرحمن بن هرمز . وأخرجه البخارى "1365"فى الجنائز :باب ماجاء فى قاتل النفس، والطحاوى فى "شرح مشكل الآثار" "195"من طرق عن أبى الزناد، بهذا الإسناد 1 .كذا الإصل و"التقاسيم3/322 "، وفى "مسند أبى يعلى"، والبخارى

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**5988** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى الزَّمِنُ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا جُنْدُبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ، فَمَا نَسِيْنَا مِنْهُ، حَدَّثَنَا وَلَا نَخْشٰى اَنْ يَّكُوْنَ كَذَبَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): خَرَجَ بِرَجُلٍ خُرَّاجٌ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَاَخَذَ سِكِّيْنًا فَوَجَاَ بِهَا، فَمَا رَقَاَ الدَّمُ عَنْهُ حَتّٰى مَاتَ، فَقَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: عَبْدِيْ بَادَرَنِيْ بِنَفْسِهِ، حَرَّمْتُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ

✿✿ حسن بصری بیان کرتے ہیں: حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس مسجد میں حدیث بیان کی ہمیں اس حدیث کا کوئی حصہ بھولا نہیں ہے انہوں نے ہمیں حدیث بیان کی اور ہمیں یہ اندیشہ نہیں ہے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے غلط بات بیان کی ہوگی انہوں نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم سے پہلے کے زمانے میں کسی شخص کو پھوڑا نکل آیا''۔

اس نے (تکلیف کی شدت کی وجہ سے) چھری لی اور اسے کاٹ دیا اس کا خون نہیں رکا' یہاں تک کہ وہ شخص مر گیا اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میرے بندے نے اپنی ذات کے بارے میں مجھ سے آگے نکلنے کی کوشش کی' تو میں اس کے لیے جنت کو حرام قرار دیتا ہوں۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے کہ اس روایت کو نقل کرنے میں جریر بن حازم نامی راوی منفرد ہے

**5989** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، يَقُوْلُ:

5988- إسناده صحيح على شرط الشيخين. جرير: هو ابن حازم، والحسن: هو ابن أبي الحسن البصري. وهو في "مسند أبي يعلى"، برقم "1527" وأخرجه البغوي "2525" من طريق إبراهيم بن حماد القاضي، عن محمد بن المثنى الزمن، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "181" "113" في الإيمان: باب غلظ تحريم قتل الإنسان نفسه، وابن منده في "الإيمان" "647" من طريقين عن وهب بن جرير، به. وأخرجه البخاري "1364" في الجنائز: باب ما جاء في قتل النفس، و "3463" في الأنبياء: باب ما ذكر عن بني إسرائيل، وأبو عوانة 1/46 47، وابن منده "647"، الطبراني "1664"، والبيهقي 8/24 من طريقين عن جرير بن حازم، به وانظر ما بعده.

5989- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو أحمد الزبيري: هو محمد بن عبد الله بن الزبير. وأخرجه مسلم "113" "180" في الإيمان: باب غلظ تحريم قتل الإنسان نفسه، وابن منده في الإيمان "648" من طريقين عن محمد بن رافع، بهذا الإسناد. وأخرج أحمد 4/312 عن عبد الصمد، حدثنا عمران يعني القطان.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): إِنَّ رَجُلًا مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ خَرَجَتْ بِهِ قُرْحَةٌ، فَلَمَّا آذَتْهُ انْتَزَعَ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِهِ فَنَكَأَهَا، فَلَمْ يَرْقَأْ دَمُهُ حَتَّى مَاتَ، فَقَالَ رَبُّكُمْ: قَدْ حَرَّمْتُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ

ثُمَّ مَدَّ بِيَدِهِ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: إِي وَاللّٰهِ، لَقَدْ حَدَّثَنِي بِهٰذَا جُنْدُبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيُّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذَا الْمَسْجِدِ

حسن بصری بیان کرتے ہیں: پہلے زمانے میں ایک شخص کو پھوڑا نکل آیا جب اس کی تکلیف بڑھ گئی تو اس شخص نے اپنے ترکش میں سے ایک تیر لیا اور اسے چیر دیا اس کا خون نہیں رکا یہاں تک کہ وہ شخص مر گیا تو تمہارے پروردگار نے فرمایا: میں اس کے لیے جنت کو حرام قرار دیتا ہوں۔

اس کے بعد حسن بصری نے اپنا ہاتھ مسجد کی طرف پھیلاتے ہوئے کہا: اللہ کی قسم! یہ حدیث حضرت جندب بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اس مسجد میں بیان کی تھی۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایۃ

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ الْقِصَاصِ

## باب! قصاص کا حکم

**5990** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَسَعَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِينَ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ الْاَنْصَارِيُّ: يَا لَلْاَنْصَارِ وَقَالَ الْمُهَاجِرِيُّ: يَا لَلْمُهَاجِرِينَ قَالَ: فَسَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاكَ، فَقَالَ: مَا بَالُ دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ؟ فَقَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِينَ كَسَعَ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ: دَعُوْهَا فَاِنَّهَا مُنْتِنَةٌ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيِّ ابْنُ سَلُوْلٍ: قَدْ فَعَلُوْهَا، لَئِنْ رَجَعْنَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ، فَقَالَ عُمَرُ: دَعْنِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ، فَقَالَ: دَعْهُ، لَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ اَنَّ مُحَمَّدًا يَقْتُلُ اَصْحَابَهُ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاِنَّهَا مُنْتِنَةٌ يُرِيْدُ اَنَّهُ لَا قِصَاصَ فِيْ هٰذَا، وَكَذٰلِكَ قَوْلُهُمْ: فَاِنَّهَا ذَمِيمَةٌ، وَمَا يُشْبِهُهَا

❁❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: مہاجرین سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے انصار سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو مارا' تو انصاری نے کہا: اے انصار (میری مدد کیلئے آجاؤ) مہاجر نے کہا: اے مہاجرین (میری مدد کیلئے آجاؤ) راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آواز سنی' تو فرمایا یہ کیا زمانہ جاہلیت کے بلانے کا طریقہ ہے۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! مہاجرین سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے انصار سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو مارا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے چھوڑ دو یہ بدبودار چیز ہے۔ اس پر (منافقین کے سردار) عبداللہ بن ابی نے کہا: ان لوگوں نے ایسا کیا ہے' جب ہم مدینہ جائیں گے' تو وہاں سے عزت دار لوگ ذلیل لوگوں کو باہر نکال دیں گے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)!

5990- إسناده صحيح على شرط الشيخين. سفيان: هو ابن عيينة، وهو في "مسند أبي يعلى "1957" " وأخرجه الحميدي "1239"، والطيالسي "1708"، والبخاري "4905"في تفسير سورة المنافقين: باب (سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ أَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ)، "4907"باب (يَقُولُونَ لَئِنْ رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ)، ومسلم "63" "2584"في البر والصلة: باب نصر الأخ ظالما أو مظلوما، والنسائي في السير من "الكبرى "كما في "التحفة2/254 "، وفي "عمل اليوم والليلة"977" "، والترمذي "3315"في تفسير سورة المنافقين، وأبو يعلى "1824"، والبيهقي في "دلائل النبوة 4/53 " 54من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/338، والبخاري "3518"في مناقب الأنصار: باب ما ينهى من دعوى الجاهلية، ومسلم "2854" "64"، والطبري في "جامع البيان 28/112 "و113، وأبو يعلى "1959"من طرق عن عمرو بن دينار، به وسيأتي الحديث برقم "6548"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس منافق کی گردن اڑا دوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اسے چھوڑ دو! ورنہ لوگ یہ کہیں گے محمد اپنے ساتھیوں کو قتل کروا دیتے ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ کا فرمان "یہ بدبودار چیز ہے" اس کے ذریعے آپ ﷺ کی مراد یہ ہے اس طرح کی صورت حال میں قصاص نہیں ہوتا اسی طرح ان لوگوں کا یہ کہنا ہے: یہ قابل مذمت چیز ہے اس طرح کے دیگر الفاظ (کا یہی مفہوم ہوگا)

## ذِكْرُ الْحُكْمِ فِي الْقَوَدِ عَنِ الْمُسْلِمِيْنَ وَاَهْلِ الذِّمَّةِ، اَوْ بَعْضِهِمْ مَعَ بَعْضٍ

### مسلمانوں اور ذمیوں سے قصاص لینے کے بارے میں حکم کا تذکرہ یا ان میں سے کسی ایک کا دوسرے سے (قصاص لینا)

**5991** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْقَطَّانُ، بِالرَّقَّةِ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَابُوْرَ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَطَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ:

(متن حدیث): اَنَّ يَهُوْدِيًّا قَتَلَ جَارِيَةً عَلٰى اَوْضَاحٍ، فَقَتَلَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک یہودی نے ایک ہار کی وجہ سے ایک لڑکی کو قتل کر دیا' تو نبی اکرم ﷺ نے اس (یہودی کو) قتل کروا دیا۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْقَوَدَ لَا يَكُوْنُ اِلَّا بِالسَّيْفِ اَوِ الْحَدِيْدِ

### اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے قصاص صرف تلوار یا لوہے کی چیز کے ساتھ لیا جاتا ہے

**5992** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّاجِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ يَهُوْدِيًّا قَتَلَ جَارِيَةً عَلٰى اَوْضَاحٍ لَهَا، قَتَلَهَا بِحَجَرٍ، قَالَ: فَجِيْءَ بِهَا، وَبِهَا رَمَقٌ، قَالَ

5991- إسناده قوى، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عبد الله بن سابور "بالسين المهملة "فقد روى له ابن ماجة، وقال أبو حاتم :صدوق، ووثقه المؤلف وأخرجه أحمد 3/170، والبخارى "6885"فى الديات :باب قتل الرجل بالمرأة، والنسائى 8/22فى القسامة :باب القود من الرجل للمرأة، والبيهقى 8/28من طرق عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِى عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، بهذا الإسناد.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



لَهَا: اَقْتَلَكِ فُلَانٌ ؟ فَاَشَارَتْ بِرَاْسِهَا اَنْ لَا، ثُمَّ قَالَ لَهَا الثَّانِيَةَ، فَاَشَارَتْ بِرَاْسِهَا اَنْ لَا، ثُمَّ سَاَلَهَا الثَّالِثَةَ، فَقَالَتْ: نَعَمْ، وَاَشَارَتْ بِرَاْسِهَا فَقَتَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ حَجَرَيْنِ

**6113** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَخِيهِ، مَعْبَدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): نَزَلْنَا مَنْزِلًا، فَاَتَتْنَا امْرَاَةٌ، فَقَالَتْ: اِنَّ سَيِّدَ الْحَيِّ سَلِيمٌ لُدِغَ، فَهَلْ فِيكُمْ مِنْ رَاقٍ؟ قَالَ: فَقَامَ مَعَهَا رَجُلٌ مِنَّا، كُنَّا نَظُنُّهُ يُحْسِنُ رُقْيَةً، فَرَقَى بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَبَرَاَ، فَاَعْطَوْهُ غَنَمًا، وَسَقَوْهُ لَبَنًا، قَالَ: فَقُلْتُ: لَا تُحَرِّكُوهُ حَتَّى نَاْتِيَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: مَا كَانَ يُدْرِيهِ اَنَّهَا رُقْيَةٌ؟ اقْسِمُوا وَاضْرِبُوا لِي بِسَهْمٍ مَعَكُمْ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے ایک جگہ پڑاؤ کیا ایک عورت ہمارے پاس آئی اور بولی اس قبیلے کے سردار کو کسی زہریلی چیز نے کاٹ لیا ہے کیا تمہارے درمیان کوئی دم کرنے والا ہے۔ راوی کہتے ہیں: تو ہم میں سے ایک شخص اٹھ کر اس کے ساتھ چلا گیا ہم اس کے بارے میں یہ گمان کرتے تھے کہ یہ اچھا دم کر لیتا ہے اس نے سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کیا' تو وہ شخص ٹھیک ہو گیا ان لوگوں نے ہمیں بکریاں دیں اور ہمیں دودھ بھی پلایا۔ راوی کہتے ہیں: میں نے کہا: تم لوگ انہیں حرکت نہ دو' جب تک ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر نہیں ہو جاتے پھر ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا اسے کیسے پتہ چلا کہ اس سورت کا دم بھی ہوتا ہے تم لوگ ان کو تقسیم کر لو اور اپنے ساتھ میرا بھی حصہ رکھو۔

---

6113- إسناده صحيح على شرط الشيخين وأخرجه مسلم "2201" في السلام: باب جواز أخذ الأجرة على الرقية بالقرآن والأذكار، وأبو داود "3419" في الطب: باب كيف الرقى، من طريقين عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "5007" في فضائل القرآن: باب فاتحة الكتاب، ومسلم "66" "2201" عن محمد بن المثنى، عن وهب بن جرير، عن هشام بن حسان، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

# کِتَابُ الْعَدْوٰی وَالطِّیَرَةِ وَالْفَالِ

## کتاب! عدویٰ، طیرہ اور فال کے بارے میں روایات

6114 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ یَعْلٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ یَحْیَی بْنُ عَتِیْقٍ، عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا عَدْوٰی، وَلَا طِیَرَةَ، وَیُعْجِبُنِی الْفَالُ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''عدویٰ اور طیرہ کوئی حقیقت نہیں ہے' البتہ مجھے فال پسند ہے۔''

## ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ یُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِیْثِ اَنَّهٗ مُضَادٌّ لِقَوْلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَدْوٰی اَوْ نَاسِخٌ لَهٗ

### اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علمِ حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان: ''عدویٰ کی کوئی حیثیت نہیں ہے'' کی متضاد ہے یا اس کی ناسخ ہے

6115 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْیَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَهٗ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا عَدْوٰی، وَحَدَّثَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا یُوْرِدُ مُمْرِضٌ عَلٰی مُصِحٍّ، قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ: فَكَانَ اَبُوْ هُرَیْرَةَ یُحَدِّثُ بِهِمَا كِلَیْهِمَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ صَمَتَ اَبُوْ هُرَیْرَةَ بَعْدَ ذٰلِكَ عَنْ قَوْلِهٖ: لَا عَدْوٰی، وَاَقَامَ عَلٰی اَنْ: لَا یُوْرِدُ مُمْرِضٌ عَلٰی مُصِحٍّ فَقَالَ الْحَارِثُ بْنُ اَبِیْ ذِبَابٍ وَّهُوَ ابْنُ عَمِّ اَبِیْ هُرَیْرَةَ: كُنْتُ اَسْمَعُكَ یَا اَبَا هُرَیْرَةَ تُحَدِّثُنَا مَعَ هٰذَا الْحَدِیْثِ حَدِیْثًا اٰخَرَ قَدْ سَكَتَّ عَنْهُ، كُنْتَ تَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا

---

6114- إسناده صحيح إبراهيم بن الحجاج السامي :روى له النسائي، وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه مسلم "113" "2223"في السلام :باب الطيرة والفال وما يكون فيه من الشؤم، من طريق معلى بن أسد، عن عبد العزيز بن المختار، بهذا الإسناد. وانظر الحديث رقم "5826"و "6121"و "6124"و."6125"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

عَدْوَى فَأَبَى أَبُو هُرَيْرَةَ أَنْ يَعْرِفَ ذٰلِكَ، وَقَالَ: لَا يُورِدُ مُمْرِضٌ عَلٰى مُصِحٍّ قَالَ أَبُو سَلَمَةَ: وَلَعَمْرِي لَقَدْ كَانَ أَبُو هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُنَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا عَدْوَى ، وَلَا أَدْرِي أَنَسِيَ أَبُو هُرَيْرَةَ، أَوْ نَسَخَ أَحَدُ الْقَوْلَيْنِ الْآخَرَ

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لَيْسَ بَيْنَ الْخَبَرَيْنِ تَضَادٌّ، وَلَا أَحَدُهُمَا نَاسِخٌ لِلْآخَرِ، وَلٰكِنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَدْوَى سُنَّةٌ تُسْتَعْمَلُ عَلَى الْعُمُومِ، وَقَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُورِدُ مُمْرِضٌ عَلٰى مُصِحٍّ أَرَادَ بِهِ أَنْ لَا يُورِدَ الْمُمْرِضُ عَلَى الْمُصِحِّ، وَيُرَادُ بِهِ الِاعْتِقَادُ فِي اسْتِعْمَالِ الْعَدْوَى أَنْ تَضُرَّ بِأَخِيهِ فِي الْقَصْدِ، وَإِنْ لَمْ تَضُرَّ الْعَدْوَى

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''عدوی کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔''

انہوں نے یہ بات بھی بیان کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:''بیمار شخص تندرست کے پاس نہ آئے۔''

ابوسلمہ کہتے ہیں: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہمیں یہ دونوں روایات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بیان کرتے تھے اس کے بعد حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ یہ بیان کرنے سے رک گئے کہ بیماری کے متعدی ہونے کی کوئی حیثیت نہیں ہے' البتہ وہ یہ چیز بیان کرتے رہے کہ کسی بیمار کو کسی تندرست کے پاس نہ لایا جائے۔

حارث نامی شخص جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے چچا زاد تھے انہوں نے کہا: اے حضرت ابو ہریرہ (رضی اللہ عنہ)! پہلے تو میں آپ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنتا رہا ہوں کہ آپ اس کے ساتھ ایک اور حدیث بھی بیان کیا کرتے تھے اب آپ نے اسے بیان نہیں کیا جسے آپ پہلے بیان کرتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے''بیماری کے متعدی ہونے کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔''

6115- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة وهو ابن يحيى فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم "104" "2221"في السلام :باب لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر، عن حرملة وأبي الطاهر، عن أبي وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه البيهقي 7/216 مختصراً من طريق بحر بن نصر، والطبري في "مسند علي "من "تهذيب الآثار "4" "من طريق يونس، كلاهما عن ابن وهب، به. وأخرجه البخاري "5771"في الطب :باب لا هامة، و "5773"و "5774"باب لا عدوى، ومسلم"105" "2221"، وأحمد2/406، والبيهقي7/216و 217من طرق عن الزهري، به. وأخرجه عبد الرزاق"1957"، وأبو داود "3911"في الطب :باب في الطيرة، والطبري "6"، والبيهقي7/216، البغوي "3248"من طريق معمر، عن الزهري قال : فحدثني رجل عن أبي هريرة أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول" :لا يوردن ممرض على مصح"، قال :فراجعه الرجل، فقال :أليس قد حدثتنا أن النبي صلى الله عليه وسلم قال " :لا عدوى ولا صفر ولا هامة"؟ قال :لم احدثكموه، قال الزهري :قال أبو سلمة :قد حدث به، وما سمعت أبا هريرة نسي حديثا قط غيره وفي حديث الطبري :عن الزهري قال :قال أبو سلمة :سمعت أبا هريرة ... وأخرجه أحمد2/434، وابن ماجة "3541"في الطب :باب من كان يعجبه الفال ويكره الطيرة، من طريقين عن محمد بن عمرو، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة قال :قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :لا يورد الممرض على المصح "، وزاد أحمد :قال" :لا عدوى ولا طيرة ولا هامة، فمن أعدى الأول"؟ وأخرجه البيهقي 7/217من طريق أبي إسحاق مولى بني هاشم، وأبي عطية الأشجعي، كلاهما عن أبي هريرة مختصرا بلفظ" :لا عدوى، ولا يحل الممرض على المصح، وليحل المصح حيث شاء ."قيل :ما بال ذلك يا رسول الله؟ قال" :إنه أذى"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اس بات کو ماننے سے انکار کر دیا اور انہوں نے یہی کہا کہ کسی بیمار کو تندرست کے پاس نہ لایا جائے۔

ابوسلمہ نامی راوی کہتے ہیں: مجھے اپنی زندگی کی قسم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہمیں یہ حدیث بیان کرتے رہے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ''بیماری کے متعدی ہونے کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔''

اب مجھے نہیں معلوم کہ کیا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اس بات کو بھول گئے تھے یا ان میں سے ایک قول نے دوسرے کو منسوخ کر دیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ان دونوں روایات میں کوئی تضاد نہیں ہے نہ ہی ان میں سے ایک دوسرے کو منسوخ کرتی ہے' تاہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''بیماری کے متعدی ہونے کی کوئی حیثیت نہیں ہے'' یہ ایک ایسی سنت ہے' جس پر عمومی طور پر عمل کیا جائے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''کسی بیمار کو تندرست کے پاس نہ لایا جائے'' اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے کہ اس بات کا اعتقاد نہ رکھا جائے کہ بیماری کے متعدی ہونے پر عمل کرتے ہوئے تم جان بوجھ کر اپنے بھائی کو کوئی نقصان پہنچا دو اگرچہ بیماری کا متعدی ہونا نقصان نہیں دیتا۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قَوْلِ الْمَرْءِ بِالْعَدْوٰى، وَالصَّفَرِ الَّذِىْ كَانَ يَقُوْلُ بِهٖ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی عدوی یا صفر (کے منحوس ہونے) کا قائل ہو' جو زمانہ جاہلیت کے لوگوں کا عقیدہ تھا

**6116** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَدْوٰى، وَلَا صَفَرَ، وَلَا هَامَةَ ، فَقَالَ الْاَعْرَابِىُّ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَمَا بَالُ الْاِبِلِ تَكُوْنُ فِى الرَّمْلِ كَاَنَّهَا الظِّبَاءُ، فَيَجِىءُ الْبَعِيْرُ الْاَجْرَبُ، فَيَدْخُلُ فِيْهَا فَيُجْرِبُهَا؟ قَالَ: فَمَنْ اَعْدَى الْاَوَّلَ؟

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

6116- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة فمن رجال مسلم، وأخرجه مسلم "2220"في السلام :باب لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر، عن حرملة، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "101" "2220" والطحاوى فى "شرح معانى الآثار4/309 "و312، والبيهقى 7/216 والطبرى فى "مسند على "من "تهذيب الآثار "3" من طرق عن ابن وهب، به. وأخرجه عبد الرزاق "19507"، وأحمد2/267، والبخارى"102" "5717"، والطحاوى فى "شرح المعانى" 4/309و312، وابن أبى عاصم فى "السنة "مختصراً "272"و"274" "273"، والبيهقى 7/217، والبغوى "3248"من طرق عن ابن شهاب، به ولفظ البخارى "5717"ومسلم والطحاوى :أخبرنى أبو سلمة بن عبد الرحمن وغيره. وأخرجه البخارى "5775"باب لا عدوى، ومسلم"103" "2220"، وابن أبى عاصم فى "السنة "284" "و "285"والطبرى "7"، والبيهقى 7/217من طريق الزهرى، عن سنان بن أبى سنان الدؤلى، عن أبى هريرة.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



''عدوی، صفر اور ہامہ کی کوئی حیثیت نہیں ہے ایک دیہاتی نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! اونٹوں کا کیا معاملہ ہے وہ ریگستان میں یوں بھاگتے پھرتے ہیں جیسے وہ ہرن ہوتے ہیں پھر ایک خارش زدہ اونٹ آتا ہے ان میں شامل ہوتا ہے' تو ان کو خارش زدہ کر دیتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا پہلے کو کس نے خارش کا شکار کیا تھا۔''

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذِهِ السُّنَّةَ اخْتُلِفَ عَلٰى اَبِيْ هُرَيْرَةَ فِيْهَا، وَنَفٰى صِحَّتَهَا اَصْلًا

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے

اس روایت کے بارے میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے (نقل کرنے میں) اختلاف کیا گیا ہے اس شخص نے اس روایت کے مستند ہونے کی سرے سے نفی کی ہے

**6117** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا طِيَرَةَ، وَلَا هَامَةَ، وَلَا عَدْوٰى، وَلَا صَفَرَ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّا لَنَاْخُذُ الشَّاةَ الْجَرْبَاءَ، فَنَطْرَحُهَا فِي الْغَنَمِ، فَتَجْرَبُ الْغَنَمُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَنْ اَعْدَى الْاَوَّلَ؟

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

''طیرہ، ہامہ، عدوی اور صفر کی کوئی حیثیت نہیں ہے ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! ہم ایک خارش زدہ بکری لیتے ہیں اسے بکریوں کے ریوڑ میں چھوڑ دیتے ہیں' تو دوسری بکریاں بھی خارش زدہ ہو جاتی ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: پہلی کو کس نے خارش کا شکار کیا تھا۔''

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ جَوَازِ قَوْلِ الْمَرْءِ بِالْعَدْوٰى

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کا عدوی کا قائل ہونا جائز نہیں ہے

**6118** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

---

6117– حديث صحيح، سماك روايته عن عكرمة خاصة مضطربة، وباقي رجال ثقات رجال البخاري أبو عوانة: هو ضاح بن عبد الله اليشكري. وأخرجه أحمد 1/328، وأبو يعلى "2333"و"2582"، والطحاوي في "شرح معاني الآثار4/308 "، الطبراني في "الكبير "11764 "من طرق عن أبي عوانة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/269، وابن ماجة مختصرا "3539"في الطب: باب من كان يعجبه الفأل ويكره الطيرة، والطبري في "مسند علي "من "تهذيب الآثار"30" "29" "، والطحاوي 4/307 من طرق عن سماك، به. وأخرجه الطبري في "مسند علي"31" "، والطبراني "11605"من طريق الحكم بن أبان، والطبري "32" من طريق يزيد بن أبي زياد، كلاهما عن عكرمة، به وفي إسناديهما ضعف.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): لَا عَدْوَی، وَلَا طِیَرَةَ، جَرِبَ بَعِیرٌ، وَاَجْرَبَ مِائَةً، فَمَنْ اَعْدَی الْاَوَّلَ؟

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''عدوی اور طیرہ کی کوئی حیثیت نہیں ہے ایک اونٹ خارش زدہ ہوتا ہے' تو وہ ایک سو اونٹوں کو خارش زدہ کر دیتا ہے لیکن پہلے کو کس نے خارش کا شکار کیا۔''

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ اسْتِعْمَالِ الْمَرْءِ الْعَدْوَى فِي ذَوَاتِ الْاَرْبَعِ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی جانوروں میں عدوی کے ہونے کا قائل ہو

**6119** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شُبْرُمَةَ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، النُّقْبَةُ تَكُونُ بِمِشْفَرِ الْبَعِيرِ، اَوْ بِعَجْبِهِ، فَتَشْتَمِلُ الْاِبِلَ كُلَّهَا جَرَبًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَنْ اَعْدَى الْاَوَّلَ؟ حَيَاتُهَا، وَمُصِيبَاتُهَا، وَرِزْقُهَا.

يُرِيدُ: بِيَدِ اللّٰهِ

(توضیح مصنف): قَالَ الشَّيْخُ: الصَّوَابُ: مَمَاتُهَا وَلَكِنْ كَذَا: مُصِيبَاتُهَا قَالَهُ الشَّيْخُ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! اونٹ کی موٹی جلد پر' (راوی کو شک ہے یا شاید) پشت کی زیریں ہڈی پر خارش سے پہلے والی جلد کی خرابی لاحق ہوتی ہے۔

(راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں)' تو تمام اونٹ خارش زدہ ہو جاتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:' تو پہلے کو کس نے بیماری میں مبتلا کیا اس کی زندگی اس کی مصیبت اور اس کا رزق (اللہ تعالیٰ کے دست قدرت میں ہے)

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) روایت کے متن میں استعمال ہونے والا لفظ ''اس کی مصیبت'' درست نہیں ہے بلکہ اصل لفظ اس کی موت ہے' تاہم روایت میں اسی طرح منقول ہے اس کی مصیبت یہ بات شیخ نے بیان کی ہے۔

---

6118- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم بن بشار وهو الرمادي فحافظ روى له أبو داود والترمذي، وقد، سفيان :هو ابن عيينة، وأبو زرعة :هو ابن عمرو بن جرير. وأخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار 4/308 "من طرق مؤمل، والحميدي "1117"كلاهما عن سفيان، بهذا الإسناد .وانظر الحديث الآتي، والحديث رقم."6116"

6119- إسناده على شرط مسلم .شجاع بن الوليد وهو ابن قيس وقد توبع. وأخرجه الطبري "8"، البغوي "3249"من طريقين عن شجاع بن الوليد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/327، والطحاوي 4/308، و 312من طريقين عن عبد الله بن شبرمة، به وانظر الحديث السابق. وقوله" :النقبة "قال الأصمعي :هي أول جرب يبدو، يقال للبعير :به نقبة، وجمعها نقب بسكون القاف، لأنها تنقيب الجلد، أي :تخرقه "اللسان ":نقب.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ مُؤَاكَلَةَ ذَوِي الْعَاهَاتِ، ضِدَّ قَوْلِ مَنْ كَرِهَهُ

## آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ بیمار لوگوں کے ساتھ بیٹھ کر کھا پی سکتا ہے

## یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے' جس نے اسے مکروہ قرار دیا ہے

**6120** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى الْمُخَرِّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِ مَجْذُومٍ، فَاَدْخَلَهَا مَعَهُ فِي الْقَصْعَةِ، وَقَالَ: كُلْ بِاسْمِ اللّٰهِ، ثِقَةً بِاللّٰهِ، وَتَوَكُّلًا عَلَيْهِ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ هٰذَا هُوَ اَخُو مُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ، لَيْسَ بِالْمُفَضَّلِ بْنِ فَضَالَةَ الْقِتْبَانِيِّ، وَهُمَا جَمِيعًا ثِقَتَانِ

✿✿ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مجذوم شخص کا ہاتھ پکڑا اسے اپنے ساتھ پیالے میں داخل کیا' فرمایا تم اللہ کا نام لے کر اللہ تعالیٰ پر یقین رکھتے ہوئے اور اس پر توکل کر کے کھاؤ۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) مفضل بن فضالہ نامی راوی یہ مبارک بن فضالہ کا بھائی ہے یہ مفضل بن فضالہ قتبانی نہیں ہے ویسے یہ دونوں راوی ثقہ ہیں۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَطَيُّرِ الْمَرْءِ فِي الْاَشْيَاءِ

## اس بارے میں ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی چیزوں میں بدشگونی حاصل کرے

**6121** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ:

---

6120- إسناده ضعف، مفضل بن فضالة :هو ابن أبي أمية القرشي، قال ابن معين :ليس بذاك، وقال علي بن المديني :في حديثه نكارة، وقال النسائي :ليس بالقوي، وقال ابن عدي :لم أر له أنكر من هذا، يعني حديث جابر هذا، وباقي رجاله ثقات .يونس هو ابن مسلم المؤدب، وحبيب بن الشهيد :هو الأزدي . وأخرجه ابن ماجة "3542"في الطب :باب الجذام، عن مجاهد بن موسى، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داود "3925"في الطب :باب في الطيرة، والطيرة، والترمذي "1817"في الأطعمة :باب ما جاء في الأكل مع المجذوم، وابن ماجة "3542"، والطبري في "مسند علي"84" "، والطحاوي في "شرح معاني الآثار4/309 "، والحاكم 4/136 137، والبيهقي 7/219من طرق عن يونس بن محمد، عن الفضل بن فضالة شيخ آخر مصري أوثق من هذا وأشهر وقد روى شعبة هذا الحديث عن حبيب بن الشهيد عن ابن أبي بريدة أن ابن عمر أخذ بيد مجذوم، وحديث شعبة أثبت عندي وأصح. وأخرجه الطحاوي في "شرح المعاني 4/310 "عن ابن مرزوق، عن محمد بن عبد الله الأنصاري، عن إسماعيل بن مسلم، عن أبي الزبير، عن جابر .وإسماعيل بن مسلم وهو المكي ضعيف عندهم، وأبو الزبير مدلس وقد عنعن.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ الْفَالُ، وَيَكْرَهُ الطِّيَرَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فال پسند تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم بدشگونی کو ناپسند کرتے تھے۔

## ذِكْرُ التَّغْلِيْظِ عَلٰى مَنْ تَطَيَّرَ فِیْ اَسْبَابِهٖ مُتَعَرِّيًا عَنِ التَّوَكُّلِ فِيْهَا

## ایسے شخص کے بارے میں شدید مذمت کا تذکرہ' جو اپنے کاموں میں توکل کو ایک طرف رکھتے ہوئے بدشگونی کو اختیار کرتا ہے

6122 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْعَبْدِیُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِیُّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ عِيْسَى بْنِ عَاصِمٍ الْاَسَدِیِّ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): الطِّيَرَةُ شِرْكٌ، وَمَا مِنَّا اِلَّا، وَلٰكِنْ يُذْهِبُهُ اللّٰهُ بِالتَّوَكُّلِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بدشگونی شرک ہے ہم میں سے ہر شخص (کو شگون لاحق ہوتا ہے) تاہم اللہ تعالیٰ توکل کے ذریعے اسے ختم کر دیتا ہے۔''

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الطِّيَرَةَ تُؤْذِی الْمُتَطَيِّرَ خِلَافَ مَا تُؤْذِیْ غَيْرَ الْمُتَطَيِّرِ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ بدشگونی کرنا بدشگونی کرنے والے کو اس

6121- إسناده حسن، محمد بن عمرو وهو ابنُ عَلقمه الليثیّ حسن الحديث، روى له البخاری مقرونا ومسلم متابعة، وباقی رجاله رجال الشيخين عبدة بن سليمان :هو الكلابی . وأخرجه ابن ماجة "3536"فی الطب :باب من كان يعجبه الفأل ويكره الطيرة، عن محمد بن عبد الله بن نمير، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/332من طريق محمد بن بشر، عن محمد بن عمرو، به وانظر الحديث رقم "6124"و"6125"

6122- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غيز عيسى بن عاصم الأسدی، فروى له البخاری فی "الأدب المفرد" أصحاب السنن غير النسائی. وأخرجه أبو داود "3910"فی الطب :باب فی الطيرة، والطحاوی فی "مشكل الآثار 1/358 " و 304من طريق محمد بن كثير العبدی، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/389و440، والبخاری فی "الأدب المفرد"909" "، الترمذی "1614"فی السير :باب ما جاء فی الطيرة، وفی "العلل الكبير "ص 690، وابن ماجة "3538"فی الطب :باب من كان يعجبه الفأل ويكره الطيرة، والبيهقی 8/139من طرق عن الثوری، به وقال الترمذی :هذا حديث حسن صحيح لا نعرفه إلا من حديث سلمة بن كهيل. وأخرجه الطيالسی "356"، وأحمد1/438، والطحاوی فی "شرح معانی الآثار4/312 "، وفی "المشكل" 1/358و2/304، والحاكم 1/17 18، والبغوی "3257"، والبيهقی 8/139من طرق عن شعبة، عن سلمة بن كهيل، به وقال الحاكم :هذا حديث صحيح سنده، ثقات رواته، ولم يخرجاه .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



سے مختلف اذیت دیتی ہے' جو اذیت وہ اس شخص کو نہیں دیتی جو بدشگونی حاصل نہیں کرتا

**6123** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ حُمَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا طِيَرَةَ، وَالطِّيَرَةُ عَلٰى مَنْ تَطَيَّرَ، وَاِنْ تَكُ فِي شَيْءٍ، فَفِي الدَّارِ وَالْفَرَسِ وَالْمَرْاَةِ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''طیرہ کی کوئی حیثیت نہیں ہے اس کا وبال اس پر ہوگا' جو بدشگونی کرے گا اگر یہ (نحوست) کسی چیز میں ہوتی' تو گھر میں ہوتی یا گھوڑے میں ہوتی' یا عورت میں ہوتی۔''

## ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُومِ التَّفَاؤُلِ، وَتَرْكِ التَّطَيُّرِ اقْتِدَاءً بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس بات کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرتے ہوئے اچھی فال (کو پسند کرے) اور بدشگونی کو ترک کرے

**6124** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

---

6123– إسناده حسن، رجاله رجال الصحيح غير عتبة بن حميد، فقد روى له أبو داود والترمذي وابن ماجة، وروى عنه جمع، وقال أبو حاتم :صالح الحديث، وذكره المؤلف في "الثقات"، وقال أحمد :ضعيف ليس بالقوي، وقال الذهبي :شيخ، وقال الحافظ في "التقريب :"صدوق له أوهام. وأخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار 4/314 "من طريق فهد عن أبي غسان مالك بن إسماعيل، بهذا الإسناد. وللحديث شواهد، وسيأتي منها سعد بن أبي وقاص عند =

6124– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير علي بن المديني، فمن رجال البخاري .عبيد الله بن عبد الله :هو ابن عتبة بن مسعود الهذلي، وهو في "المصنف "19503" "وأخرجه من طريق عبد الرزاق :أحمد2/266، ومسلم "110" "2223"في السلام :باب الطيرة والفال وما يكون فيه من الشؤم، والبيهقي 8/139، والبغوي "3255" وأخرجه البخاري "2755"في الطب :باب الفال، من طريق هشام، عن معمر، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي "2512"، وأحمد 2/453 و524، والبخاري "5754"باب الطيرة، وفي "الأدب المفرد"910" "، ومسلم "110" "2223"من طرق عن الزهري، به. وأخرجه الطبري في "مسند علي "من "تهذيب الآثار "14" و"15"، وأحمد 2/487من طريق إسماعيل بن علية، عن سعيد الجريري، عن مضارب بن حزن، عن أبي هريرة قال :قال رسول الله صلى الله عليه وسلم " :لا عدوى ولا هامة، وخير الطير الفال، والعين حق." وأخرجه أحمد 2/387

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): لَا طِيَرَةَ، وَخَيْرُهَا الْفَالُ قِيلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا الْفَالُ؟ قَالَ: الْكَلِمَةُ الصَّالِحَةُ يَسْمَعُهَا اَحَدُكُمْ

❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"بدشگونی کی کوئی حیثیت نہیں ہے اور ان میں سب سے بہتر چیز فال ہے عرض کی گئی یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! فال سے کیا مراد ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ اچھی بات جسے کوئی شخص سنتا ہے۔"

## ذِكْرُ وَصْفِ الْفَالِ الَّذِىْ كَانَ يُعْجِبُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## فال کی اس صفت کا تذکرہ جسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پسند کرتے تھے

**6125** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، وَكَانَ عَسِرًا نَكِدًا، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا طِيَرَةَ، وَخَيْرُ الْفَالِ الْكَلِمَةُ الصَّالِحَةُ يَسْمَعُهَا اَحَدُكُمْ

❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"بدشگونی کی کوئی حیثیت نہیں ہے اور سب سے بہترین فال وہ اچھا کلمہ ہے جسے کوئی شخص سنتا ہے۔"

**6126** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ سِبَاعِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اُمِّ كُرْزٍ، اَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَقِرُّوا الطَّيْرَ عَلٰى مَكُنَاتِهَا

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَقِرُّوا الطَّيْرَ عَلٰى مَكُنَاتِهَا لَفْظَةُ اَمْرٍ مَقْرُوْنَةٌ بِتَرْكِ ضِدِّهِ، وَهُوَ اَنْ لَا يُنَفِّرُوا الطُّيُوْرَ عَنْ مَكُنَاتِهَا، وَالْقَصْدُ مِنْ هٰذَا الزَّجْرِ عَنْ شَيْءٍ ثَالِثٍ، وَهُوَ اَنَّ الْعَرَبَ كَانَتْ اِذَا اَرَادَتْ اَمْرًا جَاءَتْ اِلٰى وَكْرِ الطَّيْرِ فَنَفَّرَتْهُ، فَاِنْ تَيَامَنَ مَضَتْ لِلْاَمْرِ الَّذِىْ عَزَمَتْ

---

6125- إسناده صحيح على شرط مسلم. محمد بن عبيد بن حسان: احتج به مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 2/266 406عن عفان، عن عبد الواحد بن زياد، بهذا الإسناد.

6126- حديث صحيح وانظر الكلام على إسناده في التعليق على الحديث "5312" وأخرجه الطيالسي "1634"، والحميدي "347"، وأحمد 6/381، والشافعي في "السنن"414" "، وأبو داود "3835"في الأضاحي: باب في العقيقة، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار 1/342 "343، والطبراني "407"/25، والحاكم 4/237، والبيهقي 9/311، والبغوي "2818"من طريق سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي، وقال الهيثمي في "المجمع 5/106 "رواه الطبراني بأسانيد، ورجال أحدهما ثقات. ولم يذكر الطيالسي والطبراني": عن أبيه"، وهو الصواب كما سبق بيانه.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



عَلَيْهِ، وَإِنْ تَيَاسَرَ اَغْضَتْ عَنْهُ، وَتَشَاءَ مَتْ بِهِ .فَزَجَرَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اسْتِعْمَالِ هٰذَا الْفِعْلِ بِقَوْلِهِ: اَقِرُّوا الطَّيْرَ عَلٰى مَكُنَاتِهَا

❁❁ سیدہ ام کرز رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرمائے ہوئے سنا ہے:

''پرندوں کو ان کے گھونسلوں میں رہنے دو۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: پرندوں کو ان کے گھونسلے میں رہنے دو یہ الفاظ اس بات سے ملے ہوئے ہیں اس کے متضاد کو ترک کر دیا جائے وہ یہ کہ پرندوں کو ان کے گھونسلوں سے نہ اڑایا جائے اور اس ممانعت کے ذریعے مراد کسی تیسری چیز سے منع کرنا ہے اور وہ یہ کہ عربوں کا یہ معمول تھا' جب وہ کوئی کام کرنے کا ارادہ کرتے تھے' تو کسی پرندے کے گھونسلے کے پاس آ کر اسے اڑا دیتے تھے اگر وہ دائیں طرف اڑ کر جاتا تھا' تو آدمی وہ کام کر لیتا تھا جس کو کرنے کا اس نے ارادہ کیا تھا اور اگر وہ بائیں طرف اڑ کر جاتا تھا' تو آدمی وہ کام نہیں کرتا تھا اور اسے بدشگونی سمجھتا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو اس چیز کے اختیار کرنے سے منع کیا اور یہ الفاظ استعمال کیے ''پرندوں کو ان کے گھونسلوں میں رہنے دو۔''

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com

# بَابُ الْهَامِ وَالْغُوْلِ

## باب! ہام اور غول کا بیان

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قَوْلِ الْمَرْءِ بِالْهَامِ الَّذِیْ كَانَ يَقُوْلُ بِهٖ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ

## اس بارے میں ممانعت کا تذکرہ کہ کوئی شخص ہام کا قائل ہو، جس کے زمانہ جاہلیت کے لوگ قائل تھے

**6127** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ الْجَمَّالُ الرَّازِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتُوَائِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْحَضْرَمِيُّ بْنُ لَاحِقٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ سَعْدَ بْنَ اَبِيْ وَقَّاصٍ عَنِ الطِّيَرَةِ؟ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا عَدْوٰى وَلَا طِيَرَةَ، وَلَا هَامَ، فَاِنْ تَكُ الطِّيَرَةُ فِيْ شَيْءٍ فَفِي الْمَرْاَةِ وَالْفَرَسِ وَالدَّارِ

سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے طیرہ کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''عدوی، طیرہ، ہام کی کوئی حیثیت نہیں ہے اگر طیرہ کسی چیز میں ہونی ہوتی' تو عورت میں' یا گھوڑے میں' یا گھر میں ہوتی۔''

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قَوْلِ الْمَرْءِ بِاغْتِيَالِ الْغُوْلِ اِيَّاهُ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ کوئی شخص اس بات کا قائل ہو کہ غول (نامی جن یا ہوائی چیز) اسے بھٹکا سکتی ہے

---

6127– إسناده قوی، رجاله ثقات رجال الشيخين غير الحضرمي بن لا حق، فقد روى له أبو داود والنسائی، وقال يحيى بن معين وابن عدی :لا بأس به، وذكره المؤلف فی "الثقات." وأخرجه أحمد 1/180، وأبو يعلى 797"، وابن أبی عاصم فی "السنة" 266"، والطبری فی "مسند علی "من "تهذيب الآثار "17" و "48"و"49"، والطحاوی فی "شرح معانی الآثار 4/313 "من طرق عن هشام الدستوائی، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/174، وأبو داود "3921"فی الطب :با فی الطيرة، وأبو يعلى "766"، والطبری "18"و "19"و "50"و"51"، والطحاوی فی "شرح معانی الآثار 4/314 "، والبيهقی 8/140 من طرق عن يحيى بن أبی كثير، به .ووقع فی المطبوع من "شرح معانی الآثار "تحريف فی مسنده يستدرك من هنا.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



**6128** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰی، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَحْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ اَبُو الزُّبَیْرِ، اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ:

(متنِ حدیث): لَا عَدْوٰی، وَلَا صَفَرَ، وَلَا غُوْلَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''عدویٰ، صفر اور غول کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔''

---

6128- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الزبير فمن رجال مسلم أبو عاصم: هو الضحاك بن مخلد النبيل. وأخرجه ابن أبي عاصم في "السنة" "268"، والطبري في "مسند علي" من "تهذيب الآثار" "26"، والطحاوي في "مشكل الآثار" 1/340 من طريقين عن أبي عاصم الضحاك بن مخلد بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/382، ومسلم "2222" "109" في السلام: باب لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر، من طريق روح بن عبادة، عن ابن جريج، به وزاد في آخره: وسمعت أبا الزبير يذكر أن جابرا فسّر لهم قوله: "ولا صفر"، فقال الزبير: الصفر: البطن، فقيل لجابر: كيف؟ قال: كان يقال: داوب البطن، قال: ولم يفسر الغول، قال أبو الزبير: هذا الغول التي تغوّل. وأخرجه علي بن الجعد في "مسنده" "2693" و"3183"، وابن طهمان في "مشيخته" "38" و"39"، وأحمد 3/293 و321، ومسلم "107" "2222" و"108"، وأبو يعلى "1789"، وابن أبي عاصم "281"، والطبري "25"، والطحاوي في "المشكل" 1/340، والبغوي "3251" من طرق عن أبي الزبير، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایہ

www.KitaboSunnat.com

# كِتَابُ النُّجُوْمِ وَالْاَنْوَاءِ

## کتاب! نجوم اور ستاروں کے بارے میں روایات

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ مُجَانَبَةِ الْقَضَايَا وَالْاَحْكَامِ بِالنُّجُوْمِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ تقدیر کے فیصلوں میں ستاروں پر اعتماد کرنے سے اجتناب کرے

**6129** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُبَشِّرُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ، اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَخْبَرَنِيْ رَجُلٌ، مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْاَنْصَارِ اَنَّهُمْ بَيْنَمَا هُمْ جُلُوْسٌ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ رُمِيَ بِنَجْمٍ فَاسْتَنَارَ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اِذَا رُمِيَ بِمِثْلِ هٰذَا؟ قَالُوْا: كُنَّا نَقُوْلُ: وُلِدَ اللَّيْلَةَ رَجُلٌ عَظِيْمٌ، وَمَاتَ اللَّيْلَةَ رَجُلٌ عَظِيْمٌ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاِنَّهَا لَا تُرْمٰى لِمَوْتِ اَحَدٍ، وَلَا لِحَيَاتِهٖ، وَلٰكِنَّ رَبَّنَا تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اِذَا قَضٰى اَمْرًا سَبَّحَ حَمَلَةُ الْعَرْشِ، ثُمَّ سَبَّحَ اَهْلُ السَّمَاءِ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، حَتّٰى يَبْلُغَ التَّسْبِيْحُ اَهْلَ السَّمَاءِ الدُّنْيَا، فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ يَلُوْنَ حَمَلَةَ الْعَرْشِ: مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ فَيُخْبِرُوْنَهُمْ، فَيُخْبِرُ اَهْلُ السَّمَاوَاتِ بَعْضُهُمْ بَعْضًا، حَتّٰى يَبْلُغَ الْخَبَرُ اَهْلَ السَّمَاءِ الدُّنْيَا، وَيَخْطَفُ الْجِنُّ، فَيُلْقُوْنَهٗ اِلٰى اَوْلِيَائِهِمْ، وَيُرْمَوْنَ، فَمَا جَاءُ وْا بِهٖ عَلٰى وَجْهِهٖ فَهُوَ حَقٌّ، وَلٰكِنَّهُمْ يَقْرِفُوْنَ فِيْهِ اَوْ يَزِيْدُوْنَ الشَّكُّ مِنْ مُبَشِّرٍ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے انصاری صحابہ میں سے ایک صاحب نے مجھے یہ بات بتائی کہ ایک مرتبہ وہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے اسی دوران کوئی ستارا ٹوٹا اور روشنی سی نظر آئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں سے دریافت کیا جب اس طرح کا کوئی ستارا ٹوٹتا تھا' تو تم لوگ زمانہ جاہلیت میں کیا سمجھتے تھے۔ لوگوں نے عرض کی:

6129- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أحمد بن إبراهيم الدورقي، فمن رجال مسلم علي بن الحسين :هو علي بن الحسين بن علي بن أبي زين العابدين .وأخرجه أحمد 1/218، ومسلم "2229"، في السلام :باب تحريم الكهانة وإتيان الكهان، والطحاوي في "مشكل الآثار 3/113"، والبيهقي 8/138 من طرق عن الأوزاعي، هذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/218، ومسلم "2229"، والترمذي "3224" في تفسير القران :باب ومن سورة سبأ، والنسائي في التفسير كما في "التحفة 11/172 "، والطحاوي في "مشكل الآثار 3/113 "، من طرق عن الزهري، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


ہم یہ کہتے تھے کہ آج رات کوئی بڑا آدمی پیدا ہوگا یا کوئی بڑا آدمی فوت ہو جائے گا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ کسی کے مرنے یا پیدا ہونے کی وجہ سے نہیں ٹوٹتے ہیں بلکہ ہمارا پروردگار جب کوئی فیصلہ سناتا ہے تو عرش کو اٹھانے والے فرشتے تسبیح بیان کرتے ہیں تو اس کے بعد والے فرشتے تسبیح بیان کرتے ہیں یہاں تک کہ یہ تسبیح آسمان دنیا تک پہنچ جاتی ہے عرش کو اٹھانے والے فرشتوں کے قریب جو فرشتے ہوتے ہیں (یعنی ساتویں آسمان کے فرشتے) وہ دریافت کرتے ہیں ہمارے پروردگار نے کیا فرمایا ہے تو (عرش کو اٹھانے والے فرشتے) انہیں اس بارے میں بتاتے ہیں اسی طرح تمام آسمان کے فرشتے دوسرے آسمان والوں کو اس بارے میں اطلاع دیتے ہیں یہاں تک کہ آسمان دنیا تک یہ بات پہنچ جاتی ہے تو کوئی جن اسے اچک لیتا ہے اور اپنے دوستوں کی طرف اسے القاء کر دیتا ہے وہ اس میں ملاوٹ بھی کر دیتا ہے تو جب (کسی کاہن کی کہی ہوئی بات) درست ثابت ہوتی ہے تو وہ حق کی وجہ سے ہوتی ہے تاہم وہ لوگ اس میں اور بہت سے جھوٹ شامل کر دیتے ہیں (اس لیے ان کی بہت سی باتیں غلط بھی ثابت ہوتی ہیں)

یہاں مبشر نامی راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں: وہ اس بات میں اضافہ کر دیتے ہیں۔

## ذِكْرُ التَّغْلِيظِ عَلٰى مَنْ قَالَ بِالْاِخْتِيَارَاتِ وَالْاَحْكَامِ بِالتَّنْجِيمِ

## ایسے شخص کی شدید مذمت کا بیان جو اس بات کا قائل ہو کہ بھلائی اور (تقدیر کے) فیصلے ستاروں کی وجہ سے ہوتے ہیں

**6130** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَتَّابُ بْنُ حُنَيْنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَوْ اَمْسَكَ اللّٰهُ الْقَطْرَ عَنِ النَّاسِ سَبْعَ سِنِيْنَ، ثُمَّ اَرْسَلَهُ لَاَصْبَحَتْ طَائِفَةٌ مِّنْهُمْ بِهَا كَافِرِينَ، يَقُوْلُوْنَ مُطِرْنَا بِنَوْءِ الْمِجْدَحِ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: الْمِجْدَحُ هُوَ الدَّبَرَانِ، وَهُوَ الْمَنْزِلُ الرَّابِعُ مِنْ مَنَازِلِ الْقَمَرِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

6130- عتاب بن حنين روى عنه اثنان ووثقه المؤلف، وروى له النسائي، وباقي السند ثقات من رجال الشيخين غير إبراهيم بن بشار: وهو الرمادي، فقد روى له أبو داود والترمذي، وهو حافظ سفيان: هو ابن عيينة. وأخرجه الحميدي "751"، وأحمد 3/7، والنسائي 3/165 في الاستسقاء: باب كراهية الاستمطار بالكوكب، عن سفيان، بهذا الإسناد وفي رواية النسائي": خمس سنين" وأخرجه الدارمي 2/314، والنسائي في "عمل اليوم والليلة "926" "، وأبو يعلى "1312" من طريق عفان بن مسلم، عن حماد بن سلمة، عن عمرو بن دينار، به، وفيه": عشر سنين" وفي الباب عن أبي هريرة عند أحمد 2/362 و368 و421، ومسلم "72"، وعن زيد بن خالد الجهني تقدم عند ابن حبان برقم. "188"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



''اگر اللہ تعالیٰ سات سال تک لوگوں سے بارش کو روک لے اور پھر اسے برسا دے تو ان لوگوں میں سے ایک گروہ انکار کرتے ہوئے پھر بھی یہی کہے گا کہ مجدح ستارے کی وجہ سے ہم پر بارش نازل ہوئی ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) مجدح سے مراد ''دبران'' ہے اور یہ چاند کی منزلوں میں چوتھی منزل پر ہوتا ہے۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قَوْلِ الْمَرْءِ بِعِيَافَةِ الطُّيُوْرِ وَاسْتِعْمَالِ الطَّرْقِ

## اس بارے میں ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی پرندوں کے ذریعے فال یا زمین پر کنکریاں مار کر فال نکالنے کا قائل ہو

**6131** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ حَيَّانَ بْنِ مُخَارِقٍ اَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ قَطَنِ بْنِ قَبِيْصَةَ بْنِ الْمُخَارِقِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَلْعِيَافَةُ، وَالطِّيَرَةُ، وَالطَّرْقُ مِنَ الْجِبْتِ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: الطَّرْقُ التَّنْجِيْمُ، وَالطَّرْقُ اللَّعِبُ بِالْحِجَارَةِ لِلْاَصْنَامِ

حضرت قبیصہ بن مخارق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''عیافہ، طیرہ اور طرق شیطان کی طرف سے ہوتے ہیں۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) طرق سے مراد نجوم (پر اعتقاد رکھنا) ہے اور طرق سے مراد بتوں کے لیے پتھروں سے کھیلنا ہے۔

## ذِكْرُ اِطْلَاقِ اسْمِ الْكُفْرِ عَلٰى مَنْ رَاٰى الْاَمْطَارَ مِنَ الْاَنْوَاءِ

## جو شخص ستاروں کی وجہ سے بارش کے نازل ہونے کا قائل ہو اس پر لفظ کفر کے اطلاق کا تذکرہ

**6132** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ

6131– إسناده ضعيف، حيان بن مخارق أبو العلاء، لم يرو عنه غير عوف وهو ابن أبي جميلة الأعرابي -ولم يوثقه غير المؤلف .وأخرجه عبد الرزاق "19502"، وابن سعد 7/35، وأحمد 3/477و5/60، وأبو داود "3907"في الطب :باب في الخط وزجر الطير، والنسائي في التفسير كما في "التحفة8/275 "، والدولابي في "الكنى والأسماء1/86 "، والطحاوي في "شرح معاني الآثار4/312-313 "، والطبراني "941"18/و "942"و "943"و"945"، والبيهقي 8/139، والبغوي "3256"، وأبو نعيم في "تاريخ أصبهان2/158 "، والخطيب في "تاريخه10/425 "، والمزي في "تهذيب الكمال 7/475-476 "من طرق عن عوف الأعرابي، بهذا الإسناد .قال بعضهم فيه :حيان، فلم ينسبوه، وقال بعضهم :حيان أبو العلاء، وقال آخرون :حيان بن العلاء.

6132– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر الحديث ."188"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



مَالِكٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): صَلّٰى لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الصُّبْحِ بِالْحُدَيْبِيَةِ فِيْ اِثْرِ سَمَاءٍ كَانَتْ مِنَ اللَّيْلِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ: هَلْ تَدْرُوْنَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: قَالَ: اَصْبَحَ مِنْ عِبَادِيْ مُؤْمِنٌ بِيْ وَكَافِرٌ، فَاَمَّا مَنْ قَالَ: مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللّٰهِ وَرَحْمَتِهٖ، فَذٰلِكَ مُؤْمِنٌ بِيْ، كَافِرٌ بِالْكَوْكَبِ، وَاَمَّا مَنْ قَالَ: مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا، فَذٰلِكَ كَافِرٌ بِيْ مُؤْمِنٌ بِالْكَوْكَبِ

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حدیبیہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں صبح کی نماز پڑھائی گزشتہ رات بارش ہو چکی تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کی طرف توجہ کی اور فرمایا کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو تمہارے پروردگار نے کیا ارشاد فرمایا ہے۔ لوگوں نے عرض کی: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے کہ میرے کچھ بندے مجھ پر ایمان رکھنے والے ہیں کچھ میرا کفر کرنے والے ہیں جو شخص یہ کہتا ہے کہ ہم پر اللہ کے فضل اور اس کی رحمت کی وجہ سے بارش نازل ہوئی ہے وہ مجھ پر ایمان رکھتا ہے اور ستاروں کا انکار کرتا ہے اور جو شخص یہ کہتا ہے کہ فلاں اور فلاں ستارے کی وجہ سے ہم پر بارش نازل ہوئی ہے' تو وہ میرا انکار کرتا ہے اور ستاروں پر ایمان رکھتا ہے۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قَوْلِ الْمُسْلِمِ فِي الْحَوَادِثِ يَنْسُبُهَا اِلَى الْاَنْوَاءِ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ کوئی مسلمان رونما ہونے والی صورت حال کے بارے میں اس بات کا قائل ہو کہ وہ اسے ستاروں کی طرف منسوب کر دے

6133 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا عَدْوٰى، وَلَا هَامَةَ، وَلَا صَفَرَ، وَلَا نَوْءَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''عدوی، ہامہ، صفر اور نوء کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔''

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَنْ حَكَمَ بِمَجِيْءِ الْمَطَرِ فِيْ وَقْتٍ بِعَيْنِهٖ كَذَّبَهٗ فَجْرُهٗ اِذِ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا اسْتَاْثَرَ بِعِلْمِهٖ دُوْنَ خَلْقِهٖ

6133- إسناده صحيح على شرط مسلم، عبد العزيز بن محمد :هو الدراوردي، قد توبع .القعنبي :اسمه عبد الله بن مسلمة بن قعنب.وأخرجه أبو داود "3912"في الطب :باب في الطيرة، عن القعنبي، بهذا الإسناد.وأخرجه أحمد 2/397، ومسلم "106" "2220"في السلام :باب لا عدوى ولا طيرة ...، والبغوي "3252"من طرق عن إسماعيل بن جعفر، عن العلاء، به.وأخرجه ابن أبي عاصم في "السنة "275" "من طريق ابن أبي حازم، عن العلاء، به .وانظر الحديث."6116"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جو شخص یہ بتائے کہ بارش فلاں متعین وقت میں ہوگی' تو اس کا گناہ اسے جھوٹا قرار دیدے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس بات کا علم اپنے پاس رکھا ہے مخلوق کو عطا نہیں کیا

6134 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا صَالِحُ بْنُ قُدَامَةَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَفَاتِحُ الْعِلْمِ خَمْسٌ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا اللّٰهُ، لَا يَعْلَمُ مَا تَغِيضُ الْاَرْحَامُ اَحَدٌ اِلَّا اللّٰهُ، وَلَا يَعْلَمُ مَا فِي غَدٍ اِلَّا اللّٰهُ، وَلَا يَعْلَمُ مَتٰى يَاْتِي الْمَطَرُ اِلَّا اللّٰهُ، وَلَا تَدْرِي نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوتُ اِلَّا اللّٰهُ، وَلَا يَعْلَمُ مَتٰى تَقُومُ السَّاعَةُ اَحَدٌ اِلَّا اللّٰهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''علم کی کنجیاں پانچ ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا کوئی شخص یہ بات نہیں جانتا کہ رحم سے کیا نکلے گا بس اللہ جانتا ہے اور کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ کل کیا ہوگا صرف اللہ جانتا ہے کوئی یہ نہیں جانتا کہ بارش کب ہوگی صرف اللہ جانتا ہے۔ کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ وہ کہاں مرے گا صرف اللہ جانتا ہے۔ کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ قیامت کب آئے گی صرف اللہ جانتا ہے۔''

## ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ الِاسْتِمْطَارُ فِي اَوَّلِ مَطَرٍ يَجِيءُ فِي السَّنَةِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ قحط سالی کے عالم میں ہونے والی پہلی بارش میں مزید بارش کا طلبگار رہو

6135 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مُطِرْنَا وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَسَرَ عَنْ ثَوْبِهِ لِلْمَطَرِ، قُلْنَا: لِمَ صَنَعْتَ هٰذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اِنَّهُ حَدِيثُ عَهْدٍ بِرَبِّهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم پر بارش نازل ہوئی ہم اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے' تو

6134- إسناده قوي، صالح بن قدامة روى عنه جمع، وقال النسائي: ليس به بأس، وذكره المؤلف في "الثقات"، وقال الذهبي في "الكاشف": "صدوق، وأخطأ الحافظ في "التقريب" فقال: مقبول، ويعني بقوله" :مقبول "في اصطلاحه: أنه يقبل عند المتابعة، وإلا فليّن الحديث، كما نص على ذلك في مقدمته. وإسحاق بن إبراهيم: وهو ابن راهويه، وعبد الله بن دينار ثقتان من رجال الشيخين. وهو مكرر الحديث "70" و "71"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


نبی اکرم ﷺ نے بارش کے لیے اپنا کپڑا ہٹا دیا' تو ہم نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! آپ ﷺ نے ایسا کیوں کیا ہے۔
آپ ﷺ نے فرمایا: کیونکہ یہ پروردگار کی بارگاہ سے آرہی ہے۔

---

6135- إسناده قوى على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير جعفر بن سليمان فمن رجال مسلم .وأخرجه البغوى فى "شرح السنة "1171" "من طريق محمد بن إسحاق بن إبراهيم أبى العباس السراج مولى ثقيف، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو دواد "5100"فى الأدب :باب ما جاء فى المطر، والنسائى فى الصلاة من "الكبرى "كما فى "التحفة1/105 "، وأبو نعيم فى "الحلية" 6/291عن قتيبة بن سعيد، به .وقرن أبو داود فى روايته مع قتيبة مسددا وأخرجه أحمد 3/133و267، والبخارى فى "الأدب المفرد"571" "، ومسلم "898"فى الاستسقاء :باب الدعاء فى الاستسقاء، وأبو يعلى "3426"، وأبو الشيخ فى "أخلاق النبى" ص260، والبيهقى 3/359من طرق عن جعفر بن سليمان، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



# كِتَابُ الْكِهَانَةِ وَالسِّحْرِ

## کتاب! کہانت اور جادو کے بارے میں روایات

**6136** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، وَعَبْدَانُ الْحَرَّانِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَعْيَنَ، حَدَّثَنَا مَعْقِلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ عُرْوَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ عُرْوَةَ، يَقُوْلُ: قَالَتْ عَائِشَةُ:

(متن حدیث): سَاَلَ اُنَاسٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْكُهَّانِ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسُوا بِشَيْءٍ، قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّهُمْ يُحَدِّثُونَ اَحْيَانًا بِالشَّيْءِ يَكُوْنُ حَقًّا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تِلْكَ الْكَلِمَةُ مِنَ الْجِنِّ يَحْفَظُهَا، فَيَقْذِفُهَا فِيْ اُذُنِ وَلِيِّهِ، فَيَخْلِطُوْنَ فِيْهَا اَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ كِذْبَةٍ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: کچھ لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جنات کے بارے میں دریافت کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا ان کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! بعض اوقات وہ کوئی ایسی بات کہہ دیتے ہیں جو سچ ثابت ہوتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ وہ کلمہ ہے' جو جن کی طرف سے آتا ہے' جسے اس نے یاد رکھا ہوتا ہے اسے وہ اپنے ساتھی کے کان میں انڈیل دیتا ہے وہ اس میں اپنی طرف سے سو جھوٹ ملا دیتا ہے۔

---

6136- إسناده صحيح، عبدان هذا لم أتبينه، وفي طبقته عبد الله بن عثمان بن جبلة الملقب بعبدان، لكنه مروزي وليس بحراني، ولم يذكر في شيوخ أبي عروبة، ومتابعة محمد وهو محمد بن يحيى بن محمد بن كثير الحراني -ثقة، روى له النسائي، ومن فوقهما من رجال الشيخين غير معقل بن عبيد الله، فمن رجال مسلم .وأخرجه مسلم "123" "2228"في السلام :باب تحريم الكهانة وإتيان الكهان، عن سلمة بن شبيب، عن الحسن بن أعين، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/87، وعبد الرزاق "20347"، والبخاري "5762"في الطب :باب الكهانة، و "6213"في الأدب :باب قول الرجل للشيء" :ليس بشيء "، وهو ينوي أنه ليس بحق، و "7561"في التوحيد :باب قراءة الفاجر والمنافق وأصواتهم وتلاوتهم لا تجاوز حناجرهم، ومسلم "2228"، والبيهقي 8/138، والبغوي "3258"من طرق عن الزهري، به .ووقع في "المصنف" :"هشام بن عروة"، بدل "يحيى بن عروة "وهو خطأ، فقد أخرجه من طريقه مسلم والبيهقي والبغوي، فقالوا فيه" :يحيى بن عروة."وأخرجه البخاري "3210"في بدء الخلق :باب ذكر الملائكة، عن ابن أبي مريم، عن الليث، عن ابن أبي جعفر، عن محمد بن عبد الرحمن أبي الأسود يتيم عروة، عن عروة، عن عائشة أنها سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول " :إن الملائكة تنزل في العَنان-وهو السحاب -فتذكر الأمر قضي في السماء ، فتسترق الشياطين السمع، فتسمعه، فتوحيه إلى الكهان، فيكذبون منها مئة كذبة من عند أنفسهم ."وعلقه برقم "3288"باب صفة إبليس وجنوده، عن الليث، عن خالد بن يزيد، عن سعيد بن أبي هلال، عن أبي الأسود، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


# ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ دُخُولِ الْجَنَّةِ لِلْمُؤْمِنِ بِالسِّحْرِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ جادو کرنے والا مومن جنت میں داخل نہیں ہوگا

6137 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِىْ سَمِيْنَةَ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، قَالَ: قَرَاْتُ عَلَى الْفُضَيْلِ، عَنْ اَبِىْ حَرِيْزٍ، عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مُدْمِنُ خَمْرٍ، وَلَا مُؤْمِنٌ بِسِحْرٍ، وَلَا قَاطِعٌ

(توضیح مصنف): هُوَ الْفُضَيْلُ بْنُ مَيْسَرَةَ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

(متن حدیث): مَا الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا كَمَا يَضَعُ اَحَدُكُمْ اُصْبُعَهُ السَّبَّابَةَ فِي الْيَمِّ فَلْيَنْظُرْ بِمَ يَرْجِعُ

❁❁ مستورد جن کا تعلق بنوفہر سے ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''آخرت کے مقابلے میں دنیا کی مثال اس طرح ہے' جس طرح کوئی شخص اپنی شہادت کی انگلی کو سمندر میں داخل کرے اور پھر اس بات کا جائزہ لے کہ وہ کس چیز (یعنی کتنے پانی) کے ہمراہ واپس آئی ہے۔''

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ مِنْ اَدِيمِ الْاَرْضِ كُلِّهَا، اَرَادَ بِهِ: مِنْ قَبْضَةٍ وَّاحِدَةٍ مِنْهَا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان: ''اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو تمام روئے زمین سے پیدا کیا ہے'' اس کے ذریعے آپ ﷺ کی مراد یہ ہے کہ روئے زمین میں سے ایک مٹھی بھر مٹی لے کر اس سے پیدا کیا ہے

**6160** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عَوْفٌ، سَمِعَ قَسَامَةَ بْنَ زُهَيْرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا مُوسَى الْاَشْعَرِيَّ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

---

6159- حديث صحيح، ابن أبي السّرى قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير صحابيه، فمن رجال مسلم، وأخرج له البخارى تعليقاً .وقد تقدم تخريجه برقم4330)).

6160-حديث صحيح ابن أبي السّرى قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير قسامة بن زهير، فقد روى له أصحابُ السنن إلا ابن ماجه، وهو ثقة عوف :هو ابن أبي جميلة العبدى . وأخرجه أحمد 4/400، وأبو داود4693)) في السنة: باب في القدر، والترمذى2995)) في التفسير :باب ومن سورة البقرة، وابن سعد في "الطبقات 1/26 "، وعبد بن حميد في " المنتخب 548) ") ، والطبرى في "جامع البيان 645) ") ، والحاكم262-2/261، والبيهقي في "الأسماء والصفات "ص 385من طرق عن عوف العبدى، بهذا الإسناد وصححه الحاكم ووافقه الذهبى، وقال الترمذى :حسن صحيح :وانظر6181)).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى خَلَقَ آدَمَ مِنْ قَبْضَةٍ قَبَضَهَا مِنْ جَمِيعِ الْأَرْضِ، فَجَاءَ بَنُو آدَمَ عَلٰى قَدْرِ الْأَرْضِ، مِنْهُمُ الْأَحْمَرُ وَالْأَسْوَدُ وَالْأَبْيَضُ وَالْأَصْفَرُ، وَبَيْنَ ذٰلِكَ، وَالسَّهْلُ وَالْحَزْنُ، وَالْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو ایسی مٹی سے پیدا کیا ہے' جو تمام روئے زمین سے اکٹھی کی گئی تھی اس لیے حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد زمین کی خصوصیات کی حامل ہے ان میں کچھ لوگ سرخ ہوتے ہیں کچھ سفید ہوتے ہیں کچھ سیاہ ہوتے ہیں کچھ زرد ہوتے ہیں کچھ ان کے درمیان ہوتے ہیں کچھ آسان ہوتے ہیں کچھ غمگین ہوتے ہیں کچھ بد باطن ہوتے ہیں کچھ پاکیزہ مزاج ہوتے ہیں۔''

## ذِكْرُ الْيَوْمِ الَّذِىْ خَلَقَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا آدَمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ

## اس دن کا تذکرہ' جس دن میں اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا

**6161** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ أُمَيَّةَ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ، مَوْلٰى أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): أَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِي، فَقَالَ: خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى التُّرْبَةَ يَوْمَ السَّبْتِ، وَخَلَقَ فِيهَا الْجِبَالَ يَوْمَ الْأَحَدِ، وَخَلَقَ الشَّجَرَ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، وَخَلَقَ الْمَكْرُوهَ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ، وَخَلَقَ النُّورَ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ، وَبَثَّ فِيهَا الدَّوَابَّ يَوْمَ الْخَمِيسِ، وَخَلَقَ آدَمَ بَعْدَ الْعَصْرِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ آخِرِ الْخَلْقِ مِنْ آخِرِ السَّاعَةِ مِنْ سَاعَاتِ الْجُمُعَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑا اور ارشاد فرمایا۔

''اللہ تعالیٰ نے ہفتہ کے دن مٹی کو (یعنی زمین کو) پیدا کیا، اتوار کے دن اس نے زمین میں پہاڑ بنائے، پیر کے دن درخت پیدا کیے، منگل کے دن ناپسندیدہ چیز کو پیدا کیا، بدھ کے دن نور کو پیدا کیا، جمعرات کے دن زمین میں جانور پھیلا دیئے اور حضرت آدم علیہ السلام کو جمعہ کے دن عصر کے بعد پیدا کیا اس نے آخری مخلوق کو جمعہ کی آخری گھڑی میں پیدا کیا''۔

---

6161-إسناده صحيح على شرط مسلم. وهو في "مسند أبي يعلى(6132)") إلا أن غير واحد من الحفاظ أعلوه وجعلوه من كلام كعب الأحبار. وأخرجه مسلم(2789)) في صفة المنافقين وأحكامهم :باب ابتداء الخلق وخلق آدم، عن سريج بن يونس، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد2/327، ومسلم، والنسائي في التفسير من "الكبرى "كما في "التحفة10/133 "، والطبري في " التاريخ 1/23 "و45، والبيهقي في "الأسماء والصفات "ص 383من طرق عن حجاج بن محمد، به .وأخرجه ابن معين في " تاريخه "ص305، وعنه الدولابي في "الكنى 1/175 "عن هشام بن يوسف، عن ابن جريج، به. وأخرجه الحاكم في "معرفة علوم الحديث "ص 34-33من طريق إبراهيم بن أبي يحيى، عن صفوان بن سليم، عن أيوب بن خالد، به. وأخرجه النسائي في " الكبرى "كما في "التحفة 10/264 "من طريق ابن جريج، عن عطاء، عن أبي هريرة.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ وَصْفِ طُولِ آدَمَ حَيْثُ خَلَقَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا

### جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اس وقت ان کی لمبائی کا تذکرہ

**6162** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ عَلٰى صُوْرَتِهِ وَطُولِهِ سِتُّونَ ذِرَاعًا، فَلَمَّا خَلَقَهُ قَالَ: اذْهَبْ فَسَلِّمْ عَلٰى أُولَئِكَ النَّفَرِ، وَهُمْ مِنَ الْمَلَائِكَةِ جُلُوْسٌ، فَاسْتَمِعْ مَا يُحَيُّوْنَكَ فَاِنَّهَا تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ ذُرِّيَّتِكَ.

قَالَ: فَذَهَبَ فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَزَادُوْهُ: وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.

قَالَ: فَكُلُّ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلٰى صُوْرَةِ آدَمَ طُوْلُهُ سِتُّوْنَ ذِرَاعًا

فَلَمْ يَزَلِ الْخَلْقُ يَنْقُصُ حَتَّى الْآنَ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذَا الْخَبَرُ تَعَلَّقَ بِهِ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ وَاَخَذَ يُشَنِّعُ عَلٰى اَهْلِ الْحَدِيْثِ الَّذِيْنَ يَنْتَحِلُوْنَ السُّنَنَ، وَيَذُبُّوْنَ عَنْهَا، وَيَقْمَعُوْنَ مَنْ خَالَفَهَا بِاَنْ قَالَ: لَيْسَتْ تَخْلُو هٰذِهِ الْهَاءُ مِنْ اَنْ تُنْسَبَ اِلَى اللّٰهِ اَوْ اِلٰى آدَمَ، فَاِنْ نُسِبَتْ اِلَى اللّٰهِ كَانَ ذٰلِكَ كُفْرًا، اِذْ ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ﴾ (الشورى: 11)، وَاِنْ نُسِبَتْ اِلٰى آدَمَ تَعَرَّى الْخَبَرُ عَنِ الْفَائِدَةِ، لِاَنَّهُ لَا شَكَّ اَنَّ كُلَّ شَيْءٍ خُلِقَ عَلٰى صُوْرَتِهِ لَا عَلٰى صُوْرَةِ غَيْرِهِ، وَلَوْ تَمَلَّقَ قَائِلُ هٰذَا اِلٰى بَارِئِهِ فِي الْخَلْوَةِ، وَسَاَلَهُ التَّوْفِيقَ لِاِصَابَةِ الْحَقِّ وَالْهِدَايَةَ لِلطَّرِيقِ الْمُسْتَقِيمِ فِيْ لُزُومِ سُنَنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَكَانَ اَوْلٰى بِهِ مِنَ الْقَدْحِ فِيْ مُنْتَحِلِي السُّنَنِ بِمَا يَجْهَلُ مَعْنَاهُ، وَلَيْسَ جَهْلُ الْاِنْسَانِ بِالشَّيْءِ دَالًّا عَلٰى نَفْيِ الْحَقِّ عَنْهُ لِجَهْلِهِ بِهِ.

وَنَحْنُ نَقُوْلُ: اِنَّ اَخْبَارَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَحَّتْ مِنْ جِهَةِ النَّقْلِ لَا تَتَضَادُّ، وَلَا تَتَهَاتَرُ، وَلَا تَنْسَخُ الْقُرْآنَ بَلْ لِكُلِّ خَبَرٍ مَعْنًى مَعْلُومٌ يُعْلَمُ، وَفَصْلٌ صَحِيحٌ يُعْقَلُ، يَعْقِلُهُ الْعَالِمُوْنَ.

فَمَعْنَى الْخَبَرِ عِنْدَنَا بِقَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ عَلٰى صُوْرَتِهِ: اِبَانَةُ فَضْلِ آدَمَ عَلٰى سَائِرِ الْخَلْقِ، وَالْهَاءُ رَاجِعَةٌ اِلٰى آدَمَ، وَالْفَائِدَةُ مِنْ رُجُوعِ الْهَاءِ اِلٰى آدَمَ دُوْنَ اِضَافَتِهَا اِلَى الْبَارِءِ جَلَّ وَعَلَا - جَلَّ رَبُّنَا وَتَعَالٰى عَنْ اَنْ يُشَبَّهَ بِشَيْءٍ مِنَ الْمَخْلُوقِينَ - اَنَّهُ جَلَّ وَعَلَا جَعَلَ سَبَبَ الْخَلْقِ الَّذِيْ هُوَ الْمُتَحَرِّكُ النَّامِي بِذَاتِهِ اجْتِمَاعَ الذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى، ثُمَّ زَوَالَ الْمَاءِ عَنْ قَرَارِ الذَّكَرِ اِلٰى رَحِمِ الْاُنْثٰى، ثُمَّ تَغَيُّرَ ذٰلِكَ اِلَى الْعَلَقَةِ بَعْدَ

6162- حديث صحيح، ابن أبي السري متابع، ومن فوقه على شرط الشيخين. وهو في " صحيفة همّام " رقم (59)، وفي " مصنف عبد الرزّاق " رقم (19435). ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 2/315، والبخاري (3336) في الأنبياء: باب خلق آدم وذريته، و (6227) في الاستئذان: باب بدء السلام، ومسلم (2841) في الجنة: باب يدخل الجنة أقوام أفئدتهم مثل أفئدة الطير، وابن خزيمة في " التوحيد " ص 41-40، واللالكائي في " أصول الاعتقاد " (711)، والبيهقي في " الأسماء والصفات " ص 290-289، والبغوي (3298).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



مُدَّةٍ، ثُمَّ إِلَى الْمُضْغَةِ، ثُمَّ إِلَى الصُّورَةِ، ثُمَّ إِلَى الْوَقْتِ الْمَمْدُودِ فِيهِ، ثُمَّ الْخُرُوجِ مِنْ قَرَارِهِ، ثُمَّ الرَّضَاعِ، ثُمَّ الْفِطَامِ، ثُمَّ الْمَرَاتِبِ الْأُخَرِ عَلَى حَسَبِ مَا ذَكَرْنَا إِلَى حُلُولِ الْمَنِيَّةِ بِهِ.

هٰذَا وَصْفُ الْمُتَحَرِّكِ النَّامِي بِذَاتِهِ مِنْ خَلْقِهِ وَخَلْقِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا آدَمَ عَلٰى صُوْرَتِهِ الَّتِي خَلَقَهُ عَلَيْهَا، وَطُولُهُ سِتُّونَ ذِرَاعًا مِنْ غَيْرِ أَنْ تَكُونَ تَقَدُّمُهُ اجْتِمَاعُ الذَّكَرِ وَالْأُنْثَى، أَوْ زَوَالُ الْمَاءِ، أَوْ قَرَارُهُ، أَوْ تَغْيِيرُ الْمَاءِ عَلَقَةً أَوْ مُضْغَةً، أَوْ تَجْسِيمُهُ بَعْدَهُ، فَأَبَانَ اللّٰهُ بِهٰذَا فَضْلَهُ عَلٰى سَائِرِ مَنْ ذَكَرْنَا مِنْ خَلْقِهِ، بِأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ نُطْفَةً فَعَلَقَةً، وَلَا عَلَقَةً فَمُضْغَةً، وَلَا مُضْغَةً فَرَضِيعًا، وَلَا رَضِيعًا فَفَطِيمًا، وَلَا فَطِيمًا فَشَابًّا كَمَا كَانَتْ هٰذِهِ حَالَةُ غَيْرِهِ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ زَعَمَ أَنَّ أَصْحَابَ الْحَدِيثِ حَشْوِيَّةٌ يَرْوُونَ مَا لَا يَعْقِلُونَ وَيَحْتَجُّونَ بِمَا لَا يَدْرُونَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی صورت کے مطابق پیدا کیا ان کا قد 60 گز تھا' جب اللہ تعالیٰ نے انہیں پیدا فرمایا: کیا تو تم جاؤ اور اس گروہ کو سلام کرو۔ فرشتے تھے جو بیٹھے ہوئے تھے تم غور سے سننا کہ وہ تمہیں کیا جواب دیتے ہیں کیونکہ وہ تمہارا اور تمہاری اولاد کا سلام کرنے کا طریقہ ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: حضرت آدم علیہ السلام گئے انہوں نے کہا: السلام علیکم' تو فرشتوں نے جواب میں رحمت اللہ کا اضافہ کیا۔''

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: جنت میں جو شخص بھی داخل ہوگا حضرت آدم علیہ السلام کی طرح اس کا قد 60 گز ہوگا اس کے بعد مسلسل انسانوں کے قد کم ہوتے رہے' یہاں تک کہ یہ صورت حال آ گئی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ وہ روایت ہے' جس کے ساتھ وہ شخص متعلق ہوا جو علم احادیث میں مہارت نہیں رکھتا اور اس نے اس روایت کی وجہ سے محدثین پر اعتراضات کیے جو سنت کی خدمت کرتے ہیں اور اس پر ہونے والے اعتراض کو پرے کرتے ہیں اور جو شخص سنت کی خلاف ورزی کرتا ہے وہ اس کی بھرپور مخالفت کرتے ہیں اس شخص نے یہ کہا کہ لفظ صور کہ میں ضمیر یا' تو اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب ہوگی' یا حضرت آدم علیہ السلام کی طرف منسوب ہوگی اگر اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی جائے' تو یہ چیز کفر ہوگی کیونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

''اس کی مانند کوئی چیز نہیں ہے۔''

اگر اس کی نسبت حضرت آدم علیہ السلام کی طرف کی جائے' تو روایت میں فائدہ حاصل نہیں ہوگا کیونکہ اس میں کوئی شک نہیں ہے تمام انسانوں کی شکل وصورت حضرت آدم علیہ السلام جیسی ہے کسی اور جیسی نہیں ہے۔

اگر اس بات کا قائل شخص تنہائی میں بیٹھ کر اپنے پروردگار کی بارگاہ میں التجاء کرتا اور اس سے حق اور ہدایت کی توفیق کا سوال کرتا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں کو لازم پکڑنے کی صورت میں سیدھا راستہ ہے' تو پھر اس کے لیے مناسب یہ تھا کہ وہ جس حدیث کا مفہوم نہیں جانتا اس کے حوالے سے سنت کے خادمین پر اعتراض نہ کرتا اگر انسان کسی چیز کے بارے علم نہیں رکھتا' یہ چیز تو اس بات پر دلالت نہیں کرتی کہ اس کی ناواقفیت کی وجہ سے حق کی نفی کر دی جائے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

ہم یہ کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سے منقول روایت جب نقل کے اعتبار سے مستند طور پر ثابت ہو تو اس میں کوئی اعتراض اور اختلاف نہیں ہوگا اور نہ ہی وہ قرآن کو منسوخ کرے گی بلکہ ہر روایت کا اپنا مخصوص مفہوم ہوتا ہے اور ہر روایت کا اپنا پس منظر ہوتا ہے جسے اہل علم سمجھ جاتے ہیں ہمارے نزدیک نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان کا مطلب یہ ہے ''اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی صورت میں پیدا کیا'' اس کا مقصد یہ ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی دیگر تمام مخلوق کی فضیلت کو ظاہر کیا جائے اور اس میں ضمیر حضرت آدم علیہ السلام کی طرف راجع ہے اور ضمیر کے حضرت آدم علیہ السلام کی طرف راجع ہونے کا فائدہ یوں ہے کہ اس ضمیر کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف نہیں کی جاسکتی کیونکہ ہمارا پروردگار اس چیز سے بلند و برتر ہے کہ اسے مخلوق میں سے کسی سے مشابہ قرار دیا جائے اللہ تعالیٰ نے تخلیق کا سبب ایک ایسی چیز کو قرار دیا ہے جو حرکت بھی کرتی ہے اور جس کے وجود میں نشوونما کی صلاحیت بھی پائی جاتی ہے یہ مذکر اور مؤنث کے اجتماع کی صورت میں (نشوونما پاتی ہے) اس کے بعد مادہ تولید مذکر کے مخصوص کام سے مؤنث کے رحم کی طرف منتقل ہو جاتا ہے اس کے بعد وہ ایک متعین مدت تک جمے ہوئے خون کی شکل میں رہتا ہے پھر وہ لوتھڑے کی شکل میں رہتا ہے پھر شکل و صورت بن جاتی ہے پھر ایک مخصوص وقت تک وہی رہتا ہے پھر وہ اپنی جگہ سے نکلتا ہے پھر دودھ پلانے کا مرحلہ آتا ہے پھر دودھ چھڑانے کا مرحلہ آتا ہے پھر دیگر مراتب ہیں جو ہم ذکر کر چکے ہیں یہاں تک کہ اسے موت آجاتی ہے۔

تو حرکت کرنے والے اور اپنی ذات کے اعتبار سے نشوونما کی صلاحیت رکھنے والے کی یہ صفت ہے اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو ان کی صورت پر پیدا کیا ہے یعنی وہ تخلیق جو اس اعتبار سے ہوئی تھی ان کی لمبائی ساٹھ گز تھی لیکن ان سے پہلے کسی مذکر اور مؤنث کا اجتماع نہیں ہوا۔ مادہ تولید کسی جگہ سے زائل نہیں ہوا تھا کسی جگہ آ کر ٹھہرا نہیں وہ مادہ جمے ہوئے خون یا گوشت کے لوتھڑے کی شکل میں تبدیل نہیں ہوا اس نے بعد میں جسم کی شکل اختیار نہیں کی تو اللہ تعالیٰ نے اس چیز کے ذریعے ان کی فضیلت کو واضح کر دیا جو وہ دیگر تمام مخلوق پر رکھتے ہیں کہ وہ پہلے نطفے کی شکل میں نہیں تھے کہ پھر جما ہوا خون بن جاتے جما ہوا خون نہیں تھے کہ گوشت کا لوتھڑا بن جائے گوشت کا لوتھڑا نہیں تھے کہ دودھ پینے کی نوبت آتی دودھ پینے والے نہیں تھے کہ دودھ چھڑانے کی نوبت آتی دودھ چھڑانے والے نہیں تھے کہ بعد میں نوجوان ہو جاتے جیسا کہ حضرت آدم علیہ السلام کے علاوہ دیگر انسانوں کی صورت حال ہوتی ہے یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ محدثین حشویہ فرقے کے سے نظریات رکھتے ہیں وہ ایسی چیزیں روایت کر دیتے ہیں جن کا فہم حاصل نہیں ہوسکتا اور وہ ایسی چیزوں کے ذریعے استدلال کرتے ہیں جن کا انہیں پتہ نہیں ہوتا۔

**6163** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا

6163- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. وأخرجه الطيالسي (2024)، وأحمد 3/152 و229 و240 و254 ومسلم (2611) في البر: باب خلق الإنسان خلقاً لا يتمالك وابن سعد في " الطبقات "1/27، والحاكم 1/37، والبيهقي في " الأسماء والصفات " ص 386 من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وقال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم، وقد بلغني أنه أخرجه في آخر الكتاب. قلت: ولفظه عند جميع من خرجه: " فلما رآه أجوف، عرف أنه خلق لا يتمالك " ولفظ المؤلف نسبه السيوطي في " الجامع الكبير " ص 656 إلى أبي الشيخ في " العظمة "

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ جَعَلَ اِبْلِيسَ يُطِيفُ بِهِ، فَلَمَّا رَآهُ اَجْوَفَ قَالَ: ظَفِرْتُ بِهِ، خَلْقٌ لَا يَتَمَالَكُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا، تو ابلیس ان کے جسم کے گرد چکر لگانے لگا جب اس نے انہیں اندر سے خالی دیکھا، تو بولا: "میں نے اس کو دیکھ لیا ہے، یہ مخلوق قابو میں رہنے والی نہیں ہے۔

## ذِكْرُ حَمْدِ آدَمَ رَبَّهُ لَمَّا خَلَقَهُ بِاِلْهَامِهِ جَلَّ وَعَلَا اِيَّاهُ ذٰلِكَ

## جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا، تو حضرت آدم علیہ السلام کا اپنے پروردگار کی حمد بیان کرنے کا تذکرہ، جس کے کلمات اس نے انہیں الہام کئے تھے

6164 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ، حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ عَطَسَ فَاَلْهَمَهُ رَبُّهُ اَنْ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، فَقَالَ لَهُ رَبُّهُ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، فَلِذٰلِكَ سَبَقَتْ رَحْمَتُهُ غَضَبَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا، تو انہیں چھینک آگئی ان کے پروردگار نے انہیں یہ الہام کیا کہ وہ الحمد للہ کہیں، تو ان کے پروردگار نے ان سے فرمایا: اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے، اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی رحمت اس کے غضب پر سبقت لے گئی ہے۔"

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ عَطَسَ، اَرَادَ بِهِ بَعْدَ نَفْخِ الرُّوحِ فِيْهِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: "جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو

6164- حديث حسن، رجال ثقات غير مبارك بن فضالة، ففيه لين وهو مدلس، وقد عنعن، لكن يشهد له حديث أنس الآتي بعده دون قوله: " فلذلك سبقت رحمته غضبه "، وكذلك حديث أبي هريرة (6167) المطول. وأخرجه ابن أبي عاصم في " السنة " رقم (205) عن يحيى بن محمد بن السكن، بهذا الإسناد وقد صرح مبارك بن فضالة في هذه الرواية بالتحديث، لكن ابن أبي عاصم اقتصر على ذكر طرقه: ولم يسُقه بتمامه.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

پیدا کیا' تو انہیں چھینک آئی'' اس کے ذریعے نبی اکرم ﷺ کی مراد یہ ہے کہ ان میں روح پھونکے جانے کے بعد (انہیں چھینک آئی تھی)

**6165** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا نَفَخَ فِيْ آدَمَ، فَبَلَغَ الرُّوحُ رَاْسَهُ عَطَسَ، فَقَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ. فَقَالَ لَهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام میں روح پھونکی اور وہ ان کے سر تک پہنچی' تو ان کو چھینک آگئی' تو انہوں نے یہ کہا ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کیلئے مخصوص ہے' جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے' تو اللہ تعالیٰ نے ان سے فرمایا: اللہ تم پر رحم کرے۔''

## ذِكْرُ اِخْرَاجِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنْ ظَهْرِ آدَمَ ذُرِّيَّتَهٗ، وَاِعْلَامِهٖ اِيَّاهُ اَنَّهٗ خَالِقُهَا لِلْجَنَّةِ وَالنَّارِ

## اللہ تعالیٰ کا حضرت آدم علیہ السلام کی پشت سے ان کی ذریت کو نکالنے کا تذکرہ اور انہیں اس بارے میں اطلاع دینے کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو جنت اور جہنم کے لیے پیدا کیا ہے

**6166** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَا: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ، اَنَّهُ اَخْبَرَهُ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ الْجُهَنِيِّ،

---

6165- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حماد بن سلمة فمن رجال مسلم. وأخرجه الحاكم 4/263 من طريقين عن موسى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ موقوفاً، وقال هذا حديث صحيح الإسناد على شرط مسلم وإن كان موقوفاً، فإن إسناده صحيح بمرة.

6166- مسلم بن يسار الجهني لم يسمع من عمر، ثم إنه لم يوثقه غير المصنف والعجلي، ولم يروِ عنه غير عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدِ بن الخطاب، وأخطأ الشيخ ناصر الألباني في " تخريج المشكاة " (96) فظن أنه ثقة من رجال الشيخين، وباقي رجال الإسناد ثقات رجال الشيخين. وهو في " الموطأ "2/898-899 في القدر: باب النهي عن القول بالقدر. ومن طريق مالك أخرجه أحمد1/44-45، وأبو داود (4703) في السنّة: باب في القدر، والترمذي (3075) في التفسير: باب ومن سورة الأعراف، والطبري في " جامع البيان " (15357)، وفي " التاريخ "1/135، واللالكائي (990) والآجري في " الشريعة " ص170 وابن أبي حاتم كما في " تفسير ابن كثير "2/273، والبيهقي في " الأسماء والصفات " ص325، والبغوي في " شرح السنة " (77)، وفي " معالم التنزيل "2/211 و544. وصححه الحاكم في ثلاثة مواضع من كتابه 1/27 و2/324-325 و544، ووافقه الذهبي في الموضعين الثاني والثالث، وخالفه في الموضع الأول، فقال: فيه إرسال.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com

(متن حدیث): اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ سُئِلَ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ: (وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِیْ آدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّاتِهِمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰی اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوا بَلٰی) الْاٰيَةَ.

قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ آدَمَ ثُمَّ مَسَحَ عَلٰی ظَهْرِهٖ بِيَمِيْنِهٖ فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ ذُرِّيَّةً، فَقَالَ: خَلَقْتُ هٰؤُلَاءِ لِلْجَنَّةِ، وَبِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ يَعْمَلُوْنَ، ثُمَّ مَسَحَ ظَهْرَهٗ فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ ذُرِّيَّةً، فَقَالَ: خَلَقْتُ هٰؤُلَاءِ لِلنَّارِ، وَبِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ يَعْمَلُوْنَ.

فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَفِيمَ الْعَمَلُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ اِذَا خَلَقَ الْعَبْدَ لِلْجَنَّةِ اسْتَعْمَلَهٗ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ حَتّٰی يَمُوْتَ عَلٰی عَمَلٍ مِنْ اَعْمَالِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَيُدْخِلُهٗ بِهِ الْجَنَّةَ، وَاِذَا خَلَقَ الْعَبْدَ لِلنَّارِ اسْتَعْمَلَهٗ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ حَتّٰی يَمُوْتَ عَلٰی عَمَلٍ مِنْ اَعْمَالِ اَهْلِ النَّارِ فَيُدْخِلُهٗ بِهِ النَّارَ

مسلم بن یسار جہنی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں دریافت کیا گیا۔

''اور جب تمہارے پروردگار نے اولادِ آدم کو ان کی پشتوں سے ان کی ذریت کو نکالا اور ان لوگوں کو اپنی ذات کے بارے میں گواہ بنایا (اور دریافت کیا) کیا میں تمہارا پروردگار نہیں ہوں انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔''

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا پھر اس نے ان کی پشت پر اپنا دست قدرت پھیرا اور ان کی پشت میں سے ان کی ذریت کو نکال دیا اور فرمایا میں نے ان لوگوں کو جنت کیلئے اور اہل جنت کے سے عمل کرنے کیلئے پیدا کیا ہے پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی پشت پر ہاتھ پھیرا اور اس میں سے ان کی ذریت کو نکالا اور فرمایا میں نے ان لوگوں کو جہنم کے لیے اور اہل جہنم کے سے عمل کرنے کیلئے پیدا کیا ہے۔

ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! پھر عمل کیوں کیا جائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے کسی بندے کو جنت کیلئے پیدا کیا ہو تو اس سے اہل جنت کے سے عمل کرواتا ہے' یہاں تک کہ وہ شخص اہل جنت کے سے عمل کرتے ہوئے مرتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کر دیتا ہے' جب اللہ تعالیٰ نے کسی بندے کو جہنم کے لیے پیدا کیا ہو تو اس سے اہل جہنم کے سے عمل کرواتا ہے' یہاں تک کہ وہ بندہ اہل جہنم کے سے عمل کرتے ہوئے مر جاتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اس وجہ سے اسے جہنم میں داخل کر دیتا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّهُ يُضَادُّ خَبَرَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

## اس روایت کا تذکرہ' جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ روایت حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے برخلاف ہے' جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

**6167** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي ذُبَابٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ وَنَفَخَ فِيْهِ الرُّوحَ عَطَسَ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ رَبُّهُ: يَرْحَمُكَ رَبُّكَ يَا آدَمُ، اذْهَبْ اِلٰى اُولٰئِكَ الْمَلَائِكَةِ اِلٰى مَلَاٍ مِنْهُمْ جُلُوْسٍ، فَسَلِّمْ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالُوا: وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى رَبِّهِ، فَقَالَ: هٰذِهِ تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ بَنِيْكَ بَيْنَهُمْ، وَقَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا وَيَدَاهُ مَقْبُوضَتَانِ: اخْتَرْ اَيَّهُمَا شِئْتَ، فَقَالَ: اخْتَرْتُ يَمِيْنَ رَبِّي وَكِلْتَا يَدَيْ رَبِّي يَمِيْنٌ مُبَارَكَةٌ، ثُمَّ بَسَطَهُمَا فَاِذَا فِيْهِمَا آدَمُ وَذُرِّيَّتُهُ، فَقَالَ: اَيْ رَبِّ مَا هٰؤُلَاءِ؟ فَقَالَ: هٰؤُلَاءِ ذُرِّيَّتُكَ، فَاِذَا كُلُّ اِنْسَانٍ مِنْهُمْ مَكْتُوبٌ عُمْرُهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، فَاِذَا فِيْهِمْ رَجُلٌ اَضْوَؤُهُمْ اَوْ مِنْ اَضْوَئِهِمْ لَمْ يُكْتَبْ لَهُ اِلَّا اَرْبَعِيْنَ سَنَةً، قَالَ: يَا رَبِّ، مَا هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا ابْنُكَ دَاوُدُ، وَقَدْ كَتَبَ اللّٰهُ عُمْرَهُ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً، قَالَ: اَيْ رَبِّ، زِدْهُ فِي عُمْرِهِ، قَالَ: ذَاكَ الَّذِي كَتَبْتُ لَهُ.

قَالَ: فَاِنِّي قَدْ جَعَلْتُ لَهُ مِنْ عُمْرِي سِتِّيْنَ سَنَةً، قَالَ: اَنْتَ وَذَاكَ اسْكُنِ الْجَنَّةَ، فَسَكَنَ الْجَنَّةَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ اُهْبِطَ مِنْهَا، وَكَانَ آدَمُ يَعُدُّ لِنَفْسِهِ، فَاَتَاهُ مَلَكُ الْمَوْتِ، فَقَالَ لَهُ آدَمُ: قَدْ عَجِلْتَ، قَدْ كُتِبَ لِي اَلْفُ سَنَةٍ، قَالَ: بَلٰى، وَلٰكِنَّكَ جَعَلْتَ لِابْنِكَ دَاوُدَ مِنْهَا سِتِّيْنَ سَنَةً، فَجَحَدَ فَجَحَدَتْ ذُرِّيَّتُهُ، وَنَسِيَ فَنَسِيَتْ ذُرِّيَّتُهُ،

6167- إسناده قوى على شرط مسلم، وهو فى كتاب " التوحيد " ص .67 وأخرجه الترمذى (3368) فى تفسير القرآن . باب ومن سورة المعوذتين، عن محمد بن بشار بهذا الإسناد. وقال: هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه. وأخرجه الحاكم1/64 و4/263، وصححه، وعنه البيهقى فى " الأسماء والصفات " ص325-324 عن أبى العباس محمد بن يعقوب، حدثنا بكار بن قتيبة، عن صفوان بن عيسى، به. وأخرجه ابن أبى عاصم فى " السنة " (206) ، والطبرى فى " التاريخ "1/96 من طريقين عن الحارث بن عبد الرحمن، به . وأخرجه ابن سعد فى " الطبقات "28-1/27، والطبرى، والحاكم586-2/585 من طريقين عن هشام بن سعد، أخبرنا زيد بن أسلم، عن أبى صالح، عن أبى هريرة، وهذا سند قوى، وصححه الحاكم، وأقره الذهبى. وانظر الحديث رقم (6164) . وأخرجه الحاكم 1/46 وصححه، ووافقه الذهبى، من طريق مخلد بن مالك، عن أبى خالد الأحمر، عن داود بن أبى هند، عن الشعبى: عن أبى هريرة. وأخرجه الطبرى 1/96 من طريق أبى خالد الأحمر سليمان بن حيان، حدثنى محمد بن عمرو، عن أبى سلمة، عن أبى هريرة، وهذا سند حسن. ومن طريق أبى خالد عن الأعمش، عن أبى صالح، عن أبى هريرة، وهذا إسناد صحيح.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



فَیَوْمَئِذٍ اُمِرَ بِالْكِتَابِ وَالشُّهُوْدِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اور ان میں روح کو پھونکا' تو انہیں چھینک آگئی انہوں نے الحمد اللہ کہا انہوں نے اللہ کے حکم کے تحت اللہ کی حمد بیان کی تھی' تو ان کے پروردگار نے ان سے فرمایا تمہارا پروردگار تم پر رحم کرے اے آدم تم ان فرشتوں کے گروہ کے پاس جاؤ جو بیٹھے ہوئے ہیں اور انہیں سلام کرو' تو حضرت آدم علیہ السلام نے کہا: السلام علیکم فرشتوں نے جواب دیا: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ پھر حضرت آدم علیہ السلام اپنے پروردگار کے پاس واپس آئے' تو پروردگار نے فرمایا: یہ تمہارا اور تمہاری اولاد کا سلام کرنے کا طریقہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کے دو ہاتھ بند تھے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم ان دونوں میں سے جسے چاہو اختیار کرلو' تو حضرت آدم علیہ السلام نے کہا: میں اپنے پروردگار کے دائیں ہاتھ کو پسند کرتا ہوں ویسے میرے پروردگار کے دونوں ہاتھ دائیں اور برکت والے ہیں پھر پروردگار نے دونوں ہاتھوں کو پھیلایا' تو ان میں حضرت آدم علیہ السلام اور ان کی ذریت موجود تھی۔ حضرت آدم علیہ السلام نے دریافت کیا: اے میرے پروردگار یہ کون لوگ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ تمہاری اولاد ہے ان میں سے ہر شخص کی عمر اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھی ہوئی ہے ان لوگوں میں ایک شخص تھا جو چمکدار چہرے کا مالک تھا اس کی عمر صرف چالیس سال لکھی ہوئی تھی حضرت آدم علیہ السلام نے کہا: اے میرے پروردگار یہ کون ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ تمہاری اولاد میں سے ایک شخص داؤد ہے اللہ تعالیٰ نے اس کی عمر چالیس برس مقرر کی ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کی: اے میرے پروردگار اس کی عمر میں اضافہ کردے۔ پروردگار نے فرمایا: وہ میں نے اس کیلئے مقرر کردی ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کی: میں اپنی عمر کے ساٹھ سال اسے دیتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم اور وہ (یعنی تمہاری بیوی) جنت میں رہو' تو جب تک اللہ تعالیٰ کو منظور تھا وہ جنت میں رہے پھر انہیں وہاں سے نکالا گیا۔ حضرت آدم علیہ السلام اپنی عمر شمار کرتے رہے پھر ملک الموت ان کے پاس آیا' تو حضرت آدم علیہ السلام نے کہا: کیا تم جلدی نہیں آگئے میری عمر' تو ایک ہزار سال تھی۔ ملک الموت نے کہا: جی ہاں' لیکن آپ نے اس میں سے ساٹھ سال اپنے بیٹے داؤد کو دیدیئے تھے' تو حضرت آدم علیہ السلام نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا اسی وجہ سے ان کی اولاد بھی انکار کرتی ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام بھول گئے اسی وجہ سے ان کی اولاد بھی بھول جاتی ہے' تو اس دن (کئے گئے معاہدے) کو تحریر کرنے یا گواہ قائم کرنے کا حکم دیا گیا۔

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ سَبَبِ ائْتِلَافِ النَّاسِ وَافْتِرَاقِهِمْ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو لوگوں کے ایک دوسرے سے مانوس ہونے یا ایک دوسرے سے غیر متعلق رہنے کے سبب کے بارے میں ہے

**6168** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْاَرْوَاحُ جُنُوْدٌ مُجَنَّدَةٌ، فَمَا تَعَارَفَ مِنْهَا ائْتَلَفَ، وَمَا تَنَاكَرَ مِنْهَا اخْتَلَفَ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایۃ

www.KitaboSunnat.com



❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

”روحیں گروہوں کی شکل میں رہتی ہیں ان میں سے جو (عالم ارواح میں) ایک دوسرے سے شناسا ہوتی ہیں وہ دنیا میں بھی ایک دوسرے سے مانوس ہوتی ہیں اور جو ایک دوسرے سے شناسا نہیں ہوتی ہیں وہ دنیا میں بھی ایک دوسرے سے لاتعلق رہتی ہیں۔“

## ذِكْرُ اِلْقَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا النُّورَ عَلٰى مَنْ شَاءَ مِنْ خَلْقِهِ هِدَايَتَهُ

## اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق میں سے جس کی ہدایت کو چاہا اس پر نور کو القاء کرنے کا تذکرہ

**6169** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الدَّيْلَمِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَقُلْتُ: اِنَّهُمْ يَزْعُمُوْنَ اَنَّكَ تَقُوْلُ: الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِيْ بَطْنِ اُمِّهِ، فَقَالَ: لَا اُحِلُّ لِاَحَدٍ يَكْذِبُ عَلَيَّ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ خَلْقَهُ فِيْ ظُلْمَةٍ، وَاَلْقٰى عَلَيْهِمْ مِنْ نُوْرِهِ، فَمَنْ اَصَابَهُ مِنْ ذٰلِكَ النُّوْرِ اهْتَدٰى، وَمَنْ اَخْطَاَ ضَلَّ، فَلِذٰلِكَ اَقُوْلُ: جَفَّ الْقَلَمُ عَنْ عِلْمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

❀❀ عبداللہ بن دیلمی بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے کہا: لوگ یہ کہتے ہیں کہ آپ یہ کہتے ہیں: وہ شخص بدبخت ہوتا ہے جو ماں کے پیٹ میں بدبخت ہو تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں کسی شخص کیلئے یہ بات حلال قرار نہیں دیتا کہ وہ میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے

6168- إسناده صحيح على شرط مسلم. أخرجه أحمد 2/295 عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/527، ومسلم (2638) في البر والصلة: باب الأرواح جنود مجندة، والبخاري في " الأدب المفرد " (901)، وأبو الشيخ في " الأمثال " (102)، وأبو نعيم في " تاريخ أصبهان "2/94، والخطيب في " تاريخ بغداد "3/319 من طرق عن سهيل بن أبي صالح به. وأخرجه أحمد 2/539، ومسلم (2638) وأبو داود (4834) في الأدب: باب من يؤمر أن يجالس، وأبو نعيم 1/238، والبغوي (3471) من طريقين عن أبي هريرة.

6169- إسناده صحيح. رجاله ثقات رجال الشيخين، غيرَ عبد الله ابن الديلمي: وهو ابن فيروز، فقد روى له أصحاب السنن إلّا ابن ماجه، وهو ثقة. وأخرجه ابن أبي عاصم في " السنة " (244) عن المسيَّب بن واضح، عن ابن المبارك، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/176، واللالكائي (1079)، والآجري في " الشريعة " ص 175، وابن أبي عاصم في " السنّة " (243) و (244)، والحاكم 1/30، من طرق عن الأوزاعي به، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. وأخرجه اللالكائي (1077) و (107) من طريقين عن عبد الرحمن بن ميسرة، عن ربيعة بن يزيد، به. وأخرجه أحمد 2/197، والحاكم، والترمذي (2642) في الإيمان: باب ما جاء في افتراق هذه الأمة وحسنه والآجري، وابن أبي عاصم (241) و (242) من طرق عن عبد الله ابن الديلمي، به. وأخرجه البزار (2145) من طريق يحيى بن أبي عمرو الشيباني، عن أبيه، عن عبد الله بن عمرو وذكره الهيثمي في " المجمع "7/193-194، وقال: رواه أحمد بإسنادين، والبزار، والطبراني، ورجال أحد إسنادي أحمد ثقات. وانظر ما بعده.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



سنا ہے۔

"بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کو تاریکی میں پیدا کیا پھر اس نے ان پر اپنا نور ڈالا' تو ان میں سے جسے نور ملا وہ ہدایت پا گیا اور جس تک وہ نور نہیں پہنچا وہ گمراہ ہو گیا اسی وجہ سے میں یہ کہتا ہوں اللہ تعالیٰ کے علم کے حوالے سے (تقدیر مقرر ہو چکی ہے اور) قلم خشک ہو چکا ہے۔"

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ عِلْمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا، مَنْ يُّصِيبُهُ مِنْ ذٰلِكَ النُّورِ اَوْ يُخْطِئُهُ عِنْدَ خَلْقِهِ الْخَلْقَ فِي الظُّلْمَةِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ کو اس بات کا علم تھا' جب اس نے مخلوق کو تاریکی میں پیدا کیا' تو وہ نور اس کی مخلوق میں کس تک پہنچے گا اور کس تک نہیں پہنچے گا

**6170** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سُلَيْمَانَ، بِالْفُسْطَاطِ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ الدَّيْلَمِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو: بَلَغَنِي اَنَّكَ تَقُولُ: اِنَّ الْقَلَمَ قَدْ جَفَّ، قَالَ: فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا خَلَقَ النَّاسَ فِي ظُلْمَةٍ ثُمَّ اَخَذَ نُورًا مِنْ نُورِهِ، فَاَلْقَاهُ عَلَيْهِمْ فَاَصَابَ مَنْ شَاءَ، وَاَخْطَاَ مَنْ شَاءَ، وَقَدْ عَلِمَ مَنْ يُّخْطِئُهُ مِمَّنْ يُّصِيبُهُ، فَمَنْ اَصَابَهُ مِنْ نُورِهِ شَيْءٌ اهْتَدَى، وَمَنْ اَخْطَاَهُ فَقَدْ ضَلَّ ؛ فَفِي ذٰلِكَ مَا اَقُولُ: اِنَّ الْقَلَمَ قَدْ جَفَّ

ابن دیلمی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے کہا مجھے پتہ چلا ہے کہ آپ یہ کہتے ہیں: قلم خشک ہو چکا ہے' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

"بے شک اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو تاریکی میں پیدا کیا پھر اس نے اپنے نور میں سے نور لیا اور اسے ان لوگوں پر ڈالا' تو جسے اس نے چاہا اس تک وہ نور پہنچ گیا اور جسے اس نے چاہا اس تک نور نہیں پہنچا' حالانکہ وہ یہ بات جانتا تھا کہ یہ نور کس تک نہیں پہنچے گا اور کس تک پہنچے گا' تو جس تک وہ نور پہنچ گیا اس نے ہدایت پا لی اور جس تک نہیں پہنچا وہ گمراہ ہو گیا۔"

(حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا) اسی وجہ سے میں یہ کہتا ہوں قلم خشک ہو چکا ہے (یعنی تقدیر کا فیصلہ طے ہو چکا ہے)

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِعَدَدِ النَّاسِ وَاَوْصَافِ اَعْمَالِهِمْ

## لوگوں کی تعداد اور ان کے اعمال کی صفات کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

---

6170- إسناده قوي، وهو مكرر ما قبله. 6171- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غيرَ عم الربيع، واسمه: يُسَيْر بن عَمِيلَةَ، فقد روى له الترمذي والنسائي، وهو ثقة. وقد تقدم الحديث مختصراً برقم (4647)، فانظر تخريجه هناك.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


**6171** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ النَّحْوِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الرُّكَيْنُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ الْاَسَدِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): النَّاسُ اَرْبَعَةٌ، وَالْاَعْمَالُ سِتَّةٌ: مُوجِبَتَانِ وَمِثْلٌ بِمِثْلٍ، وَحَسَنَةٌ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا، وَحَسَنَةٌ بِسَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ، وَالنَّاسُ مُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، وَمُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا، مَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرَةِ، وَمَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا مُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرَةِ، وَمَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، وَشَقِيٌّ فِي الدُّنْيَا، وَشَقِيٌّ فِي الْاٰخِرَةِ، وَالْمُوجِبَتَانِ مَنْ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَوْ قَالَ: مُؤْمِنًا بِاللّٰهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَمَنْ مَاتَ وَهُوَ يُشْرِكُ بِاللّٰهِ دَخَلَ النَّارَ، وَمَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَعَمِلَهَا كُتِبَتْ لَهُ عَشَرَةُ اَمْثَالِهَا، وَمَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةٌ، وَمَنْ هَمَّ بِسَيِّئَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةٌ، وَمَنْ هَمَّ بِسَيِّئَةٍ فَعَمِلَهَا كُتِبَتْ لَهُ سَيِّئَةٌ وَّاحِدَةٌ غَيْرُ مُضَعَّفَةٍ، وَمَنْ اَنْفَقَ نَفَقَةً فَاضِلَةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَبِسَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ

حضرت خریم بن فاتک اسدی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''لوگ چار طرح کے ہوتے ہیں اور اعمال چھ قسم کے ہوتے ہیں (جنت اور جہنم کو) واجب کرنے والے اعمال' جن کا بدلہ برابر برابر ہو' جس میں ایک نیکی کا بدلہ دس گنا ہو ایک نیکی کا بدلہ سات سو گنا ہو کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں' جنہیں دنیا اور آخرت میں کشادگی نصیب ہوتی ہے کچھ کو دنیا میں کشادگی نصیب ہوتی ہے اور آخرت میں تنگی نصیب ہو گی کچھ کو دنیا میں تنگی نصیب ہوتی ہے اور آخرت میں کشادگی نصیب ہو گی کچھ کو دنیا اور آخرت دونوں میں تنگی نصیب ہو گی کچھ لوگ دنیا میں بد بخت ہوتے ہیں اور آخرت میں بھی بد بخت ہوتے ہیں دو واجب کرنے والی چیزیں (یہ ہیں) جو شخص یہ کہے اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جو اللہ پر ایمان رکھے وہ جنت میں داخل ہو گا' جو شخص ایسی حالت میں مرے کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک ٹھہراتا ہو گا وہ جہنم میں داخل ہو گا' جو شخص نیکی کا ارادہ کر کے اس پر عمل کر لے اسے اس کا دس گنا اجر ملے گا اور جو شخص کسی نیکی کا ارادہ کر کے اس پر عمل نہ کرے اس کے نامہ اعمال میں ایک نیکی نوٹ کی جائے گی جو شخص کسی برائی کا ارادہ کر کے اس پر عمل نہ کرے اس کے نامہ اعمال میں ایک نیکی نوٹ کی جائے گی جو شخص کسی برائی کا ارادہ کر کے اس پر عمل کر لے اس کے نامہ اعمال میں ایک برائی نوٹ کی جائے گی اس میں کوئی اضافہ نہیں ہو گا اور جو شخص اضافی چیز کو خرچ کرے گا' تو اس کا بدلہ سات سو گنا تک ہو گا۔''

## ذِكْرُ تَمْثِيلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ بِالْاِبِلِ الْمِائَةِ

### نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا لوگوں کو 100 اونٹوں سے تشبیہ دینا

**6172** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): إِنَّمَا النَّاسُ كَإِبِلٍ مِائَةٍ لَا يَجِدُ الرَّجُلُ فِيهَا رَاحِلَةً

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''لوگوں کی مثال ایسے ایک سو اونٹوں کی طرح ہے جن میں آدمی کو ایک بھی سواری نہیں ملتی۔''

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يَجْعَلُ أَهْلَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَهُمْ فِي أَصْلَابِ آبَائِهِمْ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ رَأَى ضِدَّهُ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اہل جنت کو اور اہل جہنم کو اس وقت طے کر دیا تھا

جب وہ اپنے آباؤ اجداد کی پشتوں میں تھے یہ بات اس شخص کے موقف کے برخلاف ہے' جو اس کے برعکس رائے رکھتا ہے

**6173** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ،

(متن حدیث): أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُتِيَ بِصَبِيٍّ مِنَ الْأَنْصَارِ يُصَلِّي عَلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ عُصْفُورٌ مِنْ عَصَافِيرِ الْجَنَّةِ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَلَا تَدْرِينَ أَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ لِلْجَنَّةِ خَلْقًا فَجَعَلَهُمْ لَهَا أَهْلًا وَهُمْ فِي أَصْلَابِ آبَائِهِمْ، وَخَلَقَ النَّارَ وَخَلَقَ لَهَا أَهْلًا وَهُمْ فِي أَصْلَابِ آبَائِهِمْ

ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک انصاری بچے کو لایا گیا تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی نماز جنازہ ادا کریں میں نے عرض کی: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! یہ تو جنت کی ایک چڑیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم یہ بات نہیں جانتی کہ اللہ تعالیٰ نے جنت کے لیے مخصوص مخلوق کو پیدا کیا ہے اس نے ان لوگوں کو جنت کا اہل بنایا ہے اس وقت جب وہ اپنے آباؤ اجداد کی پشتوں میں تھے اس نے جہنم کو بھی پیدا کیا اور جہنم کے اہل افراد بھی پیدا کیے جبکہ وہ اپنے آباؤ اجداد کی پشتوں میں تھے۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ أَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ أَنَّهُ يُضَادُّ خَبَرَ عَائِشَةَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

## اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

6172- حديث صحيح، ابن أبي السري -وهو محمد بن المتوكل - قد توبع، من فوقه ثقات من رجال الشيخين، وهو في " مصنف عبد الرزاق " (20447) . ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 2/88، ومسلم (2547) في فضائل الصحابة: باب قوله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " الناس كابل منة ... "، والترمذي (2872) في الأمثال: باب ما جاء في مثل ابن آدم وأجله وأمله، والقضاعي في " مسند الشهاب (198) ، والبغوي (4195) . وأخرجه ابن المبارك في " الزهد " (186) ، وأحمد 2/7 و44، والحميدي (663) ، والطحاوي في " شرح مشكل الآثار "2/210، وأبو الشيخ في " الأمثال " (131) و (132) من طرق عن معمر، به. وانظر الحديث المتقدم برقم (5797) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے منقول اس روایت کے متضاد ہے، جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

**6174** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، وَشُعَيْثُ بْنُ مُحْرِزٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ: اِنَّ خَلْقَ اَحَدِكُمْ يُجْمَعُ فِي بَطْنِ اُمِّهِ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا وَاَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً، ثُمَّ يَكُوْنُ عَلَقَةً مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يَكُوْنُ مُضْغَةً مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ اِلَيْهِ مَلَكًا فَيُؤْمَرُ بِاَرْبَعِ كَلِمَاتٍ، فَيَقُوْلُ: اكْتُبْ عَمَلَهُ وَاَجَلَهُ وَرِزْقَهُ وَشَقِيٌّ اَوْ سَعِيْدٌ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ اِلَّا ذِرَاعٌ فَيَغْلِبُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ الَّذِيْ سَبَقَ فَيُخْتَمُ لَهُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا اِلَّا ذِرَاعٌ فَيَغْلِبُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ الَّذِيْ سَبَقَ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ بات بتائی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سچے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق بھی کی گئی، کسی بھی شخص کے نطفے کو اس کی ماں کے پیٹ میں چالیس دن تک (نطفے کی شکل میں) رکھا جاتا ہے پھر وہ اتنے ہی عرصے تک جما ہوا خون بن کے رہتا ہے پھر وہ اتنے ہی عرصے تک گوشت کے ٹکڑے کی شکل میں رہتا ہے پھر اللہ تعالیٰ اس کی طرف ایک فرشتے کو بھیجتا ہے، جسے چار باتوں کا حکم دیا جاتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: تم اس کے عمل اس کی موت اس کا رزق اور اس کے بدبخت یا نیک بخت ہونے کو نوٹ کرو۔

---

6174- إسناده صحيح على شرط الشيخين . رجاله ثقات رجال الشيخين غير شعيث بن محرز: وهو ابن شعيث بن زيد بن أبي الزعراء الأزدي، فقد ذكره المؤلف في " الثقات "8/315، وقال: مستقيم الحديث، وقال ابن أبي حاتم في " الجرح والتعديل " 4/386 روى عنه أبي وأبو زرعة ومحمد بن الحسين البرجلاني. سألت أبي عنه فقال: هو شيخ، وقال الذهبي في " الميزان ": صدوق مشهور، أدركه أبو خليفة الجمحي. وأخرجه البخاري (6594) في القدر . باب في القدر، عن أبي الوليد وهو الطيالسي هشام بن عبد الملك، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي (298) ، والبخاري (7454) في التوحيد: باب (وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِينَ) ، ومسلم (2643) في القدر: باب كيفية الخلق الآدمي في بطن أمه وأبو داود (4708) في السنة . باب في القدر، والدارمي في " الرد على الجهمية " ص 81، من طرق عن شعبة، به. وأخرجه الحميدي (126) ، وأحمد1/382 و430، والبخاري (3208) في بدء الخلق: باب ذكر الملائكة، و (3332) في الأنبياء : باب خلق آدم وذريته، ومسلم، وأبو داود، والترمذي (2137) في القدر: باب ما جاء أن الأعمال بالخواتيم، وقال: حسن صحيح، والنسائي في التفسير من " الكبرى " كما في " التحفة "6/29، وابن ماجه (76) في المقدمة: باب في القدر، وابن أبي عاصم في " السنة " (175) و (176) ، وأبو يعلى (5157) ، والدارمي، واللالكائي في " أصول الاعتقاد " (1040) و (1041) و (1042) " والبيهقي في " الأسماء والصفات " ص 387 وفي " الاعتقاد " ص138-137، وأبو القاسم البغوي في " الجعديات " (2688) ومن طريقه أبو محمد البغوي في " شرح السنة " (71) من طرق عن الأعمش، به. وأخرجه أحمد1/414 والنسائي في " الكبرى" من طريقين عن فطر بن خليفة، عن سلمة بن كهيل، عن زيد بن وهب، به. وانظر الحديث رقم (6177) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) ایک شخص اہل جنت کے سے عمل کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ اس کے اور جنت کے درمیان ایک بالشت کا فاصلہ باقی رہ جاتا ہے پھر تقدیر کا لکھا ہوا اس پر غالب آ جاتا ہے اور اس کے لیے اہل جہنم کی مہر لگا دی جاتی ہے (یا اس کا خاتمہ اہل جہنم پر ہوتا ہے) اور ایک شخص اہل جہنم کے سے عمل کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ اس کے اور جہنم کے درمیان ایک بالشت کا فاصلہ رہ جاتا ہے تو تقدیر کا لکھا ہوا اس پر غالب آ جاتا ہے اور وہ اہل جنت کا سا عمل کر کے جنت میں داخل ہو جاتا ہے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْحُكْمَ الْحَقِيقِيَّ بِمَا لِلْعَبْدِ عِنْدَ اللّٰهِ لَا مَا يَعْرِفُ النَّاسُ بَعْضُهُمْ مِنْ بَعْضٍ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بندے کی حقیقی حیثیت کیا ہے؟ اس بارے میں اس چیز کا اعتبار نہیں ہوگا' جو لوگ ایک دوسرے کے بارے میں جانتے ہیں

**6175** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّـهُ كَانَ يَقُوْلُ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فِيمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّاسِ وَاِنَّهُ لَمِنْ اَهْلِ النَّارِ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ فِيمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّاسِ وَاِنَّهُ لَمِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ایک شخص اہل جنت کے سے عمل کرتا ہے' جو اس کے اور لوگوں کے درمیان معاملے کے حوالے سے ہوتے ہیں' حالانکہ وہ شخص جہنمی ہوتا ہے اور ایک شخص اپنے اور لوگوں کے درمیان معاملے کے حوالے سے اہل جہنم کا سا عمل کرتا ہے' حالانکہ وہ اہل جنت میں سے ہوتا ہے۔''

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَفْصِيلَ هٰذَا الْحَكَمِ يَكُوْنُ لِلْمَرْءِ عِنْدَ خَاتِمَةِ عَمَلِهٖ دُوْنَ مَا يَنْقَلِبُ فِيهِ فِيْ حَيَاتِهٖ

6175– حديث صحيح إسناده حسن. أسامة بن زيد -وهو الليثي- علق له البخاري، وروى له مسلم مقروناً، وهو صدوق ليس بحديثه بأس، يروى عن ابن وهب نسخة صالحة، وقد توبع، وباقي رجاله ثقات، ويزيد بن موهب: هو يزيد بن خالد بن يزيد بن عبد الله بن موهب، وأبو حازم: هو سلمة بن دينار الأعرج. وأخرجه أحمد5/331-332 و335 وأبو القاسم البغوي في " الجعديات " (3039)، والبخاري (2898) في الجهاد: باب لا يقول: فلان شهيد، و (4202) و (4207) في المغازي: باب غزوة خيبر، و (6493) في الرقاق: باب الأعمال بالخواتيم، و (6607) في القدر: باب العمل بالخواتيم، ومسلم (112) في الإيمان: باب غلظ تحريم قتل الإنسان نفسه، وص 2042 في القدر: باب كيفية الخلق الآدمي، وأبو عوانة في " مسنده "1/50-51، والطبراني في " المعجم الكبير " (5784) و (5798) و (5799) و (5806) و (5825) و (5830) و (5891) و (5952) و (6001)، وابن أبي عاصم في " السنة " (216)، والآجري في: " الشريعة " ص185، والبيهقي في " دلائل النبوة "4/252 من طرق عن أبي حازم، بهذا الإسناد

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اس حکم کی تفصیل اس وقت کی ہوگی جو آدمی کے اختتامی عمل کی حالت ہوگی اپنی زندگی کے دوران جو وہ تبدیلی کرتا ہے اس کا اعتبار نہیں ہوگا

**6176** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ الزَّمَانَ الطَّوِيلَ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ، ثُمَّ يَخْتِمُ اللّٰهُ لَهُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ فَيَجْعَلُهُ مِنْ اَهْلِ النَّارِ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ الزَّمَانَ الطَّوِيلَ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ، ثُمَّ يَخْتِمُ اللّٰهُ لَهُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَجْعَلُهُ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ایک شخص طویل عرصے تک اہل جنت کے سے عمل کرتا رہتا ہے لیکن پھر اللہ تعالیٰ اس کا خاتمہ اہل جہنم کے سے عمل پر کرتا ہے اور اسے اہل جہنم میں شامل کر دیتا ہے ایک شخص طویل عرصے تک اہل جہنم کے سے عمل کرتا ہے پھر اللہ تعالیٰ اس کا خاتمہ اہل جنت کے سے عمل کے ذریعے کرتا ہے اور اسے اہل جنت میں شامل کر دیتا ہے۔''

## ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ مَنْ لَمْ يَطْلُبِ الْعِلْمَ مِنْ مَظَانِّهِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ ابْنِ مَسْعُودٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

## اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جس نے علم حدیث کو اس کے

اصل ماخذ سے حاصل نہیں کیا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے متضاد ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

**6177** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ الْمَكِّيِّ، اَنَّ عَامِرَ بْنَ وَاثِلَةَ، حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ مَسْعُودٍ

---

6176- إسناده صحيح على شرط مسلم. القعنبي: هو عبد الله بن مسلمة بن قعنب، وعبد العزيز بن محمد: هو الدراوردي. وأخرجه مسلم (2651) في القدر: باب كيفية الخلق الآدمي، عن عبد العزيز بن محمد الدراوردي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/484-485، وابن أبي عاصم (218) من طريقين عن العلاء بن عبد الرحمن، به.

6177- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه مسلم في " صحيحه " (2645) في القدر: باب كيفية الخلق الآدمي، والطبراني في " الكبير " من طريقين عن عبد الله بن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم، والآجري في " الشريعة " ص184-183، واللالكائي في " أصول الاعتقاد " (1547) من طريقين عن ابن جريج، عن أبي الزبير، به. وأخرجه الحميدي (826)، وأحمد 4/6-7، ومسلم، والآجري ص183-182، واللالكائي (1045) و (1046)، وابن أبي عاصم في " السنّة " (177) و (179) و (180)، والطبراني (3036) ... (3043) و (3045) من طرق عن عامر بن واثلة، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



يَقُوْلُ:

(متن حدیث): الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِيْ بَطْنِ اُمِّهِ، وَالسَّعِيْدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ، فَاَتٰى رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهٗ حُذَيْفَةُ بْنُ اَسِيْدٍ الْغِفَارِيُّ، فَحَدَّثَ بِذٰلِكَ مِنْ قَوْلِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِذَا مَرَّ بِالنُّطْفَةِ ثِنْتَانِ وَاَرْبَعُوْنَ لَيْلَةً بَعَثَ اللّٰهُ اِلَيْهَا مَلَكًا فَصَوَّرَهَا، وَخَلَقَ سَمْعَهَا وَبَصَرَهَا وَجِلْدَهَا وَلَحْمَهَا وَعِظَامَهَا، ثُمَّ يَقُوْلُ: يَا رَبِّ ذَكَرٌ اَمْ اُنْثٰى؟ فَيَقْضِي رَبُّكَ مَا يَشَاءُ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، ثُمَّ يَقُوْلُ: يَا رَبِّ اَجَلُهٗ؟ فَيَقْضِي رَبُّكَ مَا يَشَاءُ وَيَكْتُبُهُ الْمَلَكُ، ثُمَّ يَقُوْلُ: يَا رَبِّ رِزْقُهٗ؟ فَيَقْضِي رَبُّكَ مَا يَشَاءُ، فَيَاْخُذُ الْمَلَكُ بِالصَّحِيْفَةِ فِيْ يَدِهٖ فَلَا يُزَادُ فِيْ اَمْرٍ وَّلَا يُنْقَصُ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَلَقَ سَمْعَهَا مِنْ اَلْفَاظِ التَّعَارُفِ لَا اَنَّ الْمَلَكَ يَخْلُقُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بد بخت شخص وہ ہوتا ہے' جو ماں کے پیٹ میں بد بخت ہو نیک بخت وہ ہوتا ہے' جسے دوسرے کے ذریعے نصیحت کی جا سکے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک صاحب تشریف لائے ان کا نام حضرت حذیفہ بن اوسید غفاری رضی اللہ عنہ تھا انہیں یہ بات حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے قول کے طور پر بتائی گئی' تو انہوں نے بتایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''جب نطفے کو بیالیس (42) دن گزر جاتے ہیں' تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف ایک فرشتے کو بھیجتا ہے جو اس کی شکل و صورت متعین کرتا ہے اس کی سماعت و بصارت، اس کی کھال، اس کا گوشت اور اس کی ہڈیاں بناتا ہے پھر وہ دریافت کرتا ہے اے پروردگار! کیا یہ لڑکا ہو گا یا لڑکی ہو گی' تو تمہارے پروردگار نے جو چاہا ہوتا ہے وہ فیصلہ سنا دیتا ہے فرشتہ اسے نوٹ کر لیتا ہے پھر وہ دریافت کرتا ہے پروردگار اس کی موت کا وقت کیا ہو گا تمہارے پروردگار نے جو چاہا ہوتا وہ فیصلہ سنا دیتا ہے فرشتہ اسے نوٹ کر لیتا ہے پھر وہ عرض کرتا ہے پروردگار اس کا رزق کتنا ہو گا' تو تمہارے پروردگار نے جو چاہا ہوتا ہے وہ فیصلہ بتا دیتا ہے' تو فرشتہ وہ صحیفہ اپنے ہاتھ میں لے لیتا ہے اب اس معاملے میں کوئی اضافہ یا کمی نہیں ہو سکتی۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''اس نے اس کی سماعت کو پیدا کیا'' یہ الفاظ لوگوں کے محاورے کے اعتبار سے ہیں اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ فرشتہ اس چیز کو پیدا کرتا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ الرِّعَاعَ مِنَ النَّاسِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْاَخْبَارِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ

## اس روایت کا تذکرہ جس نے بعض لوگوں کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ ان روایات کے برخلاف ہے جن کو ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

**6178** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ هُنَيْدَةَ حَدَّثَهُ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّخْلُقَ نَسَمَةً، قَالَ مَلَكُ الْاَرْحَامِ مُعْرِضًا: يَا رَبِّ اَذَكَرٌ اَمْ اُنْثٰى؟ فَيَقْضِي اللّٰهُ اَمْرَهُ، ثُمَّ يَقُوْلُ: يَا رَبِّ اَشَقِيٌّ اَمْ سَعِيْدٌ؟ فَيَقْضِي اللّٰهُ اَمْرَهُ، ثُمَّ يَكْتُبُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ مَا هُوَ لَاقٍ حَتّٰى النَّكْبَةَ يُنْكَبُهَا

✿✿ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب اللہ تعالیٰ کسی جان کو پیدا کرنا چاہتا ہے' تو رحم سے متعلق فرشتہ عرض کرتا ہے اے پروردگار! یہ لڑکا ہوگا یا لڑکی' تو اللہ تعالیٰ اپنے فیصلے کو سنا دیتا ہے پھر وہ عرض کرتا ہے پروردگار یہ بدبخت ہوگا یا نیک بخت ہوگا' تو اللہ تعالیٰ اس بارے میں اپنا فیصلہ سنا دیتا ہے پھر وہ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان وہ سب چیزیں تحریر کر دیتا ہے' جس کا وہ شخص (بڑا ہو کر) سامنا کرے گا' یہاں تک کہ اسے جو ٹھوکر لگے گی (وہ بھی تحریر کر دی جاتی ہے)''۔

## ذِكْرُ الْمُدَّةِ الَّتِي قَضَى اللّٰهُ فِيْهَا عَلٰى آدَمَ مَا قَضٰى قَبْلَ خَلْقِهِ اِيَّاهَا

## اس مدت کا تذکرہ' کہ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق سے اتنا عرصہ پہلے اللہ تعالیٰ نے انہیں پیدا کرنے کا فیصلہ کر لیا تھا

**6179** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ

6178- إسناده صحيح، حرملة بن يحيى من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين غير عبد الرحمن بن هنيدة -ويقال: ابن أبي هنيدة- وهو مولى عمر رضي الله عنه، فقد وثقه المصنف 5/113-114، وأبو داود وأبو زرعة. وأخرجه الدارمي في "الرد على الجهمية" ص 80، والمزي في "تهذيب الكمال '473-17/471 (3984) من طريقين عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو يعلى (5775) حدثنا زهير، حدثنا وهيب بن جرير، حدثنا أبي، قال: سمعت يونس يحدث عن الزهري ... فذكره. وأخرجه البزار (2149) حدثنا محمد بن معمر، حدثنا وهب بن جرير، حدثنا صالح بن أبي الأخضر، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قال رسول - صلى الله عليه وسلم - ... فذكر الحديث. وقال البزار: لا نعلم رواه عن الزهري، عن سالم، عن أبيه إلا صالح. قلت: وصالح ضعيف. وذكره الهيثمي في "المجمع" 7/193، وقال: رواه أبو يعلى والبزار، ورجال أبي يعلى رجال الصحيح.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِحْتَجَّ آدَمُ وَمُوسَى، فَقَالَ مُوسَى: اَنْتَ آدَمُ الَّذِي خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهِ، وَنَفَخَ فِيكَ مِنْ رُوحِهِ، وَاَغْوَيْتَ النَّاسَ، وَاَخْرَجْتَهُمْ مِنَ الْجَنَّةِ، فَقَالَ آدَمُ: اَنْتَ مُوسَى الَّذِي اصْطَفَاكَ اللّٰهُ بِكَلَامِهِ تَلُومُنِي عَلَى عَمَلٍ عَمِلْتُهُ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلَيَّ قَبْلَ اَنْ يَخْلُقَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ؟ قَالَ: فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے درمیان بحث ہوگئی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: آپ وہ حضرت آدم علیہ السلام ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے دست قدرت کے ذریعے پیدا کیا آپ اپنی روح کو پھونکا' لیکن آپ نے لوگوں کو گمراہ کردیا اور انہیں جنت سے نکلنے پر مجبور کردیا حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا: آپ وہ موسیٰ ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام کے ذریعے منتخب کیا آپ مجھے ایک ایسے عمل کے بارے میں ملامت کررہے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے آسمان وزمین کی تخلیق سے پہلے ہی میرے حوالے سے لکھ دیا تھا۔''

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں' تو حضرت آدم علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام پر غالب آ گئے۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْخَبَرِ الَّذِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُ

## اس روایت کا تذکرہ' جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ اس روایت کی متضاد ہے' جو ہم پہلے ذکر کرچکے ہیں

**6180** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّيْرَفِيُّ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

6179– إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن حبيب، فمن رجال مسلم. أبو صالح: هو ذكوان السمّان. وأخرجه الترمذي (2134) في القدر: باب رقم (2)، وابن أبي عاصم في "السنّة" (140)، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 57 عن يحيى بن حبيب بن عربي، بهذا الإسناد. وقال الترمذي: حسن صحيح غريب من هذا الوجه من حديث التيمي عن الأعمش. وأخرجه أحمد 2/398، وابن أبي عاصم (141)، وابن خزيمة ص 55 و109 وعثمان بن سعيد الدارمي في "الرد على الجهمية" ص 87 من طرق عن الأعمش، به. وأخرجه أحمد 2/264 و268، وابنه عبد الله في "السنّة" (701)، والبخاري (3409) في الأنبياء: باب وفاة موسى وذكره بعد، و (4736) في تفسير سورة طه: باب قوله: (واصطنعتك لنفسي)، و (4738) باب قوله: (فلا يخرجنكما من الجنّة فتشقى)، و (7515) في التوحيد: باب قول الله تعالى: (وكلم الله موسى تكليماً)، ومسلم (2652) في القدر: باب حجاج آدم وموسى عليهما السلام، وابن أبي عاصم (139) و (146) و (147) و (148) و (149) و (150) و (151) و (152) و (157) و (158) و (159) و (160) وابن خزيمة ص 9 و54 و55، والآجري في "الشريعة" ص 324، والدارمي ص 86 و87-86، واللالكائي (1033) و (1034) و (1035)، والبيهقي في "الاعتقاد" ص 99، وفي "الأسماء والصفات" ص191-190 و233-232 و284 و316-315، والبغوي (69) من طرق عن أبي هريرة، به. وانظر ما بعده و (6210).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): اِحْتَجَّ آدَمُ وَمُوسٰی، فَقَالَ مُوسٰی: یَا آدَمُ اَنْتَ اَبُوْنَا خَیَّبْتَنَا وَاَخْرَجْتَنَا مِنَ الْجَنَّةِ، فَقَالَ لَهُ آدَمُ: یَا مُوسٰی اصْطَفَاكَ اللّٰهُ بِكَلَامِهٖ وَخَطَّ لَكَ بِیَدِهٖ تَلُوْمُنِیْ عَلٰی اَمْرٍ قَدْ قُدِّرَ عَلَیَّ قَبْلَ اَنْ یَّخْلُقَنِیْ بِاَرْبَعِیْنَ سَنَةً؟ قَالَ: فَحَجَّ آدَمُ مُوْسٰی، فَحَجَّ آدَمُ مُوْسٰی، فَحَجَّ آدَمُ مُوْسٰی

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کا پتہ چلا ہے: ایک مرتبہ حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے درمیان بحث ہوگئی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: اے (حضرت) آدم (علیہ السلام) آپ ہمارے جدامجد ہیں آپ نے ہمیں رسوائی کا شکار کیا اور ہمیں جنت سے نکلوادیا۔ حضرت آدم علیہ السلام نے ان سے فرمایا: اے موسیٰ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام کے لیے تمہیں منتخب کیا اور اپنے دست قدرت کے ذریعے تمہارے لیے (تورات کو) تحریر کیا تم ایک ایسے مسئلے کے بارے میں مجھے ملامت کررہے ہو جو میری تخلیق سے چالیس سال پہلے میرے نصیب میں لکھ دیا گیا تھا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں' تو حضرت آدم علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام پر غالب آگئے حضرت آدم علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام پر غالب آگئے حضرت آدم علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام پر غالب آگئے۔

## ذِكْرُ الشَّیْءِ الَّذِیْ مِنْهُ خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ جَلَّ وَعَلَا صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَیْهِ

## اس چیز کا تذکرہ' جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اللہ تعالیٰ کا درود ان پر نازل ہو

**6181** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ یَحْیَی الْقَطَّانِ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَیْرٍ، عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ مِنْ اَدِیْمِ الْاَرْضِ كُلِّهَا، فَخَرَجَتْ ذُرِّیَّتُهٗ عَلٰی حَسَبِ ذٰلِكَ فَمِنْهُمُ الْاَسْوَدُ وَالْاَبْیَضُ وَالْاَحْمَرُ وَالْاَصْفَرُ، وَمِنْهُمْ بَیْنَ ذٰلِكَ، وَالسَّهْلُ وَالْحَزْنُ، وَالْخَبِیْثُ وَالطَّیِّبُ

---

6180- إسناده صحيح على شرط الشيخين. سفيان: هو ابن عيينة. وأخرجه الحميدي (1115) عن سفيان به، وأخرجه أحمد 2/248، والبخاري (6614) في القدر: باب تحاج آدم وموسى عند الله، ومسلم (2652) في القدر: باب حجاج آدم وموسى عليهما السلام، وأبو داود (4701) في السنّة: باب في القدر، وابن ماجة (80) في المقدمة: باب في القدر، وابن أبي عاصم في "السنّة" (145)، وابن خزيمة في "التوحيد، ص 56، والآجري في "الشريعة" ص 181، 302، -325324، واللالكائي في "أصول الاعتقاد" (1030) و(1031) و(1032)، والبيهقي في "الاعتقاد" ص138، وفي "الأسماء والصفات" 190 و316، والبغوي (68) من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد. وانظر الحديث الآتي برقم (6210).

6181- إسناده صحيح. مسدّدُ بنُ مُسَرْهَدٍ من رجال البخاري، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير قسامة بن زهير، فقد روى له أبو داود والترمذي والنسائي، وهو ثقة. عوف: هو ابن أبي جميلة. وأخرجه أبو داود (4693) في السنة: باب في القدر، عن مسدد بن مسرهد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/400 و406، والترمذي (2955) في التفسير: باب ومن سورة البقرة، والطبري في "جامع البيان" (645) من طريق يحيى القطان، به، وقال الترمذي: حسن صحيح. وانظر الحديث رقم (6160).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو تمام روئے زمین سے پیدا کیا ہے' تو ان کی ذریت اسی حساب سے ہوگی ان میں سے کچھ لوگ سیاہ ہیں کچھ سفید ہیں کچھ سرخ ہیں کچھ زرد ہیں کچھ ان کے درمیان ہیں کوئی آسان ہے کوئی غمگین ہے کوئی خراب ہے کوئی عمدہ ہے۔''

## ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اَوْلَادَ آدَمَ لِدَارَيِ الْخُلُوْدِ، وَاسْتِعْمَالِهِ اِيَّاهُمْ لَهُمَا فِيْ دَارِ الدُّنْيَا

## اللہ تعالیٰ کا اولادِ آدم کے لیے آخرت میں (مقام کو) طے کر دینے کا تذکرہ اور دنیا میں ان سے ان دونوں مقامات کے مطابق عمل لینے کا (تذکرہ)

**6182** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سُلَيْمَانَ، بِالْفُسْطَاطِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ الْجُوْزَجَانِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ الدِّيلِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ لِي عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ: يَا اَبَا الْاَسْوَدِ اَرَاَيْتَ مَا يَعْمَلُ النَّاسُ الْيَوْمَ وَيَكْدَحُونَ فِيهِ، اَشَيْءٌ قُضِيَ عَلَيْهِمْ وَمَضَى اَوْ فِيمَا يَسْتَقْبِلُونَ مِمَّا اَتَاهُمْ بِهِ نَبِيُّهُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاتُّخِذَتْ بِهِ الْحُجَّةُ عَلَيْهِمْ؟ فَقُلْتُ: بَلْ شَيْءٌ قُضِيَ عَلَيْهِمْ وَمَضَى عَلَيْهِمْ.

قَالَ: فَيَكُوْنُ ذٰلِكَ ظُلْمًا؟ قَالَ: فَفَزِعْتُ مِنْ ذٰلِكَ فَزَعًا شَدِيدًا، فَقُلْتُ: اِنَّهُ لَيْسَ شَيْءٌ اِلَّا خَلْقُ اللّٰهِ وَمِلْكُ يَدِهِ، مَا يُسْاَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْاَلُوْنَ، فَقَالَ عِمْرَانُ: سَدَّدَكَ اللّٰهُ اَوْ وَفَّقَكَ اللّٰهُ، اَمَا وَاللّٰهِ مَا سَاَلْتُكَ اِلَّا لِاَحْزِرَ عَقْلَكَ اِنَّ رَجُلًا مِنْ مُزَيْنَةَ اَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ مَا يَعْمَلُ النَّاسُ الْيَوْمَ وَيَكْدَحُونَ فِيهِ، اَشَيْءٌ قُضِيَ عَلَيْهِمْ وَمَضَى عَلَيْهِمْ، اَوْ فِيمَا يَسْتَقْبِلُوْنَ مِمَّا اَتَاهُمْ بِهِ نَبِيُّهُمْ وَاتُّخِذَتْ عَلَيْهِمْ بِهِ الْحُجَّةُ؟ فَقَالَ: بَلْ شَيْءٌ قُضِيَ عَلَيْهِمْ وَمَضَى عَلَيْهِمْ ، قَالَ: فَلِمَ نَعْمَلُ اِذًا؟ قَالَ: مَنْ كَانَ اللّٰهُ خَلَقَهُ لِوَاحِدَةٍ مِنَ الْمَنْزِلَتَيْنِ فَهُوَ يُسْتَعْمَلُ لَهَا، وَتَصْدِيقُ ذٰلِكَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ: (وَنَفْسٍ وَّمَا سَوَّاهَا فَاَلْهَمَهَا فُجُورَهَا

6182– إسناده صحيح. رجاله رجال الصحيح غير إبراهيم الجوزجاني، فقد روى له أصحاب السنن إلّا ابن ماجه، وهو ثقة. عثمان بن عمر: هو ابن فارس العبدي . وأخرجه مسلم (2650) في القدر: باب كيفية الخلق الآدمي، واللالكائي في "أصول الاعتقاد" (951) و (952) و (953) ، والطبراني في "الكبير" 18/ (577) ، والبيهقي في " الاعتقاد " ص 138 من طرق عن عثمان بن عمر، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/438، والطبري في "جامع البيان" 30/211، وابن أبي عاصم في "السنة" (174) ، واللالكائي (950) ، وابن عبد البر في "التمهيد" 12-6/11، والبغوي في "معالم التنزيل" 4/438 والطبراني في "الكبير" 18/557 من طرق عن عزرة بن ثابت، به. وأخرجه ابن عبد البر 6/10 من طريق المغيرة بن مسلم، وعن أبي عمر، عن يحيى بن يعمر، أنه كان مع عمران بن حصين وأبي الأسود الدئلي في مسجد البصرة، فقال عمران: يا أبا الأسود ... وذكر الحديث.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


وَتَقْوَاهَا) (الشمس: 8)

ابواسود دیلی بیان کرتے ہیں: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: اے ابواسود تمہاری کیا رائے ہے آج لوگ جو عمل کررہے ہیں اور اس بارے میں جو کوشش کررہے ہیں کیا یہ کوئی ایسی چیز ہے جس کے بارے میں ان کے لیے فیصلہ ہو چکا ہے اور سب کچھ طے ہو چکا ہے یا پھر وہ نئے سرے سے اس کے مطابق عمل کرتے ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تعلیمات لے کے آئے تھے کیا اس وجہ سے ان کے خلاف حجت پیش کی جاسکتی ہے؟ میں نے کہا: بلکہ یہ ایک ایسی چیز ہے جس کے بارے میں فیصلہ ہو چکا ہے جو پہلے گزر چکا ہے۔ حضرت عمران رضی اللہ عنہ نے کہا: پھر تو یہ ظلم ہوگا۔ راوی کہتے ہیں: میں اس بات پر بہت گھبرا گیا میں نے کہا: ہر چیز اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے اور اس کی بادشاہی کے دست قدرت میں ہے اس سے اس کے بارے میں سوال نہیں کیا جا سکتا جو وہ کرتا ہے البتہ لوگوں سے یہ سوال کیا جائے گا تو حضرت عمران رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہیں ٹھیک رکھا ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اللہ تعالیٰ نے تمہیں توفیق دی ہے۔ اللہ کی قسم! میں نے تم سے یہ سوال صرف اس لیے کیا تھا تاکہ تمہاری عقل کے بارے میں اندازہ لگا سکوں (پھر انہوں نے بتایا)

ایک مرتبہ مزینہ قبیلے سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا رائے ہے آج کل جو لوگ عمل کرتے ہیں اور جس بارے میں کوشش کرتے ہیں کیا یہ کوئی ایسی چیز ہے جس کے لیے ان کے بارے میں فیصلہ پہلے ہو چکا ہے یا پھر یہ لوگ نئے سرے سے کام کرتے ہیں جو اس کے مطابق ہو جو ان کے پاس نبی تعلیمات لے کے آئے اور اس بارے میں ان کے خلاف حجت قائم کی جاسکے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بلکہ یہ ایک ایسی چیز ہے جس کے بارے ان کے لیے فیصلہ ہو چکا ہے اور وہ پہلے گزر چکا ہے۔ سائل نے دریافت کیا پھر ہم عمل کیوں کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جس شخص کو دو میں سے کسی ایک منزل کے لیے پیدا کیا ہے وہ اس سے وہی کام لے گا۔

(راوی کہتے ہیں:) اس کی تصدیق اللہ کی کتاب میں (ان الفاظ میں) موجود ہے۔

''اور نفس کی قسم اور جس کا اس نے تسویہ کیا ہے اسے گناہ اور پرہیزگاری الہام کی ہے۔''

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ أَجْلِهِ يَسْتَهِلُّ الصَّبِيُّ حِينَ يُولَدُ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ جو اس سبب کے بارے میں ہے جس کی وجہ سے بچہ پیدائش کے وقت چیخ کر روتا ہے

**6183** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي

6183- إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري. وأخرجه مسلم (2367) في الفضائل: باب فضائل عيسى عليه السلام عن شيبان، والطبراني في "الصغير" (29)، و"الأوسط" (1893) عن أحمد بن محمد بن أبي حفص المصيصي، بهذا الإسناد. وقال الطبراني: لم يرو هذا الحديث عن أبي عوانة إلا شيبان. وانظر الحديث رقم (6234) و (6235).

وقوله: "نزغة، أي: نخسة وطعنة، ومنه قولهم: نزغه بكلمة سوء، أي: رماه بها

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): صِيَاحُ الْمَوْلُودِ حِينَ يَقَعُ نَزْغَةٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''نومولود بچہ اس وقت چیخ کر روتا ہے' جب شیطان اسے ٹھونگا مارتا ہے۔''

## ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهِ يُشْبِهُ الْوَلَدُ اَبَاهُ وَاُمَّهُ

## اس سبب کا تذکرہ' جس کی وجہ سے بچہ اپنے باپ یا ماں سے مشابہت رکھتا ہے

**6184** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اُمَّ سُلَيْمٍ سَاَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَرْاَةِ تَرَى فِي الْمَنَامِ مَا يَرَى الرَّجُلُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهَا: يَا اُمَّ سُلَيْمٍ اِذَا رَاَتْ ذٰلِكَ الْمَرْاَةُ فَلْتَغْتَسِلْ ، قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ، وَاسْتَحْيَيْتُ مِنْ ذٰلِكَ: وَيَكُونُ ذٰلِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، مَاءُ الرَّجُلِ غَلِيظٌ اَبْيَضُ، وَمَاءُ الْمَرْاَةِ رَقِيقٌ اَصْفَرُ، وَاَيُّهُمَا سَبَقَ اَوْ عَلَا كَانَ مِنْهُ الشَّبَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی خاتون کے بارے میں دریافت کیا جو خواب میں وہی چیز دیکھتی ہے' جو مرد دیکھتا ہے (یعنی اس خاتون کو احتلام ہو جاتا ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اے ام سلیم جب عورت یہ چیز دیکھے' تو اسے غسل کرنا چاہئے۔ سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: مجھے اس بات سے شرم آ گئی (میں نے عرض کی) یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا ایسا بھی ہوتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں مرد کا مادہ تولید گاڑھا اور سفید ہوتا ہے' جب کہ عورت کا مادہ پتلا اور زرد ہوتا ہے ان میں سے جو سبقت لے جائے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) غالب آ جائے' بچے کی مشابہت اسی سے ہوتی ہے۔

## ذِكْرُ وَصْفِ حَالِ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهِ يَكُونُ الشَّبَهُ بِالْوَلَدِ

## مردوں اور خواتین کی حالت کی صفت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے بچے کی مشابہت ان سے ہوتی ہے

**6185** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَاءُ الرَّجُلِ غَلِيظٌ اَبْيَضُ، وَمَاءُ الْمَرْاَةِ رَقِيقٌ اَصْفَرُ، فَاَيُّهُمَا سَبَقَ كَانَ الشَّبَهُ

6184- إسناده صحيح على شرط الشيخين. محمد بن المنهال: هو الضرير، يزيد بن زريع روى عن سعيد بن أبي عروبة قبل الاختلاط. وقد تقدم تخريجه برقم (1165)، وانظر الحديث الآتي.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''مرد کا مادہ تولید گاڑھا اور سفید ہوتا ہے' جبکہ عورت کا مادہ پتلا اور زرد ہوتا ہے ان میں سے جو سبقت لے جائے (بچے کی) مشابہت (اسی کے ساتھ ہوتی ہے)''۔

## ذِكْرُ قَوْلِ الْمَلَائِكَةِ عِنْدَ هُبُوطِ آدَمَ اِلَى الْاَرْضِ: (اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاءَ) (البقرة: 30)

## حضرت آدم علیہ السلام کے زمین کی طرف نازل کیے جانے کے وقت فرشتوں کا یہ کہنے کا تذکرہ ''کیا' تو اس میں اسے (اپنا نائب) بنائے گا' جو اس میں فساد کرے گا اور خون بہائے گا''

**6186** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ بُكَيْرٍ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّـهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ آدَمَ لَمَّا اُهْبِطَ اِلَى الْاَرْضِ قَالَتِ الْمَلَائِكَةُ: اَىْ رَبِّ (اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاءَ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ قَالَ اِنِّىْ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ) (البقرة: 30)، قَالُوا: رَبَّنَا نَحْنُ اَطْوَعُ لَكَ مِنْ بَنِىْ آدَمَ، قَالَ اللّٰهُ لِمَلَائِكَتِهِ: هَلُمُّوا مَلَكَيْنِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، فَنَنْظُرَ كَيْفَ يَعْمَلَانِ، قَالُوا: رَبَّنَا هَارُوتُ وَمَارُوتُ، قَالَ: فَاهْبِطَا اِلَى الْاَرْضِ، قَالَ: فَمُثِّلَتْ لَهُمُ الزُّهَرَةُ امْرَاَةً مِنْ اَحْسَنِ الْبَشَرِ، فَجَاءَاهَا فَسَاَلَاهَا نَفْسَهَا، فَقَالَتْ: لَا وَاللّٰهِ حَتّٰى تَكَلَّمَا بِهٰذِهِ الْكَلِمَةِ مِنَ الْاِشْرَاكِ، قَالَا: وَاللّٰهِ لَا نُشْرِكُ بِاللّٰهِ اَبَدًا، فَذَهَبَتْ عَنْهُمَا، ثُمَّ رَجَعَتْ بِصَبِيٍّ تَحْمِلُهُ، فَسَاَلَاهَا نَفْسَهَا، فَقَالَتْ: لَا وَاللّٰهِ حَتّٰى تَقْتُلَا هٰذَا الصَّبِيَّ، فَقَالَا: لَا وَاللّٰهِ لَا نَقْتُلُهُ اَبَدًا، فَذَهَبَتْ، ثُمَّ رَجَعَتْ بِقَدَحٍ مِنْ خَمْرٍ تَحْمِلُهُ، فَسَاَلَاهَا نَفْسَهَا، فَقَالَتْ: لَا وَاللّٰهِ حَتّٰى تَشْرَبَا هٰذَا الْخَمْرَ فَشَرِبَا فَسَكِرَا فَوَقَعَا عَلَيْهَا وَقَتَلَا الصَّبِيَّ، فَلَمَّا اَفَاقَا، قَالَتِ الْمَرْاَةُ: وَاللّٰهِ مَا تَرَكْتُمَا مِنْ شَىْءٍ اَبَيْتُمَا اِلَّا فَعَلْتُمَاهُ حِيْنَ سَكِرْتُمَا، فَخُيِّرَا عِنْدَ ذٰلِكَ بَيْنَ عَذَابِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ، فَاخْتَارَا عَذَابَ الدُّنْيَا

---

6185- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وعبدة بن سليمان روى عن سعيد -وهو ابن أبى عروبة- قبل اختلاطه. وانظر الحديث السابق.

6186- إسناده ضعيف، موسى بن جبير ذكره المؤلف فى "الثقات"، وقال: يخطىء ويخالف، وقال ابن القطان لا يُعرف حاله، وقال الحافظ فى التقريب: مستور، وزهير بن محمد -وهو التميمى- فى حفظه شىء، وله أغاليط، والصحيح أن هذا من قول كعب الأحبار نقله عن كتب بنى إسرائيل، فقد أخرج عبد الرزاق فى تفسيره، وعنه ابن جرير (1684) و (1685) عن سفيان الثورى، عن موسى بن عقبة، عن سالم بن عمر، عن أبيه، عن كعب الأحبار، لا عن النبى - صلى الله عليه وسلم -، وهذا سند صحيح على شرط الشيخين، إلى كعب، وهذا أصح وأوثق من السند المرفوع.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَلزَّهْرَةُ هٰذِهِ امْرَاَةٌ كَانَتْ فِيْ ذٰلِكَ الزَّمَانِ، لَا اَنَّهَا الزَّهْرَةُ الَّتِيْ هِيَ فِي السَّمَاءِ الَّتِيْ هِيَ مِنَ الْخُنَّسِ

6/6 ❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے جب حضرت آدم علیہ السلام کو زمین پر اتارا گیا تو فرشتوں نے کہا: اے پروردگار!

''کیا تو اس میں اسے (اپنا خلیفہ) بنا رہا ہے جو اس میں فساد کرے گا اور خون بہائے گا جب کہ ہم تیری حمد کے ہمراہ تسبیح بیان کرتے ہیں اور تیری پاکی بیان کرتے ہیں''۔

تو پروردگار نے فرمایا: میں وہ علم رکھتا ہوں جو تم نہیں جانتے'' ان فرشتوں نے عرض کی: ہم اولاد آدم کے مقابلے میں تیرے زیادہ فرمانبردار ہیں اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے فرمایا تم فرشتوں میں سے کوئی سے دو فرشتے لے آؤ تو ہم اس بات کو ظاہر کر دیں گے کہ وہ کیا عمل کرتے ہیں ان لوگوں نے عرض کی: اے میرے پروردگار ہاروت اور ماروت (پیش خدمت ہیں) تو پروردگار نے فرمایا: تم دونوں زمین پر اتر جاؤ۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ان کے سامنے زہرہ نام کی ایک خوبصورت ترین عورت آئی وہ دونوں اس کے پاس آئے انہوں نے اس سے زنا کی خواہش کا اظہار کیا تو اس نے کہا: جی نہیں۔ اللہ کی قسم! جب تک تم لوگ یہ شرکیہ کلمہ نہیں کہو گے (میں تمہارے ساتھ زنا نہیں کروں گی) ان دونوں نے کہا: اللہ کی قسم! ہم کبھی بھی کسی کو اللہ کا شریک نہیں قرار دیں گے وہ ان دونوں کو چھوڑ کر چلی گئی پھر وہ ایک بچے کو گود میں اٹھا کر واپس آئی ان دونوں نے پھر اس کے سامنے زنا کی خواہش کا اظہار کیا تو اس نے کہا: جی نہیں اللہ کی قسم! جب تک تم اس بچے کو قتل نہیں کرتے (میں تمہاری بات نہیں مانوں گی) ان دونوں نے کہا: جی نہیں اللہ کی قسم! ہم اسے کبھی قتل نہیں کریں گے وہ پھر چلی گئی پھر وہ شراب کا پیالہ اٹھا کر آئی پھر ان دونوں نے اس سے خواہش کا اظہار کیا اس نے کہا: جی نہیں۔ اللہ کی قسم! جب تک تم یہ شراب نہیں پیتے (میں تمہاری خواہش پوری نہیں کروں گی) ان دونوں نے شراب پی لی وہ دونوں مدہوش ہو گئے انہوں نے اس عورت کے ساتھ زنا بھی کر لیا اور اس بچے کو قتل بھی کر دیا جب انہیں ہوش آیا تو اس عورت نے کہا: اللہ کی قسم! تم نے ہر گناہ اسی وقت کیا جب تم دونوں مدہوش ہو گئے تھے۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) پھر ان دونوں کو اس وقت دنیاوی عذاب اور آخرت کے عذاب کے درمیان اختیار دیا گیا تو انہوں نے دنیا کے عذاب کو اختیار کر لیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ایک عورت تھی جو اس زمانے میں موجود تھی اس سے مراد زہرہ نامی ستارہ نہیں ہے جو آسمان میں ہوتا ہے جو خنس (چھپنے والے ستاروں) میں سے ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ بَثِّ إِبْلِيسَ سَرَايَاهُ لِيَفْتِنَ الْمُسْلِمِينَ، نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهِمْ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ شیطان اپنے لشکر بھیجتا ہے' تا کہ وہ مسلمانوں کو آزمائش کا شکار کرے' ہم ان کے شر سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

6187 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ مَعْقِلٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَقِيلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

(متن حدیث): عَرْشُ اِبْلِيسَ عَلَى الْمَاءِ، ثُمَّ يَبْعَثُ سَرَايَاهُ فَاَعْظَمُهُمْ عِنْدَهُ اَعْظَمُهُمْ فِتْنَةً

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''ابلیس کا تخت پانی پر ہوتا ہے پھر وہ اپنی مہم روانہ کرتا ہے ان میں سے اس کے نزدیک زیادہ عظیم وہ ہوتا ہے' جو زیادہ فتنہ پیدا کرے۔''

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ لَا قُدْرَةَ لِلشَّيْطَانِ عَلَى ابْنِ آدَمَ اِلَّا عَلَى الْوَسْوَسَةِ فَقَطْ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ شیطان کو ابن آدم کے حوالے سے صرف وسوسہ پیدا کرنے کی قدرت حاصل ہے

6188 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَسْرُورِ بْنِ سَيَّارٍ بِاَرْغِيَانَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ:

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي لَاَجِدُ فِي صَدْرِي الشَّيْءَ لَاَنْ اَكُونَ حُمَمَةً اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَتَكَلَّمَ بِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، اللّٰهُ اَكْبَرُ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي رَدَّ اَمْرَهُ اِلَى الْوَسْوَسَةِ

---

6187- إسناده قوي. إسماعيل بن عبد الكريم: هو ابن معقل بن منبه، ذكره المؤلف في "الثقات"، وقال النسائي: ليس به بأس، وقال ابن معين: ثقة، رجل صدق. قلت: وتصريح وهب بن منبه بسماعه من جابر في هذا الحديث يرد على من قال: إنه لم يسمع منه، وقد تقدم بهذا السند حديث آخر عند المؤلف برقم (1274)، وفيه التصريح بسماعه منه، وسيأتي عند المصنف حديث آخر برقم (6500)، وفيه التصريح بسماعه منه أيضاً. وأورده الهيثمي في "المجمع" 7/289، وقال: رواه الطبراني في "الأوسط"، ورجاله وثقوا، وفيهم ضعف. قلت: وانظر (6189)، (6784).

6188- إسناده صحيح على شرط الصحيح. إسحاق الأزرق: هو ابن يوسف بن مرداس المخزومي الواسطي، وسفيان: هو الثوري، وحماد: هو ابن سلمة.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! مجھے اپنے ذہن میں ایسا خیال محسوس ہوتا ہے کہ میں جل کر کوئلہ ہو جاؤں یہ میرے نزدیک اس سے زیادہ پسندیدہ ہے کہ میں اس خیال کے بارے میں کوئی بات کروں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ اکبر' اللہ اکبر' ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہے' جس نے اس کے معاملے کو وسوسے کی طرف لوٹا دیا ہے۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَضْعِ إِبْلِيسَ التَّاجَ عَلٰى رَأْسِ مَنْ كَانَ أَعْظَمَ فِتْنَةً مِنْ جُنُودِهِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ شیطان اپنے لشکر میں سے اس پر اپنا تاج رکھتا ہے' جو زیادہ بڑا فتنہ قائم کرتا ہے

**6189** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ أَبِي مُوسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): إِذَا أَصْبَحَ إِبْلِيسُ بَثَّ جُنُودَهُ، فَيَقُولُ: مَنْ أَضَلَّ الْيَوْمَ مُسْلِمًا أَلْبَسْتُهُ التَّاجَ، قَالَ: فَيَخْرُجُ هٰذَا، فَيَقُولُ: لَمْ أَزَلْ بِهِ حَتّٰى طَلَّقَ امْرَأَتَهُ، فَيَقُولُ: أَوْشَكَ أَنْ يَتَزَوَّجَ، وَيَجِيءُ هٰذَا فَيَقُولُ: لَمْ أَزَلْ بِهِ حَتّٰى عَقَّ وَالِدَيْهِ، فَيَقُولُ: أَوْشَكَ أَنْ يَبَرَّ، وَيَجِيءُ هٰذَا، فَيَقُولُ: لَمْ أَزَلْ بِهِ حَتّٰى أَشْرَكَ فَيَقُولُ: أَنْتَ أَنْتَ، وَيَجِيءُ، فَيَقُولُ: لَمْ أَزَلْ بِهِ حَتّٰى زَنٰى فَيَقُولُ: أَنْتَ أَنْتَ، وَيَجِيءُ هٰذَا، فَيَقُولُ: لَمْ أَزَلْ بِهِ حَتّٰى قَتَلَ فَيَقُولُ: أَنْتَ أَنْتَ، وَيُلْبِسُهُ التَّاجَ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب صبح ہوتی ہے' تو شیطان اپنا لشکر پھیلا دیتا ہے اور یہ کہتا ہے آج جو شخص کسی مسلمان کو گمراہ کرے گا میں اسے تاج پہناؤں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ان میں سے ایک شخص آتا ہے اور یہ کہتا ہے میں نے آج پوری کوشش کی' یہاں تک کہ ایک آدمی نے اپنی بیوی کو طلاق دیدی شیطان کہتا ہے ہوسکتا ہے وہ شخص دوسری شادی کر لے پھر دوسرا شخص آتا اور کہتا ہے میں نے آج پوری کوشش کی' یہاں تک کہ ایک آدمی نے اپنے ماں باپ کی نافرمانی کی شیطان کہتا ہے ہوسکتا ہے کہ وہ بعد میں فرمانبردار بن جائے ایک اور شیطان آتا ہے وہ یہ کہتا ہے میں نے آج پوری کوشش کی کہ ایک آدمی نے شرک کر لیا شیطان کہتا ہے تم واقعی تم ہو پھر ایک اور آتا ہے

6189- إسناده صحيح. رجاله رجال الشيخين غير عطاء بن السائب فقد روى له البخاري متابعة، وهو صدوق، ورواية سفيان -وهو الثوري- عنه قبل الاختلاط . أبو عبد الرحمن السلمي: هو عبد الله بن حبيب بن ربيعة . وأخرجه الحاكم 4/350 من طريقين عن أبي أحمد الزبيري (تحرف في المطبوع إلى الزهري) بهذا الإسناد، وصححه ووافقه الذهبي . وذكره الهيثمي في " المجمع "1/114، ونسبه إلى الطبراني في "الكبير" وقال: فيه عطاء بن السائب اختلط، وبقية رجاله ثقات . قلت: لا يضر اختلاطه إذا كان الراوي عنه ممن روى عنه قبل الاختلاط كما في سند المؤلف هنا.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



اور کہتا ہے میں نے پوری کوشش کی' یہاں تک کہ ایک آدمی نے زنا کرلیا شیطان کہتا ہے تم نے واقعی کام کیا ہے ایک اور آتا ہے وہ یہ کہتا ہے میں نے آج پوری کوشش کی' یہاں تک کہ ایک آدمی نے قتل کر دیا' تو شیطان کہتا ہے تم نے واقعی ہی کام کیا ہے پھر وہ اپنا تاج اسے پہنا دیتا ہے۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا كَانَ بَيْنَ آدَمَ وَنُوحٍ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا مِنَ الْقُرُوْنِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے درمیان کتنی صدیاں ہیں؟

**6190** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجُوَيْهِ، حَدَّثَنَا أَبُو تَوْبَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ أَخِيهِ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَّامٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ،

(متن حدیث): أَنَّ رَجُلًا، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنَبِيٌّ كَانَ آدَمُ؟ قَالَ: نَعَمْ، مُكَلَّمٌ، قَالَ: فَكَمْ كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ نُوحٍ؟ قَالَ: عَشَرَةُ قُرُونٍ.

(توضیح مصنف): أَبُو تَوْبَةَ اسْمُهُ: الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ

✿✿ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا حضرت آدم علیہ السلام نبی تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: جی ہاں ان کے ساتھ کلام بھی کیا گیا۔ اس نے دریافت کیا ان کے اور حضرت نوح علیہ السلام کے درمیان کتنا وقت ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دس **10** صدیاں۔

ابوتوبہ نامی راوی کا نام ربیع بن نافع ہے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ كُلَّ نَبِيٍّ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ كَانَتْ لَهُ بِطَانَتَانِ مَعْلُومَتَانِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ انبیاء میں سے ہر ایک نبی کے ساتھ

6190- إسناده صحيح، محمد بن عبد الملك بن زنجويه ثقة روى له أصحاب السُّنن، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير زيد بن سلام، فمن رجال مسلم . أبو سلام: هو الأسود بن هلال المحاربي. وأخرجه الطبراني في " الكبير " (7545) حدثنا أحمد بن خليد الحلبي، حدثنا أبو توبة الربيع بن نافع، بهذا الإسناد. وفيه زيادة عمّا هنا . وذكره الهيثمي في " المجمع "8/210، وقال: رواه الطبراني، ورجاله رجال الصحيح غير أحمد بن خليد الحلبي، وهو ثقة ... وذكره أيضاً 1/196 ونسبه للطبراني في "الأوسط" وقال: رجاله رجال الصحيح . وأورده الحافظ ابن كثير في "البداية والنهاية"1/94 من رواية المصنف، وقال: هذا على شرط مسلم ولم يخرجه . وأخرجه الحاكم 2/262 من طريق عثمان بن سعيد الدارمي، عن أبي توبة، به، وقال: هذا حديث صحيح على شرط مسلم، ووافقه الذهبي . وأخرجه الطبري في " تاريخ الأمم والملوك "1/150 من طريق محمد بن اسحاق، عن جعفر بن الزبير، عن القاسم بن عبد الرحمن، عن أبي أمامة، عَنْ أَبِي ذَرٍّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أنبياً كان آدم؟ قال: " نعم، كان نبيّاً، كلمة الله قبلاً ." وأخرج أحمد5/178 و 179، والبزار (160) ، والطبراني في " الأوسط "، والطيالسي (478) ، وابن سعد1/32

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


## دو متعین پوشیدہ طور پر ساتھ رہنے والے ہوتے ہیں

**6191** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا مِنْ نَبِيٍّ اِلَّا وَلَهٗ بِطَانَتَانِ: بِطَانَةٌ تَاْمُرُهٗ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَاهُ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَبِطَانَةٌ لَا تَاْلُوْهُ خَبَالًا، فَمَنْ وُقِيَ شَرَّهَا فَقَدْ وُقِيَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ہر نبی کے ساتھ دو فرشتے ہوتے ہیں' جس میں سے ایک اسے نیکی کا حکم دیتا ہے اور برائی سے منع کرتا ہے اور ایک کسی چیز کی پرواہ نہیں کرتا' تو جس شخص کو اس کے شر سے بچا لیا گیا اسے (خراب ہونے سے) بچا لیا گیا۔''

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ حُكْمَ الْخُلَفَاءِ فِي الْبِطَانَتَيْنِ اللَّتَيْنِ وَصَفْنَاهُمَا حُكْمُ الْاَنْبِيَاءِ سَوَاءً

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ ان دو پوشیدہ ساتھیوں' جن کی صفت ہم نے بیان کی ہے ان کے بارے میں خلفاء اور انبیاء کا حکم برابر ہے

**6192** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ،

6191- إسناده صحيح على شرط البخارى، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الرحمن بن إبراهيم، فمن رجال البخارى. الوليد: هو ابن مسلم. وأخرجه أحمد 2/237، والبيهقى فى "السنن" 10/111 عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو يعلى (5901)، والطحاوى فى "شرح مشكل الآثار" 3/23 من طريقين عن الأوزاعى، به. وعلق البخارى بإثر الحديث (7198)، فقال: وقال الأوزاعى ومعاوية بن سلام، حدثنى الزهرى ... وذكره. وأخرجه أحمد 2/289، والنسائى 7/158 فى البيعة: باب بطانة الإمام، وفى " الكبرى " كما فى " التحفة " 11/48، والطحاوى 3/22 من طرق عن الزهرى، به. وأخرجه أبو يعلى (6000) و (6023) من طريقين عن أبى سلمة، به. وأخرجه ضمن حديث مطول البخارى فى " الأدب المفرد " (256)، والترمذى (2369) فى الزهد: باب ما جاء فى معيشة أصحاب النبى - صلى الله عليه وسلم -، وفى "الشمائل" (134)، والطحاوى فى "شرح مشكل الآثار" 195-1961/1، والحاكم 4/131 من طرق عن عبد الملك بن عمير، عن أبى سلمة بن عبد الرحمن، عن أبى هريرة رفعه، وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبى، وقال الترمذى: حديث حسن صحيح غريب.

6192- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى، فمن رجال مسلم. ابن وهب: هو عبد الله، ويونس: هو ابن يزيد الأيلى. وأخرجه البيهقى 10/111 من طريق حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى (7198) فى الأحكام: باب بطانة الإمام وأهل مشورته، والنسائى 7/158 فى البيعة: باب بطانة الإمام، وفى "الكبرى" كما فى "التحفة" 3/494، والطحاوى فى "شرح مشكل الآثار" 3/22 من طريقين عن ابن وهب، به. وأخرجه أحمد 3/39، والبخارى (6611) فى القدر: باب المعصوم من عصم الله، وأبو يعلى (1228)، والبيهقى 10/111 من طريقين عن يونس، به. وأخرجه الطحاوى 3/22، والبيهقى 10/111، والإسماعيلى فى "المستخرج" كما فى "تغليق التعليق" 5/310 من طرق عن الزهرى، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا بَعَثَ اللّٰهُ مِنْ نَبِيٍّ، وَلَا اسْتَخْلَفَ مِنْ خَلِيفَةٍ اِلَّا كَانَتْ لَهُ بِطَانَتَانِ، بِطَانَةٌ تَاْمُرُهُ بِالْخَيْرِ وَتَحُضُّهُ عَلَيْهِ، وَبِطَانَةٌ تَاْمُرُهُ بِالشَّرِّ وَتَحُضُّهُ عَلَيْهِ، وَالْمَعْصُومُ مَنْ عَصَمَ اللّٰهُ

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ نے جس نبی کو مبعوث کیا اور اس کے بعد جس کو بھی اس کا خلیفہ بنایا' تو اس کے ساتھ دو (فرشتے) ہوتے ہیں ان میں سے ایک اسے نیکی کا حکم دیتا ہے اور اس کی ترغیب دیتا ہے اور ایک اسے برائی کا حکم دیتا ہے اور اس کی ترغیب دیتا ہے' جسے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے وہی محفوظ رہتا ہے۔''

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَنْبِيَاءَ كَانَ لَهُمْ حَوَارِيُّوْنَ يَهْدُوْنَ بِهَدْيِهِمْ بَعْدَهُمْ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ انبیاء کے حواری ہوتے ہیں جو ان کے بعد ان کی ہدایت کی پیروی کرتے ہیں

**6193** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ عَتَّابٍ الْاَعْيُنُ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ فُضَيْلٍ الْخَطْمِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنْ اَبِىْ رَافِعٍ، مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا كَانَ مِنْ نَبِيٍّ اِلَّا كَانَ لَهُ حَوَارِيُّوْنَ يُهْدُوْنَ بِهَدْيِهِ، وَيَسْتَنُّوْنَ بِسُنَّتِهِ، ثُمَّ يَكُوْنُ مِنْ بَعْدِهِمْ اَقْوَامٌ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ، وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُنْكِرُوْنَ، فَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِيَدِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِلِسَانِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِقَلْبِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، لَيْسَ وَرَاءَ ذٰلِكَ مِنَ الْاِيمَانِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ

---

6193- إسناده قوی، محمد بن أبی عتاب روی له الترمذی ومسلم فی المقدمة، وهو صدوق، وقد توبع، ومن فوقه من رجال الصحيح ابن أبی مریم: هو سعید بن الحكم، وعبد العزیز بن محمد: هو الدراوردی، وقد تقدم الحدیث من طریق آخر برقم (177) . وأخرجه مسلم (50) فی الإیمان: باب كون النهی عن المنكر من الإیمان، والطبرانی فی "الكبیر" (9784) ، وابن منده فی "الإیمان" (184) ، وأبو عوانة فی "مسنده"36-1/35، ومن طریقه المزی فی "تهذیب الكمال" فی ترجمة عبد الرحمن بن المسور بن مخرمة، من طرق عن سعید بن أبی مریم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد362-1/361، وأبو عوانة1/36 من طریقین عن عبد الله بن جعفر، وأخرجه أحمد1/458، ومسلم (50) ، وابن منده (183) ، وأبو عوانة 1/36 من طریق يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عن صالح بن كیسان، كلاهما (صالح بن كیسان وعبد الله بن جعفر) عن الحارث بن فضیل، به. وعند مسلم وأبی عوانة وابن منده زیادة.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ہر نبی کے کچھ حواری ہوتے ہیں جو اس کی ہدایت کی پیروی کرتے ہیں اس کی سنت پر عمل پیرا ہوتے ہیں پھر اس کے بعد کچھ لوگ آ جاتے ہیں جو ایسی باتیں کرتے ہیں جن پر وہ خود عمل نہیں کرتے اور ایسے کام کرتے ہیں، جنہیں وہ خود گناہ قرار دیتے ہیں، تو جو شخص اپنے ہاتھ کے ذریعے ان کے ساتھ جہاد کرے گا وہ مومن ہوگا' جو اپنی زبان کے ذریعے جہاد کرے گا وہ مومن ہوگا' جو شخص اپنے دل کے ذریعے جہاد کرے گا وہ مومن ہوگا اور پھر اس کے بعد رائی کے دانے کے وزن جتنا بھی ایمان نہیں ہے۔''

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَنْبِيَاءَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَوْلَادُ عَلَّاتٍ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ انبیاءِ کرام ''علاتی بھائی'' ہیں

**6194** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَنَا اَوْلَى النَّاسِ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ فِي الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ، قَالُوْا: وَكَيْفَ ذَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْاَنْبِيَاءُ اِخْوَةٌ مِّنْ عَلَّاتٍ، اُمَّهَاتُهُمْ شَتّٰى، وَدِيْنُهُمْ وَاحِدٌ، وَلَيْسَ بَيْنَنَا نَبِيٌّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''دنیا اور آخرت میں، میں حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کے سب سے زیادہ قریب ہوں۔''

لوگوں نے دریافت کیا وہ کیسے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انبیاء علاتی بھائی ہیں جن کی مائیں مختلف ہیں، لیکن ان کا دین ایک ہے، لیکن ہمارے (یعنی میرے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان) کوئی اور نبی نہیں ہے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَلَيْسَ بَيْنَنَا نَبِيٌّ، اَرَادَ بِهِ: بَيْنَهُ وَبَيْنَ عِيْسَى صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''ہمارے درمیان کوئی نبی نہیں ہے'' اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان کوئی نبی نہیں ہے

**6195** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، بِحَرَّانَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ

6194- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عباس بن عبد العظيم، فمن رجال مسلم. وهو في "صحيفة همام" برقم (134). وأخرجه أحمد 2/319، ومسلم (2365) (145) في الفضائل: باب فضائل عيسى عليه السلام، والبغوي (3619) من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/437 و 482، والبخاري (3443) في الأنبياء: باب

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَنَا اَوْلَى النَّاسِ بِعِيْسٰى، الْاَنْبِيَاءُ اَبْنَاءُ عَلَّاتٍ، وَلَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَ عِيْسٰى نَبِيٌّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے سب سے زیادہ قریب ہوں' انبیاء علاتی بھائی ہیں میرے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان کوئی اور نبی نہیں ہے۔''

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كُلَّ نَبِيٍّ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ كَانَتْ لَهُ دَعْوَةٌ مُسْتَجَابَةٌ فِي اُمَّتِهِ كَانَ يَدْعُو بِهَا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ انبیاء میں سے ہر ایک نبی کی اس کی امت کے بارے میں ایک مخصوص دعا ہوتی ہے' جو مستجاب ہوتی ہے اور وہ نبی وہ دعا کرتا ہے

**6196** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةً دَعَاهَا فِي اُمَّتِهِ، وَاِنِّي اخْتَبَاْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِاُمَّتِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

6195- إسناده صحيح، أحمد بن سليمان بن أبي شيبة ثقة روى له النسائي، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير أبي داود الحفري -واسمه عمر بن يسعد بن عبيد- فمن رجال مسلم. سفيان: هو ابن سعيد الثوري، وأبو الزناد: هو عبد الله بن ذكوان، والأعرج: هو عبد الرحمن بن هرمز. وأخرجه مسلم (2365) (144) في الفضائل: باب فضائل عيسى عليه السلام عن أبي بكر بن أبي شيبة، عن أبي داود الحفري، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/463 عن وكيع، عن سفيان، به. وأخرجه أحمد 2/541 من طريق حسين بن محمد، عن أبي الزناد به. وانظر (6406).

6196- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير مسدد، فمن رجال البخاري. وأخرجه ابن منده في "الإيمان" (915) من طريق يحيى بن محمد، عن مسدد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/208 و276، ومسلم (200) (342) في الإيمان: باب اختباء النبي - صلى الله عليه وسلم - دعوة الشفاعة لأمته، والآجري في " الشريعة " ص 342، وابن منده (915)، والقضاعي في "مسند الشهاب" (1043) من طرق عن روح بن عبادة. وأخرجه ابن خزيمة في " التوحيد " ص 248 من طريق عبد الرحمن بن عثمان البكراوي، وأخرجه القضاعي (1044) من طريق حرمي بن عمارة، ثلاثتهم عن شعبة، به. وأخرجه أحمد 3/134 و219 و292، ومسلم (200)، وابن خزيمة ص 262-261 و262، وابن أبي عاصم في "السنة" (797) و(798)، وابن منده (914) و(916) و(917) و(918)، والقضاعي (1037) و(1038) من طرق عن قتادة، به. وأخرجه مسلم (200) (344)، وابن خزيمة ص 261 من طريقين عن معتمر بن سليمان، عن أبيه، عن أنس. وعلقه البخاري (6305) في الدعوات: باب لكل نبي دعوة، قال: قال لي خليفة: قال معتمر: سمعتُ أبي عن أنس ... وذكر الحديث. وسيأتي الحديث برقم (6460) عن جابر، وبرقم (6461) عن أبي هريرة.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


"ہر نبی کی ایک مخصوص دعا ہے جو وہ اپنی امت کے لیے کرتا ہے اور میں نے اپنی دعا کو اپنی امت کی شفاعت کے لیے سنبھال کے رکھا ہے۔"

## ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِیْ مِنْ اَجْلِهٖ اسْتَحَقَّ قَوْمُ صَالِحِ الْعَذَابَ مِنَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

## اس سبب کا تذکرہ جس کی وجہ سے حضرت صالح علیہ السلام کی قوم اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنے والے عذاب کی مستحق بنی تھی

**6197** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ خُثَیْمٍ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْحِجْرَ قَالَ: لَا تَسْاَلُوا نَبِیَّكُمُ الْاٰیَاتِ، هٰؤُلَاءِ قَوْمُ صَالِحٍ سَاَلُوا نَبِیَّهُمْ آیَةً فَكَانَتِ النَّاقَةُ تَرِدُ عَلَیْهِمْ مِنْ هٰذَا الْفَجِّ، وَتَصْدُرُ مِنْ هٰذَا الْفَجِّ فَیَشْرَبُوْنَ مِنْ لَبَنِهَا یَوْمَ وُرُوْدِهَا مِثْلَ مَا غَبَّهُمْ مِنْ مَائِهِمْ، فَعَقَرُوهَا فَوُعِدُوْا ثَلَاثَةَ اَیَّامٍ، وَكَانَ وَعْدٌ غَیْرُ مَكْذُوْبٍ، فَاَخَذَتْهُمُ الصَّیْحَةُ، فَلَمْ یَبْقَ تَحْتَ اَدِیْمِ السَّمَاءِ رَجُلٌ اِلَّا اَهْلَكَتْ اِلَّا رَجُلٌ فِی الْحَرَمِ مَنَعَهُ الْحَرَمُ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ، قَالُوْا: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ هُوَ؟ قَالَ: اَبُوْ رِغَالٍ اَبُوْ ثَقِیْفٍ *

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قوم ثمود کی بستی کے پاس تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے نبی سے معجزات کے بارے میں مطالبہ نہ کرنا کیونکہ حضرت صالح علیہ السلام کی قوم نے اپنے نبی سے معجزے کا مطالبہ کیا' تو اس راستے سے ایک اونٹنی نکل کر ان کے پاس آئی وہ اس راستے سے واپس چلی جایا کرتی تھی وہ لوگ اس اونٹنی کا دودھ پیا کرتے تھے جس دن وہ اونٹنی پانی پینے کیلئے آتی تھی اتنا ہی جتنا وہ ان کے پانی پر وقفہ کے ساتھ آتی تھی ہوتا تھا ان لوگوں نے اس اونٹنی کے پاؤں کاٹ دیئے' تو ان لوگوں کے ساتھ تین دن کے اندر (عذاب آنے کا) وعدہ کیا گیا یہ ایک ایسا وعدہ تھا جس کی خلاف ورزی نہیں ہونی تھی' تو ایک زبردست آواز نے انہیں اپنی گرفت میں لے لیا اس وقت آسمان کے نیچے موجود ہر شخص ہلاکت کا شکار ہو

---

6197- إسناده ضعيف . مسلم بن خالد: هو الزنجي، روى له أبو داود وابن ماجة وهو كثير الغلط، وأبو الزبير مدلس وقد عنعن . ابن خثيم: هو عبد الله بن عثمان . وأخرجه البزار (1844) ، والحاكم 2/340-341 من طريقين عن مسلم بن خالد، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي ! وقال البزار: لا نعلمه يروى هكذا إلّا عن ابن خثيم. وأخرجه أحمد 3/296، والطبرى فى "جامع البيان" (14817) عن عبد الرزاق، عن معمر، عن ابن خثيم، به. وهذا سند رجاله ثقات على شرط مسلم إلّا أنه فيه تدليس أبى الزبير . وأورده الحافظ ابن كثير فى "تفسيره" 2/237، وفى "البداية والنهاية" 1/129 من طريق أحمد، وقال: هذا الحديث ليس فى شىء من الكتب الستة، وهو على شرط مسلم. وأورده الهيثمى فى "المجمع" 6/194 و7/38، وقال: رواه أحمد والبزار والطبرانى فى " الأوسط "، ورجال أحمد رجال الصحيح. وذكره السيوطىّ فى "الدر المنثور" 3/492 وزاد نسبته لابن المنذر وابن أبى حاتم وأبى الشيخ.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



گیا ماسوائے اس شخص کے جو حرم کی حدود کے اندر تھا حرم نے انہیں اللہ کے عذاب سے محفوظ رکھا۔ لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! وہ کون شخص تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ثقیف قبیلے کا جد امجد ابورغال۔

## ذِکْرُ وَصْفُ دَفْنِ اَبِیْ رِغَالٍ سَیِّدِ ثَمُوْدَ

## ثمود کے سردار ابورغال کے دفن ہونے کی صفت کا تذکرہ

**6198** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ بُجَيْرِ بْنِ اَبِیْ بُجَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو:

(متن حدیث): اَنَّهُمْ كَانُوا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ سَفَرٍ فَمَرُّوا عَلٰى قَبْرِ اَبِیْ رِغَالٍ وَّهُوَ اَبُوْ ثَقِيْفٍ وَّهُوَ امْرُؤٌ مِّنْ ثَمُوْدَ، مَنْزِلُهُ بِحَرَّاءَ، فَلَمَّا اَهْلَكَ اللّٰهُ قَوْمَهُ بِمَا اَهْلَكَهُمْ بِهٖ مَنَعَهُ لِمَكَانِهٖ مِنَ الْحَرَمِ، وَاَنَّهٗ خَرَجَ حَتّٰى اِذَا بَلَغَ هَاهُنَا مَاتَ، فَدُفِنَ مَعَهٗ غُصْنٌ مِّنْ ذَهَبٍ، فَابْتَدَرْنَا، فَاسْتَخْرَجْنَاهُ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے ان لوگوں کا گزر ابورغال کی قبر سے ہوا جو ثقیف قبیلے کا جد امجد تھا یہ ایک ایسا شخص تھا جو ثمود قوم سے تعلق رکھتا تھا اس کی رہائش گاہ حراء کے مقام پر تھی' جب اللہ تعالیٰ نے اس کی قوم کو ہلاکت کا شکار کر دیا' تو وہ ہلاکت کا شکار نہیں ہوا کیونکہ وہ حرم میں رہائش پذیر تھا' پھر وہ وہاں سے نکلا جب وہ یہاں پہنچا' تو یہاں اس کا انتقال ہو گیا اس کے ہمراہ سونے کی ایک ٹہنی کو دفن کیا گیا۔

(راوی کہتے ہیں:) ہم تیزی سے وہاں گئے اور سونے کی ٹہنی کو نکال لیا۔

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ دُخُوْلِ الْمَرْءِ اَرْضَ ثَمُوْدَ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ بَاكِيًا

میں تیرا ذکر کروں‘ جس کے ہمراہ میں تجھ سے دعا کروں‘ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے موسیٰ تم یہ پڑھو۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے میرے پروردگار تیرے سارے بندے یہ کلمہ پڑھتے ہیں‘ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: میں یہ چاہتا ہوں کہ کوئی ایسی چیز ہو جو میرے ساتھ خاص ہو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے موسیٰ اگر سات آسمانوں کے رہنے والے اور سات زمینوں کے رہنے والے لوگ ایک پلڑے میں ہوں اور لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ دوسرے پلڑے میں ہو‘ تو لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ والا پلڑا جھک جائے گا۔‘‘

## ذِكْرُ وَصْفِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلْبِيَةَ مُوْسَى كَلِيْمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا وَرَمْيِهِ الْجِمَارَ فِيْ حَجَّتِهِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِ

### نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حج کرنے کے دوران ان کے تلبیہ پڑھنے

اور ان کے جمرات کو کنکریاں مارنے کی صفت بیان کرنے کا تذکرہ اللہ تعالیٰ کا درود ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ان (یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام) پر نازل ہو

**6219** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِيْ هِنْدَ، عَنْ رُفَيْعٍ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى عَلٰى وَادِي الْاَزْرَقِ، فَقَالَ: كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلٰى مُوْسَى مُنْهَبِطًا وَلَهُ جُؤَارٌ اِلٰى رَبِّهِ بِالتَّلْبِيَةِ، وَمَرَّ عَلٰى ثَنِيَّةٍ، فَقَالَ: مَا هٰذِهٖ؟، قِيلَ: ثَنِيَّةُ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلٰى مُوْسٰى يَرْمِي الْجَمْرَةَ عَلٰى نَاقَةٍ حَمْرَاءَ، خِطَامُهَا مِنْ لِيْفٍ، وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ مِنْ صُوْفٍ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وادی ازرق پہنچے‘ تو آپ نے فرمایا: میں گویا اس وقت بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دیکھ رہا ہوں جو بلندی سے نیچے کی طرف اتر رہے ہیں اور وہ تلبیہ کے ذریعے اپنے پروردگار کی بارگاہ میں مناجات کر رہے ہیں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ایک گھاٹی سے ہوا‘ تو آپ نے دریافت کیا یہ کون سی گھاٹی ہے‘ تو بتایا گیا یہ فلاں فلاں گھاٹی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں گویا اس وقت بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف دیکھ رہا ہوں جو سرخ اونٹنی پر سوار ہو کر جمرہ کو کنکریاں مار رہے ہیں۔ اس اونٹنی کی لگام کھجور کی چھال سے بنی ہوئی ہے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اونی جبہ پہنا ہوا ہے۔

---

6219- إسناده صحيح على شرط مسلم. عفان: هو ابن مسلم الباهلي. وقد تقدم تخريجه برقم (3801). وأخرجه أبو نعيم في "الحلية" 2/223 و 3/96 عن محمد بن أحمد بن الحسن، قال: حدثنا بشر بن موسى، قال: حدثنا الحسن بن موسى الأشيب وعفان بن مسلم، قالا: حدثنا حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني في "الكبير" (12756) من طريق حجاج بن منهال، عن حماد بن سلمة، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



# ذِكْرُ وَصْفِ حَالَ مُوسَى حِينَ لَقِيَ الْخَضِرَ بَعْدَ فَقْدِ الْحُوتِ

## حضرت موسیٰ علیہ السلام کی صورت حال کی صفت کا تذکرہ جب مچھلی کے گم جانے کے بعد ان کی ملاقات حضرت خضر علیہ السلام سے ہوئی

**6220** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، مِنْ كِتَابِهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَفِظْتُهُ مِنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: إِنَّ نَوْفًا الْبَكَالِيَّ يَزْعُمُ اَنَّ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ لَيْسَ بِصَاحِبِ الْخَضِرِ، إِنَّمَا هُوَ مُوسَى آخَرُ، قَالَ: كَذَبَ عَدُوُّ اللّٰهِ، اَخْبَرَنَا اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَامَ مُوسَى فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ خَطِيبًا، فَقِيلَ لَهُ: اَيُّ النَّاسِ اَعْلَمُ؟ قَالَ: اَنَا، قَالَ: فَعَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، إِذْ لَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: عَبْدٌ لِي بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ هُوَ اَعْلَمُ مِنْكَ، قَالَ: اَيْ رَبِّ فَكَيْفَ لِي بِهِ، قَالَ: تَاْخُذُ حُوتًا فَتَجْعَلُهُ فِي مِكْتَلٍ، فَحَيْثُ مَا فَقَدْتَّ الْحُوتَ، فَهُوَ ثَمَّ، قَالَ: فَاَخَذَ الْحُوتَ فَجَعَلَهُ فِي الْمِكْتَلِ، فَدَفَعَهُ إِلَى فَتَاهُ، فَانْطَلَقَا حَتَّى اَتَيَا الصَّخْرَةَ، فَرَقَدَ مُوسَى فَاضْطَرَبَ الْحُوتُ فِي الْمِكْتَلِ، فَخَرَجَ فَوَقَعَ فِي الْبَحْرِ، فَاَمْسَكَ اللّٰهُ عَلَيْهِ جَرْيَةَ الْمَاءِ، فَصَارَ مِثْلَ الطَّاقِ، فَكَانَ الْبَحْرُ لِلْحُوتِ سَرَبًا، وَلِمُوسَى وَلِفَتَاهُ عَجَبًا، فَانْطَلَقَا يَمْشِيَانِ، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ وَجَدَ مُوسَى النَّصَبَ، فَقَالَ: (آتِنَا غَدَاءَنَا لَقَدْ لَقِينَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا) (الكهف: 62).

قَالَ: وَلَمْ يَجِدِ النَّصَبَ حَتَّى جَاوَزَ الْمَكَانَ الَّذِي اَمَرَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا، فَقَالَ لَهُ فَتَاهُ: (اَرَاَيْتَ إِذْ اَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّي نَسِيتُ الْحُوتَ وَمَا اَنْسَانِيهُ إِلَّا الشَّيْطَانُ اَنْ اَذْكُرَهُ) (الكهف: 63).

قَالَ: (ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ فَارْتَدَّا عَلَى آثَارِهِمَا قَصَصًا) (الكهف: 64)، فَجَعَلَا يَقُصَّانِ آثَارَهُمَا حَتَّى اَتَيَا الصَّخْرَةَ، فَإِذَا رَجُلٌ مُسَجًّى عَلَيْهِ بِثَوْبٍ فَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَاَنَّى بِاَرْضِكَ السَّلَامُ؟ قَالَ: اَنَا مُوسٰى، قَالَ: مُوسَى بَنِي إِسْرَائِيلَ؟ قَالَ: نَعَمْ.

قَالَ: يَا مُوسٰى، إِنِّي عَلَى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَنِيهِ اللّٰهُ لَا تَعْلَمُهُ، وَاَنْتَ عَلَى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَكَهُ لَا اَعْلَمُهُ.

قَالَ: إِنِّي اُرِيدُ اَنْ اَتَّبِعَكَ عَلَى اَنْ تُعَلِّمَنِي مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا، (قَالَ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلَى مَا لَمْ تُحِطْ بِهِ خُبْرًا قَالَ سَتَجِدُنِي إِنْ شَاءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَلَا اَعْصِي لَكَ اَمْرًا قَالَ فَإِنِ اتَّبَعْتَنِي فَلَا تَسْاَلْنِي عَنْ شَيْءٍ حَتَّى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا) (الكهف: 68).

---

6220- إسناده صحيح على شرط مسلم، عبد الجبَّار بن العلاء من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. وقد تقدم الحديثُ عند المصنف بأخصر مما هنا، ومن غير هذا الطريق برقم (102)، فانظر تخريجه والتعليق عليه هناك.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



قَالَ: فَانْطَلَقَا يَمْشِيَانِ عَلَى السَّاحِلِ، فَمَرَّتْ بِهِ سَفِينَةٌ فَعَرَفُوا الْخَضِرَ فَحَمَلُوهُ بِغَيْرِ نَوْلٍ.

قَالَ: فَلَمْ يَفْجَأْ مُوسَى إِلَّا وَهُوَ يُنْزِلُ لَوْحًا مِنْ أَلْوَاحِ السَّفِينَةِ، فَقَالَ لَهُ مُوسَى: مَا صَنَعْتَ قَوْمٌ حَمَلُوكَ بِغَيْرِ نَوْلٍ عَمَدْتَ إِلَى سَفِينَتِهِمْ فَخَرَقْتَهَا (لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا إِمْرًا قَالَ أَلَمْ أَقُلْ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِي بِمَا نَسِيتُ وَلَا تُرْهِقْنِي مِنْ أَمْرِي عُسْرًا) (الكهف: 71) قَالَ: فَكَانَتِ الْأُولَى مِنْ مُوسَى نِسْيَانًا.

قَالَ: وَجَاءَ عُصْفُورٌ فَوَقَعَ عَلَى حَرْفِ السَّفِينَةِ فَنَقَرَ بِمِنْقَارِهِ فِي الْبَحْرِ، فَقَالَ الْخَضِرُ لِمُوسَى: مَا نَقَصَ عِلْمِي وَعِلْمُكَ مِنْ عِلْمِ اللَّهِ إِلَّا مِثْلَ مَا نَقَصَ هَذَا الْعُصْفُورُ بِمِنْقَارِهِ مِنَ الْبَحْرِ.

قَالَ: وَمَرُّوا عَلَى غِلْمَانٍ يَلْعَبُونَ، فَقَالَ الْخَضِرُ لِغُلَامٍ مِنْهُمْ بِيَدِهِ هَكَذَا، فَاقْتَلَعَ رَأْسَهُ، فَقَالَ لَهُ مُوسَى: (أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُكْرًا قَالَ أَلَمْ أَقُلْ لَكَ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا قَالَ إِنْ سَأَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصَاحِبْنِي قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَدُنِّي عُذْرًا) (الكهف: 74)، قَالَ: فَأَتَيَا (أَهْلَ قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَا أَهْلَهَا فَأَبَوْا أَنْ يُضَيِّفُوهُمَا فَوَجَدَا فِيهَا جِدَارًا يُرِيدُ أَنْ يَنْقَضَّ) (الكهف: 77)، فَقَالَ الْخَضِرُ بِيَدِهِ هَكَذَا فَأَقَامَهُ، فَقَالَ لَهُ مُوسَى: اسْتَطْعَمْنَاهُمْ فَأَبَوْا أَنْ يُطْعِمُونَا، وَاسْتَضَفْنَاهُمْ فَأَبَوْا أَنْ يُضَيِّفُونَا، عَمَدْتَ إِلَى حَائِطِهِمْ فَأَقَمْتَهُ (لَوْ شِئْتَ لَاتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا قَالَ هَذَا فِرَاقُ بَيْنِي وَبَيْنِكَ سَأُنَبِّئُكَ بِتَأْوِيلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَلَيْهِ صَبْرًا) (الكهف: 77)، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَدِدْنَا أَنَّ مُوسَى كَانَ صَبَرَ حَتَّى يَقُصَّ عَلَيْنَا مِنْ أَمْرِهِمْ، وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقْرَأُ: وَأَمَّا الْغُلَامُ كَانَ كَافِرًا وَكَانَ أَبَوَاهُ مُؤْمِنَيْنِ، وَيَقْرَأُ: وَكَانَ أَمَامَهُمْ مَلِكٌ يَأْخُذُ كُلَّ سَفِينَةٍ صَالِحَةٍ غَصْبًا

حضرت سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا نوف بکالی یہ کہتا ہے: حضرت موسیٰ علیہ السلام وہ والے حضرت موسیٰ علیہ السلام نہیں ہے جن کی حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات ہوئی تھی (حضرت خضر علیہ السلام سے ملنے والے حضرت موسیٰ علیہ السلام) دوسرے موسیٰ تھے تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اللہ کے دشمن نے غلط کیا ہے۔ حضرت ابی بن کعب نے ہمیں یہ حدیث سنائی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

ایک مرتبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل میں کھڑے خطبہ دے رہے تھے ان سے دریافت کیا گیا کون شخص سب سے زیادہ علم رکھتا ہے؟ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا: میں تو اللہ تعالیٰ نے ان پر عتاب کیا کہ انہوں نے اس بات کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کیوں نہیں کی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: دور دریاؤں کے ملنے کی جگہ پر میرا ایک بندہ ہے وہ تم سے زیادہ علم رکھتا ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے میرے پروردگار میں اس سے کیسے مل سکتا ہوں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم ایک مچھلی لے کر اسے ایک برتن میں رکھو جس جگہ تم مچھلی کو گم کر دو گے وہ بندہ وہاں ہوگا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مچھلی لی اور اسے ایک برتن میں رکھ دیا۔ وہ برتن انہوں نے اپنے ساتھی کے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



سپرد کر دیا یہ دونوں حضرات روانہ ہو گئے' یہاں تک کہ یہ دونوں چٹان کے پاس آئے وہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام سو گئے مچھلی نے برتن میں حرکت کی اس سے باہر نکلی اور دریا میں چلی گئی۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے پانی کے بہاؤ کو روک دیا اور وہ طاق کی مانند ہو گیا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی نوجوان حیران ہوئے۔ یہ دونوں حضرات پھر آگے روانہ ہو گئے۔ اگلے دن حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تھکاوٹ محسوس ہوئی' تو انہوں نے کہا: ہمارا کھانا لے کر آؤ۔ ہمیں اس سفر میں تھکاوٹ محسوس ہو رہی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: انہیں تھکاوٹ اس وقت تک محسوس نہیں ہوئی تھی' جب تک وہ اس مقام سے آگے نہیں گزر گئے تھے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے انہیں حکم دیا تھا ان کے ساتھی نے ان سے کہا: کیا آپ نے ملاحظہ فرمایا: ہم چٹان کی پناہ میں گئے تھے' تو میں مچھلی کو بھول گیا تھا اور مجھے شیطان نے یہ بات بھلا دی کہ میں اس کا ذکر کرتا اس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: ہم وہی جگہ' تو چاہتے تھے پھر یہ دونوں حضرات الٹے قدموں واپس آئے یہ اپنے قدموں کے نشانات دیکھتے ہوئے واپس آئے' یہاں تک کہ اس چٹان تک آ گئے۔

وہاں ایک شخص اپنے اوپر چادر اوڑھ کر لیٹا ہوا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اسے سلام کیا' تو اس شخص نے کہا: اس جگہ پر سلام کہاں سے آ گیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: میں موسیٰ ہوں۔ اس نے دریافت کیا بنی اسرائیل سے تعلق رکھنے والے موسیٰ؟ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا۔ جی ہاں اس نے کہا: اے موسیٰ! مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک ایسا علم ملا ہے' جو اللہ تعالیٰ نے مجھے عطا کیا ہے آپ اس بارے میں کچھ نہیں جانتے اور آپ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک ایسا علم ملا ہے' جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کیا ہے میں اس سے واقف نہیں ہوں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: میں آپ کے ساتھ رہنا چاہتا ہوں کہ آپ مجھے اس چیز کی تعلیم دیں جو آپ کو ہدایت کا علم عطا کیا گیا ہے' تو اس شخص نے کہا: آپ میرے ساتھ رہ کر صبر سے کام نہیں لے سکیں گے' اور آپ اس چیز پر کیسے صبر کر سکتے ہیں' جس کے بارے میں آپ کو معلوم ہی نہیں ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: اگر اللہ نے چاہا' تو آپ مجھے صبر کرنے والا پائیں گے' میں کسی معاملے میں آپ کی نافرمانی نہیں کروں گا۔ حضرت خضر علیہ السلام نے کہا: اگر آپ میری پیروی کرنا چاہتے ہیں' تو پھر آپ نے مجھ سے کسی بھی چیز کے بارے میں اس وقت تک دریافت نہیں کرنا' جب تک میں خود اس بارے میں آپ کے سامنے ذکر نہیں کر دیتا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: پھر یہ دونوں حضرات دریا کے کنارے روانہ ہو گئے۔ وہاں سے ایک کشتی گزری ان لوگوں نے حضرت خضر علیہ السلام کو پہچان لیا اور کسی معاوضے کے بغیر انہیں کشتی میں سوار کر لیا کچھ ہی دیر بعد حضرت خضر علیہ السلام نے اس کشتی کی ایک تختی توڑ دی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا یہ آپ نے کیا کیا ہے؟ انہوں نے کسی معاوضے کے بغیر آپ کو سوار کیا اور آپ نے ان کی کشتی کی تختی توڑ دی ہے' تاکہ کشتی والے ڈوب جائیں آپ نے غلط کام کیا ہے حضرت خضر علیہ السلام نے کہا: میں نے یہ نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ رہ کر صبر سے کام نہیں لیں گے' تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: میں جو بات بھول گیا تھا۔ آپ اس بارے میں مجھ سے مواخذہ نہ کریں اور میرے معاملے کو تنگی کا شکار نہ کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف سے پہلی (خلاف ورزی تھی) جو بھولنے کی وجہ سے تھی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اسی دوران ایک چڑیا آئی اور اس کشتی کے کنارے پر بیٹھ گئی۔ اس نے اپنی چونچ پانی میں ڈالی' تو

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


حضرت خضر علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا: میرا علم اور آپ کا علم' اللہ تعالیٰ کے علم کے مقابلے میں وہ حیثیت بھی نہیں رکھتے جو اس چڑیا نے اپنی چونچ کے ذریعے سمندر کے پانی میں کمی کی ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ان حضرات کا گزر کچھ لڑکوں کے پاس سے ہوا جو کھیل رہے تھے حضرت خضر علیہ السلام نے ان میں سے ایک غلام کو اپنے ہاتھ کے ذریعے قتل کر دیا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا: آپ نے ایک پاکیزہ جان کو کسی جان کے بغیر قتل کر دیا ہے۔ آپ نے قابل انکار حرکت کی ہے' تو حضرت خضر علیہ السلام نے کہا: کیا میں نے آپ سے یہ نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ رہ کر صبر نہیں کر سکیں گے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: اگر اس کے بعد میں نے آپ سے کسی چیز کے بارے میں دریافت کیا' تو آپ میرے ساتھ نہ رہیں گے۔ آپ کو میری طرف سے عذر پہنچ گیا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: یہ دونوں حضرات ایک بستی میں آئے اور وہاں کے رہنے والوں سے کھانے کے لئے مانگا' تو انہوں نے ان دونوں کی مہمان نوازی کرنے سے انکار کر دیا۔ ان دونوں حضرات نے اس بستی میں ایک دیوار پائی جو گرنے کے قریب تھی۔ حضرت خضر علیہ السلام نے اپنے ہاتھ کے ذریعے سہارا دے کر اسے سیدھا کر دیا' تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا ہم نے ان لوگوں سے کھانا کھانے کے لئے مانگا۔ انہوں نے ہمیں کھلانے سے انکار کر دیا۔ ہم نے انہیں مہمان نوازی کے لئے کہا' تو انہوں نے ہماری مہمان نوازی کرنے سے انکار کر دیا جب کہ آپ نے ان لوگوں کی دیوار ٹھیک کر دی ہے اگر آپ چاہیں ان سے اس کا معاوضہ لے سکتے ہیں۔ حضرت خضر علیہ السلام نے کہا: یہ میرے اور آپ کے درمیان فرق ہے۔ میں آپ کو ان چیزوں کی حقیقت کے بارے میں بتاتا ہوں جن پر آپ صبر سے کام نہیں لے سکے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہماری خواہش تھی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام صبر سے کام لیتے تاکہ ان حضرات کے واقعہ کے بارے میں مزید چیزیں ہمارے سامنے جاتیں۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یوں تلاوت کیا کرتے تھے۔

''جہاں تک لڑکے کا تعلق ہے وہ کافر تھا اور اس کے ماں باپ مومن تھے۔''

اور وہ یوں تلاوت کیا کرتے تھے۔

''اور ان سے آگے ایک بادشاہ تھا جو ہر ٹھیک کشتی کو غصب کر لیتا تھا۔''

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْغُلَامَ الَّذِیْ قَتَلَهُ الْخَضِرُ لَمْ يَكُنْ بِمُسْلِمٍ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ وہ لڑکا جسے حضرت خضر علیہ السلام نے قتل کر دیا تھا وہ مسلمان نہیں تھا

**6221** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ اَبُوْ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ رَقَبَةَ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اُبَيٍّ قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْغُلَامَ الَّذِیْ قَتَلَهُ الْخَضِرُ طُبِعَ يَوْمَ طُبِعَ كَافِرًا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


18
18

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''وہ لڑکا جسے حضرت خضر علیہ السلام نے قتل کیا تھا وہ فطری طور پر کافر پیدا ہوا تھا۔''

## ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهِ سُمِّيَ الْخَضِرُ خَضِرًا

## اس سبب کا تذکرہ' جس کی وجہ سے حضرت خضر علیہ السلام کا نام ''خضر'' رکھا گیا

**6222** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّمَا سُمِّيَ الْخَضِرُ خَضِرًا لِاَنَّهُ جَلَسَ عَلَى فَرْوَةٍ بَيْضَاءَ، فَاِذَا هِيَ تَهْتَزُّ تَحْتَهُ خَضْرَاءَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''حضرت خضر رضی اللہ عنہ کا نام خضر اس لئے ہے اگر وہ کسی سفید بنجر زمین پر بیٹھ جائیں' تو ان کے نیچے سبزہ لہلہانے لگتا ہے۔''

## ذِكْرُ خَبَرٍ شَنَّعَ بِهِ عَلَى مُنْتَحِلِي سُنَنِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حُرِمَ التَّوْفِيقَ لِاِدْرَاكِ مَعْنَاهُ

## اس روایت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے علم حدیث کے ماہرین پر اعتراض کیا جاتا ہے اور وہ شخص ایسا کرتا ہے' جو اس حدیث کا مفہوم سمجھنے کی توفیق سے محروم رہا

**6223** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اُرْسِلَ مَلَكُ الْمَوْتِ اِلَى مُوسَى لِيَقْبِضَ رُوحَهُ فَلَطَمَهُ مُوسَى فَفَقَاَ عَيْنَهُ، قَالَ: فَرَجَعَ اِلَى

---

6221- إسناده صحيح على شرط الشيخين. رقبة هو ابن مصقلة، ويقال: مسقلة العبدي. وأبو إسحاق: هو السبيعي، واسمه عمرو بن عبد الله. وأخرجه أحمد وابنه عبد الله في "زوائد المسند" 5/121، ومسلم (2380) (172) في الفضائل: باب من فضائل الخضر، و (2661) في القدر: باب معنى كل مولود يولد على الفطرة، وأبو داود (4705) في السنّة: باب في القدر، والبغوي في "معالم التنزيل" 3/174 من طرق عن معتمر بن سليمان، بهذا الإسناد.

6222- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبّاس بن عبد العظيم، فمن رجال مسلم. وهو في "صحيفة همام" برقم (114). وأخرجه أحمد 2/312 و 318، والترمذي (3151) في التفسير: باب ومن سورة الكهف، والبغوي في "معالم التنزيل" 3/172 من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وقال الترمذي: حسن صحيح. وأخرجه البخاري (3402) عن محمد بن سعيد الأصبهاني، عن ابن المبارك، عن معمر، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


رَبِّهٖ، فَقَالَ: يَا رَبِّ اَرْسَلْتَنِيْ اِلٰى عَبْدٍ لَا يُرِيْدُ الْمَوْتَ، قَالَ: ارْجِعْ اِلَيْهِ فَقُلْ: اِنْ شِئْتَ فَضَعْ يَدَكَ عَلٰى مَتْنِ ثَوْرٍ، فَلَكَ بِكُلِّ مَا غَطَّتْ يَدُكَ بِكُلِّ شَعْرَةٍ سَنَةٌ، قَالَ: فَقَالَ لَهٗ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: ثُمَّ الْمَوْتُ، قَالَ: فَالْاٰنَ يَا رَبِّ، قَالَ: فَسَاَلَ اللّٰهَ اَنْ يُّدْنِيَهٗ مِنَ الْاَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ رَمْيَةَ حَجَرٍ ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كُنْتُ ثَمَّتَ لَاَرَيْتُكُمْ مَوْضِعَ قَبْرِهٖ اِلٰى جَانِبِ الطُّوْرِ تَحْتَ الْكَثِيْبِ الْاَحْمَرِ قَالَ مَعْمَرٌ: وَاَخْبَرَنِيْ مَنْ سَمِعَ الْحَسَنَ يُحَدِّثُ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا بَعَثَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُعَلِّمًا لِخَلْقِهٖ فَاَنْزَلَهٗ مَوْضِعَ الْاِبَانَةِ عَنْ مُرَادِهٖ، فَبَلَّغَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِسَالَتَهٗ، وَبَيَّنَ عَنْ آيَاتِهٖ بِاَلْفَاظٍ مُجْمَلَةٍ وَّمُفَسَّرَةٍ عَقَلَهَا عَنْهُ اَصْحَابُهٗ اَوْ بَعْضُهُمْ، وَهٰذَا الْخَبَرُ مِنَ الْاَخْبَارِ الَّتِيْ يُدْرِكُ مَعْنَاهُ مَنْ لَمْ يَحْرُمِ التَّوْفِيْقَ لِاِصَابَةِ الْحَقِّ.

وَذَاكَ اَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اَرْسَلَ مَلَكَ الْمَوْتِ اِلٰى مُوْسٰى رِسَالَةَ ابْتِلَاءٍ وَّاخْتِبَارٍ، وَاَمَرَهٗ اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ: اَجِبْ رَبَّكَ، اَمْرَ اخْتِبَارٍ وَّابْتِلَاءٍ لَا اَمْرًا يُرِيْدُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا اِمْضَاءَهٗ كَمَا اَمَرَ خَلِيْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِ بِذَبْحِ ابْنِهٖ اَمْرَ اخْتِبَارٍ وَّابْتِلَاءٍ، دُوْنَ الْاَمْرِ الَّذِيْ اَرَادَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا اِمْضَاءَهٗ، فَلَمَّا عَزَمَ عَلٰى ذَبْحِ ابْنِهٖ وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ فَدَاهُ بِالذِّبْحِ الْعَظِيْمِ، وَقَدْ بَعَثَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا الْمَلَائِكَةَ اِلٰى رُسُلِهٖ فِيْ صُوَرٍ لَا يَعْرِفُوْنَهَا كَدُخُوْلِ الْمَلَائِكَةِ عَلٰى رَسُوْلِهٖ اِبْرَاهِيْمَ، وَلَمْ يَعْرِفْهُمْ حَتّٰى اَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً، وَكَمَجِيْءِ جِبْرِيْلَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسُؤَالِهٖ اِيَّاهُ عَنِ الْاِيْمَانِ وَالْاِسْلَامِ، فَلَمْ يَعْرِفْهُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى وَلّٰى، فَكَانَ مَجِيْءُ مَلَكِ الْمَوْتِ اِلٰى مُوْسٰى عَلٰى غَيْرِ الصُّوْرَةِ الَّتِيْ كَانَ يَعْرِفُهٗ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَيْهَا، وَكَانَ مُوْسٰى غَيُوْرًا فَرَاٰى فِيْ دَارِهٖ رَجُلًا لَمْ يَعْرِفْهُ، فَشَالَ يَدَهٗ فَلَطَمَهٗ فَاَتَتْ لَطْمَتُهٗ عَلٰى فَقْءِ عَيْنِهِ الَّتِيْ فِي الصُّوْرَةِ الَّتِيْ يَتَصَوَّرُ بِهَا لَا الصُّوْرَةِ الَّتِيْ خَلَقَهُ اللّٰهُ عَلَيْهَا، وَلَمَّا كَانَ الْمُصَرَّحُ عَنْ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ خَبَرِ ابْنِ عَبَّاسٍ، حَيْثُ قَالَ: اَمَّنِيْ جِبْرِيْلُ عِنْدَ الْبَيْتِ مَرَّتَيْنِ ، فَذَكَرَ الْخَبَرَ.

وَقَالَ فِيْ آخِرِهٖ: هٰذَا وَقْتُكَ وَوَقْتُ الْاَنْبِيَاءِ قَبْلَكَ : كَانَ فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ الْبَيَانُ الْوَاضِحُ اَنَّ بَعْضَ شَرَائِعِنَا قَدْ تَتَّفِقُ بِبَعْضِ شَرَائِعِ مَنْ قَبْلَنَا مِنَ الْاُمَمِ، وَلَمَّا كَانَ مِنْ شَرِيْعَتِنَا اَنَّ مَنْ فَقَاَ عَيْنَ الدَّاخِلِ دَارَهٗ بِغَيْرِ اِذْنِهٖ اَوِ النَّاظِرِ اِلٰى بَيْتِهٖ بِغَيْرِ اَمْرِهٖ جُنَاحٌ عَلٰى فَاعِلِهٖ، وَلَا حَرَجَ عَلٰى مُرْتَكِبِهٖ، لِلْاَخْبَارِ الْجَمَّةِ الْوَارِدَةِ فِيْهِ الَّتِيْ اَمْلَيْنَاهَا

6223– إسناده صحيح على شرط الشيخين. ابن طاووس: اسمه عبد الله، وهو في "مصنف عبد الرزاق" (20530) . قلت: المشهور عن عبد الرزاق وقفه على أبي هريرة، فقد أخرجه من طريقه أحمد 2/269، والبخاري (1339) في الجنائز: باب من أحب الدفن في الأرض المقدسة، و (3407) في الأنبياء : باب وفاة موسى، ومسلم (2372) (157) في الفضائل: باب من فضائل موسى - صلى الله عليه وسلم -، والنسائي 4/118-119 في الجنائز: باب نوع آخر في التعزية، وابن أبي عاصم في "السنّة" (599)، والبيهقي في "الأسماء والصفات " ص 492 عن معمر، عن همام، عن أبي هريرة موقوفاً. وأخرج أحمد 2/533، والطبري في "التاريخ" 1/434 من طرق عن حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ أَبِي عمار، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ - صلى الله عليه وسلم -: " كان ملك الموت يأتي الناس عياناً، قال: فأتى موسى، فلطمه ففقأ عينه ... ."

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


فِي غَيْرِ مَوْضِعٍ مِنْ كُتُبِنَا: كَانَ جَائِزًا اتِّفَاقُ هٰذِهِ الشَّرِيعَةِ بِشَرِيعَةِ مُوسٰى، بِإِسْقَاطِ الْحَرَجِ عَمَّنْ فَقَأَ عَيْنَ الدَّاخِلِ دَارَهُ بِغَيْرِ إِذْنِهِ، فَكَانَ اسْتِعْمَالُ مُوسَى هٰذَا الْفِعْلِ مُبَاحًا لَهُ وَلَا حَرَجَ عَلَيْهِ فِي فِعْلِهِ، فَلَمَّا رَجَعَ مَلَكُ الْمَوْتِ إِلٰى رَبِّهِ، وَأَخْبَرَهُ بِمَا كَانَ مِنْ مُوسَى فِيهِ، أَمَرَهُ ثَانِيًا بِأَمْرٍ آخَرَ أَمْرَ اخْتِبَارٍ وَّابْتِلَاءٍ.

كَمَا ذَكَرْنَا قَبْلُ، إِذْ قَالَ اللّٰهُ لَهُ: قُلْ لَهُ: إِنْ شِئْتَ فَضَعْ يَدَكَ عَلٰى مَتْنِ ثَوْرٍ فَلَكَ بِكُلِّ مَا غَطَّتْ يَدُكَ بِكُلِّ شَعْرَةٍ سَنَةٌ، فَلَمَّا عَلِمَ مُوسَى كَلِيمُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِ أَنَّهُ مَلَكُ الْمَوْتِ وَأَنَّهُ جَاءَهُ بِالرِّسَالَةِ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ، طَابَتْ نَفْسُهُ بِالْمَوْتِ، وَلَمْ يَسْتَمْهِلْ، وَقَالَ: فَالْآنَ.

فَلَوْ كَانَتِ الْمَرَّةُ الْأُولٰى عَرَفَهُ مُوسَى أَنَّهُ مَلَكُ الْمَوْتِ، لَاسْتَعْمَلَ مَا اسْتَعْمَلَ فِي الْمَرَّةِ الْأُخْرٰى عِنْدَ تَيَقُّنِهِ وَعِلْمِهِ بِهِ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ زَعَمَ أَنَّ أَصْحَابَ الْحَدِيثِ حَمَّالَةُ الْحَطَبِ، وَرُعَاةُ اللَّيْلِ يَجْمَعُونَ مَا لَا يَنْتَفِعُونَ بِهِ، وَيَرْوُونَ مَا لَا يُؤْجَرُونَ عَلَيْهِ، وَيَقُولُونَ بِمَا يُبْطِلُهُ الْإِسْلَامُ جَهْلًا مِنْهُ لِمَعَانِي الْأَخْبَارِ، وَتَرْكَ التَّفَقُّهِ فِي الْآثَارِ مُعْتَمِدًا مِنْهُ عَلٰى رَأْيِهِ الْمَنْكُوسِ وَقِيَاسِهِ الْمَعْكُوسِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"ملک الموت کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف بھیجا گیا تا کہ وہ جوان کی روح قبض کر لے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اسے تھپڑ مارا اور اس کی آنکھ پھوڑ دی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: وہ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں گیا اور عرض کی' تو نے مجھے ایک ایسے بندے کی طرف بھیجا ہے' جو مرنا نہیں چاہتا پروردگار نے فرمایا: تم اس کے پاس واپس جاؤ اس سے کہو اگر تم چاہو' تو کسی بیل کی پشت پر اپنا ہاتھ رکھو تمہارے ہاتھ کے نیچے جتنے بال آئیں گے۔ ان میں سے ہر ایک بال کے عوض تمہیں ایک سال کی زندگی مل جائے گی' تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرشتے سے دریافت کیا پھر کیا ہوگا۔ اس نے کہا: پھر موت آجائے گی' تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: اے میرے پروردگار پھر ابھی (میں فوت ہو جاتا ہوں)"

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے یہ درخواست کی کہ وہ انہیں مرض مقدس کے اتنا قریب کر دے جتنی دور پتھر جا کر گرتا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: اگر میں وہاں ہوتا تو میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر دکھاتا' جو کوہ طور کے ایک طرف سرخ ٹیلے کے نیچے تھی۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) بے شک اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی مخلوق کا معلم بنا کے بھیجا ہے اور انہیں (اپنے احکام کی) مراد کو واضح کرنے کا مقام عطا کیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے رسالت کی تبلیغ کی اور اس کی آیات کے مجمل الفاظ کو بیان کیا اور اس کی تفسیر کی' جسے آپ سے آپ کے اصحاب نے سیکھا' یا ان میں سے بعض افراد نے سیکھا یہ روایت بھی ان روایات میں شامل ہے' جس کا مفہوم وہ شخص جان سکتا ہے' جو حق تک پہنچنے کی توفیق سے محروم نہ ہو اور وہ یوں کہ اللہ تعالیٰ نے ملک

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



الموت کو حضرت موسیٰ علیہ السلام علیہ السلام کی طرف اس لئے بھیجا تا کہ آزمائش کو ظاہر کرے اور خبر کو ظاہر کرے اور اسے یہ حکم دیا کہ وہ ان سے یہ کہے کہ وہ اپنے پروردگار کے بلاوے پر لبیک کہیں' تو یہ ایک ایسا حکم تھا جو خبر جاننے کے لئے اور آزمائش کے لئے تھا۔ یہ کوئی ایسا حکم نہیں تھا جسے جاری کرنا اللہ تعالیٰ کی مراد ہوتی جس طرح اللہ تعالیٰ نے اپنے خلیل کو یہ حکم دیا کہ وہ اپنے بیٹے کو ذبح کر دیں' تو یہ خبر معلوم کرنے کے لئے اور آزمائش کے طور پر تھا یہ کوئی ایسا حکم نہیں تھا جسے اللہ تعالیٰ برقرار رکھنے کا ارادہ رکھتا تھا' تو جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو ذبح کرنے کا پختہ ارادہ کرلیا' تو اللہ تعالیٰ نے ان کا فدیہ عظیم صورت میں دیا۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے (مختلف موقعوں پر) فرشتوں کو اپنے رسولوں کی طرف ایسی شکل وصورت میں بھیجا کہ وہ رسول انہیں پہچان نہیں سکے جس طرح کچھ فرشتے اللہ کے رسول حضرت ابراہیم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو حضرت ابراہیم علیہ السلام انہیں پہچان نہیں سکے' یہاں تک کہ انہیں ان کی طرف سے خوف محسوس ہوا۔ اسی طرح حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایمان اور اسلام کے بارے میں سوالات کئے' لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں اس وقت انہیں پہچانے جب وہ واپس چلے گئے تھے' تو جب ملک الموت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا' تو وہ اس سے مختلف صورت میں تھا جس صورت میں حضرت موسیٰ علیہ السلام اس سے واقف تھے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام مزاج کے تیز تھے۔ انہیں اپنے گھر میں ایک ایسا شخص نظر آیا جس سے وہ واقف نہیں تھے' تو انہوں نے اپنا ہاتھ بڑھایا اور اسے طمانچہ رسید کر دیا۔ طمانچے کے نتیجے میں ملک الموت کی وہ آنکھ پھوٹ گئی جو اس کی اس شکل کے مطابق تھی جس شکل کو اختیار کر کے وہ آیا تھا۔ اس سے مراد اس کی وہ شکل نہیں ہے' جس پر اللہ تعالیٰ نے اسے پیدا کیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول روایت میں ہمارے نبی کی طرف سے اس بات کی صراحت آئی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جبرائیل نے بیت اللہ کے پاس دو مرتبہ میری امامت کی''۔ اس کے بعد پوری روایت ہے' جس کے آخر میں یہ الفاظ ہیں: ''یہ آپ کا اور آپ سے پہلے کے انبیاء کا وقت ہے'' تو اس روایت میں اس بات کا واضح بیان موجود ہے کہ بعض شرعی احکام میں ہماری شریعت کا وہی حکم ہے' جو پہلی اُمتوں کی شریعت کا تھا۔

تو جب ہماری شریعت کا یہ حکم ہے کہ جو شخص اجازت لئے بغیر اپنے گھر میں داخل ہونے والے شخص کی آنکھ پھوڑ دیتا ہے' تو ایسا کرنے والے شخص پر کوئی گناہ نہیں ہوگا۔ اس بارے میں بہت سی روایات منقول ہے' جنہیں ہم اپنی کتابوں میں دیگر مقامات پر املا کروا چکے ہیں' تو یہ بات بھی جائز ہوگی کہ اس بارے میں اس شریعت اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت کا حکم متفق ہو کہ جو شخص اپنے گھر میں اجازت کے بغیر داخل ہونے والے شخص کی آنکھ پھوڑ دیتا ہے اسے گناہ نہیں ہوگا' تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے یہ فعل کیا۔ یہ ان کے لئے مباح تھا اور ایسا کرنے پر ان پر کوئی حرج لاحق نہیں ہوا۔ جب ملک الموت اپنے پروردگار کی بارگاہ میں واپس گیا اور اسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف سے پیش آنے والی صورت حال کے بارے میں بتایا' تو اللہ تعالیٰ نے انہیں دوبارہ یہ حکم دیا کہ وہ دوسری مرتبہ اطلاع حاصل کرنے کے لئے اور آزمائش کے لئے جائے جیسا کہ ہم اس سے پہلے یہ بات ذکر کر چکے ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس سے فرمایا تم اس سے کہو اگر تم چاہو' تو اپنا ہاتھ بیل کی پشت پر رکھو' تو تمہارے ہاتھ کے نیچے جتنے بھی بال آئیں گے ہر ایک بال

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



کے عوض میں تمہیں ایک سال کی زندگی مل جائے گی جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اس بات کا پتہ چلا کہ یہ ملک الموت ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے پیغام لے کر آیا ہے' تو حضرت موسیٰ علیہ السلام ذہنی طور پر مرنے کے لئے تیار ہو گئے۔ انہوں نے مزید مہلت نہیں مانگی۔ انہوں نے کہا: پھر ابھی ٹھیک ہے۔

اگر حضرت موسیٰ علیہ السلام پہلی مرتبہ اسے پہچان لیتے کہ یہ موت کا فرشتہ ہے' تو وہ وہی طرز عمل اختیار کرتے جو دوسری مرتبہ اختیار کیا تھا' جب انہیں اس بارے میں یقین تھا۔ اس بارے میں علم بھی حاصل ہو چکا تھا۔

یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے' جو یہ کہتا ہے محدثین صرف لکڑیوں کا گٹھا اٹھاتے ہیں۔ وہ رات کے وقت بکریاں چراتے ہیں وہ ایسی چیز جمع کرتے ہیں جس کے ذریعے انہیں فائدہ حاصل نہیں ہوتا اور ایسی چیز روایت کرتے ہیں' جس پر انہیں اجر نہیں دیا جائے گا اور وہ ایسے نظریات رکھتے ہیں' جو اسلام' جنہیں باطل قرار دیتا ہے یہ وہ شخص ہے' جو احادیث کے معانی سے ناواقفیت کی وجہ سے اور روایات میں غور و فکر ترک کرنے کی وجہ سے (یہ نظریات رکھتا ہے) اور یہ شخص اپنی کمزور رائے اور الٹے قیاس کی بنیاد پر یہ رائے رکھتا ہے۔

## ذِكْرُ لَفْظَةٍ تُوهِمُ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ التَّاْوِيلَ الَّذِیْ تَاَوَّلْنَاهُ لِهٰذَا الْخَبَرِ مَدْخُولٌ

### ان الفاظ کا تذکرہ جنہوں نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ اس روایت کی جو تاویل ہم نے بیان کی ہے' وہ تاویل درست نہیں ہے

**6224** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): جَاءَ مَلَكُ الْمَوْتِ اِلٰى مُوْسَى لِيَقْبِضَ رُوْحَهُ، فَقَالَ لَهُ: اَجِبْ رَبَّكَ، فَلَطَمَ مُوْسَى عَيْنَ مَلَكِ الْمَوْتِ فَفَقَاَ عَيْنَهُ، فَرَجَعَ مَلَكُ الْمَوْتِ اِلٰى رَبِّهِ، فَقَالَ: يَا رَبِّ اَرْسَلْتَنِیْ اِلٰى عَبْدٍ لَا يُرِيْدُ الْمَوْتَ، وَقَدْ فَقَاَ عَيْنِیْ، فَرَدَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَيْنَهُ، فَقَالَ لَهُ: ارْجِعْ اِلَيْهِ، فَقُلْ لَهُ: الْحَيَاةَ تُرِيْدُ، فَاِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ الْحَيَاةَ فَضَعْ يَدَكَ عَلٰى مَتْنِ ثَوْرٍ، فَاِنَّكَ تَعِيشُ بِكُلِّ شَعْرَةٍ وَّارَتْ يَدُكَ سَنَةً، قَالَ: ثُمَّ مَهْ؟ قَالَ: الْمَوْتُ، قَالَ: فَالْاٰنَ مِنْ قَرِيبٍ، ثُمَّ قَالَ: رَبِّ، اَدْنِنِیْ مِنَ الْاَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ رَمْيَةً بِحَجَرٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ اَنِّی عِنْدَهُ لَاَرَيْتُكُمْ قَبْرَهُ اِلٰى جَنْبِ الطَّرِيقِ عِنْدَ الْكَثِيبِ الْاَحْمَرِ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذِهِ اللَّفْظَةُ اَجِبْ رَبَّكَ قَدْ تُوهِمُ مَنْ لَمْ يَتَبَحَّرْ فِی الْعِلْمِ اَنَّ التَّاْوِيلَ الَّذِیْ

6224- حديث صحيح. ابن أبي السري وهو محمد بن المتوكل قد توبع، ومن فوقه على شرطهما . وهو في "صحيفة همام" (60) ، وفي "مصنف عبد الرزاق " (20531) . ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 2/315، والبخاري بإثر الحديث (3407) في الأنبياء : باب وفاة موسى، ومسلم (2372) (158) في الفضائل: باب من فضائل موسى - صلى الله عليه وسلم -، والبيهقي في "الأسماء والصفات" ص 493، والبغوي (1451) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



قُلْنَاهُ لِلْخَبَرِ مَدْخُولٌ، وَذَلِكَ فِي قَوْلِ مَلَكِ الْمَوْتِ لِمُوسَى اَجِبْ رَبَّكَ بَيَانٌ اَنَّهُ عَرَفَهُ، وَلَيْسَ كَذَلِكَ لِاَنَّ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ لَمَّا شَالَ يَدَهُ وَلَطَمَهُ قَالَ لَهُ: اَجِبْ رَبَّكَ تَوَهَّمَ مُوسَى اَنَّهُ يَتَعَوَّذُ بِهٰذِهِ اللَّفْظَةِ دُوْنَ اَنْ يَكُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ اِلَيْهِ، فَكَانَ قَوْلُهُ: اَجِبْ رَبَّكَ الْكَشْفَ عَنْ قَصْدِ الْبِدَايَةِ فِيْ نَفْسِ الْاِبْتِلَاءِ، وَالْاِخْتِبَارِ الَّذِيْ اُرِيْدَ مِنْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ملک الموت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا تاکہ ان کی روح قبض کرلے اس نے ان سے کہا آپ اپنے پروردگار کی دعوت کو قبول کیجئے' تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ملک الموت کی آنکھ پر طمانچہ مار کر اس کی آنکھ پھوڑ دی ملک الموت اپنے پروردگار کی بارگاہ میں واپس گیا اور بولا: اے میرے پروردگار کیا' تو نے مجھے ایک ایسے بندے کی طرف بھیجا ہے' جو مرنا نہیں چاہتا اس نے میری آنکھ پھوڑ دی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی آنکھ کو ٹھیک کردیا اور فرمایا تم اس کے پاس واپس جاؤ اور اس سے کہو کیا تم زندگی چاہتے ہو اگر تم زندگی چاہتے ہو' تو اپنا ہاتھ کسی بیل کی پشت پر رکھو تمہارے ہاتھ کے نیچے جتنے بھی بال آئیں گے ہر ایک بال کے عوض میں ایک سال کی زندگی مل جائے گی۔ (جب یہ بات حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بتائی گئی)' تو انہیں نے دریافت کیا پھر کیا ہوگا فرشتے نے کہا: پھر موت آجائے گی' تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: (تو میں ابھی فوت ہوجاتا ہوں) پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی: اے میرے پروردگار مجھے ارضِ مقدس کے اتنا قریب کردے جتنی دور کوئی پتھر جا کر گرتا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اگر میں وہاں ہوتا' تو میں تمہیں راستے کے ایک طرف سرخ ٹیلے کے پاس ان کی قبر دکھاتا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) روایت کے یہ الفاظ ''آپ اپنے پروردگار کی دعوت کو قبول کیجئے'' یہ اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کرتے ہیں جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ یہ سمجھتا ہے) کہ وہ تاویل جو ہم نے اس روایت کی بیان کی ہے وہ درست نہیں ہے۔ وہ اس وجہ سے ملک الموت نے یہ کہا تھا آپ اپنے پروردگار کے بلاوے کو قبول کیجئے۔ یہ اس بات کا واضح بیان ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام ملک الموت کو پہچان گئے تھے' حالانکہ ایسا نہیں ہے کیونکہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنا ہاتھ پھیلا کر طمانچہ مار دیا تھا۔ اس وقت فرشتے نے ان سے یہ کہا تھا اپنے پروردگار کے بلاوے کو قبول کیجئے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام یہ سمجھے وہ ان الفاظ کے ذریعے پناہ مانگ رہا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ اندازہ نہیں ہوا۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے پیغام لے کر آیا ہے' تو اس میں اس کا یہ کہنا: ''اپنے پروردگار کے بلاوے کو قبول کیجئے''۔ یہ آزمائش اور اطلاع حاصل کرنے کے آغاز کے مقصد کو ظاہر کرتا ہے' جو اس کے ذریعے مراد لیا گیا ہے۔

## ذِكْرُ تَخْفِيفِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا قِرَاءَةَ الزَّبُوْرِ عَلٰى دَاوُدَ نَبِيِّ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ

### اللہ تعالیٰ کا حضرت داؤد علیہ السلام کے لیے زبور کی تلاوت کو آسان کردینے کا تذکرہ

**6225** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): خُفِّفَ عَلٰی دَاوُدَ الْقِرَاءَةُ، فَکَانَ یَاْمُرُ بِدَابَّتِهِ اَنْ تُسْرَجَ، فَیَفْرُغُ مِنْ قِرَاءَةِ الزَّبُوْرِ قَبْلَ اَنْ تُسْرَجَ دَابَّتُهُ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''حضرت داؤد علیہ السلام کے لئے تلاوت کو آسان کر دیا گیا۔ وہ اپنے جانور کے بارے میں حکم دیتے تھے کہ اس پر زین رکھی جائے' تو اس پر زین رکھی جانے سے پہلے وہ زبور کی تلاوت کر کے فارغ ہو جاتے تھے۔

## ذِکْرُ نَفْيِ الْفِرَارِ عِنْدَ الْمُلَاقَاةِ عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ دَاوُدَ عَلَیْهِ السَّلَامُ

## اللہ کے نبی حضرت داؤد علیہ السلام کا دشمن سے سامنے کے وقت فرار نہ ہونے کا تذکرہ

**6226** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ یَعْلٰی، حَدَّثَنَا الْقَوَارِیْرِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا حَبِیْبُ بْنُ اَبِیْ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْعَبَّاسِ، یُحَدِّثُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متنِ حدیث): قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَلَمْ اُخْبَرْ اَنَّکَ تَصُوْمُ النَّهَارَ، وَتَقُوْمُ اللَّیْلَ؟ اِذَا فَعَلْتَ ذٰلِکَ هَجَمَتْ لَکَ الْعَیْنُ، وَنَفِهَتْ لَکَ النَّفْسُ، لَا صَامَ مَنْ صَامَ الْاَبَدَ، صَوْمُ ثَلَاثَةِ اَیَّامٍ مِنْ کُلِّ شَهْرٍ صَوْمُ الدَّهْرِ، اِنَّ دَاوُدَ کَانَ یَصُوْمُ یَوْمًا وَیُفْطِرُ یَوْمًا، وَلَا یَفِرُّ اِذَا لَاقٰی

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا مجھے پتہ چلا ہے کہ تم روزانہ نفلی روزہ رکھتے ہو اور رات بھر نفل پڑھتے رہتے ہو تم اس طرح کرو گے' تو تمہاری آنکھیں اندر دھنس جائیں گی اور تمہارا جسم کمزور ہو جائے گا' جو شخص روزانہ نفلی روزہ رکھتا ہے اس نے درحقیقت روزہ نہیں رکھا ہر مہینے کے تین روزے رکھنا پورا مہینہ روزہ رکھنے کے مترادف ہے۔ حضرت داؤد علیہ السلام ایک دن روزہ رکھا کرتے تھے اور ایک دن روزہ نہیں رکھا کرتے تھے اور وہ جب دشمن کا سامنا کرتے تھے' تو فرار اختیار نہیں کرتے تھے۔

---

6225- حديث صحيح. ابن أبي السري متابع، ومن فوقه على شرط الشيخين، والحديث في "صحيفة همام" برقم (48). وأخرجه أحمد 2/314، والبخاري (3417) في الأنبياء: باب قول الله تعالى: (وآتينا داود زبوراً)، و (4713) في تفسير سورة الإسراء: باب (وآتينا داود زبوراً)، والبغوي (2027) من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري في "خلق أفعال العباد" ص 115، والبيهقي في "الأسماء والصفات" ص 272 عن أحمد بن حفص النيسابوري، حدثني أبي، حدثني إبراهيم بن طهمان، عن موسى بن عقبة، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ.

6226- إسناده صحيح على شرط الشيخين. القواريري: هو عُبيد الله بن عمر، وأبو العبَّاس: هو السائب بن فروخ، وقد تقدَّم تخريجه برقم (3571).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي مِنْهُ كَانَ يَتَقَوَّتُ دَاوُدُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

## اس سبب کا تذکرہ، جس کے ذریعے حضرت داؤد علیہ السلام روزی حاصل کیا کرتے تھے

**6227** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كَانَ دَاوُدُ لَا يَاْكُلُ اِلَّا مِنْ عَمَلِ يَدِهِ

❁❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھ سے کام کر کے (اس کی کمائی) کھایا کرتے تھے۔''

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ بَيْنَ اِسْمَاعِيلَ، وَدَاوُدَ اَلْفُ سَنَةٍ

## اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت داؤد علیہ السلام کے درمیان ایک ہزار سال کا فرق ہے

**6228** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ مَسْجِدٍ وُضِعَ فِي الْاَرْضِ اَوَّلُ؟ فَقَالَ: الْمَسْجِدُ الْحَرَامُ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ثُمَّ اَيٌّ؟ قَالَ: الْمَسْجِدُ الْاَقْصَى، قُلْتُ: فَكَمْ بَيْنَهُمَا؟ قَالَ: اَرْبَعُوْنَ سَنَةً، ثُمَّ حَيْثُ مَا اَدْرَكَتْكَ الصَّلَاةُ، فَصَلِّ، فَهُوَ لَكَ مَسْجِدٌ

❁❁ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! زمین پر سب سے پہلے کون سی مسجد بنائی گئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسجد حرام میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! پھر کون سی بنائی گئی آپ نے فرمایا: مسجد اقصیٰ میں نے دریافت کیا ان کے درمیان کتنی مدت ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چالیس سال (پھر آپ نے فرمایا) تمہیں

6227- حديث صحيح. ابن أبي السرى متابع، ومن فوقه على شرط الشيخين. وهو في "صحيفة همام" برقم (48). وأخرجه البخاري (2073) في البيوع: باب كسب الرجل وعمله بيده، من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني في "الصغير" (17)، وفي "الأوسط" (1205) عن أحمد بن مطير الرملي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ بْنِ أَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا الوليدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ معمر، به. وقال الطبراني: لم يروه عن الأوزاعي إلَّا الوليد، تفرَّد به ابن أبي السرى! وانظر تخريج الحديث المتقدم برقم (6225).

6228- إسناده صحيح على شرط الشيخين. عيسى بن يونس: هو ابن أبي إسحاق السبيعي، وإبراهيم التيمي: هو ابن يزيد بن شريك. وقد تقدم تخريجه برقم (1598).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



جہاں بھی نماز کا وقت ہو جائے تم وہاں نماز ادا کرلو وہ تمہارے لئے مسجد ہی ہوگی۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَيُّوبَ عِنْدَ اغْتِسَالِهِ اُمْطِرَ عَلَيْهِ جَرَادٌ مِّنْ ذَهَبٍ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حضرت ایوب علیہ السلام کے غسل کرنے کے وقت ان پر سونے کے ٹڈیوں کی بارش ہوئی تھی

**6229** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا اَيُّوبُ يَغْتَسِلُ عُرْيَانًا اُمْطِرَ عَلَيْهِ جَرَادٌ مِّنْ ذَهَبٍ، فَجَعَلَ اَيُّوبُ يَحْثِي فِي ثَوْبِهِ فَنَادَاهُ رَبُّهُ: يَا اَيُّوبُ اَلَمْ اُغْنِكَ عَمَّا تَرَى؟ قَالَ: بَلٰى، وَلٰكِنْ لَا غِنَى لِي عَنْ رَحْمَتِكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ایک مرتبہ حضرت ایوب علیہ السلام برہنہ ہو کر غسل کر رہے تھے۔ اسی دوران ان پر سونے کی بنی ہوئی ٹڈیوں کی بارش ہوئی۔ حضرت ایوب علیہ السلام نے انہیں اپنے کپڑے میں اکٹھا کرنا شروع کر دیا۔ ان کے پروردگار نے انہیں پکارا اے ایوب رضی اللہ عنہ کیا میں نے تمہیں اس چیز سے بے نیاز نہیں کیا جو تم دیکھ رہے ہو۔ انہوں نے عرض کی: جی ہاں' لیکن میں تیری رحمت سے بے نیاز نہیں ہوں۔''

## ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

## اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

اور وہ اس بات کا قائل ہے: یہ روایت ہمام بن منبہ کی نقل کردہ اس روایت کے برخلاف ہے' جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

**6230** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ

---

6229– إسناده صحيح على شرط مسلم. عبّاس بن عبد العظيم من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. وهو في "صحيفة همام" برقم (47). وأخرجه أحمد 2/314، والبخاري (279) في الغسل: باب من اغتسل عرياناً وحده، و (3391) في الأنبياء: باب قول الله تعالى: (وأيوب إذ نادى ربه أني مسّنيَ الضر وأنت أرحم الراحمين)، و (7493) في التوحيد: باب قول الله تعالى: (يريدون أن يبدلوا كلام الله)، والبيهقي في "الأسماء والصفات" ص 206، والبغوي (2027) من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/243 من طريق الأعرج، والنسائي 1/200، 201 في الغسل: باب الاستتار عند الاغتسال، من طريق عطاء بن يسار، كلاهما عن أبي هريرة، به، وانظر ما بعده.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ بَشِيْرِ بْنِ نَهِيكٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اُمْطِرَ عَلٰى اَيُّوبَ فَرَاشٌ مِّنْ ذَهَبٍ، فَجَعَلَ يَاْخُذُهُ، فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلَيْهِ: اَلَمْ اُوَسِّعْ عَلَيْكَ؟ فَقَالَ: بَلٰى يَا رَبِّ، وَلٰكِنْ لَا غِنَى لِي عَنْ فَضْلِكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''حضرت ایوب علیہ السلام پر سونے کے بنے ہوئے پتنگوں کی بارش ہوئی۔ انہوں نے انہیں پکڑنا شروع کر دیا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی کی کیا میں نے تمہیں وسعت عطا نہیں کی۔ انہوں نے عرض کی: جی ہاں اے میرے پروردگار! لیکن میں تیرے فضل سے بے نیاز نہیں ہو سکتا۔''

## ذِكْرُ وَصْفِ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ حَيْثُ اُرِيَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاهُ

## حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کے حلیے کا تذکرہ، جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دکھایا گیا

**6231** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُنِي اللَّيْلَةَ عِنْدَ الْكَعْبَةِ، فَرَاَيْتُ رَجُلًا آدَمَ كَاَحْسَنِ مَا اَنْتَ رَاءٍ مِنْ اُدْمِ الرِّجَالِ، لَهُ لِمَّةٌ كَاَحْسَنِ مَا اَنْتَ رَاءٍ مِنَ اللِّمَمِ، قَدْ رَجَّلَهَا فَهِيَ تَقْطُرُ مَاءً، مُتَّكِئًا عَلٰى رَجُلَيْنِ اَوْ عَلٰى عَوَاتِقِ رَجُلَيْنِ، يَطُوفُ بِالْبَيْتِ، فَسَاَلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالُوا: عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ، ثُمَّ اِذَا اَنَا بِرَجُلٍ جَعْدٍ قَطَطٍ اَعْوَرَ الْعَيْنِ الْيُمْنٰى، كَاَنَّ عَيْنَهُ عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ، فَسَاَلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالُوا: الْمَسِيحُ الدَّجَّالُ

---

6230- إسناده صحيح على شرط الشيخين. إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه، وعبد الصمد: هو ابن عبد الوارث. وأخرجه أحمد 2/511 عن عبد الصمد، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي (2455)، وعنه أحمد 2/304 و 490 عن همام بن يحيى، به.

6231- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ" 2/920 في صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -: باب ما جاء في صفة عيسى ابن مريم عليه السلام. ومن طريق مالك أخرجه البخاري (5902) في اللباس: باب الجعد، و (6999) في التعبير: باب رؤيا الليل، ومسلم (169) في الإيمان: باب ذكر المسيح ابن مريم والمسيح الدجال، وابن منده في "الإيمان" (730)، والبغوي (4266). وأخرجه أحمد 2/126-127، والبخاري (3440) في الأنبياء: باب قول الله تعالى: (واضرب لهم مثلاً أصحاب القرية)، ومسلم (169) (274)، وابن منده (731) و (732) من طريقين عن نافع، به. وأخرجه أحمد 2/83 و 122 و 144 و 154، والبخاري (3441) في الأنبياء: باب قول الله تعالى: (واضرب لهم مثلاً أصحاب القرية)، و (7026) في التعبير: باب الطواف بالكعبة في المنام، و (7128) في الفتن: باب ذكر الدجال، ومسلم (169) (275)، والطيالسي (1811)، وابن منده (733) و (734) و (735) و (736) و (737) من طريقين عن سالم بن عبد الله بن عمر، عن أبيه، بنحوه، وفيه: عن المسيح الدجال: "أقرب الناس شبهاً به ابن قطن، رجل من خزاعة."

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''گزشتہ رات میں نے خود کو خانہ کعبہ کے پاس دیکھا میں نے گندمی رنگ کے ایک شخص کو دیکھا جو اتنے خوبصورت تھے جو تم نے گندمی رنگ کے سب سے زیادہ خوبصورت آدمی کو دیکھا ہوان کے لمبے بال تھے۔ تم نے سب سے خوبصورت بال جو بھی دیکھیں ہوں (وہ ویسے ہی تھے) انہوں نے ان بالوں میں کنگھی کی ہوئی تھی اور اس میں سے پانی کے قطرے ٹپک رہے تھے وہ دو آدمیوں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) دو آدمیوں کے کندھوں پر ٹیک لگا کر بیت اللہ کا طواف کر رہے تھے۔ میں نے دریافت کیا یہ کون صاحب ہیں' تو لوگوں نے بتایا یہ حضرت عیسیٰ بن مریم ہے پھر میں نے گھنگھریالے بالوں والے ایک شخص کو دیکھا جس کی دائیں آنکھ کانی تھی۔ اس کی آنکھ پر پھولے ہوئے انگور کی طرح تھی۔ میں نے دریافت کیا یہ کون شخص ہے' تو لوگوں نے بتایا: یہ دجال ہے۔''

## ذِكْرُ تَشْبِيْهِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ بِعُرْوَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ

### نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کو عروہ ابن مسعود سے تشبیہ دینے کا تذکرہ

**6232** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): عُرِضَ عَلَيَّ الْاَنْبِيَاءُ، فَاِذَا مُوْسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ ضَرْبٌ مِّنَ الرِّجَالِ كَاَنَّهُ مِنْ رِجَالِ شَنُوءَةَ، وَرَاَيْتُ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَاِذَا اَقْرَبُ النَّاسِ وَاَشَدُّهُ شَبَهًا عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، وَرَاَيْتُ اِبْرَاهِيْمَ فَرَاَيْتُ اَقْرَبَ النَّاسِ شَبَهًا صَاحِبَكُمْ، يَعْنِيْ نَفْسَهُ، وَرَاَيْتُ جِبْرِيْلَ فَاِذَا اَقْرَبُ النَّاسِ وَاَشْبَهُ النَّاسِ بِهٖ شَبَهًا دِحْيَةُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میرے سامنے انبیاء کو پیش کیا گیا' تو حضرت موسیٰ علیہ السلام ایسے شخص تھے جیسے ان کا تعلق شنوءہ قبیلے سے ہو پھر میں نے حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کو دیکھا' تو وہ عروہ بن مسعود کی شکل سے مشابہت رکھتے تھے پھر میں نے حضرت ابراہیم کو دیکھا' تو وہ تمہارے آقا کے ساتھ مشابہت رکھتے تھے۔ (راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد آپ کی اپنی ذات تھی) میں نے جبرائیل کو دیکھا' تو ان کی شکل وصورت ''دحیہ'' جیسی تھی۔

**6233** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا اَبَانُ

6232– إسناده صحيح، يزيد بن موهب: هو يزيد بن خالد بن يزيد، ثقة روى له أصحاب السُّنن، ومن فوقه من رجال الشيخين غير أبي الزبير فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 3/334، ومسلم (167) في الإيمان: باب الإسراء برَسُولِ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -، والترمذي (3649) في المناقب: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، وفي "الشمائل" (12)، وابن منده في "الإيمان" (729) من طرق عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد. وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح غريب.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بْنُ يَزِيْدَ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيْرٍ، اَنَّ زَيْدًا، حَدَّثَهُ، اَنَّ اَبَا سَلَّامٍ حَدَّثَهُ، اَنَّ الْحَارِثَ الْاَشْعَرِيَّ حَدَّثَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): اِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اَمَرَ يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ يَّعْمَلُ بِهِنَّ، وَيَاْمُرُ بَنِي اِسْرَائِيْلَ اَنْ يَّعْمَلُوا بِهِنَّ، وَاِنَّ عِيْسَى قَالَ لَهُ: اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَمَرَكَ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ تَعْمَلُ بِهِنَّ وَتَاْمُرُ بَنِي اِسْرَائِيْلَ اَنْ يَّعْمَلُوا بِهِنَّ، فَاِمَّا اَنْ تَاْمُرَهُمْ، وَاِمَّا اَنْ آمُرَهُمْ، قَالَ: فَجَمَعَ النَّاسَ فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ حَتّٰى امْتَلَاَتْ وَجَلَسُوا عَلَى الشُّرُفَاتِ فَوَعَظَهُمْ، وَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اَمَرَنِيْ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ اَعْمَلُ بِهِنَّ وَآمُرُكُمْ اَنْ تَعْمَلُوا بِهِنَّ: اَوَّلُهُنَّ اَنْ تَعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهٖ شَيْئًا، وَمَثَلُ ذٰلِكَ مَثَلُ رَجُلٍ اشْتَرَى عَبْدًا بِخَالِصِ مَالِهٖ بِذَهَبٍ اَوْ وَرِقٍ، وَقَالَ لَهُ: هٰذِهٖ دَارِي، وَهٰذَا عَمَلِي فَجَعَلَ الْعَبْدُ يَعْمَلُ وَيُؤَدِّي اِلٰى غَيْرِ سَيِّدِهٖ، فَاَيُّكُمْ يَسُرُّهٗ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدُهٗ هٰكَذَا، وَاِنَّ اللّٰهَ خَلَقَكُمْ وَرَزَقَكُمْ، فَاعْبُدُوْهُ وَلَا تُشْرِكُوا بِهٖ شَيْئًا، وَآمُرُكُمْ بِالصَّلَاةِ فَاِذَا صَلَّيْتُمْ فَلَا تَلْتَفِتُوا فَاِنَّ الْعَبْدَ اِذَا لَمْ يَلْتَفِتِ اسْتَقْبَلَهُ جَلَّ وَعَلَا بِوَجْهِهٖ، وَآمُرُكُمْ بِالصِّيَامِ وَاِنَّمَا مَثَلُ ذٰلِكَ كَمَثَلِ رَجُلٍ مَعَهٗ صُرَّةٌ فِيْهَا مِسْكٌ، وَعِنْدَهٗ عِصَابَةٌ يَسُرُّهٗ اَنْ يَّجِدُوْا رِيْحَهَا، فَاِنَّ الصِّيَامَ عِنْدَ اللّٰهِ اَطْيَبُ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ، وَآمُرُكُمْ بِالصَّدَقَةِ، وَاِنَّ مَثَلَ ذٰلِكَ كَمَثَلِ رَجُلٍ اَسَرَهُ الْعَدُوُّ فَاَوْثَقُوا يَدَهٗ اِلٰى عُنُقِهٖ، وَاَرَادُوْا اَنْ يَّضْرِبُوْا عُنُقَهٗ، فَقَالَ: هَلْ لَكُمْ اَنْ اَفْدِيَ نَفْسِي فَجَعَلَ يُعْطِيْهِمُ الْقَلِيْلَ وَالْكَثِيْرَ لِيَفُكَّ نَفْسَهٗ مِنْهُمْ، وَآمُرُكُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ فَاِنَّ مَثَلَ ذٰلِكَ كَمَثَلِ رَجُلٍ طَلَبَهُ الْعَدُوُّ سِرَاعًا فِيْ اَثَرِهٖ، فَاَتٰى عَلٰى حُصَيْنٍ، فَاَحْرَزَ نَفْسَهٗ فِيْهِ، فَكَذٰلِكَ الْعَبْدُ لَا يُحْرِزُ نَفْسَهٗ مِنَ الشَّيْطَانِ اِلَّا بِذِكْرِ اللّٰهِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاَنَا آمُرُكُمْ بِخَمْسٍ اَمَرَنِي اللّٰهُ بِهَا: بِالْجَمَاعَةِ، وَالسَّمْعِ، وَالطَّاعَةِ، وَالْهِجْرَةِ، وَالْجِهَادِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَمَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ قِيْدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهٖ اِلَّا اَنْ يُّرَاجِعَ، وَمَنْ دَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ فَهُوَ مِنْ جُثَا جَهَنَّمَ، قَالَ رَجُلٌ: وَاِنْ صَامَ وَصَلّٰى؟ قَالَ: وَاِنْ صَامَ وَصَلّٰى، فَادْعُوْا بِدَعْوَى اللّٰهِ الَّذِيْ سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ عِبَادَ اللّٰهِ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: الْاَمْرُ بِالْجَمَاعَةِ بِلَفْظِ الْعُمُوْمِ، وَالْمُرَادُ مِنْهُ الْخَاصُّ، لِاَنَّ الْجَمَاعَةَ هِيَ اِجْمَاعُ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَنْ لَزِمَ مَا كَانُوا عَلَيْهِ وَشَذَّ عَنْ مَنْ بَعْدَهُمْ لَمْ يَكُنْ بِشَاقٍّ لِلْجَمَاعَةِ، وَلَا مُفَارِقٍ لَهَا، وَمَنْ شَذَّ عَنْهُمْ وَتَبِعَ مَنْ بَعْدَهُمْ كَانَ شَاقًّا لِلْجَمَاعَةِ، وَالْجَمَاعَةُ بَعْدَ الصَّحَابَةِ هُمْ اَقْوَامٌ اجْتَمَعَ فِيْهِمُ الدِّيْنُ وَالْعَقْلُ وَالْعِلْمُ، وَلَزِمُوا تَرْكَ الْهَوٰى فِيْمَا هُمْ فِيْهِ، وَاِنْ قَلَّتْ اَعْدَادُهُمْ، لَا اَوْبَاشُ النَّاسِ وَرِعَاعُهُمْ، وَاِنْ كَثُرُوا، وَالْحَارِثُ الْاَشْعَرِيُّ هٰذَا: هُوَ اَبُوْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِيُّ، اسْمُهُ الْحَارِثُ بْنُ مَالِكٍ، مِنْ سَاكِنِي الشَّامِ

❁❁ حضرت حارث اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے حضرت یحییٰ بن زکریا کو پانچ باتوں کا حکم دیا کہ وہ ان پر عمل کریں اور بنی اسرائیل کو بھی اس بات کی ہدایت کریں کہ وہ لوگ ان پر عمل کریں حضرت عیسیٰ نے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



ان سے کہا اللہ تعالیٰ نے آپ کو پانچ باتوں کا حکم دیا ہے۔ آپ ان پر عمل کریں۔ بنی اسرائیل کو بھی ہدایت کریں کہ وہ ان پر عمل کریں' یا' تو آپ بنی اسرائیل کو ان کا حکم دیدیں' یا پھر میں حکم دیدیتا ہوں۔

نبی اکرم ﷺ کہتے ہیں: انہوں نے لوگوں کو بیت المقدس میں جمع کیا' یہاں تک کہ وہ بھر گیا اور لوگ اس کے بالا خانوں میں بھی بیٹھ گئے۔ انہوں نے ان لوگوں کو وعظ کرنا شروع کیا اور یہ کہا بے شک اللہ تعالیٰ نے مجھے پانچ باتوں کا حکم دیا ہے کہ میں ان پر عمل کروں اور تم لوگوں کو بھی اس بات کی ہدایت کروں کہ تم ان پر عمل کرو۔ ان میں سے پہلی بات یہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کروں اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤ۔ اس کی مثال ایسے شخص کی طرح ہے' جو خاص اپنے مال میں سے سونے یا چاندی کے عوض میں کوئی غلام خریدتا ہے اور اسے یہ کہتا ہے کہ یہ میرا گھر ہے یہ میرا کام ہے' لیکن وہ غلام کام کر کے اپنا آقا کی بجائے کسی اور کے حوالے کر دیتا ہے' تو تم میں سے کون شخص اس بات کو پسند کرے گا کہ اس کا غلام اس طرح کا ہو بے شک اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کو پیدا کیا ہے۔ اس نے تمہیں رزق عطا کیا ہے تم اسی کی عبادت کرو اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤ میں تمہیں نماز پڑھنے کی بھی ہدایت کرتا ہوں جب تم نماز پڑھو' تو اِدھر اُدھر توجہ نہ کرو کیونکہ بندہ جب (نماز پڑھ رہا ہوتا ہے) اور وہ ادھر ادھر توجہ نہیں کرتا' تو اس کا پروردگار اس کے سامنے ہوتا ہے اور میں تمہیں روزہ رکھنے کا حکم دیتا ہوں۔ اس کی مثال ایسے شخص کی مانند ہے' جس کے پاس ایک ایسی تھیلی ہو' جس میں مشک موجود ہو اور اس کے پاس کچھ لوگ موجود ہوں' جنہیں یہ بات پسند ہو کہ وہ اس خوشبو کو حاصل کریں' تو روزہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مشک کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ ہے۔ میں تمہیں صدقہ کرنے کا حکم کرتا ہوں۔ اس کی مثال ایسے شخص کی مانند ہے' جسے دشمن قید کر لیتے ہیں اور اس کے ہاتھ اس کی گردن پر باندھ دیتے ہیں۔ وہ اس کی گردن اڑانے کا ارادہ کرتے ہیں وہ شخص یہ کہتا ہے کیا میں تمہیں اپنی ذات کا فدیہ دے دوں' تو وہ انہیں تھوڑا اور زیادہ (فدیہ دینے کی پیشکش) کرتا ہے' تاکہ ان لوگوں سے اپنے آپ کو چھڑا لے۔ میں تمہیں اللہ کا ذکر کرنے کا حکم دیتا ہوں کیونکہ اس کی مثال ایسے شخص کی مانند ہے' جس کے پیچھے دشمن تیز رفتاری سے لگا ہوا ہو اور پھر وہ شخص ایک قلعہ کے پاس آجائے اور اپنے آپ کو اس میں داخل کر کے محفوظ کر لے۔ اسی طرح بندہ اپنے آپ کو شیطان سے صرف اللہ تعالیٰ کے ذکر کے ذریعے ہی محفوظ کر سکتا ہے۔

اللہ کے رسول نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں پانچ باتوں کے ذکر کا حکم دیتا ہوں جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ مسلمانوں کی (جماعت کے ساتھ رہنا) حاکم وقت کی اطاعت و فرمانبرداری کرنا ہجرت کرنا اللہ کی راہ میں جہاد کرنا جو شخص (مسلمانوں کی) جماعت سے ایک بالشت الگ ہوتا ہے وہ اپنی گردن سے اسلام کا پٹہ اتار دیتا ہے۔ اس وقت تک' جب تک وہ واپس نہیں آجاتا اور جو شخص زمانہ جاہلیت کا سا دعویٰ کرتا ہے وہ جہنم میں جائے گا۔ ایک شخص نے عرض کی: اگرچہ وہ روزہ رکھتا ہو نماز پڑھتا ہو۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگرچہ وہ روزہ رکھتا ہو اور نماز پڑھتا ہو تم لوگ (ایک دوسرے کو) اللہ تعالیٰ کے متعین کردہ نام کے ذریعے بلاؤ اس نے تمہیں مسلمان اور مومن کا نام دیا ہے اے اللہ کے بندو!۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) جماعت کے ساتھ رہنے کا حکم الفاظ کے عموم کے ذریعے ہے' لیکن اس کے ذریعے خاص مفہوم مراد ہے کیونکہ جماعت سے مراد نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کا متفق ہونا ہے' تو جو شخص اس چیز کو لازم پکڑے جس پر صحابہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


کرام رضی اللہ عنہم کا اتفاق تھا اور ان کے بعد آنے والے لوگوں سے مختلف رائے اختیار کرے وہ جماعت سے علیحدہ ہونے والا یا اس کو ترک کرنے والا شمار نہیں ہوگا' لیکن جو شخص صحابہ کی جماعت سے علیحدہ ہو جائے اور ان کے بعد میں آنے والوں میں سے کسی کی پیروی کرے وہ جماعت سے الگ ہونے والا شمار ہوگا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بعد جماعت مختلف قسم کے لوگ ہیں جن میں دین عقل اور علم کا اتفاق ہوا اور ان لوگوں نے خواہش نفس کی پیروی کو ترک کیا۔ اگرچہ ان کی تعداد بہت تھوڑی سی ہے۔ اس سے مراد عام اور فضول لوگ نہیں ہیں اگرچہ ان کی تعداد زیادہ ہے۔

حارث اشعری نامی راوی حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ ہیں ان کا نام حارث بن مالک ہے اور یہ شام میں رہائش پذیر تھے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَوْلَادَ آدَمَ يَمَسُّهُمُ الشَّيْطَانُ عِنْدَ وِلَادَتِهِمْ اِلَّا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ تمام اولاد آدم کی پیدائش کے وقت شیطان انہیں چھوتا ہے'

البتہ حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کا معاملہ مختلف ہے (یعنی ان کی پیدائش کے وقت شیطان نے انہیں چھوا نہیں تھا)

**6234** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنِي ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ اَبَا يُونُسَ، مَوْلٰى اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُلُّ بَنِي آدَمَ يَمَسُّهُ الشَّيْطَانُ يَوْمَ وَلَدَتْهُ اُمُّهُ اِلَّا مَرْيَمَ وَابْنَهَا عِيسٰى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اولاد آدم میں سے جس (بچے کو) اس کی والدہ جنم دیتی ہے تو شیطان اسے مس کرتا ہے۔ صرف سیدہ مریم رضی اللہ عنہا اور ان کے صاحب زادے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا معاملہ مختلف ہے۔''

---

6233– إسناده صحيح رجاله ثقات . أبو سلام الحبشي: اسمه ممطور . وأخرجه أبو يعلى (1571) ، والحاكم 1/118، والآجرى فى "الشريعة" ص 8 من طريق هدبة بن خالد، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي (1161) و (1162) ، والترمذى (2863) و (2864) فى الأمثال: باب ما جاء فى مثل الصلاة والصيام والصدقة، وابن خزيمة (1895) ، والطبرانى (3428) من طريق أبان بن يزيد، به . وأخرجه أحمد 4/130 و 202، والطبرانى (3427) ، والحاكم118-1/117 و 118، وابن الأثير فى "أسد الغابة" 1/383 من طرق عن يحيى بن أبى كثير، به . وأخرجه ابن خزيمة (930) ، والطبرانى (3430) ، والمزى فى "تهذيب الكمال" 5/217-219 من طريقين عن أبى توبة الربيع بن نافع، حدثنا معاوية بن سلام، عن زيد بن سلام، به.

6234– إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو يونس: اسمه سليم بن جبير . وأخرجه مسلم (2366) (147) فى الفضائل: باب فضل عيسى - صلى الله عليه وسلم -، والطبرى فى "جامع البيان" (6889) من طريقين عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وأخرجه الطبرى (6890) عن يونس، عن ابن وهب، عن حرملة بن عمران، عن أبى يونس به . وأخرجه الحميدى (1042) ، والبخارى (3286) فى بدء الخلق: باب صفة إبليس وجنوده، والطبرى (6884) و (6885) و (6888) و (6892) و (6897) و (6899) ، وأبو يعلى (5971) ، والبغوى فى "معالم التنزيل" 1/295 من طرق عن أبى هريرة بنحوه. وانظر ما بعده.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ عَلَامَةِ مَسِّ الشَّيْطَانِ الْمَوْلُوْدَ عِنْدَ وِلَادَتِهِ

## بچے کی پیدائش کے وقت شیطان کے اسے چھونے کی علامت کا تذکرہ

**6235** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا مِنْ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ اِلَّا يَمَسُّهُ الشَّيْطَانُ فَيَسْتَهِلُّ صَارِخًا اِلَّا مَرْيَمَ ابْنَةَ عِمْرَانَ وَابْنَهَا، اِنْ شِئْتُمْ اقْرَءُ وْا: (اِنِّي اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ) (آل عمران: 36)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو بھی بچہ پیدا ہوتا ہے شیطان اسے مس کرتا ہے' جس کی وجہ سے وہ بلند آواز میں روتا ہے صرف عمران کی صاحب زادی بی بی مریم اور ان کے صاحب زادے (حضرت عیسیٰ علیہ السلام) کے ساتھ ایسا نہیں ہوا اگر تم چاہو' تو یہ آیت تلاوت کر لو۔

''بے شک میں اسے اور اس کی اولاد کو مردود شیطان (کے شر سے) تیری پناہ میں دیتی ہوں۔''

## ذِكْرُ الْمُدَّةِ الَّتِيْ بَقِيَتْ فِيْهَا اُمَّةُ عِيْسٰى عَلٰى هَدْيِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس علت کا تذکرہ' جس مدت تک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی امت ان کی لائی ہوئی ہدایت پر گامزن رہی تھی

**6236** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنِ الْوَضِيْنِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ نَصْرِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

---

6235- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير مسدد بن مسرهد، فمن رجال البخاري . وأخرجه أحمد 2/233 و275-274، والبخاري (4548) في تفسير سورة آل عمران: باب قوله تعالى: (وإني أعيذها بك وذريتها من الشيطان الرجيم) ، ومسلم (2366) في الفضائل: باب فضل عيسى - صلى الله عليه وسلم -، والطبري في "جامع البيان" (6891) من طريقين عن معمر، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (3431) في الأنبياء : باب قول الله تعالى: (واذكر في الكتاب مريم إذ انتبذت من أهلها مكاناً شرقياً) ، ومسلم (2366) ، والطبري (6887) ، والبغوي في "معالم التنزيل" 1/295 من طريقين عن الزهري به.

6236- إسناده ضعيف، الوضين بن عطاء سَيِّءُ الحفظ، وباقي رجاله ثقات. أبو همام: هو الوليد بن شجاع السكوني . وقال الحافظ ابن كثير في "البداية والنهاية" 2/17 بعد أن أورد الحديث من طريق أبي يعلى بهذا الإسناد: هذا حديث غريب وفي رفعه نظر، والوضين بن عطاء كان ضعيفاً في الحديث والله أعلم . وقال ابن أبي حاتم في "المراسيل" ص 226: سألت أبي عن حديث يرويه نَصْرِ بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -: "لَقَدْ قَبَضَ اللَّهُ داود ... " قال أبي: نَصْرِ بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ مرسل، ونصر بن علقمة لم يدرك جبير بن نفير . وذكره الهيثمي في "المجمع" 1/191-192، وقال: رواه الطبراني ورجاله موثقون!

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


(متن حدیث): لَقَدْ قَبَضَ اللّٰهُ دَاوُدَ مِنْ بَيْنِ اَصْحَابِهِ، فَمَا فُتِنُوا وَلَا بَدَّلُوا، وَلَقَدْ مَكَثَ اَصْحَابُ الْمَسِيحِ عَلٰى سُنَّتِهِ وَهَدْيِهِ مِائَتَى سَنَةٍ

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کے ساتھیوں کے درمیان ان کی روح کو قبض کرلیا' تو وہ آزمائش میں مبتلا نہیں ہوئے اور انہوں نے (دین کے احکام میں) تبدیلی نہیں کی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھی دوسو سال تک ان کی سنت اور ہدایت پر کاربند رہے۔''

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ التَّخْيِيرِ بَيْنَ الْاَنْبِيَاءِ عَلٰى سَبِيلِ الْمُفَاخَرَةِ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ انبیاء میں سے باہمی مقابلے کے طور پر کسی ایک کو دوسرے سے بہتر قرار دیا جائے

**6237** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيٰى، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِى سَعِيدِ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا تُخَيِّرُوا بَيْنَ الْاَنْبِيَاءِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''انبیاء کے درمیان کسی ایک کو دوسرے سے بہتر قرار نہ دو۔''

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ هٰذَا الزَّجْرَ زَجْرُ نَدْبٍ لَا حَتْمٍ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: یہ ممانعت استحباب کے طور پر ہے لازمی طور پر نہیں ہے

**6238** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ

6237– إسناده صحيح على شرط الشيخين. عمرو بن يحيى: هو المازني. وأخرجه، وبأطول منه أحمد 1/3 و 33، وابن أبي شيبة11/509، والبخاري (4638) في التفسير: باب (ولما جاء موسى لميقاتنا وكلمه ربه)، و (6916) و (6917) في الديات: باب إذا لطم المسلم يهودياً عند الغضب، ومسلم (2374) (163) في الفضائل: باب من فضائل موسى عليه السلام، والطحاوي في "شرح معاني الآثار "4/315 وفي "شرح مشكل الآثار "1/452 وأبو يعلى (1368)، والبيهقي في "الأسماء والصفات " ص 395 من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة11/526، والبخاري (2412) في الخصومات: باب ما يذكر في الإشخاص والخصومة بين المسلمين واليهود، وأبو داود (4668) في السنة: باب في التخيير بين الأنبياء عليهم السلام، والطبراني في "الأوسط" (262) من طرق عن عمرو بن يحيى به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


اِبْـرَاهِيمَ، قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَنْبَغِي لِعَبْدٍ اَنْ يَّقُوْلَ: اَنَا خَيْرٌ مِّنْ يُّوْنُسَ بْنِ مَتّٰى

19
19

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کسی بھی بندے کے لئے یہ کہنا مناسب نہیں ہے کہ میں حضرت یونس بن متی علیہ السلام سے بہتر ہوں۔''

## ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِیْ مِنْ اَجْلِهَا زُجِرَ عَنْ هٰذَا الْفِعْلِ

## اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اس فعل سے منع کیا گیا ہے

**6239** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تُطْرُوْنِیْ كَمَا اَطْرَتِ النَّصَارٰى عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ، فَاِنَّمَا اَنَا عَبْدٌ، فَقُوْلُوْا: عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تم مجھے یوں نہ بڑھا دینا جس طرح عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بڑھا دیا تھا، میں بندہ ہوں، تو تم یہ کہو (حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔''

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى صِحَّةِ مَا تَاَوَّلْنَا خَبَرَ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ، بِاَنَّ هٰذَا الْفِعْلَ اِنَّمَا زُجِرَ عَنْهُ اِذَا كَانَ ذٰلِكَ عَلَى التَّفَاخُرِ لَا عَلَى التَّدَايُنِ

6238- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الوليد: هو الطيالسي هشام بن عبد الملك . وأخرجه البخاري (3416) في الأنبياء : باب (وإن يونس لمن المرسلين) عن أبي الوليد الطيالسي، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/405، وابن أبي شيبة 11/540، والطيالسي (2531) ، والبخاري (4631) في تفسير سورة الأنعام: باب قوله: (ويونس ولوطاً وكلًّا فضَّلنا على العالمين) ، ومسلم (2376) في الفضائل: باب في ذكر يونس عليه السلام، وأبو داود (4669) في السنَّة: باب: التخيير بين الأنبياء عليهم الصلاة والسلام، وابن منده في "الإيمان" (720) ، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 4/316، وفي: "شرح مشكل الآثار" 447-1/446، من طرق عن شعبة، به. وأخرجه أحمد 2/359 من طريق إبراهيم بن سعد بن إبراهيم، عن أبيه، به . وأخرج البخاري (4604) في تفسير سورة النساء : باب قوله: (إنا أوحينا إليك كما أوحينا إلى نوح) ، و (4805) في تفسير سورة يونس: باب قوله: (وإن يونس لمن المرسلين) من طريقين

6239- إسناده صحيح على شرط البخاري، عبد الرحمن بن إبراهيم من رجال البخاري، ومن فوقه على شرطهما. وقد تقدم الحديث مطولاً برقم (413) و (414) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com

## اس روایت کا تذکرہ، جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: ہم نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت کی جو تاویل بیان کی ہے وہ درست ہے اور اس فعل سے منع اس وقت کیا گیا ہے، جب ایسا باہمی مقابلے کے طور پر کیا جائے، دینی اعتبار سے (کسی ایک کی فضیلت کے اظہار کے طور پر) ایسا نہ کیا جائے

**6240** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا خَيْرَنَا وَابْنَ خَيْرِنَا، وَيَا سَيِّدَنَا وَابْنَ سَيِّدِنَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَآ اَيُّهَا النَّاسُ قُوْلُوا بِقَوْلِكُمْ وَلَا يَسْتَفِزَّنَّكُمُ الشَّيْطَانُ، اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَضْمَرَ فِيْهِ، لِاَنَّ الْقَائِلَ قَالَ: وَيَا ابْنَ سَيِّدِنَا، فَتَفَاخَرَ بِالْاٰبَاءِ الْكُفَّارِ

✿✿ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا: اے ہمارے سب سے بہتر فرد اور اے سب سے بہتر فرد کے صاحب زادے اے ہمارے سردار! اے ہمارے سردار کے صاحب زادے، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! اپنے محاورے کے مطابق بات چیت کیا کرو شیطان تمہیں غلط فہمی کا شکار نہ کر دے۔ میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس میں یہ بات پوشیدہ ہے: قائل نے یہ کہا تھا: اے ہمارے سردار، تو یہ کفار آباؤ اجداد پر فخر کرنے کا مفہوم لئے ہوئے تھا۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ اَنَسٍ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

## اس روایت کا تذکرہ، جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا، یہ روایت حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے برخلاف ہے، جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

**6241** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى السِّخْتِيَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَفَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْعَالِيَةِ، قَالَ: سَمِعْتُ، ابْنَ عَمِّ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ

---

6240- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 3/153، 241 و 249، والنسائي في "عمل اليوم والليلة" (248) و (249) من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وأخرج ابن أبي شيبة 11/518، وأحمد 3/178 و 184، ومسلم (2369) في الفضائل: باب من فضائل إبراهيم عليه السلام، وأبو داود (4672) في السنة: باب في التخيير بين الأنبياء عليهم الصلاة والسلام، والترمذي (3349) في التفسير: باب ومن سورة لم يكن، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 4/316 من طريق المختار بن فلفل عن أنس قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -: يا خير البرية، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -: "ذاك إبراهيم عليه السلام"، وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): مَا يَنْبَغِي لِعَبْدٍ أَنْ يَقُولَ أَنَا خَيْرٌ مِنْ يُونُسَ بْنِ مَتَّى نَسَبَهُ إِلَى أَبِيهِ

ابوالعالیہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کے چچازاد کو نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہوئے سنا ہے۔

''کسی بندے کے لئے یہ کہنا مناسب نہیں ہے کہ میں حضرت یونس علیہ السلام سے بہتر ہوں۔''

(راوی کہتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ نے ان کی نسبت ان کے والد کی طرف کی تھی۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِأَنَّ هٰذَا الْقَوْلَ إِنَّمَا زُجِرَ عَنْهُ مِنْ أَجْلِ التَّفَاخُرِ كَمَا ذَكَرْنَا قَبْلُ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے: یہ قول جس سے منع کیا گیا ہے یہ باہمی مقابلے کے حوالے سے ہے' جیسا کہ ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

**6242** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي شَدَّادُ أَبُو عَمَّارٍ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى كِنَانَةَ مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيلَ، وَاصْطَفٰى قُرَيْشًا مِنْ كِنَانَةَ، وَاصْطَفٰى بَنِي هَاشِمٍ مِنْ قُرَيْشٍ، وَاصْطَفَانِي مِنْ بَنِي هَاشِمٍ، فَأَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ وَلَا فَخْرَ، وَأَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ، وَأَوَّلُ شَافِعٍ، وَأَوَّلُ مُشَفَّعٍ

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے کنانہ کو منتخب کیا' کنانہ کی اولاد میں سے قریش کو منتخب کیا قریش میں سے بنو ہاشم کو منتخب کیا۔ بنو ہاشم میں سے مجھے منتخب کیا' تو میں اولاد آدم کا سردار ہوں اور یہ بات فخر کے طور پر

---

6241- إسناده صحيح على شرط الشيخين. عفان: هو ابن مسلم بن عبد الله الباهلي، وأبو العالية: هو رُفيع بنُ مِهران الرياحي. وأخرجه ابنُ أبي شيبة 11/541 عن عفان، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/242 و 342، والطيالسي (2650)، والبخاري (3413) في الأنبياء: باب قول الله تعالى: (وإن يونس لمن المرسلين)، ومسلم (2377) في الفضائل: باب في ذكر يونس عليه السلام، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" 1/446، والطبراني في "الكبير" (12753) من طرق عن شعبة، به. وأخرجه أحمد 1/254 و 292 عن عفان، حدثنا حماد بن سلمة، قال: أخبرنا علي بن زيد، عن يوسف بن مهران، عن ابن عباس، فذكره، وفيه زيادة. وعلي بن زيد: هو ابن جدعان، ضعيف.

6242- إسناده صحيح على شرط الصحيح. عبد الرحمن بن إبراهيم من رجال البخاري، ومن فوقه من رجال الشيخين غير شدّاد، وهو ابن عبد الله، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم (2276) في الفضائل: باب فضل نسب النبي - صلى الله عليه وسلم - والترمذي (3606) في المناقب: باب في فضل النبي - صلى الله عليه وسلم - من طريقين عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد. وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح غريب. وأخرجه أحمد 4/107، والترمذي (3605)، والطبراني في "الكبير" 22/161 من طرق عن الأوزاعي، به، وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح. وانظر الحديث الآتي برقم: (6333) و (6475).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



نہیں کہہ رہا بلکہ (قیامت کے دن) سب سے پہلے میرے لئے زمین کو شق کیا جائے گا اور میں سب سے پہلے شفاعت کروں گا اور سب سے پہلے میری شفاعت قبول کی جائے گی۔"

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّهُ مَا صُدِّقَ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ اَحَدٌ مَا صُدِّقَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کسی بھی نبی کی اتنی تصدیق کی گئی جتنی تصدیق نبی اکرم ﷺ کی کی گئی

**6243** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا صُدِّقَ نَبِيٌّ مَا صُدِّقْتُ، اِنَّ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ مَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُ مِنْ اُمَّتِهِ اِلَّا رَجُلٌ وَّاحِدٌ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"کسی بھی نبی کی اتنی تصدیق نہیں کی گئی جتنی میری تصدیق کی گئی۔ کچھ انبیاء تو ایسے تھے کہ ان کی اُمت میں سے صرف ایک شخص نے ان کی تصدیق کی۔"

## ذِكْرُ الْمَوْضِعِ الَّذِىْ سُرَّ فِيْهِ جُمْلَةٌ مِّنَ الْاَنْبِيَاءِ بِالْحِجَازِ

## اس جگہ کا تذکرہ' جو حجاز میں ہے اور جہاں کئی انبیاء نے آرام کیا

**6244** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ الدِّيلِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِمْرَانَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): عَدَلَ اِلَيَّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَاَنَا نَازِلٌ تَحْتَ سَرْحَةٍ بِطَرِيقِ مَكَّةَ، فَقَالَ: مَا اَنْزَلَكَ تَحْتَ

---

6243- إسناده صحيح على شرط الصحيح. على ابن المديني من رجال البخاري، حسين بن علي: هو ابن الوليد الجعفي، وزائدة: هو ابن قدامة، والمختار بنُ فُلفل، روى له مسلم، ووثقه أحمد وابن معين وأبو حاتم والعجلي والنسائي والمصنف وغيرهم؛ وقول المصنف عنه في "الثقات"5/429: "يخطىء كثيراً" لم يُتابعه عليه أحد، وكيف يصفه بكثرة الخطأ ثم يخرّج حديثه في "صحيحه"؟! وأخرجه ابن أبي شيبة 11/436، ومسلم (196) (332) في الإيمان: باب قول النبي - صلى الله عليه وسلم -: "أنا أوّل الناس يشفع في الجنة، وأنا أكثر الأنبياء تبعاً"، وأبو عوانة1/109، وابن منده في "الإيمان" (887)، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 255 من طرق عن حسين بن علي، بهذا الإسناد. وزاد بعضهم في أوّل الحديث: "أنا أوّل شفيع في الجنة، وأنا أكثر الأنبياء تبعاً يوم القيامة."

6244- إسناده ضعيف. محمد بن عمران الأنصاري لم يوثقه غير المؤلف 7/385 وقال: هو محمد بن عمران بن عبد الله الأنصاري، وذكره البخاري 1/202، وابن أبي حاتم 8/40 ولم يذكرا فيه جرحا ولا تعديلاً، وأبوه عمران لا يُعرف، وقال أبو عُمر ابن عبد البر في " التمهيد "13/64: لا أعرف محمد بن عمران هذا إلّا بهذا الحديث، وإن لم يكن أبوه عمران بن حبّان الأنصاري، أو عمران بن سوادة، فلا أدري من هو، وحديثه هذا مدني، وحسبك بذكر مالك له في كتابه. والحديث في "الموطأ"1/424 في الحج: باب جامع الحج. ومن طريق مالك أخرجه النسائي249-5/248 في الحج: باب ما ذكر في منى، والبيهقي5/139،

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



هٰذِهِ السَّرْحَةِ؟ فَقُلْتُ: اَرَدْتُ ظِلَّهَا، فَقَالَ: هَلْ غَيْرُ ذٰلِكَ؟ فَقُلْتُ: لَا، مَا اَنْزَلَنِي غَيْرُ ذٰلِكَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كُنْتَ بَيْنَ الْاَخْشَبَيْنِ مِنْ مِنًى، وَنَفَخَ بِيَدِهٖ نَحْوَ الْمَشْرِقِ، فَاِنَّ هُنَاكَ وَادِيًا يُقَالُ لَهُ السُّرَرُ بِهٖ شَجَرَةٌ سُرَّ تَحْتَهَا سَبْعُوْنَ نَبِيًّا

محمد بن عمران انصاری اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے مڑ کر میری طرف دیکھا میں اس وقت مکہ کے راستے میں ایک بڑے درخت کے نیچے پڑاؤ کئے ہوئے تھا۔ انہوں نے دریافت کیا تم اس بڑے کے نیچے کیوں پڑاؤ کئے ہوئے ہو۔ میں نے کہا: میں اس کے سائے میں آنا چاہ رہا تھا۔ انہوں نے دریافت کیا: کیا اس کے علاوہ کوئی اور وجہ بھی ہے؟ میں نے کہا: جی نہیں اس کے علاوہ کسی اور چیز نے مجھے پڑاؤ پر مجبور نہیں کیا' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔

''جب تم منیٰ کے دو پہاڑوں کے درمیان ہو' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک کے ذریعے مشرق کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: وہاں ایک وادی ہے' جس کا نام ''سر'' ہے۔ وہاں ایک درخت ہے' جس کے نیچے ستر [70] انبیاء نے پڑاؤ کیا۔''

## ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِيْ مِنْ اَجْلِهٖ هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَنَا مِنَ الْاُمَمِ

## اس سبب کا تذکرہ' جس کی وجہ سے ہم سے پہلے کی امتیں ہلاکت کا شکار ہوئیں

**6245** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِكَثْرَةِ سُؤَالِهِمْ، وَاخْتِلَافِهِمْ عَلٰى اَنْبِيَائِهِمْ، لَا تَسْاَلُوْنِيْ عَنْ شَيْءٍ اِلَّا اُحَدِّثُكُمْ بِهٖ، فَقَامَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُذَافَةَ بْنِ قَيْسٍ السَّهْمِيُّ، فَقَالَ: مَنْ اَبِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَبُوْكَ حُذَافَةُ، فَرَجَعَ اِلٰى اُمِّهٖ فَقَالَتْ لَهُ اُمُّهُ: مَا حَمَلَكَ عَلَى الَّذِيْ صَنَعْتَ؟ اِنَّا كُنَّا اَهْلَ جَاهِلِيَّةٍ وَّاَعْمَالٍ قَبِيْحَةٍ، فَقَالَ: مَا كُنْتُ لِاَدَعَ حَتّٰى اَعْرِفَ مَنْ كَانَ اَبِيْ مِنَ النَّاسِ، قَالَ: وَكَانَ فِيْهِ دُعَابَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم سے پہلے کے لوگ اپنے انبیاء سے بکثرت (غیر ضروری) سوالات کرنے اور اختلاف کرنے کی وجہ سے ہلاکت کا شکار ہوئے' تو تم مجھ سے جس بھی چیز کے بارے میں دریافت کرو گے میں تمہیں اس کے بارے میں بتا دوں گا۔

6245– إسناده حسن. محمد بن عمرو -وهو ابنُ عَلقمه الليثيّ- حسن الحديث، وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 2/503 حدثنا يزيد، أخبرنا محمد بن عمرو، بهذا الإسناد. وانظر حديث أبي هريرة المتقدم برقم (18) و (19) و (20)، وحديث أنس المتقدم برقم (106).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



حضرت عبداللہ بن حذافہ کھڑے ہوئے انہوں نے دریافت کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میرا باپ کون ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارا باپ حذافہ ہے وہ اپنی والدہ کے پاس واپس گئے۔ ان کی والدہ نے ان سے کہا تم نے ایسا کیوں کیا ہم لوگ زمانہ جاہلیت سے تعلق رکھتے تھے اور برے کام کیا کرتے تھے (لیکن اس کا یہ مطلب' تو نہیں کہ تم اس طرح کے سوالات کرو)' تو انہوں نے کہا: میں نے اس بارے میں ضرور معلوم کرنا تھا' تا کہ مجھے پتہ چل جائے میرا باپ کو ہے۔''

راوی کہتے ہیں: ان کے مزاج میں مذاق کا عنصر پایا جاتا تھا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَهْلَ الْكِتَابِ هُمُ الَّذِيْنَ ضَلُّوا وَغَضِبَ عَلَيْهِمْ، نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْهُمَا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اہل کتاب وہ لوگ ہیں جو گمراہ ہوئے اور اللہ تعالیٰ نے ان پر غضب کیا ہم ان دونوں قسم کے لوگوں سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

6246 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ سِمَاكَ بْنَ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبَّادَ بْنَ حُبَيْشٍ، يُحَدِّثُ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمَغْضُوبُ عَلَيْهِمْ: الْيَهُودُ، وَالضَّالُّونَ: النَّصَارٰى

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جن لوگوں پر غضب کیا گیا ان سے مراد یہودی ہیں اور گمراہ لوگوں سے مراد عیسائی ہیں۔''

## ذِكْرُ افْتِرَاقِ الْيَهُودِ وَالنَّصَارٰى فِرَقًا مُخْتَلِفَةً

## یہودیوں اور عیسائیوں کا مختلف فرقوں میں تقسیم ہونے کا تذکرہ

6247 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ سُرَيْجٍ النَّقَّالُ، اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): افْتَرَقَتِ الْيَهُودُ عَلٰى اِحْدٰى وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً، وَافْتَرَقَتِ النَّصَارٰى عَلٰى اثْنَتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ

---

6246– حديث حسن لغيره، عباد بنُ حُبيش وإن لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلف، ولم يرو عنه غير سماك بن حرب، قد تابعه الشعبى، ومُرَى بن قطرى عند الطبرى (193) و (209). وباقى رجاله ثقات رجال الشيخين غير سماك، فمن رجال مسلم. وهو فى "مسند" أحمد379-4/378، ومن طريقه أخرجه المزى فى "تهذيب الكمال" فى ترجمة عباد. وأخرجه الترمذى (2954) فى التفسير: باب ومن سورة الفاتحة، والطبرى (194) عن محمد بن المثنى، عن محمد بن جعفر، بهذا الإسناد. وسيرد عند المصنف بأطول مما هنا برقم (7206).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



فِرْقَةً، وَتَفْتَرِقُ أُمَّتِي عَلَى ثَلَاثٍ وَّسَبْعِينَ فِرْقَةً

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''یہودی 71 فرقوں میں تقسیم ہوئے تھے۔ عیسائی 72 فرقوں میں تقسیم ہوئے تھے میری اُمت 73 فرقوں میں تقسیم ہو گی۔''

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ السَّبَبِ الَّذِيْ مِنْ اَجْلِهٖ سَفَكَتْ بَنُو اِسْرَائِيْلَ دِمَاءَ هُمْ وَقَطَعُوْا اَرْحَامَهُمْ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو اس سبب کے بارے میں ہے' جس کی وجہ سے بنی اسرائیل نے ایک دوسرے کا خون بہایا تھا اور رشتہ داری کے حقوق کو پامال کیا تھا

6248 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِيَّاكُمْ وَالظُّلْمَ، فَاِنَّ الظُّلْمَ هُوَ الظُّلُمَاتُ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَاِيَّاكُمْ وَالْفُحْشَ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَاحِشَ وَالْمُتَفَحِّشَ، وَاِيَّاكُمْ وَالشُّحَّ فَاِنَّ الشُّحَّ قَدْ دَعَا مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَسَفَكُوا دِمَاءَ هُمْ، وَقَطَعُوْا اَرْحَامَهُمْ، وَاسْتَحَلُّوا مَحَارِمَهُمْ

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان پہنچا ہے:

''ظلم سے بچو' کیونکہ ظلم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قیامت کے دن تاریکیوں کی شکل میں ہوگا اور بدزبانی سے بچو کیونکہ اللہ تعالیٰ بدزبانی اور فحش گفتگو کرنے والے کو پسند نہیں کرتا اور بخل سے بچو کیونکہ بخل نے تم سے پہلے لوگوں کو اس بات پر مجبور کیا انہوں نے ایک دوسرے کا خون بہایا اور رشتہ داری کے حقوق کو پامال کیا اور حرام قرار دی گئی چیزوں کو حلال قرار دیا''۔

---

6247– حديث حسن. الحارث بن سريج النقال سيأتي الكلام عليه في الحديث رقم (7140) وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير محمد بن عمرو، وهو ابنُ عَلقمه الليثيّ، فقد روى له البخاري مقروناً ومسلم متابعة، وهو صدوق. والحديث في " مسند أبي يعلى " برقم (5910). وأخرجه أحمد 2/332، وأبو داود (4596) في السنّة: باب شرح السنّة، وابن ماجه (3991) في الفتن: باب افتراق الأمم، وأبو يعلى (5978) و (6117) من طرق عن محمد بن عمرو، بهذا الإسناد. وانظر الحديث الآتي برقم (6731).

6248– إسناده حسن، رجاله رجال الشيخين غير محمد بن عجلان، فقد روى له مسلم متابعة، وهو صدوق. سفيان: هو ابن عيينة، وسعيد: هو ابن أبي سعيد المقبري. وأخرجه الحاكم 1/12 من طريقين عن محمد بن عجلان، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري في "الأدب المفرد" (487) عن مسدد، حدثنا يحيى، عن ابن عجلان، عن سعيد، عن أبيه، عن أبي هريرة. وأخرجه البيهقي في "الآداب" (108) من طريق الربيع بن سليمان عن عبد الله بن وهب، عن سليمان بن بلال، عن ثور، عن سعيد المقبري، عن أبي هريرة. وأخرجه البخاري في "الأدب المفرد" (470) من طريق أبي رافع، عن سعيد، عن أبيه، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 2/431 عن يحيى بن سعيد، عن عُبيد الله، عن سعيد، ثم أخرجه عن يحيى بن سعيد، عن عُبيد الله، عن سعيد، عن أبي هريرة.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ كَانَتْ تَسُوسُهُمُ الْاَنْبِيَاءُ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ بنی اسرائیل کی قیادت انبیاء کرام کیا کرتے تھے

**6249** - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ، بِبَيْرُوتَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ سَيْفٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ، عَنْ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):اِنَّ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ كَانَتْ تَسُوسُهُمُ الْاَنْبِيَاءُ، كُلَّمَا مَاتَ نَبِيٌّ قَامَ نَبِيٌّ، وَاِنَّهُ لَيْسَ بَعْدِيْ نَبِيٌّ، قَالُوا: فَمَا يَكُوْنُ بَعْدَكَ؟ قَالَ: اُمَرَاءُ وَيَكْثُرُوْنَ، قَالُوا: مَا تَاْمُرُنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَوْفُوا بِبَيْعَةِ الْاَوَّلِ فَالْاَوَّلِ، وَاَدُّوا اِلَيْهِمُ الَّذِيْ لَهُمْ، فَاِنَّ اللّٰهَ سَائِلُهُمْ عَنِ الَّذِيْ لَكُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بنی اسرائیل کی رہنمائی انبیاء کیا کرتے تھے۔ان میں سے جب بھی کسی نبی کا انتقال ہوتا دوسرا نبی آجاتا میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔لوگوں نے دریافت کیا آپ کے بعد کیا ہوگا۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حکمران ہوں گے اور کثرت سے ہوں گے لوگوں نے کہا: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کی بیعت پوری کرنا جس سے پہلے بیعت لی گئی ہو اور تم ان کے حقوق کو ادا کردینا اللہ تعالیٰ ان سے تمہارے حقوق کے بارے میں سوال کرے گا (یعنی حساب لے گا)

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ كَانُوا يُسَمُّوْنَ فِيْ زَمَانِهِمْ بِاَسْمَاءِ الصَّالِحِيْنَ قَبْلَهُمْ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اپنے زمانے میں بنی اسرائیل اپنے بچوں کے نام اپنے سے پہلے نیک لوگوں کے ناموں کے مطابق رکھتے تھے

**6250** - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، اَخْبَرَنَا نُوحُ بْنُ حَبِيْبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ:

---

6249– إسناده صحيح، وقد تقدم تخريجه برقم (4555).

6250– إسناده حسن. نوح بن حبيب: ثقة روى له أبو داود والنسائي، وعبد الله بن إدريس: هو الأودي، وهو وأبوه ثقتان من رجال الشيخين، وسماك بن حرب وعلقمة بن وائل من رجال مسلم، وهما صدوقان. وأخرجه أحمد 4/252، ومسلم (2135) في الآداب: باب النهي عن التكنّي بأبي القاسم، والترمذي (3155) في التفسير: باب ومن سورة مريم، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 8/487، وابن جرير الطبري في " جامع البيان "16/77-78، والطبراني في "المعجم الكبير" 20/(986)، والبيهقي في "دلائل النبوة" 5/392، والبغوي في "معالم التنزيل" 3/194 من طرق عن عبد الله بن إدريس، بهذا الإسناد. وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح غريب لا نعرفه إلّا من حديث عبد الله بن إدريس. وأخرجه الطبري 16/78: حدثنا ابن حميد، قال: حدثنا الحكم بن بشر، قال: حدثنا عمر، عن سماك، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): بَعَثَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى نَجْرَانَ، فَقَالَ لِي أَهْلُ نَجْرَانَ: أَلَسْتُمْ تَقْرَءُونَ هٰذِهِ الْآيَةَ: (يَا أُخْتَ هَارُونَ مَا كَانَ أَبُوكِ امْرَأَ سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ أُمُّكِ بَغِيًّا) (مریم: 28)، وَقَدْ عَرَفْتُمْ مَا بَيْنَ مُوسٰى، وَعِيسٰى؟ فَلَمْ أَدْرِ مَا أَرُدُّ عَلَيْهِمْ، حَتّٰى قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ عَلٰى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ لِي: أَفَلَا أَخْبَرْتَهُمْ أَنَّهُمْ كَانُوا يُسَمُّونَ بِالْأَنْبِيَاءِ وَالصَّالِحِينَ قَبْلَهُمْ؟

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے نجران بھیجا اہل نجران نے مجھ سے دریافت کیا: کیا تم لوگ یہ آیت نہیں پڑھتے ہو۔

''اے ہارون کی بہن! تمہارا والد برا آدمی نہیں تھا اور نہ ہی تمہاری ماں بری عورت تھی۔''

(اہل نجران نے کہا) آپ تو یہ بات جانتے ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان کتنا طویل عرصہ ہوا ہے (تو بی بی مریم حضرت ہارون علیہ السلام کی بہن کیسے ہو سکتی ہیں) حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں مجھے سمجھ نہیں آئی کہ میں کیا جواب دوں۔ میں مدینہ منورہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے اس بات کا تذکرہ آپ کے سامنے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نے انہیں یہ بات نہیں بتائی۔ وہ لوگ اپنے سے پہلے انبیاء اور نیک لوگوں کے ناموں پر (اپنے بچوں کا نام رکھتے تھے اس لئے سیدہ مریم رضی اللہ عنہا کے بھائی کا نام بھی ہارون تھا)

## ذِكْرُ مَا أُمِرَ بَنُو إِسْرَائِيلَ بِاسْتِعْمَالِهِ عِنْدَ دُخُولِهِمُ الْأَبْوَابَ

## اس بات کا تذکرہ کہ بنی اسرائیل کو دروازوں سے داخل ہونے کے وقت کس چیز پر عمل کرنے کا حکم دیا گیا تھا

**6251** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): قِيلَ لِبَنِي إِسْرَائِيلَ (ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَقُولُوا حِطَّةٌ) (البقرة: 58) نَغْفِرْ لَكُمْ خَطَايَاكُمْ فَبَدَّلُوا فَدَخَلُوا الْبَابَ يَزْحَفُونَ عَلٰى أَسْتَاهِهِمْ، وَقَالُوا: حَبَّةٌ فِي شَعْرَةٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بنی اسرائیل سے کہا گیا:

---

6251– حديث صحيح، ابن أبي السري متابع، ومن فوقه على شرط الشيخين، والحديث في "صحيفة همام" برقم (116). وأخرجه أحمد 2/318، والبخاري (3403) في الأنبياء: رقم (28)، و (4641) في تفسير سورة البقرة: باب (وإذ قلنا ادخلوا هذه القرية فكلوا منها حيث شئتم رغدا "، ومسلم (3015) في التفسير، والترمذي ( 2956) في التفسير: باب ومن سورة البقرة، والطبري في "جامع البيان " (1019)، والبغوي في "معالم التنزيل" 1/76 من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (4479) في تفسير سورة الأعراف: باب قوله (حطة)، من طريق عبد الرحمن بن مهدي، عن ابن المبارك، عن معمر، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''تم لوگ دروازے میں سجدے کی حالت میں داخل ہو اور لفظ حطة '
ہم تمہاری غلطیاں معاف کر دیں گے' لیکن انہوں نے تبدیلی کی اور دروازے میں سرین کے بل گھسٹتے ہوئے داخل ہوئے اور انہوں نے یہ کہا: حبة فی شعرة

## ذِكْرُ تَحْرِيمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اَكْلَ الشُّحُومَ عَلٰى بَنِیْ اِسْرَائِيلَ

## اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کے لیے چربی کھانے کو حرام قرار دیا تھا

**6252** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، وَالْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، وَالسِّخْتِيَانِيُّ، قَالُوا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْخَطَّابِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَاتَلَ اللّٰهُ فُلَانًا يَبِيعُ الْخَمْرَ، اَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ سَمِعَ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُومُ اَنْ يَّاْكُلُوهَا ثُمَّ بَاعُوْهَا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ فلاں شخص کو برباد کرے جو شراب فروخت کرتا ہے اللہ کی قسم! میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ان (یہودیوں) پر چربی کو حرام قرار دیا گیا' تو انہوں نے اسے فروخت کر دیا (اور اس کی قیمت کھانے لگے)

## ذِكْرُ لَعْنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْيَهُوْدَ بِاسْتِعْمَالِهِمْ هٰذَا الْفِعْلَ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہودیوں پر لعنت کرنے کا تذکرہ کہ انہوں نے اس فعل پر عمل کیا

**6253** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، وَالْقَوَارِيْرِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

---

6252- إسناده صحيح. رجاله ثقات رجال الشيخين غيرَ عبد الله بن عمر الخطّابي، وهو عبد الله بن عمر بن عبد الرحمن بن عبد الحميد بن زيد بن الخطاب الخطابي، وهو ثقة روى له النسائي حديثاً واحداً. وأخرجه الخطيب في "تاريخه" 10/20، والمزي في "تهذيب الكمال" في ترجمة عبد الله بن عمر الخطابي من طريقين

6253- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، والقواريري: هو عبيد الله بن عمر بن ميسرة، وسفيان: هو ابن عيينة. والحديث في "مسند أبي يعلى" (200). وأخرجه الشافعي 2/141، والحميدي (13)، وعبد الرزاق (14854)، وابن أبي شيبة 6/444، والدارمي 2/115، وأحمد 1/25، والبخاري (2223) في البيوع: باب لا يذاب شحم الميتة ولا يباع، و (3460) في الأنبياء: باب ما ذكر عن بني إسرائيل، ومسلم (1582) في المساقاة: باب تحريم بيع الخمر والميتة والخنزير والأصنام، والنسائي 7/177 في الفرع والعتيرة: باب النهي عن الانتفاع بما حرم الله عزّ وجلّ، وابن الجارود (577)، والبيهقي 8/286، والبغوي (2041) من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد. وانظر الحديث المتقدم برقم (4938).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): بَاعَ سَمُرَةُ خَمْرًا، فَقَالَ عُمَرُ: قَاتَلَ اللّٰهُ سَمُرَةَ، اَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُوْمُ فَجَمَلُوْهَا فَبَاعُوْهَا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نے شراب فروخت کی، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سمرہ کو برباد کرے کیا وہ یہ بات نہیں جانتا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔

''اللہ تعالیٰ یہودیوں پر لعنت کرے ان پر چربی حرام قرار دی گئی تو انہوں نے اسے پگھلا کر اسے فروخت کرنا شروع کر دیا''

## ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُّحَدِّثَ عَنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ وَاَخْبَارِهِمْ

## آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ بنی اسرائیل کے حوالے سے بات بیان کر سکتا ہے اور ان کے واقعات بیان کر سکتا ہے

6254 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: حَدِّثُوْا عَنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ وَلَا حَرَجَ، وَحَدِّثُوْا عَنِّيْ وَلَا تَكْذِبُوْا عَلَيَّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بنی اسرائیل کے حوالے سے روایات نقل کر دیا کرو اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور میرے حوالے سے بھی روایات نقل کیا کرو البتہ میری طرف جھوٹی بات منسوب نہ کیا کرو''

6255 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ

---

6254- إسناده حسن . ومحمد بن عمرو -وهو ابن علقمة الليثي- روى له البخاري مقروناً وهو صدوق. سفيان: هو ابن عيينة. وأخرجه أحمد 2/474 و 502، وأبو داود (3662) في العلم: باب الحديث عن بني إسرائيل، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" (135) بتحقيقنا من طرق عن محمد بن عمرو، بهذا الإسناد. دون قوله: "وحدثوا عنّي ... " وأخرج ابن ماجه (34) في المقدمة: باب التغليظ في تعمد الكذب على رسول الله - صلى الله عليه وسلم - من طريق محمد بن بشر، عن محمد بن عمرو، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة، قال: قال رسول الله - صلى الله عليه وسلم -: "من تقوّل عليَّ ما لم أقل فليتبوأ مقعده من النار ." وأخرجه ابن أبي شيبة 8/761، وأحمد 2/321 من طريقين عن أبي عثمان النهدي، عن أبي هريرة . وأخرجه البخاري (6197) في الأنبياء : باب ما ذكر عن بني إسرائيل، ومسلم (3) في المقدمة: باب تغليظ الكذب على رسول الله - صلى الله عليه وسلم -، من طريقين عن أبي عوانة، عن أبي حَصين، عن أبي صالح، عن أبي هريرة رفعه بلفظ: "من كذب عليّ ... ."

6255- إسناده صحيح على شرط مسلم . قتادة: هو ابن دعامة السدوسي، وأبو حسّان: هو مسلم بن عبد الله الأعرج. وأخرجه أبو داود (3663) عن محمد بن المثنى، حدثنا معاذ (هو ابن هشام الدستوائي) ، حدثني أبي، عن قتادة، بهذا الإسناد، إلّا أنّه قال: "ما يقوم إلّا إلى عُظْم الصلاة." وأخرجه بلفظ أبي داود أحمد 4/437 و 444، والطبراني في "الكبير" 18/ (510) ، والبزار (223) و (230) من طرق عن أبي هلال الراسبي، عن قتادة، عن أبي حسّان، عن عمران بن حصين.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ، عَنْ قَتَادَةَ بْنِ دِعَامَةَ، عَنْ اَبِيْ حَسَّانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): لَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُنَا الْيَوْمَ وَاللَّيْلَةَ عَنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ مَا يَقُوْمُ اِلَّا لِحَاجَةٍ*

مَا رَوَاهُ بَصَرِيٌّ عَنْ قَتَادَةَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: (ایک مرتبہ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سارا دن اور رات بھر ہمیں بنی اسرائیل کے بارے میں بتاتے رہے۔ آپ اس دوران قضائے حاجت کے لئے تشریف لے گئے۔

یہ روایت قتادہ کے حوالے سے بصری نے نقل نہیں کی۔

**6256** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِيْ كَبْشَةَ السَّلُوْلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): بَلِّغُوا عَنِّيْ وَلَوْ آيَةً، وَحَدِّثُوا عَنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ وَلَا حَرَجَ، وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَوْلُهُ: بَلِّغُوا عَنِّيْ وَلَوْ آيَةً اَمْرٌ قَصَدَ بِهِ الصَّحَابَةَ، وَيَدْخُلُ فِيْ جُمْلَةِ هٰذَا الْخِطَابِ مَنْ كَانَ بِوَصْفِهِمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ فِيْ تَبْلِيغِ مَنْ بَعْدَهُمْ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ فَرْضٌ عَلَى الْكِفَايَةِ اِذَا قَامَ الْبَعْضُ بِتَبْلِيغِهِ سَقَطَ عَنِ الْاٰخَرِينَ فَرْضُهُ، وَاِنَّمَا يَلْزَمُ فَرْضِيَّتُهُ مَنْ كَانَ عِنْدَهُ مِنْهُ مَا يَعْلَمُ اَنَّهُ لَيْسَ عِنْدَ غَيْرِهِ، وَاَنَّهُ مَتٰى امْتَنَعَ عَنْ بَثِّهِ، خَانَ الْمُسْلِمِيْنَ، فَحِيْنَئِذٍ يَلْزَمُهُ فَرْضُهُ.

وَفِيْهِ دَلِيْلٌ عَنْ اَنَّ السُّنَّةَ يَجُوْزُ اَنْ يُقَالَ لَهَا: الْاٰيُ، اِذْ لَوْ كَانَ الْخِطَابُ عَلَى الْكِتَابِ نَفْسِهِ دُوْنَ السُّنَنِ لَاسْتَحَالَ لِاشْتِمَالِهِمَا مَعًا عَلَى الْمَعْنَى الْوَاحِدِ.

وَقَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَحَدِّثُوا عَنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ وَلَا حَرَجَ اَمْرُ اِبَاحَةٍ لِهٰذَا الْفِعْلِ مِنْ غَيْرِ ارْتِكَابِ اِثْمٍ يَسْتَعْمِلُهُ، يُرِيْدُ بِهِ حَدِّثُوا عَنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ مَا فِي الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ مِنْ غَيْرِ حَرَجٍ يَلْزَمُكُمْ فِيْهِ.

وَقَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا لَفْظَةٌ خُوطِبَ بِهَا الصَّحَابَةُ، وَالْمُرَادُ مِنْهُ غَيْرُهُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، لَا هُمْ، اِذِ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا نَزَّهَ اَقْدَارَ الصَّحَابَةِ عَنْ اَنْ يُتَوَهَّمَ عَلَيْهِمُ الْكَذِبُ، وَاِنَّمَا قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا، لِاَنْ يَعْتَبِرَ مَنْ بَعْدَهُمْ، فَيَعُوا السُّنَنَ وَيَرْوُوهَا عَلٰى سُنَنِهَا حَذَرَ اِيجَابِ النَّارِ لِلْكَاذِبِ عَلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

6256- إسناده صحيح على شرط البخاري. الوليد: هو ابن مسلم. وأخرجه أحمد 2/159، وأبو خيثمة في "العلم" (45)، ومن طريقه أبو بكر الخطيب في "تاريخه" 13/157 عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میرے حوالے سے تبلیغ کردو خواہ ایک ہی بات ہو بنی اسرائیل کے حوالے سے بھی روایات نقل کر دیا کرو اس میں کوئی گناہ نہیں ہے اور جو شخص جان بوجھ کر میری طرف جھوٹی بات منسوب کرے وہ جہنم میں اپنے مخصوص ٹھکانے پر پہنچنے کے لئے تیار رہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: میری طرف سے تبلیغ کردو خواہ ایک آیت ہو یہ ایک ایسا حکم ہے' جس سے مراد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہیں' تاہم اس کے عمومی حکم میں وہ تمام لوگ داخل ہوں گے جو قیامت تک آئیں گے جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام کی تبلیغ کریں گے' اور یہ چیز فرض کفایہ کی حیثیت رکھتی ہے' جب بعض لوگ تبلیغ کر دیں گے' تو باقی لوگوں سے فرض ساقط ہو جائے گا اور اس کی فرضیت اس شخص پر لازم ہوتی ہے' جس کے پاس ایسا علم موجود ہو جو دوسرے کے پاس نہ ہو ایسا شخص جب اپنے علم کو پھیلانے سے رک جاتا ہے تو وہ مسلمانوں کے ساتھ خیانت کا مرتکب ہوتا ہے اور اس صورت میں اس کا فرض اس پر لازم ہو جاتا ہے۔

اس میں اس بات کی دلیل موجود ہے کہ سنت کے لئے لفظ آیت استعمال ہوسکتا ہے۔ کیونکہ اگر روایت کے الفاظ صرف کتاب کے حکم کے بارے میں ہوتے سنت کے بارے میں نہ ہوتے' تو ان دونوں کا ایک ہی معانی پر مشتمل ہونا ناممکن ہوتا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: بنی اسرائیل کے حوالے سے روایات نقل کر دیا کرو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ یہ امر کا صیغہ ہے لیکن اس فعل کو مباح قرار دینے کے لئے ہے' جب کہ اس کے ذریعے کسی گناہ کا ارتکاب نہ کیا جائے اور اس کے ذریعے مراد یہ ہے کہ تم اسرائیل کے حوالے سے وہ روایات نقل کر دیا کرو جن کا مضمون کتاب وسنت میں موجود ہے۔ اس صورت میں تم پر کوئی حرج لازم نہیں آئے گا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: جو شخص میری طرف جان بوجھ کر جھوٹی بات منسوب کرے اس میں لفظی طور پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے خطاب کیا گیا ہے' لیکن اس سے مراد قیامت تک آنے والے تمام لوگ ہیں۔ صرف صحابہ مراد نہیں ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اس چیز سے محفوظ رکھا تھا کہ وہ غلط بیانی سے کام لیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات اسی لئے ارشاد فرمائی ہے کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بعد کے لوگ سنت کا علم حاصل کرتے ہوئے اسے محفوظ کرتے ہوئے اسے روایت کرتے ہوئے اس کے مرتبہ ومقام کا خیال رکھیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف جھوٹی بات منسوب کرنے کے نتیجے میں جہنم کے لازم ہونے سے بچنے کی کوشش کریں۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى صِحَّةِ مَا تَاَوَّلْنَا قَوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَدِّثُوا عَنْ بَنِىْ اِسْرَائِيْلَ وَلَا حَرَجَ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ہماری بیان کردہ تاویل صحیح ہے

جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کے بارے میں ہے ''بنی اسرائیل کے حوالے سے باتیں بیان کردو اس میں کوئی حرج نہیں ہے''

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایہ

www.KitaboSunnat.com


**6257** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ نَمْلَةَ بْنَ اَبِي نَمْلَةَ الْاَنْصَارِيَّ، حَدَّثَهُ،

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا نَمْلَةَ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ بَيْنَمَا هُوَ جَالِسٌ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ رَجُلٌ مِّنَ الْيَهُودِ، فَقَالَ: هَلْ تَكَلَّمُ هٰذِهِ الْجِنَازَةُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُ اَعْلَمُ، فَقَالَ الْيَهُودِيُّ: اَنَا اَشْهَدُ اَنَّهَا تَتَكَلَّمُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا حَدَّثَكُمْ اَهْلُ الْكِتَابِ فَلَا تُصَدِّقُوهُمْ وَلَا تُكَذِّبُوهُمْ، وَقُولُوا: آمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ، فَاِنْ كَانَ حَقًّا لَمْ تُكَذِّبُوهُمْ، وَاِنْ كَانَ بَاطِلًا لَمْ تُصَدِّقُوهُمْ وَقَالَ: قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُودَ، لَقَدْ اُوتُوا عِلْمًا

حضرت ابونملہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ اسی دوران ایک یہودی آیا اور بولا کیا یہ میت گفتگو کرے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ بہتر جانتا ہے۔ اس یہودی نے کہا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں یہ گفتگو کرتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل کتاب تمہیں جو بات بتائیں تم ان کی تصدیق بھی نہ کرو اور انہیں جھوٹا بھی قرار نہ دو لوگوں نے کہا: ہم اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں پر ایمان رکھتے ہیں اگر یہ بات سچ ہوگی' تو تم اسے جھٹلاؤ گے نہیں اور اگر جھوٹی ہوگی' تو تم اس کی تصدیق نہیں کرو گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ یہودیوں کو برباد کرے انہیں علم عطا کیا گیا' لیکن (وہ پھر بھی گمراہ رہے)

## ذِكْرُ الْاُمَّةِ الَّتِي فُقِدَتْ فِي بَنِي اِسْرَائِيلَ الَّتِي لَا يُدْرَى مَا فَعَلَتْ

## اس امت کا تذکرہ' جو بنی اسرائیل میں سے گم ہوگئی تھی اور یہ پتہ نہیں چل سکا کہ اس کا کیا بنا

**6258** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ، بِوَاسِطٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَنَّ اُمَّةً مِنْ بَنِي اِسْرَائِيلَ فُقِدَتْ لَا يُدْرَى مَا فَعَلَتْ، وَلَا اُرَاهَا اِلَّا الْفَارَ، اَلَا تَرَاهَا اِذَا

6257- إسناده قوى، رجاله ثقات رجال الشيخين غير نملة، فقد روى عنه جمع، وذكره المؤلف فى "الثقات." يونس: هو ابن يزيد الأيلي . وأخرجه دون قوله: "قاتل الله اليهود ... " أحمد 4/136، والطبرانى فى "الكبير" 22/ (878)، والبيهقى 2/10 من طريقين عن يونس، بهذا الإسناد . وأخرجه كذلك، أى: دون قوله: "قاتل الله اليهود ... " عبد الرزاق (20059)، وأحمد 4/136، وأبو داود (3644) فى العلم: باب فى رواية حديث أهل الكتاب، والفسوىّ فى "المعرفة والتاريخ "1/380، والطبرانى 22/ (874) و (875) و (876) و (877) و (879)، وابن الأثير فى "أُسد الغابة "6/315، والمزى فى "تهذيب الكمال " فى ترجمة أبى نملة، من طرق عن الزهرى، به.

6258- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير وهب بن بقية، فمن رجال مسلم . خالد الأوّل: هو ابن عبد الله الطّحان، والثانى: هو ابن مهران الحذاء . وأخرجه أحمد 2/234، والبخارى (3305) فى بدء الخلق: باب خير مال المسلم غنم يتبع بها شعف الجبال، ومسلم (2997) فى الزهد: باب الفار وأنّه مَسْخ، وأبو يعلى (6031)، والبغوى (3271)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

وَجَدَتِ الْبَانَ الْإِبِلِ، لَمْ تَشْرَبْهُ، وَإِذَا وَجَدَتِ الْبَانَ الْغَنَمِ شَرِبَتْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"بنی اسرائیل کا ایک گروہ گم ہوگیا یہ پتہ نہیں چلا کہ ان کا کیا بنا میرا یہ خیال ہے یہ چوہے بن گئے تھے کیا تم نے اسے دیکھا نہیں ہے کہ جب وہ اونٹنی کا دودھ پاتا ہے' تو اسے نہیں پیتا اور جب بکری کا دودھ پاتا ہے' تو اسے پی لیتا ہے"۔

## ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَحَدَّثَ بِاَسْبَابِ الْجَاهِلِيَّةِ، وَاَيَّامِهَا

## آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ زمانہ جاہلیت کے واقعات اور حالات کے بارے میں بات چیت کرسکتا ہے

**6259** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى الْفَجْرَ جَلَسَ فِيْ مُصَلَّاهُ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَكَانُوا يَجْلِسُونَ، فَيَتَحَدَّثُونَ، وَيَاْخُذُونَ فِيْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ، فَيَضْحَكُوْنَ وَيَتَبَسَّمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز ادا کر لینے کے بعد جائے نماز پر تشریف فرما رہتے تھے' یہاں تک کہ سورج نکل آتا اس دوران لوگ بھی بیٹھے رہتے تھے۔ وہ آپس میں بات چیت کرتے تھے اور زمانہ جاہلیت کے واقعات یاد کر کے ہنسا کرتے تھے جب کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیتے تھے۔

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ اَوَّلِ مَنْ سَيَّبَ السَّوَائِبَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ زمانہ جاہلیت میں سب سے پہلے بتوں کے نام پر جانور کس نے مخصوص کیے تھے

**6260** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُفْيَانَ النَّسَائِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ عَمْرَو بْنَ عَامِرٍ الْخُزَاعِيَّ يَجُرُّ قُصْبَةً فِي النَّارِ، وَكَانَ اَوَّلَ مَنْ سَيَّبَ السَّوَائِبَ.

---

6259- حديث صحيح على شرط الصحيح. وهو في "الجعديات" (2755). وانظر الحديث المتقدم برقم (2020) و (2021) و (5781).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



قَالَ سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ: السَّائِبَةُ الَّتِي كَانَتْ تُسَيَّبُ، فَلَا يُحْمَلُ عَلَيْهَا شَيْءٌ، وَالْبَحِيرَةُ: الَّتِي يُمْنَعُ دَرُّهَا لِلطَّوَاغِيتِ، فَلَا يَحْتَلِبُهَا أَحَدٌ.

وَالْوَصِيلَةُ: النَّاقَةُ الْبِكْرُ تُبَكِّرُ فِي أَوَّلِ نِتَاجِ الْإِبِلِ بِأُنْثَى، ثُمَّ تُثَنِّي بِأُنْثَى، فَكَانُوا يُسَيِّبُونَهَا لِلطَّوَاغِيتِ، وَيَدْعُونَهَا الْوَصِيلَةَ، أَنْ وَصَلَتْ إِحْدَاهُمَا بِالْأُخْرَى.

وَالْحَامُ: فَحْلُ الْإِبِلِ يَضْرِبُ الْعَشْرَ مِنَ الْإِبِلِ، فَإِذَا قَضَى ضِرَابَهُ جَدَعُوهُ لِلطَّوَاغِيتِ، وَأَعْفَوْهُ مِنَ الْحَمْلِ، فَلَمْ يَحْمِلُوا عَلَيْهِ شَيْئًا، وَسَمَّوْهُ الْحَامَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''میں نے عمرو بن عامر خزاعی کو دیکھا کہ وہ جہنم میں اپنی آنتیں گھسیٹ رہا تھا۔ یہ وہ پہلا شخص تھا جس نے بتوں کے نام پر جانور مخصوص کرنے کا آغاز کیا۔

سعید بن میسب کہتے ہیں: سائبہ اس جانور کو کہتے ہیں' جس کو بت کے نام پر مخصوص کر دیا جائے اور اس پر وزن نہ لادا جائے۔

بحیرہ اس جانور کو کہتے ہیں' جس کا دودھ بتوں کے لئے مخصوص کر دیا جائے کوئی آدمی اس کا دودھ نہیں دوہ سکتا۔

وصیلہ اس جوان اونٹنی کو کہتے ہیں' جس کے ہاں پہلی مرتبہ اونٹنی ہوتی ہے اور دوسری مرتبہ بھی اونٹنی ہوتی ہے۔ وہ اس اونٹنی کو بتوں کے لئے مخصوص کر دیتے تھے اور اسے وصیلہ کہتے تھے کیونکہ ان میں ایک دوسری کے ساتھ ملی ہوئی ہوتی تھی (یعنی درمیان میں کوئی نر جانور نہیں ہوتا تھا)

حام سے مراد وہ نر اونٹ ہے' جسے دس مرتبہ جفتی کروائی گئی ہو جب وہ جفتی کا کام مکمل کر لیتا' تو وہ لوگ اسے بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے اور اس پر سامان نہیں لادتے تھے وہ اس پر کوئی چیز نہیں لادتے تھے اور اس کا نام حام رکھتے تھے۔

## ذِكْرُ إِبَاحَةِ تَرْكِ الْقَصَصِ، وَلَا سِيَّمَا مَنْ لَا يُحْسِنُ الْعِلْمَ

## قصہ گوئی کو ترک کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ بطور خاص اس شخص کے لیے

6260- إسناده صحيح. أحمد بن سفيان النسائي روى له النسائي ووثقه هو وسلمة بن القاسم، وذكره المؤلف في "الثقات" 8/28 وقال: كان ممن جمع وصنف، واستقام في أمر الحديث إلى أن مات، ومن فوقه من رجال الشيخين . ابن بكير: هو يحيى بن عبد الله بن بكير، وابن الهاد: هو يزيد بن عبد الله بن أسامة بن الهاد . وأخرجه أحمد 2/366، وابن أبي عاصم في "الأوائل" (44) ، والطبري في "جامع البيان" (12819) و (12844) ، والطبراني في "الأوائل" (19) ، والبيهقي في "السنن" 10-10/9 من طرق عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن مردويه كما في "الفتح" 8/285 من طريق خالد بن حميد المهدي، عن يزيد بن الهاد، به. وعلقه البخاري بإثر الحديث (4623) ، فقال: ورواه ابن الهاد عن الزهري ... وأخرجه البخاري (3521) في المناقب: باب قصة خزاعة، و (4623) في تفسير سورة المائدة: باب (ما جعل الله من بحيرة ولا سائبة ولا وصيلة ولا حام) ، وأحمد 2/275، ومسلم (2856) (51) في الجنة: باب النار يدخلها الجبارون والجنة يدخلها الضعفاء ، والطبري (12840) ، والبغوي في "معالم التنزيل" 2/71 من طرق عن الزهري، به. وانظر الحديث الآتي برقم (7490) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## جو اچھی طرح سے علم نہیں رکھتا

6261 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجُوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمْ يُقَصَّ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا اَبِي بَكْرٍ، وَلَا عُمَرَ، وَلَا عُثْمَانَ، اِنَّمَا كَانَ الْقَصَصُ زَمَنَ الْفِتْنَةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانے میں قصہ گوئی نہیں ہوتی تھی۔ قصہ گوئی فتنوں کے زمانے میں شروع ہوئی۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ بُطُونَ قُرَيْشٍ كُلَّهَا هُمْ قَرَابَةُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ قریش کی تمام ذیلی شاخوں کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کسی نہ کسی حوالے سے رشتہ داری تھی

6262 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَحْيَى الْقَطَّانِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ طَاوُسًا، قَالَ:

(متن حدیث): سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَنْ هٰذِهِ الْآيَةِ: (قُلْ لَا اَسْاَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى) (الشورى: 23) فَقَالَ سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ: قُرْبٰى مُحَمَّدٍ؟ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: عَجِلْتَ، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ بَطْنٌ مِنْ قُرَيْشٍ اِلَّا كَانَ لَهُ فِيهِمْ قَرَابَةٌ فَقَالَ: اِلَّا اَنْ تَصِلُوا مَا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ مِنَ الْقَرَابَةِ

طاؤس بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے اس آیت کے بارے میں دریافت کیا گیا۔

---

6261- إسناده صحيح. محمد بن عبد الملك بن زنجويه ثقة روى له أصحاب السنن الأربعة، ومن فوقه ثقات على شرطهما. وأخرجه ابن أبي شيبة 8/745-746 عن معاوية بن هشام، عن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه أيضاً 8/749 عن عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُبيد اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، به. وأخرجه ابن ماجة (3754) في الأدب: باب القصص، عن عليّ بن محمد، حدثنا وكيع، عن العمري، عن نافع بنحوه. وقال البوصيري في "الزوائد" 2/233: هذا الإسناد فيه العمري، وهو ضعيف، واسمُهُ عبد الله بن عمر. وذكره السيوطي في "تحذير الخواص" ص 245، ونسبه لابن أبي شيبة والمروزي.

6262- إسناده صحيح على شرط البخاري. مسدد من رجال البخاري، ومن فوقه من رجالهما . وأخرجه البخاري (3497) في المناقب: باب قول الله تعالى: (يَا أَيُّها النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وأنثى ...) عن مسدد بن مُسرهد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/229 عن يحيى القطّان، به . وأخرجه أحمد 1/229، و 286، والبخاري (4818) في تفسير سورة الشورى: باب (إلا المودة في القربى)، والترمذي (3251) في التفسير: باب ومن سورة الشورى، والنسائي في التفسير من الكبرى كما في "التحفة" 5/18، والطبري في "جامع البيان" 25/13، والبغوي في "معالم التنزيل" 4/124-125 من طرق عن شعبة، به. وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح. وأورده السيوطي في "الدر المنثور" 7/345-346، وزاد نسبته لعبد بن حميد، وابن مردويه.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



"تم یہ فرما دو کہ میں اس پر تم سے معاوضہ طلب نہیں کرتا صرف رشتہ داری کے حقوق کے حوالے سے محبت کا طلب گار ہوں۔"

تو سعید بن جبیر نے کہا: اس سے مراد نبی اکرم ﷺ کے قریبی رشتے دار ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم نے جلد بازی سے کام لیا ہے نبی اکرم ﷺ کا قریش کی ہر شاخ کے ساتھ کوئی نہ کوئی رشتہ تھا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرے اور تمہارے درمیان جو رشتہ داری ہے تم اس کے حقوق کا خیال رکھو۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ النَّاسَ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ يَكُوْنُوْنَ تَبَعًا لِقُرَيْشٍ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ لوگ بھلائی اور برائی (ہر صورت میں) قریش کے پیروکار ہوں گے

**6263** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): النَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ

✿✿ حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"لوگ بھلائی اور برائی ہر معاملے میں قریش کے پیروکار ہیں۔"

## ذِكْرُ وَصْفِ اتِّبَاعِ النَّاسِ لِقُرَيْشٍ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ

## بھلائی اور برائی میں لوگوں کے قریش کی پیروی کرنے کی صفت کا تذکرہ

**6264** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ،

---

6263- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي سفيان، واسمه طلحة بن نافع، فمن رجال مسلم، وهو صدوق، وقد توبع. وهو في "مصنف ابن أبي شيبة" 12/167. وأخرجه أحمد 3/379، وابن أبي عاصم في "السنة" (1510) عن وكيع، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/331، والبغوي (3847) من طريقين عن سفيان، عن الأعمش، به. وأخرجه أحمد 3/383، ومسلم (1819) في الإمارة: باب الناس تبع لقريش، والبيهقي 8/141 عن روح بن القاسم، حدثنا ابن جريج، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ ... فذكره.

6264- حديث صحيح، حرملة بن يحيى من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين غير يزيد بن وديعة الأنصاري، فقد ذكره المؤلف في "الثقات" 5/537، وترجم له ابن أبي حاتم 8/293، ولم يذكر فيه جرحاً ولا تعديلاً، ثم هو متابع. وأخرجه ابن أبي شيبة 12/168، وأحمد 2/161، وابن أبي عاصم في "السنّة" (1511)، والبغوي (3845) من طريق محمد بن عمرو بن علقمة، عن أبي سلمة. وأخرجه دون قوله: "الأنصار أعفة صبر" الحميدي (1044)، والطيالسي (2380)، وأحمد 2/242-243، والبخاري (3495) في المناقب: باب قول الله تعالى: (يا أيها الناس إنّا خلقناكم من ذكر وانثى ...)، ومسلم (1818) في الإمارة: باب الناس تبع لقريش، والبيهقي 8/141، والبغوي (3844) من طريق أبي الزناد، عن الأعرج. وأخرجه همام في "صحيفته" (129)، وعنه عبد الرزاق (19895)، وعن عبد الرزاق أحمد 2/319، ومسلم (1818)، والبغوي (3846). وأخرجه أحمد 2/395 من طريق خلاس، و433 من طريق نافع بن جبير، خمستهم عن أبي هريرة.

محكم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



اَخْبَرَنَا یُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِی یَزِیْدُ بْنُ وَدِیعَةَ الْاَنْصَارِیُّ، اَنَّ اَبَا هُرَیْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَلْاَنْصَارُ اَعِفَّةٌ صُبُرٌ، وَاِنَّ النَّاسَ تَبَعٌ لِقُرَیْشٍ فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ: مُؤْمِنُهُمْ تَبَعُ مُؤْمِنِهِمْ، وَفَاجِرُهُمْ تَبَعُ فَاجِرِهِمْ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''انصار (مانگنے سے) بچنے والے اور صبر کرنے والے لوگ ہیں۔ بیشک لوگ (اس حکومت) کے معاملے میں قریش کے پیروکار ہے۔ مومن لوگ قریش کے پیروکار ہیں اور گناہ گار (یعنی کافر لوگ) کفار قریش کے پیروکار ہیں۔''

## ذِكْرُ اِعْطَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْقُرَشِيِّ مِنَ الرَّاْيِ مِثْلَ مَا يُعْطَى غَيْرُ الْقُرَشِيِّ مِنْهُ عَلَى الضِّعْفِ

## اللہ تعالیٰ کا ایک قریشی کو ایسی سمجھ بوجھ عطا کرنے کا تذکرہ' جو غیر قریشی کی دی گئی سمجھ بوجھ سے دگنی ہوتی ہے

**6265** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِیُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ یُوْنُسَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَزْهَرِ، اَوْ زَاهِرٍ، الشَّكُّ مِنْ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ یُوْنُسَ، وَالصَّوَابُ هُوَ الْاَزْهَرُ، عَنْ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لِلْقُرَشِیِّ قُوَّةُ الرَّجُلَیْنِ مِنْ غَیْرِ قُرَیْشٍ.

فَسَاَلَ سَائِلٌ ابْنَ شِهَابٍ: مَا یَعْنِیْ بِذٰلِكَ؟ قَالَ: نُبْلُ الرَّاْیِ

❀❀ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ایک قریشی میں غیر قریشیوں کے دو آدمیوں جتنی قوت ہوتی ہے۔''

ایک شخص نے ابن شہاب سے سوال کیا اس سے مراد کیا ہے۔ انہوں نے فرمایا: رائے میں سمجھ بوجھ ہونا۔

6265- إسناده صحيح، عبد الرحمن بن الأزهر روى له أبو داود والنسائي، وهو صحابي صغير، وباقي رجاله رجال الشيخين غير طلحة بن عبد الله بن عوف، فمن رجال البخاري. ابن أبي ذئب: اسمه محمد بن عبد الرحمن بن المغيرة. وأخرجه الطبراني في "الكبير" (1490)، وأبو نعيم في "الحلية" 9/64 من طريقين عن أحمد بن عبد الله بن يونس، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/81 و 83، والطيالسي (951)، وابن أبي شيبة 12/168، وابن أبي عاصم في "السنّة" (1508)، وأبو يعلى 346/2، والطبراني (1490)، وأبو نعيم 9/64، والحاكم 4/72، والبيهقي 1/386، والبغوي (3850)، والخطيب في "تاريخه" 3/166 من طرق عن ابن أبي ذئب به، وصححه الحاكم على شرط الشيخين ووافقه الذهبي.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ وِلَايَةَ اَمْرِ الْمُسْلِمِينَ يَكُوْنَ فِيْ قُرَيْشٍ اِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مسلمانوں کی حکومت کا معاملہ قیامت تک قریش میں رہے گا

**6266** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي، يَقُوْلُ، سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَزَالُ هٰذَا الْاَمْرُ فِيْ قُرَيْشٍ مَا بَقِيَ فِي النَّاسِ اثْنَانِ .

قَالَ عَاصِمٌ: وَحَرَّكَ اُصْبُعَيْهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''یہ معاملہ (یعنی حکومت) مسلسل قریش میں رہے گی' جب تک لوگوں میں سے دو آدمی باقی ہیں''۔

عاصم نامی راوی کہتے ہیں: انہوں نے اپنی دو انگلیوں کو حرکت دے کر (یہ روایت بیان کی)

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ نِسَاءَ قُرَيْشٍ مِنْ خَيْرِ نِسَاءٍ رَكِبْتِ الرَّوَاحِلَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ قریش کی خواتین ان خواتین میں سب سے بہتر ہیں جو اونٹوں پر سواری کرتی ہیں

**6267** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَنْبَاَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): نِسَاءُ قُرَيْشٍ خَيْرُ نِسَاءٍ رَكِبْنَ الْاِبِلَ، اَحْنَاهُ عَلٰى طِفْلٍ، وَاَرْعَاهُ عَلٰى زَوْجٍ فِيْ ذَاتِ يَدِهٖ

قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ عَلٰى اَثَرِ ذٰلِكَ: وَلَمْ تَرْكَبْ مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ بَعِيْرًا قَطُّ

---

6266– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "مصنف" ابن أبي شيبة 12/171 وأخرجه ابن أبي عاصم في "السنّة" (1122) عن ابن أبي شيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/29، وأبو يعلى (5589) عن معاذ بن معاذ، به. وأخرجه أحمد 2/93 و 128، والطيالسي (1956) ، والبخاري (2195) في المناقب: باب مناقب قريش، و (7140) في الأحكام: باب الأمراء من قريش، ومسلم (1820) في أول كتاب الإمارة، وأبو القاسم البغوي في "الجعديات" (2195) ، والبيهقي في "السنن" 8/141، وفي "دلائل النبوّة" 6/520-521، وأبو محمد البغوي في "شرح السنّة" (3848) من طرق عن عاصم بن محمد، به. وسيأتي برقم (6655) .

6267– إسناده صحيح على شرط مسلم. حرملة بن يحيى من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه مسلم (2527) (201) في فضائل الصحابة: باب من فضائل نساء قريش، وابن حجر في "تغليق التعليق" 4/35 عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وعلّقه البخاري (3434) في الأنبياء : باب (إذ قالت الملائكة يا مريم ... ) قال: وقال ابن وهب: أخبرني يونس، به . وقال بإثره: تابعه ابن أخي الزهري وإسحاق الكلبي عن الزهري.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''قریش کی خواتین اونٹنیوں پر سوار ہونے والی (یعنی عرب خواتین) میں سب سے بہتر ہیں یہ اپنے بچوں پر بڑی مہربان ہوتی ہیں اوراپنے شوہر (کے گھر کا) بھرپور خیال رکھتی ہیں''۔

اس کے بعد حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سیدہ مریم بنت عمران رضی اللہ عنہا کبھی بھی اونٹ پر سوار نہیں ہوئی تھیں۔

## ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِیْ مِنْ اَجْلِهٖ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْقَوْلَ

## اس سبب کا تذکرہ' جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی

6268 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ اُمَّ هَانِیْءٍ بِنْتَ اَبِیْ طَالِبٍ، فَقَالَتْ: اِنِّیْ قَدْ كَبِرْتُ وَلِیْ عِیَالٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَیْرُ نِسَاءٍ رَكِبْنَ الْاِبِلَ نِسَاءُ قُرَیْشٍ، اَحْنَاهُ عَلٰى وَلَدِهٖ فِیْ صِغَرِهٖ، وَاَرْعَاهُ عَلٰى زَوْجٍ فِیْ ذَاتِ یَدِهٖ، وَلَمْ تَرْكَبْ مَرْیَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ بَعِیْرًا قَطُّ

❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ ام ہانی بنت ابوطالب رضی اللہ عنہا کو شادی کا پیغام بھیجا۔انہوں نے عرض کی: میری عمر بھی زیادہ ہوگئی ہے۔میں بال بچے دار بھی ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اونٹوں پر سوار ہونے والی خواتین (یعنی عرب خواتین) میں قریش کی خواتین سب سے بہتر ہیں جو اپنے بچوں کے لئے ان کی کم سنی میں بڑی مہربان ہوتی ہیں اوراپنے شوہر (کے گھر بار کا) خیال رکھتی ہیں۔

(شاید حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ کہا) سیدہ مریم بنت عمران رضی اللہ عنہا کبھی بھی اونٹ پر سوار نہیں ہوئی تھیں۔

## ذِكْرُ اِهَانَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مَنْ اَهَانَ غَیْرَ الْفَاسِقِ مِنْ قُرَیْشٍ

## اللہ تعالیٰ کا اس شخص کو ذلیل کرنے کا تذکرہ' جو قریش سے تعلق رکھنے والے کسی ایسے شخص کی توہین کرتا ہے' جو فاسق نہ ہو

6269 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ الطَّالْقَانِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَفْصٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِیْ مُحَمَّدَ بْنَ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ بْنِ مُوْسٰى، قَالَ: سَمِعْتُ عَمِّیْ عُبَیْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ بْنِ مُوْسٰى، یَقُوْلُ: حَدَّثَنَا رَبِیْعَةُ بْنُ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ،

6268- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "مصنف عبد الرزاق" (20603) وعنه أخرجه أحمد 2/269 و 275، ومسلم (2527) (201) في فضائل الصحابة: باب من فضائل نساء قريش.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ لِي أَبِي عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ: أَيْ بُنَيَّ إِنْ وُلِّيتَ مِنْ أَمْرِ الْمُسْلِمِينَ شَيْئًا فَأَكْرِمْ قُرَيْشًا، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَهَانَ قُرَيْشًا أَهَانَهُ اللَّهُ

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے صاحب زادے عمرو بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: اے میرے بیٹے اگر تم مسلمانوں کے کسی معاملے (یعنی حکومت یا سرکاری عہدے) کے نگران بنو تو قریش کی عزت افزائی کرنا کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''جو شخص قریش کی توہین کرے گا تو اللہ تعالیٰ اسے ذلت کا شکار کرے گا''

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ أَنَّ أَبَا طَالِبٍ كَانَ مُسْلِمًا

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے جناب ابوطالب مسلمان تھے

**6270** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ سُرَيْجٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

---

6269– محمد بن حفص بن عمر، وعمّهُ عبيد الله بن عمر بن موسى لم يوثقهما غير المؤلف 9/71 و6/115، وقد لين الثاني الذهبي في "الميزان" 3/14، وقال العقيلي: لا يُتابع على حديثه، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه أحمد 1/64 وفيه قصة، والبزار (2781)، والعقيلي في "الضعفاء" 3/124، والحاكم 4/74 من طريق عبيد الله بن محمد بن حفص، بهذا الإسناد. وقال البزار: لا نعلم يُروى عن النبي - صلى الله عليه وسلم - إلّا بهذا الإسناد. وذكره الهيثمي في "المجمع" 10/27، وقال: رواه أحمد وأبو يعلى في "الكبير" باختصار، والبزار بنحوه، ورجالهم ثقات! وله شاهد من حديث سعد بن أبي وقّاص عند أحمد 1/171 و183، وابن أبي شيبة 12/171، والبخاري في "التاريخ الكبير" 8/376، والترمذي (3905)، والطبراني في "الكبير" (327)، والحاكم 4/174، والبغوي (3849). وفيه محمد بن العلاء بن أبي سفيان الثقفي وشيخه يوسف بن الحكم الثقفي لم يوثقهما غير المؤلف. وقال الترمذي: هذا حديث غريب. وأخرجه عبد الرزاق (19904) عن معمر، عن الزهري، عن عمر بن سعد بن أبي وقّاص، عن أبيه. وهذا سند رجاله ثقات رجال الشيخين غير عمر بن سعد، وهو صدوق. وآخر من حديث أنس رواه الطبراني (753) في "الكبير"، "والأوسط"، والبزار (2782)، قال في "المجمع" 10/27: فيه محمد بن سليم أبو هلال، وقد وثقه جماعة وفيه ضعف، وبقية رجالهما رجال الصحيح.

6270– حديث صحيح، الحارث بن سريج وإن كان فيه كلامٌ قد تُوبِعَ، ومن فوقه من رجال الشيخين غير يزيد بن كيسان، فمن رجال مسلم. أبو حازم الأشجعي: اسمه سلمان. وأخرجه مسلم (25) (41) في الإيمان: باب الدليل على صحة إسلام من حضره الموت ما لم يشرع في النزع، وابن منده في "الإيمان" (39) من طرق عن مروان بن معاوية، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/434 و441، ومسلم (25) (42)، والترمذي (3188) في التفسير: باب ومن سورة القصص، والطبري في "جامع البيان" 20/92، وابن منده (38)، والواحدي في "أسباب النزول" ص 228، والبيهقي في "دلائل النبوة" 2/344 و345-344، والبغوي في "معالم التنزيل" 2/331 من طرق عن يزيد بن كيسان، به. وانظر حديث المسيب بن حزم المتقدم برقم (984).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِي طَالِبٍ حِينَ حَضَرَهُ الْمَوْتُ: قُلْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْفَعْ لَكَ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، قَالَ: يَا ابْنَ اَخِي لَوْلَا اَنْ تُعَيِّرَنِي قُرَيْشٌ لَاَقْرَرْتُ عَيْنَيْكَ بِهَا، فَنَزَلَتْ: (اِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ اَحْبَبْتَ) (القصص: 56)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب جناب ابوطالب کی موت کا وقت قریب آیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: آپ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھ لیجئے میں اس کی وجہ سے قیامت کے دن آپ کے حق میں شفاعت کروں گا' تو جناب ابوطالب نے فرمایا: اے میرے بھتیجے اگر مجھے اس بات کا اندیشہ نہ ہوتا کہ قریش مجھے عار دلائیں گے' تو میں اس کلمے کے ذریعے تمہاری آنکھوں کو ٹھنڈا کر دیتا۔

(راوی کہتے ہیں:) اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

"بے شک تم اسے ہدایت نہیں دیتے جسے تم پسند کرتے ہو۔"

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ اَبَا طَالِبٍ كَانَ مُسْلِمًا

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے جناب ابوطالب مسلمان تھے

6271 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ الْهَادِ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ خَبَّابٍ، حَدَّثَهُمْ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ، وَذُكِرَ عِنْدَهُ عَمُّهُ اَبُو طَالِبٍ، فَقَالَ: لَعَلَّهُ اَنْ تُصِيبَهُ شَفَاعَتِي فَتَجْعَلَهُ فِي ضَحْضَاحٍ مِنَ النَّارِ تَبْلُغُ كَعْبَيْهِ، يَغْلِي مِنْهَا دِمَاغُهُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا آپ کے سامنے آپ کے چچا جناب ابوطالب کا ذکر کیا گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انہیں میری شفاعت نصیب ہوگی' جس کے نتیجے میں ان کے ٹخنوں تک آگ پہنچے گی' لیکن اس کی وجہ سے ان کا دماغ کھول رہا ہوگا (یعنی ان کے باقی جسم تک آگ نہیں پہنچے گی)

6271- إسناده صحيح على شرط مسلم. ابن الهاد: هو يزيد بن عبد الله. وأخرجه أحمد 3/55، عن هارون بن معروف، عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/9 و 50، والبخاري (3885) في مناقب الأنصار: باب ذكر قصة أبي طالب، و (6564) في الرقاق: باب صفة الجنّة والنار، ومسلم (210) في الإيمان: باب شفاعة النبي - صلى الله عليه وسلم - لأبي طالب والتخفيف عنه بسببه، وابن منده في "الإيمان" (968) ، والبيهقي في "الدلائل" 2/347 من طرق عن يزيد ابن الهاد، به. الضحضاح: هو الماء القليل، أو ما يبلغ الكعبين منه. قال الحافظ في "الفتح" 7/196: في الحديث جواز زيارة القريب المشرك وعيادته، وأن التوبة مقبولة ولو في شدة مرض الموت حتى يصل إلى المعاينة فلا يقبل، لقوله تعالى: (فلم يَكُ ينفعهم إيمانهم لمّا رأوا بأسنا) ، وأن الكافر إذا شهد شهادة الحق نجا من العذاب لأن الإسلام يجبُّ ما قبله، وأن عذاب الكفار متفاوت، والنفع الذى حصل لأبي طالب من خصائصه ببركة النبي - صلى الله عليه وسلم -.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَلٰى دِيْنِ قَوْمِهٖ قَبْلَ اَنْ يُّوْحٰى اِلَيْهِ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف وحی کیے جانے سے پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قوم کے دین پر کاربند تھے

**6272** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهٖ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَا هَمَمْتُ بِقَبِيْحٍ مِمَّا يَهُمُّ بِهٖ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ اِلَّا مَرَّتَيْنِ مِنَ الدَّهْرِ كِلْتَاهُمَا عَصَمَنِيَ اللّٰهُ مِنْهُمَا.

قُلْتُ لَيْلَةً لِفَتًى كَانَ مَعِيَ مِنْ قُرَيْشٍ بِاَعْلٰى مَكَّةَ فِيْ غَنَمٍ لِاَهْلِنَا نَرْعَاهَا: اَبْصِرْ لِيْ غَنَمِيْ حَتّٰى اَسْمُرَ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ بِمَكَّةَ كَمَا يَسْمُرُ الْفِتْيَانُ.

قَالَ: نَعَمْ، فَخَرَجْتُ، فَلَمَّا جِئْتُ اَدْنٰى دَارٍ مِنْ دُوْرِ مَكَّةَ سَمِعْتُ غِنَاءً، وَصَوْتَ دُفُوْفٍ، وَمَزَامِيْرَ.

قُلْتُ: مَا هٰذَا؟ قَالُوْا: فُلَانٌ تَزَوَّجَ فُلَانَةَ لِرَجُلٍ مِنْ قُرَيْشٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةً مِنْ قُرَيْشٍ، فَلَهَوْتُ بِذٰلِكَ الْغِنَاءِ، وَبِذٰلِكَ الصَّوْتِ حَتّٰى غَلَبَتْنِيْ عَيْنِيْ، فَنِمْتُ فَمَا اَيْقَظَنِيْ اِلَّا مَسُّ الشَّمْسِ، فَرَجَعْتُ اِلٰى صَاحِبِيْ، فَقَالَ: مَا فَعَلْتَ؟ فَاَخْبَرْتُهٗ، ثُمَّ فَعَلْتُ لَيْلَةً اُخْرٰى مِثْلَ ذٰلِكَ، فَخَرَجْتُ، فَسَمِعْتُ مِثْلَ ذٰلِكَ، فَقِيْلَ لِيْ: مِثْلُ مَا قِيْلَ لِيْ، فَسَمِعْتُ كَمَا سَمِعْتُ، حَتّٰى غَلَبَتْنِيْ عَيْنِيْ، فَمَا اَيْقَظَنِيْ اِلَّا مَسُّ الشَّمْسِ، ثُمَّ رَجَعْتُ اِلٰى صَاحِبِيْ، فَقَالَ لِيْ:

---

6272- إسناده حسن، محمد بن إسحاق روى له البخارى تعليقاً ومسلم متابعة وهو صدوق، وقد صرح بالتحديث، فانتفت شبهة تدليسه، وباقى رجاله ثقات رجال الصحيح غير مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قَيْسِ بْنِ مخرمة فقد روى عنه جمع، وذكره المؤلف فى "الثقات" 7/380 وله ترجمة عند ابن أبى حاتم 7/303، والبخارى فى "التاريخ الكبير" 9/130، ولم يذكرا فيه جرحاً ولا تعديلاً. وذكر صاحب "الكمال" أن الشيخين أخرجا حديثه، وقال المزى فيما نقله عنه الإمام الذهبى والحافظ ابن حجر: لم أقف على رواية أحد منهما. قلت: ولم يرد له ذكر فى كتاب "رجال مسلم" لابن منجويه، ولا فى "الجمع بين رجال الصحيحين" لابن طاهر، ولا فى "رجال البخارى" للكلاباذى. وأخرجه أبو نعيم فى "دلائل النبوّة" (128) من طريق إسحاق بن راهويه، عن وهب بن جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه الحاكم 4/245، وعنه البيهقى فى "الدلائل" 2/33 من طريق يونس بن بكير، عن ابن إسحاق، به. وعلقه البخارى فى "تاريخه" 1/130 باختصار، فقال: قال لى شهاب: حدثنا بكر بن سليمان، عن ابن إسحاق به، ووصله البزار (2403) حدثنا موسى بن عبد الله أبو طلحة الخزاعى، حدثنا بكر بن سليمان، عن ابن إسحاق. وذكره الهيثمى فى " المجمع "8/226، وقال: رواه البزار، ورجاله ثقات. وأورده السيوطى فى "الخصائص" 89-1/88، ونقل عن ابن حجر قوله: إسناده حسن متصل، ورجاله ثقات.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



مَا دَ مَلْتَ؟ فَقُلْتُ: مَا فَعَلْتُ شَيْئًا، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَوَاللّٰهِ، مَا هَمَمْتُ بَعْدَهُمَا بِسُوْءٍ مِمَّا يَعْمَ هُ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ، حَتّٰى اَكْرَمَنِي اللّٰهُ بِنُبُوَّتِهِ

❁❁ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''میں نے کبھی بھی کسی ایسی برائی کرنے کا ارادہ نہیں کیا جو زمانہ جاہلیت کے لوگ کیا کرتے تھے' البتہ دو مرتبہ ارادہ کیا دونوں مرتبہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بچالیا۔ (پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا) ایک مرتبہ میں ایک قریشی نوجوان کے ساتھ اپنے گھر والوں کی بکریاں مکہ کے بالائی حصے میں چرا رہا تھا۔ میں نے اپنے ساتھی نوجوان سے کہا تم نے آج میری بکریوں کا دھیان رکھنا ہے۔ آج رات میں مکہ میں یوں بسر کروں گا' جس طرح نوجوان گزارتے ہیں۔ اس نے کہا: ٹھیک ہے۔ میں وہاں سے روانہ ہوا جب میں مکہ کے آخری کونے میں موجود گھر کے پاس پہنچا' تو وہاں مجھے گانے اور دف بجانے اور موسیقی کے آلات کی آواز آئی۔ میں نے دریافت کیا یہ کیا ہے' تو لوگوں نے بتایا۔ فلاں شخص نے فلاں عورت کے ساتھ شادی کی ہے۔ انہوں نے قریش کے ایک شخص کی قریش کی ایک خاتون کے ساتھ شادی کرنے کے بارے میں بتایا میں اس گانے اور آواز کو سننے لگا۔ اسی دوران میری آنکھ لگ گئی۔ میں سو گیا مجھے دھوپ کی تپش نے بیدار کیا میں اپنے ساتھی کے پاس واپس آیا۔ اس نے دریافت کیا تم نے کیا کیا میں نے اسے اس بارے میں بتایا پھر دوسری رات بھی اسی طرح ہوا میں وہاں سے روانہ ہوا۔ میں نے اسی طرح کی آواز سنی۔ مجھے کہا گیا وہی بات جو پہلے کہی گئی تھی میں نے اسی طرح کی آواز سنی جس طرح پہلے سنی تھی' یہاں تک کہ میری آنکھ لگ گئی' تو پھر مجھے سورج کی تپش نے بیدار کیا میں پھر اپنے ساتھی کے پاس آیا۔ اس نے دریافت کیا تم نے کیا کیا میں نے کہا: میں نے کچھ نہیں کیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اللہ کی قسم! اس کے بعد میں نے کبھی کسی برائی کا ارادہ نہیں کیا۔ ایسی برائی جو زمانہ جاہلیت کے لوگ کیا کرتے تھے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی نبوت کے ذریعے مجھے سرفراز کیا۔

## ذِكْرُ اِحْصَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ تَلَفَّظَ بِالْاِسْلَامِ فِيْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ

### نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ان لوگوں کو شمار کرنا جنہوں نے ابتدائے اسلام میں اسلام قبول کرلیا تھا

**6273** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَحْصُوا كُلَّ مَنْ كَانَ تَلَفَّظَ بِالْاِسْلَامِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَخَافُ وَنَحْنُ بَيْنَ السِّتِّ مِائَةٍ اِلَى السَّبْعِ مِائَةٍ؟ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكُمْ لَا تَدْرُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُبْتَلَوْنَ، قَالَ: فَابْتُلِيْنَا حَتّٰى جَعَلَ الرَّجُلُ مِنَّا لَا يُصَلِّي اِلَّا سِرًّا

❁❁ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ آپ نے فرمایا: تم لوگ ان لوگوں کی گنتی کرو جو اسلام قبول کر چکے ہیں راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا آپ کو اندیشہ ہے' جب کہ ہماری

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

تعداد چھ سو سے لے کر سات سو تک ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم نہیں جانتے ہو ہوسکتا ہے تمہیں آزمائش میں مبتلا کر دیا جائے۔ راوی کہتے ہیں: تو ہمیں آزمائش میں مبتلا کیا گیا۔ ہم میں سے ہر شخص صرف پوشیدہ طور پر نماز ادا کرسکتا تھا۔

# ذِكْرُ وَصْفِ بَيْعَةِ الْاَنْصَارِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ بِمِنًى

## عقبہ کی رات منیٰ میں انصار کا نبی اکرم ﷺ کی بیعت کرنے کا تذکرہ

**6274** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَكَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ سَبْعَ * سِنِيْنَ، يَتَتَبَّعُ النَّاسَ فِيْ مَنَازِلِهِمْ بِعُكَاظَ وَمَجَنَّةَ وَالْمَوَاسِمِ بِمِنًى، يَقُوْلُ: مَنْ يُؤْوِيْنِيْ وَيَنْصُرُنِيْ حَتّٰى اُبَلِّغَ رِسَالَاتِ رَبِّيْ؟ ، حَتّٰى اِنَّ الرَّجُلَ لَيَخْرُجُ مِنَ الْيَمَنِ اَوْ مِنْ مِصْرَ فَيَاْتِيهِ قَوْمُهُ، فَيَقُوْلُوْنَ: احْذَرْ غُلَامَ قُرَيْشٍ، لَا يَفْتِنُكَ، وَيَمْشِيْ بَيْنَ رِحَالِهِمْ وَهُمْ يُشِيْرُوْنَ اِلَيْهِ بِالْاَصَابِعِ، حَتّٰى بَعَثَنَا اللّٰهُ مِنْ يَثْرِبَ، فَآوَيْنَاهُ وَصَدَّقْنَاهُ، فَيَخْرُجُ الرَّجُلُ مِنَّا وَيُؤْمِنُ بِهِ وَيُقْرِئُهُ الْقُرْآنَ، وَيَنْقَلِبُ اِلٰى اَهْلِهِ فَيُسْلِمُوْنَ بِاِسْلَامِهِ، حَتّٰى لَمْ يَبْقَ دَارٌ مِّنْ دُوْرِ الْاَنْصَارِ اِلَّا فِيْهَا رَهْطٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ، يُظْهِرُوْنَ الْاِسْلَامَ، ثُمَّ اِنَّا اجْتَمَعْنَا، فَقُلْنَا: حَتّٰى مَتٰى نَتْرُكُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُطْرَدُ فِيْ جِبَالِ مَكَّةَ وَيَخَافُ؟ ، فَرَحَلَ اِلَيْهِ مِنَّا سَبْعُوْنَ رَجُلًا، حَتّٰى قَدِمُوْا عَلَيْهِ فِي الْمَوْسِمِ فَوَاعَدْنَاهُ بَيْعَةَ الْعَقَبَةِ، فَاجْتَمَعْنَا عِنْدَهَا مِنْ رَجُلٍ وَّرَجُلَيْنِ، حَتّٰى تَوَافَيْنَا، فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلَامَ نُبَايِعُكَ؟ قَالَ: تُبَايِعُوْنِيْ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ فِي النَّشَاطِ وَالْكَسَلِ، وَالنَّفَقَةِ فِي الْعُسْرِ وَالْيُسْرِ، وَعَلَى الْاَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَاَنْ يَقُوْلَهَا لَا

---

6273– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وأبو معاوية: هو محمد بن خازم الضرير، والأعمش هو: سليمان بن مهران، وشقيق: هو ابن سلمة . وأخرجه ابن أبي شيبة 15/69، وأحمد 5/384، ومسلم (149) في الإيمان: باب الاستسرار بالإيمان للخائف، والنسائي في " الكبرى " كما في "التحفة" 3/38، وابن ماجه (4029) في الفتن: باب الصبر على البلاء ، وأبو عوانة 1/102، وابن منده في "الإيمان" (453) من طريق أبي معاوية، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري (3060) في الجهاد: باب كتابة الإمام الناس، وابن منده (452) ، والبيهقي 6/363، والبغوي (2744) من طريقين عن سفيان الثوري، عن الأعمش، عن شقيق، عن حذيفة مرفوعاً بلفظ: "اكتبوا لي من تلفظ بالإسلام من الناس"، فكتبنا له ألفاً وخمس مئة رجل، فقلنا: نخاف ونحن ألف وخمس مئة؟ .. وأخرجه البخاري بإثره، قال: حدثنا عبدان، عن أبي حمزة، عن الأعمش فوجدناهم خمس مئة.

6274– إسناده صحيح على شرط مسلم . ابنُ خُثيم: هو عبد الله بن عثمان بن خُثيم، وأبو الزبير: هو محمد بن مسلم، وقد صرح بالتحديث عند البيهقي، فانتفت شبهة تدليسه . وأخرجه أحمد3/322-323، والبزار (1756) عن عبد الرزاق بهذا الإسناد. وقال البزار: قد رواه غير واحد عن ابن خُثيم، ولا نعلمه عن جابر إلّا بهذا الإسناد . وأخرجه البزار، والبيهقي في " الدلائل " 2/442-443، وفي " السنن "9/9 من طريقين عن ابنِ خُثيم، به . وذكره الهيثمي في "المجمع"6/46، وقال: رواه أحمد والبزار، ورجال أحمد رجال الصحيح. وسيأتي برقم (7012) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


يُبَالِي فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ، وَعَلٰى اَنْ تَنْصُرُوْنِيْ، وَتَمْنَعُوْنِيْ اِذَا قَدِمْتُ عَلَيْكُمْ مِمَّا تَمْنَعُوْنَ مِنْهُ اَنْفُسَكُمْ وَاَزْوَاجَكُمْ وَاَبْنَاءَ كُمْ، وَلَكُمُ الْجَنَّةُ، فَقُمْنَا اِلَيْهِ فَبَايَعْنَاهُ، وَاَخَذَ بِيَدِهٖ اَسْعَدُ بْنُ زُرَارَةَ وَهُوَ مِنْ اَصْغَرِهِمْ، فَقَالَ: رُوَيْدًا يَا اَهْلَ يَثْرِبَ، فَاِنَّا لَمْ نَضْرِبْ اَكْبَادَ الْاِبِلِ اِلَّا وَنَحْنُ نَعْلَمُ اَنَّهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَّ اِخْرَاجَهُ الْيَوْمَ مُنَازَعَةُ الْعَرَبِ كَافَّةً، وَقَتْلُ خِيَارِكُمْ، وَاَنْ تَعَضَّكُمُ السُّيُوْفُ، فَاِمَّا اَنْ تَصْبِرُوْا عَلٰى ذٰلِكَ وَاَجْرُكُمْ عَلَى اللّٰهِ، وَاِمَّا اَنْتُمْ تَخَافُوْنَ مِنْ اَنْفُسِكُمْ جُبْنًا، فَبَيِّنُوْا ذٰلِكَ فَهُوَ اَعْذَرُ لَكُمْ، فَقَالُوْا: اَمِطْ عَنَّا فَوَاللّٰهِ لَا نَدَعُ هٰذِهِ الْبَيْعَةَ اَبَدًا، فَقُمْنَا اِلَيْهِ، فَبَايَعْنَاهُ، فَاَخَذَ عَلَيْنَا، وَشَرَطَ اَنْ يُعْطِيَنَا عَلٰى ذٰلِكَ الْجَنَّةَ

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سات سال تک مکہ میں مقیم رہے۔ آپ عکاظ، مجنہ اور حج کے موقع پر منیٰ میں موجود لوگوں کی رہائش گاہوں پر جاتے تھے۔ کون مجھے پناہ دے گا اور کون میری مدد کرے گا تا کہ میں اپنے پروردگار کے اس پیغام کی تبلیغ کرسکوں' یہاں تک کہ ایک شخص جس کا تعلق یمن یا شاید مصر سے تھا وہ نکلا اور اپنی قوم کے پاس آ کر بولا۔ قریش کے اس نوجوان سے بچو کہیں یہ تمہیں آزمائش میں مبتلا نہ کر دے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کی رہائش گاہوں کے درمیان چلتے اور وہ لوگ اپنی انگلیوں سے آپ کی طرف اشارہ کیا کرتے تھے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں یثرب سے بھیجا ہم نے آپ کو پناہ دی اور آپ کی تصدیق کی۔ ہم میں سے ایک شخص نکلا وہ آپ پر ایمان لایا آپ نے اسے قرآن کی تلاوت سکھائی۔ وہ شخص اپنے اہل خانہ کے پاس واپس گیا' تو اس کے اسلام قبول کرنے کی وجہ سے اہل خانہ نے بھی اسلام قبول کر لیا' یہاں تک کہ انصار کے ہر محلے میں کچھ نہ کچھ مسلمان ہو گئے۔ انہوں نے اسلام کو ظاہر کیا پھر ہم اکٹھے ہو گئے۔ ہم نے کہا: ہم کب تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسی حالت میں رہنے دیں گے۔ کیا آپ مکہ کے پہاڑوں کے درمیان اِدھر اُدھر آتے جاتے رہیں اور پریشانی کا شکار رہیں' تو ہم میں سے ستر افراد آپ کی خدمت میں جانے کے لئے روانہ ہوئے۔ وہ حج کے موقع پر آپ کی خدمت میں آئے۔ ہم نے آپ کے ساتھ طے کیا کہ ہم عقبہ (گھاٹی) کے پاس آ کر آپ سے بات کریں گے۔ ہم لوگ ایک ایک دو' دو کر کے وہاں اکٹھے ہوئے' یہاں تک کہ جب ہماری تعداد پوری ہوگئی' تو ہم نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! ہم کس بات پر آپ کی بیعت کریں۔ آپ نے فرمایا: تم چاک و چوبند ہونے سست ہونے (ہر حالت میں) اطاعت فرمانبرداری کرنے، تنگی اور خوشحالی میں خرچ کرنے نیکی کا حکم دینے اور برائی سے منع کرنے پر میری بیعت کرو اور آدمی یہ بھی کہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہیں کرے گا اور اس بات پر بیعت کرو کہ تم میری مدد کرو گے' اور جب میں تمہارے پاس آؤں گا تم میری مدد کرو گے۔ اسی طرح جس طرح تم اپنا خیال رکھتے ہو اپنی بیویوں اور بچوں کا خیال رکھتے ہو۔ اس کے عوض میں تمہیں جنت ملے گی۔ ہم آپ کے سامنے آئے اور ہم نے آپ کی بیعت کر لی۔

حضرت اسعد بن زرارہ جوان تمام افراد میں کم سن تھے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دست مبارک پکڑا اور بولے: اے اہل یثرب آگے آؤ۔ ہم نے اونٹوں کے جگر پر نہیں مارا (یعنی سفر نہیں کیا) مگر یہ کہ ہم نے یہ بات جان لی ہے کہ یہ اللہ کے رسول ہیں۔ اب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا (مدینہ منورہ کی طرف) نکلنا تمام عربوں سے جھگڑا کرنے کا باعث بنے گا۔ اس کے نتیجے میں تمہارے بہترین

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



لوگ قتل ہو سکتے ہیں۔ تلواریں تمہیں کاٹ سکتی ہیں' یا' تو یہ ہے کہ تم نے اس صورت حال پر صبر سے کام لینا تمہارا اجر اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہو جائے گا یا پھر یہ ہے کہ تم بزدلی دکھاتے ہوئے اپنی ذات کے حوالے سے اندیشے کا شکار ہو جانا (اگر تم نے ایسا کرنا ہے)' تو تم اس بات کو بیان کر دو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تم لوگوں کا عذر قبول کر لیں گے۔ ان لوگوں نے کہا: تم ایک طرف ہو جاؤ' اللہ کی قسم! ہم اس بیعت کو کبھی ترک نہیں کریں گے پھر ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھڑے ہوئے۔ ہم نے آپ کی بیعت کی۔ آپ نے ہم سے بیعت لی اور ساتھ یہ شرط عائد کی کہ آپ ایسا کرنے کی صورت میں ہمیں جنت عطا کریں گے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



# فَصْلٌ فِیْ هِجْرَتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ، وَكَيْفِيَّةِ اَحْوَالِهِ فِيْهَا

## فصل: نبی اکرم ﷺ کا مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کرنا

## اوراس دوران آپ ﷺ کی صورتحال کی کیفیت

**6275** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، وَالْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ اَنِّيْ اُهَاجِرُ مِنْ مَكَّةَ اِلٰى اَرْضٍ نَخْلٍ، فَذَهَبَ وَهْلِي اَنَّهَا الْيَمَامَةُ اَوْ هَجَرُ، فَاِذَا هِيَ الْمَدِيْنَةُ، يَثْرِبُ، وَرَاَيْتُ فِيْ رُؤْيَايَ هٰذِهِ اَنِّيْ هَزَزْتُ سَيْفًا فَانْقَطَعَ، فَاِذَا هُوَ مَا اُصِيْبَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ اُحُدٍ، ثُمَّ هَزَزْتُ اُخْرٰى فَعَادَ اَحْسَنَ مَا كَانَ، فَاِذَا هُوَ مَا جَدَّدَ اللّٰهُ مِنَ الْمَغْنَمِ وَاجْتِمَاعِ الْمُؤْمِنِيْنَ

❀❀ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میں نے خواب میں دیکھا میں مکہ سے ہجرت کر کے کھجوروں کی سرزمین کی طرف جا رہا ہوں۔ میرا ذہن اس طرف گیا کہ وہ یمامہ یا ہجر ہو سکتے ہیں' لیکن وہ مدینہ تھا یعنی یثرب تھا اور میں نے خواب میں دیکھا میں نے تلوار لہرائی' تو وہ ٹوٹ گئی۔ اس سے مراد غزوہ احد کے موقع پر مسلمانوں کو لاحق ہونے والا نقصان ہے پھر میں نے دوسری مرتبہ تلوار لہرائی' تو وہ پہلے سے زیادہ اچھی صورت میں آ گئی۔ اس سے مراد وہ چیز ہے جو اللہ تعالیٰ مال غنیمت کی شکل میں عطا کرے گا اور اہل ایمان کا اجتماع (یعنی ان کی تعداد کا زیادہ ہونا) مراد ہے۔

# ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا اَرَى اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا صَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَوْضِعَ هِجْرَتِهِ فِيْ مَنَامِهِ

6275- إسناده صحيح على شرط الشيخين. محمود بن غيلان ثقة من رجال الشيخين، والحسن بن حماد: هو الضبي، روى له النسائي وهو ثقة، وأبو أسامة: هو حماد بن أسامة، وبُريد: هو ابن أبي بردة بن أبي موسى الأشعري. وأخرجه ابن ماجه (3921) في تعبير الرؤيا: باب تعبير الرؤيا، عن محمود بن غيلان، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 2/129، ومسلم (2272) في الرؤيا: باب رؤيا النبي - صلى الله عليه وسلم -، من طريقين عن أبي أسامة، به. وانظر ما بعده.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایة

www.KitaboSunnat.com



## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کوخواب میں ہجرت کا مقام دکھا دیا تھا

6276 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ اَنِّي اُهَاجِرُ مِنْ مَكَّةَ اِلٰى اَرْضٍ بِهَا نَخْلٌ، فَذَهَبَ وَهْلِي اِلٰى اَنَّهَا الْيَمَامَةُ، وَهَجَرُ، فَاِذَا هِيَ الْمَدِينَةُ يَثْرِبُ، وَرَاَيْتُ فِي رُؤْيَايَ هٰذِهِ اَنِّي هَزَزْتُ سَيْفًا فَانْقَطَعَ، فَاِذَا هُوَ مَا اُصِيبَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ اُحُدٍ، وَهَزَزْتُهُ مَرَّةً اُخْرٰى فَعَادَ اَحْسَنَ مَا كَانَ، فَاِذَا هُوَ مَا جَاءَ اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْفَتْحِ وَاجْتِمَاعِ الْمُؤْمِنِيْنَ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میں نے خواب میں دیکھا کہ میں مکہ سے ہجرت کر کے ایسی سرزمین کی طرف جا رہا ہوں۔ وہاں کھجوروں کے باغات ہیں۔ میرا ذہن اس طرف گیا یہ یمامہ یا ہجر ہو سکتے ہیں' لیکن یہ مدینہ یعنی یثرب تھا۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ میں نے تلوار لہرائی' تو وہ ٹوٹ گئی۔ اس سے مراد غزوہ احد کے موقع پر لاحق ہونے والا نقصان ہے' پھر میں نے اسے دوسری مرتبہ لہرایا تو وہ پہلے سے زیادہ اچھی حالت میں آ گئی۔ اس کے ذریعے وہ فتح اور اہل ایمان کا اجتماع (یعنی ان کی تعداد میں اضافہ) مراد ہے' جو اللہ تعالیٰ نے عطا کیا۔

# ذِكْرُ وَصْفِ كَيْفِيَّةِ خُرُوجِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ لَمَّا صَعُبَ الْاَمْرُ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ بِهَا

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مکہ سے نکلنے کی کیفیت کا تذکرہ جب وہاں معاملہ مسلمانوں کے لیے مشکل ہو گیا

6277 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، اَنَّهُ اَخْبَرَهُ عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

---

6276- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "مسند" أبي يعلى ورقة 240/2، وهو مكرر ما قبله. وأخرج البخاري (3622) في مناقب الأنصار: باب علامات النبوّة في الإسلام، و (4081) في المغازي: باب من قتل من المسلمين يوم أُحُد، و (7035) في التعبير: باب إذا رأى بقراً تنحر، و (3041) باب: إذا هزَّ سيفاً في المنام، ومسلم (2272) في الرؤيا: باب رؤيا النبي - صلى الله عليه وسلم -، والبغوي (3296) عن محمد بن العلاء بن كريب، بهذا الإسناد.

6277- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "مصنف عبد الرزاق" (9743). وأخرجه بأخصر مما هنا أحمد 6/198 عن عبد الرزاق بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (5807) في اللباس: باب التقنع، عن إبراهيم بن موسى، عن هشام، عن معمر، عن الزهري، عن عروة، به. وأخرجه مطولاً ومختصراً البخاري (476) في الصلاة: باب المسجد يكون بالطريق من غير ضرر الناس، و (2297) في الكفالة: باب جوار أبي بكر في عَهْدِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -، و (3905) في المغازي: باب غزوة الرجيع ورعل وذكوان، والبيهقي في "الدلائل" 2/471-474، والبغوي في "معالم التنزيل" 2/293-294 من طريقين عن الليث، عن عُقيل، عن الزهري، به. وانظر (6280) و (6868).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متنِ حدیث): لَمْ اَعْقِلْ اَبَوَیَّ قَطُّ اِلَّا وَهُمَا یَدِیْنَانِ الدِّیْنَ، لَمْ یَمُرَّ عَلَیْنَا یَوْمٌ اِلَّا یَاْتِیْنَا فِیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، طَرَفَیِ النَّهَارِ بُكْرَةً وَعَشِیًّا، فَلَمَّا ابْتُلِیَ الْمُسْلِمُوْنَ خَرَجَ اَبُوْ بَكْرٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَیْهِ مُهَاجِرًا قِبَلَ اَرْضِ الْحَبَشَةِ، فَلَقِیَهُ ابْنُ الدَّغِنَةِ سَیِّدُ الْقَارَةِ، فَقَالَ: اَیْنَ یَا اَبَا بَكْرٍ؟ قَالَ: اَخْرَجَنِیْ قَوْمِیْ فَاَسِیْحُ فِی الْاَرْضِ، وَاَعْبُدُ رَبِّیْ، فَقَالَ لَهُ ابْنُ الدَّغِنَةِ: اِنَّ مِثْلَكَ یَا اَبَا بَكْرٍ لَا یَخْرُجُ، وَلَا یُخْرَجُ، اِنَّكَ تُكْسِبُ الْمَعْدُوْمَ، وَتَصِلُ الرَّحِمَ، وَتَقْرِی الضَّیْفَ، وَتَحْمِلُ الْكَلَّ، وَتُعِیْنُ عَلٰى نَوَائِبِ الْحَقِّ، وَاَنَا لَكَ جَارٌ، فَارْتَحَلَ ابْنُ الدَّغِنَةِ، وَرَجَعَ اَبُوْ بَكْرٍ مَعَهُ، فَقَالَ لَهُمْ، وَطَافَ فِیْ كُفَّارِ قُرَیْشٍ: اَنَّ اَبَا بَكْرٍ، لَا یَخْرُجُ، وَلَا یُخْرَجُ مِثْلُهُ، اِنَّهُ یُكْسِبُ الْمَعْدُوْمَ، وَیَصِلُ الرَّحِمَ، وَیَحْمِلُ الْكَلَّ، وَیَقْرِی الضَّیْفَ، وَیُعِیْنُ عَلٰى نَوَائِبِ الْحَقِّ، فَاَنْفَذَتْ قُرَیْشٌ جِوَارَ ابْنِ الدَّغِنَةِ، فَاٰمَنُوْا اَبَا بَكْرٍ، وَقَالُوْا لِابْنِ الدَّغِنَةِ: مُرْ اَبَا بَكْرٍ اَنْ یَّعْبُدَ رَبَّهُ فِیْ دَارِهِ وَیُصَلِّیَ مَا شَاءَ وَیَقْرَاَ مَا شَاءَ، وَلَا یُؤْذِیْنَا، وَلَا یَسْتَعْلِنْ بِالصَّلَاةِ وَالْقِرَاءَةِ فِیْ غَیْرِ دَارِهِ، فَفَعَلَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ ذٰلِكَ، ثُمَّ بَدَا لِاَبِیْ بَكْرٍ فَابْتَنٰى مَسْجِدًا بِفِنَاءِ دَارِهِ، فَكَانَ یُصَلِّیْ فِیْهِ، وَیَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ، فَیَقِفُ عَلَیْهِ نِسَاءُ الْمُشْرِكِیْنَ وَاَبْنَاؤُهُمْ، فَیَعْجَبُوْنَ مِنْهُ، وَیَنْظُرُوْنَ اِلَیْهِ، وَكَانَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ رَجُلًا بَكَّاءً لَا یَمْلِكُ دَمْعَهُ اِذَا قَرَاَ الْقُرْاٰنَ، فَاَرْسَلُوْا اِلَى ابْنِ الدَّغِنَةِ، فَقَدِمَ عَلَیْهِمْ، فَقَالُوْا: اِنَّمَا اَجَرْنَا اَبَا بَكْرٍ اَنْ یَّعْبُدَ رَبَّهُ فِیْ دَارِهِ، وَاِنَّهُ ابْتَنٰى مَسْجِدًا، وَاِنَّهُ اَعْلَنَ الصَّلَاةَ وَالْقِرَاءَةَ، وَاِنَّا خَشِیْنَا اَنْ یَّفْتِنَ نِسَاءَنَا وَاَبْنَاءَنَا، فَاْتِهِ، فَقُلْ لَهُ: اَنْ یَّقْتَصِرَ عَلٰى اَنْ یَّعْبُدَ رَبَّهُ فِیْ دَارِهِ، وَاِنْ اَبٰى اِلَّا اَنْ یُّعْلِنَ ذٰلِكَ فَلْیَرُدَّ عَلَیْنَا ذِمَّتَكَ، فَاِنَّا نَكْرَهُ اَنْ نُّخْفِرَ ذِمَّتَكَ، وَلَسْنَا بِمُقِرِّیْنَ لِاَبِیْ بَكْرٍ الِاسْتِعْلَانَ، فَاَتَى ابْنُ الدَّغِنَةِ اَبَا بَكْرٍ، فَقَالَ: قَدْ عَلِمْتَ الَّذِیْ عَقَدْتُّ لَكَ عَلَیْهِ، فَاِمَّا اَنْ تَقْتَصِرَ عَلٰى ذٰلِكَ، وَاِمَّا اَنْ تُرْجِعَ اِلَیَّ ذِمَّتِیْ، فَاِنِّیْ لَا اُحِبُّ اَنْ تَسْمَعَ الْعَرَبُ اَنِّیْ اُخْفِرْتُ فِیْ عَقْدِ رَجُلٍ عَقَدْتُّ لَهُ.

قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: فَاِنِّیْ اَرْضٰى بِجِوَارِ اللّٰهِ، وَجِوَارِ رَسُوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَئِذٍ بِمَكَّةَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُسْلِمِیْنَ: اُرِیْتُ دَارَ هِجْرَتِكُمْ، اُرِیْتُ سَبْخَةً ذَاتَ نَخْلٍ بَیْنَ لَابَتَیْنِ، وَهُمَا حَرَّتَانِ.

فَهَاجَرَ مَنْ هَاجَرَ قِبَلَ الْمَدِیْنَةِ حِیْنَ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ، وَرَجَعَ اِلَى الْمَدِیْنَةِ بَعْضُ مَنْ كَانَ هَاجَرَ اِلٰى اَرْضِ الْحَبَشَةِ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ، وَتَجَهَّزَ اَبُوْ بَكْرٍ مُهَاجِرًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: عَلٰى رِسْلِكَ یَا اَبَا بَكْرٍ، فَاِنِّیْ اَرْجُوْ اَنْ یُّؤْذَنَ لِیْ، فَقَالَ: فِدَاكَ اَبِیْ وَاُمِّیْ اَوَ تَرْجُوْ ذٰلِكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَحَبَسَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ نَفْسَهُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَلِصَحَابَتِهِ، وَعَلَفَ رَاحِلَتَیْنِ كَانَتَا لَهُ وَرَقَ السَّمُرِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ.

قَالَ الزُّهْرِیُّ: قَالَ عُرْوَةُ: قَالَتْ عَائِشَةُ: اِذْ قَائِلٌ یَقُوْلُ لِاَبِیْ بَكْرٍ: هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، مُقْبِلًا مُتَقَنِّعًا فِیْ سَاعَةٍ لَمْ یَكُنْ یَاْتِیْنَا فِیْهَا، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: فِدًى لَهُ اَبِیْ وَاُمِّیْ، اِنْ جَاءَ بِهٖ هٰذِهِ السَّاعَةَ لَاَمْرٌ،

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتَأْذَنَ فَأُذِنَ لَهُ، فَدَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ أَخْرِجْ مَنْ عِنْدَكَ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّمَا هُمْ أَهْلُكَ، قَالَ: فَنَعَمْ، قَالَ: قَدْ أُذِنَ لِي، قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: فَالصُّحْبَةُ بِأَبِيْ أَنْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: بِأَبِيْ أَنْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَخُذْ إِحْدٰى رَاحِلَتَيَّ هَاتَيْنِ، فَقَالَ: نَعَمْ، بِالثَّمَنِ، قَالَتْ: فَجَهَّزْنَاهُمَا أَحَثَّ الْجِهَازِ، وَصَنَعْنَا لَهُمَا سُفْرَةً فِيْ جِرَابٍ، فَقَطَعَتْ أَسْمَاءُ مِنْ نِطَاقِهَا، وَأَوْكَتْ بِهِ الْجِرَابَ، فَلِذٰلِكَ كَانَتْ تُسَمّٰى: ذَاتَ النِّطَاقِ، فَلَحِقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَارٍ فِيْ جَبَلٍ يُقَالُ لَهُ: ثَوْرٌ، فَمَكَثَا فِيْهِ ثَلَاثَ لَيَالٍ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب سے میں نے ہوش سنبھالا میں نے اپنے والدین کو مسلمان دیکھا روزانہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں صبح وشام تشریف لایا کرتے تھے۔ جب مسلمانوں کو آزمائش کا شکار کیا جانے لگا' تو حضرت ابوبکر حبشہ کی سرزمین کی طرف ہجرت کرنے کے لئے روانہ ہوئے۔ ان کی ملاقات قارہ قبیلے کے سردار ابن دغنہ سے ہوئی۔ اس نے دریافت کیا: اے ابوبکر کہاں جا رہے ہو۔ انہوں نے کہا: میری قوم نے مجھے نکلنے پر مجبور کر دیا ہے۔ اب میں زمین میں سفر کروں گا اور اپنے پروردگار کی عبادت کروں گا۔ ابن دغنہ نے ان سے کہا: اے ابوبکر آپ جیسا شخص (اپنے علاقے سے) نہ تو نکل سکتا ہے اور نہ ہی اسے نکالا جا سکتا ہے۔ آپ ضرورت مند کی مدد کرتے ہیں رشتہ داری کے حقوق کا خیال رکھتے ہیں، مہمان نوازی کرتے ہیں، دوسروں کا بوجھ اٹھاتے ہیں، حق کے کاموں میں مدد کرتے ہیں، میں آپ کو پناہ دیتا ہوں پھر ابن دغنہ وہاں سے سوار ہو کر آئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی ان کے ساتھ واپس آ گئے۔ وہ کفار قریش کے پاس گیا اور اس نے ان سے کہا ابوبکر جیسا شخص (اپنے علاقے سے) نہ تو نکل سکتا ہے اور نہ اس جیسے شخص کو نکالا جا سکتا ہے۔ وہ ضرورت مند کی مدد کرتا ہے ان کا خیال رکھتا ہے، دوسروں کا وزن اٹھاتا ہے۔ مہمان نوازی کرتا ہے، حق کے کاموں میں مدد کرتا ہے' تو قریش نے ابن دغنہ کی دی ہوئی پناہ کو برقرار رکھا۔ انہوں نے حضرت ابوبکر کو امان دیدی۔ انہوں نے ابن دغنہ سے کہا کہ وہ ابوبکر سے کہے کہ وہ اپنے گھر میں اپنے پروردگار کی عبادت کرے اور وہاں جتنی چاہے نماز ادا کرے اور جتنی چاہے تلاوت کرے' لیکن ہمیں تکلیف نہ پہنچائے۔ وہ اعلانیہ طور پر اپنے گھر سے باہر نماز ادا نہ کرے اور تلاوت نہ کرے۔ حضرت ابوبکر ایسا ہی کرتے رہے' پھر ان کو مناسب لگا' تو انہوں نے اپنے صحن میں مسجد بنالی۔ وہاں وہ نماز ادا کیا کرتے تھے اور قرآن کی تلاوت کرتے تھے' تو مشرکین کی خواتین اور بچے وہاں آ جاتے اور حیران ہوتے تھے اور ان کی طرف دیکھتے رہتے تھے۔ حضرت ابوبکر بہت زیادہ رویا کرتے تھے جب قرآن کی تلاوت کرتے تھے' تو ان کی آنکھوں پر قابو نہیں رہتا تھا۔ قریش نے ابن دغنہ کو پیغام بھیجا کہ وہ ان کے پاس آئے۔ قریش نے کہا: ہم نے ابوبکر کو اس شرط پر پناہ دی تھی کہ وہ اپنے گھر میں اپنے پروردگار کی عبادت کرے گا۔ اب اس نے مسجد بنالی ہے اور وہ اعلانیہ طور پر نماز پڑھتا ہے اور تلاوت کرتا ہے۔ ہمیں یہ اندیشہ ہے کہ وہ ہمارے نوجوان بچوں کو آزمائش کا شکار کر دے گا تم اس کے پاس جاؤ اور اس سے کہو کہ وہ اپنے گھر میں اپنے پروردگار کی عبادت کرنے پر اکتفاء کرے۔ اگر وہ نہیں مانتا اور اعلانیہ طور پر ایسا کرنا چاہتا ہے' تو پھر وہ تمہاری دی ہوئی پناہ واپس کر

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



دے کیونکہ ہمیں یہ بات پسند نہیں ہے کہ ہم تمہاری دی ہوئی پناہ کی خلاف ورزی کریں اور ہم ابوبکر کو اعلانیہ طور پر ایسا کرنے کی اجازت بھی نہیں دے سکتے۔

ابن دغنہ ابوبکر کے پاس آیا اور بولا آپ یہ بات جانتے ہیں کہ میں نے آپ کے بارے میں ایک بات کا ذمہ لیا تھا' تو آپ اس پر اکتفاء کریں' یا پھر میری دی ہوئی پناہ مجھے واپس کر دیں کیونکہ مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ عرب یہ بات سنیں کہ میں نے ایک شخص کو پناہ دینے کے بعد اس سے واپس لے لی۔ حضرت ابوبکر نے فرمایا: میں اللہ اور اس کے رسول کی پناہ سے راضی ہوں۔ (راوی کہتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ مکہ میں مقیم تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے مسلمانوں سے فرمایا تمہارا ہجرت کا مقام مجھے (خواب میں) دکھایا گیا ہے۔ مجھے دکھایا گیا ہے کہ وہ ایک شور والی زمین ہے' جس میں کھجوروں کے باغات بہت ہیں اور اس کے دونوں کناروں پر پتھریلی زمین ہے۔

جب نبی اکرم ﷺ نے اس بات کا تذکرہ کیا' تو جن لوگوں نے ہجرت کرنی تھی وہ مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کر گئے اور حبشہ کی سرزمین کی طرف جن لوگوں نے ہجرت کی تھی ان میں سے کچھ لوگ مدینہ آ گئے۔ حضرت ابوبکر ؓ نے بھی ہجرت کے لئے سازوسامان تیار کیا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے ابوبکر ابھی انتظار کرو مجھے یہ امید ہے کہ مجھے بھی اس کی اجازت مل جائے گی۔ حضرت ابوبکر ؓ نے دریافت کیا میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں کیا آپ کو یہ امید ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں' تو حضرت ابوبکر ؓ نے نبی اکرم ﷺ کا ساتھ دینے کے لئے خود کو روک لیا۔ وہ اپنی دو اونٹنیوں کو چارا کھلاتے رہے۔ وہ انہیں ببول کے پتے کھلایا کرتے تھے۔ ایسا چار ماہ تک ہوتا رہا۔

سیدہ عائشہ ؓ بیان کرتی ہیں: ایک دن کسی نے حضرت ابوبکر ؓ سے کہا نبی اکرم ﷺ تشریف لائے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ منہ ڈھانپ کر تشریف لائے تھے اور یہ ایک ایسا وقت تھا جس میں آپ عام طور پر ہمارے ہاں نہیں آتے تھے۔ حضرت ابوبکر نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں اگر آپ اس وقت میں تشریف لائے ہیں' تو ضرور کسی اہم کام کے سلسلے میں آئے ہوں گے۔ نبی اکرم ﷺ تشریف لائے آپ نے اندر آنے کی اجازت طلب کی آپ کی خدمت میں اجازت پیش کی گئی۔ نبی اکرم ﷺ اندر تشریف لائے۔ آپ نے فرمایا: اے ابوبکر اپنے پاس موجود لوگوں کو باہر نکال دو۔ حضرت ابوبکر ؓ نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! صرف میرے اہل خانہ ہی ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے پھر آپ نے بتایا مجھے اجازت دیدی گئی ہے حضرت ابوبکر نے عرض کی: میرے والد آپ پر قربان ہوں' یارسول اللہ (ﷺ)! کیا میں ساتھ دوں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جی ہاں حضرت ابوبکر ؓ نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! میرے والد آپ پر قربان ہوں آپ ان دونوں میں سے ایک اونٹنی لے لیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے لیکن یہ قیمت کے عوض میں ہوگی۔

سیدہ عائشہ ؓ بیان کرتی ہیں: ہم نے ان دونوں کے لئے بہترین زادہ راہ تیار کیا۔ ہم نے ان دونوں کے لئے چمڑے کے کھانے کا تھیلا تیار کیا۔ سیدہ اسماء نے اپنے ازار بند کو کاٹ کر اس کے ذریعے اس تھیلے کا منہ باندھا۔ اسی وجہ سے ان کا نام ذات نطاق ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



نبی اکرم ﷺ ایک پہاڑ پر موجود غار تک پہنچ گئے۔ جس کا نام ثور تھا۔ آپ تین دن تک وہاں قیام پذیر رہے۔

## ذِكْرُ مَا خَاطَبَ الصِّدِّيقُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمَا فِي الْغَارِ

## اس بات کا تذکرہ کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ سے کیا کہا تھا جب یہ دونوں حضرات غار میں موجود تھے

**6278** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ اَبَا بَكْرٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَدَّثَهُمْ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِي الْغَارِ: لَوْ اَرَادَ اَحَدُهُمْ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى قَدَمَيْهِ لَاَبْصَرَنَا تَحْتَ قَدَمِهِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا ظَنُّكَ بِاثْنَيْنِ اللّٰهُ ثَالِثُهُمَا؟

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کو بتایا ہم جب غار میں موجود تھے' تو میں نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کی اگر ان میں سے کوئی ایک شخص اپنے پاؤں کی طرف دیکھ لے' تو وہ اپنے پاؤں کے نیچے ہمیں دیکھ لے گا نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایسے دو آدمیوں کے بارے میں تمہارا کیا گمان ہے۔ جن کے ساتھ تیسرا اللہ تعالیٰ ہو۔

## ذِكْرُ مَا كَانَ يَرُوحُ عَلَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالصِّدِّيقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالْمِنْحَةِ اَيَّامَ مُقَامِهِمَا فِي الْغَارِ

## اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے غار میں قیام کے دوران کیسے کھانا ان تک پہنچتا تھا

6278- إسناده صحيح على شرط الشيخين. يعقوب الدورقي: هو ابن إبراهيم، وعفان: هو ابن مسلم بن عبد الله الباهلي، وهمام: هو ابن يحيى بن دينار، وثابت: هو ابن أسلم البناني. وأخرجه ابن أبي شيبة 12/7، وأحمد 1/4، وابن سعد في "الطبقات" 3/173-174، والطبري في "جامع البيان" (16729)، والترمذي (3096) في التفسير: باب ومن سورة التوبة، وأبو يعلى (66)، وأبو بكر المروزي في "مسند أبي بكر" (72)، والبيهقي في "دلائل النبوّة" 2/480 من طريق عفان بن مسلم، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (3653) في فضائل الصحابة: باب مناقب المهاجرين وفضلهم، و (3922): باب هجرة النبي - صلى الله عليه وسلم - إلى المدينة، و (4663) في تفسير سورة براءة: باب قوله: (ثانيَ اثنين إذ هما في الغار)، ومسلم: (2381) في فضائل الصحابة: باب فضائل أبي بكر رضي الله عنه، وأبو يعلى (67)، وأبو بكر المروزي (71)، والبيهقي 481-480/2، والبغوي في "معالم التنزيل" 2/293 من طرق عن همام بن يحيى، به. وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب، إنما يعرف من حديث همام، وتفرد به. قلت: قد أخرجه أبو بكر المروزي (74)، وابن شاهين في "الأفراد" كما في "الفتح" 7/12 من طريق جعفر بن سليمان عن ثابت، وانظر الفتح 7/11-12 وسيأتي الحديث برقم (6869).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



**6279** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اسْتَاْذَنَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخُرُوجِ مِنْ مَكَّةَ حِينَ اشْتَدَّ عَلَيْهِ الْاَمْرُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اصْبِرْ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَطْمَعُ اَنْ يُؤْذَنَ لَكَ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي لَاَرْجُو، فَانْتَظَرَهُ اَبُوْ بَكْرٍ، فَاَتَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ ظُهْرًا، فَنَادَاهُ، فَقَالَ لَهُ: اَخْرِجْ مَنْ عِنْدَكَ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: اِنَّمَا هُمَا ابْنَتَايَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ.

فَقَالَ: اَشَعَرْتَ اَنَّهُ قَدْ اُذِنَ لِي فِي الْخُرُوجِ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الصُّحْبَةَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصُّحْبَةُ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عِنْدِي نَاقَتَانِ، قَدْ كُنْتُ اَعْدَدْتُهُمَا لِلْخُرُوجِ.

قَالَتْ: فَاَعْطَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْدَاهُمَا وَهِيَ الْجَدْعَاءُ، فَرَكِبَا حَتّٰى اَتَيَا الْغَارَ، وَهُوَ بِثَوْرٍ، فَتَوَارَيَا فِيهِ، وَكَانَ عَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ غُلَامًا لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الطُّفَيْلِ بْنِ سَخْبَرَةَ اَخُو عَائِشَةَ لِاُمِّهَا، وَكَانَ لِاَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْحَةٌ، فَكَانَ يَرُوحُ بِهَا وَيَغْدُو عَلَيْهِمْ، وَيُصْبِحُ فَيَدَّلِجُ اِلَيْهِمَا، ثُمَّ يَسْرَحُ، فَلَا يَفْطِنُ بِهِ اَحَدٌ مِنَ الرِّعَاءِ، فَلَمَّا خَرَجَا، خَرَجَ مَعَهُمَا يُعْقِبَانِهِ حَتّٰى قَدِمُوا الْمَدِينَةَ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مکہ سے چلے جانے کی اجازت مانگی۔ جب حالات خراب ہو گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تم صبر سے کام لو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا آپ کو یہ توقع ہے کہ آپ کو بھی اجازت مل جائے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے یہ امید ہے' پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کا انتظار کرتے رہے' یہاں تک کہ ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کے وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے۔ آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بلوایا اور ان سے فرمایا اپنے پاس موجود لوگوں کو باہر نکال دو۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! صرف میری دو بیٹیاں یہاں ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں پتہ چلا کہ مجھے روانگی (ہجرت) کرنے کی اجازت مل گئی ہے۔ حضرت ابوبکر نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا میں آپ کے ساتھ رہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ساتھ رہو۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میرے پاس دو اونٹنیاں ہیں۔ میں نے انہیں روانگی کے لئے تیار کیا

6279– إسناده صحيح. أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ القطان روى عنه جمع، وقال ابن أبي حاتم: كان صدوقاً، وذكره المؤلف في "الثقات"39-8/38، وقال: كان متقناً، وقد توبع، ومن فوقه من رجال الشيخين. أبو أسامة: هو حماد بن أسامة. وأخرجه البخاري (4093) في المغازي: باب غزوة الرجيع ورعل وذكوان، عن عبيد بن إسماعيل، حدثنا أبو أسامة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري مختصراً (2138) في البيوع: باب إذا اشترى متاعاً أو دابة، فوضعه عند البائع، من طريق علي بن مسهر، عن هشام به. وانظر (6277) و (6869). وقوله: "أخو عائشة" وفي رواية "أخي عائشة" وهما جائزتان، الأولى على القطع، والثانية على البدل، وفي قوله: "عبد الله بن الطفيل" نظر، وكأنه مقلوب، والصواب كما قال الدمياطي: الطفيل بن عبد الله بن سخبرة، وهو ازدي من بني زهران، وكان أبوه زوج أمِّ رومان والدة عائشة، فَقَدِمَا في الجاهلية مكة، فحالف أبا بكر، ومات وخلّف الطفيل، فتزوج أبو بكر امرأته أم رومان، فولدت له عبد الرحمن وعائشة، فالطفيل أخوهما من أمهما، واشترى أبو بكر عامر بن فهيرة من الطفيل.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



ہے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان دونوں میں سے ایک اونٹنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیدی۔ وہ جدعاء تھی۔ یہ دونوں حضرات اس پر سوار ہو کر ایک غار میں آ گئے' جو ثور نامی پہاڑ میں تھا۔ دونوں حضرات اس میں چھپ گئے۔ عبداللہ بن طفیل کا غلام عامر بن فہیرہ جو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا والدہ کی طرف سے بھائی تھا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا زیر احسان تھا' تو چرواہوں میں سے کسی کو اس بارے میں اندازہ نہیں ہو سکا وہ صبح ان حضرات کے پاس جاتا' شام کو مکہ آ جاتا' اور پھر رات کے آخری حصے میں ان حضرات کے پاس آ جاتا۔ جب یہ دونوں حضرات وہاں سے روانہ ہوئے' تو وہ بھی ان دونوں کے ہمراہ تیزی سے چلتا ہوا آیا' یہاں تک کہ یہ لوگ مدینہ منورہ پہنچ گئے۔

# ذِكْرُ مَا يَمْنَعُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا كَيْدَ كُفَّارِ قُرَيْشٍ عَنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالصِّدِّيقِ، عِنْدَ خُرُوجِهِمَا مِنْ مَكَّةَ اِلَى الْمَدِينَةِ

## اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے کس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے مکہ سے نکل کر مدینہ منورہ کی طرف جاتے ہوئے ان دونوں حضرات سے کفار قریش کے فریب (یعنی ان کے برے ارادوں کو) روکے رکھا

**6280** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَالِكٍ الْمُدْلِجِيُّ وَهُوَ ابْنُ اُخْتِ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، اَنَّ اَبَاهُ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ سُرَاقَةَ، يَقُولُ:

(متن حدیث): جَاءَتْنَا رُسُلُ كُفَّارِ قُرَيْشٍ يَجْعَلُونَ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبِي بَكْرٍ دِيَةَ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا لِمَنْ قَتَلَهُمَا اَوْ اَسَرَهُمَا، قَالَ: فَبَيْنَمَا اَنَا جَالِسٌ فِي مَجْلِسٍ مِنْ مَجَالِسِ قَوْمِي بَنِي مُدْلِجٍ اَقْبَلَ رَجُلٌ مِنْهَا حَتّٰى قَامَ عَلَيْنَا، فَقَالَ: يَا سُرَاقَةُ اِنِّي رَاَيْتُ آنِفًا اَسْوِدَةً بِالسَّاحِلِ لَا اُرَاهَا اِلَّا مُحَمَّدًا وَاَصْحَابَهُ، قَالَ سُرَاقَةُ: فَعَرَفْتُ اَنَّهُمْ هُمْ، فَقُلْتُ: اِنَّهُمْ لَيْسُوا بِهِمْ، وَلٰكِنَّكَ رَاَيْتَ فُلَانًا وَفُلَانًا، انْطَلِقُوا بِنَا، ثُمَّ لَبِثْتُ فِي الْمَجْلِسِ سَاعَةً، ثُمَّ قُمْتُ فَدَخَلْتُ بَيْتِي فَاَمَرْتُ جَارِيَتِي اَنْ تُخْرِجَ لِي فَرَسِي وَهِيَ مِنْ وَرَاءِ اَكَمَةٍ فَتَحْبِسَهَا عَلَيَّ، وَاَخَذْتُ رُمْحِي، فَخَرَجْتُ بِهِ مِنْ ظَهْرِ الْبَيْتِ، فَخَطَطْتُ بِهِ الْاَرْضَ فَاَخْفَضْتُ عَالِيَةَ الرُّمْحِ حَتّٰى اَتَيْتُ

6280– حديث صحيح، ابن أبي السري متابع، ومن فوقه شرط البخاري . وهو في "مصنف عبد الرزاق" (9743) . وأخرجه أحمد4/175-176، والطبراني في "الكبير" عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري ( 3906) في مناقب الأنصار: باب هجرة النبي - صلى الله عليه وسلم - وأصحابه إلى المدينة، والبيهقي في "الدلائل"2/485-487 من طريقين عن الليث، عن عقيل، عن الزهري، به . وأخرجه الطبراني ( 6602) ، والبيهقي 2/487، والمزي في "تهذيب الكمال " في ترجمة عبد الرحمن بن مالك المدلجي، من طريقين عن موسى بن عقبة. وأخرجه الطبراني (6603) من طريق صالح بن كيسان، كلاهما عن الزهري بنحوه، وفيه زيادة.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



فَرَسِي فَرَكِبْتُهَا، وَرَفَعْتُهَا تُقَرِّبُ بِي حَتّٰى إِذَا رَأَيْتُ أَسْوِدَتَهُمْ، فَلَمَّا دَنَوْتُ مِنْ حَيْثُ يَسْمَعُهُمُ الصَّوْتُ عَثَرَ بِي فَرَسِي، فَخَرَرْتُ عَنْهَا، فَأَهْوَيْتُ بِيَدِي إِلَى كِنَانَتِي، فَاسْتَخْرَجْتُ الْأَزْلَامَ، فَاسْتَقْسَمْتُ بِهَا فَخَرَجَ الَّذِي أَكْرَهُ، فَعَصَيْتُ الْأَزْلَامَ، وَرَكِبْتُ فَرَسِي، وَرَفَعْتُهَا تُقَرِّبُ بِي حَتّٰى إِذَا سَمِعْتُ قِرَاءَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ لَا يَلْتَفِتُ وَأَبُو بَكْرٍ يُكْثِرُ الِالْتِفَاتَ سَاخَتْ يَدَا فَرَسِي فِي الْأَرْضِ، حَتّٰى بَلَغَتَا الرُّكْبَتَيْنِ، فَخَرَرْتُ عَنْهَا، فَزَجَرْتُهَا فَنَهَضَتْ وَلَمْ تَكَدْ تُخْرِجُ يَدَيْهَا، فَلَمَّا اسْتَوَتْ قَائِمَةً، إِذَا عُثَانٌ سَاطِعٌ فِي السَّمَاءِ، قَالَ: مَعْمَرٌ: قُلْتُ لِأَبِي عَمْرِو بْنِ الْعَلَاءِ: مَا الْعُثَانُ؟ فَسَكَتَ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَ: هُوَ الدُّخَانُ مِنْ غَيْرِ نَارٍ، قَالَ مَعْمَرٌ: قَالَ الزُّهْرِيُّ فِي حَدِيثِهِ فَاسْتَقْسَمْتُ بِالْأَزْلَامِ فَخَرَجَ الَّذِي أَكْرَهُ أَنْ لَا أَضُرَّهُمْ، فَنَادَيْتُهُمَا بِالْأَمَانِ، فَوَقَفَا، فَرَكِبْتُ فَرَسِي، حَتّٰى جِئْتُهُمْ، وَوَقَعَ فِي نَفْسِي، حَتّٰى لَقِيتُ مِنَ الْحَبْسِ عَنْهُمْ أَنَّهُ سَيَظْهَرُ أَمْرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: إِنَّ قَوْمَكَ قَدْ جَعَلُوا فِيكَ الدِّيَةَ، وَأَخْبَرْتُهُمْ مِنْ أَخْبَارِ أَسْفَارِهِمْ وَمَا يُرِيدُ النَّاسُ بِهِمْ، وَعَرَضْتُ عَلَيْهِمُ الزَّادَ وَالْمَتَاعَ، فَلَمْ يَرْزَءُونِي، وَلَمْ يَسْأَلُونِي، إِلَّا أَنْ قَالُوا: أَخْفِ عَنَّا، فَسَأَلْتُهُ أَنْ يَكْتُبَ لِي كِتَابَ مُوَادَعَةٍ، فَأَمَرَ بِهِ عَامِرَ بْنَ فُهَيْرَةَ، فَكَتَبَ لِي فِي رُقْعَةٍ مِنْ أَدَمٍ بَيْضَاءَ

❁❁ عبدالرحمٰن بن مالک جو حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ کے بھانجے ہیں۔ وہ بیان کرتے ہیں: ان کے والد نے یہ بات بتائی ہے۔ انہوں نے حضرت سراقہ کو یہ بیان کرتے سنا کفار قریش کے پیغام رصاع ہمارے پاس آئے۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ دونوں کو قتل کرنے یا قید کرنے والے شخص کے لئے انعام مقرر کیا تھا۔ حضرت سراقہ بیان کرتے ہیں: میں اپنی قوم بنو مدلج کی محفل میں بیٹھا ہوا تھا۔ اسی دوران ایک شخص آیا اور ہمارے پاس آ کر کھڑا ہو گیا۔ اس نے کہا: اے سراقہ میں نے کچھ دیر پہلے ساحل کی طرف آدمیوں کا ہیولیٰ دیکھا ہے۔ میرا خیال ہے وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اس کے ساتھی ہوں گے۔ سراقہ کہتے ہیں: مجھے بھی اندازہ ہو گیا کہ وہ وہی ہوں گے۔ میں نے کہا: وہ لوگ وہ نہیں ہوں گے تم نے فلاں اور فلاں کو دیکھا ہو گا۔ وہ ہمارے پاس سے گئے ہیں پھر میں اس محفل میں تھوڑی دیر ٹھہرا رہا پھر میں اٹھا اپنے گھر میں آیا۔ میں نے اپنی کنیز سے کہا وہ میرا گھوڑا نکالے وہ ایک ٹیلے کے پیچھے تھا۔ وہ اس نے میرے لئے تیار کر کے رکھا میں نے اپنا نیزہ پکڑا اور گھر کے پیچھے کی طرف سے نکل گیا۔ میں نے اس کے ذریعے زمین پر لکیریں لگائیں۔ میں نے نیزے کے اوپر والے حصے کو نیچے کر دیا' یہاں تک کہ میں اپنے گھوڑے کے پاس آ کر اس پر سوار ہوا میں اپنا گھوڑا دوڑا تا رہا' یہاں تک کہ مجھے ان لوگوں کا ہیولیٰ نظر آیا۔ جب میں اتنا قریب ہوا کہ میری آواز ان تک جاسکتی تھی' تو میرے گھوڑے کو ٹھوکر لگی اور میں اس پر سے نیچے گر گیا۔ میں نے اپنا ہاتھ اپنی کمان کی طرف بڑھایا اور اس میں سے پانسے نکالنے والے تیر نکالے میں نے اس میں سے پانسے کا تیر نکالا' تو وہ چیز سامنے آئی جسے میں پسند نہیں کرتا تھا۔ میں نے پانسے کے فیصلے کو نہیں مانا اور اپنے گھوڑے پر سوار ہو گیا پھر میں نے ایڑھ لگائی' یہاں تک کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قرأت کی آواز سنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ادھر ادھر نہیں دیکھ رہے تھے' لیکن حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بہت زیادہ ادھر ادھر دیکھ رہے تھے۔ میرے گھوڑے کے دونوں پاؤں زمین میں دھنس گئے' یہاں تک کہ وہ گھٹنوں تک زمین میں چلے گئے میں اس پر سے نیچے گر گیا۔ میں نے اسے ڈانٹا اور پھر میں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



اٹھ گیا' لیکن اس کے دونوں پاؤں زمین سے نہیں نکلے پھر جب وہ سیدھا کھڑا ہوا' تو اسی دوران آسمان میں ایک چمک دار دھواں نظر آیا۔

معمر نامی راوی کہتے ہیں: انہوں نے ابوعمرو نامی راوی سے دریافت کیا یہاں لفظ عثان سے مراد کیا ہے وہ کچھ دیر خاموش رہے پھر وہ بولے: اس سے مراد وہ دھواں ہے' جو آگ کی وجہ سے نہ ہو۔

معمر بیان کرتے ہیں: زہری نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کئے ہیں۔ میں نے پھر تیروں کے ذریعے پانسہ نکالا' تو وہ نتیجہ سامنے آیا جو میں پسند نہیں کرتا تھا وہ یہ کہ میں ان لوگوں کو نقصان نہ پہنچاؤں میں نے امان کے ہمراہ ان دونوں صاحبان کو پکارا' تو وہ دونوں صاحبان ٹھہر گئے۔ میں اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر ان کے پاس آیا جب میں ان حضرات کے پاس پہنچنے سے رک گیا تھا (یعنی میرا گھوڑا آگے بڑھنے کے قابل نہیں رہا تھا)' تو میرے ذہن میں یہ خیال آ گیا تھا کہ نبی اکرم ﷺ کا معاملہ عنقریب غالب آ جائے گا۔ میں نے کہا: آپ کی قوم کے افراد نے آپ کے بارے میں انعام مقرر کیا ہے میں نے ان حضرات کو ان کے معاملے کے بارے میں بتایا اور لوگوں کا ان کے بارے میں جو ارادہ ہے وہ بھی بتایا اور انہیں زادِ سفر اور ساز و سامان کی پیش کش کی' لیکن انہوں نے اسے قبول نہیں کیا اور مجھ سے صرف یہ کہا ہمارے معاملے کو پوشیدہ رکھنا میں نے آپ سے درخواست کی کہ آپ میرے لئے ایک تحریر لکھ دیں' جس میں انعام دینے کا وعدہ کیا گیا ہو نبی اکرم ﷺ نے عامر بن فہیرہ کو حکم دیا' تو انہوں نے سفید چمڑے پر مجھے تحریر لکھ کر دیدی۔

## ذِكْرُ وَصْفِ قُدُومِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهِ الْمَدِينَةَ، عِنْدَ هِجْرَتِهِمْ اِلٰى يَثْرِبَ

## نبی اکرم ﷺ اور آپ ﷺ کے اصحاب کی مدینہ منورہ تشریف لانے کی صفت کا تذکرہ جب ان حضرات نے یثرب کی طرف ہجرت کی تھی

**6281** - اَخْبَرَنِى الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ الْغُدَانِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ

6281– إسناده صحيح على شرط البخاري، عبد الله بن رجاء الغُداني من رجال البخاري، ومن فوقه على شرطهما . وأخرجه البيهقي في "الدلائل" 2/484، والإسماعيلي في "المستخرج" كما في "الفتح" 7/11 عن الفضل بن الحباب الجمحي، بهذا الاسناد. وأخرجه البخاري مختصراً ومطولاً (2439) في اللقطة: باب من عرّف اللقطة ولم يدفعها للسلطان، و (3615) في فضائل الصحابة: باب مناقب المهاجرين وفضلهم، عن عبد الله بن رجاء الغداني، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 14/327، وأحمد 3-1/2، ومسلم (2009) في الزهد: باب حديث الهجرة، والفسوي في "المعرفة والتاريخ" 241-1/239، وأبو بكر المروزي في "مسند أبي بكر" (62) و (65) من طرق عن إسرائيل بنحوه. وأخرجه ابنُ أبي شيبة 14/330، والبخاري ( 3615) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، و (3908) و (3917) : باب هجرة النبي - صلى الله عليه وسلم - إلى المدينة، و (5607) في الأشربة: باب شرب اللبن، ومسلم (2009) ، والمروزي (63) و (64) ، والبيهقي في "دلائل النبوّة" 2/485 من طرق عن أبي إسحاق، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اَبِىْ اِسْحَاق، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اشْتَرَى اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ عَازِبٍ رَحْلًا بِثَلَاثَةَ عَشَرَ دِرْهَمًا، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ لِعَازِبٍ: مُرِ الْبَرَاءَ فَلْيَحْمِلْهُ اِلٰى اَهْلِي، فَقَالَ لَهٗ عَازِبٌ: لَا حَتّٰى تُحَدِّثَنِيْ كَيْفَ صَنَعْتَ اَنْتَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حِيْنَ خَرَجْتُمَا مِنْ مَكَّةَ، وَالْمُشْرِكُوْنَ يَطْلُبُوْنَكُمْ؟ فَقَالَ: ارْتَحَلْنَا مِنْ مَكَّةَ فَاَحْيَيْنَا لَيْلَتَنَا حَتّٰى اَظْهَرْنَا، وَقَامَ قَائِمُ الظَّهِيْرَةِ، فَرَمَيْتُ بِبَصَرِي، هَلْ نَرٰى ظِلًّا نَاْوِيْ اِلَيْهِ؟ فَاِذَا اَنَا بِصَخْرَةٍ، فَانْتَهَيْتُ اِلَيْهَا، فَاِذَا بَقِيَّةُ ظِلِّهَا، فَسَوَّيْتُهٗ، ثُمَّ فَرَشْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قُلْتُ: اضْطَجِعْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَاضْطَجَعَ، ثُمَّ ذَهَبْتُ اَنْظُرُ، هَلْ اَرٰى مِنَ الطَّلَبِ اَحَدًا؟ فَاِذَا اَنَا بِرَاعِي غَنَمٍ يَسُوْقُ غَنَمَهٗ اِلَى الصَّخْرَةِ، يُرِيْدُ مِنْهَا مِثْلَ الَّذِيْ اُرِيْدُ - يَعْنِي الظِّلَّ - فَسَاَلْتُهٗ، فَقُلْتُ: لِمَنْ اَنْتَ يَا غُلَامُ؟ قَالَ الْغُلَامُ: لِفُلَانٍ رَجُلٍ مِنْ قُرَيْشٍ، فَعَرَفْتُهٗ، فَقُلْتُ: هَلْ فِيْ غَنَمِكَ مِنْ لَبَنٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: هَلْ اَنْتَ حَالِبٌ لِي؟ قَالَ: نَعَمْ، فَاَمَرْتُهٗ، فَاعْتَقَلَ شَاةً مِنْ غَنَمِهٖ، وَاَمَرْتُهٗ اَنْ يَّنْفُضَ ضَرْعَهَا مِنَ الْغُبَارِ، ثُمَّ اَمَرْتُهٗ اَنْ يَّنْفُضَ كَفَّيْهِ، فَقَالَ هٰكَذَا، وَضَرَبَ اِحْدٰى يَدَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى، فَحَلَبَ لِي كُثْبَةً مِنْ لَبَنٍ، وَقَدْ رَوَيْتُ مَعِي لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِدَاوَةً عَلٰى فَمِهَا خِرْقَةٌ، فَصَبَبْتُ عَلَى اللَّبَنِ حَتّٰى بَرَدَ اَسْفَلُهٗ فَانْتَهَيْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَافَقْتُهٗ قَدِ اسْتَيْقَظَ، فَقُلْتُ: اشْرَبْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَشَرِبَ، فَقُلْتُ: قَدْ آنَ الرَّحِيْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَارْتَحَلْنَا وَالْقَوْمُ يَطْلُبُوْنَنَا، فَلَمْ يُدْرِكْنَا اَحَدٌ مِّنْهُمْ غَيْرُ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ عَلٰى فَرَسٍ لَهٗ، فَقُلْتُ: هٰذَا الطَّلَبُ قَدْ لَحِقَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَبَكَيْتُ، فَقَالَ: لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا، فَلَمَّا دَنَا مِنَّا، وَكَانَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهٗ قِيْدُ رُمْحَيْنِ اَوْ ثَلَاثٍ، قُلْتُ: هٰذَا الطَّلَبُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ لَحِقَنَا، فَبَكَيْتُ، قَالَ: مَا يُبْكِيْكَ؟، قُلْتُ: اَمَا وَاللّٰهِ مَا عَلٰى نَفْسِي اَبْكِي، وَلٰكِنْ اَبْكِي عَلَيْكَ، فَدَعَا عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اكْفِنَاهُ بِمَا شِئْتَ، قَالَ: فَسَاخَتْ بِهٖ فَرَسُهٗ فِي الْاَرْضِ اِلٰى بَطْنِهَا فَوَثَبَ عَنْهَا، ثُمَّ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ قَدْ عَلِمْتُ اَنَّ هٰذَا عَمَلُكَ، فَادْعُ اللّٰهَ اَنْ يُّنَجِّيَنِيْ مِمَّا اَنَا فِيْهِ، فَوَاللّٰهِ لَاُعَمِّيَنَّ عَلٰى مَنْ وَرَائِي مِنَ الطَّلَبِ، وَهٰذِهٖ كِنَانَتِي، فَخُذْ مِنْهَا سَهْمًا، فَاِنَّكَ سَتَمُرُّ عَلٰى اِبِلِي وَغَنَمِي فِيْ مَكَانِ كَذَا وَكَذَا، فَخُذْ مِنْهَا حَاجَتَكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا حَاجَةَ لَنَا فِيْ اِبِلِكَ، وَدَعَا لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقَ رَاجِعًا اِلٰى اَصْحَابِهٖ، وَمَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتّٰى اَتَيْنَا الْمَدِيْنَةَ لَيْلًا، فَتَنَازَعَهُ الْقَوْمُ، اَيُّهُمْ يَنْزِلُ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي اَنْزِلُ اللَّيْلَةَ عَلٰى بَنِي النَّجَّارِ اَخْوَالِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، اُكْرِمُهُمْ بِذٰلِكَ، فَخَرَجَ النَّاسُ حِيْنَ قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فِي الطُّرُقِ، وَعَلَى الْبُيُوْتِ مِنَ الْغِلْمَانِ وَالْخَدَمِ يَقُوْلُوْنَ جَاءَ مُحَمَّدٌ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا اَصْبَحَ انْطَلَقَ، فَنَزَلَ حَيْثُ اُمِرَ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ صَلّٰى نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ سِتَّةَ عَشَرَ شَهْرًا اَوْ سَبْعَةَ عَشَرَ شَهْرًا، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ اَنْ يُّوَجَّهَ نَحْوَ الْكَعْبَةِ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: ﴿قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ (البقرة: 144) قَالَ: وَقَالَ السُّفَهَاءُ مِنَ النَّاسِ وَهُمُ الْيَهُودُ: ﴿مَا وَلّٰهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِيْ كَانُوا عَلَيْهَا﴾ (البقرة: 142) فَاَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: ﴿قُلْ لِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ﴾ (البقرة: 142)، قَالَ: وَصَلّٰى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، فَخَرَجَ بَعْدَمَا صَلّٰى فَمَرَّ عَلٰى قَوْمٍ مِنَ الْاَنْصَارِ وَهُمْ رُكُوْعٌ فِيْ صَلَاةِ الْعَصْرِ نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَقَالَ: هُوَ يَشْهَدُ اَنَّهُ صَلّٰى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَّهُ قَدْ وُجِّهَ نَحْوَ الْكَعْبَةِ، فَانْحَرَفَ الْقَوْمُ حَتّٰى تَوَجَّهُوا اِلَى الْكَعْبَةِ، قَالَ الْبَرَاءُ: وَكَانَ اَوَّلُ مَنْ قَدِمَ عَلَيْنَا مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ اَخُوْ بَنِيْ عَبْدِ الدَّارِ بْنِ قُصَيٍّ، فَقُلْنَا لَهُ: مَا فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: هُوَ مَكَانَهُ وَاَصْحَابُهُ عَلٰى اَثَرِيْ، ثُمَّ اَتٰى بَعْدَهُ عَمْرُو بْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ الْاَعْمٰى اَخُوْ بَنِيْ فِهْرٍ، فَقُلْنَا: مَا فَعَلَ مَنْ وَرَاءَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهُ؟ قَالَ: هُمُ الْاٰنَ عَلٰى اَثَرِيْ، ثُمَّ اَتَانَا بَعْدَهُ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ، وَسَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ، وَبِلَالٌ، ثُمَّ اَتَانَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ عِشْرِيْنَ مِنْ اَصْحَابِهٖ رَاكِبًا، ثُمَّ اَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَهُمْ، وَاَبُوْ بَكْرٍ مَعَهُ، قَالَ الْبَرَاءُ: فَلَمْ يَقْدَمْ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى قَرَاْتُ سُوَرًا مِنَ الْمُفَصَّلِ، ثُمَّ خَرَجْنَا نَلْقَى الْعِيْرَ، فَوَجَدْنَاهُمْ قَدْ حَذِرُوْا

❀❀ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے (میرے والد سے) تیرہ درہم کے عوض میں ایک پالان خریدا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت عازب رضی اللہ عنہ سے کہا آپ براء کو ہدایت کریں کہ وہ اسے اٹھا کر میرے گھر پہنچا دے‘ تو حضرت عازب نے ان سے کہا ایسا اس وقت تک نہیں ہوگا‘ جب تک آپ ہمیں یہ نہیں بتاتے کہ جب آپ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے نکلے اور مشرکین آپ کی تلاش میں تھے‘ تو آپ کے ساتھ کیا صورت حال پیش آئی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بتایا ہم لوگ مکہ سے روانہ ہوئے۔ ہم رات بھر سفر کرتے رہے‘ یہاں تک کہ جب دن چڑھ گیا‘ تو میں نے اس بات کا جائزہ لیا کہ کیا ہمیں کوئی سایہ دار جگہ نظر آرہی ہے‘ جس کی پناہ میں ہم چلے جائیں۔ وہاں ایک چٹان موجود تھی۔ میں اس کے پاس آیا جس کا تھوڑا سا سایہ تھا۔ میں نے وہاں زمین کو درست کیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بچھونا بچھا دیا‘ پھر میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ لیٹ جائیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لیٹ گئے پھر میں نے اس بات کا جائزہ لیا کہ کیا مجھے کوئی ایسا شخص نظر آرہا ہے‘ جو ہماری تلاش میں ہو وہاں مجھے بکریوں کا ایک چرواہا نظر آیا جو اپنی بکریاں لے کر چٹان کی طرف آرہا تھا۔ وہ بھی چٹان سے وہی فائدہ حاصل کرنا چاہتا تھا جو میں چاہتا تھا یعنی سائے میں آنا چاہتا تھا میں نے اس سے دریافت کیا۔ میں نے کہا: تم کس کے (ملازم یا غلام) ہو نوجوان نے کہا: میں فلاں شخص کا (غلام ہوں) اس نے قریش کے ایک شخص کا نام لیا جس سے میں واقف تھا میں نے دریافت کیا: کیا تمہاری بکریوں میں دودھ ہے۔ اس نے جواب دیا: جی ہاں! میں نے کہا: کیا تم میرے لئے اسے دوہ دو گے۔ اس نے کہا: جی ہاں میں نے اسے ہدایت کی‘ تو اس نے اپنی بکریوں میں سے ایک بکری لے لی۔ میں نے اسے ہدایت کی کہ وہ اس کے تھنوں سے غبار کو صاف کر دے‘

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


پھر میں نے اسے ہدایت کی کہ وہ اپنے دونوں ہاتھ جھاڑ لے پھر راوی نے اس طرح کر کے دکھایا یعنی ایک ہاتھ دوسرے پر مار کر دکھایا پھر اس نے دودھ کا ایک پیالہ مجھے دوہ کر دیا۔ میں اپنے ساتھ نبی اکرم ﷺ کے لئے ایک برتن لے کر آیا تھا جس کے منہ پر کپڑا بندھا ہوا تھا۔ میں نے وہ (پانی) دودھ پر انڈیلا' یہاں تک کہ اس کے نیچے کا حصہ ٹھنڈا ہو گیا۔ میں نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا' تو میں نے آپ کو پایا کہ آپ بیدار ہو چکے تھے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! اسے پی لیجئے۔ نبی اکرم ﷺ نے اسے پی لیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! روانگی کا وقت ہو گیا' پھر ہم لوگ روانہ ہوئے۔ لوگ ہماری تلاش میں تھے ان میں سے کوئی ہم تک نہیں پہنچ سکا۔ صرف سراقہ بن مالک اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر ہم تک آ گیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! ایک تلاش کرنے والا شخص ہم تک پہنچ چکا ہے' تو میں رو پڑا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم غمگین نہ ہو۔ بے شک اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے۔ جب وہ ہمارے قریب ہوا اور ہمارے اور اس کے درمیان دو یا تین نیزوں جتنا فاصلہ رہ گیا' تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! یہ تلاش میں آنے والا شخص ہمارے قریب پہنچ چکا ہے۔ میں پھر رو پڑا نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا تم کیوں رو رہے ہو۔ میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! میں اپنی ذات کے حوالے سے نہیں رو رہا بلکہ میں آپ کی وجہ سے رو رہا ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے اس کے لئے دعائے ضرر کی آپ نے کہا: اے اللہ' تو اس کے حوالے سے ہمارے لئے جیسے' تو چاہے کافی ہو جا راوی کہتے ہیں:' تو اس شخص کا گھوڑا پیٹ تک زمین میں دھنس گیا۔ وہ شخص اس سے اترا اور بولا: اے حضرت محمد ﷺ میں یہ بات جانتا ہوں کہ یہ آپ کا کام ہے آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ میں' جس مصیبت کا شکار ہوا ہوں وہ مجھے اس سے نجات عطا کر دے۔ اللہ کی قسم! میں اپنے پیچھے موجود آپ کی تلاش میں آنے والے لوگوں کو بھٹکا دوں گا یہ میرا ترکش ہے آپ اس میں سے ایک تیر لے لیجئے۔ آپ کا گزر فلاں مقام پر میرے اونٹوں اور بکریوں کے پاس سے ہو گا۔ وہاں آپ اپنی ضرورت کے مطابق چیزیں حاصل کر لیجئے گا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہمیں تمہارے اونٹوں کی ضرورت نہیں ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اس کے حق میں دعا کی' تو وہ اپنے ساتھیوں کے پاس واپس چلا گیا اور نبی اکرم ﷺ آگے روانہ ہو گئے' یہاں تک کہ ہم رات کے وقت مدینہ منورہ پہنچے لوگوں کے درمیان اس بارے میں اختلاف ہو گیا۔ نبی اکرم ﷺ ان میں سے کس کے ہاں پڑاؤ کریں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: آج رات میں بنونجار کے ہاں پڑاؤ کروں گا۔ وہ جناب عبدالمطلب کے ننھیال ہیں۔ میں اس حوالے سے ان کی عزت افزائی کروں گا۔

(حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) جب ہم لوگ مدینہ منورہ پہنچے' تو لوگ راستوں میں نکل آئے۔ گھروں کے اوپر بچے اور خادم موجود تھے۔ وہ یہ کہہ رہے تھے حضرت محمد ﷺ تشریف لے آئے۔ اللہ کے رسول ﷺ تشریف لے آئے نبی اکرم ﷺ چلتے رہے' یہاں تک کہ آپ نے اس جگہ پڑاؤ کیا جہاں آپ کو حکم دیا گیا تھا۔

نبی اکرم ﷺ **16** یا شاید **17** ماہ تک بیت مقدس کی طرف رُخ کر کے نماز ادا کرتے رہے۔ آپ کی یہ خواہش تھی کہ آپ کا رُخ خانہ کعبہ کی طرف کر دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''ہم آسمان کی طرف تمہارے چہرے کا اٹھنا دیکھ رہے ہیں۔ ہم عنقریب تمہیں اس قبلہ کی طرف پھیر دیں گے' جس

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


سے تم راضی ہو تو تم اپنا چہرہ مسجد حرام کی طرف پھیر لو۔"

راوی کہتے ہیں: کچھ بے وقوف لوگوں نے (راوی کہتے ہیں: اس سے مراد یہودی ہیں) یہ کہا: ان لوگوں کو اس قبلہ سے کس نے پھیر دیا جس پر یہ پہلے تھے۔

تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

"تم یہ فرما دو مشرق اور مغرب اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں وہ جسے چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف ہدایت نصیب کرتا ہے۔"

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ ایک شخص نے نماز ادا کی۔ وہ نماز ادا کرنے کے بعد وہاں سے نکلا۔ اس کا گزر کچھ انصاریوں کے پاس سے ہوا جو عصر کی نماز میں رکوع کی حالت میں بیت مقدس کی طرف رخ کئے ہوئے تھے۔ اس نے گواہی دیتے ہوئے یہ بات کہی۔ اس نے نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں نماز ادا کی ہے۔ نبی اکرم ﷺ کا رُخ خانہ کعبہ کی طرف کر دیا گیا ہے' تو وہ لوگ اسی وقت پلٹ پڑے۔ انہوں نے اپنا رخ خانہ کعبہ کی طرف کر لیا۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مہاجرین میں سے سب سے پہلے حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ ہمارے پاس آئے جن کا تعلق بنو عبد دار سے تھا۔ ہم نے ان سے دریافت کیا۔ نبی اکرم ﷺ کا کیا حال ہے۔ انہوں نے بتایا نبی اکرم ﷺ' تو اپنی جگہ پر ہیں' البتہ آپ کے ساتھی میرے پیچھے پیچھے آرہے ہیں۔ ان کے بعد حضرت عمرو بن ام مکتوم نابینا رضی اللہ عنہ آئے جن کا تعلق بنو فہر سے تھا۔ ہم نے ان سے دریافت کیا۔ آپ کے پیچھے نبی اکرم ﷺ اور آپ کے ساتھیوں کا کیا حال ہے' تو انہوں نے بتایا: وہ میرے پیچھے آرہے ہیں۔ اس کے بعد حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ ہمارے پاس آئے' پھر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اپنے **20** ساتھیوں کے ہمراہ سوار ہو کر ہمارے پاس آئے' پھر ان کے بعد نبی اکرم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے۔ آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی تھے۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی مدینہ منورہ کی تشریف آوری سے پہلے میں مفصل سورتوں کا علم حاصل کر چکا تھا' پھر ہم (دشمن کے) قافلے کا مقابلہ کرنے کے لئے نکلے' تو ہم نے انہیں ایسی حالت میں پایا کہ وہ اپنا بچاؤ کر چکے تھے۔

## ذِكْرُ مُوَاسَاةِ الْأَنْصَارِ، بِالْمُهَاجِرِينَ مِمَّا مَلَكُوا مِنْ هٰذِهِ الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

## انصار' اس فنا ہو جانے والی اور زائل ہو جانے والی دنیا میں سے' جن چیزوں کے مالک تھے' ان چیزوں کے بارے میں ان کا مہاجرین کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کا تذکرہ

**6282** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا قَدِمَ الْمُهَاجِرُوْنَ مِنْ مَكَّةَ اِلَى الْمَدِينَةِ قَدِمُوا وَلَيْسَ بِاَيْدِيهِمْ شَيْءٌ، وَكَانَ الْاَنْصَارُ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



اَهْلَ الْاَرْضِ وَالْعَقَارِ، قَالَ: فَقَاسَمَهُمُ الْاَنْصَارُ عَلٰى اَنْ يُعْطُوهُمْ اَنْصَافَ ثِمَارِ اَمْوَالِهِمْ كُلَّ عَامٍ، فَيَكْفُوهُمُ الْعَمَلَ، قَالَ: وَكَانَتْ اُمُّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَعْطَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْذَاقًا لَهَا، فَاَعْطَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمَّ اَيْمَنَ مَوْلَاتَهُ اُمَّ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، فَلَمَّا فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قِبَلِ اَهْلِ خَيْبَرَ، وَانْصَرَفَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ، رَدَّ الْمُهَاجِرُوْنَ اِلَى الْاَنْصَارِ مَنَائِحَهُمُ الَّتِيْ كَانُوا مَنَحُوهُمْ مِنْ ثِمَارِهِمْ، قَالَ: فَرَدَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اُمِّي اَعْذَاقَهَا، وَاَعْطٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمَّ اَيْمَنَ مَكَانَهَا مِنْ حَائِطِهِ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب مہاجرین مکہ سے مدینہ منورہ آئے وہ ایسی حالت میں آئے کہ ان کے پاس کوئی بھی چیز نہیں تھی' جب کہ انصار کے پاس زمینیں بھی تھیں اور جائیدادیں بھی تھیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' تو انصار نے ان کے ساتھ یہ طے کیا کہ وہ ہر سال اپنی زمینوں کی پیداوار کا نصف پھل مہاجرین کو دیں گے' اور مہاجرین کی جگہ کام کاج کرلیا کریں گے۔ راوی بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی والدہ نے اپنی کھجوروں کے کچھ خوشے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ اپنی کنیز ام ایمن کو عطا کر دیے جو حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کی والدہ تھی' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اہل خیبر کی طرف سے فارغ ہوئے اور واپس مدینہ منورہ تشریف لائے' تو مہاجرین نے انصار کے عطیات انہیں واپس کر دیئے جو انہوں نے اپنے پھل وغیرہ انہیں عطیے کے طور پر دیئے تھے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میری والدہ کو ان کے کھجوروں کے خوشے بھی واپس کر دیئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ ام ایمن رضی اللہ عنہا کو اس کی جگہ اپنا باغ عطا کیا۔

## ذِكْرُ عَدَدِ غَزَوَاتِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

### نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات کی تعداد کا تذکرہ

**6283** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، وَابْنُ كَثِيْرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ النَّاسُ يَسْتَسْقُوْنَ وَفِيهِمْ زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ، مَا بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ اِلَّا رَجُلٌ، قَالَ: قُلْتُ: كَمْ غَزَا؟ وَقَالَ ابْنُ كَثِيْرٍ: يَا اَبَا عَمْرٍو كَمْ غَزَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: تِسْعَ عَشْرَةَ، قُلْتُ: كَمْ

6282- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم . وأخرجه مسلم (1771) في الجهاد: باب رد المهاجرين إلى الأنصار منائحهم من الشجر والتمر حين استغنوا، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (2630) في الهبة: باب فضل المنيحة، ومسلم والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 1/398، والبيهقي 6/116 من طرق عن ابن وهب، به. وعلقه البخاري بإثر حديث (2630) ، فقال: وقال أحمد بن شبيب: أخبرنا أبي، عن يونس، به . قلت: وصله البيهقي 6/116 من طريق محمد بن أيوب، أنبانا أحمد بن شبيب، بهذا الإسناد.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



غَـزَوْتَ مَـعَهُ؟ قَالَ: سَبْعَ عَشْرَةَ، قُلْتُ: مَا اَوَّلُ مَا غَزَا؟ قَالَ: ذُو الْعُشَيْرَةِ اَوِ الْعُسَيْرَةِ، فَصَلّٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ بِالنَّاسِ رَكْعَتَيْنِ

❀❀ ابواسحاق بیان کرتے ہیں: لوگ نماز استسقاء ادا کرنے کے لئے نکلے۔ ان میں حضرت زید بن ارقم بھی تھے۔ میرے اوران کے درمیان صرف ایک شخص تھا میں نے دریافت کیا آپ نے کتنے غزوات میں شرکت کی ہے۔

یہاں ابن کثیر نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کئے ہیں۔ اے ابوعمرو! نبی اکرم ﷺ نے کتنے غزوات میں شرکت کی ہے۔ انہوں نے جواب دیا: **19** غزوات میں' میں نے دریافت کیا آپ نے نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ کتنے غزوات میں شرکت کی ہے۔ انہوں نے جواب دیا: سترہ **[17]** میں' میں نے دریافت کیا سب سے پہلا غزوہ کون سا تھا۔ انہوں نے بتایا ذوعشرہ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہے) عسیرہ

پھر عبداللہ بن زید نے لوگوں کو دو رکعات نماز پڑھائی۔

6283- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبـو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي، وابن كثير: هو محمد بن كثير العبـدي، وأبو إسحاق: هو عمرو بن عبد الله السبيعي. وأخـرجه الطبراني في "الكبير" (5042) ، وأبو نعيم في "الحلية" 4/343 عن أبي خليفة الفضل بن الحباب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد4/373، والطيالسي (682) ، والبخاري (3949) في المغازي: باب غزوة العشيرة أو العسيرة، ومسلم ص 1447 في الجهاد: باب عدد غزوات النبي - صلى الله عليه وسلم -، والترمذي (1676) في فـضـائـل الجهاد: باب ما جاء في غزوات النبي - صـلـى الله عليه وسلم - وكـم غـزا، وقال: حسن صحيح، والفسوي في "المعرفة والتـاريخ"2/629، والبيهـقي في "الدلائل"5/460، وفي "السنن"3/348، والـطبراني (5042) مـن طـرق عن شعبة، به. ذكر بـعـضهُـم الاستسقاء وبعضهم لم يذكره . وأخـرجه ابن أبي شيبة 351-1/350، وأحمد 4/368 و 370 و372-371، والبخاري (4404) فـي الـمغازي: باب حجة الوداع، (4471) : بـاب كم غزا النبي -صـلـى الله عليه وسلم -، ومسلم (1254) (218) في الحج: باب بيان عُمَر النبي - صلى الله عليه وسلم - وزمانهن، وص 1447، والبيهقي في "الدلائل"5/453، والطبراني (5043) و (5044) و (5045) و (5046) و (5047) و (5048) مـن طـرق عـن أبي إسحاق، به. وأخـرجه أحمد 4/374 عـن غـنـدر، حدثنا شعبة، عن ميمون أبي عبد الله، قال: سمعتُ زيد بن أرقم يقول: ... فذكره.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ مِنْ صِفَتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَخْبَارِهِ

## نبی اکرم ﷺ کے حلیہ مبارک کا تذکرہ

**6284** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا الْحَوْضِيُّ، وَابْنُ كَثِيرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مَرْبُوعًا، بَعِيدَ مَا بَيْنَ الْمَنْكِبَيْنِ، لَهُ شَعَرٌ يَبْلُغُ شَحْمَةَ اُذُنَيْهِ، رَاَيْتُهُ فِي حُلَّةٍ حَمْرَاءَ، لَمْ اَرَ قَطُّ اَحْسَنَ مِنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ درمیانی قد کے مالک تھے۔ آپ کا سینہ چوڑا تھا، آپ کے بال کانوں کی لوتک آتے تھے۔ میں نے آپ کو سرخ حلے میں دیکھا ہے میں نے آپ سے زیادہ خوبصورت کوئی نہیں دیکھا۔

# ذِكْرُ وَصْفِ قَامَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## نبی اکرم ﷺ کی قامت کی صفت کا تذکرہ

**6285** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا السِّخْتِيَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ يُوسُفَ بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْسَنَ النَّاسِ وَجْهًا، وَاَحْسَنَهُمْ خَلْقًا وَخُلُقًا لَيْسَ

---

6284- إسناده صحيح على شرط الشيخين . الحوضي: هو حفص بن عمر، وابن كثير: هو العبدي، واسمه محمد، وأبو إسحاق: هو السبيعي . وأخرجه البخاري ( 3551) في المناقب: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، وأبو داود (4072) في اللباس: باب الرخصة في الحمرة، ( 4184) في الترجل: باب ما جاء في شعر النبي - صلى الله عليه وسلم -، عن حفص بن عمر الحوضي، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي ( 721) ، والبخاري (5848) في اللباس: باب الثوب الأحمر، ومسلم (2337) في الفضائل: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، والترمذي في "الشمائل" (3) ، والنسائي 8/183 في الزينة: باب اتخاذ الجمة، و8/203: باب لبس الحلل، وأبو يعلى (1714) ، وابن سعد في " الطبقات "1/427-428، والبيهقي في "الدلائل"1/222 و 240، وابن عساكر في "تاريخ دمشق" قسم السيرة النبوية ص 243 من طرق عن شعبة، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 8/365 و 450، وأحمد 4/290 و 295 و 300 و 303، والبخاري ( 5901) في اللباس: باب الجعد، ومسلم (2337) ، والترمذي ( 3635) في المناقب: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، وفي " الشمائل " (4) ، وأبو داود (4183) ، وابن ماجه ( 3599) في اللباس: باب لبس الأحمر للرجال، والنسائي 8/183، وأبو يعلى (1700) و (1705) ، وابن سعد 1/427 و 428، والبيهقي 1/222-223، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم "- ص 112، وابن عساكر ص 243 و 244 و 245 و 246 من طرق عن أبي اسحاق بنحوه.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



بِالطَّوِيلِ الذَّاهِبِ وَلَا بِالْقَصِيرِ

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سب سے زیادہ خوبصورت تھے۔ آپ اپنی شکل وصورت اور اخلاق کے اعتبار سے سب سے اچھے تھے۔ آپ نہ بہت زیادہ لمبے تھے' نہ ہی چھوٹے قد کے مالک تھے۔

## ذِكْرُ لَوْنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رنگت کا تذکرہ

**6286** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ لَوْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْمَرَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رنگ گندمی تھا۔

## ذِكْرُ مَا كَانَ يُشَبَّهُ بِهٖ وَجْهُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک کو (نورانیت اور چمک میں) کس چیز سے تشبیہ دی جاتی تھی؟

**6287** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ

---

6285- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو كريب: هو محمد بن العلاء . وأخرجه مسلم (2337) (93) في الفضائل: باب في صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، وابن عساكر في "تاريخ دمشق" قسم السيرة النبوية ص 245 عن أبي كريب، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (3549) في المناقب: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، وابن عساكر ص245-244 و 245 من طريقين عن إسحاق بن منصور، به. وأخرجه البيهقي في "دلائل النبوة" 1/250 .

6286- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهب بن بقية من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين . خالد: هو ابن عبد الله الطحان . وأخرجه أبو يعلى ( 3741) عن وهب بن بقية، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 259-3/258، والبزار (2388) ، والبيهقي في "الدلائل" 1/203 من طرق عن خالد بن عبد الله، به . وذكره الهيثمي في "المجمع" 8/272 وقال: رواه أحمد وأبو يعلى والبزار، ورجال أبي يعلى رجال الصحيح، وصححه الحافظ في "الفتح" 6/569، وزاد نسبته إلى ابن منده.

6287- إسناده صحيح على شرط الشيخين. زهير: هو ابن معاوية، ومع أنه سمع من أبي اسحاق بعد الاختلاط، فقد أخرج له الشيخان في "صحيحيهما" من روايته عنه، على أن الإمام الذهبي -رحمه الله- يرى أنه شاخ ونسي ولم يختلط . وأخرجه البخاري (3552) في المناقب: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، والدارمي 1/32، والبيهقي في "دلائل النبوة" 1/195 عن الفضل بن دكين، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي (727) ، وأحمد 4/281، والترمذي (3636) في المناقب: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، وفي (الشمائل) (10) ، والبيهقي في "الدلائل" 1/195، وابن عساكر في "تاريخ دمشق" قسم السيرة النبوية ص 249 من طرق عن زهير بن معاوية، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



بْنُ دُكَيْنٍ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَجُلٌ لِلْبَرَاءِ: كَانَ وَجْهُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ السَّيْفِ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنْ مِثْلَ الْقَمَرِ

ابواسحاق بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک تلوار کی مانند (چمک دار تھا؟) انہوں نے جواب دیا: جی نہیں! بلکہ چاند کی مانند (چمکدار تھا)

## ذِكْرُ وَصْفِ عَيْنِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں کی صفت کا تذکرہ

''میں اپنے پیچھے بھی اسی طرح دیکھ لیتا ہوں' جس طرح میں اپنے سامنے دیکھتا ہوں تم لوگ اپنی صفیں درست رکھو اور رکوع وسجود اچھے طریقے سے کرو۔''

## ذِكْرُ بَعْضِ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا كَانَ يَتَأَمَّلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَهُ مِنْهُمْ ذٰلِكَ

## اس ایک علت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے پیچھے موجود افراد کا جائزہ لیتے تھے

**6339** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رُصُّوا صُفُوفَكُمْ، وَقَارِبُوْا بَيْنَهَا، وَحَاذُوا بِالْاَعْنَاقِ، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ اِنِّي لَاَرَى الشَّيْطَانَ يَدْخُلُ مِنْ خَلَلِ الصُّفُوفِ، كَاَنَّهَا الْحَذَفُ.

قَالَ مُسْلِمٌ: اَلْحَذَفُ: النَّقَدُ الصِّغَارُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اپنی صفیں ملا کر رکھو ایک دوسرے کے قریب رہو گردنیں سیدھی رکھو اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے میں شیطان کو دیکھتا ہوں کہ وہ صفوں کے درمیان خالی جگہ میں یوں داخل ہوتا ہے جیسے وہ بھیڑ کا بچہ ہو۔''

مسلم نامی راوی کہتے ہیں: حزف سے مراد بھیڑ کے بچے ہیں۔

## ذِكْرُ مَا عَرَّفَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا عَنْ صَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْبَابَ هٰذِهِ الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ عِنْدَ ابْتِدَاءِ اِظْهَارِ الرِّسَالَةِ

## اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے رسالت کے اظہار کے آغاز میں اپنے محبوب کو اس فنا اور زائل ہو جانے والی (دنیا) کے اسباب میں سے کیا عطا کیا تھا

---

6339- إسناده صحيح على شرط الشيخين، هو في "صحيح ابن خزيمة" (1545)، وقد تقدم تخريجه برقم (2157). وانظر (2164).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



6340 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَلَسْتُمْ فِيْ طَعَامٍ وَّشَرَابٍ مَا شِئْتُمْ؟ .

لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا يَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا يَمْلَاُ بِهٖ بَطْنَهٗ

❁❁ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کیا تم لوگ آج طرح طرح کے کھانے اور مشروبات نہیں پیتے؟ جیسے تم چاہتے ہو حالانکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپ کو ہلکی قسم کی کھجوریں اتنی بھی نہیں ملتی تھیں کہ آپ ان کے ذریعے آپ اپنا پیٹ بھر لیں۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ الْحَالَةَ كَانَتْ بِالْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ اعْتِرَاضِ حَالَةِ الِاضْطِرَارِ وَالِاخْتِبَارِ لَهٗ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ صورت حال اس وقت درپیش ہوتی تھی جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اضطرار لاحق ہوتا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم (کے طرز عمل) کو ظاہر کیا جاتا

6341 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا يَمْلَاُ بَطْنَهٗ، وَهُوَ جَائِعٌ

❁❁ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بھوکے ہوتے تھے تو آپ کو ہلکی قسم کی کھجوریں اتنی بھی نہیں ملتی تھیں کہ آپ اپنا پیٹ بھر لیں۔

---

6340- إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير سماك، وهو ابن حرب، فمن رجال مسلم، وهو صدوق حسن الحديث. أبو الأحوص: هو سلام بن سليم الحنفي. وأخرجه مسلم (2977) في أول الزهد، والترمذي (2372) في الزهد: باب في معيشة النبي - صلى الله عليه وسلم -، عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وقال الترمذي: هذا حديث صحيح. وأخرجه هناد بن السري في "الزهد" (727)، وابن أبي شيبة 13/224، وعنه مسلم، عن وكيع، عن أبي الأحوص، به. وأخرجه أحمد 4/268، وابن سعد في "الطبقات" 1/406، ومسلم (2977) (35) من طريق زهير وإسرائيل، عن سماك به، وزاد زهير: "وما ترضون دون ألوان التمر والزبد." وانظر ما بعده.

6341- إسناده حسن عل شرط مسلم كسابقه. أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري. وأخرجه أبو الشيخ في "أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم "- ص 275 من طريقين عن أبي عوانة، بهذا الإسناد. وقال الترمذي: بإثر حديث رقم (2372): وروى أبو عوانة وغير واحد عن سماك بن حرب نحو حديث أبي الأحوص.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ سِمَاكَ بْنَ حَرْبٍ لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ مِنَ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ سماک بن حرب نے یہ روایت حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے نہیں سنی ہے

**6342** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ، يَخْطُبُ قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ عُمَرُ - وَذَكَرَ مَا اَصَابَ النَّاسَ مِنَ الدُّنْيَا -: لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْتَوِيْ وَمَا يَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا يَمْلَاُ بَطْنَهُ

❀❀ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیتے ہوئے یہ بات ذکر کی کہ لوگوں کو اب طرح طرح کی دنیاوی نعمتیں حاصل ہوگئی ہیں، حالانکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ جب آپ بھوکے ہوتے تھے تو آپ کو ہلکی قسم کی کھجوریں اتنی بھی نہیں ملتی تھیں کہ آپ اس کے ذریعے اپنا پیٹ بھر لیں۔

## ذِكْرُ سُؤَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا اَنْ تَعْزُبَ الدُّنْيَا عَنْ آلِهِ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے پروردگار سے یہ دعا مانگنے کا تذکرہ کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل سے دنیا کو دور رکھے

**6343** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْاَعْمَشَ، يُحَدِّثُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ آلِ مُحَمَّدٍ كَفَافًا

---

6342- إسناده حسن وهو مكرر ما قبله. اسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهوية، وأبو عامر العقدى: هو عبد الملك بن عمرو القيسي. وأخرجه أحمد في "المسند" 1/24، وفي "الزهد" ص 30، وابن سعد 406-1/405، ومسلم (2978) في أول الزهد، وابن ماجه (4146) في الزهد: باب معيشة النبي - صلى الله عليه وسلم -، من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وقال الترمذي بإثر الحديث (2372) : وروى شعبة هذا الحديث عن سماك، عن النعمان بن بشير، عن عمر.

6343- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو أسامة: هو حماد بن أسامة، وأبو زرعة: هو ابن عمرو بن جرير. وأخرجه النسائي في الرقائق من "الكبرى" كما في "التحفة" 10/442 عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (1055) (19) ص 2281 في الزهد، والبيهقي في "السنن الكبرى" 2/150 و 7/46، وفي "دلائل النبوة" 1/339 و 6/87، وأبو الشيخ في "أخلاق - صلى الله عليه وسلم" - ص268-267 من طرق عن أبي أسامة، به. ولفظ البيهقي: "قوتاً." وانظر ما بعده.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
"اے اللہ! محمد کے گھر والوں کو گزارہ کرنے جتنا رزق عطا کر۔"

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَفَافًا ، اَرَادَ بِهٖ قُوتًا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: "گزارے لائق" اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد ضروری خوراک ہے

**6344** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَاضِرُ بْنُ الْمُوَرِّعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنِ ابْنِ اَخِي ابْنِ شُبْرُمَةَ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَللّٰهُمَّ، اجْعَلْ رِزْقَ آلِ مُحَمَّدٍ قُوتًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
"اے اللہ! محمد کے گھر والوں کو (ضروری) خوراک جتنا رزق عطا کر۔"

## ذِكْرُ مَا عَزَبَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا الشِّبَعَ مِنْ هٰذِهِ الْفَانِيَةِ عَنْ آلِ صَفِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَّامًا مَعْلُومَةً

## اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی آل کو متعین مدت تک اس فنا ہو جانے والی (دنیا) سے سیراب ہونے سے دور رکھا

---

6344- إسناده حسن، العباس بن عبد العظيم: هو العنبري ثقة روى له مسلم والأربعة وعلّق له البخاري، ومن فوقه من رجال الشيخين غير محاضر بن المورع، روى له أصحاب السنن، وعلّق له البخاري، وروى له مسلم حديثاً واحداً متابعة، وهو حسن الحديث. ابن أخي ابن شبرمة: هو عمارة بن القعقاع، وعمه هو عبد الله بن شبرمة. وأخرجه البيهقي في "دلائل النبوة "6/87 من طريق العباس بن محمد الدوري، عن محاضر بن المورع، بهذا الإسناد. وأخرجه وكيع في "الزهد" (119) عن الأعمش، به. ومن طريق وكيع أخرجه أحمد في "المسند"2/446 و 481، وفي "الزهد" ص 8، وابن أبي شيبة241-13/240، ومسلم (1055) (126) في الزكاة: باب الكفاف والقناعة، وص 2281 في الزهد، والترمذي (2361) في الزهد: باب ما جاء في معيشة النبي - صلى الله عليه وسلم -، وابن ماجه (4139) في الزهد: باب القناعة، وقال الترمذي: حديث حسن صحيح. وأخرجه أحمد2/232، والبخاري (6460) في الرقاق: باب كيف كان عيش النبي - صلى الله عليه وسلم -، وأبو الشيخ في " أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم - " ص 268 من طريق محمد بن فضيل بن غزوان، عن أبيه، عن عمارة بن القعقاع به. ولفظ البخاري: "اللّهم ارزق آل محمد قوتاً." ولفظ أحمد: "اللّهم اجعل رزق آل بيتي قوتاً." ولفظ أبي الشيخ: "اللّهم اجعل عيش آل محمد قوتاً."

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



**6345** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَوْنِ الرَّيَّانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ طَعَامٍ وَّاحِدٍ ثَلَاثًا حَتّٰى قُبِضَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا الْاَسْوَدَيْنِ: التَّمْرَ وَالْمَاءَ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں نے کبھی بھی تین دن تک پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھایا' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا آپ کی خوراک صرف دو سیاہ چیزیں یعنی کھجور اور پانی تھے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْحَالَةَ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا كَانَتِ اخْتِيَارًا مِنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَهْلِهِ، دُوْنَ اَنْ تَكُوْنَ تِلْكَ حَالَةً اضْطِرَارِيَّةً

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ وہ حالت جسے ہم نے ذکر کیا ہے یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اپنے اہل خانہ کے لیے اختیار کے طور پر تھی یہ اضطراری حالت نہیں تھی

**6346** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، حَدَّثَنَا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا اَشْبَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْلَهُ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ تِبَاعًا مِنْ خُبْزِ الْبُرِّ حَتّٰى فَارَقَ الدُّنْيَا

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی بھی مسلسل تین دن تک اپنے گھر والوں کو گندم کی روٹی پیٹ بھر کے نہیں کھلائی' یہاں تک کہ آپ دنیا سے رخصت ہو گئے۔

---

6345– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو حازم: هو سلمان الأشجعي . وأخرجه دون قوله: إلا الأسودين ... البخاري (5374) في الأطعمة: باب قول الله تعالى: (كلوا من طيبات ما رزقناكم) عن يوسف بن عيسى، حدثنا محمد بن فضيل، عن أبيه، بهذا الإسناد. وأخرج وكيع في الزهد (107) عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ - صَلَّى اللّٰه عليه وسلم - من طعام بُرٍّ حتى قبضه.

6346– إسناده على شرط مسلم . المحاربي: هو عبد الرحمن بن محمد. وهو في "مسند أبي يعلى ".2/285 وأخرجه الترمذي (2358) في الزهد: باب ما جاء في معيشة النبي - صلى الله عليه وسلم -، عن أبي كريب، عن عبد الرحمن المحاربي، بهذا الإسناد، وقال: حديث صحيح حسن غريب من هذا الوجه . وأخرجه أحمد 2/434، ومسلم (2976) في الزهد، وابن ماجة (3343) في الأطعمة: باب خبز البر، من طرق عن يزيد بن كيسان، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


## ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ اَبِی هُرَيْرَةَ الَّذِی ذَكَرْنَاهُ

## اس روایت کا تذکرہ، جس نے ایک عالم کو غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کی متضاد ہے، جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

**6347** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِی حَازِمٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ، فَقُلْتُ: هَلْ اَكَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّقِيَّ؟ فَقَالَ سَهْلٌ: مَا رَاٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّقِيَّ مِنْ حِينِ ابْتَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰى قَبَضَهُ قَالَ: فَقُلْتُ: هَلْ كَانَ لَكُمْ فِی عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنَاخِلُ؟ قَالَ: مَا رَاٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْخُلًا مِنْ حِينِ ابْتَعَثَهُ حَتّٰى قَبَضَهُ قُلْتُ: كَيْفَ كُنْتُمْ تَاْكُلُونَ الشَّعِيرَ غَيْرَ مَنْخُولٍ؟ قَالَ: كُنَّا نَطْحَنُهُ، فَنَنْفُخُهُ فَيَطِيرُ مَا طَارَ، وَمَا بَقِيَ ثَرَّيْنَاهُ، فَاَكَلْنَاهُ

ابوحازم بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چھنے ہوئے آٹے کی روٹی کھاتے تھے۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے بتایا جب سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے مبعوث کیا ہے اس وقت سے لے کہ آپ کے وصال تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی بھی چھنے ہوئے آٹے کی روٹی نہیں کھائی۔ میں نے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں آپ لوگوں کے پاس چھلنیاں نہیں ہوتی تھیں۔ انہوں نے فرمایا: جب سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے اس وقت سے لے کہ اپنے وصال تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی بھی چھلنی نہیں دیکھی میں نے دریافت کیا' تو آپ چھانے بغیر جو کیسے کھا لیتے تھے۔ انہوں نے فرمایا: ہم لوگ اسے پیس کر اس میں پھونک مارتے تھے جو چیز اڑنی ہوتی تھی وہ اڑ جاتی تھی جو باقی بچ جاتی تھی ہم اسے پکا کر کھا لیتے تھے۔

## ذِكْرُ مَا كَانَ فِيهِ آلُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَدَمِ الْوَقُودِ فِی دُورِهِمْ بَيْنَ اَشْهُرٍ مُتَوَالِيَةٍ

6347- إسناده صحيح على شرط الشيخين. يعقوب بن عبد الرحمن: هو ابن محمد بن عبد الله بن عبد القارئ المدني، وأبو حازم: هو سلمة بن دينار. وأخرجه البخاري (5413) في الأطعمة: باب مَا كَانَ النَّبِيُّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وأصحابه يأكلون، والنسائي في الرقاق من "الكبرى" كما في "التحفة" 4/121، والطبراني في "الكبير" (5999)، والبغوي (2845) عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/332، والبخاري (5410) في الأطعمة: باب النفخ في الشعير، والترمذي (2364) في الزهد: باب ما جاء في معيشة النبي - صلى الله عليه وسلم - وأهله، وابن ماجة (3335) في الأطعمة: باب الحوّاري، والطبراني (1796) و (5846) و (5889) من طرق عن أبي حازم، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


## اس بات کا تذکرہ کہ بعض اوقات نبی اکرم ﷺ کے گھر والے کئی ماہ تک (کھانا پکانے کے لیے) آگ نہیں جلا پاتے تھے

**6348** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْجَرْجَرَائِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِىْ حَازِمٍ، حَدَّثَنِىْ اَبِى، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ رُوْمَانَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): اِنْ كُنَّا لَنَنْظُرُ اِلَى الْهِلَالِ، ثُمَّ الْهِلَالِ، ثُمَّ الْهِلَالِ ثَلَاثَةَ اَهِلَّةٍ فِىْ شَهْرَيْنِ، وَمَا اُوقِدَتْ فِىْ بُيُوتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَارٌ قُلْتُ: يَا خَالَةُ فِيمَا كَانَ يُعَيِّشُكُمْ؟ قَالَتْ: الْاَسْوَدَانِ: التَّمْرُ وَالْمَاءُ، اِلَّا اَنَّهُ كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِيرَانٌ مِنَ الْاَنْصَارِ - نِعْمَ الْجِيرَانُ - كَانَتْ لَهُمْ مَنَائِحُ، فَكَانُوا يَمْنَحُونَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَلْبَانِهَا، فَكَانَ يَسْتَقِينَا مِنْهُ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم لوگ پہلی کا ایک چاند دیکھ لیتے تھے پھر اگلی پہلی کا چاند دیکھ لیتے تھے پھر اگلی پہلی کا چاند دیکھ لیتے تھے یعنی دو مہینوں میں تین چاند دیکھ لیتے تھے لیکن اس دوران نبی اکرم ﷺ کے گھروں میں آگ نہیں جلتی تھی۔

راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا: خالہ جان آپ لوگوں کا گزارا کیسے ہوتا تھا؟ انہوں نے جواب دیا دو سیاہ چیزوں پر کھجوروں اور پانی پر البتہ نبی اکرم ﷺ کے کچھ انصاری پڑوسی تھے جو بہت اچھے پڑوسی تھے۔ ان لوگوں کے پاس دودھ دینے والے جانور تھے وہ ان کا دودھ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں تحفے کے طور پر بھجوا دیتے تھے تو ہم وہ پی لیا کرتے تھے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ آلَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُوْنُوا يَدَّخِرُوْنَ الشَّيْءَ الْكَثِيْرَ لِمَا يُسْتَقْبَلُوْنَ مِنَ الْاَيَّامِ

## اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کے گھر والے آگے آنے والے دنوں کے لیے زیادہ چیز کو ذخیرہ کر کے نہیں رکھتے تھے

6348- إسناده صحيح، محمد بن الصباح الجرجرائي وثقه المصنف، وأبو زرعة، ومحمد بن عبد الله الحضرمي، وقال أبو حاتم: صالح الحديث، وقال ابن معين: ليس به بأس، روى له أبو داود، وابن ماجة، وقد توبع، ومن فوقه من رجال الشيخين. أبو حازم: هو سلمة بن دينار. وأخرجه البخاري (2567) في أول كتاب الهبة، و (6459) في الرقائق: باب كيف كان عيش النبي - صلى الله عليه وسلم -، ومسلم (2972) (28) في الزهد من طريقين عن عبد العزيز بن أبي حازم، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو الشيخ في "أخلاق النبي" ص 274 من طريق هشام بن سعد، عن أبي حازم، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 13/249 عن أبي خالد الأحمر، عن ابن عجلان، عن القعقاع، عن القاسم، عن عائشة بنحوه. وقد تقدم برقم (729)، وسيأتي برقم (6361) و (6372).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


6349 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا اَبَانُ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ: مَا اَصْبَحَ فِیْ آلِ مُحَمَّدٍ صَاعُ بُرٍّ، وَلَا صَاعُ تَمْرٍ.

وَاِنَّ لَهُ يَوْمَئِذٍ تِسْعَ نِسْوَةٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (آج) محمد کے گھر میں نہ تو گندم کا ایک صاع ہے اور نہ ہی کھجوروں کا ایک صاع ہے۔

راوی کہتے ہیں: اس زمانے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نو ازواج تھیں۔

## ذِكْرُ مَا كَانَ يَتَمَنَّى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاِقْلَالِ مِنْ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ

## اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کی آرزو کی: اس فنا اور زائل ہو جانے والی دنیا میں سے تھوڑی سی چیز (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ملے)

6350 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی السَّرِیِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَوْ كَانَ عِنْدِیْ اُحُدٌ ذَهَبًا، لَاَحْبَبْتُ اَنْ لَا يَاْتِیَ عَلَیَّ ثَلَاثٌ وَّعِنْدِیْ مِنْهُ دِيْنَارٌ لَا اَجِدُ مَنْ يَّتَقَبَّلُهٗ مِنِّیْ، لَيْسَ شَیْءٌ اَرْصُدُهٗ لِدَيْنٍ عَلَیَّ

---

6349- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه أحمد في "الزهد" ص 4 عن عبد الصمد، عن أبان بن يزيد العطار، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/133 و 208، والبخاري (2069) في البيوع: باب شراء النبي - صلى الله عليه وسلم - بالنسيئة، و (2508) في أول الرهن، والترمذي (1215) في البيوع: باب ما جاء في الرخصة في الشراء إلى أجل، من طرق عَنْ هِشَامٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مالك، أنه مشى إلى النبي - صلى الله عليه وسلم - بخبزٍ وإهالة سَنِخَة، ولقد رهن النبي - صلى الله عليه وسلم - درعاً له بالمدينة عند يهودي، وأخذ منه الشعير لأهله، ولقد سمعتُه يقول: "ما أمسى عندَ آل محمد - صلى الله عليه وسلم - صاع بُرٍّ ولا صاع حَبٍّ"، وإن عنده لتسعَ نسوة. وأخرجه أحمد 3/238، وابن ماجه (4147) في الزهد: باب معيشة آل محمد - صلى الله عليه وسلم -، وأبو يعلى (3059) من طريق الحسن بن موسى، عن شيبان، عن قتادة، به. وأورده البوصيري في "مصباح الزجاجة" 262/2، وقال: هذا إسناد صحيح رجاله ثقات، رواه ابن حبان في "صحيحه" من طريق أبان العطار، عن قتادة به، وأصله في "صحيح" البخاري والترمذي والنسائي من حديث أنس بغير هذا السياق، ورواه الإمام أحمد في "مسنده" من حديث أنس بن مالك أيضاً كما رواه ابن ماجة.

6350- حديث صحيح، ابن أبي السري -وهو محمد بن المتوكل- متابع، ومن فوقه على شرطهما. وهو في "صحيفة همام" (83). وأخرجه أحمد 2/316، والبخاري (7228) في التمني: باب تمني الخير، والبغوي (1653) من طريق عبد الرزّاق، بهذا الإسناد. وقد تقدم برقم (3214) من طريق آخر عن أبي هريرة.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں محمد کی جان ہے اگر میرے پاس احد پہاڑ جتنا سونا ہو' تو مجھے یہ بات پسند ہوگی کہ تین گزرنے سے پہلے میرے پاس ان میں سے ایک دینار بھی باقی نہ رہے' سوائے اس دینار کے' جسے میں نے قرض کی ادائیگی کے لئے سنبھال کر رکھا ہو''۔

**6351** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ، بِبَيْرُوتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ الدَّارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ يَعْمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، قَالَ حَدَّثَنِي اَخِي زَيْدُ بْنُ سَلَّامٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ لُحَيٍّ الْهَوْزَنِيُّ، قَالَ:

(متن حدیث): لَقِيتُ بِلَالًا مُؤَذِّنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا بِلَالُ اَخْبِرْنِي كَيْفَ كَانَتْ نَفَقَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: مَا كَانَ لَهُ مِنْ شَيْءٍ، وَكُنْتُ اَنَا الَّذِي اِلَى ذٰلِكَ مُنْذُ بَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰى تُوُفِّيَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ اِذَا اَتَاهُ الْاِنْسَانُ الْمُسْلِمُ فَرَآهُ عَارِيًا، يَاْمُرُنِي، فَاَنْطَلِقُ، فَاَسْتَقْرِضُ، فَاَشْتَرِي الْبُرْدَةَ اَوِ النَّمِرَةَ، فَاَكْسُوهُ، وَاُطْعِمُهُ، حَتّٰى اعْتَرَضَنِي رَجُلٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ، فَقَالَ: يَا بِلَالُ اِنَّ عِنْدِي سَعَةً، فَلَا تَسْتَقْرِضْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا مِنِّي، فَفَعَلْتُ، فَلَمَّا كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ، تَوَضَّاْتُ، ثُمَّ قُمْتُ اُؤَذِّنُ بِالصَّلَاةِ، فَاِذَا الْمُشْرِكُ فِي عِصَابَةٍ مِنَ التُّجَّارِ، فَلَمَّا رَآنِي قَالَ: يَا حَبَشِيُّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا لَبَّيْهُ، فَتَجَهَّمَنِي، وَقَالَ لِي قَوْلًا غَلِيظًا، وَقَالَ: اَتَدْرِي كَمْ بَيْنَكَ وَبَيْنَ الشَّهْرِ؟ قَالَ: قُلْتُ: قَرِيبٌ، قَالَ لِي: اِنَّمَا بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ اَرْبَعٌ، فَآخُذُكَ بِالَّذِي عَلَيْكَ، فَاِنِّي لَمْ اُعْطِكَ الَّذِي اَعْطَيْتُكَ مِنْ كَرَامَتِكَ عَلَيَّ، وَلَا كَرَامَةِ صَاحِبِكَ، وَلٰكِنِّي اِنَّمَا اَعْطَيْتُكَ لِتَجِبَ لِي عَبْدًا، فَاَرُدُّكَ تَرْعَى الْغَنَمَ كَمَا كُنْتَ قَبْلَ ذٰلِكَ، فَاَخَذَ فِي نَفْسِي مَا يَاْخُذُ النَّاسَ، فَانْطَلَقْتُ، ثُمَّ اَذَّنْتُ بِالصَّلَاةِ، حَتّٰى اِذَا صَلَّيْتُ الْعَتَمَةَ رَجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اَهْلِهِ، فَاسْتَاْذَنْتُ عَلَيْهِ فَاَذِنَ لِي، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ بِاَبِيْ اَنْتَ اِنَّ الْمُشْرِكَ الَّذِي ذَكَرْتُ لَكَ اَنِّي كُنْتُ اَتَدَيَّنُ مِنْهُ قَالَ لِي كَذَا وَكَذَا، وَلَيْسَ عِنْدَكَ مَا تَقْضِي عَنِّي، وَلَا عِنْدِي، وَهُوَ فَاضِحِي، فَاْذَنْ لِي اٰنُوءُ اِلٰى بَعْضِ هٰؤُلَاءِ الْاَحْيَاءِ الَّذِينَ اَسْلَمُوا حَتّٰى يَرْزُقَ اللّٰهُ رَسُولَهُ مَا يَقْضِي عَنِّي، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا شِئْتَ اعْتَمَدْتَ، قَالَ: فَخَرَجْتُ حَتّٰى آتِيَ مَنْزِلِي، فَجَعَلْتُ سَيْفِي وَجُعْبَتِي وَمِجَنِّي وَنَعْلِي عِنْدَ رَاْسِي، وَاسْتَقْبَلْتُ بِوَجْهِي

---

6351- حديث صحيح . محمد بن خلف الدارى: روى عنه جمع، وأورده ابن أبى حاتم 7/245، ولم يذكر فيه جرحاً ولا تعديلاً، ومعمر بن يعمر ذكره المصنف فى "الثقات" 9/192، وقال: يُغرب، قلت: وكلاهما قد توبع، ومن فوقهما ثقات من رجال مسلم غير عبد الله الهوزنى، فقد روى له أصحاب السنن غير الترمذى، وهو ثقة. وأخرجه أبو داود (3055) فى الخراج: باب فى الإمام يقبل هدايا المشركين، والطبرانى فى "الكبير" (1119)، والبيهقى فى "دلائل النبوة" 1/348-351 من طريق أبى توبة الربيع بن نافع، وأخرجه أبو داود (3056) عن محمود بن خالد، حدثنا مروان بن محمد، كلاهما عن معاوية بن صالح بهذا الإسناد .
وقول بلال: "يا لبيه": هو من التلبية، وهى إجابة المنادى، يقال: لبيك ولبيه، قال الفراء: معنى "لبيك": إجابة بعد إجابة، ونصبه على المصدر.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



الْاُذُنَ، فَکُلَّمَا نِمْتُ سَاعَةً اسْتَنْبَهْتُ، فَإِذَا رَأَيْتُ عَلَيَّ لَيْلًا نِمْتُ حَتّٰى اَسْفَرَ الصُّبْحُ الْاَوَّلُ، اَرَدْتُ اَنْ اَنْطَلِقَ، فَإِذَا اِنْسَانٌ يَسْعٰى يَدْعُو: يَا بِلَالُ اَجِبْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقْتُ حَتّٰى اَتَيْتُهُ، فَإِذَا اَرْبَعُ رَكَائِبَ مُنَاخَاتٌ عَلَيْهِنَّ اَحْمَالُهُنَّ، فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَاْذَنْتُهُ، فَقَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبْشِرْ، فَقَدْ جَاءَ اللّٰهُ بِقَضَائِكَ، فَحَمِدْتُ اللّٰهَ، وَقَالَ: اَلَمْ تَمُرَّ عَلَى الرَّكَائِبِ الْمُنَاخَاتِ الْاَرْبَعِ؟، فَقُلْتُ: بَلٰى، فَقَالَ: اِنَّ لَكَ رِقَابَهُنَّ، وَمَا عَلَيْهِنَّ كِسْوَةٌ وَّطَعَامٌ اَهْدَاهُنَّ اِلَيَّ عَظِيمُ فَدَكَ، فَاقْبِضْهُنَّ، ثُمَّ اقْضِ دَيْنَكَ قَالَ: فَفَعَلْتُ، فَحَطَطْتُ عَنْهُنَّ اَحْمَالَهُنَّ، ثُمَّ عَقَلْتُهُنَّ، ثُمَّ عَمَدْتُ اِلٰى تَاْذِيْنِ صَلَاةِ الصُّبْحِ، حَتّٰى اِذَا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجْتُ لِلْبَقِيعِ، فَجَعَلْتُ اُصْبُعَيَّ فِي اُذُنِيْ، فَنَادَيْتُ: مَنْ كَانَ يَطْلُبُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنًا فَلْيَحْضُرْ، فَمَازِلْتُ اَبِيعُ وَاَقْضِي، وَاَعْرِضُ فَاَقْضِي، حَتّٰى اِذَا فَضَلَ فِي يَدَيَّ اُوقِيَّتَانِ اَوْ اُوقِيَّةٌ وَّنِصْفٌ، انْطَلَقْتُ اِلَى الْمَسْجِدِ، وَقَدْ ذَهَبَ عَامَّةُ النَّهَارِ، فَإِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ وَحْدَهُ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَا فَعَلَ مَا قِبَلَكَ؟، فَقُلْتُ: قَدْ قَضَى اللّٰهُ كُلَّ شَيْءٍ كَانَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَبْقَ شَيْءٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَفَضَلَ شَيْءٌ؟، قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: انْظُرْ اَنْ تُرِيحَنِيْ مِنْهَا، فَلَمَّا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَتَمَةَ دَعَانِيْ، فَقَالَ: مَا فَعَلَ مِمَّا قِبَلَكَ؟، قَالَ: قُلْتُ: هُوَ مَعِي لَمْ يَاْتِنَا اَحَدٌ، فَبَاتَ فِي الْمَسْجِدِ حَتّٰى اَصْبَحَ، فَظَلَّ فِي الْمَسْجِدِ الْيَوْمَ الثَّانِيْ، حَتّٰى كَانَ فِيْ آخِرِ النَّهَارِ جَاءَ رَاكِبَانِ، فَانْطَلَقْتُ بِهِمَا فَكَسَوْتُهُمَا وَاَطْعَمْتُهُمَا، حَتّٰى اِذَا صَلَّى الْعَتَمَةَ دَعَانِيْ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا فَعَلَ الَّذِيْ قِبَلَكَ؟، فَقُلْتُ: قَدْ اَرَاحَكَ اللّٰهُ مِنْهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَكَبَّرَ وَحَمِدَ اللّٰهَ شَفَقًا اَنْ يُدْرِكَهُ الْمَوْتُ وَعِنْدَهُ ذٰلِكَ، ثُمَّ اتَّبَعْتُهُ حَتّٰى جَاءَ اَزْوَاجَهُ فَسَلَّمَ عَلَى امْرَاَةٍ امْرَاَةٍ، حَتّٰى اَتٰى مَبِيتَهُ، فَهٰذَا الَّذِيْ سَاَلْتَنِيْ عَنْهُ

❁❁ عبداللہ ہوزنی بیان کرتے ہیں: میری ملاقات نبی اکرم ﷺ کے مؤذن حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے ہوئی۔ میں نے کہا: اے بلال آپ مجھے بتایئے کہ نبی اکرم ﷺ کا خرچ کیسے چلتا تھا' تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے بتایا نبی اکرم ﷺ کے پاس کوئی چیز نہیں ہوتی تھی' جب سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو مبعوث کیا اس دن سے آپ کے وصال تک میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ رہا ہوں جب کوئی مسلمان آپ کی خدمت میں حاضر ہوتا اور آپ دیکھتے کہ اس کے پاس مناسب کپڑے نہیں ہیں' تو آپ مجھے حکم دیتے میں جاتا آپ کے نام پر قرض لیتا۔ اس کے ذریعے کپڑا یا چادر خریدتا اور اس شخص کو پہننے کے لئے دیدیتا اور اس شخص کو کھانا کھلا دیتا' یہاں تک کہ ایک مشرک شخص میرے پاس آیا اور بولا: اے بلال میرے پاس گنجائش ہے تم صرف مجھ سے قرض لیا کرو میں نے ایسا ہی کیا۔ ایک دن میں نے وضو کیا میں نماز کے لئے اذان دینے کے لئے اٹھنے لگا' تو وہ مشرک شخص کچھ تاجروں کے ساتھ آیا جب اس نے مجھے دیکھا' تو بولا: اے حبشی میں نے کہا: کیا ہے' تو اس نے مجھے برا بھلا کہا اور میرے بارے میں سختی سے کام لیا۔ اس نے دریافت کیا: کیا تم یہ بات جانتے ہو کہ مہینہ ختم ہونے میں کتنے دن رہ گئے ہیں۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں تھوڑا ہی وقت ہے۔ اس نے مجھ سے کہا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
الهداية - AlHidayah

www.KitaboSunnat.com



مہینہ ختم ہونے میں چار دن باقی رہ گئے ہیں' پھر میں نے تم سے وہ وصولی کر لینی ہے' جو تمہارے ذمے لازم ہے میں نے تمہیں قرض اس لئے نہیں دیا تھا کہ تم میرے نزدیک معزز ہو یا تمہارے آقا میرے نزدیک معزز ہیں۔ میں نے تمہیں قرض اس لئے دیا تھا' تا کہ مجھے (قرض وصول نہ ہونے کی صورت میں) غلام حاصل ہو جائے' تو میں تم سے بکریاں چرواؤں گا' جس طرح تم پہلے چرایا کرتے تھے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں بھی پریشان ہو گیا جس طرح لوگ پریشان ہوتے ہیں۔ خیر میں گیا میں نے نماز کے لئے اذان دی' یہاں تک کہ جب میں نے عشاء کی نماز ادا کر لی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر واپس تشریف لے گئے' تو میں نے آپ کے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی۔ آپ نے مجھے اجازت عطا کی۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میرے والد آپ پر قربان ہوں۔ وہ مشرک جس کا میں نے آپ کے سامنے ذکر کیا تھا کہ میں اس سے قرض لیتا ہوں۔ اس نے مجھے اس اس طرح کی باتیں کی ہیں اور آپ کے پاس کوئی ایسی چیز بھی نہیں ہے' جو آپ میری طرف سے ادا کر دیں اور میرے پاس بھی نہیں ہے اور وہ شخص مجھے رسوا کر دے گا۔ آپ مجھے اجازت دیجئے تا کہ میں ان قبائل کی طرف جاؤں جنہوں نے اسلام قبول کیا ہے' تا کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کو اتنا رزق عطا کر دے کہ وہ میرا قرض ادا کر دیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم یہ چاہتے ہو' تو ایسا کر لو حضرت بلال رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں وہاں سے نکل کر اپنے گھر آیا۔ میں نے اپنی تلوار' اپنا ترکش اپنی ڈھال اپنے جوتے اپنے سرہانے رکھ لئے۔ میں نے اپنا رُخ اُفق کی طرف کیا۔ میں جب بھی تھوڑی دیر کے لئے سوتا تھا' تو فوراً بیدار ہو جاتا تھا' لیکن اس رات میں ایسا سویا کہ صبح صادق ہو گئی۔ میں نے اٹھنے کا ارادہ کیا اسی دوران ایک شخص دوڑتا ہوا آیا وہ کہہ رہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ میں اٹھا اور آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ وہاں چار سواریاں موجود تھیں جن پر ان کے پالان وغیرہ بندھے ہوئے تھے۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے اندر آنے کی اجازت مانگی۔ آپ نے مجھ سے فرمایا تمہارے لئے خوشخبری ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تمہارے قرض کی ادائیگی کا بندوبست کر دیا ہے' تو میں نے اس بات پر اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارا گزر ان چار سواریوں کے پاس نہیں ہوا جو باندھی ہوئی تھیں۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ سواریاں اور ان پر موجود کپڑے اور کھانا تمہارے ہوئے' یہ سب چیزیں مجھے فدک کے امیر نے تحفے کے طور پر بھیجی ہیں۔ تم انہیں حاصل کر لو اور اپنا قرض ادا کر دو۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ایسا ہی کیا۔ میں نے ان کے اوپر سے پالان اتار لی اور پھر انہیں باندھ دیا پھر میں صبح کی نماز کے لئے اذان دینے گیا' یہاں تک کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کر لی' تو میں نکل کر بقیع کے میدان میں آیا۔ میں نے اپنی دونوں انگلیاں کانوں میں دیں اور بلند آواز میں اعلان کیا جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے قرض واپس لینا تھا وہ آ جائے اس کے بعد میں خرید و فروخت کرتا رہا اور قرض ادا کرتا رہا' یہاں تک کہ میرے ہاتھ میں دو اوقیہ یا ڈیڑھ اوقیہ باقی بچ گئے۔ میں مسجد کی طرف آیا دن کا زیادہ حصہ رخصت ہو چکا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں اکیلے تشریف فرما تھے۔ میں نے آپ کو سلام کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا تمہاری کیا صورت حال ہے۔ میں نے عرض کی: اللہ تعالیٰ نے ہر وہ چیز ادا کروا دی ہے' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمے لازم تھی کوئی بھی چیز (یعنی قرض) باقی نہیں رہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا کوئی چیز باقی بچی ہے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم دیکھو کہ اس کے ذریعے مجھے آرام پہنچانا پھر جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز ادا کر لی' تو آپ نے مجھے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



بلایا آپ نے دریافت کیا تمہاری کیا صورت حال ہے۔ میں نے عرض کی: وہ چیز میرے پاس ہے۔ ہمارے پاس کوئی بھی نہیں آیا۔ نبی اکرم ﷺ نے وہ رات مسجد میں گزاری' یہاں تک کہ صبح ہوگئی آپ اگلا دن بھی مسجد میں رہے' یہاں تک کہ دن کا آخری حصہ آ گیا' تو دو سوار آئے۔ میں ان دونوں کو ساتھ لے کر گیا۔ میں نے ان دونوں کو پہننے کے لئے کپڑے لے کر دیئے۔ انہیں کھانا کھلایا' یہاں تک کہ جب نبی اکرم ﷺ نے عشاء کی نماز ادا کر لی' تو آپ نے مجھے بلایا نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا صورت حال ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس چیز کی طرف سے راحت پہنچا دی ہے (یعنی وہ بقیہ مال بھی اللہ کی راہ میں خرچ ہو گیا ہے)' تو نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی کبریائی بیان کی اور اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی' اس اندیشے کے تحت کہ آپ کو کہیں ایسی حالت میں موت نہ آ جائے کہ وہ مال آپ کے پاس موجود ہو' پھر میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ چلتا ہوا آیا۔ نبی اکرم ﷺ اپنی تمام ازواج کے پاس تشریف لے گئے۔ آپ نے ہر ایک زوجہ محترمہ کو سلام کیا۔ یہاں تک آپ اس گھر میں آئے جہاں آپ نے رات بسر کرنی تھی۔

(حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا) یہ وہ صورت حال تھی جس کے بارے میں تم نے مجھ سے دریافت کیا تھا۔

## ذِكْرُ مَا مَثَّلَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْسَهُ وَالدُّنْيَا بِمِثْلِ مَا مَثَّلَ بِهِ

## اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ نے اپنی ذات اور دنیا (کے باہمی تعلق) کے بارے میں کیا مثال بیان کی ہے

**6352** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ قَحْطَبَةَ، بِفَمِ الصِّلْحِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلٰى حَصِيرٍ قَدْ اَثَّرَ فِيْ جَنْبِهِ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوِ اتَّخَذْتَ فِرَاشًا اَوْثَرَ مِنْ هٰذَا؟ فَقَالَ: يَا عُمَرُ مَا لِيْ وَلِلدُّنْيَا، وَمَا لِلدُّنْيَا وَلِيْ، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا مَثَلِيْ وَمَثَلُ الدُّنْيَا اِلَّا كَرَاكِبٍ سَارَ فِيْ يَوْمٍ صَائِفٍ، فَاسْتَظَلَّ تَحْتَ شَجَرَةٍ سَاعَةً مِنْ

6352- إسناده قوي. هلال بن خباب روى له الأربعة ووثقه أحمد وابن معين والفسوي، وغيرهم، وقول يحيى بن القطان: إنه تغير قبل موته واختلط، ردَّهُ يحيى بنُ معين فيما رواه عنه إبراهيم بن عبد الله بن الجنيد كما في "تاريخ بغداد" 14/73-74، وذكره المصنف في "المجروحين" 3/87، ورماه بالاختلاط، ثم ذكره في "الثقات" 7/574، وقال: يخطئ ويخالف، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه أبو الشيخ في "الأمثال" (298) عن عبد الله بن محمد بن قحطبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو نعيم في "الحلية" 3/342 عن الحسن بن محمد بن كيسان، حدثنا موسى بن هارون، عن عبد الله بن معاوية، به. وقال أبو نعيم: هذا حديث ثابت من غير وجه، وهو من حديث عكرمة غريب، تفرد به عنه هلال. وأخرجه أحمد في "المسند" 1/301، وفي "الزهد" ص 13، والطبراني في "الكبير" (11898)، والحاكم 4/309-310 من طرق عن ثابت بن يزيد به، وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي. وأورده الهيثمي في "المجمع" 10/326، ونسبه لأحمد، وقال: رجاله رجال الصحيح غيرَ هلال بن خبّاب، وهو ثقة. وانظر الحديث المتقدم برقم (4268).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



نَهَارٍ، ثُمَّ رَاحَ وَتَرَكَهَا

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ اس وقت چٹائی پر لیٹے ہوئے تھے۔ جس کا نشان آپ کے پہلو پر لگ چکا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! اگر آپ اس سے زیادہ نرم بچھونا استعمال کرتے (تو یہ مناسب ہوتا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرا دنیا سے کیا واسطہ اور دنیا کا مجھ سے کیا واسطہ؟ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ میری اور دنیا کی مثال یوں ہے جیسے کوئی سوار شخص تیز گرم دن میں سفر کرتے ہوئے گھڑی بھر کے لئے کسی درخت کے سائے میں آئے اور پھر وہ اسے وہیں چھوڑ کر آگے روانہ ہو جائے۔

**6353** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى فَاطِمَةَ، فَرَاٰى عَلٰى بَابِهَا سِتْرًا، فَلَمْ يَدْخُلْ عَلَيْهَا، قَالَ: وَقَلَّمَا كَانَ يَدْخُلُ اِلَّا بَدَاَ بِهَا، فَجَاءَ عَلِيٌّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَرَآهَا مُهْتَمَّةً، فَقَالَ: مَا لَكِ؟ فَقَالَتْ: جَاءَ نَبِيُّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَدْخُلْ، فَاَتَاهُ عَلِيٌّ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ فَاطِمَةَ اشْتَدَّ عَلَيْهَا اَنَّكَ جِئْتَهَا وَلَمْ تَدْخُلْ عَلَيْهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَنَا وَالدُّنْيَا، وَمَا اَنَا وَالرَّقْمُ، فَذَهَبَ اِلٰى فَاطِمَةَ، فَاَخْبَرَهَا بِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: فَقُلْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَا تَاْمُرُنِي؟ قَالَ: قُلْ لَهَا، فَلْتُرْسِلْ بِهِ اِلٰى بَنِي فُلَانٍ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لائے آپ نے ان کے دروازے پر پردہ لٹکا ہوا دیکھا' تو گھر کے اندر تشریف نہیں لائے۔ آپ جب بھی گھر میں تشریف لاتے تھے' تو سب سے پہلے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لاتے تھے جب حضرت علی رضی اللہ عنہ گھر آئے اور انہوں نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو پریشان دیکھا' تو دریافت کیا: کیا ہوا؟ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے' لیکن آپ گھر کے اندر نہیں آئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! فاطمہ اس بات پر پریشان ہیں کہ آپ ان کے ہاں آئے' لیکن گھر کے اندر تشریف نہیں لائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرا اور دنیا کا کیا واسطہ میرا اور نقش و نگار کا کیا واسطہ؟ حضرت علی سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے اور انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کے بارے میں بتایا' تو سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیجئے کہ آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس سے کہو کہ اس (پردے کو) بنو فلاں کو بھجوا دے۔

6353- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه ابن أبي شيبة 13/239، وأحمد 2/21، وأبو داود (4149) في اللباس: باب في الفرش، عن عبد الله بن نمير، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (2613) في الهبة: باب هدية ما يكره لبسها، وأبو داود (4150) من طريقين عن محمد بن فضيل بن غزوان، عن أبيه، به. وانظر الحديث المتقدم برقم (696).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایۃ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اسْتِعْمَالَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا وَصَفْنَا، لَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ لِبَيْتِ فَاطِمَةَ دُوْنَ غَيْرِهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ نے اس چیز پر عمل کیا جس کی صفت ہم نے بیان کی' یہ ایسا عمل نہیں تھا' جو صرف سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر کے ساتھ مخصوص ہو' کسی اور گھر کے ساتھ مخصوص نہ ہو

**6354** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِيْنَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَدْخُلُ بَيْتًا مَرْقُوْمًا

❁❁ حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے تھے جہاں نقش و نگار بنے ہوئے ہوں۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُجَانِبُ اتِّخَاذَ الْاَسْبَابِ فِي الْاَكْلِ وَالشُّرْبِ اِلَّا اَنْ تَعْتَرِيَهُ اَحْوَالٌ لَا يَكُوْنُ مِنْهُ الْقَصْدُ فِيْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کھانے پینے کے حوالے سے عام طور پر اسباب حاصل کرنے سے اجتناب کرتے تھے' البتہ بعض اوقات آپ ﷺ کو ایسی صورت حال پیش آجاتی تھی جس کا آپ ﷺ نے قصد نہیں کیا ہوتا تھا

**6355** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ،

---

6354- إسناده حسن، سعيد بن جمهان فيه كلام يُنزله عن رتبة الصحيح، الربيع بن سليمان: هو المرادي، صاحب الإمام الشافعي، وأسد بن موسى: هو المعروف بأسد السنّة، وأخرجه الحاكم 2/186 عن محمد بن يعقوب

6355- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "مسند أبي يعلى" (2890) . وأخرجه البخاري (5421) في الأطعمة: باب شاة مسموطة والكتف والجنب، و (6457) في الرقاق: باب كيف كان عيش النبي - صلى الله عليه وسلم - وتخليهم عن الدنيا، والبيهقي في "دلائل النبوة" 1/342 من طريق هدبة بن خالد، بهذا الاسناد. وأخرجه أحمد 3/128 و 134 و 250، والبخاري (5385) في الأطعمة: باب الخبز المرقق والأكل، وابن ماجة (3309) في الأطعمة: باب الشواء، و (3339) باب الرقاق، وابن سعد في "الطبقات" 1/404، والبغوي (2844) من طرق عن همام، به. وأخرج البخاري (6450) في الرقاق: باب فضل الفقر، والترمذي (2363) في الزهد: باب ما جاء في معيشة النبي - صلى الله عليه وسلم - وأهله، وفي "الشمائل" (152)، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 1/308 من طريق أبي معمر عبد الله بن عمر.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): قَالَ: كُنَّا نَأْتِي أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَخَبَّازُهُ قَائِمٌ، فَقَالَ: كُلُوا، فَمَا أَعْلَمُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى رَغِيفًا مُرَقَّقًا، وَلَا شَاةً سَمِيطَةً بِعَيْنِهِ حَتَّى لَحِقَ بِاللَّهِ

❀❀ قتادہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ ان کا نانبائی کھڑا ہوا (روٹیاں لگا رہا تھا) حضرت انس نے فرمایا: تم لوگ کھانا کھاؤ کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی بھی پتلی (یعنی چھنے ہوئے آٹے کی) روٹی کھاتے ہوئے اور بھنی ہوئی بکری کھاتے ہوئے نہیں دیکھا، یہاں تک کہ آپ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے۔

## ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ أَجْلِهَا كَانَ تَعْتَرِضُ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَحْوَالُ الَّتِي وَصَفْنَاهَا

## اس علت کا تذکرہ، جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح کی صورت حال کا سامنا کرتے تھے جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے

**6356** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، مَوْلَى ثَقِيفٍ فِي عِدَّةٍ، قَالُوا: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ:

(متن حدیث): أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَدَّخِرُ شَيْئًا لِغَدٍ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کل کے لئے کوئی چیز ذخیرہ کر کے نہیں رکھتے تھے۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ الْمُتَبَحِّرَ فِي صِنَاعَةِ الْعِلْمِ أَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ أَنَسٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

## اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت رکھتا ہے

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے متضاد ہے، جسے ہم ذکر کر چکے ہیں

**6357** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، وَمَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ:

---

6356- إسناده على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير جعفر بن سليمان -وهو الضبعي- فمن رجال مسلم، وثقه ابنُ سعد، وابنُ معين، وقال أحمد: لا بأس به، وقال المؤلف في " الثقات ": كان جعفر من الثقات المتقنين في الروايات غير أنه كان ينتحل الميلَ إلى أهل البيت، ولم يكن بداعيةٍ إلى مذهبه، وليس بين أهل الحديث من أئمتنا خلاف أن الصدوق المتقن إذا كانت فيه بدعة ولم يكن يدعو إليها أن الاحتجاج بخبره جائز، وقال البزار: لم نسمع أحداً يطعن عليه في الحديث، ولا في خطأ فيه، إنما ذكرت عنه شيعيته، وأما حديثه فمستقيم . وأخرجه الترمذي (2362) في الزهد: باب معيشة النبي - صلى الله عليه وسلم - وأهله، وابن عدي في "الكامل" 2/572، والخطيب في " تاريخه " 7/98 من طريق قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


(متن حدیث): اَنَّ اَمْوَالَ بَنِی النَّضِیرِ کَانَتْ مِمَّا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا لَمْ یُوجِفِ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَیْهِ بِخَیْلٍ وَّلَا رِکَابٍ، فَکَانَتْ لَهٗ خَالِصَةً، فَکَانَ یُنْفِقُ عَلٰی اَهْلِهٖ مِنْهَا نَفَقَةَ سَنَتِهٖ، وَمَا بَقِیَ جَعَلَهٗ فِی الْکُرَاعِ وَالسِّلَاحِ فِیْ سَبِیلِ اللّٰهِ

25
25

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بنونضیر کی زمینیں وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو مال فے کے طور پر عطا کی تھی۔ مسلمانوں نے ان کے حصول کے لئے گھوڑے اور سواریاں نہیں دوڑائے تھے تو یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مخصوص تھیں آپ ان میں سے اپنے اہل خانہ کے سال بھر کا خرچ حاصل کرتے تھے اور جو باقی بچ جاتا تھا وہ اللہ کی راہ میں ساز و سامان اور اسلحے کے لئے استعمال کرتے تھے۔

## ذِکْرُ مَا کَانَ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ نَفْسِهٖ یَتَنَکَّبُ الشِّبَعَ فِی الْیَوْمِ الْوَاحِدِ اَکْثَرَ مِنْ مَرَّةٍ

## اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی دن میں ایک سے زیادہ مرتبہ سیر ہو کر کھانے سے گریز کرتے تھے

**6358** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ صَخْرٍ، عَنِ ابْنِ قُسَیْطٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): لَقَدْ مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَمَا شَبِعَ مِنْ خُبْزٍ وَّزَیْتٍ فِیْ یَوْمٍ وَّاحِدٍ مَرَّتَیْنِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو آپ نے کبھی بھی ایک ہی دن میں دو مرتبہ روٹی اور زیتون کا تیل سیر ہو کر نہیں کھایا۔

## ذِکْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰی اَنَّ هٰذِهِ الْحَالَةَ لِلْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَتْ حَالَةَ اخْتِیَارٍ لَا اضْطِرَارٍ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی

6357- إسناده صحيح. إبراهيم بن بشار: هو الرمادي، روى له أبو داود والترمذي، وهو حافظ، ومن فوقه على شرط الشيخين غير مُسَدَّد، فمن رجال البخاري: سفيان: هو ابن عيينة. وأخرجه أحمد 1/25 عن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/48، والبخاري (2904) في الجهاد: باب المجن ومن يترس بترس صاحبه، و (4885) في تفسير سورة الحشر: باب قوله تعالى: (ما أفاء الله على رسوله) ومسلم (1757) في الجهاد: باب حكم الفيء وأبو داود (2965) في الخراج والإمارة: باب في صفايا رسول الله - صلى الله عليه وسلم - من الأموال، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 8/102 من طرق عن سفيان، عن عمرو بن دينار، عن الزهري، به. وسيأتي عند المصنف ضمن حديث مطول برقم (6608).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
الهداية - AlHidayah

www.KitaboSunnat.com



## یہ صورتحال اختیاری حالت تھی' اضطراری حالت نہیں تھی

**6359** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُجْمَعْ لَهُ غِذَاءٌ وَّلَا عِشَاءٌ مِّنْ خُبْزٍ وَّلَحْمٍ اِلَّا عَلٰى ضَفَفٍ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دسترخوان پر کبھی بھی صبح اور شام کے کھانے میں روٹی اور گوشت اکٹھے نہیں ہوئے' البتہ ماسوائے اس صورت کے' کہ آپ لوگوں کے ساتھ کھا رہے ہوں۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الْوُجُوْدِ، كَانَ يَتَنَكَّبُ السَّرَفَ فِيْ اَسْبَابِ الْاَكْلِ، وَكَذٰلِكَ يَاْمُرُ اَهْلَهُ

6358- إسناده قوى على شرط مسلم . أبو صخر -وهو حميد بن زياد- وثقه المصنف والدارقطني، وقال أحمد: ليس به بأس، وقال ابن معين: ضعيف، وفي رواية ة ليس به بأس، وقال ابن عدى: هو عندى صالح الحديث، إنما أنكر عليه حديثان، قلت: ليس هذا منهما، وباقي رجاله ثقات . أبو الطاهر: هو أحمد بن عمرو بن عبد الله، وابن قسيط: هو يزيد بن عبد الله بن قسيط. وأخرجه مسلم (2974) في الزهد، عن أبي الطاهر، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن سعد في "الطبقات" 1/405 عن خالد بن خداش، عن عبد الله بن وهب، به. وفي الباب عن عائشة، قالت: ما شبع آل محمد - صلى الله عليه وسلم - منذ قدم المدينة من طعام بُر ثلاث ليال تباعاً حتى قبض. أخرجه وكيع (108) و (109)، وهناد بن السرى (725) و (728) في "الزهد"، وأحمد 6/156 و 255، والبخارى (5416) و (6454)، ومسلم (2970)، وابن سعد 1/402 و 403 من طرق عنها . وعنها قالت: ما أكل آل محمد- صلى الله عليه وسلم - أكلتين في يوم واحد إلا إحداهما تمر. أخرجه وكيع (110)، والبخارى (6455)، ومسلم (2971)، وأبو الشيخ في " أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم - " ص204-203 من طريقين عن عروة، عنها. وعنها أيضاً قالت: لم يشبع رَسُولِ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - مَرَّتَيْنِ (وفي رواية لابن سعد: ثلاثة أيام) من خبز الشعير . أخرجه الطيالسى (1389)، وابن سعد 1/401 و454، ومسلم (2970) (22)، والترمذى (2357)، وفي " الشمائل " (145) و (151)، والبغوى (4072) و (4573) من طريقين عنها. وأخرج الترمذى (2356)، وفي " الشمائل " (150) عن أحمد بن منيع، حدثنا عَبَّادُ بْنُ عُبادة، عن مجالد، عن الشعبي، عن مسروق، قال: دخلت على عائشة، فدعت لي بطعام، وقالت: ما أشبع من طعام فأشاء أن أبكي إلا بكيت. قال: قلت: لم؟ قالت: أذكر الحال التي فارق عليها رسول الله - صلى الله عليه وسلم - الدنيا، واللّٰهِ ما شبع من خبز ولحم مرتين في يوم . وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح . وعنها قالت: ما شبع آل محمد - صلى الله عليه وسلم - من غداء وعشاء حتى قبض . أخرجه عبد الرزاق (26020) عن معمر، عن أبي إسحاق، عن عبد الرحمن بن الأسود بن يزيد عنها.

6359- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "مسند أبي يعلى" برقم (3108) . وأخرجه أحمد 3/270، والترمذى في " الشمائل " (138) عن عفان، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن سعد في " الطبقات "1/404 عن مسلم بن إبراهيم، عن أبان بن يزيد، به. وأخرجه أبو الشيخ في " أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم - " ص 287 عن محمد بن عبد اللّٰه، حدثنا أبو أيوب، حدثنا عبد الوارث، حدثنا سعيد، عن قتادة به. وذكره الهيثمي في "المجمع"5/20 ونسبه لأحمد وأبي يعلى، وقال: رجالهما رجال الصحيح.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ (ساز وسامان) میسر ہونے کے باوجود کھانے پینے میں اسراف سے گریز کرتے تھے اور آپ ﷺ اپنے اہل خانہ کو بھی اس بات کا حکم دیتے تھے

**6360** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ: هَلْ اَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّقِيَّ؟ فَقَالَ سَهْلٌ: مَا رَاَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّقِيَّ مِنْ حِينِ ابْتَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰى قَبَضَهُ، فَقُلْتُ: هَلْ كَانَتْ لَكُمْ مَنَاخِلُ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: مَا رَاَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْخُلًا مِنْ حِينِ ابْتَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰى قَبَضَهُ قَالَ: قُلْتُ: فَكَيْفَ كُنْتُمْ تَاْكُلُوْنَ الشَّعِيرَ غَيْرَ مَنْخُولٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، كُنَّا نَنْفُخُهُ فَيَطِيرُ مَا طَارَ مِنْهُ وَمَا بَقِيَ ثَرَّيْنَاهُ، فَاَكَلْنَاهُ

(متن حدیث): لَمَّا نَزَلَتْ: (اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ) (النصر: 1) اِلٰى آخِرِهَا مَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى صَلَاةً اِلَّا قَالَ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی۔

''جب اللہ کی مدد اور فتح آ گئی''۔

یہ سورت کے آخر تک ہے' تو اس کے بعد میں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا کہ آپ جب بھی نماز ادا کرتے تھے' تو یہ ضرور پڑھتے تھے۔

''تو پاک ہے اللہ حمد تیرے لئے مخصوص ہے' اے اللہ' تو میری مغفرت کر دے۔''

## ذِكْرُ مَا خَصَّ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا بِهِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِطْعَامِهٖ وَسَقْيِهٖ عِنْدَ وِصَالِهٖ

## اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کو یہ خصوصیت عطا کی تھی کہ آپ ﷺ کے صوم وصال رکھنے کے وقت' اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو کھلاتا تھا اور پلاتا تھا

**6413** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): وَاصَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصِّيَامِ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّاسَ، فَوَاصَلُوْا، فَنَهَاهُمْ، وَقَالَ: اِنِّيْ لَسْتُ كَاَحَدِكُمْ اِنِّيْ اَبِيْتُ يُطْعِمُنِيْ رَبِّيْ، وَيَسْقِيْنِيْ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے صوم وصال رکھنا شروع کئے جب اس بات کی اطلاع لوگوں کو ملی' تو انہوں نے بھی صوم وصال رکھنا شروع کر دیئے۔ نبی اکرم ﷺ نے ان لوگوں کو ایسا کرنے سے منع کیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا: میں تمہاری مانند نہیں ہوں۔ میں ایسی حالت میں رات بسر کرتا ہوں کہ میرا پروردگار مجھے کھلا دیتا ہے اور مجھے پلا دیتا ہے۔

---

6412- إسناده صحيح على شرط الشيخين. ابن نمير: هو عبد الله. ومسلم: هو ابن صبيح، أبو الضحى الكوفي العطار. وقد تقدم تخريجه برقم (1921) من طريق آخر عن أبي الضحى.

6413- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير مُسَدَّدٍ، فمن رجال البخاري، وقد تقدم تخريجه برقم (3575) و (3576).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ مَا خَصَّ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا صَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الْوِصَالِ بِالسَّقْيِ وَالْإِطْعَامِ دُوْنَ اُمَّتِهِ

## اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو یہ خصوصیت عطا کی کہ آپ ﷺ کے صوم وصال رکھنے کے وقت آپ ﷺ کو کھلایا اور پلایا جاتا تھا یہ چیز آپ ﷺ کی امت کو عطا نہیں کی گئی

**6414** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، وَعَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاصَلَ فِي رَمَضَانَ، فَوَاصَلَ نَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِهِ، فَقَالَ: لَوْ مُدَّ لِيَ الشَّهْرُ لَوَاصَلْتُ وِصَالًا يَدَعُ الْمُتَعَمِّقُونَ تَعَمُّقَهُمْ، اِنِّي اَظَلُّ يُطْعِمُنِي رَبِّي وَيَسْقِينِي

✿✿ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے رمضان میں صوم وصال رکھنا شروع کیے۔ آپ کے اصحاب میں سے کچھ لوگوں نے بھی صوم وصال رکھنا شروع کر دیے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر یہ مہینہ اور طویل ہوتا' تو میں اتنا عرصہ صوم وصال رکھتا رہتا کہ شدت کرنے والے لوگ اپنی شدت کو ترک کر دیتے۔ میں ایسے وقت گزارتا ہوں کہ میرا پروردگار مجھے کھلا دیتا ہے اور مجھے پلا دیتا ہے۔

## ذِكْرُ مَا بَارَكَ اللّٰهُ فِي الْيَسِيْرِ مِنْ بَرَكَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نبی اکرم ﷺ کی برکت کی وجہ سے' تھوڑی چیز میں برکت پیدا کر دیتا تھا

**6415** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

---

6414- إسناده صحيح على شرط مسلم من طريق عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، وَعَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ حياث، روى له أبو داود، وباقي رجاله رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 3/124 و 193 و 200 و 253، والبخاري (7241) في التمني: باب ما يجوز من اللو، ومسلم (1104) في الصوم: باب النهي عن الوصال في الصوم، من طرق عن ثابت، عن أنس. وانظر (3574) و (3579).

6415- إسناده صحيح على شرط الشيخين. إسحاق بن إبراهيم: هو ابنُ راهويه وأبو معاوية: هو محمد بن خازم الضرير. وأخرجه هناد بنُ السري في "الزهد" (736)، وعنه الترمذي (2467) في صفة القيامة: باب رقم (31) عن أبي معاوية، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (3097) في الخمس: باب نفقة نساء النبي - صلى الله عليه وسلم - بعد وفاته، و (6451) في الرقاق: باب فضل الفقر، وابن ماجة (3345) في الأطعمة: باب خبز الشعير، عن أبي بكر بن أبي شيبة. وأخرجه مسلم (2973) في الزهد، عن أبي كريب، كلاهما عن أبي أسامة. وأخرجه أحمد 6/108 عن سريج، عن ابن أبي الزناد، كلاهما عن هشام بن عروة، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَرَكَ عِنْدَنَا شَيْئًا مِنْ شَعِيرٍ، فَمَازِلْنَا نَأْكُلُ مِنْهُ حَتّٰى كَالَتْهُ الْجَارِيَةُ، فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ فَنِيَ، وَلَوْ لَمْ تَكِلْهُ لَرَجَوْتُ أَنْ يَبْقَى أَكْثَرُ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا' تو آپ نے ہمارے ہاں تھوڑے سے جَو چھوڑے ہم انہیں کھاتے رہے۔ یہاں تک کہ ایک مرتبہ کنیز نے انہیں ماپ لیا' تو اس کے بعد وہ جلدی ختم ہو گئے۔ اگر وہ کنیز انہیں نہ ماپتی' تو مجھے یہ امید ہے کہ وہ زیادہ عرصہ باقی رہتے۔

## ذِكْرُ مَعُونَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا رَسُولَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الشَّيْطَانِ حَتّٰى كَانَ يَسْلَمُ مِنْهُ

## اللہ تعالیٰ کا شیطان کے خلاف اپنے رسول کی مدد کرنے کا تذکرہ' یہاں تک کہ وہ شیطان مسلمان ہو گیا

**6416** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْقَزَّازُ، بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ طَارِقٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَلَهُ شَيْطَانٌ، قَالُوا: وَلَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَلِي، إِلَّا أَنَّ اللّٰهَ أَعَانَنِي عَلَيْهِ فَأَسْلَمَ

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: هٰكَذَا قَالَهُ بِالنَّصْبِ

❀❀ حضرت شریک بن طارق رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"تم میں سے ہر ایک شخص کے ساتھ اس کا مخصوص شیطان ہوتا ہے لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا آپ کے ساتھ بھی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے ساتھ بھی ہے' لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کے خلاف میری مدد کی اور وہ مسلمان ہو گیا۔"

---

6416- إسناده قوي. بشر بن معاذ العقدي روى له أصحابُ السنن إلا أبا داود، وذكره المؤلف في "الثقات"، ووثقه النسائي في " أسماء شيوخه "، وقال أبو حاتم: صالح الحديث صدوق، وقال مسلمة بن قاسم: بصري ثقة صالح، ومن فوقه من رجال الشيخين غير صحابيه شريك بن طارق -وهو ابن سفيان الحنظلي - فلم يخرجا له ولا أحد من أصحاب السنن، وقد ذكره الواقدي وخليفة بن خياط وابن سعد فيمن نزل الكوفة من الصحابة، وليس له مسند غير هذا الحديث فيما ذكره البغوي. وأخرجه البزار (2439) عن بشر بن معاذ العقدي، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني في "الكبير" (7223) عن أحمد بن عمرو والقطراني، حدثنا كامل بن طلحة، عن أبي عوانة، به. وأخرجه البخاري في "التاريخ الكبير" 4/239، والطبراني (7222) من طريقين عن شيبان، عن زياد بن علاقة، به. وذكره الهيثمي في " المجمع " 8/225، وقال: رواه الطبراني والبزار، ورجال البزار رجال الصحيح. وانظر ما بعده. وزاد الحافظ نسبته في "الإصابة" 2/148 إلى حسين بن محمد القباني في "الوحدان"، والبغوي، وأبي يعلى، والباوردي، وابن قانع.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) راوی نے یہ لفظ اسی طرح نصب کے ساتھ بیان کیا ہے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي خَبَرِ شَرِيكِ بْنِ طَارِقٍ: اِلَّا اَنَّ اللّٰهَ اَعَانَنِي عَلَيْهِ فَاَسْلَمَ اَرَادَ بِقَوْلِهِ: فَاَسْلَمَ بِالنَّصْبِ لَا بِالرَّفْعِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حضرت شریک بن طارق کی نقل کردہ روایت میں

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ الفاظ "مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے خلاف میری مدد کی تو وہ مسلمان ہوگیا" اس میں لفظ اسلم نصب کے ساتھ ہے (یعنی واحد مذکر غائب کا صیغہ ہے) رفع کے ساتھ نہیں ہے (یعنی واحد متکلم فعل مضارع کا صیغہ نہیں ہے)

**6417** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَقَدْ وُكِلَ بِهٖ قَرِيْنُهُ مِنَ الْجِنِّ، قَالُوا: وَاِيَّاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَاِيَّايَ، اِلَّا اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَعَانَنِي عَلَيْهِ فَاَسْلَمَ، فَلَا يَاْمُرُنِي اِلَّا بِخَيْرٍ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: فِي هٰذَا الْخَبَرِ دَلِيْلٌ عَلٰى اَنَّ شَيْطَانَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْلَمَ حَتّٰى لَمْ يَاْمُرْهُ اِلَّا بِخَيْرٍ، لَا اَنَّهٗ كَانَ يَسْلَمُ مِنْهُ وَاِنْ كَانَ كَافِرًا

❁❁ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"تم میں سے ہر شخص کو اس کے ساتھی جن کے سپرد کر دیا گیا ہے لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ کو بھی؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے بھی' لیکن اللہ تعالیٰ اس کے خلاف میری مدد کی اور وہ مسلمان ہو گیا اب وہ مجھے صرف بھلائی کے لئے کہتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں اس بات کی دلیل موجود ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص شیطان مسلمان ہو گیا تھا۔ یہاں تک وہ آپ کو صرف بھلائی کے لئے کہتا تھا۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس شیطان کی طرف سے محفوظ ہو گئے تھے خواہ وہ شیطان کافر ہی رہتا۔

---

6417- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير أبي الجعد، واسمه رافع، فمن رجال مسلم . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وجرير: هو ابن عبد الحميد. وهو في "مسند أبي يعلى" (5143). وأخرجه مسلم (2814) في صفات المنافقين: باب تحريش الشيطان وبعثه سراياه لفتنة الناس، والبغوي (4211)، والمزي في "تهذيب الكمال " 9/39 من طريقين عن جرير، بهذا الاسناد. وأخرجه أحمد 1/385 و 397 و 401 و 460، والدارمي 2/306، ومسلم، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" (109)، والبيهقي في " الدلائل " 7/100 و 101، والطبراني (10522) و (10523) و (10524) من طرق عن منصور، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ خَنْقِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّيْطَانَ الَّذِیْ كَانَ يُؤْذِيهِ فِیْ صَلَاتِهٖ

## اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ نے اس شیطان کا گلا دبا دیا تھا جو آپ ﷺ کی نماز کے دوران آپ ﷺ کو تکلیف دینے کے لیے آیا تھا

**6418** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اعْتَرَضَ لِی الشَّيْطَانُ فِیْ مُصَلَّایَ هٰذَا فَاَخَذْتُهٗ فَخَنَقْتُهٗ حَتّٰى اِنِّیْ لَاَجِدُ بُرْدَ لِسَانِهٖ عَلٰى ظَهْرِ كَفِّیْ، فَلَوْلَا دَعْوَةُ اَخِیْ سُلَيْمَانَ لَاَصْبَحَ مَرْبُوطًا تَنْظُرُوْنَ اِلَيْهِ

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میری اس نماز کے دوران شیطان میرے سامنے آیا۔ میں نے اسے پکڑ کر اس کا گلا دبایا۔ یہاں تک اس کی زبان کی ٹھنڈک مجھے اپنی ہتھیلی کی پشت پر محسوس ہوئی اگر میرے بھائی حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعا کا خیال نہ ہوتا' تو وہ شیطان صبح بندھا ہوا ہوتا اور تم لوگ اسے دیکھ لیتے۔''

## ذِكْرُ وَصْفِ دَعْوَةِ سُلَيْمَانَ الَّتِیْ مِنْ اَجْلِهَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ الشَّيْطَانَ

## حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعا کی صفت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ نے شیطان کو چھوڑ دیا تھا

**6419** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ عِفْرِيْتًا مِنَ الْجِنِّ جَعَلَ يَاْتِی الْبَارِحَةَ لِيَقْطَعَ عَلَیَّ صَلَاتِیْ، فَاَمْكَنَنِی اللّٰهُ مِنْهُ فَاَرَدْتُّ اَنْ آخُذَهٗ فَاَرْبِطَهٗ اِلٰى سَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِی الْمَسْجِدِ حَتّٰى تُصْبِحُوْا فَتَنْظُرُوْا اِلَيْهِ كُلُّكُمْ، قَالَ: ثُمَّ ذَكَرْتُ قَوْلَ اَخِیْ سُلَيْمَانَ: (رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَهَبْ لِیْ مُلْكًا لَا يَنْبَغِیْ لِاَحَدٍ مِنْ بَعْدِیْ) (ص: 35)، قَالَ: فَرَدَّهُ اللّٰهُ خَاسِئًا

---

6418- إسناده حسن. محمد بن عمرو -وهو ابنُ عَلقمه الليثيُّ- روى له البخاري مقرونا ومسلم متابعة، وهو صدوق، وباقي رجاله رجال الشيخين غير وهب بن بقية، فمن رجال مسلم. خالد: هو ابن عبد الله الطحان. وقد تقدم تخريجه برقم (2349). وانظر الحديث الآتي.

6419- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وانظر (2349).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جنات میں سے ایک عفریت گزشتہ رات میرے پاس آیا تا کہ میری نماز کو خراب کرے اللہ تعالیٰ نے مجھے اس پر قابو دیدیا۔ پہلے میں نے یہ ارادہ کیا میں اسے پکڑ کر مسجد کے ستون کے ساتھ باندھ دیتا ہوں' یہاں تک کہ تم سب لوگ اسے دیکھ لو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: پھر مجھے اپنا بھائی حضرت سلیمان علیہ السلام کا یہ قول یاد آیا۔

''اے میرے پروردگار' تو میری مغفرت کردے اور مجھے ایسا ملک عطا کر جو میرے بعد کسی اور کو نہ مل سکے۔''

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں' تو اللہ تعالیٰ نے اس شیطان کو سرنگوں کر کے واپس کیا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا قَدِ اسْتَجَابَ دَعْوَتَهُ الَّتِي سَالَ رَبَّهُ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی (یعنی حضرت سلیمان علیہ السلام کی) دعا کو قبول کرلیا تھا' جو دعا انہوں نے اپنے پروردگار سے مانگی تھی

**6420** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الدَّيْلَمِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ دَاوُدَ سَالَ اللّٰهَ ثَلَاثًا اَعْطَاهُ اثْنَتَيْنِ، وَاَرْجُو اَنْ يَكُوْنَ قَدْ اَعْطَاهُ الثَّالِثَةَ، سَالَهُ: مُلْكًا لَا يَنْبَغِي لِاَحَدٍ مِنْ بَعْدِهِ فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ، وَسَالَهُ حُكْمًا يُوَاطِءُ حُكْمَهُ فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ، وَسَالَهُ مَنْ اَتٰى هٰذَا الْبَيْتَ - يُرِيْدُ بَيْتَ الْمَقْدِسِ - لَا يُرِيْدُ اِلَّا الصَّلَاةَ فِيْهِ اَنْ يَخْرُجَ مِنْ خَطِيئَتِهِ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ اُمُّهُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاَرْجُو اَنْ يَكُوْنَ قَدْ اَعْطَاهُ الثَّالِثَةَ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے تین چیزیں مانگیں۔ اللہ تعالیٰ نے دو چیزیں انہیں عطا کر دیں اور مجھے یہ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تیسری چیز بھی انہیں عطا کر دی ہوگی۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے ایسی بادشاہی مانگی جو ان کے بعد کسی اور کو نہ مل سکے' تو اللہ تعالیٰ نے وہ انہیں عطا کر دی اور انہوں نے اللہ تعالیٰ سے ایسا فیصلہ کرنے کی صلاحیت مانگی جو اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے مطابق ہو۔ اللہ تعالیٰ نے یہ چیز بھی انہیں عطا کر دی۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگی کہ جو شخص اس گھر (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد بیت المقدس تھا) تک آئے اس کا ارادہ صرف وہاں نماز ادا کرنے کا ہو' تو وہ شخص اپنے گناہوں سے یوں نکل آئے جیسے اس دن تھا' جب اس کی والدہ نے اسے جنم دیا تھا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: مجھے یہ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ تیسری چیز بھی انہیں عطا کر دی ہوگی۔

---

6420- إسناده صحيح، وهو مكرر (1634).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ إِعْطَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا رَسُوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّصْرَ عَلٰى أَعْدَائِهِ عِنْدَ الصَّبَا إِذَا هَبَّتْ

## اللہ تعالیٰ کا اپنے رسول کو ان کے دشمنوں کے خلاف مدد عطا کرنے کا تذکرہ جو ہوا چلنے کے وقت (عطا کی گئی تھی)

**6421** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَحْيٰى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): نُصِرْتُ بِالصَّبَا، وَأُهْلِكَتْ عَادُ بِالدَّبُوْرِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''صباء کے ذریعے میری مدد کی گئی اور قوم عاد کو ''دبور'' (یعنی تیز ہوا) کے ذریعے ہلاکت کا شکار کیا گیا''۔

## ذِكْرُ الْخِصَالِ الَّتِيْ كَانَ يُوَاظِبُ عَلَيْهَا الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## ان خصائل کا تذکرہ، جنہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باقاعدگی سے سرانجام دیتے تھے

**6422** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا

---

6421– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير مُسَدَّدٍ، فمن رجال البخاري. يحيى: هو ابن سعيد القطان، والحكم: هو ابن عتيبة الكوفي. وأخرجه البخاري (4105) في المغازي: باب غزوة الخندق، عن مسدد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/228 عن يحيى، به. وأخرجه أحمد 1/324 و 341 و 355، والطيالسي (2641)، والبخاري (1035) في الاستسقاء: باب قول النبيِّ - صلى الله عليه وسلم -: "نصرت بالصَّبا"، و (3205) في بدء الخلق: باب ما جاء في قوله: (وهو الذي يرسل الرياح بشراً بين يَدَيْ رحمته)، و (3343) في الأنبياء: باب قوله تعالى: (وإلى عادٍ أخاهم هوداً)، ومسلم (900) في الاستسقاء: باب في ريح الصبا والدبور، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 5/215، والطبراني في "الكبير" (11044)، والبيهقي في "السنن" 3/364، والبغوي (1149)، والقضاعي (573) من طرق عن شعبة، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 11/433-434، وأحمد 1/223 و 373، ومسلم، وأبو يعلى (2563) و (2680)، والطبراني (12424)، والبيهقي في "السنن" 3/364، وفي "الدلائل" 3/448، والقضاعي (572) من طرق عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ. الصَّبا: هي الريح الشرقية، والدبور مقابلها. قال الحافظ في "الفتح" 2/521: الصبا: يقال لها: القَبول -بفتح القاف- لأنها تقابل باب الكعبة، إذ مهبها من مشرق الشمس، وضدها الدبور، وهي التي أُهلكت بها قوم عاد، ومن لطيف المناسبة كون القبول نصرت أهل القبول، وكون الدبور أهلكت أهل الإدبار، وأن الدبور أشد من الصبا.

6422– إسناده ضعيف لجهالة الأشجعي، وهو أبو إسحاق: قال الذهبي في "الميزان" 4/489: ما علمت أحداً روى عنه غير أبي النضر هاشم، يعني: ابن القاسم، وباقي رجاله ثقات: وهو في "مسند أبي يعلى" (7041). وأخرجه الطبراني في "الكبير" 23/ (496) عن عبيد بن غنام، عن أبي بكر بن أبي شيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/287 عن هاشم بن القاسم، والنسائي 4/220 في الصيام: باب كيف يصوم ثلاثة أيام من كل شهر، والطبراني 23/ (354) من طريقين عن هاشم بن القاسم، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْحُرِّ بْنِ الصَّيَّاحِ، عَنْ هُنَيْدَةَ بْنِ خَالِدٍ الْخُزَاعِيِّ، عَنْ حَفْصَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اَرْبَعٌ لَمْ يَكُنْ يَدَعُهُنَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صِيَامَ يَوْمِ عَاشُورَاءَ، وَالْعَشْرَ، وَثَلَاثَةَ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَالرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْغَدَاةِ

سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: چار چیزیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ترک نہیں کرتے تھے۔ عاشورہ کے دن روزہ رکھنا اور (دس دن کے روزے) ہر مہینے کے تین روزے اور صبح کی نماز سے پہلے کی دو رکعات (سنتیں)

## ذِكْرُ خِصَالٍ كَانَ يَسْتَعْمِلُهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْتَحَبُّ لِاُمَّتِهِ الْاِقْتِدَاءُ بِهِ فِيهَا

## ان خصائل کا تذکرہ جن پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عمل کرتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے لیے اس بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرنا مستحب قرار دیا گیا ہے

6423 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰى، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي اَوْفٰى، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ الذِّكْرَ، وَيُقِلُّ اللَّغْوَ، وَيُطِيلُ الصَّلَاةَ، وَيُقَصِّرُ الْخُطْبَةَ، وَلَا يَاْنَفُ اَنْ يَمْشِيَ مَعَ الْاَرْمَلَةِ اَوِ الْمِسْكِينِ، فَيَقْضِيَ حَاجَتَهُ

حضرت عبداللہ بن ابو اوفیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ذکر کثرت سے کرتے تھے۔ آپ فضول گفتگو نہیں کرتے تھے۔ آپ طویل نماز ادا کرتے تھے۔ اور مختصر خطبہ دیتے تھے۔ آپ اس چیز میں ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرتے تھے کہ آپ کسی بیوہ عورت یا غریب کے ساتھ چل کر جائیں اور اس کی حاجت کو پورا کر دیں۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ يَحْيَى بْنَ عَقِيلٍ لَمْ يَرَ اَحَدًا مِنَ الصَّحَابَةِ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے یحییٰ بن عقیل نامی راوی نے کسی بھی صحابی کی زیارت نہیں کی ہے

6424 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَقِيلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ اَبِي اَوْفٰى، يَقُولُ:

6423- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه الدارمي 1/35، والنسائي 109-3/108 في الجمعة: باب ما يستحب من تقصير الخطبة، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم -" ص 34 من طرق عن الفضل بن موسى، بهذا الإسناد. وأخرجه الحاكم 2/614، وعنه البيهقي في "الدلائل" 1/329 من طريق علي بن الحسين بن واقد، عن أبيه به، وقال: صحيح على شرط الشيخين! ولم يخرجاه.

6424- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر ما قبله.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ الذِّكْرَ، وَيُقِلُّ اللَّغْوَ، وَيُطِيلُ الصَّلَاةَ، وَيُقَصِّرُ الْخُطْبَةَ، وَلَا يَأْنَفُ وَلَا يَسْتَكْثِرُ أَنْ يَمْشِيَ مَعَ الْأَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِينِ فَيَقْضِيَ لَهُ حَاجَتَهُ

❁❁ حضرت ابن ابواوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ذکر کثرت سے کرتے تھے لغو بات نہیں کرتے تھے۔ طویل نماز ادا کرتے تھے مختصر خطبہ دیتے تھے اور آپ اس چیز میں کوئی ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرتے تھے یا اس چیز کو بُرا نہیں سمجھتے تھے کہ آپ کسی بیوہ عورت یا مسکین کے ساتھ چل کر جائیں اور اس کی ضرورت کو پورا کر دیں۔

## ذِكْرُ اتِّخَاذِ اللهِ جَلَّ وَعَلَا صَفِيَّهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلِيلًا كَاتِّخَاذِهِ إِبْرَاهِيمَ صَلَوَاتُ اللهِ عَلَيْهِ خَلِيلًا

## اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو خلیل صلی اللہ علیہ وسلم بنایا ہے جس طرح اس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خلیل بنایا تھا

**6425** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ أَبِي كَرِيمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ جَمِيلٍ النَّجْرَانِيِّ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ أَنْ يُتَوَفَّى بِخَمْسِ لَيَالٍ خَطَبَ النَّاسَ، فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّهُ قَدْ كَانَ فِيكُمْ إِخْوَةٌ وَأَصْدِقَاءُ، وَإِنِّي أَبْرَأُ إِلَى اللهِ أَنْ أَتَّخِذَ مِنْكُمْ خَلِيلًا، وَلَوْ أَنِّي اتَّخَذْتُ مِنْ أُمَّتِي خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ خَلِيلًا، إِنَّ اللهَ اتَّخَذَنِي خَلِيلًا كَمَا اتَّخَذَ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلًا، وَإِنَّ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ اتَّخَذُوا قُبُورَ أَنْبِيَائِهِمْ وَصَالِحِيهِمْ مَسَاجِدَ، فَلَا تَتَّخِذُوا قُبُورَهُمْ مَسَاجِدَ، فَإِنِّي أَنْهَاكُمْ عَنْ ذَلِكَ

❁❁ حضرت جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال سے پانچ دن پہلے آپ کو لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا آپ نے فرمایا:

"اے لوگو! پہلے تمہارے درمیان بھائی چارہ اور دوستی تھی اور میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس چیز سے بری الذمہ ہوتا ہوں کہ میں نے تم میں سے کسی کو خلیل بنایا ہو اگر میں نے اپنی اُمت میں سے کسی کو خلیل بنانا ہوتا' تو ابوبکر کو خلیل بناتا'

6425– حديث صحيح . محمد بن وهب بن أبي كريمة صدوق، أخرج له النسائي، ومن فوقه من رجال مسلم غير جميل النجراني، فقد ذكره المؤلف في "الثقات" 4/108، وقال: يروي عن حذيفة بن اليمان، روى عنه عبد الله بن الحارث، أبو عبد الرحيم: اسمه خالد بن أبي يزيد الحراني، وعبد الله بن الحارث، هو الزبيدي النجراني . وأخرجه مسلم (532) في المساجد: باب النهي عن بناء المساجد على القبور، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 2/443، وابن سعد في "الطبقات" 2/240، وأبو عوانة 1/401، والطبراني في "الكبير" (1686)، والبيهقي في "الدلائل" 177-7/176 من طرق عن عُبيد الله بن عمرو، عن زيد بن أبي أنيسة، عن عمرو بن مُرة، عن عبد الله بن الحارث النجراني، قال: حدثني جندب ... بإسقاط جميل النجراني.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



بے شک اللہ تعالیٰ نے مجھے (اپنا) خلیل بنایا ہے' جس طرح اس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو (اپنا) خلیل بنایا ہے تم سے پہلے کے لوگ اپنے انبیاء اور نیک لوگوں کی قبروں کو مسجد بنا لیتے تھے' تو تم لوگ ان کی قبروں کو مسجد نہ بنانا میں تم لوگوں کو اس سے منع کرتا ہوں"۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ مَا رَوَاهُ اِلَّا جَمِيلٌ النَّجْرَانِيُّ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے یہ روایت صرف جمیل نجرانی نے روایت کی ہے

6426 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ رِبْعِيٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُوْدٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى

❀❀ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"تمہارے آقا' اللہ تعالیٰ کے خلیل ہیں"۔

## ذِكْرُ رُؤْيَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِبْرِيلَ بِاَجْنِحَتِهِ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت جبرائیل علیہ السلام کو ان کے پروں سمیت دیکھنے کا تذکرہ

6427 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ

6426- حديث صحيح، رجاله رجال الشيخين غير خالد بن ربعي، فقد ذكره المصنف في "الثقات" 4/199، ونقل ابن أبي حاتم في "الجرح والتعديل" 3/329 عن علي ابن المديني أنه قال: خالد بن ربعي لا يروى عنه غير حديث واحد عن ابن مسعود، وذكر هذا الحديث. أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي، وأبو عوانة: هو الوضاح بن عبد الله اليشكري. وأخرجه أحمد 1/395 عن أبي الوليد، بهذا الاسناد. وأخرجه أحمد 1/395 و 410 عن عفان، عن أبي عوانة، به. وأخرجه أحمد 1/395، والطبراني في "الكبير" (10546) من طريقين عن عبد الملك بن عمير، به، وانظر الحديث الآتي برقم (6855) و (6856).

6427- إسناده صحيح على شرط الشيخين. الشيباني: هو أبو إسحاق سليمان بن أبي سليمان. وأخرجه الطبراني في "الكبير" (9055) عن أبي خليفة الفضل بن الحباب، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي (358)، ومسلم (174) (282) في الإيمان: باب ذكر سدرة المنتهى، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 203، والطبراني (9055)، والبيهقي في "دلائل النبوة" 2/371، والبغوي في "معالم التنزيل" 4/249 من طرق عن شعبة، به. وأخرجه البخاري (3232) في الأنبياء: باب إذا قال أحدكم آمين ... و (4856) في تفسير سورة النجم: باب قوله تعالى: (فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَى)، و (4857) باب (فَأَوْحَى إِلَى عَبْدِهِ مَا أَوْحَى)، ومسلم (174)، والترمذي (3277) في التفسير: باب ومن سورة النجم، وأبو يعلى (5337)، والبغوي 4/245-246 من طرق عن أبي إسحاق الشيباني، به. وفيه أن الآية المسؤول عنها عندهم (فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَى فَأَوْحَى إِلَى عَبْدِهِ مَا أَوْحَى).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


الشَّيْبَانِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): سَأَلْتُ زِرَّ بْنَ حُبَيْشٍ عَنْ هٰذِهِ الْآيَةِ: (لَقَدْ رَاٰى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَى) (النجم: 18)، قَالَ:

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: رَاٰى جِبْرِيلَ فِي صُوْرَتِهِ لَهُ سِتُّ مِائَةِ جَنَاحٍ

❀❀ شیبانی بیان کرتے ہیں: میں نے زر بن حبیش سے اس آیت کے بارے میں دریافت کیا۔

''تحقیق اس نے اپنے پروردگار کی بڑی نشانیوں میں سے کچھ دیکھیں''

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کو ان کی اصل شکل وصورت میں دیکھا تھا ان کے 600 پر تھے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ مِنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے یہ روایت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے

6428 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ جِبْرِيلَ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى، وَعَلَيْهِ سِتُّ مِائَةِ جَنَاحٍ يُنْثَرُ مِنْ رِيشِهِ تَهَاوِيلَ الدُّرِّ وَالْيَاقُوتِ

❀❀ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میں نے جبرائیل کو سدرۃ المنتہیٰ کے پاس دیکھا ان کے 600 پر تھے۔ انہوں نے اپنے ایک پر کو پھیلایا ہوا تھا جس میں سے موتی اور یاقوت کے مختلف رنگ نکل رہے تھے''۔

---

6428- إسناده حسن. عاصم -وهو ابن أبي النجود- روى له أصحاب السنن، وحديثه في "الصحيحين" مقرون، وهو حسنُ الحديث، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. القواريري: هو عبيد الله بن عمر. وهو في "مسند أبي يعلى" (4993). وأخرجه ابنُ خُزيمة في "التوحيد" ص 204 عن محمد بن بشار، عن يحيى بن سعيد القطان، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/412 و 460، والطبري في "جامع البيان" 27/49، وابن خزيمة ص 203، والبيهقي في "الدلائل" 2/372 من طرق عن حماد بن سلمة، به. وأخرجه الطبراني (9054) من طريق قيس بن الربيع، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قال: رأى محمد - صلى الله عليه وسلم - جبريل في صورته له ست مئة جناح، ما منها جناح إلا قد سد ما بين المشرق والمغرب. وأخرجه أحمد 1/395، والطبري "جامع البيان" 27/49، والطبراني (10423)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



# ذِكْرُ عَرْضِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْجَنَّةَ وَالنَّارَ عَلَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے جنت اور جہنم کو ظاہر کیا تھا

6429 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ حَتّٰى اَحْفَوْهُ بِالْمَسْاَلَةِ، فَقَالَ: سَلُوْنِيْ، فَوَاللّٰهِ لَا تَسْاَلُوْنِيْ عَنْ شَيْءٍ اِلَّا بَيَّنْتُهُ لَكُمْ قَالَ: فَاَرَمَّ الْقَوْمُ، وَخَشُوا اَنْ يَّكُوْنَ بَيْنَ يَدَيْ اَمْرٍ عَظِيمٍ، قَالَ اَنَسٌ: فَجَعَلْنَا نَلْتَفِتُ يَمِيْنًا وَشِمَالًا، فَلَا اَرٰى كُلَّ رَجُلٍ اِلَّا قَدْ دَسَّ رَاْسَهُ فِيْ ثَوْبِهٖ يَبْكِيْ، وَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: سَلُوْنِيْ، فَوَاللّٰهِ لَا تَسْاَلُوْنِيْ عَنْ شَيْءٍ اِلَّا بَيَّنْتُهُ لَكُمْ، فَقَامَ رَجُلٌ مِّنْ نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ مَنْ اَبِي؟ قَالَ: اَبُوْكَ حُذَافَةُ، فَقَامَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ رَضِيْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا، وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَسُوْلًا، نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ الْفِتَنِ، فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا رَاَيْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَالشَّرِّ كَالْيَوْمِ قَطُّ، اِنَّهَا صُوِّرَتْ لِيَ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ، فَاَبْصَرْتُهُمَا دُوْنَ ذٰلِكَ الْحَائِطِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سے سوالات کیے گئے' یہاں تک کہ سوالات کر کے آپ کو پریشان کیا گیا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ مجھ سے سوال کرو اللہ کی قسم! تم مجھ سے جس بھی چیز کے بارے میں سوال کرو گے میں اسے تمہارے سامنے بیان کر دوں گا راوی کہتے ہیں: تو لوگ رُک گئے۔ انہیں یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں کوئی بڑا واقعہ رونما نہ ہو جائے' حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے دائیں بائیں دیکھنا شروع کیا ہمیں جو بھی شخص نظر آیا اس نے اپنا سر اپنے کپڑے میں ڈالا ہوا تھا اور وہ رو رہا تھا۔ نبی اکرم ﷺ یہی فرماتے رہے: تم لوگ مجھ سے سوال کرو۔ اللہ کی قسم! تم مجھ سے جس بھی چیز کے بارے میں سوال کرو گے میں تمہارے سامنے اسے بیان کر دوں گا۔ مسجد کے کونے میں ایک شخص کھڑا ہوا اس نے دریافت کیا: اے اللہ کے نبی! میرا باپ کون ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارا باپ حذافہ ہے۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی ہم اللہ تعالیٰ کے پروردگار ہونے اور اسلام کے دین ہونے اور حضرت محمد ﷺ کے رسول ہونے سے راضی ہیں۔ (یعنی اس پر ایمان رکھتے ہیں) اور ہم فتنوں کے شر سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں نے آج کے دن کی طرح کبھی بھی بھلائی اور برائی ایک ساتھ نہیں دیکھی۔ ابھی میرے سامنے جنت اور جہنم کو پیش کیا گیا''۔ میں نے اس دیوار کے پرے ان دونوں کو دیکھ لیا۔

6429- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير عاصم بن النضر، فمن رجال مسلم، وهو في "صحيحه" (2359) (137) في الفضائل: باب توقيره - صلى الله عليه وسلم - وترك إكثار سؤاله عمّا لا ضرورة إليه، عن عاصم بن النضر، بهذا الإسناد. وانظر (106).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
الهداية - AlHidayah

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ عَرْضِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْاُمَمَ عَلَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے دوسری امتوں کو ظاہر کیا تھا

**6430** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ عِنْدَ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، فَقَالَ لَنَا: اَيُّكُمْ رَاَى الْكَوْكَبَ الَّذِي انْقَضَّ الْبَارِحَةَ؟ قَالَ: قُلْتُ: اَنَا، اَمَا اِنِّي لَمْ اَكُنْ فِي الصَّلَاةِ، وَلٰكِنِّي لُدِغْتُ، قَالَ: فَمَا فَعَلْتَ؟ قُلْتُ: اسْتَرْقَيْتُ، قَالَ: وَمَا حَمَلَكَ عَلٰى ذٰلِكَ؟ قَالَ: قُلْتُ: حَدِيْثٌ حَدَّثَنَاهُ الشَّعْبِيُّ، قَالَ: وَمَا يُحَدِّثُكُمُ الشَّعْبِيُّ؟ قَالَ: قُلْتُ: حَدَّثَنَا عَنْ بُرَيْدَةَ بْنِ حَصِيْبٍ الْاَسْلَمِيِّ اَنَّهُ قَالَ: لَا رُقْيَةَ اِلَّا مِنْ عَيْنٍ اَوْ حُمَةٍ

قَالَ: فَقَالَ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عُرِضَتْ عَلَيَّ الْاُمَمُ، فَرَاَيْتُ النَّبِيَّ وَمَعَهُ رَهْطٌ، وَالنَّبِيَّ وَمَعَهُ رَجُلٌ، وَالنَّبِيَّ وَلَيْسَ مَعَهُ اَحَدٌ، اِذْ رُفِعَ لِي سَوَادٌ عَظِيْمٌ، فَقُلْتُ: هٰذِهِ اُمَّتِي؟ فَقِيلَ: هٰذَا مُوْسَى وَقَوْمُهُ، وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْاُفُقِ، فَنَظَرْتُ، فَاِذَا سَوَادٌ عَظِيْمٌ، ثُمَّ قِيلَ لِي: انْظُرْ اِلٰى هٰذَا الْجَانِبِ الْاٰخَرِ، فَاِذَا سَوَادٌ عَظِيْمٌ، فَقِيلَ لِي: اُمَّتُكَ وَمَعَهُمْ سَبْعُوْنَ اَلْفًا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ وَّلَا عَذَابٍ، ثُمَّ نَهَضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلَ، فَخَاضَ الْقَوْمُ فِي ذٰلِكَ، وَقَالُوا: مَنْ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ؟ فَقَالَ: بَعْضُهُمْ لَعَلَّهُمُ الَّذِيْنَ صَحِبُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَعَلَّهُمُ الَّذِيْنَ وُلِدُوْا فِي الْاِسْلَامِ، وَلَمْ يُشْرِكُوا بِاللّٰهِ قَطُّ، وَذَكَرُوا اَشْيَاءَ، فَخَرَجَ اِلَيْهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا هٰذَا الَّذِي كُنْتُمْ تَخُوضُوْنَ فِيْهِ؟ ، فَاَخْبَرُوْهُ بِمَقَالَتِهِمْ، فَقَالَ: هُمُ الَّذِيْنَ لَا يَكْتَوُوْنَ، وَلَا يَسْتَرْقُوْنَ، وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ، وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ، فَقَامَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ الْاَسَدِيُّ، فَقَالَ: اَنَا مِنْهُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَنْتَ مِنْهُمْ ، ثُمَّ قَامَ رَجُلٌ اٰخَرُ فَقَالَ: اَنَا مِنْهُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ

---

6430– إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين غير زحمويه، وهو لقب زكريا بن يحيى بن صبيح الواسطى، فقد ذكره المؤلف فى " الثقات " 8/253، وقال: من أهل واسط، يروى عن هشيم وخالد، حدثنا عنه شيوخنا الحسن بن سفيان وغيره، وكان من المتقنين فى الروايات، مات سنة خمس وثلاثين ومئتين.. وأخرجه ابن منده فى "الإيمان" (982) عن محمد بن يعقوب الشيبانى، حدثنا محمد بن محمد بن رجاء السندى، حدثنا زكريا بن يحيى بن صبيح، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/271، والبخارى (6541) فى الرقاق: باب يدخل الجنة سبعون ألفاً بغير حساب، ومسلم ( 220) (374) فى الإيمان: باب الدليل على دخول طوائف من المسلمين الجنة بغير حساب ولا عذاب، من طرق عن هشيم، به، وقد صرح هشيم بالتحدث عند مسلم . وأخرجه مطولاً ومختصراً البخارى (3410) فى الأنبياء : باب وفاة موسى، و (5705) فى الطب: باب من اكتوى أو كوى غيره، و (5752) باب من لم يرق، و ( 6472) فى الرقاق: باب (وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهُ)، ومسلم ( 220) (375) ، والترمذى ( 2446) فى صفة القيامة: باب رقم (16) ، وابن منده (983) و (984) ، والبغوى (4322) من طرق عن حُصين بن عبد الرحمن، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



حصین بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: میں سعید بن جبیر کے پاس موجود تھا۔ انہوں نے ہم سے دریافت کیا تم میں سے کس نے وہ ستارہ دیکھا ہے، جو گزشتہ رات ٹوٹا تھا۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں نے جواب دیا: میں نے۔ میں اس وقت نماز کی حالت میں نہیں تھا بلکہ مجھے کسی زہریلے جانور نے کاٹ لیا تھا۔ انہوں نے دریافت کیا پھر تم نے کیا کیا۔ میں نے جواب دیا: میں نے دم کیا۔ انہوں نے دریافت کیا تم نے ایسا کیوں کیا۔ میں نے جواب دیا: اس حدیث کی وجہ سے جو امام شعبی نے ہمیں بیان کی ہے انہوں نے دریافت کیا شعبی نے تمہیں کیا حدیث بیان کی ہے میں نے کہا: انہوں نے حضرت بریدہ بن حصیب اسلمی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی انہوں نے یہ فرمایا: دم صرف نظر لگنے یا بخار کی صورت میں ہوتا ہے۔

تو سعید بن جبیر نے کہا: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے ہمیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان بتایا ہے:

''میرے سامنے مختلف امتوں کو پیش کیا گیا میں نے کسی نبی کو دیکھا کہ اس کے ساتھ کچھ افراد تھے۔ کسی نبی کو دیکھا اس کے ساتھ ایک فرد تھا۔ کسی نبی کو دیکھا اس کے ساتھ کوئی بھی نہیں تھا۔ اسی دوران بہت سارے لوگ میرے سامنے آئے، تو میں نے سوچا شاید یہ میری امت ہوگی، لیکن بتایا گیا کہ یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم کے لوگ ہیں۔ اب آپ افق کی طرف دیکھئے جب میں نے اس طرف دیکھا، تو وہاں ایک بہت بڑی تعداد تھی، پھر مجھ سے کہا گیا کہ آپ دوسری طرف دیکھئے، تو وہاں بھی بہت بڑی تعداد تھی، تو مجھے بتایا گیا کہ یہ آپ کی امت ہے اور ان کے ہمراہ ستر ہزار ایسے لوگ ہیں جو کسی حساب اور عذاب کے بغیر جنت میں داخل ہوں گے۔''

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اٹھے اور گھر کے اندر تشریف لے گئے۔ لوگ اس بارے میں غور و فکر کرتے رہے۔ انہوں نے یہ کہا کہ یہ کون لوگ ہوں گے جو بغیر کسی حساب کے جنت میں داخل ہوں گے، تو ان میں سے بعض حضرات نے یہ کہا کہ شاید یہ وہ لوگ ہیں، جن کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت نصیب ہوئی۔ بعض نے کہا: شاید اس سے مراد وہ لوگ ہیں، جو مسلمان گھرانوں میں پیدا ہوئے انہوں نے کبھی کسی کو اللہ کا شریک نہیں ٹھہرایا۔ اس طرح لوگوں نے مختلف آراء کا ذکر کیا، پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا تم لوگ کس بارے میں غور و فکر کر رہے ہو۔ لوگوں نے اپنی گفتگو کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ وہ لوگ ہوں گے جو (علاج کے طور پر) داغ نہیں لگاتے ہوں گے (غیر شرعی الفاظ کے ذریعے) دم نہیں کرتے ہوں گے۔ اور فال نہیں نکالتے ہوں گے، اور اپنے پروردگار پر توکل کرتے ہوں گے۔

حضرت عکاشہ بن محصن اسدی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! (آپ صلی اللہ علیہ وسلم دعا کیجئے) کہ میں ان لوگوں میں شامل ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان میں شامل ہو، پھر ایک اور صاحب کھڑے ہوئے (یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ صلی اللہ علیہ وسلم دعا کیجئے) کہ میں ان میں شامل ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عکاشہ تم سے سبقت لے گیا ہے۔

**6431** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ السِّخْتِيَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، وَالْعَلَاءِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): تَحَدَّثْنَا عِنْدَ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ حَتّٰى اَكْرَيْنَا الْحَدِيثَ، ثُمَّ تَرَاجَعْنَا اِلَى الْبَيْتِ، فَلَمَّا اَصْبَحْنَا غَدَوْنَا اِلٰى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ: عُرِضَتْ عَلَيَّ الْاَنْبِيَاءُ اللَّيْلَةَ بِاَتْبَاعِهَا مِنْ اُمَّتِهَا، فَجَعَلَ النَّبِيُّ يَجِيءُ وَمَعَهُ الثَّلَاثَةُ مِنْ قَوْمِهِ، وَالنَّبِيُّ يَجِيءُ وَمَعَهُ الْعِصَابَةُ مِنْ قَوْمِهِ، وَالنَّبِيُّ وَمَعَهُ النَّفَرُ مِنْ قَوْمِهِ، وَالنَّبِيُّ لَيْسَ مَعَهُ مِنْ قَوْمِهِ اَحَدٌ، حَتّٰى اَتٰى عَلَيَّ مُوسَى بْنُ عِمْرَانَ فِي كَبْكَبَةٍ مِنْ بَنِي اِسْرَائِيلَ فَلَمَّا رَاَيْتُهُمْ اَعْجَبُوْنِي، فَقُلْتُ: يَا رَبِّ، مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ قَالَ: هٰذَا اَخُوكَ مُوسَى بْنِ عِمْرَانَ، قَالَ: وَاِذَا ظِرَابٌ مِّنْ ظِرَابِ مَكَّةَ قَدْ سَدَّ وُجُوهَ الرِّجَالِ، قُلْتُ: رَبِّ، مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ قَالَ: اُمَّتُكَ، قَالَ: فَقِيلَ لِي: رَضِيتَ؟ قَالَ: قُلْتُ: رَبِّ رَضِيتُ، رَبِّ رَضِيتُ، قَالَ: ثُمَّ قِيلَ لِي: اِنَّ مَعَ هٰؤُلَاءِ سَبْعِينَ اَلْفًا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ لَا حِسَابَ عَلَيْهِمْ، قَالَ: فَاَنْشَاَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ اَخُو بَنِي اَسَدِ بْنِ خُزَيْمَةَ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، ادْعُ رَبَّكَ اَنْ يَّجْعَلَنِي مِنْهُمْ، قَالَ: اللّٰهُمَّ، اجْعَلْهُ مِنْهُمْ، قَالَ: ثُمَّ اَنْشَاَ رَجُلٌ اٰخَرُ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، ادْعُ رَبَّكَ اَنْ يَّجْعَلَنِي مِنْهُمْ.

فَقَالَ: سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ قَالَ: ثُمَّ قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِدَاكُمْ اَبِي وَاُمِّي اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَكُوْنُوا مِنَ السَّبْعِينَ، فَكُوْنُوا فَاِنْ عَجَزْتُمْ وَقَصَّرْتُمْ فَكُوْنُوا مِنْ اَهْلِ الظِّرَابِ، فَاِنْ عَجَزْتُمْ وَقَصَّرْتُمْ فَكُوْنُوا مِنْ اَهْلِ الْاُفُقِ، فَاِنِّي رَاَيْتُ ثَمَّ اُنَاسًا يَتَهَرَّشُونَ كَثِيرًا، قَالَ: فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ يَّكُوْنَ مَنْ تَبِعَنِي مِنْ اُمَّتِي رُبُعَ اَهْلِ الْجَنَّةِ، قَالَ: فَكَبَّرْنَا، ثُمَّ قَالَ: اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ يَكُوْنُوا الثُّلُثَ، قَالَ: فَكَبَّرْنَا، ثُمَّ قَالَ: اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ يَّكُوْنُوا الشَّطْرَ، قَالَ: فَكَبَّرْنَا، فَتَلَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِينَ وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِينَ) (الواقعة: 40).

قَالَ: فَتَرَاجَعَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلٰى هٰؤُلَاءِ السَّبْعِينَ، فَقَالُوا: نَرَاهُمْ اُنَاسًا وُلِدُوْا فِي الْاِسْلَامِ، ثُمَّ لَمْ يَزَالُوا يَعْمَلُوْنَ بِهِ حَتّٰى مَاتُوا عَلَيْهِ، قَالَ: فَنَمٰى حَدِيثُهُمْ اِلٰى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ كَذٰلِكَ، وَلٰكِنَّهُمُ الَّذِينَ لَا يَسْتَرْقُونَ، وَلَا يَكْتَوُونَ، وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ، وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ.

قَالَ الشَّيْخُ: اَكْرَيْنَا: اَخَّرْنَا

❁❁ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک رات ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے بات چیت کرر ہے تھے' یہاں تک کہ ہماری بات چیت طویل ہوگئی' پھر ہم اپنے گھر واپس آگئے۔ اگلے دن صبح جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے سامنے گزشتہ رات انبیاء اوران کی

---

6431- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير العلاء بن زياد متابع الحسن البصري، فقد روى له النسائي، وابن ماجه، وعلق له البخاري، وهو ثقة. ابن أبي عدي: هو محمد بن إبراهيم، وسعيد هو: ابن أبي عروبة، وهو أثبت الناس في قتادة، وقد روى له الشيخان من رواية ابن أبي عدي عنه. وأخرجه الطبراني (9768)، والبزار (3538) عن محمد بن المثنى، بهذا الإسناد، وأخرجه الطبراني (9769) من طريق يزيد بن زريع، عن سعيد بن أبي عروبة، به. وانظر الحديث الآتي برقم (7302).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



امت سے تعلق رکھنے والے پیروکار لوگوں کو پیش کیا گیا' تو کوئی ایک نبی آیا' اس کے ساتھ اس کی قوم کے تین افراد تھے۔ایک نبی آئے ان کے ساتھ ان کی قوم کا ایک گروہ تھا۔ایک نبی آئے ان کے ساتھ ان کی قوم کے کچھ لوگ تھے۔ایک نبی آئے ان کے ساتھ ان کی قوم کا کوئی بھی فرد نہیں تھا' یہاں تک کہ حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام بنی اسرائیل کے ہجوم میں میرے سامنے آئے جب میں نے ان لوگوں کو دیکھا' تو (ان کی کثرت) مجھے اچھی لگی میں نے دریافت کیا: اے میرے پروردگار! یہ کون لوگ ہیں؟ تو پروردگار نے فرمایا: یہ تمہارے بھائی موسیٰ بن عمران ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اسی دوران مکہ کا ایک چھوٹا پہاڑ لوگوں کے چہروں سے بھر گیا۔ میں نے دریافت کیا: یہ کون لوگ ہیں؟ اے میرے پروردگار! اس نے فرمایا: یہ تمہاری امت ہے۔ مجھ سے دریافت کیا گیا کہ کیا تم راضی ہو' تو میں نے جواب دیا: اے میرے پروردگار میں راضی ہوں۔اے میرے پروردگار میں راضی ہوں پھر مجھے بتایا: ان لوگوں کے ہمراہ ستر ہزار ایسے لوگ بھی جنت میں داخل ہوں گے جن سے کوئی حساب نہیں لیا جائے گا۔

راوی کہتے ہیں:' تو اسی دوران بنو اسد بن خزیمہ سے تعلق رکھنے والے حضرت عکاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے پروردگار سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے ان میں شامل کرے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ اسے ان میں شامل کر لے۔ راوی کہتے ہیں: پھر ایک اور شخص کھڑا ہوا۔ اس نے عرض کی: اے اللہ کے نبی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے ان میں شامل کر لے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عکاشہ اس حوالے سے تم سے آگے نکل گیا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

میرے ماں باپ تم پر قربان ہوں اگر تم اس بات کی استطاعت رکھتے ہو کہ تم ان ستر ہزار لوگوں میں شامل ہو' تو تم ایسا کر لو اور اگر تم اس حوالے سے عاجز آ جاتے ہو اور کوتاہی کے مرتکب ہوتے ہو' تو کم از کم تم چھوٹے پہاڑ پر موجود افراد میں شامل ہو جانا (جو مجھے خواب میں دکھائے گئے تھے) کیونکہ میں نے وہاں ایسے لوگ بھی دیکھے ہیں جو ایک دوسرے سے لڑ رہے تھے۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے یہ امید ہے کہ میری امت سے تعلق رکھنے والے میرے پیروکار اہل جنت کا ایک چوتھائی حصہ ہوں گے۔ راوی کہتے ہیں: ہم نے اللہ اکبر کہا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے یہ امید ہے کہ وہ لوگ ایک تہائی حصہ ہوں گے۔ راوی کہتے ہیں: ہم نے تکبیر کہی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے یہ امید ہے کہ وہ لوگ نصف ہوں گے' تو ہم نے تکبیر کہی' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت کی۔

"پہلے والوں میں سے بھی بہت سے لوگ اور بعد والوں میں سے بھی بہت سے لوگ۔"

راوی بیان کرتے ہیں: پھر مسلمانوں نے ان ستر ہزار لوگوں کے بارے میں گفتگو شروع کی۔ انہوں نے کہا: ہم یہ سمجھتے ہیں اس سے مراد وہ لوگ ہوں گے جو زمانہ اسلام میں پیدا ہوئے اور ساری زندگی اسلام کے احکام پر عمل کرتے رہے' یہاں تک کہ مسلمان ہونے کے عالم میں فوت ہوئے۔ راوی کہتے ہیں: ان لوگوں کی بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایسا نہیں ہے بلکہ یہ وہ لوگ ہیں (جو غیر شرعی الفاظ کے ذریعے) دم نہیں کرتے (علاج کے طور پر) داغ نہیں لگواتے، فال نہیں نکالتے اور اپنے پروردگار پر توکل کرتے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) لفظ اکرینا کا مطلب ہے ہم نے مؤخر کر دیا۔

## ذِكْرُ عَرْضِ اللهِ جَلَّ وَعَلَا عَلَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا وَعَدَ أُمَّتَهُ فِي الْاٰخِرَةِ

## اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس چیز کو ظاہر کیا تھا جس کا وعدہ اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے بارے میں آخرت میں کیا ہے

**6432** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ هُوَ ابْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، - وَذَكَرَ ابْنُ سَلْمٍ اٰخَرَ مَعَهُ - عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِمَاسَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ، يَقُولُ:

(متن حدیث): صَلَّيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا، فَاَطَالَ الْقِيَامَ، وَكَانَ اِذَا صَلَّى لَنَا خَفَّفَ، ثُمَّ لَا نَسْمَعُ مِنْهُ شَيْئًا غَيْرَ اَنَّهُ يَقُولُ: رَبِّ، وَاَنَا فِيهِمْ ثُمَّ رَاَيْتُهُ اَهْوٰى بِيَدِهِ لِيَتَنَاوَلَ شَيْئًا، ثُمَّ رَكَعَ، ثُمَّ اَسْرَعَ بَعْدَ ذٰلِكَ، فَلَمَّا سَلَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ وَجَلَسْنَا حَوْلَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ عَلِمْتُ اَنَّهُ رَاعَكُمْ طُولُ صَلَاتِي وَقِيَامِي قُلْنَا: اَجَلْ، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَسَمِعْنَاكَ تَقُولُ: رَبِّ، وَاَنَا فِيهِمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا مِنْ شَيْءٍ وُعِدْتُمُوهُ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَدْ عُرِضَ عَلَيَّ فِي مَقَامِي هٰذَا حَتّٰى لَقَدْ عُرِضَتْ عَلَيَّ النَّارُ، فَاَقْبَلَ اِلَيَّ مِنْهَا شَيْءٌ حَتّٰى دَنَا بِمَكَانِي هٰذَا، فَخَشِيتُ اَنْ تَغْشَاكُمْ، فَقُلْتُ: رَبِّ وَاَنَا فِيهِمْ، فَصَرَفَهَا عَنْكُمْ، فَاَدْبَرَتْ قِطَعًا كَاَنَّهَا الزَّرَابِيُّ، فَنَظَرْتُ اِلَيْهَا نَظْرَةً، فَرَاَيْتُ عَمْرَو بْنَ حُرْثَانَ اَخَا بَنِي غِفَارٍ مُتَّكِئًا فِي جَهَنَّمَ عَلٰى قَوْسِهِ، وَاِذَا فِيهَا الْحِمْيَرِيَّةُ صَاحِبَةُ الْقِطَّةِ الَّتِي رَبَطَتْهَا، فَلَا هِيَ اَطْعَمَتْهَا وَلَا هِيَ اَرْسَلَتْهَا

❀❀ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دن ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے طویل قیام کیا' حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب ہمیں نماز پڑھاتے تھے' تو مختصر پڑھاتے تھے ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو صرف یہ کہتے ہوئے سنا۔ اے میرے پروردگار میں بھی ان میں ہوں' پھر ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی چیز پکڑنے کے لیے اپنا دست مبارک آگے بڑھایا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع میں چلے گئے۔ اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیزی سے نماز ادا کی۔ جب

6432- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه الطبراني في "الكبير" /17 (872) : حدثنا أحمد ابن رشدين، حدثنا أحمد بن صالح، حدثنا ابن وهب، بهذا الإسناد . وأورده الهيثمي في "مجمع الزوائد " 2/88، وقال: رواه الطبراني في "الكبير"، ورجاله رجال الصحيح خلا شيخ الطبراني أحمد بن محمد بن رشدين. وأورده أيضاً 10/386، وقال: رواه الطبراني في "الأوسط" وفي "الكبير"، وفيه ابن لهيعة، وهو ضعيف وقد وثق، وكذلك بكر بن سهل، وبقية رجاله وثقوا . قلتُ: وقد تقدم نحوه من حديث عبد الله بن عمرو بن العاص برقم (2838) و (5622) ، ومن حديث ابن عباس برقم (2832) و (2853) ، ومن حديث عائشة برقم (2841) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



نبی اکرم ﷺ نے سلام پھیر لیا' تو آپ ﷺ تشریف فرما ہوئے ہم بھی آپ ﷺ کے اردگرد بیٹھ گئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ مجھے اس بات کا اندازہ ہے کہ میری نماز اور قیام کی طوالت نے تمہیں گھبراہٹ کا شکار کیا ہے۔ ہم نے عرض کی: جی ہاں' یارسول اللہ ﷺ۔ ہم نے آپ ﷺ کو یہ کہتے ہوئے سنا تھا کہ اے میرے پروردگار میں ان میں موجود ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے آخرت کے حوالے سے تمہارے ساتھ جس بھی چیز کا وعدہ کیا گیا ہے وہ ابھی میرے اس جگہ قیام کے دوران میرے سامنے پیش کی گئی ہے' یہاں تک کہ جہنم میرے سامنے پیش کی گئی اس کا کچھ حصہ میری طرف آیا' یہاں تک کہ میری اس جگہ کے قریب ہو گیا' تو مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں وہ تمہیں اپنی لپیٹ میں نہ لے' تو میں نے عرض کی: اے میرے پروردگار میں ان لوگوں میں موجود ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے اسے تم لوگوں سے پھیر دیا' پھر اس کے ٹکڑے مڑ گئے' جیسے وغالیچے ہوں' میں نے اس کی طرف دیکھا' تو بنو غفار سے تعلق رکھنے والا عمرو بن حرثان جہنم میں اپنی کمان سے ٹیک لگائے ہوئے تھا۔ اور جہنم میں ایک حمیری عورت بھی تھی جو بلی کی مالکن تھی۔ اس نے بلی کو باندھ دیا تھا۔ اور وہ اسے کھانے کے لیے کچھ دیتی بھی نہیں تھی اور اسے چھوڑتی بھی نہیں تھی۔

## ذِكْرُ وَصْفِ مَجْلِسِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ قَصَدَهُ

## نبی اکرم ﷺ کی مجلس کی صفت کا تذکرہ کہ جو شخص وہاں آنا چاہتا تھا (وہ کہاں اور کیسے بیٹھتا تھا)

**6433** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا اِذَا اَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ اَحَدُنَا حَيْثُ يَنْتَهِي

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب ہم نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے' تو کوئی شخص وہاں بیٹھتا تھا جہاں آخری فرد بیٹھا ہوتا تھا (یعنی کوئی لوگوں کو پھلانگ کر آگے نہیں جاتا تھا)

## ذِكْرُ مَا كَانَ يَحْفَظُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْسَهُ مِنْ اَذَى الْمُسْلِمِيْنَ مَعَ التَّسْوِيَةِ بَيْنَ اُمَّتِهِ وَنَفْسِهِ فِيْ اِقَامَةِ الْحَقِّ

---

6433- شريك -وهو ابن عبد الله النخعي القاضي - سيء الحفظ، وباقي رجاله ثقات. زكريا بن يحيى: هو ابن صبيح الواسطي، وسماك: هو ابن حرب. وأخرجه الطبراني في "الكبير" (1951) عن محمد بن أحمد الواسطي، عن زكريا بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/98، والطيالسي (780)، والبخاري في "الأدب المفرد" (1141)، وأبو داود (4825) في الأدب: باب في التحلق، والترمذي (2725) في الاستئذان: باب رقم (29)، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 2/256، والطبراني، والبيهقي 3/231 من طرق عن شريك، به. وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب! وفي الباب: عن شيبة بن عثمان بن طلحة الحجبي عند الطبراني في "الكبير" (7197) رفعه: "إذا انتهى أحدكم إلى المجلس، فإن وسع له، فليجلس، وإلا فلينظر إلى أوسع مكان يرى فليجلس"، وحسن إسناده الهيثمي في "المجمع" 8/59.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ اپنے آپ کو مسلمانوں کو تکلیف پہنچانے سے کس طرح بچا کر رکھتے تھے نیز حق کو قائم کرنے میں آپ ﷺ اپنی امت اور اپنے درمیان برابری رکھتے تھے

**6434** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ عُبَيْدَةَ بْنِ مُسَافِعٍ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ شَيْئًا، اَقْبَلَ رَجُلٌ فَاَكَبَّ عَلَيْهِ فَطَعَنَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُرْجُوْنٍ مَعَهُ، فَجُرِحَ بِوَجْهِهِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعَالَ فَاسْتَقِدْ، فَقَالَ: قَدْ عَفَوْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کوئی چیز تقسیم کر رہے تھے۔ اسی دوران ایک شخص آگے بڑھا اور آپ ﷺ پر جھک آیا۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنے ہاتھ میں موجود چھڑی اسے ماری جو اس کے چہرے پر لگی پھر نبی اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا: تم آؤ اور بدلہ لے لو۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! میں نے معاف کیا۔

## ذِكْرُ مَا يَسْتَعْمِلُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُسْنِ التَّاَنِّي فِي الْعِشْرَةِ مَعَ اُمَّتِهِ

## اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ اپنی امت کے ساتھ تعلق میں کس طرح اچھا سلوک کیا کرتے تھے

**6435** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَذْرَمِيُّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قَطَنٍ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا رَاَيْتُ رَجُلًا قَطُّ اَخَذَ بِيَدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَتْرُكُ يَدَهُ حَتّٰى يَكُوْنَ الرَّجُلُ هُوَ الَّذِيْ يَتْرُكُ يَدَهُ

---

6434– عبيدة بن مسافع: ذكره المؤلف في "ثقاته" 7/163، وروى عنه ابنه مالك وبكير بن الأشج، وباقي رجاله رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 3/28، وأبو داود (4536) في الديات: باب القود من الضربة وقص الأمير من نفسه، والنسائي 8/32 في القسامة: باب القود في الطعنة، والبيهقي 8/43 و 48، والمزي في ترجمة عبيدة بن مسافع من "تهذيب الكمال" من طرق عن عبد الله بن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي عن أحمد بن سعيد الرباطي، عن وهب بن جرير،

6435– مبارك بن فضالة، مدلس وقد عنعن وباقي رجاله ثقات، أبو قطن: هو عمرو بن الهيثم. وهو في "مسند أبي يعلى" (3471). وأخرجه أبو الشيخ في "أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم "- ص 31 عن أبي يعلى، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داود (4794) في الأدب: باب في حسن العشرة، وأبو الشيخ، والبيهقي في "الدلائل" 1/320-321 من طرق عن أبي قطن، به. وأخرجه ابن المبارك في "الزهد" (392)، وعلي بن الجعد (3568)، والترمذي (2490) في صفة القيامة: باب رقم (46)، وابن ماجة (3716) في الأدب: باب إكرام الرجل جليسه، والبيهقي في "الدلائل" 1/320، والبغوي (3680) من طريقين عن زيد العمي، عن أنس. وقال الترمذي والبغوي: حديث غريب، وقال البوصيري في "زوائد ابن ماجة" 2/230: مدار الحديث على زيد العمي وهو ضعيف.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے کبھی کسی شخص کو نہیں دیکھا کہ اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دست مبارک پکڑا ہو تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ہاتھ چھوڑ دیا ہو یہاں تک کہ وہ شخص ہی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دست مبارک (پہلے چھوڑتا تھا)

## ذِكْرُ مَا كَانَ يَسْتَعْمِلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَمَا كَانَ يُقَدَّمُ اِلَيْهِ الْمَاكُولُ وَالْمَشْرُوْبُ

## اس بات کا تذکرہ کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھانے پینے کی چیز پیش کی جاتی تھی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے

**6436** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا عَابَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا قَطُّ، اِذَا اشْتَهٰى اَكَلَ، وَاِلَّا تَرَكَ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی بھی کسی کھانے کی چیز میں عیب نہیں نکالا۔ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی خواہش ہوتی تھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو کھا لیتے تھے۔ اگر نہیں ہوتی تھی تو نہیں کھاتے تھے۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

**6437** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا عَابَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا قَطُّ، اِنِ اشْتَهَاهُ اَكَلَهُ، وَاِنْ كَرِهَهُ تَرَكَهُ

---

6436- حديث صحيح، عبد الرحمن بن عمرو البجلي: وثقه المؤلف 8/380، وسئل عنه أبو زرعة، فقال: شيخ، وقد توبع ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. أبو حازم: هو سلمان الأشجعي. وأخرجه مسلم (2064) في الأشربة: باب لا يعيب الطعام، عن أحمد بن يونس، حدثنا زهير بن معاوية، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (3563) في مناقب الأنصار: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، ومسلم، وعليّ بن الجعد (762)، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم "- ص 190، والبيهقي في "السنن" 7/279، وفي "الدلائل" 1/321، والبغوي (2843) من طرق عن الأعمش، به. وأخرجه مسلم (2064) (188)، وابن ماجة (3259) في الأطعمة: باب النهي أن يعاب الطعام، وأبو الشيخ ص 189 و 190 و 191 من طرق عن أبي هريرة. وانظر ما بعده.

6437- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو مكرر ما قبله. وأخرجه البخاري (5409) في الأطعمة: باب ما عاب النبي - صلى الله عليه وسلم - طعاماً، وأبو داود (3763) في الأطعمة: باب كراهية ذم الطعام، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم "- ص 189، والبيهقي 7/279 عن محمد بن المثنى، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (2064) (187) في الأشربة: باب لا يعيب الطعام، والترمذي (2031) في البر والصلة: باب ما جاء في ترك عيب الطعام، وابن ماجة (3259) في الأطعمة: باب النهي أن يعاب الطعام، من طرق عن سفيان، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی کھانے کی چیز میں عیب نہیں نکالا اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی خواہش ہوتی تھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو کھا لیتے تھے اور اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند نہیں آتا تھا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو چھوڑ دیتے تھے۔

## ذِكْرُ وَصْفِ تَعْرِيسِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا عَرَّسَ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کے وقت پڑاؤ کرتے تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پڑاؤ کرنے کی کیفیت کا تذکرہ

**6438** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِىْ قَتَادَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا عَرَّسَ بِاللَّيْلِ تَوَسَّدَ يَمِيْنَهُ، وَاِذَا عَرَّسَ بَعْدَ الصُّبْحِ نَصَبَ سَاعِدَهُ نَصْبًا، وَوَضَعَ رَاْسَهُ عَلٰى كَفِّهِ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب (سفر کے دوران) رات کے وقت پڑاؤ کرتے تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دائیں ہاتھ کو تکیہ بنا لیتے تھے۔ اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم صبح کے بعد پڑاؤ کرتے تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی کلائی کو کھڑا کر لیتے تھے۔ اور اپنا سر اپنی ہتھیلی پر رکھ لیتے تھے۔

## ذِكْرُ الْعَلَامَةِ الَّتِىْ بِهَا كَانَ يُعْلَمُ اهْتِمَامُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَىْءٍ مِنَ الْاَشْيَاءِ

## اس علامت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کسی چیز کے بارے میں اہتمام کرنا معلوم ہو جاتا تھا

**6439** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صَالِحٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا هَمَّهُ شَىْءٌ اَخَذَ بِلِحْيَتِهِ هٰكَذَا، وَقَبَضَ ابْنُ مُسْهِرٍ

---

6438– إسناده صحيح. إبراهيم بن الحجاج السامي ثقة روى له النسائي، ومن فوقه ثقات على شرط مسلم. حميد: هو ابن أبي حميد الطويل. وأخرجه عبد الله بن أحمد في "زوائد المسند" 5/298 عن إبراهيم بن الحجاج، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/298، ومسلم (683) في المساجد: باب قضاء الصلاة الفائتة واستحباب تعجيل قضائها، والترمذي في "الشمائل" (257) من طرق عن حماد بن سلمة، به.

6439– حديث حسن صحيح. محمد بن عمرو: هو ابن علقمة بن وقاص الليثي، روى له البخاري مقرونا ومسلم متابعة، وهو صدوق، وأبوه عمرو بن علقمة ذكره المؤلف في "الثقات" 5/174، وصحح له الترمذي حديثاً تقدم عند المؤلف برقم (280)، وصحح له ابن خزيمة أيضاً حديثاً آخر غير هذا. وانظر (7028). وأخرجه أبو الشيخ في "أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم"، ص 71 عن عمر بن حسن الحلبي.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عَلٰى لِحْيَتِهِ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی اہم معاملہ درپیش ہوتا تھا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی داڑھی شریف کو اس طرح پکڑ لیتے تھے۔

ابن مسہر نامی راوی نے اپنی داڑھی کو مٹھی میں لے کر یہ روایت بیان کی۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَكُوْنُ فِيْ مِهْنَةِ اَهْلِهٖ، عِنْدَ دُخُوْلِهٖ بَيْتَهُ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر میں تشریف لانے کے بعد گھر کے کام کاج کرلیا کرتے تھے

**6440** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): سَاَلَهَا رَجُلٌ: هَلْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْمَلُ فِيْ بَيْتِهٖ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْصِفُ نَعْلَهُ، وَيَخِيطُ ثَوْبَهُ، وَيَعْمَلُ فِيْ بَيْتِهٖ كَمَا يَعْمَلُ اَحَدُكُمْ فِيْ بَيْتِهٖ

❀❀ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات منقول ہے ایک شخص نے ان سے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھر کے کام کاج کیا کرتے تھے۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے جوتے خود گانٹھ لیا کرتے تھے۔ اپنے کپڑے خود سی لیا کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم گھر کے وہ تمام کام کاج کرتے تھے جو کوئی بھی شخص اپنے گھر میں کرتا ہے۔

## ذِكْرُ مَا كَانَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغُضُّ عَمَّنْ اَسْمَعَهُ مَا كَرِهَ اَوِ ارْتَكَبَ مِنْهُ حَالَةً مَكْرُوْهَةً لَهُ

6440– حديث صحيح. ابن أبي السري متابع، ومن فوقه على شرط الشيخين. وهو في "مصنف عبد الرزاق" (20492). ومن طريقه أخرجه أحمد 6/167، والبيهقي في "دلائل النبوة" 1/328، والبغوي (3675). وأخرجه أحمد 6/121 و 260، وابن سعد في "الطبقات" 1/366، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم "- ص 21 و 62 من طرق عن هشام بن عروة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/49 و126 و 256، وابن سعد 1/365 و 366، والبخاري (676) في الأذان: باب من كان في حاجة أهله فأقيمت الصلاة، و (5363) في النفقات: باب خدمة الرجل في أهله، و (6039) في الأدب: باب كيف يكون الرجل في أهله، والترمذي (2489) في صفة القيامة: باب رقم (45)، وفي " الشمائل " (335)، والبيهقي 1/327 و 328، وأبو الشيخ ص 20، والبغوي (3676) و (3678) من طرق عن عائشة بنحوه.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کوئی ناپسندیدہ بات سن کر یا اپنے ساتھ کسی ناپسندیدہ رویے کو دیکھ کر کس طرح چشم پوشی کرتے تھے

**6441** - حَدَّثَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): دَخَلَ رَهْطٌ مِنَ الْيَهُودِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: السَّامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَفَهِمْتُهَا، فَقُلْتُ: عَلَيْكُمُ السَّامُ وَاللَّعْنَةُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْلًا يَا عَائِشَةُ، اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْاَمْرِ كُلِّهِ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالُوا؟ قَالَ: قَدْ قُلْتُ: عَلَيْكُمْ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: کچھ یہودی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے کہا: السام علیکم (یعنی آپ کو موت آئے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: علیکم (یعنی تمہیں بھی آئے) سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے ان لوگوں کی بات سمجھ لی۔ میں نے کہا: تمہیں موت آئے اور تم پر لعنت بھی ہو۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ (رضی اللہ عنہا)! آرام سے اللہ تعالیٰ ہر معاملے میں نرمی کو پسند کرتا ہے میں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! کیا آپ ﷺ نے سنا نہیں انہوں نے کیا کہا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں نے بھی علیکم کہہ دیا ہے (یعنی تمہیں بھی آئے)

## ذِكْرُ نَفْيِ الْفُحْشِ وَالتَّفَحُّشِ عَنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ بداخلاقی اور بدزبانی کا مظاہرہ نہیں کرتے تھے

6441- حديث صحيح، ابن أبي السري متابع، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين، وهو في "مصنف عبد الرزاق" (19460) ، ومن طريقه أخرجه أحمد 6/199، ومسلم (2165) في السلام: باب النهي عن ابتداء أهل الكتاب بالسلام، والبيهقي في "السنن" 9/203، والبغوي (3314) . وأخرجه أحمد 6/37، والبخاري (6024) في الأدب: باب الرفق في الأمر كله، و (6256) في الاستئذان: باب كيف يرد على أهل الذمة السلام، و (6395) في الدعوات: باب الدعاء على المشركين، وفي " الأدب المفرد " (412) ، ومسلم، والترمذي (2701) في الاستئذان: باب ما جاء في التسليم على أهل الذمة، والبيهقي في "الآداب" (286) من طرق عن الزهري، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/85، والدارمي 2/323، وابن ماجه (3688) في الأدب: باب الرفق، من طريق الأوزاعي عن الزهري مختصراً دون قصة سلام اليهود. وأخرجه البخاري (2935) في الجهاد: باب الدعاء على المشركين بالهزيمة والزلزلة، و (6030) في الأدب: باب لم يكن النبي - صلى الله عليه وسلم - فاحشاً ولا متفحشاً، و (6401) في الدعوات: باب قول النبي - صلى الله عليه وسلم -: "يُستجاب لنا في اليهود ولا يستجاب لهم فينا"، وفي "الأدب المفرد" (311) ، والبغوي (3313) من طريقين عن أيوب، عن عبد الله بن أبي مليكة، ومسلم (2165) (11) من طريق مسروق، كلاهما عن عائشة بنحوه.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



6442 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو:

(متن حدیث): إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ فَاحِشًا، وَلَا مُتَفَحِّشًا، وَكَانَ يَقُوْلُ: خِيَارُكُمْ اَحَاسِنُكُمْ اَخْلَاقًا

⊛⊛ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ بدزبان اور بداخلاق نہیں تھے۔ آپ ﷺ یہ فرماتے تھے تم میں بہتر لوگ وہ ہیں جن کے اخلاق زیادہ اچھے ہوں۔

## ذِكْرُ خِصَالٍ يُسْتَحَبُّ مُجَانَبَتُهَا لِمَنْ اَحَبَّ الِاقْتِدَاءِ بِالْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## ان خصائل کا تذکرہ جن سے اجتناب کرنا اس شخص کے لیے مستحب ہے جو نبی اکرم ﷺ کی پیروی کرنے کو پسند کرتا ہے

6443 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِیْ زَائِدَةَ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِعَائِشَةَ: كَيْفَ كَانَ خُلُقُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ اَهْلِهِ؟ قَالَتْ: كَانَ اَحْسَنَ النَّاسِ خُلُقًا، لَمْ يَكُنْ فَاحِشًا، وَلَا مُتَفَحِّشًا، وَلَا سَخَّابًا فِی الْاَسْوَاقِ، وَلَا يَجْزِیْ بِالسَّيِّئَةِ السَّيِّئَةَ، وَلٰكِنْ يَعْفُوْ وَيَصْفَحُ

⊛⊛ ابوعبداللہ جدلی بیان کرتے ہیں: میں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا کہ گھر میں نبی اکرم ﷺ کے اخلاق کیسے تھے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا نبی اکرم ﷺ سب سے اچھے اخلاق کے مالک تھے آپ ﷺ بدزبانی نہیں کرتے تھے۔ بداخلاقی نہیں کرتے تھے۔ بازار میں چیخ کر نہیں بولتے تھے۔ برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دیتے تھے۔ بلکہ معاف کر دیتے تھے۔ اور درگزر کرتے تھے۔

---

6442- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وقد تقدم تخريجه برقم (477). ونزيد هنا أنه أخرجه البخاري في "الأدب المفرد" (271)، والبغوي (3666) عن محمد بن كثير، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 8/514، والطيالسي (2246)، وابن سعد في "الطبقات" 1/365، والبيهقي في "دلائل النبوة" 314-1/313 من طرق عن الأعمش، به.

6443- إسناده صحيح. رجاله رجال الشيخين غير أبي عبد الله الجدلي، واسمه عبد بن عبد، ويقال: عبد الرحمن بن عبد، وهو ثقة. أبو إسحاق: هو السبيعي، وقد أخرج له الشيخان من رواية زكريا بن أبي زائدة، عنه. وأخرجه ابن أبي شيبة 8/514، وأحمد 6/236 عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/246، والطيالسي (1520)، والترمذي (2016) في البر والصلة: باب ما جاء في خُلق النبي - صلى الله عليه وسلم -، وفي "الشمائل" (340)، والبيهقي في "الدلائل" 1/315، والبغوي (3668) من طرق عن شعبة، عن أبي إسحاق، به. وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح، قلت: وهو كما قال، فسماع شعبة من أبي إسحاق قديم.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ مَا كَانَ يَسْتَعْمِلُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ تَرْكِ ضَرْبِ اَحَدٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ بِنَفْسِهِ

## اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ معمول اختیار کیا تھا آپ ﷺ نے بذات خود کبھی کسی مسلمان کو نہیں مارا

**6444** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيْرُ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): مَا ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ شَيْئًا قَطُّ اِلَّا اَنْ يُّجَاهِدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمَا ضَرَبَ امْرَاَةً قَطُّ، وَلَا خَادِمًا قَطُّ

❀❀ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اپنے دست مبارک کے ذریعے کبھی کسی چیز کو نہیں مارا' البتہ آپ ﷺ جب اللہ کی راہ میں جہاد کر رہے ہوتے تھے (تو آپ ﷺ نے دشمنوں پر حملہ کیا ہے) اور نبی اکرم ﷺ نے اپنی اہلیہ کو یا اپنے کسی خادم کو کبھی نہیں مارا۔

## بَابُ الْحَوْضِ وَالشَّفَاعَةِ

## باب! حوض کوثر اور شفاعت کا تذکرہ

**6445** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّيْرَفِيُّ، بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِى الشَّوَارِبِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ الْبَجَلِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ

❀❀ حضرت جندب بن سفیان بجلی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''میں حوض (کوثر) پر تم لوگوں کا پیش رو ہوں گا۔''

---

6444- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وقد تقدم تخريجه برقم (488) .

6445- إسناده صحيح على شرط مسلم . رجاله رجال الشيخين غير ابن أبي الشوارب، فمن رجال مسلم . أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري. وأخرجه الطبراني في "الكبير" (1690) عن معاذ بن المثنى، عن مسدد، عن أبي عوانة، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدي (787) ، وابن أبي شيبة 11/440، وأحمد 4/313، والبخاري (6589) في الرقاق: باب في الحوض، ومسلم (2289) في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، والطبراني (1688) و (1689) و (18691) و (1692) و (1693) و (1694) من طرق عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

**6446** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ اِسْمَاعِيلَ بْنَ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنِ الصُّنَابِحِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلَا اِنِّي فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، وَاِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْاُمَمَ، فَلَا تَقْتَتِلُنَّ بَعْدِي

❁❁ حضرت صنابح رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''خبردار میں حوض (کوثر) پر تمہارا پیش رو ہوں گا اور میں دیگر امتوں کے سامنے تمہاری کثرت پر فخر کروں گا' تو میرے بعد تم ایک دوسرے کو قتل نہ کرنا۔''

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُوْنُ فَرَطَ اُمَّتِهِ عَلٰى حَوْضِهِ بِفَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا بِالشُّرْبِ مِنْهُ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حوض کوثر پر اپنی امت کے پیش رو ہوں گے اللہ تعالیٰ ہم پر یہ فضل کرے کہ ہم بھی اس میں سے پئیں

**6447** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، وَعَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَحْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ، قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنِ الصُّنَابِحِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلَا اِنِّي فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، وَاِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمْ، فَلَا تَقْتَتِلُنَّ بَعْدِي

❁❁ حضرت صنابح رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''خبردار میں حوض (کوثر) پر تمہارا پیش رو ہوں گا اور میں تمہاری کثرت پر فخر کروں گا' تو تم لوگ میرے بعد ایک دوسرے کو قتل نہ کرنا''

---

6446- إسناده صحيح، محمد بن عبد الأعلى من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين غير صحابيه، فقد روى له ابن ماجه هذا الحديث، وقد تقدم تخريجه برقم (5985) . وانظر ما بعده.

6447- إسناده صحيح وهو مكرر ما قبله.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الطُّوْلِ الَّذِي يَكُوْنُ بَيْنَ حَافَتَيْ حَوْضِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقِيَامَةِ اَوْرَدَنَا اللّٰهُ اِيَّاهُ بِفَضْلِهِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ جو اس طوالت کی صفت کے بارے میں ہے، جو نبی اکرم ﷺ کے حوض کے دو کناروں کے درمیان قیامت کے دن ہوگی، اللہ تعالیٰ اپنے فضل کے تحت ہمیں وہاں پہنچائے

**6448** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُرَيْمُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، وَعَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا بَيْنَ نَاحِيَتَيْ حَوْضِي كَمَا بَيْنَ صَنْعَاءَ، وَالْمَدِينَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"میرے حوض کے دو کناروں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا صنعاء اور مدینہ کے درمیان ہے۔"

## ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

## اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے برخلاف ہے، جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

**6449** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو الزُّبَيْرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَنَا فَرَطُكُمْ بَيْنَ اَيْدِيكُمْ، فَاِنْ لَمْ تَجِدُوْنِي فَاَنَا عَلَى الْحَوْضِ مَا بَيْنَ اَيْلَةَ اِلٰى مَكَّةَ، وَسَيَاْتِي رِجَالٌ وَّنِسَاءٌ بِآنِيَةٍ وَّقِرَبٍ ثُمَّ لَا يَذُوقُونَ مِنْهُ شَيْئًا.

---

6448– إسناده صحيح على شرط مسلم . رجاله رجال الشيخين غير هُرَيم بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى وَعَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ، فمن رجال مسلم، وهو في "صحيحه" (2303) (41) في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، عن عاصم بن النضر التَّيمي وهُرَيْم بن عبد الأعلى، بهذا الإسناد . وأخرجه البيهقي في "البعث والنشور" (119) من طريق محمد بن بشر، عن هُريم ومن طريق الحسن بن سفيان عن عاصم بن النضر. وانظر الحديث رقم (6451) و (6452) و (6459) .

محکم دلائل و براہین سے مزین مُتنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(توضیح مصنف):قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَسَيَأْتِي رِجَالٌ وَّنِسَاءٌ بِآنِيَةٍ وَّقِرَبٍ ثُمَّ لَا يَذُوقُونَ مِنْهُ شَيْئًا اُرِيْدَ بِهِ: مِنْ سَائِرِ الْاُمَمِ الَّذِيْنَ قَدْ غُفِرَ لَهُمْ، يَجِيءُ وْنَ بِاَوَانِي لِيَسْتَقُوا بِهَا مِنَ الْحَوْضِ، فَلَا يُسْقَوْنَ مِنْهُ لِاَنَّ الْحَوْضَ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ خَاصٌّ دُوْنَ سَائِرِ الْاُمَمِ، اِذْ مُحَالٌ اَنْ يَّقْدِرَ الْكَافِرُ وَالْمُنَافِقُ عَلٰى حَمْلِ الْاَوَانِي وَالْقِرَبِ فِي الْقِيَامَةِ، لِاَنَّهُمْ يُسَاقُوْنَ اِلَى النَّارِ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ

6449 ❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''میں تمہارے آگے تمہارا پیش رو ہوں گا اگر تم مجھے نہ پاؤ' تو میں حوض (کوثر) کے پاس موجود ہوں گا' جو ایلہ سے لے کر مکہ تک کے فاصلے جتنا بڑا ہے۔ عنقریب کچھ مرد اور عورتیں برتن اور مشکیزے لے کر آئیں گے' لیکن وہ اس حوض میں سے کچھ بھی چکھ نہیں سکیں گے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: عنقریب کچھ مرد اور کچھ عورتیں برتن اور مشکیزے لے کر آئیں گے' اور پھر وہ اس میں سے کچھ بھی چکھ نہیں سکیں گے۔ اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے دیگر امتوں سے تعلق رکھنے والے لوگ آئیں گے ان کی مغفرت ہو چکی ہوگی۔ وہ برتن لے کر آئیں گے تاکہ وہ اس حوض سے سیراب ہوں' لیکن وہ اس سے سیراب نہیں ہوں گے کیونکہ وہ حوض اس امت کے لیے مخصوص ہے۔ دیگر امتوں کے لیے نہیں ہے۔ یہ بات ناممکن ہے کہ کوئی کافر یا منافق شخص قیامت کے دن برتن اور مشکیزے حاصل کرنے پر قادر ہو جائے اس کی وجہ یہ ہے کہ ان لوگوں کو تو قیامت کے دن جہنم کی طرف ہانک کر لے جایا جائے گا ہم جہنم سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ قَدْ يُوهِمُ مَنْ لَمْ يَطْلُبِ الْعِلْمَ مِنْ مَظَانِّهِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْخَبَرَيْنِ الْاَوَّلَيْنِ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا

## اس تیسری روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت ان دو روایات کے برخلاف ہے' جنہیں ہم اس سے پہلے ذکر کر

6449- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير أبي الزبير، فمن رجال مسلم، وقد صَرَّحَ هو وابنُ جريج بالتحديث، فانتفت شبهة تدليسهما وأخرجه البزار (3481) عن محمد بن معمر، بهذا الإسناد، وقال: لا نعلمه يُروى بهذا اللفظ إلا عن جابر، وإنما يُعرف هذا من حديث حجاج عن ابن جريج. قلت: رواية حجاج أخرجها الطبراني في " الأوسط " (753) حدثنا أحمدُ ابن بشير الطيالسي، قال: حدثنا يحيى بنُ معين، قال: حدثنا حجاجٌ، عن ابن جريج، فذكره. وقال الطبراني: لم يرو هذا الحديث عن ابن جريج إلا حجاج. قلت: بل تابعه أبو عاصم عند المصنف كما ترى. وأخرجه الآجري في "الشريعة" ص 357 من طريق حماد بن الحسن الورّاق، عن أبي عاصم، به. وأخرجه أحمد 3/284 عن روح، عن ابن جريج به موقوفاً ولم يرفعه جابر. وأخرجه أحمد 3/345، والآجري في "الشريعة" ص 357 من طريقين عن ابن لهيعة، عن أبي الزبير به. وأورده الهيثمي في " المجمع " 10/364، وقال: رواه أحمد مرفوعاً وموقوفاً، وفي إسناد المرفوع ابن لهيعة، ورجال الموقوف رجال الصحيح، ورواه الطبراني في "الأوسط" مرفوعاً، وفيه ابن لهيعة، ورواه باختصار قوله: "فلا يطعمون منه شيئاً" برجال الصحيح، ورواه البزار كذلك.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



چکے ہیں

**6450** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ مَكْحُولٌ بِبَيْرُوتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ الدَّارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ يَعْمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَخِي زَيْدُ بْنُ سَلَّامٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَامِرُ بْنُ زَيْدٍ الْبَكَالِيُّ، اَنَّهُ سَمِعَ عُتْبَةَ بْنَ عَبْدٍ السُّلَمِيَّ، يَقُولُ:

(متن حدیث): قَامَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا حَوْضُكَ الَّذِي تُحَدِّثُ عَنْهُ؟ فَقَالَ: هُوَ كَمَا بَيْنَ صَنْعَاءَ اِلَى بُصْرَى، ثُمَّ يُمِدُّنِي اللّٰهُ فِيهِ بِكُرَاعٍ لَا يَدْرِي بَشَرٌ مِمَّنْ خُلِقَ اَيُّ طَرَفَيْهِ، قَالَ: فَكَبَّرَ عُمَرُ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّا الْحَوْضُ فَيَزْدَحِمُ عَلَيْهِ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِينَ الَّذِينَ يُقْتَلُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَيَمُوتُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَاَرْجُو اَنْ يُورِدَنِي اللّٰهُ الْكُرَاعَ فَاَشْرَبَ مِنْهُ

حضرت عتبہ بن عبد سلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھڑا ہوا۔ اس نے دریافت کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا حوض کتنا بڑا ہے۔ جس کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیان کررہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ اتنا بڑا ہے جتنا صنعاء اور بصریٰ کے درمیان فاصلہ ہے پھر اللہ تعالیٰ میرے لیے اس کی گہرائی کو بڑھادے گا اور کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ اس کو کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے اور اس کا دوسرا کنارا کہاں ہے۔ راوی کہتے ہیں: تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تکبیر کہی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جہاں تک حوض کا تعلق ہے' تو غریب مہاجرین کا اس پر ہجوم ہوگا' جنہیں اللہ کی راہ میں شہید کیا گیا اور جو اللہ کی راہ میں (کوشش کرتے ہوئے) انتقال کرگئے مجھے یہ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے اس کے پاس لے جائے گا۔ اور میں اس میں سے پانی پیوں گا۔

6450– محمد بن خلف الداري: هو محمد بن خلف بن طارق بن كيسان الداري، أبو عبد الله الشامي، سكن بيروت . روى عنه أبو داود وأبو مُسْهِر، وأبو حاتِم الرازي، وأبو بكر بنُ أبي داود، وابنُ جوصا، وذكره القاضي عبد الجبار الخولاني في "تاريخ داريا"، ومعمر بن يعمر ذكره المؤلف في " الثقات " 9/192، وقال: يُغرب، وروى عنه جمع، وقد توبع هو ومحمد بن خلف. وعامر بن زيد البكالي: ترجم له الحافظ في "تعجيل المنفعة" ص 204، فقال: عامر بن زيد البِكاليّ، عن عتبة بن عبدٍ السلمي، وعنه يحيى بن أبي كثيرٍ ليس بالمشهور، قلت (القائل الحافظ ابن حجر) : بل هو معروف، ذكره البخاري، فقال: سمع عتبة بن عبد، روى عنه أبو سلام حديثه في الشاميين، ولم يذكر فيه جرحاً، وتبعه ابن أبي حاتم، وأخرج ابن حبان في "صحيحه" من طريق أبي سلام عنه أحاديث، ومقتضاه أنه عنده ثقة، ولم أر له ذكراً في النسخة التي عندي من "الثقات" فما أدري هل أغفله أو سقط من نسختي، ولا ترجم له ابن عساكر في " تاريخ دمشق "، قلت: هو مترجم في "الثقات" 5/191، فالظاهر أنه سقط من نسخة الحافظ التي عنده . وأخرجه ضمن حديث مطول الطبراني في "الكبير" /17 (312) ، و "الأوسط" (404) ، والفسوي في "المعرفة" 2/341-342، والبيهقي في "البعث" (274) عن أبي توبة الربيع بن نافع، حدثنا معاويةُ بنُ سلام، بهذا الإسناد . وذكره الهيثمي في "المجمع" 10/413-414، وقال: رواه الطبراني في "الأوسط" و "الكبير"، وفيه عامر بن زيد البكالي، وقد ذكره ابن أبي حاتم، ولم يخرجه، ولم يوثقه، وبقية رجاله ثقات.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ خَبَرٍ رَابِعٍ قَدْ يُوهِمُ بَعْضَ الْمُسْتَمِعِينَ أَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْأَخْبَارِ الثَّلَاثِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ

## اس چوتھی روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جس نے احادیث کا سماع

کیا (لیکن وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت ان تینوں روایات کے برخلاف ہے جنہیں ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

**6451** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَحْيَى الْقَطَّانِ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا بَيْنَ نَاحِيَتَيْ حَوْضِي كَمَا بَيْنَ الْمَدِينَةِ، وَصَنْعَاءَ، أَوْ كَمَا بَيْنَ الْمَدِينَةِ، وَعَمَّانَ.

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذِهِ الْأَخْبَارُ الْأَرْبَعُ قَدْ تُوهِمُ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيثِ أَنَّهَا مُتَضَادَّةٌ، أَوْ بَيْنَهَا تَهَاتُرٌ، لِأَنَّ فِي خَبَرِ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ: مَا بَيْنَ صَنْعَاءَ، وَالْمَدِينَةِ وَفِي خَبَرِ جَابِرٍ: مَا بَيْنَ أَيْلَةَ إِلَى مَكَّةَ، وَفِي خَبَرِ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: مَا بَيْنَ صَنْعَاءَ إِلَى بُصْرَى، وَفِي خَبَرِ قَتَادَةَ: مَا بَيْنَ الْمَدِينَةِ وَعَمَّانَ، وَلَيْسَ بَيْنَ هٰذِهِ الْأَخْبَارِ تَضَادٌّ، وَلَا تَهَاتُرٌ، لِأَنَّهَا أَجْوِبَةٌ خَرَجَتْ عَلَى أَسْئِلَةٍ ذَكَرَ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي كُلِّ خَبَرٍ مِمَّا ذَكَرْنَا جَانِبًا مِنْ جَوَانِبِ حَوْضِهِ أَنَّ مَسِيرَةَ كُلِّ جَانِبٍ مِنْ حَوْضِهِ مَسِيرَةُ شَهْرٍ، فَمِنْ صَنْعَاءَ إِلَى الْمَدِينَةِ مَسِيرَةُ شَهْرٍ لِغَيْرِ الْمُسْرِعِ، وَمِنْ أَيْلَةَ إِلَى مَكَّةَ كَذٰلِكَ، وَمِنْ صَنْعَاءَ إِلَى بُصْرَى كَذٰلِكَ، وَمِنَ الْمَدِينَةِ إِلَى عَمَّانَ، الشَّامِ كَذٰلِكَ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میرے حوض کے دو کناروں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے۔ جتنا مدینہ اور صنعاء کے درمیان ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) مدینہ اور عمان کے درمیان ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ چار روایات اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کرتی ہیں جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ یہ سمجھتا ہے) کہ ان میں تضاد پایا جاتا ہے یا ان میں اختلاف پایا جاتا ہے' تو سلیمان تیمی کی نقل کردہ روایات میں یہ الفاظ ہیں۔ جتنا صنعاء اور مدینہ کے درمیان فاصلہ ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے منقول روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ جتنا ایلہ سے لے کر مکہ کے درمیان تک فاصلہ ہے۔ عتبہ بن عبد کی نقل کردہ روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ جتنا صنعاء اور بصریٰ کے درمیان فاصلہ ہے۔ قتادہ کی نقل کردہ روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ جتنا مدینہ اور عمان کے درمیان فاصلہ ہے۔

حالانکہ ان روایات میں کوئی تضاد اور اختلاف نہیں پایا جاتا۔ کیونکہ یہ سوالات کے جوابات ہیں' جو سوالات کے مطابق

6451- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير مسدد، فمن رجال البخاري. وأخرجه أحمد 3/133 و 216 و 219، والطيالسي (1993)، ومسلم (2303) (42) في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، وابن ماجه (4304) في الزهد: باب ذكر الحوض، والآجري في "الشريعة" ص 354 من طرق عن هشام، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم عن أبي الوليد الطيالسي، عن أبي عوانة، عن قتادة، به. وانظر الحديث المتقدم برقم (6448)، والآتي برقم (6459).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



نبی اکرم ﷺ نے ذکر کیے ہیں۔ ہم نے جو روایات ذکر کی ہیں۔ ان سب روایات میں حوض کوثر کے کناروں میں سے کسی ایک کنارے کا ذکر ہے کہ اس حوض کے ہر طرف کا کنارہ ایک ماہ کی مسافت جتنا ہے' تو صنعاء سے لے کر مدینہ منورہ تک ایک ماہ کی مسافت جتنا ہے۔ جبکہ آدمی تیز رفتاری سے نہ چل رہا ہو۔ ایلہ سے لے کر مکہ تک کا سفر بھی اتنا ہے۔ صنعاء سے لے کر بصریٰ تک کا سفر بھی اتنا ہی ہے۔ اور مدینہ سے لے کر عمان یا شام تک کا فاصلہ بھی اتنا ہی ہے۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ لَيْسَ بَيْنَ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا تَضَادٌّ وَّلَا تَهَاتُرٌ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ہم نے جو روایات نقل کی ہیں ان میں کوئی تضاد اور اختلاف نہیں پایا جاتا

**6452** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ زُهَيْرٍ الضَّبِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ الْجُمَحِيُّ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، قَالَ: قَالَ: ابْنُ عَمْرٍو، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): حَوْضِيْ مَسِيْرَةُ شَهْرٍ، زَوَايَاهُ سَوَاءٌ، مَاؤُهُ اَبْيَضُ مِنَ الثَّلْجِ، وَاَطْيَبُ مِنَ الْمِسْكِ، آنِيَتُهُ كَنُجُوْمِ السَّمَاءِ، مَنْ شَرِبَ مِنْهُ لَا يَظْمَاُ بَعْدَهُ اَبَدًا

❀❀ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''میرا حوض ایک ماہ کی مسافت جتنا ہے۔ اس کے کنارے برابر ہیں۔ اس کا پانی برف سے زیادہ سفید، مشک سے زیادہ خوشبودار ہے۔ اس کے برتن آسمان کے ستاروں کی طرح (بے شمار ہیں) جو شخص اس میں سے پی لے گا وہ اس کے بعد کبھی پیاسا نہیں ہوگا۔''

## ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْاَخْبَارِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ

## اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت ان تمام روایات کے برخلاف ہے' جنہیں ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

**6453** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

6452- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غيرَ داود بن عمرو الضبي، فمن رجال مسلم، وهو من كبار شيوخه. وأخرجه عنه في " صحيحه " (2292) في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -. وأخرجه ابن منده في " الإيمان " (1076)، والبيهقي في " البعث والنشور " (140) من طريقين عن داود بن عمرو، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (6579) في الرقاق: باب ذكر الحوض، وابن أبي عاصم في "السنة" (728)، وابن منده (1067) من طريقين عن نافع بن عمر الجمحي، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): إِنَّ أَمَامَكُمْ حَوْضًا كَمَا بَيْنَ جَرْبَاءَ، وَأَذْرُحَ.

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: الْمَسَافَةُ بَيْنَ جَرْبَاءَ، وَأَذْرُحَ كَمَا بَيْنَ الْمَدِينَةِ وَعَمَّانَ، وَمَكَّةَ وَأَيْلَةَ، وَصَنْعَاءَ وَالْمَدِينَةِ، وَصَنْعَاءَ وَبُصْرَى سَوَاءً، مِنْ غَيْرِ أَنْ يَكُونَ بَيْنَ هَذِهِ الْأَخْبَارِ تَضَادٌّ، أَوْ تَهَاتُرٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تمہارے آگے (قیامت میں) ایک ایسا حوض ہوگا' جو جرباء اور اذرح کے درمیان فاصلے جتنا بڑا ہوگا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) جرباء اور اذرح کے درمیان کتنا فاصلہ ہے جتنا مدینہ اور عمان کے درمیان یا مکہ اور ایلہ کے درمیان یا صنعاء اور مدینہ کے درمیان یا صنعاء اور بصری کے درمیان ہے' تو اس حوالے سے ان روایات میں کوئی تضاد اور اختلاف نہیں پایا جاتا۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْأَوَانِي الَّتِي تَكُونُ فِي حَوْضِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## ان برتنوں کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوض پر ہوں گے

**6454** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ،

(متن حدیث): أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تُرَى فِيهِ أَبَارِيقُ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ كَعَدَدِ نُجُومِ السَّمَاءِ، أَوْ أَكْثَرَ.

يَعْنِي: الْحَوْضَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تمہیں اس میں سونے اور چاندی کے بنے ہوئے پیالے ملیں گے جو آسمان کے ستاروں کی تعداد جتنے ہوں گے یا اس

---

6453- إسناده صحيح على شرط الشيخين. محمد بن بشر: هو العبدى . وأخرجه ابن أبى شيبة 11/440، وعنه مسلم (2299) فى الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، عن محمد بن بشر، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/21، والبخارى (6577) ، ومسلم، وابن منده فى " الإيمان " (1073) ، والبيهقى فى "البعث والنشور " (139) من طرق عن يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عمر، به . وأخرجه أحمد 2/125 و 134، ومسلم، وأبو داود (4745) فى السنّة: باب فى الحوض، من طرق، عن نافع، به.

6454- إسناده صحيح على شرط الشيخين . سعيد: هو ابن أبى عروبة، وقد سمع منه يزيد بن زريع قبل اختلاطه . وأخرجه مسلم (2303) (43) فى الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، وابن ماجه (4305) فى الزهد: باب ذكر الحوض، وهناد فى "الزهد" (137) من طريقين عن سعيد بن أبى عروبة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/238، ومسلم من طريق الحسن بن موسى، عن شيبان، عن قتادة، به. إلا أنه زاد: "أو أكثر من عدد النجوم."

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



سے بھی زیادہ ہوں گے''۔ نبی اکرم ﷺ کی مراد حوض کوثر تھی۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنِ الْكُرَاعَ الَّذِیْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهٗ حَيْثُ يُنْصَبُ اِلَى الْحَوْضِ يُمَدُّ مَاؤُهٗ مِنَ الْجَنَّةِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ وہ کُراع جس کا ذکر ہم کر چکے ہیں' جسے حوض پر نصب کیا جائے گا وہ جنت سے پانی کو کھینچے گا

**6455** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ، عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ الْيَعْمُرِیِّ، عَنْ ثَوْبَانَ، اَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَنَا عِنْدَ عُقْرِ حَوْضِی اَذُوْدُ عَنْهُ النَّاسَ، اِنِّیْ لَاَضْرِبُهُمْ بِعَصَایَ حَتّٰى يَرْفَضَّ قَالَ: وَسُئِلَ نَبِیُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ سَعَةِ الْحَوْضِ، فَقَالَ: مِثْلُ مَقَامِیْ هٰذَا اِلٰى عَمَّانَ مَا بَيْنَهُمَا شَهْرٌ اَوْ نَحْوُ ذٰلِكَ وَسُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَرَابِهٖ، فَقَالَ: اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ، وَاَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ، يَنْبَعِثُ فِيْهِ مِيزَابَانِ مِدَادُهُمَا الْجَنَّةُ اَحَدُهُمَا دُرٌّ وَّالْاٰخَرُ ذَهَبٌ

❁❁ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میں اپنے حوض کے پاس کھڑا ہو کر کچھ لوگوں کو اس سے دور کروں گا میں ان لوگوں کو اپنے عصا کے ذریعے ماروں گا تاکہ وہ لوگ پیچھے ہٹ جائیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سے اس حوض کی وسعت کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ میری (اس) جگہ سے لے کر عمان جتنا ہے۔ ان دونوں کے درمیان ایک ماہ کا یا اس سے قریب کا فاصلہ ہے۔''

6455– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير معدان بن أبي طلحة، فمن رجال مسلم. محمد بن بكر: هو ابن عثمان البرساني البصري، وقد احتج مسلم بروايته عن سعيد بن أبي عروبة. والحديث عند ابن أبي شيبة في "المصنف" 11/443 و 13/146 عن محمد بن بشر، عن سعيد بن أبي عروبة. وكذا رواه عنه أبو يعلى كما في "النهاية" لابن كثير 1/382. وأخرجه أحمد 5/283، وهناد في "الزهد" (137)، وابن أبي عاصم في "السنّة" (708) و (709)، والآجري في "الشريعة" ص 352-353، والبيهقي في "البعث والنشور" (131) من طرق عن سعيد بن أبي عروبة، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق (20853)، وأحمد 5/280 و 281 و 282، ومسلم (2301) في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، وابن منده في "الإيمان" (1075)، والبيهقي (132) و (133)، والبغوي (3342) من طرق عن قتادة، به. وأخرجه الآجري ص 353 عن محمد بن فضيل، عن الأعمش، عن عمرو بن مرة، عن سالم بن أبي الجعد، عن ثوبان، ولم يذكر معدان بن أبي طلحة. وأخرجه أحمد 5/275-276، والطيالسي (995)، والترمذي (2444) في صفة القيامة: باب ما جاء في صفة أواني الحوض، وابن ماجه (4303) في الزهد: باب الحوض، والحاكم 4/184، وصححه ووافقه الذهبي، والبيهقي في "البعث والنشور" (135) و (136)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



نبی اکرم ﷺ سے اس حوض کے مشروب کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہوگا۔ اس میں دو پرنالے ہوں گے جن میں جنت سے پانی آئے گا۔ ان میں سے ایک موتی کا بنا ہوا ہوگا اور دوسرا سونے کا ہوگا"۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

**6456** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنِّي لَبِعُقْرِ حَوْضِي اَذُودُ عَنْهُ لِاَهْلِ الْيَمَنِ، اَضْرِبُ بِعَصَايَ حَتّٰى يَرْفَضَّ، فَسُئِلَ عَنْ عَرْضِهِ، فَقَالَ: مِنْ مَقَامِي هٰذَا اِلٰى عَمَّانَ، وَسُئِلَ عَنْ شَرَابِهِ، فَقَالَ: اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ، وَاَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ، فِيهِ مِيزَابَانِ يُمَدَّانِ مِنَ الْجَنَّةِ، اَحَدُهُمَا مِنْ ذَهَبٍ، وَالْاٰخَرُ مِنْ وَرِقٍ

قَالَ بُنْدَارٌ: فَقُلْتُ لِيَحْيَى بْنِ حَمَّادٍ: هٰذَا حَدِيثُ اَبِي عَوَانَةَ؟ فَقَالَ: قَدْ سَمِعْتُهُ مِنْ اَبِي عَوَانَةَ اَيْضًا، فَقُلْتُ: انْظُرْ لِي فِي حَدِيثِ شُعْبَةَ، فَنَظَرَ فِيهِ، فَحَدَّثَنِي بِهِ

❀❀ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"میں اپنے حوض کے قریب کھڑے ہو کر اس سے (کچھ) اہل یمن کو پرے کروں گا۔ میں اپنے عصا کے ذریعے انہیں ماروں گا تاکہ وہ پیچھے ہٹ جائیں"۔

(راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم ﷺ سے اس حوض کی چوڑائی کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ ﷺ نے فرمایا: میرے کھڑے ہونے کی جگہ سے لے کر عمان تک (جتنا فاصلہ ہے وہ اتنا چوڑا ہوگا)

نبی اکرم ﷺ سے اس کے مشروب کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ ﷺ نے فرمایا: وہ مشروب دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہوگا۔ اس حوض میں دو پرنالے ہوں گے جو جنت سے آ رہے ہوں گے۔ ان میں سے ایک سونے کا بنا ہوا ہوگا اور ایک چاندی کا بنا ہوگا۔

بندار نامی راوی کہتے ہیں: میں نے یحییٰ بن حماد سے کہا: کیا یہ ابوعوانہ کی نقل کردہ روایت ہے' تو انہوں نے بتایا میں نے یہ روایت ابوعوانہ سے ہی سنی ہے۔ میں نے کہا: آپ میرے لیے شعبہ کی نقل کردہ روایت کا جائزہ لے لیجئے۔ انہوں نے اس میں اس روایت کو تلاش کیا اور پھر یہ حدیث بیان کی۔

6456- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه في "صحيحه" (2301) في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، عن محمد بن بشار بندار، بهذا الإسناد. وانظر ما قبله.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ مَنْ شَرِبَ مِنْ حَوْضِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰمِنَ تَسْوِيدَ الْوَجْهِ بَعْدَهُ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ جو شخص نبی اکرم ﷺ کے حوض سے پانی پی لے گا

وہ اس کے بعد چہرے کے سیاہ ہونے سے محفوظ ہوگا ( کیونکہ قرآن میں ذکر ہے کہ قیامت کے دن کچھ لوگوں کے چہرے سفید ہوں گے اور کچھ لوگوں کے سیاہ ہوں گے )

**6457** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، وَاَبِي الْيَمَانِ الْهَوْزَنِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ يَزِيْدَ بْنَ الْاَخْنَسِ السُّلَمِيَّ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا سَعَةُ حَوْضِكَ؟ قَالَ: كَمَا بَيْنَ عَدَنٍ اِلٰى عَمَّانَ، وَاَنَّ فِيْهِ مَثْعَبَيْنِ مِنْ ذَهَبٍ وَّفِضَّةٍ قَالَ: فَمَا حَوْضُكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ، وَاَحْلٰى مَذَاقَةً مِنَ الْعَسَلِ، وَاَطْيَبُ رَائِحَةً مِنَ الْمِسْكِ، مَنْ شَرِبَ مِنْهُ لَمْ يَظْمَاْ اَبَدًا، وَلَمْ يَسْوَدَّ وَجْهُهُ اَبَدًا .

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ: مَثْعَبَانِ مِنْ ذَهَبٍ وَّفِضَّةٍ ، وَفِيْ خَبَرِ ثَوْبَانَ الَّذِيْ ذَكَرْنَا: مِيزَابَانِ اَحَدُهُمَا دُرٌّ وَّالْاٰخَرُ ذَهَبٌ ، وَلَيْسَ بَيْنَهُمَا تَضَادٌّ، لِاَنَّ اَحَدَ الْمَثْعَبَيْنِ يَكُوْنُ مِنْ ذَهَبٍ، وَالْاٰخَرُ مِنْ فِضَّةٍ قَدْ رُكِّبَ عَلَيْهِ الدُّرُّ حَتّٰى لَا يَكُوْنَ بَيْنَهُمَا تَضَادٌّ

❀❀ حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت یزید بن اخنس رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! آپ ﷺ کے حوض کی وسعت کتنی ہے؟ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جتنا عدن اور عمان کے درمیان فاصلہ ہے اور اس میں دو پرنالے ہیں جو سونے اور چاندی کے بنے ہوئے ہیں۔

---

6457- إسناده صحيح. عمرو بن عثمان الحمصي روى له أبو داود، والنسائي، وابن ماجه، وهو ثقه وثقه النسائي وأبو داود والمؤلف ومسلمة بن القاسم، وقال أبو حاتم: صدوق، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح غير أبي اليمان الهوزني متابع سليم بن عامر، فقد روى له أبو داود في "المراسيل"، وذكره المؤلف في "الثقات" 5/188، وقال: من أهل الشام، يروي عن سلمان وصفوان بن أمية، روى عنه أبو عبد الرحمن الحبلي والشاميون. وأخرجه أحمد 5/250-251، وابن أبي عاصم في "السنّة" (729)، والطبراني في "الكبير" (7672) من طريقين عن صفوان بن عمرو، بهذا الإسناد. وقال عبد الله بن أحمد بإثر رواية أبيه: وجدت هذا الحديث في كتاب أبي بخط يده وقد ضرب عليه، فظننت أنه قد ضرب عليه لأنه خطأ، إنما هو عن زيد، عن أبي سلام، عن أبي أمامة. قلت: هذه الرواية أخرجها الطبراني في "الكبير" (7546) : حدثنا جعفر بن محمد الفريابي، حدثنا الحسن بن سهل الخياط، حدثنا مصعب بن سلام، عن عبد الله بن العلاء، عن زيد بن سلام، عن أبي سلام، عن أبي أمامة. وذكر الهيثمي هذه الرواية في "المجمع" 10/366، وقال: رجاله وثقوا على ضعف فيهم. وأخرجه الطبراني (7665)، والبيهقي في "البعث والنشور" (134) من طريقين عن عبد الله بن صالح، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عن أبي أمامة.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



انہوں نے دریافت کیا: اے اللہ کے نبی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حوض (کا مشروب) کیسا ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ دودھ سے زیادہ سفید ہوگا۔ اور چکھنے میں شہد سے زیادہ میٹھا ہوگا اور اس کی خوشبو مشک سے زیادہ پاکیزہ ہوگی' جو شخص اس میں سے پی لے گا۔ وہ کبھی پیاسا نہیں ہوگا۔ اور اس کا چہرہ کبھی سیاہ نہیں ہوگا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں یہ بات مذکور ہے کہ اس کے دو پرنالے سونے اور چاندی کے بنے ہوئے ہیں جبکہ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ہماری ذکر کردہ روایت میں یہ بات مذکور ہے۔ کہ اس کے دو پرنالے ہیں۔ جن میں سے ایک موتی سے بنا ہوا ہے۔ اور ایک سونے سے بنا ہوا ہے' تو ان دونوں روایات میں کوئی تضاد نہیں ہے۔ کیونکہ ان دو پرنالوں میں سے ایک سونے کا بنا ہوا ہوگا۔ اور دوسرے کے بارے میں ہوسکتا ہے کہ وہ چاندی سے بنا ہوا اور اس پر موتی لگا دیئے ہوں۔ اس طرح ان دونوں روایات میں تضاد باقی نہیں رہے گا۔

## ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى صَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِعْطَائِهِ الْحَوْضَ لِيَسْقِيَ مِنْهُ اُمَّتَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، جَعَلَنَا اللّٰهُ مِنْهُمْ بِمَنِّهِ

## اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب پر یہ فضل کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حوض کوثر عطا کیا ہے' تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم قیامت کے دن اس میں سے اپنی امت کو پانی پلائیں اللہ تعالیٰ اپنے فضل کے تحت ہمیں بھی ان لوگوں میں شامل کرے

**6458** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، زَاجٌ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا شَدَّادُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْوَازِعِ جَابِرَ بْنَ عَمْرٍو اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا بَرْزَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَا بَيْنَ نَاحِيَتَيْ حَوْضِي كَمَا بَيْنَ اَيْلَةَ اِلٰى صَنْعَاءَ مَسِيْرَةَ شَهْرٍ، عَرْضُهُ كَطُوْلِهِ، فِيْهَا مِزْرَابَانِ يَنْثَعِبَانِ مِنَ الْجَنَّةِ مِنْ وَرِقٍ وَّذَهَبٍ، اَبْيَضُ مِنَ اللَّبَنِ، وَاَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ، وَاَبْرَدُ مِنَ الثَّلْجِ، فِيْهِ اَبَارِيْقُ عَدَدُ نُجُوْمِ السَّمَاءِ

❀❀ حضرت ابوبرزہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

---

6458- إسناده حسن. أبو برزة رضي الله عنه: اسمه نضلة بن عبيد الأسلمي. وأخرجه البيهقي في "البعث والنشور" (156) عن أبي طاهر الفقيه، حدثنا أبو حامد بن بلال، عن أحمد بن منصور، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي عاصم في "السنّة" (722) عن عبدة بن عبد الرحيم، حدثنا النضر بن شميل به. وأخرجه الحاكم 1/76 من طريق روح بن أسلم، عن شداد، به، وقال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم، فقد احتج بحديثين عن أبي طحة الراسبي، عن أبي الوازع، عن أبي برزة. وأخرجه عبد الرزاق (20852)، وأحمد 4/424، وأبو داود (4749) في السنة: باب في الحوض، وابن أبي عاصم (720) من طرق عن أبي برزة بنحوه.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



"میرے حوض کے دو کناروں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا ایلہ سے لے کر صنعاء تک کا فاصلہ ہے جو ایک ماہ کی مسافت جتنا ہے۔ اس حوض کی چوڑائی اس حوض کی لمبائی جتنی ہے اس میں دو پرنالے ہیں جو جنت سے آتے ہیں۔ چاندی اور سونے کے بنے ہوئے ہیں (اس کا مشروب یا پانی) دودھ سے زیادہ سفید شہد سے زیادہ میٹھا اور برف سے زیادہ ٹھنڈا ہے۔ اس حوض کے پاس آسمان کے ستاروں جتنے کوزے ہیں۔"

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَمَا بَيْنَ اَيْلَةَ اِلٰى صَنْعَاءَ : اَرَادَ بِهٖ صَنْعَاءَ الْيَمَنِ دُوْنَ صَنْعَاءَ الشَّامِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان: "جتنا فاصلہ ایلہ اور صنعاء کے درمیان ہے" اس سے آپ ﷺ کی مراد یمن کا شہر صنعاء ہے شام کا شہر صنعاء مراد نہیں ہے

**6459** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهِبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، حَدَّثَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ حَوْضِيْ كَمَا بَيْنَ اَيْلَةَ اِلٰى صَنْعَاءَ، وَاِنَّ فِيْهِ مِنَ الْاَبَارِيْقِ بِعَدَدِ نُجُوْمِ السَّمَاءِ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"بے شک میرا حوض ایلہ سے لے کر صنعاء کے فاصلے جتنا ہے اور اس کے پاس آسمان کے ستاروں کی تعداد میں کوزے ہیں۔"

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الشَّفَاعَةَ هِيَ الدَّعْوَةُ الَّتِيْ اَخَّرَهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُمَّتِهٖ فِي الْعُقْبٰى

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ شفاعت سے مراد وہ دعا ہے جسے نبی اکرم ﷺ نے آخرت میں (اپنی امت کی شفاعت کے لیے) مؤخر کیا ہے

**6460** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ:

---

6459- إسناده صحيح. رجاله رجال الشيخين غير يزيد ابن مَوْهَبٍ، وهو ثقة روى له أصحاب السنن إلا الترمذي. وأخرجه البخاري (6580) في الرقاق: باب في الحوض، ومسلم (2303) في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، والبيهقي في "البعث والنشور" (121) من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/225، والترمذي (2442) في صفة القيامة: باب ما جاء في صفة الحوض، وابن أبي عاصم في "السنّة" (711) و (712) من طرق عن الزهري، به. وقال الترمذي: حسن صحيح غريب. وأخرجه ابن أبي عاصم (713) عن البخاري، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنَا أَخِي، عَنْ سليمان بن بلال، عن عُبيد الله بن عمر، عن رفاعة بن رافع الزرقي، عن أنس بن مالك.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ قَدْ دَعَا بِهَا فِي أُمَّتِهٖ، وَإِنِّي اخْتَبَأْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ہر نبی کی ایک مخصوص دعا ہوتی ہے' جس کے ذریعے وہ اپنی امت کے بارے میں دعا مانگتا ہے میں نے اپنی مخصوص دعا کو قیامت کے دن اپنی امت کی شفاعت کے لیے سنبھال کر رکھ لیا ہے۔''

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ دَعْوَتَهُ الَّتِي اسْتُجِيبَتْ لَهُ شَفَاعَةً لِأُمَّتِهٖ فِي الْقِيَامَةِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی مستجاب دعا کو قیامت کے دن اپنی امت کی شفاعت کے لیے مخصوص کیا ہے

**6461** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِدْرِيسَ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ يَدْعُو بِهَا، وَإِنِّي أَخَّرْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأُمَّتِي فِي الْآخِرَةِ

---

6460- إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو عاصم: هو النبيل الضحاك بن مخلد . وأخرجه ابن خزيمة في "التوحيد" ص 260 من طريق زيد بن أخزم، عن أبي عاصم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/384، ومسلم (201) في الإيمان: باب اختباء النبي - صلى الله عليه وسلم - دعوة الشفاعة لأمته، وابن منده في "الإيمان" (919) ، وأبو يعلى (2237) ، وأبو عوانة 1/91 من طرق عن روح بن عبادة، وأخرجه أبو عوانة من طريق حجاج وإسحاق بن إبراهيم قاضي خوارزم، ثلاثتهم عن ابن جريج به . وأخرجه أحمد 3/396، وابن خزيمة ص 263-262 من طريقين عن هشام بن حسان، عن الحسن البصري، عن جابر.

6461- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ" 1/212 في القرآن: باب ما جاء في الدعاء . ومن طريق مالك أخرجه أحمد 2/486، والبخاري (6304) في الدعوات: باب لكل نبي دعوة، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 257، وابن منده في "الإيمان " (901) ، والبغوي (1236) . وأخرجه ابن منده في " الإيمان " (902) من طريق شُعَيْبِ بْنِ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، به . وأخرجه ابن منده (953) ، والقضاعي (1041) من طريقين عن الأعرج، به. وأخرجه عبد الرزاق (20864) ، وأحمد 2/275 و313 و381 و 396، والدارمي 1/328، والبخاري (7474) في التوحيد: باب المشيئة والإرادة، ومسلم (198) في الإيمان: باب اختباء النبي - صلى الله عليه وسلم - دعوته شفاعة لأمته، وابن خزيمة ص 257 و 258 و 259، والآجري في "الشريعة" ص 341 و 342، وأبو عوانة 1/90، والطبراني في " الأوسط " (1748) ، وابن منده في " الإيمان " (892) ... (900) و (907) ... (911) ، والقضاعي في "مسند الشهاب" (1039) و (1040) و (1042) و (1045) ، والبغوي (1235) من طرق عن أبي هريرة . وأخرجه أحمد 2/426، ومسلم (199) ، والترمذي (3602) في الدعوات: باب رقم (131) ، وابن ماجه (4307) في الزهد: باب ذكر الشفاعة، وأبو عوانة 1/90، وابن منده (912) و (913) من طرق عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وزاد في آخره: "وهي نائلة -إن شاء الله- من مات لا يشرك بالله شيئاً."

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''ہر نبی کی ایک مخصوص دعا ہوتی ہے' جو وہ مانگتا ہے میں نے اپنی دعا کو آخرت میں اپنی امت کی شفاعت کے لیے مؤخر کر دیا ہے۔''

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَفَاعَتِي لِاُمَّتِي، اَرَادَ بِهِ: مَنْ لَمْ يُشْرِكْ بِاللّٰهِ مِنْهُمْ دُونَ مَنْ اَشْرَكَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''میری شفاعت میری امت کے لیے ہوگی''

اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے کہ ان میں سے جو شخص شرک نہیں کرتا (اس کے لیے ہوگی) جو شرک کرتا ہے وہ اس میں شامل نہیں ہے

**6462** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، بِبُسْتَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حَمَّادٍ، بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اُعْطِيتُ خَمْسًا لَمْ يُعْطَهُنَّ اَحَدٌ قَبْلِي: بُعِثْتُ اِلَى الْاَحْمَرِ وَالْاَسْوَدِ، وَاُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ، وَلَمْ تَحِلَّ لِاَحَدٍ قَبْلِي، وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ، فَيُرْعَبُ الْعَدُوُّ مِنْ مَسِيرَةِ شَهْرٍ، وَجُعِلَتْ لِيَ الْاَرْضُ طَهُورًا وَمَسْجِدًا، وَقِيلَ لِي: سَلْ تُعْطَهْ، وَاخْتَبَاْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِاُمَّتِي فِي الْقِيَامَةِ، وَهِيَ نَائِلَةٌ - اِنْ شَاءَ اللّٰهُ - لِمَنْ لَمْ يُشْرِكْ بِاللّٰهِ شَيْئًا

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
''مجھے پانچ ایسی چیزیں عطا کی گئی ہیں' جو مجھ سے پہلے کسی کو عطا نہیں کی گئیں۔ مجھے سرخ و سیاہ (یعنی تمام بنی نوع انسان) کی طرف مبعوث کیا گیا۔ میرے لیے مال غنیمت کو حلال قرار دیا گیا جو مجھ سے پہلے کسی کے لیے حلال نہیں ہوا تھا۔ میری رعب کے ذریعے مدد کی گئی دشمن ایک ماہ کی مسافت سے مرعوب ہو جاتا ہے میرے لیے تمام روئے زمین کو طہارت کے حصول کا ذریعہ اور جائے نماز قرار دیا گیا۔ اور مجھ سے یہ کہا گیا تم مانگو تمہیں دیا جائے گا' تو میں نے اپنی دعا کو قیامت کے دن اپنی امت کی شفاعت کے لیے سنبھال کر رکھ لیا ہے۔ اگر اللہ نے چاہا' تو یہ دعا ہر اس شخص کو نصیب ہوگی جو کسی کو اللہ کا شریک نہیں ٹھہراتا ہوگا۔''

---

6462- حديث صحيح، حماد بن يحيى ذكره المصنف في "الثقات" 8/205، وقال: يروي عن أبيه وأبي الوليد وأهل البصرة، روى عنه إسحاق بن إبراهيم الشهيد، وهو متابع، ومن فوقه من رجال الشيخين . أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري، وسليمان: هو الأعمش. وأخرجه أحمد 5/ 148عن عفان، عن أبي عوانة، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم على شرطهما 2/424 من طريق أبي كريب، عن الأعمش به، وأورده الهيثمي في "المجمع" 8/259، ونسبه إلى أحمد، وقال: ورجاله رجال الصحيح.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ إِيجَابِ الشَّفَاعَةِ لِمَنْ مَاتَ مِنْ أُمَّةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا

## ایسے شخص کے لیے شفاعت کے لازم ہونے کا تذکرہ' جو نبی اکرم ﷺ کی امت سے تعلق رکھتا ہو اور وہ ایسی حالت میں مرے کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہراتا ہو

**6463** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): عَرَّسَ بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَافْتَرَشَ كُلُّ رَجُلٍ مِنَّا ذِرَاعَ رَاحِلَتِهِ، قَالَ: فَانْتَبَهْتُ فِي بَعْضِ اللَّيْلِ، فَإِذَا نَاقَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ قُدَّامَهَا أَحَدٌ، فَانْطَلَقْتُ أَطْلُبُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَيْسٍ قَائِمَانِ، فَقُلْتُ: أَيْنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَا: لَا نَدْرِي غَيْرَ أَنَّا سَمِعْنَا صَوْتًا بِأَعْلَى الْوَادِي، فَإِذَا مِثْلُ هَدِيرِ الرَّحَى، قَالَ: فَلَبِثْنَا يَسِيرًا، ثُمَّ أَتَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّهُ أَتَانِي مِنْ رَبِّي آتٍ، فَخَيَّرَنِي بِأَنْ يَدْخُلَ نِصْفُ أُمَّتِي الْجَنَّةَ وَبَيْنَ الشَّفَاعَةِ، وَإِنِّي اخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ وَالصُّحْبَةِ لَمَا جَعَلْتَنَا مِنْ أَهْلِ شَفَاعَتِكَ، قَالَ: فَأَنْتُمْ مِنْ أَهْلِ شَفَاعَتِي قَالَ: فَلَمَّا رَكِبُوا، قَالَ: فَإِنِّي أُشْهِدُ مَنْ حَضَرَ أَنَّ شَفَاعَتِي لِمَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا مِنْ أُمَّتِي

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک رات نبی اکرم ﷺ نے ہمارے ساتھ پڑاؤ کیا ہر شخص نے اپنی سواری کے بازو کو بچھا دیا۔ راوی کہتے ہیں: رات کے کسی حصے میں' میں بیدار ہوا' تو نبی اکرم ﷺ کی اونٹنی کے آگے کوئی موجود نہیں تھا (یعنی نبی اکرم ﷺ غیر موجود تھے) میں نبی اکرم ﷺ کی تلاش میں نکلا' تو حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ بھی وہاں کھڑے تھے۔ میں نے دریافت کیا کہ اللہ کے رسول کہاں ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: ہمیں نہیں پتہ' البتہ ہم نے وادی کے بالائی حصہ سے آواز سنی ہے' جو چکی چلنے کی طرح کی آواز تھی۔ راوی کہتے ہیں: ابھی تھوڑی ہی دیر گزری تھی نبی اکرم ﷺ ہمارے پاس تشریف لے آئے۔ آپ ﷺ نے بتایا: میرے پاس میرے پروردگار کی طرف سے ایک قاصد آیا اور اس نے مجھے اس بات کا اختیار دیا کہ یا' تو میری امت کا نصف حصہ جنت میں داخل ہو جائے یا شفاعت (کو میں اختیار کر لوں) تو میں نے شفاعت کو اختیار کر لیا۔ لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ (ﷺ)! ہم آپ ﷺ کو اللہ کا واسطہ دیتے ہیں اور آپ ﷺ کے ساتھ اپنے تعلق کا واسطہ دیتے ہیں کہ آپ ﷺ ہمیں ان لوگوں میں شامل کیجئے' جن کو آپ ﷺ کی شفاعت نصیب ہو گی۔

6463- إسناده صحيح. وهو مكرر (211). وانظر الحديث الآتي برقم (6470) و (7180).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم لوگوں کو میری شفاعت نصیب ہوگی۔ راوی کہتے ہیں: جب وہ لوگ سوار ہوئے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں تمام حاضرین کو اس بات کا گواہ بنا کر یہ کہتا ہوں کہ میری امت کا جو بھی فرد ایسی حالت میں فوت ہو کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہراتا ہوا سے میری شفاعت نصیب ہوگی۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا يَشْفَعُ فِي الْقِيَامَةِ، عِنْدَ عَجْزِ الْأَنْبِيَاءِ عَنْهَا فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ قیامت کے دن اس وقت شفاعت کریں گے جب انبیاء شفاعت نہیں کر سکیں گے

**6464** - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، وَالْفُضَيْلُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْجَحْدَرِيُّ، وَعَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يُجْمَعُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُلْهَمُوْنَ لِذٰلِكَ، فَيَقُوْلُوْنَ: لَوِ اسْتَشْفَعْنَا إِلٰى رَبِّنَا كَيْ يُرِيحَنَا مِنْ مَكَانِنَا، قَالَ: فَيَأْتُوْنَ آدَمَ، فَيَقُوْلُوْنَ: أَنْتَ آدَمُ الَّذِيْ خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهِ، وَنَفَخَ فِيكَ مِنْ رُوحِهِ، وَأَمَرَ الْمَلَائِكَةَ فَسَجَدُوْا لَكَ، فَاشْفَعْ لَنَا عِنْدَ رَبِّكَ حَتّٰى يُرِيحَنَا مِنْ مَكَانِنَا هٰذَا، قَالَ: فَيَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، فَيَذْكُرُ خَطِيئَتَهُ الَّتِيْ أَصَابَهَا، فَيَسْتَحْيِي مِنْ رَبِّهِ مِنْهَا، وَلٰكِنِ ائْتُوا نُوحًا أَوَّلَ رَسُوْلٍ بَعَثَهُ اللّٰهُ، فَيَأْتُوْنَهُ، فَيَقُوْلُ: لَسْتُ

---

6464- إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري . وأخرجه ابن منده في "الإيمان" (864) : أنبأنا حسان بن محمد، حدثنا الحسن بن عامر، حدثنا محمد بن عبيد بن حساب وأبو كامل الجحدري وعبد الواحد بن غياث، بهذا الإسناد . ولم يسُق لفظه . وأخرجه ابن أبي عاصم في "السنّة" (805) و (806) ، ومسلم (193) في الإيمان: باب أدنى أهل الجنة منزلة فيها، عن أبي كامل فضيل بن حسين الجحدري ومحمد بن عبيد الغبري، قالا: حدثنا أبو عوانة، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن منده (864) من طريق موسى بن إسحاق، عن أبي كامل، به. وأخرجه البخاري (6565) في الرقاق: باب صفة الجنة والنار، عن مسدد، عن أبي عوانة، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 11/450-451، والطيالسي (2010) ، وأحمد 3/116، والبخاري (4476) في تفسير سورة البقرة: باب قول الله تعالى: (وعلم آدم الأسماء كلها) ، و (7410) في التوحيد: باب قول الله تعالى: (لما خلقت بيدي) ، و (7516) : باب قول الله تعالى: (وكلم الله موسى تكليماً) ، ومسلم، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 248-247 و 248 و250-249، وأبو عوانة 179-1/178 و 180-179 و 180، والبغوي (4334) ، والبيهقي في "الأسماء والصفات " ص 191 و 315، وفي "الاعتقاد" ص 89 و 194-192، واللالكائي في "شرح أصول الاعتقاد" (835) ، وابن منده في "الإيمان" (861) و (862) و (863) من طرق عن قتادة، به . وأخرجه أحمد 3/244، وابن أبي عاصم في "السنّة" (804) و (807) و (808) و (809) و (810) ، والبخاري (7510) في التوحيد: باب كلام الرب تعالى يوم القيامة مع الأنبياء وغيرهم، ومسلم، وابن خزيمة ص 253 -254، و 299، وابن منده (866) ، والبغوي (4333) من طرق عن أنس بنحوه.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


هُنَاكُمْ، وَيُذْكَرُ خَطِيئَتَهُ الَّتِي اَصَابَ، فَيَسْتَحْيِي رَبَّهُ مِنْهَا، وَلٰكِنِ ائْتُوا اِبْرَاهِيمَ الَّذِي اتَّخَذَهُ اللّٰهُ خَلِيلًا، قَالَ: فَيَاْتُونَ اِبْرَاهِيمَ، فَيَقُولُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَيُذْكَرُ خَطِيئَتَهُ الَّتِي اَصَابَ فَيَسْتَحْيِي رَبَّهُ مِنْهَا، وَلٰكِنِ ائْتُوا مُوسَى الَّذِي خَلَقَهُ اللّٰهُ وَاَعْطَاهُ التَّوْرَاةَ، قَالَ: فَيَاْتُونَ مُوسٰى، فَيَقُولُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَيُذْكَرُ خَطِيئَتَهُ، فَيَسْتَحْيِي رَبَّهُ مِنْهَا، وَلٰكِنِ ائْتُوا عِيسٰى، فَيَقُولُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَلٰكِنِ ائْتُوا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدٌ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ، وَمَا تَاَخَّرَ، قَالَ: فَيَاْتُونِي، فَاَسْتَاْذِنُ عَلٰى رَبِّي، فَيَاْذَنُ لِي، فَاِذَا اَنَا رَاَيْتُهُ وَقَعْتُ سَاجِدًا، فَ يَدَعُنِي مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَدَعَنِي، ثُمَّ يُقَالُ: ارْفَعْ مُحَمَّدُ، وَقُلْ تُسْمَعْ، وَسَلْ تُعْطَهْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، قَالَ: فَاَرْفَعُ رَاْسِي، فَاَحْمَدُ رَبِّي بِمَحَامِدَ يُعَلِّمُنِيهِ، ثُمَّ اَشْفَعُ، فَيَحُدُّ لِي حَدًّا، فَاُخْرِجُهُمْ مِنَ النَّارِ، وَاُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ، ثُمَّ اَعُودُ سَاجِدًا، فَيَدَعُنِي مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَدَعَنِي، ثُمَّ يُقَالُ: ارْفَعْ مُحَمَّدُ، وَقُلْ تُسْمَعْ، سَلْ تُعْطَهْ، اشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَاَرْفَعُ رَاْسِي، وَاَحْمَدُ رَبِّي بِمَحَامِدَ يُعَلِّمُنِيهِ، ثُمَّ اَشْفَعُ، فَيَحُدُّ لِي حَدًّا، فَاُخْرِجُهُمْ مِنَ النَّارِ، وَاُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ، ثُمَّ اَضَعُ رَاْسِي، فَيَدَعُنِي مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَدَعَنِي، ثُمَّ يُقَالُ لِي: ارْفَعْ رَاْسَكَ، وَقُلْ تُسْمَعْ، سَلْ تُعْطَهْ، اشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَاَرْفَعُ رَاْسِي، فَاَحْمَدُ رَبِّي بِمَحَامِدَ يُعَلِّمُنِيهِ، ثُمَّ اَشْفَعُ فَيَحُدُّ لِي حَدًّا، فَاُخْرِجُهُمْ مِنَ النَّارِ، وَاُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ

قَالَ اَبُو عَوَانَةَ: فَلَا اَدْرِي قَالَ فِي الثَّالِثَةِ اَوِ الرَّابِعَةِ، فَاَقُولُ: يَا رَبِّ، مَا بَقِيَ فِي النَّارِ اِلَّا مَنْ حَبَسَهُ الْقُرْآنُ، اَوْ وَجَبَ عَلَيْهِ الْخُلُودُ.

قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰكَذَا اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، وَلٰكِنِ ائْتُوا مُوسَى الَّذِي خَلَقَهُ اللّٰهُ، وَاِنَّمَا هُوَ: الَّذِي كَلَّمَهُ اللّٰهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''قیامت کے دن لوگوں کو (میدان محشر میں) اکٹھا کیا جائے گا۔ انہیں یہ بات الہام کی جائے گی' تو وہ کہیں گے اگر کوئی ہمارے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کرے تا کہ ہمیں اس صورتحال سے نجات ملے' تو یہ بہتر ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: لوگ حضرت آدم علیہ السلام کے پاس آئیں گے' اور کہیں گے آپ وہ حضرت آدم علیہ السلام ہیں' جنہیں اللہ نے اپنے دست قدرت کے ذریعے پیدا کیا۔ آپ میں اپنی روح کو پھونکا اس نے فرشتوں کو حکم دیا' تو فرشتوں نے آپ کو سجدہ کیا۔ آپ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے تا کہ ہمیں اس صورتحال سے نجال ملے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: حضرت آدم علیہ السلام کہیں گے: میں یہ نہیں کرسکتا وہ اپنی اس خطا کا ذکر کریں گے جس کے وہ مرتکب ہوئے تھے۔ اور اس خطا کی وجہ سے انہیں اپنے پروردگار سے حیا آئے گی۔ وہ کہیں گے کہ تم حضرت نوح علیہ السلام کے پاس جاؤ کیونکہ وہ پہلے رسول ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ نے مبعوث کیا۔

لوگ حضرت نوح علیہ السلام کے پاس جائیں گے۔ وہ یہ کہیں گے میں یہ نہیں کرسکتا وہ اپنی اس خطا کا ذکر کریں گے جس کے وہ مرتکب ہوئے تھے۔ اس خطا کی وجہ سے انہیں اپنے پروردگار سے حیا آئے گی (وہ یہ کہیں گے) تم لوگ حضرت

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


ابراہیم علیہ السلام کے پاس جاؤ، جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنا خلیل بنایا تھا۔

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: لوگ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئیں گے وہ یہ کہیں گے میں یہ نہیں کرسکتا۔ وہ اپنی اس خطا کو یاد کریں گے جس کے وہ مرتکب ہوئے تھے۔ انہیں اس وجہ سے اپنے پروردگار سے حیا آتی ہوگی (وہ یہ کہیں گے) تم لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ، جنہیں اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا اور انہیں توریت عطا کی۔ 3

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے۔ وہ یہ کہیں گے میں یہ نہیں کرسکتا۔ انہیں اپنی وہ خطا یاد آئے گی، جس کی وجہ سے وہ اپنے پروردگار سے حیا کریں گے (تو وہ یہ کہیں گے) تم لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام یہ کہیں گے۔ میں یہ نہیں کرسکتا تم لوگ حضرت محمد ﷺ کے پاس جاؤ وہ ایک ایسے بندے ہیں جن کے گزشتہ اور آئندہ ذنب کی مغفرت اللہ تعالیٰ نے کردی ہے۔

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: لوگ میرے پاس آئیں گے۔ میں اپنے پروردگار سے اجازت مانگوں گا۔ وہ مجھے اجازت عطا کرے گا، تو میں سجدے میں چلا جاؤں گا۔ جتنی دیر اللہ کو منظور ہوگا میں سجدے میں رہوں گا، پھر یہ کہا جائے گا: اے محمد (ﷺ) (سجدے سے) سر کو اٹھاؤ۔ بولو سنا جائے گا۔ مانگو دیا جائے گا۔ شفاعت کرو شفاعت قبول ہوگی۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں۔ میں اپنا سر اٹھاؤں گا۔ اور اپنے پروردگار کی ایسے الفاظ کے ہمراہ حمد بیان کروں گا جن کی وہ مجھے تعلیم دے گا، پھر میں شفاعت کروں گا، تو میرے لیے ایک حد مقرر کی جائے گی۔ میں ان لوگوں کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کروادوں گا، پھر میں دوبارہ سجدے میں چلا جاؤں گا۔ جتنی دیر اللہ کو منظور ہوگا وہ مجھے (سجدے کی حالت میں) رہنے دے گا، پھر یہ کہا جائے گا محمد! سجدے سے سر کو اٹھاؤ۔ بولو سنا جائے گا۔ مانگو دیا جائے گا۔ شفاعت کرو شفاعت قبول کی جائے گی، تو میں اپنے سر کو اٹھاؤں گا اور اپنے پروردگار کی ایسے الفاظ کے ہمراہ حمد بیان کروں گا، جن کی وہ مجھے تعلیم دے گا، پھر میں شفاعت کروں گا، تو میرے لیے حد مقرر کی جائے گی۔ میں ان لوگوں کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کردوں گا، پھر میں، اپنا سر (سجدے میں) رکھوں گا۔ اللہ تعالیٰ کو جتنا منظور ہوگا۔ وہ اتنی دیر (مجھے سجدے میں رہنے دے گا) پھر مجھ سے کہا جائے گا (سجدے سے) اپنے سر کو اٹھاؤ بولو سنا جائے گا۔ مانگو دیا جائے گا۔ شفاعت کرو شفاعت قبول کی جائے گی، تو میں اپنا سر اٹھاؤں گا۔ اور ان الفاظ کے ذریعے اپنے پروردگار کی حمد بیان کروں گا، جن کی وہ مجھے تعلیم دے گا پھر میں شفاعت کروں گا، تو میرے لیے حد مقرر کی جائے گی۔ میں ان لوگوں کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کردوں گا۔"

ابو عوانہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: مجھے نہیں معلوم نبی اکرم ﷺ نے تیسری یا چوتھی مرتبہ یہ فرمایا میں عرض کروں گا: اے میرے پروردگار اب جہنم میں صرف وہ لوگ باقی رہ گئے ہیں جو قرآن (کے حکم) کی وجہ سے رکے ہیں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جن کا جہنم میں ہمیشہ رہنا طے ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حسن بن سفیان نے اس روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں ''تم لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ' جن کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے'' حالانکہ اصل الفاظ یہ ہیں ''جن کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے کلام کیا ہے۔''

## ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا لَا يَشْفَعُ الْاَنْبِيَاءُ لِلنَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي الْوَقْتِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

## اس علت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے قیامت کے دن انبیاء کرام اس وقت میں لوگوں کی شفاعت نہیں کر سکیں گے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

**6465** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): وَضَعْتُ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَصْعَةً مِنْ ثَرِيْدٍ وَّلَحْمٍ، فَتَنَاوَلَ الذِّرَاعَ، وَكَانَ اَحَبَّ الشَّاةِ اِلَيْهِ، فَنَهَسَ نَهْسَةً، فَقَالَ: اَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، ثُمَّ نَهَسَ اُخْرٰى، فَقَالَ: اَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، ثُمَّ نَهَسَ اُخْرٰى، فَقَالَ: اَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، فَلَمَّا رَاٰى اَصْحَابَهُ لَا يَسْاَلُوْنَهُ، قَالَ: اَلَا تَقُوْلُوْنَ: كَيْفَ؟ ، قَالُوْا: كَيْفَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ، فَيُسْمِعُهُمُ الدَّاعِي، وَيَنْفُذُهُمُ الْبَصَرُ، وَتَدْنُو الشَّمْسُ مِنْ رُءُوسِهِمْ، فَيَشْتَدُّ عَلَيْهِمْ حَرُّهَا، وَيَشُقُّ عَلَيْهِمْ دُنُوُّهَا مِنْهُمْ، فَيَنْطَلِقُوْنَ مِنَ الْجَزَعِ وَالضَّجَرِ مِمَّا هُمْ فِيْهِ، فَيَاْتُوْنَ آدَمَ، فَيَقُوْلُوْنَ: يَا آدَمُ اَنْتَ اَبُو الْبَشَرِ خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهِ، وَاَمَرَ الْمَلَائِكَةَ فَسَجَدُوْا لَكَ، فَاشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ، اَلَا تَرٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ مِنَ الشَّرِّ؟، فَيَقُوْلُ: آدَمُ اِنَّ رَبِّي قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَّغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَاِنَّهُ كَانَ اَمَرَنِيْ بِاَمْرٍ فَعَصَيْتُهُ، فَاَخَافُ اَنْ يَّطْرَحَنِيْ فِي النَّارِ، انْطَلِقُوْا اِلٰى غَيْرِيْ، نَفْسِيْ نَفْسِيْ.

فَيَنْطَلِقُوْنَ اِلٰى نُوْحٍ، فَيَقُوْلُوْنَ: يَا نُوْحُ اَنْتَ نَبِيُّ اللّٰهِ، وَاَوَّلُ مَنْ اَرْسَلَ، فَاشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ، اَلَا تَرٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ مِنَ الشَّرِّ؟، فَيَقُوْلُ نُوْحٌ: اِنَّ رَبِّيْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَّغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَاِنَّهُ قَدْ كَانَتْ لِيْ دَعْوَةٌ فَدَعَوْتُ بِهَا عَلٰى قَوْمِيْ، فَاُهْلِكُوْا، وَاِنِّيْ اَخَافُ اَنْ يَّطْرَحَنِيْ فِي النَّارِ، انْطَلِقُوْا اِلٰى

6465- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو زرعة: هو ابن عمرو بن جرير . وأخرجه مسلم ( 194) في الإيمان: باب أدنى أهل الجنة منزلة فيها، عن زهير بن حرب، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن منده في "الإيمان" (882) من طريق إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الحميد، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 11/444، وأحمد 2/435-436، والبخاري (3340) في الأنبياء : باب قول الله عز وجل: (ولقد أرسلنا نوحاً إلى قومه) ، و ( 3361) : باب قول الله تعالى: (واتخذ الله إبراهيم خليلاً) ، و ( 4712) في تفسير سورة بني إسرائيل: باب (ذرية من حملنا مع نوح إنه كان عبداً شكوراً) ، ومسلم، والترمذي ( 2434) في صفة القيامة: باب ما جاء في الشفاعة، وابن أبي عاصم في "السنة" (811) ، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 242-244، وابن منده (879) و (880) و (881) وأبو عوانة 1/170 173- و173 و174، والبيهقي في "الأسماء والصفات " ص 315، والبغوي ( 4332) من طرق عن أبي حيان يحيى بن سعيد، عن أبي زرعة، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



غَيْرِي، نَفْسِي نَفْسِي.

فَيَنْطَلِقُونَ إِلَى إِبْرَاهِيمَ، فَيَقُولُونَ: يَا إِبْرَاهِيمُ أَنْتَ خَلِيلُ اللَّهِ، قَدْ سَمِعَ بِخُلَّتِكُمَا أَهْلُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، فَاشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ، أَلَا تَرَى مَا نَحْنُ فِيهِ مِنَ الشَّرِّ؟ فَيَقُولُ: إِنَّ رَبِّي قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَذَكَرَ قَوْلَهُ فِي الْكَوَاكِبِ: (هٰذَا رَبِّي) (الأنعام: 76)، وَقَوْلَهُ لِآلِهَتِهِمْ: (بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هٰذَا) (الأنبياء: 63)، وَقَوْلَهُ: (إِنِّي سَقِيمٌ) (الصافات: 89)، وَإِنِّي أَخَافُ أَنْ يَطْرَحَنِي فِي النَّارِ، انْطَلِقُوا إِلَى غَيْرِي، نَفْسِي نَفْسِي.

فَيَنْطَلِقُونَ إِلَى مُوسَى، فَيَقُولُونَ: يَا مُوسَى أَنْتَ نَبِيٌّ اصْطَفَاكَ اللَّهُ بِرِسَالَاتِهِ، وَكَلَّمَكَ تَكْلِيمًا، فَاشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ، أَلَا تَرَى مَا نَحْنُ فِيهِ مِنَ الشَّرِّ؟ فَيَقُولُ مُوسَى: إِنَّ رَبِّي قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَإِنِّي قَدْ قَتَلْتُ نَفْسًا، وَلَمْ أُؤْمَرْ بِهَا، فَأَخَافُ أَنْ يَطْرَحَنِي فِي النَّارِ، انْطَلِقُوا إِلَى غَيْرِي، نَفْسِي نَفْسِي.

فَيَنْطَلِقُونَ إِلَى عِيسَى، فَيَقُولُونَ: يَا عِيسَى أَنْتَ نَبِيُّ اللَّهِ، وَكَلِمَةُ اللَّهِ وَرُوحُهُ أَلْقَاهَا إِلَى مَرْيَمَ، وَرُوحٌ مِنْهُ، اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ، أَلَا تَرَى مَا نَحْنُ فِيهِ مِنَ الشَّرِّ؟ فَيَقُولُ: إِنَّ رَبِّي قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَأَخَافُ أَنْ يَطْرَحَنِي فِي النَّارِ، انْطَلِقُوا إِلَى غَيْرِي، نَفْسِي نَفْسِي قَالَ عُمَارَةُ: وَلَا أَعْلَمُهُ ذَكَرَ ذَنْبًا، فَيَأْتُونَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَقُولُونَ: أَنْتَ رَسُولُ اللَّهِ، وَخَاتَمُ النَّبِيِّينَ، غَفَرَ اللَّهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ، اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ، فَأَنْطَلِقُ فَآتِي الْعَرْشَ؛ فَأَقَعُ سَاجِدًا لِرَبِّي، فَيُقِيمُنِي رَبُّ الْعَالَمِينَ مِنْهُ مَقَامًا لَمْ يُقِمْهُ أَحَدًا قَبْلِي، وَلَمْ يُقِمْهُ أَحَدًا بَعْدِي، فَيَقُولُ: يَا مُحَمَّدُ أَدْخِلْ مَنْ لَا حِسَابَ عَلَيْهِ مِنْ أُمَّتِكَ مِنَ الْبَابِ الْأَيْمَنِ، وَهُمْ شُرَكَاءُ النَّاسِ فِي الْأَبْوَابِ الْأُخَرِ، وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ إِنَّ مَا بَيْنَ الْمِصْرَاعَيْنِ مِنْ مَصَارِيعِ الْجَنَّةِ إِلَى مَا بَيْنَ عِضَادَتِيِ الْبَابِ كَمَا بَيْنَ مَكَّةَ، وَهَجَرَ، أَوْ هَجَرَ وَمَكَّةَ، قَالَ: لَا أَدْرِي أَيَّ ذٰلِكَ قَالَ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ثرید اور گوشت کا پیالہ رکھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں سے دستی اٹھائی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بکرے کے گوشت میں وہ سب سے زیادہ پسند تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دانت کے ذریعے نوچ کر کھایا اور فرمایا قیامت کے دن میں تمام انسانوں کا سردار ہوں گا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دوسری مرتبہ کھایا اور فرمایا میں قیامت کے دن تمام انسانوں کا سردار ہوں گا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے تیسری مرتبہ کھایا اور فرمایا: میں قیامت کے دن تمام انسانوں کا سردار ہوں گا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو دیکھا کہ انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی سوال نہیں کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ یہ کیوں نہیں پوچھتے کہ ایسا کیسے ہوگا۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! یہ کیسے ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (قیامت کے دن) تمام لوگ تمام جہانوں کے پروردگار کی بارگاہ میں کھڑے ہوں گے۔ بلانے والا اپنی آواز

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


ان تک پہنچا سکے گا۔ نگاہ انہیں دیکھ سکے گی۔ اور سورج ان کے سر کے قریب ہوگا۔ اس کی تپش ان کے لیے شدید دشواری کا باعث ہو گی۔ اور سورج کا ان کے قریب ہونا ان کے لیے مشقت کا باعث ہوگا۔ وہ لوگ اپنی صورتحال کی وجہ سے گریہ وزاری اور آہ و بکا کرتے ہوئے جائیں گے' اور حضرت آدم علیہ السلام کے پاس آئیں گے۔ اور کہیں گے اے حضرت آدم علیہ السلام آپ انسانوں کے جد امجد ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے دست قدرت کے ذریعے پیدا کیا۔ اس نے فرشتوں کو حکم دیا تو انہوں نے آپ کو سجدہ کیا آپ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے۔ کیا آپ ملاحظہ نہیں فرمارہے کہ ہم کیسی بری صورتحال کا شکار ہیں' تو حضرت آدم علیہ السلام یہ کہیں گے میرا پروردگار آج جتنا غضب میں ہے اس سے پہلے اتنا غضب میں نہیں آیا۔ اور اس کے بعد اتنا غضب ناک نہیں ہوگا۔ اس نے مجھے ایک بات کا حکم دیا تھا۔ میں نے اس کی بات نہیں مانی۔ اب مجھے یہ اندیشہ ہے کہ وہ مجھے بھی جہنم میں نہ ڈال دے۔ تم میرے بجائے کسی دوسرے کے پاس جاؤ (اب) مجھے اپنی فکر ہے صرف اپنی فکر ہے۔

وہ لوگ حضرت نوح علیہ السلام کے پاس جائیں گے اور کہیں گے اے حضرت نوح علیہ السلام آپ اللہ کے نبی ہیں۔ آپ پہلے شخص ہیں' جسے رسول بنا کر بھیجا گیا۔ آپ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے کیا آپ ملاحظہ نہیں کررہے ہم کیسی بری صورتحال کا شکار ہیں۔ حضرت نوح علیہ السلام فرمائیں گے میرا پروردگار آج جتنا غضب ناک ہے اس سے پہلے کبھی اتنا غضب ناک نہیں ہوا۔ اور اس کے بعد بھی کبھی اتنا غضب ناک نہیں ہوگا میری ایک دعا تھی جو میں نے اپنی قوم کے خلاف کی تھی جس کے نتیجے میں وہ لوگ ہلاکت کا شکار ہوگئے۔ اب مجھے یہ اندیشہ ہے کہ کہیں وہ مجھے جہنم میں نہ ڈال دے۔ اس لئے تم میری بجائے کسی اور کے پاس جاؤ مجھے صرف اپنی فکر ہے صرف اپنی فکر ہے۔

وہ لوگ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس جائیں گے' اور کہیں گے: اے حضرت ابراہیم علیہ السلام آپ اللہ کے خلیل ہیں آپ دونوں کی خلت کے بارے میں تمام آسمانوں والوں اور زمین والوں نے سن رکھا ہے۔ آپ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے کیا آپ ملاحظہ نہیں کررہے کہ ہم کیسی مشکل کا شکار ہیں' تو حضرت ابراہیم علیہ السلام فرمائیں گے میرا پروردگار آج جتنا غضب ناک ہے اس سے پہلے کبھی اتنا غضب ناک نہیں ہوا اور اس کے بعد کبھی اتنا غضب ناک نہیں ہوگا' پھر وہ ستاروں کے بارے میں اپنے قول کا ذکر کریں گے "یہ میرا پروردگار ہے" اور ان لوگوں کے بتوں کے بارے میں اپنے اس قول کا ذکر کریں گے" بلکہ ان میں سے بڑے نے ایسا کیا ہے" اور اپنے اس قول کا ذکر کریں گے "میں بیمار ہوں۔"

(پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام فرمائیں گے ) کہ مجھے اندیشہ ہے کہ کہیں وہ مجھے جہنم میں نہ ڈال دے تم میری بجائے کسی اور کے پاس جاؤ۔ ابھی مجھے صرف اپنی فکر ہے صرف اپنی فکر ہے۔

وہ لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے' تو کہیں گے: اے حضرت موسیٰ علیہ السلام آپ ایسے نبی ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی رسالت کے لیے منتخب کیا۔ اس نے آپ کے ساتھ کلام کیا۔ آپ پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے۔ کیا آپ ملاحظہ نہیں فرمارہے کہ ہم کیسی مشکل کا شکار ہیں' تو حضرت موسیٰ علیہ السلام یہ کہیں گے۔ میرا پروردگار آج جتنا غضب ناک ہے۔ اس سے پہلے اتنا غضب ناک نہیں ہوا اور اس کے بعد اتنا غضب ناک نہیں ہوگا میں نے ایک شخص کو قتل کردیا تھا' حالانکہ مجھے اس کا حکم نہیں دیا گیا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



تھا' تو مجھے یہ اندیشہ ہے کہ کہیں وہ مجھے جہنم میں داخل نہ کردے۔ تم لوگ میری بجائے کسی اور کے پاس جاؤ۔ ابھی مجھے صرف اپنی فکر ہے صرف اپنی فکر ہے۔

تو وہ لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے اور کہیں گے کہ آپ اللہ کے نبی ہیں آپ اس کا کلمہ ہیں۔ اس کی روح ہیں' جو اس نے حضرت مریم کی طرف القاء کی تھی۔ اس کی طرف سے آنے والی روح ہیں۔ آپ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے کیا آپ ملاحظہ نہیں کررہے کہ ہم کس مشکل کا شکار ہیں' تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کہیں گے کہ میرا پروردگار آج جتنا غضب ناک ہے وہ اس سے پہلے کبھی اتنا غضب ناک نہیں ہوا اور اس کے بعد کبھی اتنا غضب ناک نہیں ہوگا۔ مجھے یہ اندیشہ ہے کہ کہیں وہ مجھے جہنم میں نہ ڈال دے۔ تم لوگ میری بجائے کسی اور کے پاس جاؤ۔ مجھے صرف اپنی فکر ہے اپنی فکر ہے۔

عمارہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: میرے علم کے مطابق (روایت میں یہ الفاظ نہیں ہیں) کہ انہوں نے کسی ذنب کا ذکر کیا ہو۔

پھر لوگ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں گے۔ اور یہ کہیں گے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ خاتم النبیین ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گزشتہ اور آئندہ ذنب کی مغفرت کردی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: میں وہاں سے چلوں گا اور عرش کے پاس آجاؤں گا۔ میں اپنے پروردگار کی بارگاہ میں سجدہ میں چلا جاؤں گا' تو تمام جہانوں کا پروردگار اپنی بارگاہ میں مجھے ایسے مقام پر فائز کرے گا کہ اس نے مجھ سے پہلے کسی کو اس مقام پر فائز نہیں کیا اور میرے بعد بھی کسی کو اس مقام پر فائز نہیں کرے گا۔ وہ یہ فرمائے گا: اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تم اپنی امت کو دائیں طرف والے دروازے سے (جنت میں) داخل کرو۔ ان لوگوں کو' جن سے حساب نہیں لیا جائے گا' حالانکہ وہ لوگ دوسرے دروازوں سے دیگر لوگوں کے ساتھ بھی اندر داخل ہوسکتے ہیں۔

(پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا) اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں محمد کی جان ہے جنت کا ایک دروازہ اتنا چوڑا ہے جتنا مکہ اور ہجر کے درمیان فاصلہ ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جتنا ہجر اور مکہ کے درمیان فاصلہ ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: مجھے نہیں معلوم کہ روایت میں کون سے لفظ کا ذکر پہلے ہے۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْقَوْمِ الَّذِينَ تَلْحَقُهُمْ شَفَاعَةُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعُقْبٰى

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو ان لوگوں کی صفت کے بارے میں ہے جنہیں آخرت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب ہوگی

**6466** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي سَالِمٍ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایۃ

www.KitaboSunnat.com



الْجَيْشَانِيِّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ مُعَتِّبٍ الْهُذَلِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ:

(متن حدیث): سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَاذَا رَدَّ اِلَيْكَ رَبُّكَ فِي الشَّفَاعَةِ؟ قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَقَدْ ظَنَنْتُ اَنَّكَ اَوَّلُ مَنْ يَّسْاَلُنِيْ عَنْ ذٰلِكَ مِنْ اُمَّتِيْ، لِمَا رَاَيْتُ مِنْ حِرْصِكَ عَلَى الْعِلْمِ، وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَمَا يُهِمُّنِيْ مِنَ انْقِصَافِهِمْ عَلٰى اَبْوَابِ الْجَنَّةِ اَهَمُّ عِنْدِيْ مِنْ تَمَامِ شَفَاعَتِيْ لَهُمْ، وَشَفَاعَتِيْ لِمَنْ شَهِدَ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصًا، وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ يُصَدِّقُ لِسَانُهُ قَلْبَهُ وَقَلْبُهُ لِسَانَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پروردگار نے شفاعت کے حوالے سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا عطا کیا ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں محمد کی جان ہے، مجھے یہ اندازہ تھا کہ میری امت میں سب سے پہلے تم مجھ سے اس بارے میں سوال کرو گے کیونکہ میں نے یہ بات نوٹ کی ہے کہ تمہیں علم حاصل کرنے کا بہت شوق ہے۔ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں محمد کی جان ہے ان لوگوں کا جنت کے دروازوں پر یکے بعد دیگرے آنا میرے نزدیک ان کے لیے اپنی شفاعت مکمل ہونے سے زیادہ ضروری ہے۔ میری شفاعت ہر اس شخص کو نصیب ہوگی جو پورے اخلاص کے ساتھ اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ اس کی زبان اس کے دل کی تصدیق کرے اور اس کا دل اس کی زبان کی تصدیق کرے۔

---

6466- حديث حسن. حرملة بن يحيى من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين غير معاوية بن معتب، ويقال: ابن مغيث، ويقال: ابن عتبة، يروى عن أبى هريرة وكان فى حجره، ترجم له البخارى 7/331، وابن أبى حاتم 8/379، ولم يذكرا فيه جرحا ولا تعديلاً، وذكره المؤلف فى " ثقاته " 5/413، فقال: عداده فى أهل البصرة روى عنه سالم بنُ أبى الجعد. كذا قال، وهو خطأ، والصوابُ أن عداده فى أهل مصر، وأن الراوى عنه سالم بن أبى سالم الجيشانى، كذا ذكره البخارى، وابن أبى حاتم، وابن يونس، نبَّه على ذلك الحافظ العراقى فى نسخته من الثقات، ونقله عنه ابن حجر فى "تعجيل المنفعة" ص 307، وذكر ابن يونس فيما نقله عنه الحافظ راوياً آخر عن معاوية بن معتب هو بشير بن عمر الأسلمى. أبو الخير: هو مرثد بن عبد الله اليزنى. وأخرجه أحمد 2/307، والحاكم 1/70 من طرق عن الليث، عن يزيد بن أبى حبيب، عن سالم الجيشانى، بهذا الإسناد، ولم يذكرا أبا الخير اليزنى. وأخرجه أحمد مختصراً 2/158 عن عثمان بن عمر، حدثنا عبدُ الحميد بن جعفر، عن يزيد بن أبى حبيب، عن معاوية بن مغيث أو معتب، به. ولم يذكر أبا الخير ولا سالماً الجيشانى. وأورده الهيثمى فى "المجمع" 10/404، وقال: رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح غير معاوية بن معتب، وهو ثقة! وصححه الحاكم، ووافقه الذهبى، وقال الحاكم: فإن معاوية بن معتب مصرى من التابعين، وقد أخرج البخارى حديث عمرو بن أبى عمرو مولى المطلب، عن سعيد بن أبى سعيد، عن أبى هُريرة، قال: قلتُ: يا رسول الله، من أسعدُ الناس بشفاعتك؟ الحديث بغير هذا اللفظ، والمعنى قريب منه. قلت: الحديثُ بتمامه عند البخارى (99) و (6570)، وأحمد 2/307، وابن منده فى " الإيمان " (904) و (905) و (906) من طريق عمرو بن أبى عمرو، عن سعيد بن أبى سعيد المقبرى، عن أبى هريرة، قال: قلت: يا رسول الله، من أسعد الناس بشفاعتك يوم القيامة؟ قال رسول الله - صلى الله عليه وسلم -: "لقد ظننتُ يا أبا هريرة أن لا يسألنى عن هذا الحديث أحد أول منك لِمَا رأيتُ من حرصك على الحديث، أسعد الناس بشفاعتى يوم القيامة من قال: لا إله إلا الله خالصاً من قلبه أو نفسه."

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الشَّفَاعَةَ فِي الْقِيَامَةِ اِنَّمَا تَكُوْنُ لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ قیامت میں شفاعت اس امت سے تعلق رکھنے والے کبیرہ گناہوں کے مرتکب افراد کو نصیب ہوگی

6467 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الشَّرْقِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى، وَاَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ السُّلَمِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدِ الْعَنْبَرِيِّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَابِرٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: شَفَاعَتِي لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِي

امام جعفر صادق اپنے والد (امام محمد باقر) کے حوالے سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میری شفاعت میری امت کے کبیرہ گناہ کرنے والے لوگوں کے لیے ہے۔''

## ذِكْرُ اِثْبَاتِ الشَّفَاعَةِ فِي الْقِيَامَةِ لِمَنْ يُكْثِرُ الْكَبَائِرَ فِي الدُّنْيَا

## قیامت میں ایسے شخص کے لیے شفاعت کے اثبات کا تذکرہ' جو دنیا میں بکثرت کبیرہ گناہ کرتا رہا ہو

6468 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الشَّرْقِيِّ، - وَكَانَ مِنَ الْحُفَّاظِ الْمُتْقِنِيْنَ، وَاَهْلِ الْفِقْهِ فِي الدِّيْنِ - قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْاَزْهَرِ، وَاَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ السُّلَمِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

(متنِ حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: شَفَاعَتِي لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

---

6467- حديث صحيح، رجاله رجال الصحيح. محمد بن يحيى: هو الذهلي، وأحمد بن يوسف السلمي: هو ابن خالد الأزدي، وعمرو بن أبي سلمة: هو التنيسي الدمشقي، وزهير بن محمد التميمي العنبري -وإن كانت رواية أهل الشام عنه ضعيفة وهذه منها- قد توبع، وجعفر بن محمد: هو ابن عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طالب. وأخرجه ابن خزيمة في "التوحيد" ص 271 عن أحمد بن يوسف السلمي، بهذا الإسناد. وأخرجه الحاكم 1/69 من طريق أحمد بن عيسى التنيسي، عن عمرو بن أبي سلمة، به. وأخرجه ابن ماجه (4310) في الزهد: باب ذكر الشفاعة، من طريق الوليد بن مسلم، عن زهير بن محمد العنبري، به. وأخرجه الترمذي (2436) في صفة القيامة: باب ما جاء في الشفاعة، والآجري في "الشريعة" ص 338، والحاكم 1/69، وأبو نعيم في "الحلية" 3/200-210 من طرق عن أبي داود الطيالسي، عن محمد بن ثابت البناني، عن جعفر بن محمد، به. وعندهم زيادة: فقال لي جابر: يا محمد، من لم يكن من أهل الكبائر فما له وللشفاعة؟ وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه، يستغرب من حديث جعفر بن محمد، وانظر الحديث الآتي.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



"میری شفاعت میری امت کے کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لیے ہے۔"

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ أَبْطَلَ شَفَاعَةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأُمَّتِهِ فِي الْقِيَامَةِ زَعَمَ أَنَّ الشَّفَاعَةَ هُوَ اسْتِغْفَارُهُ لِأُمَّتِهِ فِي الدُّنْيَا

## اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جس نے قیامت کے دن

نبی اکرم ﷺ کے اپنی امت کی شفاعت کرنے کو باطل قرار دیا ہے اور وہ اس بات کا قائل ہے کہ شفاعت سے مراد نبی اکرم ﷺ کا دنیا میں اپنی امت کے لیے دعائے مغفرت کرنا ہے

**6469** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُوسَى عَبْدَانُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ قَدْ دَعَاهَا فِي أُمَّتِهِ، وَإِنِّي اخْتَبَأْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں، نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"ہر نبی کی ایک مخصوص دعا ہوتی ہے، جو وہ اپنی امت کے لیے کرتا ہے۔ میں نے اپنی دعا کو قیامت کے دن اپنی امت کی شفاعت کے لیے سنبھال کے رکھ لیا ہے۔"

## ذِكْرُ تَخْيِيرِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا صَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الشَّفَاعَةِ وَبَيْنَ أَنْ يَدْخُلَ نِصْفُ أُمَّتِهِ الْجَنَّةَ

6468- إسناده صحيح على شرط مسلم. أحمد بن الأزهر روى له النسائي وابن ماجه، وهو حسن الحديث، وأحمد بن يوسف السلمي ثقة من رجال مسلم، ومن فوقهما من رجال الشيخين . وأخرجه الترمذي (2435) في صفة القيامة: باب ما جاء في الشفاعة، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 270، والحاكم 1/69 من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه، وقال الحاكم: صحيح على شرط الشيخين، وأقره الذهبي . وأخرجه الطيالسي (2026) ، ومن طريقه ابن خزيمة في "التوحيد" ص 271، والبزار (3469) عن الخزرج بن عثمان، عن ثابت به . قال الهيثمي في "المجمع" 1/378: وفيه الخزرج بن عثمان وثقه ابن حبان، وقال ابن معين: صالح، وضعفه غير واحد . قلت: وقد تحرف اسمه في "مسند أبي داود" إلى: الحكم أبو عثمان، وفي ابن خزيمة إلى: الحكم بن خزرج، وفي البزار إلى: الجراح بن عثمان . وأخرجه أحمد 3/213، وأبو داود (4739) في السنة: باب في الشفاعة، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 271، والآجري في "الشريعة" ص 338، والطبراني في "الصغير" (438) و (1101) ، والحاكم 3/213، وأبو نعيم 7/261 من طرق عن أنس. وفي الباب عن ابن عباس عند الطبراني في "الكبير" (11454) وعن ابن عمر عند الخطيب في "تاريخه" 8/11.

6469- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر (6460) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو یہ اختیار دیا تھا کہ وہ شفاعت کو اختیار کریں، یا پھر آپ ﷺ کی امت کا نصف حصہ جنت میں داخل ہو جائے

**6470** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): عَرَّسَ بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَافْتَرَشَ كُلُّ رَجُلٍ مِنَّا ذِرَاعَ رَاحِلَتِهِ، فَانْتَبَهْتُ فِي بَعْضِ اللَّيْلِ، فَإِذَا نَاقَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ قُدَّامَهَا اَحَدٌ، فَانْطَلَقْتُ اَطْلُبُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَيْسٍ قَائِمَانِ، قَالَ: قُلْتُ: اَيْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ قَالَا: مَا نَدْرِي، غَيْرَ اَنَّا سَمِعْنَا صَوْتًا بِاَعْلَى الْوَادِي، فَإِذَا مِثْلُ هَدِيرِ الرَّحَى، فَلَمْ نَلْبَثْ اِلَّا يَسِيْرًا حَتّٰى اَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّهُ اَتَانِي اللَّيْلَةَ آتٍ مِنْ رَبِّي فَخَيَّرَنِي بَيْنَ اَنْ يَدْخُلَ نِصْفُ اُمَّتِي الْجَنَّةَ، وَبَيْنَ الشَّفَاعَةِ، وَاِنِّي اخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ، فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، نَنْشُدُكَ اللّٰهَ وَالصُّحْبَةَ لَمَا جَعَلْتَنَا مِنْ اَهْلِ شَفَاعَتِكَ، قَالَ: فَاِنَّكُمْ مِنْ اَهْلِ شَفَاعَتِي قَالَ: فَاَقْبَلْنَا اِلَى النَّاسِ، فَإِذَا هُمْ فَزِعُوا، وَفَقَدُوا نَبِيَّهُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ اَتَانِي اللَّيْلَةَ آتٍ، فَخَيَّرَنِي بَيْنَ اَنْ يَدْخُلَ نِصْفُ اُمَّتِي الْجَنَّةَ، وَبَيْنَ الشَّفَاعَةِ، وَاِنِّي اخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ، فَقَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، نَنْشُدُكَ اللّٰهَ لَمَا جَعَلْتَنَا مِنْ اَهْلِ شَفَاعَتِكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ: اِنِّي اُشْهِدُ مَنْ حَضَرَ اَنَّ شَفَاعَتِي لِمَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا مِنْ اُمَّتِي

❁❁ حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک رات نبی اکرم ﷺ نے ہمارے ساتھ پڑاؤ کیا ہر شخص نے اپنی سواری کو بٹھا دیا۔ رات کے کسی حصے میں، میں بیدار ہوا، تو نبی اکرم ﷺ کی اونٹنی کے آگے کوئی موجود نہیں تھا (یعنی نبی اکرم ﷺ موجود نہیں تھے) میں نبی اکرم ﷺ کو تلاش کرنے کے لیے چل پڑا، تو حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ بھی کھڑے نظر آئے میں نے دریافت کیا: اللہ کے رسول کہاں ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: ہمیں نہیں معلوم، البتہ ہم نے وادی کے بالائی حصے کی طرف سے ایک آواز سنی ہے، جو چکی کے چلنے جیسی آواز ہے۔ راوی کہتے ہیں: تھوڑی ہی دیر بعد نبی اکرم ﷺ ہمارے پاس تشریف لے آئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میرے پروردگار کی طرف سے ایک قاصد میرے پاس آیا۔ اس نے مجھے اس بات کا اختیار دیا، یا تو میری امت کا نصف حصہ جنت میں داخل ہو جائے یا پھر میں شفاعت کروں (خواہ وہ کتنے ہی لوگوں کی کیوں نہ ہو)، تو میں نے شفاعت کو اختیار کر لیا۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! ہم آپ ﷺ کو اللہ کا اور اپنے ساتھ کا واسطہ دے کر یہ کہتے ہیں: آپ ﷺ ہمیں بھی ان لوگوں میں شامل کریں، جنہیں آپ ﷺ کی شفاعت نصیب ہو گی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ان لوگوں میں شامل ہو، جن کو میری شفاعت نصیب ہو گی۔ راوی کہتے ہیں: پھر ہم لوگ لوگوں کی طرف آئے، تو وہ گھبرائے ہوئے تھے۔

---

6470- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري، وأبو المليح: هو ابن أسامة بن عمير. وقد تقدم تخريجه برقم (211)، وانظر الحديث المتقدم برقم (6463)، والحديث الآتي برقم (7180).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو غیر موجود پایا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرے پاس اس رات (میرے پروردگار کا) قاصد آیا' تو اس نے مجھے اس بات کا اختیار دیا کہ یا' تو میری امت کا نصف حصہ جنت میں داخل ہو جائے یا میں شفاعت کو اختیار کروں' تو میں نے شفاعت کو اختیار کیا۔ لوگوں نے عرض کی: ہم آپ ﷺ کو اللہ کا واسطہ دے کر یہ کہتے ہیں: آپ ﷺ ہمیں بھی ان لوگوں میں شامل کیجئے' جن کو آپ ﷺ کی شفاعت نصیب ہوگی۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں تمام حاضرین کو اس بات کا گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ میری شفاعت میری امت کے ہر اس شخص کو نصیب ہوگی جو ایسی حالت میں فوت ہوتا ہے کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہراتا ہو۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْكَوْثَرِ الَّذِىْ اَعْطَاهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

### اس کوثر کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو عطا کیا

**6471** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، قَالَ: قَرَاَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: (اِنَّا اَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ) (الكوثر: 1) قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْكَوْثَرُ نَهَرٌ فِى الْجَنَّةِ يَجْرِى عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ، حَافَّتَاهُ قِبَابُ الدُّرِّ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَضَرَبْتُ بِيَدِىْ فَاِذَا طِينُهُ مِسْكٌ اَذْفَرُ، وَاِذَا حَصْبَاؤُهُ اللُّؤْلُؤُ

ابت بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے یہ آیت تلاوت کی "بے شک ہم نے تمہیں کوثر عطا کی۔"

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بتایا: نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

"کوثر جنت میں موجود ایک نہر ہے' جو (جنت کی زمین پر بہتی ہے' اس کے دونوں کناروں پر موتیوں سے بنے ہوئے خیمے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں نے اپنا ہاتھ مارا' تو جنت کی مٹی کی خوشبو مشک کی طرح کی تھی۔ اور اس کی کنکریاں موتیوں کی طرح کی تھیں"۔

## ذِكْرُ وَصْفِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَوْثَرَ الَّذِىْ خَصَّهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا بِاِعْطَائِهِ اِيَّاهُ فِى الْجَنَّةِ

### نبی اکرم ﷺ کا کوثر نامی (نہر کی) صفت بیان کرنے کا تذکرہ' جو اللہ تعالیٰ نے جنت میں بطور خاص آپ ﷺ کو عطا کی

**6472** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ،

---

6471- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 3/152 و 247 من طريقين عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وانظر ما بعده.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، فَاِذَا اَنَا بِنَهَرٍ حَافَّتَاهُ مِنَ اللُّؤْلُؤِ، فَضَرَبْتُ بِيَدِى مَجْرَى الْمَاءِ، فَاِذَا مِسْكٌ اَذْفَرُ، فَقُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ، مَا هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا الْكَوْثَرُ اَعْطَاكَهُ اللّٰهُ، اَوْ اَعْطَاكَ رَبُّكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میں جنت میں داخل ہوا' تو وہاں ایک نہر موجود تھی۔ جس کے کناروں پر موتی تھے۔ میں نے اپنا ہاتھ پانی کے بہاؤ پر مارا' تو اس کی خوشبو مشک کی طرح تھی۔ میں نے کہا: اے جبرائیل یہ کیا ہے؟ انہوں نے بتایا یہ وہ کوثر ہے' جو اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کی ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پروردگار نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کی ہے۔''

## ذِكْرُ وَصْفِ بَيَاضِ مَاءِ الْكَوْثَرِ وَحَلَاوَتِهِ الَّذِى وَصَفْنَاهُ

## اس کوثر کے پانی کی سفیدی اور اس کی مٹھاس کی صفت کا تذکرہ' جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

**6473** - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِى حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث):اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، فَاِذَا اَنَا بِنَهَرٍ يَجْرِى، بَيَاضُهُ بَيَاضُ اللَّبَنِ، وَاَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ، وَحَافَّتَاهُ خِيَامُ اللُّؤْلُؤِ، فَضَرَبْتُ بِيَدِى، فَاِذَا الثَّرَى مِسْكٌ اَذْفَرُ، فَقُلْتُ لِجِبْرِيلَ: مَا هٰذَا؟ فَقَالَ: هٰذَا الْكَوْثَرُ الَّذِى اَعْطَاكَهُ اللّٰهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میں جنت میں داخل ہوا' تو وہاں ایک نہر بہہ رہی تھی جس کا پانی دودھ کی طرح سفید تھا۔ اور وہ شہد سے زیادہ میٹھا تھا۔ اس کے دونوں کناروں پر موتیوں سے بنے ہوئے خیمے موجود تھے۔ میں نے اپنا ہاتھ لگایا' تو وہاں کی مٹی مشک کی طرح تھی۔ میں نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے دریافت کیا یہ کیا ہے انہوں نے بتایا یہ وہ کوثر ہے' جو اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کی ہے۔''

6472- إسناده صحيح على شرط البخارى . رجاله رجال الشيخين غير مسدد، فمن رجال البخارى. وأخرجه ابن أبى شيبة 11/437 و 13/147، وأحمد 3/103، وهناد بن السرى فى "الزهد" (134) ، والطبرى فى "جامع البيان" 30/323، وأبو نعيم فى "صفة الجنة " (327) ، والبغوى فى "شرح السنّة " (4343) ، وفى " معالم التنزيل " 4/335 من طرقٍ عن حميد الطويل، بهذا الإسناد. وانظر الحديث التالى.

6473- إسناده صحيح على شرط مسلم، يحيى بن أيوب المقابرى من رجال مسلم، ومن فوقه على شرطهما . وانظر الحديث السابق.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَافَّتَاهُ مِنَ اللُّؤْلُؤِ ، اَرَادَ بِهٖ: قِبَابَ اللُّؤْلُؤِ الْمُجَوَّفِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان: ''اس کے دونوں کنارے موتیوں کے ہیں'' اس کے ذریعے آپ ﷺ کی مراد یہ ہے کہ وہ گنبد ہیں جو اندر سے خالی موتیوں سے بنے ہوئے ہیں

**6474** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَ، قَالَ: بَيْنَا اَنَا اَسِيْرُ فِي الْجَنَّةِ اِذْ عَرَضَ لِي نَهَرٌ، حَافَّتَاهُ قِبَابُ اللُّؤْلُؤِ الْمُجَوَّفِ، فَقَالَ الْمَلَكُ الَّذِيْ مَعَهٗ: اَتَدْرِي مَا هٰذَا؟ هٰذَا الْكَوْثَرُ الَّذِيْ اَعْطَاكَ رَبُّكَ، وَضَرَبَ بِيَدِهٖ اِلٰى اَرْضِهٖ، فَاَخْرَجَ مِنْ طِيْنِهِ الْمِسْكَ

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ایک مرتبہ میں جنت میں جارہا تھا۔ اسی دوران میرے سامنے ایک نہر آئی۔ جس کے دونوں کناروں پر اندر سے خالی موتیوں کے بنے ہوئے خیمے تھے' تو نبی اکرم ﷺ کے ساتھ موجود فرشتے نے کہا: کیا آپ ﷺ یہ بات جانتے ہیں کہ یہ کیا ہے؟ یہ وہ کوثر ہے' جو آپ ﷺ کے پروردگار نے آپ ﷺ کو عطا کی ہے' پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک زمین سے لگایا اور آپ ﷺ نے اس کی مٹی کو اٹھایا' تو وہ مشک کی طرح کی تھی۔''

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكُوْنُ اَوَّلَ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ، وَاَوَّلَ شَافِعٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ قیامت کے دن نبی اکرم ﷺ وہ پہلے شخص ہوں گے جن کے لیے زمین کو شق کیا جائے گا اور آپ ﷺ سب سے پہلے شفاعت کریں گے

---

6474- إسناده صحيح على شرط الشيخين . سعيد: هو ابن أبي عروبة، وقد روى عنه يزيد بن زريع قبل الاختلاط . وأخرجه الطبري في "جامع البيان" 30/333، والآجري في "الشريعة" ص 396-395 من طريقين عن يزيد بن زريع، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 232-3/231 عن عبد الوهاب بن عطاء الخفاف، عن سعيد بن أبي عروبة، به. وأخرجه أحمد 3/164 و 191 و 207 و 289، والبخاري ( 4964) في تفسير سورة (إنا أعطيناك الكوثر) ، و ( 6581) في الرقاق: باب الحوض، والترمذي ( 3359) و (3360) في التفسير: باب ومن سورة (إنا أعطيناك الكوثر) ، وأبو داود ( 4748) في السنة: باب في الحوض، والطبري في "جامع البيان" 324-30/323 من طرق عن قتادة، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایۃ

www.KitaboSunnat.com



**6475** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي شَدَّادُ أَبُو عَمَّارٍ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَى كِنَانَةَ مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيلَ، وَاصْطَفَى قُرَيْشًا مِنْ كِنَانَةَ، وَاصْطَفَى بَنِي هَاشِمٍ مِنْ قُرَيْشٍ، وَاصْطَفَانِي مِنْ بَنِي هَاشِمٍ، فَأَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ وَلَا فَخْرَ، وَأَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ، وَأَوَّلُ شَافِعٍ، وَأَوَّلُ مُشَفَّعٍ

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے کنانہ کو منتخب کیا۔ کنانہ میں سے قریش کو منتخب کیا۔ قریش میں سے بنو ہاشم کو منتخب کیا۔ بنو ہاشم میں سے مجھے منتخب کیا۔ میں تمام اولاد آدم کا سردار ہوں میں یہ بات فخر سے نہیں کہہ رہا۔ سب سے پہلے میرے لیے زمین کو شق کیا جائے گا۔ سب سے پہلے میں شفاعت کروں گا اور سب سے پہلے میری شفاعت قبول ہوگی۔''

## ذِكْرُ وَصْفِ قَوْلِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَأَوَّلُ شَافِعٍ، وَأَوَّلُ مُشَفَّعٍ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کی صفت کا تذکرہ ''آپ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پہلے شفاعت کرنے والے ہوں گے' اور وہ سب سے پہلے فرد ہوں گے جس کی شفاعت قبول کی جائے گی''

**6476** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَزْدِيُّ، بِخَبَرٍ غَرِيبٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

---

6475- إسناده صحيح على شرط الصحيح، عبد الرحمن بن إبراهيم من رجال البخاري، ومن فوقه من رجال الشيخين غير شداد فمن رجال مسلم. وهو مكرر الحديث رقم (6242)، وانظر الحديث رقم (6333).

6476- إسناده جيد. إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهوية، وأبو نعامة العدوي: هو عمرو بن عيسى بن سويد بن هبيرة البصري، وثقه المصنف وابن معين والنسائي واحتج به مسلم في "صحيحه"، وقال الإمام الذهبي في "الكاشف": ثقة، قيل: تغير قبل موته بأخرة، وأبو هنيدة البراء بن نوفل: روى عنه جمع، ووثقه ابن معين كما في "الجرح والتعديل" 2/40، والمصنف، وقال ابن سعد في "الطبقات" 7/226: كان معروفاً قليل الحديث، ووالان العدوي: هو والان بن بهيس أو ابن قرفة، وثقه ابن معين والمصنف، وقول ابن الجوزي في "العلل المتناهية" 2/922: قال أبو حاتم الرازي: والان مجهول، وهم منه رحمه الله، فإن أبا حاتم قال هذا في حق والان أبي عروة المرادي كما نقله عنه ابنه عبد الرحمن في "الجرح والتعديل" 9/43-44، أما والان العدوي فقد نقل ابن أبي حاتم عن يحيى بن معين القول بتوثيقه، وقول الدارقطني في "العلل" 1/190-191: ووالان غير مشهور إلا في هذا الحديث، والحديث غير ثابت، متعقب بما في "اللسان" 6/216: كذا قال، وقد قال يحيى بن معين: بصري ثقة، وذكره ابن حبان في "الثقات" وأخرج حديثه في "صحيحه"، وكذا أخرجه أبو عوانة وهو من زياداته على مسلم. وأخرجه مختصراً الطحاوي في "شرح مشكل الآثار" (1556) بتحقيقي، والدارمي في "الرد على الجهمية" ص 57 و 88 عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه مطولاً ومختصراً أحمد 1/4-5، والدولابي في "الكنى" 2/155-156، وابن أبي عاصم في "السنّة" (751) و (812)، وأبو يعلى (56)، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 312-310، وأبو بكر المروزي في "مسند أبي بكر" (15) بتحقيقي، وأبو عوانة 1/175-178، والبزار (3465)، وابن الجوزي في "العلل المتناهية" (1539)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نَعَامَةَ الْعَدَوِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ هُنَيْدَةَ الْبَرَاءُ بْنُ نَوْفَلٍ، عَنْ وَالَانَ الْعَدَوِيِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، عَنْ اَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ:

(متنِ حدیث): اَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَصَلَّى الْغَدَاةَ، ثُمَّ جَلَسَ حَتّٰى اِذَا كَانَ مِنَ الضُّحٰى ضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجَلَسَ مَكَانَهُ حَتّٰى صَلَّى الْاُوْلٰى وَالْعَصْرَ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ كُلُّ ذٰلِكَ لَا يَتَكَلَّمُ، حَتّٰى صَلَّى الْعِشَاءَ الْاٰخِرَةَ، ثُمَّ قَامَ اِلٰى اَهْلِهٖ، فَقَالَ النَّاسُ لِاَبِيْ بَكْرٍ: سَلْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا شَاْنُهٗ؟ صَنَعَ الْيَوْمَ شَيْئًا لَمْ يَصْنَعْهُ قَطُّ، فَسَاَلَهٗ، فَقَالَ: نَعَمْ، عُرِضَ عَلَيَّ مَا هُوَ كَائِنٌ مِّنْ اَمْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، فَجُمِعَ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ بِصَعِيْدٍ وَّاحِدٍ حَتّٰى انْطَلَقُوْا اِلٰى آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَالْعَرَقُ يَكَادُ يُلْجِمُهُمْ، فَقَالُوْا: يَا آدَمُ اَنْتَ اَبُو الْبَشَرِ اصْطَفَاكَ اللّٰهُ، اشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ، فَقَالَ: لَقَدْ لَقِيْتُ مِثْلَ الَّذِيْ لَقِيْتُمْ، فَانْطَلِقُوْا اِلٰى اَبِيْكُمْ بَعْدَ اَبِيْكُمْ، اِلٰى نُوْحٍ (اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى آدَمَ وَنُوْحًا وَآلَ اِبْرَاهِيْمَ وَآلَ عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِيْنَ) (آل عمران: 33)، فَيَنْطَلِقُوْنَ اِلٰى نُوْحٍ، فَيَقُوْلُوْنَ: اشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ فَاِنَّهُ اصْطَفَاكَ اللّٰهُ، وَاسْتَجَابَ لَكَ فِيْ دُعَائِكَ، فَلَمْ يَدَعْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكَافِرِيْنَ دَيَّارًا، فَيَقُوْلُ: لَيْسَ ذَاكُمْ عِنْدِيْ، فَانْطَلِقُوْا اِلٰى اِبْرَاهِيْمَ، فَاِنَّ اللّٰهَ اتَّخَذَهٗ خَلِيْلًا، فَيَاْتُوْنَ اِبْرَاهِيْمَ، فَيَقُوْلُ: لَيْسَ ذَاكُمْ عِنْدِيْ، فَانْطَلِقُوْا اِلٰى مُوْسٰى، فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ كَلَّمَهٗ تَكْلِيْمًا، فَيَقُوْلُ مُوْسٰى: لَيْسَ ذَاكُمْ عِنْدِيْ، وَلٰكِنِ انْطَلِقُوْا اِلٰى عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ، فَاِنَّهٗ يُبْرِئُ الْاَكْمَهَ، وَالْاَبْرَصَ، وَيُحْيِي الْمَوْتٰى، فَيَقُوْلُ عِيْسٰى: لَيْسَ ذَاكُمْ عِنْدِيْ، وَلٰكِنِ انْطَلِقُوْا اِلٰى سَيِّدِ وَلَدِ آدَمَ، فَاِنَّهٗ اَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، انْطَلِقُوْا اِلٰى مُحَمَّدٍ، فَلْيَشْفَعْ لَكُمْ اِلٰى رَبِّكُمْ.

قَالَ: فَيَنْطَلِقُوْنَ وَآتِيْ جِبْرِيْلَ، فَيَاْتِيْ جِبْرِيْلُ رَبَّهٗ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: ائْذَنْ لَهٗ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ.

قَالَ: فَيَنْطَلِقُ بِهٖ جِبْرِيْلُ، فَيَخِرُّ سَاجِدًا قَدْرَ جُمُعَةٍ، ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَاْسَكَ، وَقُلْ يُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَيَرْفَعُ رَاْسَهٗ، فَاِذَا نَظَرَ اِلٰى رَبِّهٖ خَرَّ سَاجِدًا قَدْرَ جُمُعَةٍ اُخْرٰى، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَاْسَكَ، وَقُلْ يُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَيَذْهَبُ لِيَقَعَ سَاجِدًا، فَيَاْخُذُ جِبْرِيْلُ بِضَبْعَيْهِ، وَيَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيْهِ مِنَ الدُّعَاءِ شَيْئًا لَمْ يَفْتَحْهُ عَلٰى بَشَرٍ قَطُّ، فَيَقُوْلُ: اَيْ رَبِّ جَعَلْتَنِيْ سَيِّدَ وَلَدِ آدَمَ وَلَا فَخْرَ، وَاَوَّلَ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ، حَتّٰى اِنَّهٗ لَيَرِدُ عَلَى الْحَوْضِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَكْثَرُ مَا بَيْنَ صَنْعَاءَ وَاَيْلَةَ.

ثُمَّ يُقَالُ: ادْعُ الصِّدِّيْقِيْنَ فَيَشْفَعُوْنَ، ثُمَّ يُقَالُ: ادْعُ الْاَنْبِيَاءَ فَيَجِيْءُ النَّبِيُّ مَعَهُ الْعِصَابَةُ، وَالنَّبِيُّ مَعَهُ الْخَمْسَةُ وَالسِّتَّةُ، وَالنَّبِيُّ لَيْسَ مَعَهٗ اَحَدٌ، ثُمَّ يُقَالُ: ادْعُ الشُّهَدَاءَ فَيَشْفَعُوْنَ لِمَنْ اَرَادُوْا، فَاِذَا فَعَلَتِ الشُّهَدَاءُ ذٰلِكَ يَقُوْلُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: اَنَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ، اَدْخِلُوْا جَنَّتِيْ مَنْ كَانَ لَا يُشْرِكُ بِيْ شَيْئًا، فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ، ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى: انْظُرُوْا فِي النَّارِ هَلْ فِيْهَا مِنْ اَحَدٍ عَمِلَ خَيْرًا قَطُّ، فَيَجِدُوْنَ فِي النَّارِ رَجُلًا، فَيُقَالُ لَهٗ: هَلْ عَمِلْتَ خَيْرًا قَطُّ، فَيَقُوْلُ: لَا غَيْرَ اَنِّيْ كُنْتُ اُسَامِحُ النَّاسَ فِي الْبَيْعِ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: اسْمَحُوْا لِعَبْدِيْ كَاِسْمَاحِهٖ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


إِلٰى عَبِيدِى، ثُمَّ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ آخَرُ يُقَالُ لَهُ: هَلْ عَمِلْتَ خَيْرًا قَطُّ، فَيَقُولُ: لَا، غَيْرَ أَنِّي كُنْتُ أَمَرْتُ وَلَدِى، إِذَا مِتُّ فَأَحْرِقُونِي فِي النَّارِ، ثُمَّ اطْحَنُونِي، حَتّٰى إِذَا كُنْتُ مِثْلَ الْكُحْلِ، فَاذْهَبُوا بِي إِلَى الْبَحْرِ، فَذْرُونِي فِي الرِّيحِ، فَقَالَ اللّٰهُ: لِمَ فَعَلْتَ ذٰلِكَ؟ قَالَ: مِنْ مَخَافَتِكَ، فَيَقُولُ: انْظُرُوا إِلٰى مُلْكِ أَعْظَمِ مُلْكٍ، فَإِنَّ لَكَ مِثْلَهُ وَعَشَرَةَ أَمْثَالِهِ، فَيَقُولُ: لِمَ تَسْخَرُ بِي، وَأَنْتَ الْمَلِكُ؟ فَذٰلِكَ الَّذِي ضَحِكْتُ مِنْهُ مِنَ الضُّحٰى.

قَالَ إِسْحَاقُ: هٰذَا مِنْ أَشْرَفِ الْحَدِيثِ، وَقَدْ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيثَ عِدَّةٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا، مِنْهُمْ: حُذَيْفَةُ، وَابْنُ مَسْعُودٍ، وَأَبُو هُرَيْرَةَ، وَغَيْرُهُمْ.

أَخْبَرَنَاهُ أَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو نَعَامَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو هُنَيْدَةَ بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ

✿✿ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کے وقت فجر کی نماز ادا کی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے۔ جب چاشت کا وقت ہوا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی جگہ پر تشریف فرما رہے' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کی نماز نمازیں ادا کرلیں۔ اس دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کے ساتھ بات چیت نہیں کی' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز ادا کرلی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر تشریف لے گئے۔ لوگوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا آپ اللہ کے رسول سے دریافت کریں کیا معاملہ ہے آج آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا طرز عمل اختیار کیا ہے کہ ایسا پہلے کبھی نہیں کیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں میرے سامنے وہ تمام چیزیں پیش کی گئیں جو دنیا اور آخرت کے اعتبار سے آگے ہوں گی تمام پہلے اور بعد والے لوگوں کو ایک میدان میں اکٹھا کیا جائے گا' یہاں تک کہ وہ لوگ حضرت آدم علیہ السلام کے پاس جائیں گے وہ لوگ پسینے میں ڈوبے ہوئے ہوں گے وہ یہ کہیں گے اے حضرت آدم علیہ السلام آپ انسانوں کے جدامجد ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو منتخب کیا۔ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے' تو حضرت آدم علیہ السلام یہ کہیں گے مجھے بھی اسی طرح کی صورتحال درپیش ہے' جو تم کو درپیش ہے۔ تم لوگ اپنے ایک باپ کے بعد والے دوسرے باپ (یعنی حضرت نوح علیہ السلام کی طرف جاؤ کیونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے)

"بے شک اللہ تعالیٰ نے آدم اور نوح اور ابراہیم کی آل اور عمران کی آل کو تمام جہانوں میں منتخب کرلیا ہے۔"

تو لوگ حضرت نوح علیہ السلام کے پاس جائیں گے' اور یہ کہیں گے کہ آپ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو منتخب کیا تھا۔ اس نے آپ کی دعا کو مستجاب بھی کیا تھا' یہاں تک کہ زمین پر کوئی بھی کافر بستا ہوا نہیں رہا تھا' تو حضرت نوح علیہ السلام کہیں گے میں یہ نہیں کرسکتا۔ تم لوگ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرف جاؤ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنا خلیل بنایا تھا' تو لوگ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئیں گے' تو وہ یہ کہیں گے کہ میں یہ نہیں کرسکتا تم لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں کلام کا شرف عطا کیا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کہیں گے میں یہ نہیں کرسکتا تم لوگ حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کے پاس جاؤ کیونکہ وہ پیدائشی اندھے اور برص کے مریض کو ٹھیک کردیا کرتے تھے۔ وہ مردوں کو زندہ کردیا کرتے تھے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



یہی کہیں گے میں یہ نہیں کرسکتا۔تم لوگ ان کے پاس جاؤ جوتمام اولاد آدم کے سردار ہیں۔قیامت کے دن سب سے پہلے انہی کے لیے زمین کوشق کیا گیا۔تم لوگ حضرت محمد ﷺ کے پاس جاؤ تا کہ وہ تمہارے پروردگار کی بارگاہ میں تمہاری شفاعت کریں۔

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: وہ لوگ (میری طرف) آئیں گے۔میں جبرائیل کے پاس جاؤں گا۔جبرائیل اپنے پروردگار کے پاس جائیں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا اسے (نبی اکرم ﷺ کو) اجازت دو اور اسے جنت کی خوش خبری دو۔

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم ﷺ کو ساتھ لے کر جائیں گے نبی اکرم ﷺ سجدے میں چلے جائیں گے جو تقریباً ایک ہفتے جتنا ہوگا' پھر اللہ تعالیٰ یہ فرمائے گا محمد اپنے سر کو اٹھاؤ۔تم بولو سنا جائے گا۔شفاعت کرو شفاعت قبول کی جائے گی۔نبی اکرم ﷺ اپنا سر اٹھائیں گے جب وہ اپنے پروردگار کا دیدار کریں گے' تو دوبارہ سجدے میں چلے جائیں گے جو پورے ایک ہفتے جتنا طویل ہوگا۔اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے محمد (ﷺ) اپنا سر اٹھاؤ بولو سنا جائے گا شفاعت کرو شفاعت قبول کی جائے گی۔نبی اکرم ﷺ پھر سجدے میں جانے لگیں گے' تو حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ ﷺ کو پہلو سے پکڑ لیں گے اس وقت اللہ تعالیٰ نبی اکرم ﷺ کو دعا کے جیسے کلمات القاء کرے گا۔اس نے اس سے پہلے کسی انسان کو وہ القاء نہیں کئے' تو نبی اکرم ﷺ عرض کریں گے اے میرے پروردگار' تو نے مجھے تمام اولاد آدم کا سردار بنایا ہے۔میں یہ بات فخر کے طور پر نہیں کہہ رہا۔قیامت کے دن سب سے پہلے میرے لیے زمین کو شق کیا گیا۔میں یہ بات فخر سے نہیں کہہ رہا' یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ قیامت کے دن حوض کوثر کے پاس آئیں گے۔وہ صنعاء اور ایلہ کے درمیان جگہ سے زیادہ بڑا ہے پھر یہ کہا جائے گا صدیق کو بلاؤ تا کہ وہ شفاعت کرے' پھر یہ کہا جائے گا انبیاء کو بلاؤ' تو کوئی ایک نبی آئے گا۔ان کے ساتھ کچھ لوگ ہوں گے کوئی ایک نبی آئے گا ان کے ساتھ پانچ یا چھ افراد ہوں گے۔کسی نبی کے ساتھ کوئی بھی نہیں ہوگا پھر یہ کہا جائے گا شہداء کو بلاؤ تا کہ وہ جس کی چاہے شفاعت کریں۔جب شہداء ایسا کر لیں گے' تو اللہ تعالیٰ یہ فرمائے گا میں سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہوں تم میری جنت میں ہر اس شخص کو داخل کردو جو کسی کو میرا شریک نہ ٹھہراتا ہو' تو لوگ جنت میں داخل ہو جائیں گے' پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جہنم میں جائزہ لو کیا وہاں کوئی ایسا شخص ہے' جس نے کبھی کوئی بھلائی کی ہو' تو فرشتوں کو جہنم میں ایک شخص ملے گا۔اس سے دریافت کیا جائے گا کیا تم نے کبھی کوئی بھلائی کی ہے۔وہ بولے گا: جی نہیں' البتہ میں خرید وفروخت کرتے ہوئے لوگوں سے نرمی سے کام لیتا تھا۔اللہ تعالیٰ فرمائے گا میرے اس بندے کے ساتھ نرمی کرو۔جس طرح اس نے میرے بندوں کے ساتھ نرمی کی تھی' پھر ایک اور شخص کو جہنم سے نکالا جائے گا۔اس سے دریافت کیا جائے گا' تم نے کبھی کوئی بھلائی کی۔وہ جواب دے گا۔جی نہیں' البتہ میں نے اپنی اولاد کو یہ حکم دیا تھا کہ جب میں مر جاؤں' تو تم لوگ مجھے آگ میں جلا دینا اور پھر مجھے پیس دینا' یہاں تک کہ جب میں سرمہ بن جاؤں' تو مجھے دریا میں بہا دینا اور اسے ہوا میں اڑا دینا' تو اللہ تعالیٰ نے دریافت کیا: تم نے ایسا کیوں کیا؟ وہ عرض کرے گا: تیرے خوف کی وجہ سے' تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا تم دیکھو جو سب سے بڑا ملک ہے تمہیں اس جتنا اور اس جتنا مزید دس گنا علاقہ دیا جاتا ہے بندہ عرض کرے گا' تو میرے ساتھ کیوں مذاق کر رہا ہے' جبکہ تو بادشاہ ہے۔

(نبی اکرم ﷺ نے فرمایا) اس بات پر میں چاشت کے وقت ہنس پڑا تھا۔

اسحاق نامی راوی کہتے ہیں: یہ سب سے بہترین حدیث ہے یہ روایت متعدد افراد نے نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے اسی کی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



مانند نقل کی ہے جن میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور دیگر حضرات شامل ہیں۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاُمَّتَهُ يَكُوْنُوْنَ شُهَدَاءَ عَلٰى سَائِرِ الْاُمَمِ فِي الْقِيَامَةِ

## اس بات کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ قیامت کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت دیگر تمام امتوں پر گواہ ہوں گے

**6477** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يُدْعٰى نُوحٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَقُوْلُ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ يَا رَبِّ، فَيَقُوْلُ: هَلْ بَلَّغْتَ؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ يَا رَبِّ، فَيَقُوْلُ لِاُمَّتِهِ: هَلْ بَلَّغَكُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: مَا اَتَانَا مِنْ نَذِيْرٍ، فَيُقَالُ: مَنْ يَّشْهَدُ لَكَ؟ فَيَقُوْلُ: مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاُمَّتُهُ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَيَشْهَدُوْنَ اَنَّهُ قَدْ بَلَّغَ، وَيَكُوْنُ الرَّسُوْلُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ: (وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ اُمَّةً وَسَطًا لِتَكُوْنُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا) (البقرة: **143**) وَالْوَسَطُ: الْعَدْلُ

❀❀ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''قیامت کے دن حضرت نوح علیہ السلام کو بلایا جائے گا' تو وہ عرض کریں گے اے میرے پروردگار میں حاضر ہوں۔ پروردگار دریافت کرے گا۔ کیا تم نے تبلیغ کر دی تھی۔ وہ جواب دیں گے۔ جی ہاں اے میرے پروردگار' تو پروردگار ان کی امت سے دریافت کرے گا۔ کیا اس نے تم لوگوں کو تبلیغ کر دی تھی' تو لوگ کہیں گے کہ ہمارے پاس کوئی ڈرانے والا نہیں آیا' تو پروردگار (حضرت نوح علیہ السلام سے) دریافت کرے گا تمہارے حق میں گواہی کون دے گا۔ حضرت نوں علیہ السلام عرض کریں گے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی امت۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں' تو (میری امت کے افراد) یہ گواہی دیں گے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے تبلیغ کر دی تھی۔ اور رسول (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) ان لوگوں پر گواہ ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے یہی مراد ہے۔

''اسی طرح ہم نے تمہیں عادل امت بنایا ہے' تا کہ تم لوگوں پر گواہ بن جاؤ اور رسول تم لوگوں پر گواہ ہو۔''

لفظ وسط سے مراد عادل ہے۔

6477- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وجرير: هو ابن عبد الحميد، والأعمش: هو سليمان بن مهران، وأبو صالح: هو ذكوان السمان . وهو في "مسند أبي يعلى " (1173) . وانظر تخريجه في الحديث الآتي برقم (7216) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ الْأَنْبِيَاءَ أَوَّلَهُمْ وَآخِرَهُمْ يَكُونُونَ فِي الْقِيَامَةِ تَحْتَ لِوَاءِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

31

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ قیامت کے دن تمام پہلے والے اور بعد والے انبیاء نبی اکرم ﷺ کے جھنڈے کے نیچے ہوں گے

**6478** - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ الْكِلَابِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ مَعْمَرِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي يَعْقُوبَ، عَنْ بِشْرِ بْنِ شَغَافٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): أَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ، وَأَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ، وَأَوَّلُ شَافِعٍ، وَمُشَفَّعٍ، بِيَدِي لِوَاءُ الْحَمْدِ، تَحْتِي آدَمُ فَمَنْ دُونَهُ

✿✿ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''قیامت کے دن میں تمام اولاد آدم کا سردار ہوں گا۔ اور یہ بات فخر سے نہیں کہہ رہا۔ اور سب سے پہلے میرے لیے زمین کو شق کیا جائے گا اور سب سے پہلے میں شفاعت کروں گا۔ اور میری شفاعت قبول کی جائے گی۔ میرے ہاتھ میں ''لواء الحمد'' ہوگا۔ حضرت آدم علیہ السلام اور ان کے علاوہ سب لوگ میرے نیچے (یعنی اس جھنڈے کے نیچے) ہوں گے۔''

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْمَقَامِ الْمَحْمُودِ الَّذِي وَعَدَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا صَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلَّغَهُ اللّٰهُ إِيَّاهُ بِفَضْلِهِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو مقام محمود کی صفت کے بارے میں ہے' جس کا اللہ تعالیٰ نے

---

6478– حديث صحيح لغيره، إسناده ضعيف، عمرو بن عثمان الكلابي تركه النسائي، ولينه العقيلي، وقال أبو حاتم: يتكلمون فيه يحدث من حفظه بمناكير، وقال ابن عدي: روى عنه ثقات، وهو ممن يكتب حديثه، وباقي رجاله رجال الشيخين غير بشر بن شغاف، فقد روى له أبو داود والترمذي والنسائي، وهو ثقة. عبد الله: هو ابن سلام رضي الله عنه. والحديث في "مسند أبي يعلى" 350/1. وأخرجه ابن أبي عاصم في "السنة" (793) عن عمر بن الخطاب السجستاني، حدثنا عمرو بن عثمان، بهذا الإسناد، وأخطأ الشيخ ناصر الدين الألباني، فصحح إسناده هنا وفي "الصحيحة" 4/100-101. وذكره الهيثمي في "المجمع" 8/254، وقال: رواه أبو يعلى والطبراني، وفيه عمرو بن عثمان الكلابي، وثقه ابن حبان على ضعفه. قلت: لكن يشهد له حديث أبي سعيد الخدري عند أحمد 3/2، والترمذي (3615) وابن ماجه (4308) وفيه علي بن زيد بن جدعان وفيه ضعف، وحديثه حسن في الشواهد، وهذا منها، ولذا قال الترمذي: حديث حسن، وآخر من حديث أبي هريرة عند مسلم (2278) في أول الفضائل.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



اپنے محبوب کے ساتھ وعدہ کیا ہے کہ وہ اپنے فضل کے تحت آپ ﷺ کو اس مقام پر فائز کرے گا

**6479** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): يُبْعَثُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَاَكُوْنُ اَنَا وَاُمَّتِي عَلٰى تَلٍّ، فَيَكْسُوْنِي رَبِّي حُلَّةً خَضْرَاءَ، فَاَقُوْلُ: مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ اَقُوْلَ، فَذٰلِكَ الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''قیامت کے دن لوگوں کو زندہ کیا جائے گا۔ سب سے پہلے میں اور میری امت ایک ٹیلے پر آئیں گے۔ میرا پروردگار مجھے سبز حلہ پہنائے گا' تو جو اللہ کو منظور ہوگا میں اس وقت (اللہ تعالیٰ کی حمد کے طور پر کلمات) کہوں گا۔ یہی مقام محمود ہے۔''

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ هُوَ الْمَقَامُ الَّذِيْ يَشْفَعُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اُمَّتِهِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ مقام محمود وہ مقام ہے' جس پر (فائز ہونے کے بعد) آپ ﷺ اپنی امت کی شفاعت کریں گے

**6480** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ حَبِيبٍ اللَّيْثِيُّ اَبُوْ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

---

6479- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين غير كثير بن عبيد، وهو ابن نمير الحمصي، فقد روى له أبو داود والنسائي وابن ماجه، وهو ثقة. محمد بن حرب: هو الخولاني الحمصي، والزبيدي: هو محمد بن الوليد بن عامر. وأخرجه أحمد 3/456، والطبري في "جامع البيان" 15/147، والطبراني في "الكبير" /19 (142)، والحاكم 2/363 من طرق عن محمد بن حرب، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم على شرط الشيخين ووافقه الذهبي. وأخرجه الطبري 15/146، والطبراني من طريقين عن بقية بن الوليد، عن الزبيدي، به. وذكره الهيثمي في " المجمع " 7/51، وقال: رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح. ثم ذكره 10/377، ونسبه للطبراني في "الكبير" و " الأوسط "، وقال: وأحد إسنادي الكبير رجاله رجال الصحيح.

6480- إسناده حسن، كثير بن حبيب الليثي ذكره المؤلف في "الثقات" 7/354، وقال أبو حاتم فيما نقله عنه ابنه في " الجرح والتعديل " 7/150: لا بأس به، وباقي رجاله رجال الشيخين غير علي ابن المديني، فمن رجال البخاري. وأخرجه الذهبي في "ميزان الاعتدال" 3/403 من طريق أبي خليفة بهذا الإسناد، ونسبه لأبي نعيم في كتاب "الرؤية"، وقال: هذا حديث غريب جداً. وأخرجه البخاري (7510)، ومسلم (193) (326)، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 299 من طرق عن حماد بن زيد، عن معبد بن هلال العنزي، عن أنس بن مالك. وانظر (6464).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنبَرًا مِنْ نُورٍ، وَإِنِّي لَعَلَى أَطْوَلِهَا وَأَنْوَرِهَا، فَيَجِيءُ مُنَادٍ، فَيُنَادِي: أَيْنَ النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ؟ قَالَ: فَيَقُولُ الْأَنْبِيَاءُ: كُلُّنَا نَبِيٌّ أُمِّيٌّ، فَإِلَى أَيِّنَا أُرْسِلَ؟ فَيَرْجِعُ الثَّانِيَةَ، فَيَقُولُ: أَيْنَ النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ الْعَرَبِيُّ؟ قَالَ: فَيَنْزِلُ مُحَمَّدٌ حَتَّى يَأْتِيَ بَابَ الْجَنَّةِ، فَيَقْرَعُهُ، فَيَقُولُ: مَنْ؟ فَيَقُولُ: مُحَمَّدٌ أَوْ أَحْمَدُ، فَيُقَالُ: أَوَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟ فَيَقُولُ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُ، فَيَدْخُلُ، فَيَتَجَلَّى لَهُ الرَّبُّ، وَلَا يَتَجَلَّى لِنَبِيٍّ قَبْلَهُ، فَيَخِرُّ لِلَّهِ سَاجِدًا، وَيَحْمَدُهُ بِمَحَامِدَ لَمْ يَحْمَدْهُ أَحَدٌ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَهُ وَلَنْ يَحْمَدَهُ أَحَدٌ بِهَا مِمَّنْ كَانَ بَعْدَهُ، فَيُقَالُ لَهُ: مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ، تَكَلَّمْ تُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، وَسَلْ تُعْطَهْ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، أُمَّتِي أُمَّتِي، فَيُقَالُ: أَخْرِجْ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ شَعِيرَةٍ، ثُمَّ يَرْجِعُ الثَّانِيَةَ فَيَخِرُّ لِلَّهِ سَاجِدًا وَيَحْمَدُهُ بِمَحَامِدَ لَمْ يَحْمَدْهُ أَحَدٌ كَانَ قَبْلَهُ، وَلَنْ يَحْمَدَهُ بِهَا أَحَدٌ مِمَّنْ كَانَ بَعْدَهُ، فَيُقَالُ لَهُ: مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ، تَكَلَّمْ تُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، وَسَلْ تُعْطَهْ، فَيُقَالُ لَهُ: أَخْرِجْ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ بُرَّةٍ، ثُمَّ يَرْجِعُ الثَّالِثَةَ، فَيَخِرُّ لِلَّهِ سَاجِدًا، وَيَحْمَدُهُ بِمَحَامِدَ لَمْ يَحْمَدْهُ بِهَا أَحَدٌ كَانَ قَبْلَهُ، وَلَنْ يَحْمَدَهُ أَحَدٌ مِمَّنْ كَانَ بَعْدَهُ، فَيُقَالُ لَهُ: أَخْرِجْ مِنَ النَّارِ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ خَرْدَلَةٍ، ثُمَّ يَرْجِعُ، فَيَخِرُّ سَاجِدًا، وَيَحْمَدُهُ بِمَحَامِدَ لَمْ يَحْمَدْهُ بِهَا أَحَدٌ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَهُ، وَلَنْ يَحْمَدَهُ بِهَا أَحَدٌ مِمَّنْ كَانَ بَعْدَهُ، فَيُقَالُ لَهُ: مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ، تَكَلَّمْ تُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، وَسَلْ تُعْطَهْ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ مَنْ قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، فَيُقَالُ لَهُ: مُحَمَّدُ لَسْتَ هُنَاكَ، تِلْكَ لِي، وَأَنَا الْيَوْمَ أَجْزِي بِهَا

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''قیامت کے دن ہر نبی کے لیے نور کا منبر ہوگا اور میں سب سے زیادہ اونچے اور سب سے زیادہ نورانی منبر پر ہوں گا' پھر ایک منادی آ کر یہ اعلان کرے گا۔ اُمی نبی کہاں ہیں؟ تو انبیاء جواب دیں گے کہ ہم میں سے ہر ایک اُمی نبی ہے۔ ہم میں کسے بلایا گیا ہے وہ دوسری مرتبہ واپس آئے گا اور دریافت کرے گا۔ اُمی عربی نبی کہاں ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ممبر سے نیچے اتریں گے' اور جنت کے دروازے پر آ کر اس کو کھٹکھٹائیں گے۔

(اندر سے) داروغہ پوچھے گا کون ہے' تو آپ جواب دیں گے محمد' (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) احمد۔ دریافت کیا جائے گا کیا انہیں بلایا گیا ہے' تو وہ جواب دیں گے جی ہاں' تو ان کے لیے دروازہ کھول دیا جائے گا۔ وہ اس کے اندر داخل ہوں گے' تو ان کا پروردگار ان کے سامنے تجلی کرے گا۔ ان سے پہلے کسی اور نبی کے لیے پروردگار نے تجلی نہیں کی ہوگی' تو وہ اللہ کی بارگاہ میں سجدے میں چلے جائیں گے۔ اور ایسے کلمات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کریں گے کہ ان سے پہلے اور ان کے بعد کسی نے بھی ان کلمات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان نہیں کی ہوگی۔ ان سے کہا جائے گا: اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اپنا سر اٹھاؤ تم بات کرو اسے سنا جائے گا۔ تم شفاعت کرو اسے قبول کیا جائے گا۔ مانگو وہ دیا جائے گا۔ وہ عرض کریں گے: اے پروردگار میری امت، میری امت' تو ان سے کہا جائے گا۔ تم ہر اس شخص کو (جہنم سے) نکال لو۔ جس کے دل میں جو کے وزن جتنا (ایمان ہو) پھر وہ دوبارہ آ کر اللہ کی بارگاہ میں سجدے میں چلے جائیں گے۔ اور ایسے کلمات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کریں گے کہ ان سے پہلے کسی نے بھی ان کلمات

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایة

www.KitaboSunnat.com



کے ذریعے حمد بیان نہیں کی ہوگی۔ اور ان کے بعد بھی کوئی ان کلمات کے ذریعے اس حمد کو بیان نہیں کرے گا' تو ان سے کہا جائے گا محمد اپنا سر اٹھاؤ۔ بات کرو اسے سنا جائے گا شفاعت کرو اسے قبول کیا جائے گا۔ مانگو وہ دیا جائے گا' پھر ان سے کہا جائے گا تم ایسے ہر اس شخص کو جہنم سے نکال لو جس کے دل میں گندم کے دانے کے وزن جتنا ایمان ہو' پھر وہ تیسری مرتبہ آئیں گے' اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سجدے میں چلے جائیں گے۔ اور ایسے کلمات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کریں گے کہ ان سے پہلے کسی نے ان کلمات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان نہیں کی ہوگی اور ان کے بعد بھی کوئی ان کلمات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان نہیں کرے گا' تو ان سے کہا جائے گا جہنم سے ہر اس شخص کو نکال لو جس کے دل میں رائی جتنا ایمان ہو۔ نبی اکرم ﷺ واپس تشریف لا کر سجدے میں چلے جائیں گے' اور اللہ تعالیٰ کی ایسے کلمات کے ذریعے حمد بیان کریں گے کہ ان کلمات کے ذریعے آپ ﷺ سے پہلے کسی نے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان نہیں کی ہوگی اور آپ ﷺ کے بعد بھی کوئی ان کلمات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان نہیں کرے گا' تو آپ ﷺ سے یہ کہا جائے گا: اے محمد (ﷺ) اپنا سر اٹھاؤ۔ بات کرو اسے سنا جائے گا۔ شفاعت کرو اسے قبول کیا جائے گا۔ مانگو وہ دیا جائے گا' تو نبی اکرم ﷺ عرض کریں گے اے میرے پروردگار جس شخص نے لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ کہا ہو (اسے بھی جہنم سے نکلنے کا حکم دیا جائے)' تو آپ ﷺ سے یہ کہا جائے گا: اے محمد (ﷺ) اس کے ساتھ تمہارا واسطہ نہیں ہے یہ میرے ساتھ مخصوص ہے اور آج میں خود اس کا بدلہ دوں گا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلُ مَنْ يَّقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ فِي الْقِيَامَةِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ قیامت کے دن جنت کے دروازے کو سب سے پہلے نبی اکرم ﷺ کھٹکھٹائیں گے

**6481** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَنَا اَوَّلُ مَنْ يَّقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"سب سے پہلے میں جنت کے دروازے کو کھٹکھٹاؤں گا"۔

---

6481- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير المختار بن فلفل، فمن رجال مسلم. أبو أسامة: هو حماد بن أسامة، وسفيان: هو الثوري. وأخرجه ابن أبي شيبة 11/503، ومسلم (196) (331) في الإيمان: باب أدنى أهل الجنة منزلة فيها، وأبو يعلى (3964)، وأبو عوانة 1/109، وابن منده (888)، وابن أبي عاصم (6)، والطبراني (5) في "الأوائل"، من طرق عن معاوية بن هشام، عن سفيان، بهذا الاسناد.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ الْمُعْجِزَاتِ

## باب! معجزات کا تذکرہ

6482 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّغُولِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنِّي لَاَعْرِفُ حَجَرًا بِمَكَّةَ كَانَ يُسَلِّمُ عَلَيَّ اِذْ بُعِثْتُ، اِنِّي لَاَعْرِفُهُ الْاٰنَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میں مکہ میں موجود اس پتھر کو پہچانتا ہوں جو مجھے اس وقت سلام کیا کرتا تھا۔ جب مجھے مبعوث کیا گیا تھا۔ میں آج بھی اس کو پہچانتا ہوں۔''

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ اَبْطَلَ وُجُوْدَ الْمُعْجِزَاتِ فِي الْاَوْلِيَاءِ دُوْنَ الْاَنْبِيَاءِ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جس نے اولیاء میں کرامات کے وجود کا انکار کیا ہے' انبیاء (کے معجزات کا انکار) نہیں کیا

6483 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ حَفْصِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): رُبَّ اَشْعَثَ ذِي طِمْرَيْنِ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ

---

6482- إسناده حسن. محمد بن إسماعيل: هو الإمام البخاري صاحب "الصحيح"، ومن فوقه من رجال الشيخين غير سماك بن حرب، فمن رجال مسلم، وحديثه لا يرقى إلى الصحة. وأخرجه أحمد 5/89 و 95، وابن أبي شيبة 11/464، والدارمي 1/21 ومسلم (2277) في الفضائل: باب نسب النبي - صلى الله عليه وسلم - وتسليم الحجر عليه قبل النبوة، والبيهقي في "الدلائل" 2/153، والبغوي (3709) من طرق عن يحيى بن أبي بكير، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني في "الكبير" (1995) عن علي بن عبد العزيز، حدثنا أبو حذيفة (وهو موسى بن مسعود النهدي)، وحدثنا إبراهيم بن طهمان، به. وأخرجه الطيالسي (1907)، وأحمد 5/105، والترمذي (3624) في المناقب: باب رقم (5)، والطبراني في "الكبير" (1907) و (1961)، (2028)، وفي "الأوسط" (2033)، وفي "الصغير" (167)، وأبو نعيم (300) و (301)، والبيهقي 2/153 كلاهما في "دلائل النبوة" من طرق عن سماك بن حرب، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"بکھرے ہوئے بالوں اور پرانے کپڑوں والے کچھ لوگ ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ کے نام کی قسم اٹھالیں' تو اللہ تعالیٰ اسے پوری کروادے۔"

## ذِكْرُ خَبَرٍ أَوْهَمَ فِي تَأْوِيلِهِ جَمَاعَةٌ لَمْ يُحْكِمُوا صِنَاعَةَ الْعِلْمِ

## اس روایت کا تذکرہ' جس کی تاویل کرنے میں ایک جماعت کو غلط فہمی ہوئی جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتی تھی

**6484** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ مَوْلَى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): ذَبَحْتُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ، فَنَاوَلْتُهُ، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ، فَنَاوَلْتُهُ، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّمَا لِلشَّاةِ ذِرَاعَانِ قَالَ: أَمَا إِنَّكَ لَوِ ابْتَغَيْتَهُ لَوَجَدْتَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے (بکری) ذبح کی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دستی مجھے پکڑا دو۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے دستی پکڑا دو۔ میں نے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر فرمایا مجھے دستی پکڑا دو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! بکری میں دو ہی دستیاں ہوتی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم حاصل کرنا چاہتے' تو اسے بھی پالیتے۔

6483- إسناده صحيح، يزيد ابن موهب: هو ابن خالد، روى له أبو داود والنسائي وابن ماجه، ومن فوقه من رجال الشيخين غير العلاء بن عبد الرحمن، وهو ابن يعقوب الحرقي، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم (2622) في البر والصلة: باب فضل الضعفاء والخاملين، و (2846) في صفة الجنة ونعيم أهلها: باب النار يدخلها الجبارون، والجنة يدخلها الضعفاء، ومن طريقه البغوي (4069) عن سويد بن سعيد، عن حفص بن ميسرة، بهذا الإسناد. وأخرجه الطحاوي في "شرح مشكل الآثار" 1/292، والحاكم 4/328 من طريقين عن إبراهيم بن حمزة، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ كثير بن يزيد، عن المطلب بن عبد الله، عن أبي هريرة رفعه، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي.

6484- إسناده حسن. رجاله رجال مسلم غير محمد بن عجلان المدني مولى فاطمة، فقد روى له مسلم متابعة. عقبة بن مكرم: هو العمي. وأخرجه أحمد 2/517 عن الضحاك -وهو أبو عاصم النبيل- عن محمد بن عجلان، بهذا الإسناد. وفي الباب عَنْ أَبِي رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولَ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - عِنْدَ أحمد 6/8 و 392، والطبراني في "الكبير" و "الأوسط" كما في "المجمع" 8/311، وقال الهيثمي: وأحد إسنادي أحمد حسن. وعن سلمى زوجة أبي رافع عند الطبراني في "الكبير" /24 (763). قال الهيثمي: رجاله ثقات. وعن أبي عبيد مَوْلَى رَسُولَ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - عِنْدَ أحمد 3/484-485، والدارمي 1/22، والترمذي في "الشمائل" (170)، والطبراني /22 (842). وقال الهيثمي: رواه أحمد والطبراني ورجالهما رجال الصحيح غير شهر بن حوشب، وقد وثقه غير واحد.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ اَبْطَلَ وُجُوْدَ الْمُعْجِزَاتِ فِي الْاَوْلِيَاءِ دُوْنَ الْاَنْبِيَاءِ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جس نے اولیاء میں کرامات کے وجود کو باطل قرار دیا ہے جب کہ انبیاء (کے معجزات کا انکار) نہیں کیا

**6485** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي مَعْشَرٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا رَجُلٌ يَسُوقُ بَقَرَةً، فَاَرَادَ اَنْ يَرْكَبَهَا، فَالْتَفَتَتْ اِلَيْهِ، فَقَالَتْ: اِنَّا لَمْ نُخْلَقْ لِهٰذَا اِنَّمَا خُلِقْنَا لِيُحْرَثَ عَلَيْنَا، فَقَالَ مَنْ حَوْلَهُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آمَنْتُ بِهِ اَنَا وَاَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَمَا هُمَا ثَمَّ، قَالَ: وَبَيْنَمَا رَجُلٌ فِي غَنَمٍ لَهُ فَاَخَذَ الذِّئْبُ الشَّاةَ، فَتَبِعَهُ الرَّاعِي، فَلَفَظَهَا، ثُمَّ قَالَ: كَيْفَ لَكَ بِيَوْمِ السَّبَاعِ حَيْثُ لَا يَكُوْنُ لَهَا رَاعٍ غَيْرِي، فَقَالَ مَنْ حَوْلَهُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آمَنْتُ بِهِ اَنَا وَاَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَمَا هُمَا ثَمَّ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ایک مرتبہ ایک شخص گائے کو لے کر جا رہا تھا۔ اس نے اس پر سوار ہونے کا ارادہ کیا' تو گائے نے اس کی طرف توجہ کر کے کہا ہمیں اس کے لیے پیدا نہیں کیا گیا ہمیں اس لیے پیدا کیا گیا ہے' تاکہ ہمارے ذریعے کھیتی باڑی کی جائے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود افراد نے سبحان اللہ کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا: میں اس بات پر یقین رکھتا ہوں۔ ابوبکر اور عمر بھی اس بات پر یقین رکھتے ہیں (کہ گائے کلام کر سکتی ہے)' حالانکہ یہ دونوں صاحبان وہاں موجود نہیں تھے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا ایک مرتبہ ایک شخص اپنی بکریاں لے کر جا رہا تھا۔ بھیڑیے نے ایک بکری کو پکڑا۔ چرواہا بھیڑیے کے پیچھے گیا۔ اس نے اس بکری کو اس سے چھڑوا لیا' تو بھیڑیے نے کہا۔ اس دن تم کیا کرو گے جو درندوں کی حکومت کا دن ہوگا۔ اس دن ان بکریوں کا نگران میرے علاوہ اور کوئی نہیں ہوگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود افراد نے سبحان

---

6485- إسناده صحيح. أحمد بن سليمان بن أبي شيبة: هو أحمد بن سليمان بن عبد الملك بن أبي شيبة أبو الحسين الرهاوي، ثقة روى له النسائي، ومن فوقه من رجال الشيخين غير أبي داود الحفري: واسمه عمر بن سعد بن عبيد، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم (2388) في فضائل الصحابة: باب من فضائل أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ محمد بن رافع، عن أبي داود الحفري، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدي (1054)، ومن طريقه البغوي (3889) عن سفيان، به. وأخرجه أحمد في "المسند" 2/245-246، وفي "فضائل الصحابة" (183)، والبخاري (3471) في الأنبياء: باب ما ذكر عن بني إسرائيل، ومسلم، من طريق سفيان بن عيينة، عن أبي الزناد، به. وأخرجه أحمد في "فضائل الصحابة" (643) عن قتيبة بن سعيد، عن ابن لهيعة، عن الأعرج، به. وأخرجه البخاري (3663) في فضائل الصحابة: باب قول النبي - صلى الله عليه وسلم -: "لو كنت متخذاً خليلاً" عن أبي اليمان، عن شعيب، عن الزهري، عن أبي سلمة، به. وانظر الحديث التالي.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



اللہ کہا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں‘ ابوبکر اور عمر بھی اس بات پر یقین رکھتے ہیں (کہ بھیڑیا کلام کرسکتا ہے)‘ حالانکہ یہ دونوں صاحبان وہاں موجود نہیں تھے۔“

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ‘ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

**6486** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا رَجُلٌ رَاكِبٌ عَلٰى بَقَرَةٍ، اِلْتَفَتَتْ اِلَيْهِ، فَقَالَتْ: اِنِّي لَمْ اُخْلَقْ لِهٰذَا اِنَّمَا خُلِقْتُ لِلْحِرَاثَةِ، قَالَ: آمَنْتُ بِهِ اَنَا وَاَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَاَخَذَ الذِّئْبُ شَاةً، فَتَبِعَهَا الرَّاعِي، فَقَالَ الذِّئْبُ: مَنْ لَهَا يَوْمَ السَّبُعِ، يَوْمَ لَا رَاعِيَ لَهَا غَيْرِي، فَقَالَ: صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آمَنْتُ بِهِ اَنَا وَاَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ

قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ: وَمَا هُمَا يَوْمَئِذٍ فِي الْقَوْمِ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ‘ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

”ایک مرتبہ ایک شخص گائے پر سوار ہوا‘ تو گائے نے اس کی طرف رخ کر کے کہا۔ مجھے اس کام کے لیے پیدا نہیں کیا گیا مجھے کھیتی باڑی کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں، ابوبکر اور عمر اس بات پر یقین رکھتے ہیں۔ ایک مرتبہ ایک بھیڑیے نے ایک بکری کو پکڑ لیا۔ چرواہا اس کے پیچھے آیا۔ بھیڑیے نے کہا: درندوں کے مخصوص دن میں کون اس کا محافظ ہوگا۔ جب ان کا نگران میرے علاوہ اور کوئی نہیں ہوگا پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں، ابوبکر اور عمر اس پر ایمان رکھتے ہیں (یعنی یقین رکھتے ہیں)“

ابوسلمہ نامی راوی کہتے ہیں: اس دن یہ دونوں صاحبان حاضرین میں موجود نہیں تھے۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِثْبَاتِ كَوْنِ الْمُعْجِزَاتِ فِي الْاَوْلِيَاءِ دُوْنَ الْاَنْبِيَاءِ عَلٰى حَسَبِ نِيَّاتِهِمْ وَصِحَّةِ ضَمَائِرِهِمْ فِيمَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ خَالِقِهِمْ

6486- إسناده صحيح على شرط الشيخين . بندار: هو لقب محمد بن بشار، وسعد بن إبراهيم: هو ابن عبد الرحمن بن عوف.وأخرجه البخاري ( 2324) في الحرث والمزارعة: باب استعمال البقر للحراثة ومسلم ( 2388) في فضائل الصحابة: باب فضائل أبي بكر الصديق رضي الله عنه، والترمذي ( 3677) في المناقب: باب رقم ( 17) ، و ( 3695) باب مناقب عمر، ثلاثتهم عن بندار بهذا الإسناد، وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح .وأخرجه أحمد 2/382، ومسلم من طريق محمد بن جعفر، به. وأخرجه الطيالسي ( 2354) ، ومن طريقه الترمذي ( 3677) و ( 3695) عن شعبة، به.وأخرجه البخاري ( 3471) في الأنبياء : باب ما ذكر عن بني اسرائيل، ومسلم من طريقين عن سفيان بن عيينة، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إبراهيم، به .وأخرجه مسلم، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار " 4/168 من طرق عن ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَأَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أبي هريرة، رفعه.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## اس روایت کا تذکرہ، جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اولیاء میں کرامات پائی جاتی ہیں

### جو ان کے اور ان کے خالق کے درمیان معاملے کے حوالے سے ان کی نیتوں اور ان کے پوشیدہ معاملات کی صحت کے حوالے سے ہوتی ہیں

**6487** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا الْمَخْزُوْمِيُّ الْمُغِيْرَةُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): كَانَ رَجُلٌ يُسْلِفُ النَّاسَ فِيْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ فَاَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا فُلَانُ، اَسْلِفْنِيْ سِتَّ مِائَةِ دِيْنَارٍ، قَالَ: نَعَمْ، اِنْ اَتَيْتَنِيْ بِوَكِيْلٍ، قَالَ: اللّٰهُ وَكِيْلِيْ، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، نَعَمْ، قَدْ قَبِلْتُ اللّٰهَ وَكِيْلًا، فَاَعْطَاهُ سِتَّ مِائَةِ دِيْنَارٍ، وَضَرَبَ لَهُ اَجَلًا، فَرَكِبَ الْبَحْرَ بِالْمَالِ لِيَتَّجِرَ فِيْهِ، وَقَدَّرَ اللّٰهُ اَنْ حَلَّ الْاَجَلُ، وَارْتَجَّ الْبَحْرُ بَيْنَهُمَا، وَجَعَلَ رَبُّ الْمَالِ يَاْتِي السَّاحِلَ يَسْاَلُ عَنْهُ، فَيَقُوْلُ الَّذِيْ يَسْاَلُهُمْ عَنْهُ: تَرَكْنَاهُ بِمَوْضِعِ كَذَا وَكَذَا، فَيَقُوْلُ رَبُّ الْمَالِ: اللّٰهُمَّ اخْلُفْنِيْ فِيْ فُلَانٍ بِمَا اَعْطَيْتُهُ بِكَ، قَالَ: وَيَنْطَلِقُ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْمَالُ، فَيَنْحَتُ خَشَبَةً، وَيَجْعَلُ الْمَالَ فِيْ جَوْفِهَا، ثُمَّ كَتَبَ صَحِيْفَةً مِنْ فُلَانٍ اِلٰى فُلَانٍ، اِنِّيْ دَفَعْتُ مَالَكَ اِلٰى وَكِيْلِيْ، ثُمَّ سَدَّ عَلٰى فَمِ الْخَشَبَةِ، فَرَمٰى بِهَا فِيْ عُرْضِ الْبَحْرِ، فَجَعَلَ يَهْوِيْ بِهَا حَتّٰى رَمٰى بِهَا اِلَى السَّاحِلِ، وَيَذْهَبُ رَبُّ الْمَالِ اِلَى السَّاحِلِ، فَيَسْاَلُ، فَيَجِدُ الْخَشَبَةَ، فَحَمَلَهَا، فَذَهَبَ بِهَا اِلٰى اَهْلِهِ، وَقَالَ: اَوْقِدُوْا بِهٰذِهِ، فَكَسَرُوْهَا، فَانْتَثَرَتِ الدَّنَانِيْرُ، وَالصَّحِيْفَةُ، فَاَخَذَهَا، فَقَرَاَهَا، فَعَرَفَ، وَتَقَدَّمَ الْاٰخَرُ، فَقَالَ لَهُ رَبُّ الْمَالِ: مَالِيْ، فَقَالَ: قَدْ دَفَعْتُ مَالِيْ اِلٰى وَكِيْلِيْ، اِلٰى مُوَكِّلٍ بِيْ، فَقَالَ لَهُ: اَوْفَانِيْ وَكِيْلُكَ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: فَلَقَدْ رَاَيْتُنَا يَكْثُرُ مِرَاؤُنَا وَلَغَطُنَا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَنَا اَيُّهُمَا آمَنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

---

6487- إسناده حسن. عمر بن أبي سلمة: هو ابن عبد الرحمن بن عوف، مختلف فيه، وهو كما قال ابن عدي: حسن الحديث لا بأس به، وباقي رجاله رجال الشيخين غير المغيرة بن سلمة المخزومي، فمن رجال مسلم. أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري. وأخرجه البخاري في "الأدب المفرد" (1128)، عن موسى بن إسماعيل، عن أبي عوانة، بهذا الأسناد. وأخرجه الحافظ في "تغليق التعليق" 5/127 من طريق أبي سلمة المنقري، ومن طريق يحيى بن حماد، كلاهما عن أبي عوانة، به. وعلقه البخاري (6261) في الاستئذان: باب بمن يبدأ في الكتاب، قال: وقال عمر بن أبي سلمة ... فذكره مختصراً. وأخرجه أحمد 349-3/348، عن يونس بن محمد، والبخاري (2063) في البيوع: باب التجارة في البحر، عن عبد الله بن صالح، كلاهما عن الليث، حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هرمز، عن أبي هريرة، رفعه. وعلقه البخاري (1498) في الزكاة: باب ما يستخرج من البحر، و (2063)، و (2291) في الكفالة: باب الكفالة في القرض والديون بالأبدان وغيرها، و (2404) في الاستقراض: باب إذا أقرضه إلى أجل مسمى أو أجّله في البيع، و (2430) في اللقطة: باب إذا وجد خشبة في البحر أو سوطاً أو نحوه، و (2734) في الشروط: باب الشروط في القروض، و (6261)، قال: وقال الليث: ... فذكره بالإسناد المتقدم.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



''بنی اسرائیل میں ایک شخص لوگوں کو قرض دیا کرتا تھا۔ ایک مرتبہ ایک شخص اس کے پاس آیا اور بولا: اے فلاں تم مجھے 600 دینار قرض دے دو۔ اس نے کہا: ٹھیک ہے۔ اگر تم میرے پاس کوئی ضمانتی لے آؤ (تو میں ایسا کر دیتا ہوں) اس نے کہا: اللہ تعالیٰ میرا ضامن ہے۔ اس شخص نے کہا: سبحان اللہ ٹھیک ہے۔ میں اللہ تعالیٰ کو ضامن کے طور پر قبول کرتا ہوں۔ اس شخص نے اسے 600 دینار دیدیئے اس نے اس کے ساتھ ایک مدت طے کی' پھر وہ دوسرا شخص سمندر پر سوار ہو کر مال لے کر گیا۔ تا کہ اس کے ذریعے تجارت کرے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ طے کر دیا ہوا تھا کہ وہ مخصوص مدت گزر جائے' تو وہ گزر گئی' لیکن سمندران دونوں آدمیوں کے درمیان رکاوٹ تھا۔ مال کا مالک شخص ساحل پر آتا۔ اور اس کے بارے میں دریافت کرتا۔ جن لوگوں سے اس نے اس دوسرے شخص کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے یہی بتایا: ہم نے اسے فلاں فلاں جگہ پر چھوڑا تھا' تو مال کا مالک شخص یہ کہتا۔ اے اللہ فلاں شخص کے معاملے میں' تو ہی میرا نگران ہے۔ میں نے تیری ضمانت پر وہ چیز اسے دی تھی۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: وہ شخص جس کے ذمے رقم کی ادائیگی تھی وہ گیا اس نے ایک لکڑی لی اور اس کے اندر وہ مال رکھ دیا' پھر اس نے ایک صحیفہ تحریر کیا کہ یہ مال فلاں کی طرف سے فلاں کے لیے ہے۔ میں تمہارا مال اپنے ضامن کے سپرد کر رہا ہوں پھر اس نے لکڑی کے منہ کو بند کر دیا اور اس لکڑی کو سمندر میں ڈال دیا۔ وہ لکڑی سمندر میں تیرتی ہوئی ساحل تک آ گئی۔ اس مال کا مالک شخص ساحل پر آیا تا کہ اس بارے میں دریافت کرے۔ وہاں اسے لکڑی ملی اس نے اس لکڑی کو اٹھایا اور اسے لے کر اپنے گھر چلا گیا۔ اس نے اس لکڑی کو کاٹا تو اس میں سے دینار اور خط نکلا۔ اس شخص نے وہ خط لے کر اسے پڑھا' تو وہ جان گیا (کہ یہ تو میرے ہی پیسے ہیں) پھر دوسرا شخص بھی آ گیا۔ مال کے مالک نے اس سے دریافت کیا میرا مال' تو دوسرے شخص نے کہا: میں نے اپنا مال اپنے وکیل کے سپرد کر دیا تھا۔ جسے میں نے ضامن بنایا تھا' تو پہلے شخص نے کہا: تمہارے وکیل نے مجھے پوری ادائیگی کر دی۔''

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مجھے اپنے بارے میں یاد ہے۔ ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے پاس موجود تھے اسی دوران شور شرابہ زیادہ ہو گیا کہ ان دونوں میں سے کون شخص زیادہ ایمان دار ہے۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ اَبْطَلَ وُجُوْدَ الْمُعْجِزَاتِ اِلَّا فِي الْاَنْبِيَاءِ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جس نے انبیاء کے علاوہ کسی (ولی) میں معجزات کے وجود کو باطل قرار دیا ہے

**6488** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، حَدَّثَنِي وَرْقَاءُ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): بَيْنَمَا امْرَأَةٌ تُرْضِعُ ابْنَهَا مَرَّ بِهَا رَاكِبٌ وَّهِيَ تُرْضِعُهُ، فَقَالَتِ: اللّٰهُمَّ لَا تُمِتِ ابْنِي حَتّٰى يَكُونَ مِثْلَ هٰذَا، قَالَ: اللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِي مِثْلَهُ، ثُمَّ رَجَعَ إِلَى الثَّدْيِ، فَمَرَّ بِامْرَأَةٍ تُلْعَنُ، فَقَالَتِ: اللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلِ ابْنِي مِثْلَهَا، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِثْلَهَا، أَمَّا الرَّاكِبُ، فَكَانَ كَافِرًا، وَأَمَّا الْمَرْأَةُ، فَيَقُولُونَ لَهَا: إِنَّهَا تَزْنِي، فَتَقُولُ: حَسْبِيَ اللّٰهُ، وَيَقُولُونَ: تَسْرِقُ، وَتَقُولُ: حَسْبِيَ اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ایک مرتبہ ایک عورت اپنے بچے کو دودھ پلا رہی تھی۔ اس کے دودھ پلانے کے دوران ایک سوار اس کے پاس سے گزرا۔ اس عورت نے دعا کی: اے اللہ' تو میرے بیٹے کو اس وقت تک موت نہ دینا' جب تک وہ اس شخص کی مانند (امیر کبیر) نہیں ہو جاتا۔ بچے نے کہا: اے اللہ مجھے اس کی مانند نہ کرنا پھر وہ دوبارہ چھاتی کی طرف گیا (اور دودھ پینے لگا) پھر وہاں سے ایک عورت گزری جس پر لعنت کی گئی تھی۔ اس عورت نے دعا کی: اے اللہ' تو میرے بیٹے کو اس عورت کی مانند نہ کرنا' تو اس بچے نے دعا کی' تو مجھے اس کی مانند کر دینا۔

جہاں تک سوار کا معاملہ تھا' تو وہ شخص کافر تھا۔ جہاں تک اس عورت کا معاملہ تھا' تو لوگوں نے اس کے بارے میں یہ کہا تھا کہ اس نے زنا کیا ہے' تو وہ عورت یہ کہہ رہی تھی میرے لیے اللہ ہی کافی ہے۔ لوگ یہ کہتے تھے کہ اس نے چوری کی ہے' تو وہ عورت یہ کہتی تھی کہ میرے لیے اللہ ہی کافی ہے۔''

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِأَنَّ غَيْرَ الْأَنْبِيَاءِ قَدْ يُوجَدُ لَهُمْ أَحْوَالٌ تُؤَدِّي إِلَى الْمُعْجِزَاتِ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے کہ غیر انبیاء میں بعض اوقات ایسی حالت پائی جاتی ہے' جو معجزات کی طرف لے جاتی ہے

**6489** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُظْهِرُ بْنُ يَحْيَى بْنِ ثَابِتٍ، بِوَاسِطَ الشَّيْخُ الصَّالِحُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِسْحَاقَ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَمْ يَتَكَلَّمْ فِي الْمَهْدِ إِلَّا ثَلَاثَةٌ: عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ، وَصَاحِبُ جُرَيْجٍ كَانَ فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ: جُرَيْجٌ، فَأَنْشَأَ صَوْمَعَةً، فَجَعَلَ يَعْبُدُ اللّٰهَ فِيهَا فَأَتَتْهُ أُمُّهُ ذَاتَ يَوْمٍ، فَنَادَتْهُ، فَلَمْ يَلْتَفِتْ إِلَيْهَا، ثُمَّ أَتَتْهُ يَوْمًا ثَانِيًا فَنَادَتْهُ فَلَمْ يَلْتَفِتْ إِلَيْهَا، ثُمَّ أَتَتْهُ يَوْمًا ثَالِثًا، فَقَالَ: صَلَاتِي وَأُمِّي، فَقَالَتِ: اللّٰهُمَّ لَا تُمِتْهُ أَوْ يَنْظُرَ فِي وُجُوهِ الْمُومِسَاتِ، قَالَ: فَتَذَاكَرَ بَنُو إِسْرَائِيلَ يَوْمًا جُرَيْجًا، فَقَالَتْ بَغِيٌّ مِّنْ بَغَايَا بَنِي إِسْرَائِيلَ: إِنْ شِئْتُمْ أَنْ

6488- إسناده صحيح على شرط الشيخين، ورقاء: هو ابن عمر اليشكري، شبابة: هو ابن سوار. وأخرجه البخاري (3466) في الأنبياء: باب رقم (54)، وأبو يعلى 290/2 من طريقين عن أبي الزناد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/395 عن هوذة، قال: حدثنا عوف، عن خلاس بن عمرو الهجري، عن أبي هريرة بنحوه. وانظر الحديث الآتي.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



اَفْتِنَهُ فَتَنْتُهُ، قَالُوا: قَدْ شِئْنَا، قَالَ: فَانْطَلَقَتْ فَتَعَرَّضَتْ لِجُرَيْجٍ، فَلَمْ يَلْتَفِتْ اِلَيْهَا، فَاَتَتْ رَاعِيًا كَانَ يَأْوِيْ اِلٰى صَوْمَعَةِ جُرَيْجٍ بِغَنَمِهِ فَاَمْكَنَتْهُ نَفْسَهَا فَحَمَلَتْ فَوَلَدَتْ غُلَامًا، فَقَالَتْ: هُوَ مِنْ جُرَيْجٍ، فَوَثَبَ عَلَيْهِ قَوْمٌ مِّنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ فَضَرَبُوْهُ، وَشَتَمُوْهُ، وَهَدُّوا صَوْمَعَتَهُ، فَقَالَ لَهُمْ: مَا شَاْنُكُمْ؟ قَالُوا: زَنَيْتَ بِهٰذِهِ الْبَغِيِّ، فَوَلَدَتْ غُلَامًا، قَالَ: وَاَيْنَ الْغُلَامُ؟ قَالُوا: هُوَ ذَا.

قَالَ: فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ اَتَى الْغُلَامَ فَضَرَبَهُ بِاِصْبَعِهِ، فَقَالَ لَهُ: يَا غُلَامُ، مَنْ اَبُوْكَ؟ قَالَ: فُلَانٌ الرَّاعِي، قَالَ: فَوَثَبُوْا يُقَبِّلُوْنَ رَاْسَهُ، قَالُوا لَهُ: نَبْنِيْ صَوْمَعَتَكَ مِنْ ذَهَبٍ، فَقَالَ: لَا حَاجَةَ لِيْ فِيْ ذٰلِكَ ابْنُوهَا مِنْ طِيْنٍ كَمَا كَانَتْ، قَالَ: وَبَيْنَمَا امْرَاَةٌ فِيْ حِجْرِهَا ابْنٌ تُرْضِعُهُ اِذْ مَرَّ بِهَا رَاكِبٌ، فَقَالَتِ: اللّٰهُمَّ اجْعَلِ ابْنِيْ مِثْلَ هٰذَا الرَّاكِبِ، فَتَرَكَ الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهِ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى الرَّاكِبِ يَنْظُرُ اِلَيْهِ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِيْ مِثْلَ هٰذَا الرَّاكِبِ، ثُمَّ مَرَّ بِامْرَاَةٍ تُرْجَمُ، فَقَالَتِ الْمَرْاَةُ: اللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلِ ابْنِيْ مِثْلَ هٰذِهِ الْاَمَةِ فَتَرَكَ الصَّبِيُّ اُمَّهُ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى الْاَمَةِ يَنْظُرُ اِلَيْهَا، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِثْلَ هٰذِهِ الْاَمَةِ، فَقَالَتِ: الْمَرْاَةُ يَا بُنَيَّ مَرَّ رَاكِبٌ، فَقُلْتُ: اللّٰهُمَّ اجْعَلِ ابْنِيْ مِثْلَ هٰذَا الرَّاكِبِ، فَقُلْتَ: اللّٰهُمَّ، لَا تَجْعَلْنِيْ مِثْلَهُ، وَمَرَرْتُ بِهٰذِهِ الْاَمَةِ تُرْجَمُ، فَقُلْتُ: اللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلِ ابْنِيْ مِثْلَ هٰذِهِ الْاَمَةِ، فَقُلْتَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِثْلَهَا، قَالَ: يَا اُمَّاهُ اِنَّ الرَّاكِبَ جَبَّارٌ مِّنَ الْجَبَابِرَةِ، وَاِنَّ هٰذِهِ الْاَمَةَ يَقُوْلُوْنَ: سَرَقَتْ وَلَمْ تَسْرِقْ، وَيَقُوْلُوْنَ: زَنَتْ وَلَمْ تَزْنِ، وَهِيَ تَقُوْلُ: حَسْبِيَ اللّٰهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جھولے میں صرف تین بچوں نے گفتگو کی ہے ایک حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے، جریج کے واقعے والے لڑکے نے' بنی اسرائیل میں ایک شخص تھا جس کا نام جریج تھا۔ اس نے ایک عبادت گاہ بنائی اور اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے لگا۔ ایک دن اس کی ماں اس کے پاس آئی اور اسے بلند آواز میں پکارا' تو اس نے اپنی ماں کی بات کی طرف توجہ نہیں کی پھر وہ دوسرے دن اس کے پاس آئی' اس نے اسے بلند آواز میں پکارا' تو اس نے پھر اس کی طرف توجہ نہیں کی' پھر وہ تیسرے دن اس کی طرف آئی' تو اس نے سوچا ایک طرف میری نماز ہے ایک طرف میری ماں ہے' تو اس کی ماں نے کہا: اے اللہ! تو اسے اس وقت تک موت نہ دینا' جب تک یہ فاحشہ عورت کا منہ نہیں دیکھ لیتا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ایک دن بنی اسرائیل جریج کے بارے میں بات چیت کر رہے تھے۔ اسی دوران بنی اسرائیل کی ایک فاحشہ عورت نے کہا: اگر تم لوگ چاہو' تو میں اسے آزمائش کا شکار کر سکتی ہوں۔ ان لوگوں نے کہا: ٹھیک ہے ہم تیار ہیں۔ وہ گئی اس نے جریج کو گناہ کی پیشکش کی۔ جریج نے اس کی طرف توجہ نہیں کی' پھر وہ عورت ایک چرواہے کے پاس آئی جو جریج کی والدہ کے پاس اپنی بکریاں لے کر آیا ہوا تھا۔ اس عورت نے اس چرواہے کے ساتھ گناہ کیا' پھر حاملہ ہو گئی۔ اس نے ایک بچے کو جنم دیا۔ اور یہ کہا کہ یہ جریج کی اولاد ہے۔ اس بات پر بنی اسرائیل کے کچھ لوگوں نے جریج پر حملہ کر دیا۔ اس کی پٹائی کرنے لگے' اور اسے برا کہنے لگے۔ انہوں نے اس کے عبادت خانے کو منہدم کر دیا۔ جریج

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



نے ان سے دریافت کیا تمہیں کیا ہوا ہے' تو لوگوں نے کہا: تم نے ایک فاحشہ عورت کے ساتھ زنا کیا ہے اس عورت نے ایک بچے کو جنم دیا ہے۔ جریج نے دریافت کیا وہ بچہ کہاں ہے۔ لوگوں نے کہا: وہ یہ ہے۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: جریج نے دو رکعت نماز ادا کی' پھر وہ بچے کے پاس آیا اور اپنی انگلی اسے لگا کر اسے کہا۔ اے بچے تمہارا باپ کون ہے۔ اس نے کہا: فلاں چرواہا۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں' تو لوگ جریج کے سر کو بوسہ دینے لگے' اور انہوں نے کہا: ہم تمہارا عبادت خانہ سونے سے بنائیں گے۔ جریج نے کہا: مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے تم اسے مٹی سے بنا دو جیسے یہ پہلے تھا۔"

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ ایک عورت کی گود میں ایک بچہ تھا جسے وہ دودھ پلا رہی تھی۔ اسی دوران ایک سوار اس کے پاس سے گزرا' تو اس عورت نے دعا کی: اے اللہ' تو میرے بیٹے کو اس سوار کی مانند (امیر کبیر) بنا دینا۔ بچے نے اپنی ماں کی چھاتی کو چھوڑا اور سوار کی طرف رخ کر کے اسے دیکھنے لگا' پھر وہ کہنے لگا: اے اللہ مجھے اس سوار کی مانند نہ بنانا' پھر وہاں سے ایک عورت گزری جسے سنگسار کیا جانا تھا۔ اس عورت (یعنی بچے کی ماں) نے یہ کہا: اے اللہ' تو میرے بیٹے کو اس کنیز کی مانند نہ بنانا۔ اس بچے نے اپنی ماں کو چھوڑا اس کنیز کی طرف دیکھا اور بولا: اے اللہ' تو مجھے اس کنیز کی مانند (مومن اور ایماندار) کر دینا۔ اس عورت نے کہا: اے میرے بیٹے پہلے ایک سوار گزرا' تو میں نے کہا: اے اللہ میرے بیٹے کو اس سوار کی مانند کر دینا' تو تم نے کہا: مجھے اس کی مانند نہ کرنا پھر ایک کنیز گزری اسے سنگسار کیا جانا تھا' تو میں نے کہا: اے اللہ میرے بیٹے کو اس کنیز کی مانند نہ کرنا۔ اور تم یہ کہہ رہے ہو اے اللہ مجھے اس کی مانند کر دینا۔ اس لڑکے نے کہا: اے امی جان یہ سوار شخص ایک ظالم شخص ہے اور یہ کنیز جس کے بارے میں لوگ یہ کہہ رہے ہیں کہ اس نے چوری کی ہے اس نے چوری نہیں کی اور لوگ یہ کہتے ہیں: اس نے زنا کیا ہے' حالانکہ اس نے زنا نہیں کیا وہ عورت یہی کہتی ہے: میرے لیے اللہ ہی کافی ہے۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ اَنْكَرَ وُجُوْدَ الْمُعْجِزَاتِ فِي الْاَوْلِيَاءِ دُوْنَ الْاَنْبِيَاءِ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے

6489- إسناده صحيح، إسحاق بن عبد الله، روى له ابن ماجه، ووثقه المصنف، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه مسلم (2550) (8) في البر والصلة: باب تقديم بر الوالدين على التطوع بالصلاة وغيرها، حدثنا زهير بن حرب، حدثنا يزيد بن هارون، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/307-308 و 308، والبخاري (2482) في المظالم: باب إذا هدم حائطاً فليبن مثله، و (3436) في الأنبياء: باب قول الله: (وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ إِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا) من طريقين عن جرير بن حازم، به. وأخرجه أحمد 2/433-434، ومسلم من طريقين عن سليمان بن المغيرة، حدثنا حميد بن هلال، عن أبي رافع بنحوه. وأخرجه أحمد 2/434 عن أبي سعيد مولى بني هاشم، قال: حدثنا أبو عوانة، عن عمر بن أبي سلمة، عن أبيه، عن أبي هريرة أن رسول الله - صلى الله عليه وسلم - قال: "كان رجل في بني اسرائيل تاجراً، وكان ينقص مرة ويزيد أخرى، قال: ما في هذه التجارة خير، التمس تجارة هي خير من هذه، فبنى صومعة وترهب فيها، وكان يقال له: جريج" فذكر نحوه. وعلقه البخاري (1206) في العمل في الصلاة: باب إذا دعت الأم ولدها في الصلاة، قال: قال الليث: حدثني جعفر، عن عبد الرحمن بن هرمز: قال: قال أبو هريرة رضي الله عنه: قال رسول الله - صلى الله عليه وسلم - ... فذكره مختصراً.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


## جس نے اولیاء میں معجزات کے وجود کا انکار کیا ہے

**6490** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوبَ الطُّوسِيُّ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ کے نام پر قسم اٹھالیں' تو اللہ تعالیٰ اسے پوری کروادے۔''

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

**6491** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ اُخْتَ الرُّبَيِّعِ اُمَّ حَارِثَةَ، جَرَحَتْ اِنْسَانًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْقِصَاصَ الْقِصَاصَ ، فَقَالَتْ اُمُّ الرَّبِيعِ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَقْتَصُّ مِنْ فُلَانَةَ؟ لَا وَاللّٰهِ لَا تَقْتَصُّ مِنْهَا، فَلَمْ يَزَالُوا بِهِمْ

6490- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير زياد بن أيوب، فمن رجال البخاري. وأخرجه الطحاوي في "شرح مشكل الآثار" 1/293، والقضاعي في "مسند الشهاب" (1002) و (1003) و (1004) من طريقين عن حميد، بهذا الإسناد.

6491- إسناده صحيح، إبراهيم بن الحجاج ثقة روى له النسائي، ومن فوقه من رجال الشيخين غير حماد بن سلمة فمن رجال مسلم، وهو في "مسند أبي يعلى" (3396) . وأخرجه أحمد 3/284، ومسلم (1675) في القسامة: باب إثبات القصاص في الأسنان وما في معناها، والنسائي 27-8/26 في القسامة: باب القصاص في السن، وأبو يعلى ( 3519) ، والبيهقي 8/64 من طرق عن عفان، عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/128 و 167، والبخاري ( 2806) في الجهاد: باب قول الله عز وجل: (مِنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللَّهَ عَلَيْهِ) ، و ( 4500) في تفسير سورة البقرة: باب (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلَى) ، و (4611) في تفسير سورة المائدة: باب قوله (وَالْجُرُوحَ قِصَاصٌ) ، وأبو داود ( 4595) في الديات: باب القصاص من السن، وابن ماجة (2649) في الديات: باب القصاص في السن، والنسائي 8/27 و 28-27 في القسامة: باب القصاص من الثنية، والطبراني في "الكبير"، (768) و 24/ (664) والبغوي ( 2529) من طرق عن حميد، عن أنس أن الرُّبيع عمة أنس كسرت ثنية جارية، فطلبوا إليها العفو، فأبوا، فعرضوا الأرش، فأبوا، فَأَتَوْا رَسُولَ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -، وأبوا إلا القصاص، فَأَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - بالقصاص، فقال أنس بن النضر: يا رسول الله، أتكسر ثنية الرُّبيع؟ ! لا والذي بعثك بالحق، لا تكسر ثنيتها، فقال رسول الله - صلى الله عليه وسلم -: "يا أنس كتاب الله القصاص" فرضي القوم، فعفوا، فقال رسول الله - صلى الله عليه وسلم -: "إن من عباد الله من لو أقسم على الله لأبره."

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



حَتّٰى رَضُوا بِالدِّيَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ربیعہ کی بہن ام حارثہ نے ایک شخص کو زخمی کر دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قصاص دلوایا جائے گا قصاص دلوایا جائے گا' تو ام ربیعہ نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا فلاں عورت سے قصاص دلوایا جائے گا؟ جی نہیں اللہ کی قسم! اس سے قصاص نہیں دلوایا جائے گا' پھر دوسرے طریقے سے بات چیت ہوتی رہی' یہاں تک کہ وہ لوگ دیت لینے پر رضا مند ہو گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کے کچھ بندے ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ کے نام کی قسم اٹھائیں' تو اللہ تعالیٰ اسے پوری کروا دیتا ہے۔

## ذِكْرُ ارْتِجَاجِ اُحُدٍ تَحْتَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نیچے احد پہاڑ کے حرکت کرنے کا تذکرہ

**6492** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ:

(متن حدیث): اَنَّ اُحُدًا ارْتَجَّ وَعَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اثْبُتْ اُحُدُ، فَمَا عَلَيْكَ اِلَّا نَبِيٌّ، وَصِدِّيقٌ، وَشَهِيدَانِ .

قَالَ مَعْمَرٌ: وَسَمِعْتُ قَتَادَةَ يُحَدِّثُ بِمِثْلِهِ

❀❀ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ احد پہاڑ نے حرکت کی اس پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ موجود تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے احد! اپنی جگہ پر رہو۔ تمہارے اوپر ایک نبی، ایک صدیق اور دو شہید موجود ہیں۔

معمر کہتے ہیں: میں نے قتادہ کو اس کی مانند حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ہے۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْاَشْيَاءَ اِذَا كَانَتْ مِنْ غَيْرِ ذَوَاتِ الْاَرْوَاحِ غَيْرُ جَائِزٍ مِنْهَا النُّطْقُ

---

6492– إسناده صحيح على شرط البخاري. رجاله رجال الصحيح غير علي ابن المديني، فمن رجال البخاري. أبو حازم: هو سلمان الأشجعي، وهو في " مصنف عبد الرزاق " (20401) .وعلقه البخاري في "التاريخ الكبير" 4/78، قال: وقال لنا أحمد (يعني ابن حنبل) وعلي (يعني ابن المديني) : حدثنا عبد الرزاق بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد في "المسند" 5/331، وفي "فضائل الصحابة" (247) ، وأبو يعلى 351/1، والبيهقي في "دلائل النبوة" 6/351، والبغوي (3902) من طريق عبد الرزاق، به.وذكره الحافظ في " الفتح " 7/38 من رواية أبي يعلى وصححه. وأورده الهيثمي في "المجمع" 9/55، وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے جب کوئی چیز روح والی نہ ہو' تو اس کی طرف سے گویائی کا صدور نا ممکن ہے

6493 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْاَعْيَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْاَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ فَدَعَا بِالطَّعَامِ، وَكَانَ الطَّعَامُ يُسَبِّحُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھانا منگوایا' تو کھانا تسبیح پڑھ رہا تھا۔

## ذِكْرُ شَهَادَةِ الذِّئْبِ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى صِدْقِ رِسَالَتِهِ

## اس بات کا تذکرہ کہ ایک بھیڑیے نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی سچائی کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں گواہی دی

6494 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ الْفَضْلِ

6493- إسناده قوى، أبو بكر الأعين: واسمه محمد بن أبى عتاب، روى عنه جمع، وذكره المؤلف فى "الثقات"، وقال أحمد: مات ولا يعرف إلّا الحديث، ولم يكن صاحب كلام، وإنى لأغبطه . وقول ابن معين فيه: لَيس هو من أصحاب الحديث، فسّره الخطيب، فقال: يعنى لم يكن بالحافظ للطرق والعلل، وأما الصدق والضبط، فلم يكن مدفوعاً عنه. قلت: ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. إسرائيل: هو ابن يونس بن أبى إسحاق السبيعى، وإبراهيم: هو ابن يزيد النخعى، وعلقمة: هو ابن قيس بن عبد اللّٰه النخعى، والأسود: هو ابن يزيد النخعى.وأخرجه الدارمى 15-1/14 عن عبيد الله بن موسى، بهذا الإسناد، لكن أسقط منه الأسود متابع علقمة .وأخرجه أحمد 1/460 عن الوليد بن القاسم بن الوليد.وأخرجه البخارى ( 3579) فى مناقب الأنصار: باب علامات النبوة بعد الإسلام، والترمذى ( 3633) فى المناقب: باب رقم (6) ، والبيهقى فى "دلائل النبوة " 4/129، والبغوى ( 3713) من طريقين عن أبى أحمد الزبيرى، كلاهما عن إسرائيل، به.

6494- إسناده صحيح على شرط مسلم . الجريرى: هو سعيد بن إياس، وأبو نضرة: هو المنذر بن مالك بن قطعة.وأخرجه أبو نعيم فى "دلائل النبوة " (270) من طريق هشام بن على السيرافى، قال: حدثنا هدبة بن خالد، بهذا الإسناد، ولم يذكر الجريرى.وأخرجه أحمد 84-3/83، والبزار (2431) ، والحاكم 4/467 -468، والبيهقى فى "دلائل النبوة" 42-6/41 و 42 من طرق عن القاسم بن الفضل، به. ولم يُذكر الجريرى عندهم أيضاً، وصححه الحاكم والبيهقى .وأخرجه الترمذى ( 2181) فى الفتن: باب ما جاء فى كلام السباع، والحاكم 4/467 من طريقين عن وكيع، عن القاسم بن الفضل، به، مختصراً دون قصة الذئب، وصحّحه الحاكم على شرطِ مُسلم، ووافقه الذهبى، وقال الترمذى: وهذا حديث حسن غريب لا نعرفه إلا من حديث القاسم بن الفضل، والقاسم بن الفضل ثقة مأمون عند أهل الحديث، وثقه يحيى بن سعيد القطان وعبد الرحمن بن مهدى .وقال البزار: لا نعلم رواه هكذا إلا القاسم، وهو بصرى مشهور، وقد رواه عن أبى سعيد شهر بن حوشب، وزاد فيه عن أبى نضرة.وذكره الهيثمى فى "المجمع" 8/291 ونسبه لأحمد والبزار، وقال: ورجال أحد إسنادى أحمد رجال الصحيح.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


الْحُدَّانِیُّ، حَدَّثَنَا الْجُرَیْرِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ، قَالَ:

(متن حدیث): بَیْنَا رَاعٍ یَرْعٰی بِالْحَرَّةِ اِذْ عَرَضَ ذِئْبٌ لِشَاةٍ مِنْ شَائِهِ، فَجَاءَ الرَّاعِی یَسْعٰی فَانْتَزَعَهَا مِنْهُ، فَقَالَ لِلرَّاعِی: اَلَا تَتَّقِی اللّٰهَ، تَحُولُ بَیْنِیْ وَبَیْنَ رِزْقٍ سَاقَهُ اللّٰهُ اِلَیَّ؟ قَالَ الرَّاعِی: الْعَجَبُ لِلذِّئْبِ - وَالذِّئْبُ مُقْعٍ عَلٰی ذَنَبِهِ - یُکَلِّمُنِیْ بِکَلَامِ الْاِنْسِ، قَالَ الذِّئْبُ لِلرَّاعِی: اَلَا اُحَدِّثُكَ بِاَعْجَبَ مِنْ هٰذَا، هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَیْنَ الْحَرَّتَیْنِ، یُحَدِّثُ النَّاسَ بِاَنْبَاءِ مَا قَدْ سَبَقَ، فَسَاقَ الرَّاعِی شَاءَهُ اِلَی الْمَدِیْنَةِ، فَزَوَاهَا فِیْ زَاوِیَةٍ مِنْ زَوَایَاهَا، ثُمَّ دَخَلَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ مَا قَالَ الذِّئْبُ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَقَالَ لِلرَّاعِی: قُمْ فَاَخْبِرْ، فَاَخْبَرَ النَّاسَ بِمَا قَالَ الذِّئْبُ، وَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ الرَّاعِی، اَلَا مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ کَلَامُ السِّبَاعِ الْاِنْسَ، وَالَّذِیْ نَفْسِی بِیَدِهٖ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی تُکَلِّمَ السِّبَاعُ الْاِنْسَ، وَیُکَلِّمَ الرَّجُلُ نَعْلَهُ، وَعَذَبَةَ سَوْطِهِ، وَیُخْبِرَهُ فَخِذُهُ بِحَدِیْثِ اَهْلِهِ بَعْدَهُ

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ایک چرواہا پتھریلی زمین پر بکریاں چرا رہا تھا۔ اسی دوران ایک بھیڑیا اس کی بکری کے پاس آیا۔ وہ چرواہا دوڑتا ہوا آیا اس نے اس بکری کو بھیڑیے سے چھڑا لیا۔ اس بھیڑیے نے چرواہے سے کہا تم اللہ سے ڈرتے نہیں ہو تم میرے اور اس رزق کے درمیان رکاوٹ بن گئے ہو جو اللہ تعالیٰ نے میرے لیے بھیجا تھا۔ اس چرواہے نے کہا: بھیڑیے پر حیرانگی ہے وہ بھیڑیا جس کی شکل وصورت بھیڑیے جیسی ہے وہ انسانوں کی طرح میرے ساتھ بات چیت کر رہا ہے۔ اس بھیڑیے نے اس چرواہے سے کہا: کیا میں تم کو اس سے زیادہ حیران کن بات نہ بتاؤں۔ یہ دو طرف کی پتھریلی زمین کے درمیان (مدینہ منورہ میں) اللہ کے رسول ہیں جو لوگوں کو ان باتوں کے بارے میں بتاتے ہیں جو پہلے گزر چکی ہیں' پھر وہ چرواہا اپنی بکریوں کو لے کر مدینہ منورہ آ گیا۔ اس نے وہاں کے گوشے میں ان کو کھڑا کیا اور خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیڑیے کی گفتگو کے بارے میں بتایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (گھر سے) باہر تشریف لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چرواہے سے کہا تم کھڑے ہو۔ اور لوگوں کو بتاؤ۔ اس نے لوگوں کو بتایا جو بھیڑیے نے کہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس چرواہے نے سچ کہا ہے۔ خبردار قیامت کی نشانیوں میں یہ بات بھی شامل ہے کہ درندے انسانوں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی' جب تک درندے انسانوں کے ساتھ بات چیت نہیں کریں گے۔ اور آدمی اپنے جوتے کے ساتھ اور اپنے کوڑے کے کنارے کے ساتھ کلام نہیں کرے گا۔ اس کا زانو اس کو اس بارے میں بتائے گا کہ اس کے بعد اس کی اہلیہ نے کیا کیا تھا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایۃ

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ انْشِقَاقِ الْقَمَرِ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْيِ الرِّيَبِ عَنْ خَلَدِ الْمُشْرِكِينَ بِهٖ

## نبی اکرم ﷺ کے لیے چاند کے دوٹکڑے ہوجانے کا تذکرہ تاکہ اس بارے میں مشرکین کے شک کی نفی ہوجائے

**6495** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِىْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): انْشَقَّ الْقَمَرُ، وَكُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى، حَتّٰى ذَهَبَتْ فِلْقَةٌ خَلْفَ الْجَبَلِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْهَدُوا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: چاند دوٹکڑے ہوگیا' اس وقت ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ منیٰ میں موجود تھے' یہاں تک کہ چاند کا ایک ٹکڑا پہاڑ کے پیچھے چلا گیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ گواہ ہوجاؤ۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ اِبْرَاهِيمُ النَّخَعِيُّ عَنْ اَبِىْ مَعْمَرٍ

## اس روایت کا تذکرہ' جواس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جواس بات کا قائل ہے ابومعمر کے حوالے سے یہ روایت نقل کرنے میں ابراہیم نخعی نامی راوی منفرد ہے

**6496** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ مَعْشَرٍ، بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

---

6495- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير مسدد بن مسرهد، فمن رجال البخاري. أبو معاوية: هو محمد بن خازم الضرير، والأعمش: هو سليمان بن مهران، وإبراهيم: هو ابن يزيد النخعي، وأبو معمر: هو عبد الله بن سخبرة، وعبد الله: هو ابن مسعود رضى الله عنه. وأخرجه مسلم (2800) (44) فى صفات المنافقين: باب انشقاق القمر، من طرق عن أبى معاوية، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/447، والبخارى (3869) و (3871) فى مناقب الأنصار: باب انشقاق القمر، و (4864) فى تفسير سورة (اقتربت الساعة)، ومسلم، والترمذى (3285) فى التفسير: باب ومن سورة القمر، والطبرى فى "جامع البيان" 27/85، والطبرانى فى "الكبير" (9996)، والبيهقى فى "الدلائل" 2/265 و 266-265 من طرق عن الأعمش، به. وأخرجه أحمد 1/377، والبخارى (3636) فى المناقب: باب سؤال المشركين أن يريهم النبى - صلى الله عليه وسلم - آية فأراهم انشقاق القمر، و (4865)، ومسلم، والترمذى (3287)، وأبو يعلى (4968)، والبيهقى 2/264 من طرق عن سفيان بن عيينة، عن ابن أبى نجيح، عن مجاهد، عن أبى معمر، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): اِنْشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِرْقَتَيْنِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں چاند دو ٹکڑے ہو گیا تھا۔

## ذِكْرُ انْشِقَاقِ الْقَمَرِ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے چاند کے دو ٹکڑے ہونے کا تذکرہ

**6497** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ اَبُوْ يَعْلٰى، بِالْاُبُلَّةِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ الْكِنْدِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنْشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں مکہ میں چاند دو ٹکڑے ہو گیا تھا۔

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ مَصَارِعِ مَنْ قُتِلَ بِبَدْرٍ مِنْ قُرَيْشٍ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ، جو بدر میں قریش کے مقتولین کے قتل ہونے کی جگہ کے بارے میں ہے

**6498** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا وَرَدَ بَدْرًا اَوْمَا فِيْهَا اِلَى الْاَرْضِ، فَقَالَ: هٰذَا مَصْرَعُ فُلَانٍ، وَهٰذَا مَصْرَعُ فُلَانٍ، فَوَاللّٰهِ مَا اَمَاطَ وَاحِدٌ مِّنْهُمْ عَنْ مَصْرَعِهِ، وَتَرَكَ قَتْلٰى بَدْرٍ ثَلَاثًا، ثُمَّ اَتَاهُمْ،

6496- إسناده صحيح على شرط الشيخين. ابن أبي عدي: هو محمد بن إبراهيم، وسليمان: هو الأعمش. وأخرجه مسلم (2801) في صفة المنافقين: باب انشقاق القمر، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي (1891)، ومسلم (2801)، والترمذي (3288) في التفسير: باب ومن سورة القمر، والطبراني في "الكبير" (13473) من طرق عن شعبة، به. وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح.

6497- إسناده صحيح على شرط الشيخين. ابْنُ فُضَيْلٍ: هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غزوان، وحصين: هو ابن عبد الرحمن السلمي. وأخرجه الطبري في "جامع البيان" 27/86، وابن أبي حاتم في "التفسير" كما في "النكت الظراف" 2/415 من طريقين عن ابن فضيل، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني في "الكبير" (1561) عن العباس بن حمدان الحنفي، حدثنا علي بن المنذر الطريفي، حدثنا محمد بن فضيل، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ محمد بن جبير، عن أبيه ... وأخرجه الطبري 27/86 عن ابن حميد، قال: حدثنا مهران، عن خارجة، عن الحصين بن عبد الرحمن، به، بإسقاط سالم بن أبي الجعد. وأخرجه أحمد 4/81-82، والترمذي (3289) في التفسير: باب ومن سورة القمر، والطبراني (1559)، والبيهقي في "دلائل النبوة" 2/268 من طريق محمد بن كثير، عن سليمان بن كثير، عن حصين، به. وقال الترمذي: وقد روى بعضهم هذا الحديث عن حصين، عن جبير بن محمد بن جبير بن مطعم، عن أبيه، عن جده جبير بن مطعم نحوه. قلت: هذه الرواية أخرجها الطبراني (1560)، والبيهقي 2/265 من طرق عن محمد بن جبير بن مطعم، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



فَقَامَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: يَا اَبَا جَهْلِ بْنَ هِشَامٍ، يَا اُمَيَّةَ بْنَ خَلَفٍ، يَا عُتْبَةَ بْنَ رَبِيعَةَ، يَا شَيْبَةَ بْنَ رَبِيعَةَ، اَلَيْسَ قَدْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا؟ فَاِنِّي وَجَدْتُّ مَا وَعَدَ رَبِّي حَقًّا قَالَ: فَسَمِعَ عُمَرُ قَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ يَسْمَعُوْنَ قَوْلَكَ اَوْ يُجِيبُوْنَ وَقَدْ جَيَّفُوا؟ فَقَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهٖ مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ لِمَا اَقُوْلُ مِنْهُمْ، وَلٰكِنَّهُمْ لَا يَقْدِرُوْنَ اَنْ يُّجِيبُوْا، ثُمَّ اَمَرَ بِهِمْ، فَسُحِبُوا، فَاُلْقُوا فِيْ قَلِيبِ بَدْرٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بدر تشریف لائے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے زمین کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: یہ فلاں شخص کے مرنے کی جگہ ہے یہ فلاں شخص کے مرنے کی جگہ ہے' تو اللہ کی قسم! ان میں سے کوئی بھی شخص اپنی مخصوص جگہ سے ذرا بھی نہیں ہٹا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے (کفار) مقتولین کو تین دن تک ایسے ہی رہنے دیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس کھڑے ہوئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوجہل بن ہشام! اے امیہ بن خلف! اے عتبہ بن ربیعہ! اے شیبہ بن ربیعہ! تمہارے پروردگار نے جو وعدہ کیا تھا کیا تم نے اسے سچ نہیں پایا۔ میرے پروردگار نے جو وعدہ کیا تھا میں نے' تو اسے سچ پالیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنا: تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بات ان لوگوں کو سنا رہے ہیں جو مردار ہو چکے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے میں جو کہہ رہا ہوں تم اس بات کو ان لوگوں سے زیادہ اچھے طور پر نہیں سن رہے' لیکن وہ لوگ جواب دینے کی قدرت نہیں رکھتے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت ان لوگوں کو گھسیٹ کر بدر کے ایک گڑھے میں ڈال دیا گیا۔

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ كِتْبَةِ حَاطِبِ بْنِ اَبِيْ بَلْتَعَةَ بِالْكِتَابِ اِلٰى قُرَيْشٍ يُخْبِرُهُمْ بِخُرُوجِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِمْ

### اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ حضرت حاطب بن ابو بلتعہ رضی اللہ عنہ نے قریش کی طرف

ایک خط لکھا تھا جس میں انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان لوگوں (کی طرف جنگ کے لیے) آنے کے بارے میں اطلاع دی تھی

**6499** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْنَاهُ مِنْ عَمْرٍو، يَقُوْلُ: اَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ رَافِعٍ، وَهُوَ كَاتِبُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ:

6498- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه في "صحيحه" (2874) في الجنة وصفة نعيمها وأهلها: باب عرض مقعد الميت من الجنة أو النار عليه، عن هدبة بن خالد، بهذا الإسناد. وانظر الحديث المتقدم برقم (4722)، والحديث الآتي برقم (6525).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): بَعَثَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالزُّبَيْرَ، وَطَلْحَةَ، وَالْمِقْدَادَ بْنَ الْاَسْوَدِ، فَقَالَ: انْطَلِقُوا حَتّٰى تَاْتُوا رَوْضَةَ خَاخٍ، فَاِنَّ بِهَا ظَعِينَةً مَعَهَا كِتَابٌ، فَخُذُوهُ مِنْهَا، فَانْطَلَقْنَا تَعَادٰى بِنَا خَيْلُنَا، حَتّٰى اَتَيْنَا الرَّوْضَةَ، فَاِذَا نَحْنُ بِالظَّعِينَةِ، فَقُلْنَا لَهَا: اَخْرِجِي الْكِتَابَ، فَقَالَتْ: مَا مَعِي مِنْ كِتَابٍ، فَقُلْنَا: آللّٰهِ لَتُخْرِجِنَّ الْكِتَابَ اَوْ لَنُلْقِيَنَّ الثِّيَابَ، فَاَخْرَجَتْهُ مِنْ عِقَاصِهَا، فَاَتَيْنَا بِهِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا فِيهِ: مِنْ حَاطِبِ بْنِ اَبِي بَلْتَعَةَ اِلٰى نَاسٍ مِنَ الْمُشْرِكِينَ مِنْ اَهْلِ مَكَّةَ، يُخْبِرُهُمْ بِبَعْضِ اَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا حَاطِبُ مَا هٰذَا؟، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَا تَعْجَلْ عَلَيَّ اِنِّي كُنْتُ امْرَاً مُلْصَقًا فِي قُرَيْشٍ، وَلَمْ اَكُنْ مِنْ اَنْفُسِهِمْ، وَكَانَ مَنْ مَعَكَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ لَهُمْ قَرَابَاتٌ بِمَكَّةَ، يَحْمُوْنَ قَرَابَتَهُمْ وَاَهْلِيهِمْ، وَلَمْ يَكُنْ لِي قَرَابَةٌ اَحْمِي بِهَا اَهْلِي، فَاَحْبَبْتُ اِنْ فَاتَنِي ذٰلِكَ مِنَ النَّسَبِ اَنْ اَتَّخِذَ عِنْدَهُمْ يَدًا يَحْمُوْنَ قَرَابَتِي وَاَهْلِي، وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ ارْتِدَادًا عَنْ دِينِي، وَلَا رِضًا بِالْكُفْرِ بَعْدَ الْاِسْلَامِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هٰذَا قَدْ صَدَقَكُمْ، فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ دَعْنِي اَضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ شَهِدَ بَدْرًا، وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَكُوْنَ قَدِ اطَّلَعَ عَلٰى اَهْلِ بَدْرٍ، فَقَالَ: اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ، وَاَنْزَلَ فِيهِ: (يٰاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَاءَ) (الممتحنة: 1) الْاٰيَةَ

عبیداللہ بن ابورافع حضرت علی رضی اللہ عنہ کے معتمد خصوصی تھے۔ وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو اور حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ جاؤ اور خاخ نامی باغ میں پہنچو۔ وہاں ایک عورت ہوگی اس کے پاس ایک خط ہوگا وہ تم اس سے لے لینا۔ ہم لوگ اپنے گھوڑوں کو دوڑاتے ہوئے اس باغ تک آئے وہاں ایک عورت موجود تھی۔ ہم نے اسے کہا تم خط نکالو۔ اس نے کہا: میرے پاس کوئی خط نہیں ہے۔ انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! یا تو تم خط نکالو گی یا ہم تمہاری جامہ تلاشی لیں گے تو اس نے اپنے بالوں کے جوڑے میں سے خط نکال دیا۔ ہم وہ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو وہ خط حاطب بن ابوبلتعہ کی طرف سے مکہ

6499- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله رجال الشيخين غير عبد الجبار بن العلاء، فهو من رجال مسلم. سفيان: هو ابن عيينة، وعمرو: هو ابن دينار، والحسن بن محمد: هو ابن علي بن أبي طالب. وأخرجه الحميدي (49)، وأحمد 1/79، والبخاري (3007) في الجهاد: باب الجاسوس، و (4274) في المغازي: باب غزوة الفتح وما بعث به حاطب إلى أهل مكة يخبرهم بغزو النبي - صلى الله عليه وسلم -، و (4890) في التفسير: باب: (لا تتخذوا عدوي وعدوكم أولياء)، ومسلم (2494) في فضائل الصحابة: باب من فضائل أهل بدر، وأبو داود (2650) في الجهاد: باب في حكم الجاسوس إذا كان مسلماً، والترمذي (3305) في التفسير: باب ومن سورة الممتحنة، والطبري في "جامع البيان" 28/58، وأبو يعلى (394) و (398)، والبيهقي في "السنن" 9/146، وفي "دلائل النبوة" 5/17، والواحدي في "أسباب النزول" ص 283، والبغوي في "معالم التنزيل" 4/328، وابن الأثير في "أسد الغابة" 1/432 من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد. وانظر الحديث الآتي برقم (7119).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



میں رہنے والے کچھ مشرکین کے نام تھا۔ اس خط میں حضرت حاطب رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارادوں کے بارے میں بتایا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے حاطب یہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے بارے میں جلدی نہ کیجئے۔ میں ایک ایسا شخص ہوں جو قریش کے ساتھ ملا ہوا ہوں لیکن میں قریش کا حصہ نہیں ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جو دیگر مہاجرین ہیں۔ ان کے مکہ میں رشتہ دار موجود ہیں جس کی وجہ سے ان کے رشتہ دار اور اہل خانہ محفوظ ہیں لیکن میری مکہ میں کسی کے ساتھ رشتہ داری نہیں ہے جس کی وجہ سے میں اپنے اہل خانہ کو محفوظ کرلوں۔ اس لیے میں یہ چاہتا تھا کہ اگر نسبی طور پر میرا ان سے کوئی تعلق نہیں ہے تو پھر میں ان پر کوئی احسان کردوں جس کی وجہ سے وہ میرے قرابت داروں اور میرے گھر والوں کا خیال رکھیں۔ اللہ کی قسم! یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میں نے اپنے دین سے مرتد ہوتے ہوئے یا اسلام قبول کرنے کے بعد کفر سے راضی ہوتے ہوئے ایسا نہیں کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس نے تمہارے ساتھ سچ بولا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس منافق کی گردن اڑادوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ بدر میں شریک ہوا ہے۔ تمہیں کیا پتہ شاید اللہ تعالیٰ نے اہل بدر کی طرف متوجہ ہو کر کہا ہو۔ تم جو چاہو عمل کرو میں نے تمہاری مغفرت کردی ہے۔

(راوی کہتے ہیں:) اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

''اے ایمان والو! میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ''

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الرِّيحِ الشَّدِيدَةِ الَّتِي هَبَّتْ لِمَوْتِ بَعْضِ الْمُنَافِقِينَ

## اس تیز چلنے والی ہوا کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ جو ایک منافق کے مرنے پر چلی تھی

**6500** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ، اَخْبَرَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَقِيلِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، اَخْبَرَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّهُمْ غَزَوْا غَزْوَةً بَيْنَ مَكَّةَ، وَالْمَدِينَةِ، فَهَاجَتْ عَلَيْهِمْ رِيحٌ شَدِيدَةٌ، حَتّٰى وَقَعَتِ الرِّحَالُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا لِمَوْتِ مُنَافِقٍ، قَالَ: فَرَجَعْنَا اِلَى الْمَدِينَةِ، فَوَجَدْنَا مُنَافِقًا عَظِيمَ النِّفَاقِ مَاتَ يَوْمَئِذٍ

❁❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ انہوں نے مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک غزوہ میں شرکت کی تو ان لوگوں پر انتہائی تیز ہوا چلی یہاں تک کہ پالان گرنے لگے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ کسی منافق کی موت (کی نشانی ہے)

راوی کہتے ہیں: جب ہم لوگ مدینہ منورہ واپس آئے تو وہاں آکر ہمیں پتہ چلا اس دن ایک بڑے منافق کا انتقال ہوگیا تھا۔

---

6500– حديث صحيح إسناده قوي، وانظر التعليق على الحديث المتقدم برقم (6187)، وأخرجه أحمد 3/135، ومسلم (2782) في أول كتاب صفات المنافقين، والبيهقي في "دلائل النبوة" 4/61 من طريق الأعمش، عن أبي سفيان طلحة بن نافع، عن جابر. وأخرجه أحمد 3/341 عن حسن (هو ابن موسى الأشيب)، و 3/346

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ هُبُوبِ رِيحٍ شَدِيدَةٍ قَبْلَ اَنْ تَهُبَّ

### تیز ہوا کے چلنے کے بارے میں اطلاع دینے کا تذکرہ' جو اس کے (چلنے سے پہلے) دی گئی ہو

**6501** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الطُّوسِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيٰى، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، عَنْ اَبِيْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى تَبُوكَ حَتّٰى اَتٰى وَادِيَ الْقُرٰى، فَاِذَا امْرَاَةٌ فِيْ حَدِيقَةٍ لَهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْرُصُوا ، فَخَرَصَ الْقَوْمُ عَشَرَةَ اَوْسُقٍ، وَقَالَ لِلْمَرْاَةِ: اَحْصِي مَا يَخْرُجُ مِنْهَا حَتّٰى اَرْجِعَ اِلَيْكِ ، فَسَارَ حَتّٰى اَتٰى تَبُوكَ، فَقَالَ: اِنَّهُ سَيَاْتِيكُمُ اللَّيْلَةَ رِيحٌ شَدِيدَةٌ، فَلَا يَقُومَنَّ فِيهَا اَحَدٌ، وَمَنْ كَانَ لَهُ بَعِيرٌ فَلْيُوثِقْ عِقَالَهُ فَهَبَّتْ رِيحٌ شَدِيدَةٌ، فَلَمْ يَقُمْ فِيهَا اِلَّا رَجُلٌ وَّاحِدٌ فَاَلْقَتْهُ فِيْ جَبَلِ طَيِّءٍ، قَالَ: فَاَتَاهُ مَلِكُ اَيْلَةَ، وَاَهْدٰى لَهُ بَغْلَةً بَيْضَاءَ، وَكَسَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِدَاءَهُ، فَلَمَّا رَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى وَادِيَ الْقُرٰى، فَقَالَ لِلْمَرْاَةِ: كَمْ جَاءَتْ حَدِيقَتُكِ؟ ، قَالَتْ: عَشَرَةُ اَوْسُقٍ خَرْصَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي مُسْتَعْجِلٌ، مَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ اَنْ يَّتَعَجَّلَ مَعِي فَلْيَفْعَلْ ، فَسَارَ حَتّٰى اِذَا اَوْفٰى عَلَى الْمَدِينَةِ، قَالَ: هٰذِهٖ طَيْبَةُ اَوْ طَابَةُ ، فَلَمَّا رَاٰى اُحُدًا قَالَ: هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ ، ثُمَّ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ دُورِ الْاَنْصَارِ؟ ، قَالُوا: بَلٰى، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: خَيْرُ دُورِ الْاَنْصَارِ، بَنُو النَّجَّارِ، اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِالَّذِينَ يَلُونَهُمْ؟ ، قَالُوا: بَلٰى، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: بَنُو سَاعِدَةَ، وَبَنُو الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ

حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تبوک کی طرف روانہ ہوئے جب

6501- إسناده صحيح. محمد بن منصور الطوسي وأحمد بن إسحاق روى لهما أصحاب السنن، وهما ثقتان ومن فوقهما على شرط الشيخين . وهيب: هو ابن خالد بن عجلان .وأخرجه ابن أبي شيبة 14/539-540، وأحمد 5/424-425، ومسلم ص 1786 (12) في "الفضائل: باب معجزات النبي - صلى الله عليه وسلم -، وابن خزيمة ( 2314) عن عفان .وأخرجه البخاري (1481) في الزكاة: باب خرص التمر، و (3161) في الجزية: باب إذا وادع الإمام ملك القرية هل يكون لبقيتهم، وأبو داود (3079) في الخراج والإمارة: باب في إقطاع الأرضين، والبيهقي في "الدلائل" 5/239 عن سهل بن بكار .وأخرجه مسلم (1392) ص 1786 عن المغيرة بن سلمة المخزومي، ثلاثتهم عن وهيب بن خالد، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري ( 1872) في فضائل المدينة: باب المدينة طابة، و (3791) في مناقب الأنصار : باب فضل دور الأنصار، و (4422) في المغازي: باب نزول النبي - صلى الله عليه وسلم - الحجر، ومسلم (1392) في الحج: باب "أحد جبل يحبنا ونحبه"، وص 1768، والبيهقي في " السنن " 4/122، و "دلائل النبوة" 5/238 من طرق عن عمرو بن يحيى، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


نبی اکرم ﷺ وادی قریٰ میں پہنچے تو وہاں ایک عورت اپنے باغ میں موجود تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (تم اس باغ کی پیداوار) کا اندازہ لگاؤ تو لوگوں نے اندازہ لگایا کہ اس کی پیداوار دس وسق ہوگی۔ نبی اکرم ﷺ نے اس خاتون سے فرمایا اس کی جو پیداوار ہوگی تم اسے شمار کر لینا ہم واپس تمہارے پاس آئیں گے۔ پھر نبی اکرم ﷺ وہاں سے روانہ ہوئے یہاں تک کہ آپ تبوک تشریف لے آئے آپ نے ارشاد فرمایا: آج رات تم پر تیز ہوا چلے گی۔ اس ہوا میں کوئی شخص کھڑا ہرگز نہ ہو جس شخص کا اونٹ ہے وہ اس کی رسی کو باندھ دے تیز ہوا چلی تو کوئی شخص اس میں کھڑا نہیں ہوا۔ صرف ایک شخص کھڑا ہوا تھا۔ ہوا نے اسے جبل طے کے اوپر پھینک دیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: وہاں ایلہ کا حکمران نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے ایک سفید خچر آپ کو تحفے کے طور پر پیش کیا۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنی چادر اسے پہننے کے لئے دی جب نبی اکرم ﷺ واپس تشریف لائے اور آپ وادی قریٰ پہنچے تو آپ نے اس خاتون سے دریافت کیا۔ تمہارے باغ میں کتنی پیداوار ہوئی۔ اس نے جواب دیا: دس وسق۔ یہ نبی اکرم ﷺ کے اندازے کے بالکل مطابق تھی پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ میں جلدی جانا چاہتا ہوں تم میں سے جو شخص میرے ساتھ جلدی جانا چاہتا ہو وہ ایسا کر لے پھر نبی اکرم ﷺ روانہ ہوئے یہاں تک کہ جب آپ مدینہ منورہ کے قریب پہنچے تو آپ نے ارشاد فرمایا: یہ طیبہ ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) یہ طابہ ہے جب نبی اکرم ﷺ نے اُحد پہاڑ کو دیکھا تو آپ نے ارشاد فرمایا: یہ پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں انصار کے بہترین گھرانوں کے بارے میں نہ بتاؤں۔ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں یا رسول اللہ ﷺ! نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: انصار کا سب سے بہتر گھرانہ بنو نجار ہیں۔ کیا میں تمہیں ان کے بعد والوں کے بارے میں نہ بتاؤں۔ لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (ان کے بعد) بنو ساعدہ اور بنو حارث بن خزرج ہیں۔

## ذِكْرُ مَا حَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا بَيْنَ صَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبَيْنَ الْمُشْرِكِينَ فِيمَا قَصَدُوهُ بِهِ

## اس بات کا تذکرہ جب مشرکین نے نبی اکرم ﷺ (کو نقصان پہنچانے کا ارادہ کیا) تو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب اور مشرکین کے درمیان کیا چیز حائل کر دی تھی

**6502** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ الْمَلَاَ مِنْ قُرَيْشٍ اجْتَمَعُوْا فِي الْحِجْرِ، فَتَعَاقَدُوْا بِاللَّاتِ وَالْعُزّٰى وَمَنَاةَ الثَّالِثَةِ الْاُخْرٰى وَنَائِلَةَ، وَاِسَافٍ: لَوْ قَدْ رَاَيْنَا مُحَمَّدًا لَقُمْنَا اِلَيْهِ قِيَامَ رَجُلٍ وَّاحِدٍ، فَلَمْ نُفَارِقْهُ حَتّٰى نَقْتُلَهُ، فَاَقْبَلَتِ ابْنَتُهُ فَاطِمَةُ تَبْكِي حَتّٰى دَخَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: هٰؤُلَاءِ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِكَ قَدْ تَعَاقَدُوْا عَلَيْكَ لَوْ قَدْ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



رَاَوْكَ قَامُوا اِلَيْكَ، فَقَتَلُوكَ، فَلَيْسَ مِنْهُمْ رَجُلٌ اِلَّا عَرَفَ نَصِيبَهُ مِنْ دَمِكَ، قَالَ: يَا بُنَيَّةُ اِيتِينِي بِوَضُوءٍ، فَتَوَضَّاَ، ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَلَمَّا رَاَوْهُ قَالُوا: هَا هُوَ ذَا، هَا هُوَ ذَا، فَخَفَضُوا اَبْصَارَهُمْ، وَسَقَطَتْ اَذْقَانُهُمْ فِي صُدُورِهِمْ، فَلَمْ يَرْفَعُوا اِلَيْهِ بَصَرًا، وَلَمْ يَقُمْ اِلَيْهِ مِنْهُمْ رَجُلٌ، فَاَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى قَامَ عَلٰى رُءُ وْسِهِمْ، فَاَخَذَ قَبْضَةً مِنْ تُرَابٍ، وَقَالَ: شَاهَتِ الْوُجُوهُ، ثُمَّ حَصَبَهُمْ، فَمَا اَصَابَ رَجُلًا مِنْهُمْ مِنْ ذٰلِكَ الْحَصَى حَصَاةٌ اِلَّا قُتِلَ يَوْمَ بَدْرٍ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: قریش کے کچھ لوگ حطیم میں اکٹھے ہوئے اور انہوں نے لات، عزیٰ منات، نائلہ اور اساف (نامی بتوں) کے نام پر قسم اٹھا کر یہ معاہدہ کیا اگر ہم نے حضرت محمد کو دیکھا تو ہم ایک ساتھ ہو کر ان کے سامنے آئیں گے' اور ان سے اس وقت تک الگ نہیں ہوں گے جب تک انہیں شہید نہیں کر دیتے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا روتی ہوئی آئی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ انہوں نے عرض کی: آپ کی قوم کے ان لوگوں نے آپ کے خلاف یہ طے کیا ہے کہ جب وہ آپ کو دیکھیں گے' تو آپ کے مدمقابل کھڑے ہوں گے' اور آپ کو شہید کر دیں گے۔ اس طرح ان میں سے ہر ایک فرد آپ کے خون میں سے اپنے حصے کو حاصل کر لے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے میری بیٹی تم میرے پاس وضو کے لئے پانی لے کر آؤ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا اور مسجد (حرام یعنی خانہ کعبہ کے قریب) تشریف لائے جب ان لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو وہ بولے یہ وہی ہیں یہ وہی ہیں پھر انہوں نے اپنی نگاہیں جھکا دیں اور ان کی ٹھوڑیاں ان کے سینوں سے لگ گئیں۔ ان میں سے کسی نے بھی نگاہ اٹھا کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف نہیں دیکھا اور ان میں سے کوئی بھی شخص اٹھ کر آپ کے سامنے نہیں آیا' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے آپ ان کے پاس آ کر کھڑے ہوئے۔ آپ نے ایک مٹھی میں مٹی لی اور فرمایا (ان لوگوں کے) چہرے بگڑ جائیں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ مٹی ان پر پھینکی تو اس مٹی کی جو بھی کنکری ان میں سے جس بھی شخص تک پہنچی وہ غزوہ بدر کے دن مارا گیا۔

## ذِكْرُ مَا كَانَ يَدْفَعُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا عَنْ صَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكِيدَةَ الْمُشْرِكِينَ اِيَّاهُ مِنَ الشَّتْمِ وَاللَّعْنِ وَمَا اَشْبَهَهُمَا

## اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب سے مشرکین کے' ان کے بارے میں کئے گئے' مکر و فریب، برا بھلا کہنے' لعنت اور ان جیسی دیگر چیزوں کو کیسے دور کیا

6502- حديث صحيح، رجاله رجال الشيخين غير مسلم بن خالد -وهو الزنجي- روى له أبو داود وابن ماجة، وهو وإن كان سيء الحفظ قد توبع.ابن خثيم: هو عبد الله بن عثمان.وأخرجه أبو نعيم في "دلائل النبوة" (139) من طريق محمد بن عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بن حماد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/303 و 368، والحاكم 3/157 وصححه، والبيهقي في "الدلائل" 6/240 من طرق عن ابن خثيم، به .وذكره الهيثمي في "المجمع" 8/228، وقال: رواه أحمد بإسنادين، ورجال أحدهما رجال الصحيح. قلت: بل رجال الإسنادين رجال الصحيح.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



**6503** - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذُبَابٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ مِينَاءٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):يَا عِبَادَ اللّٰهِ انْظُرُوا كَيْفَ يَصْرِفُ اللّٰهُ عَنِّي شَتْمَهُمْ وَلَعْنَهُمْ ، يَعْنِي قُرَيْشًا، قَالُوا: كَيْفَ ذٰلِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: يَشْتِمُونَ مُذَمَّمًا، وَيَلْعَنُونَ مُذَمَّمًا، وَاَنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اے اللہ کے بندو! تم لوگ اس بات کا جائزہ لو کہ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے برا کہنے اور لعنت کرنے کو مجھ سے کیسے پھیر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد قریش تھے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ ایسا کیسے ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ لوگ مذمم کو برا کہتے ہیں۔ مذمم پر لعنت کرتے ہیں (یعنی کفار قریش دشمنی کے طور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو محمد کی بجائے مذمم کہتے تھے تو وہ لعنت اور برا بھلا مذمم پر واقع ہوتا تھا) میں تو محمد ہوں''۔

## ذِكْرُ ظُهُورِ اللَّبَنِ مِنَ الضَّرْعِ الْحَائِلِ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ایسے تھن سے دودھ ظاہر ہونے کا تذکرہ' جس سے دودھ نہیں اتر سکتا

**6504** - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو

---

6503– حديث صحيح، إسناده على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير ابن أبي ذباب، واسمه الحارث بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سعد فمن رجال مسلم، قال أبو زرعة: ليس به بأس، وذكره المؤلف في "الثقات"، وقال الذهبي في " الميزان ": ثقة، وقال أبو حاتم: يروي عن الدراوردي أحاديث منكرة ليس بالقوي، وفي "التقريب": صدوق يهم. ابن أبي ذئب: هو محمد بن عبد الرحمن بن المغيرة .وأخرجه الحميدي (1136) ، وأحمد 2/244، والبخاري (3533) في المناقب: باب ما جاء في أسماء رسول الله - صلى الله عليه وسلم -، وأبو نعيم (142) ، والبيهقي 1/52 في "دلائل النبوة " من طريق سفيان بن عيينة، وأخرجه أحمد 2/369 عن ورقاء ، والنسائي 6/159 في الطلاق: باب الابانة والافصاح بالكلمة الملفوظ بها إذا قصد بها لما لا يحتمل معناها لم توجب شيئاً، ولم تثبت حكماً، عن شعيب، ثلاثتهم عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هريرة.وأخرجه أحمد 2/340

6504– إسناده حسن، المعلي بن مهدي: هو ابن رستم الموصلي، ذكره المصنف في " الثقات " 9/182-183، وقال: يروي عن حماد بن زيد وجعفر بن سليمان الضبعي، حدثنا عنه إبراهيم بن عبد العزيز العمري بالموصل وغيره، وذكره ابن أبي حاتم في " الجرح والتعديل " 8/335، وقال: روى عن أبي عوانة وجعفر بن سليمان، روى عنه علي بن الحسين بن الجنيد وعلي بن حرب، وسألت أبي عنه، فقال: شيخ موصلي أدركته ولم أسمع منه، يحدث أحياناً بالحديث المنكر .قلت: ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير عاصم ابن بهدلة، وهو حسن الحديث. أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري، وزر: هو ابن حبيش.والحديث عند أبي يعلى في " مسنده " (4985) .وأخرجه الطبراني في "الكبير" (8456) عن خلف بن عمرو العكبري، حدثنا المعلى بن مهدي، بهذا الإسناد.وأخرجه البيهقي في "دلائل النبوة " 6/84 من طريق أبي الوليد الطيالسي، عن أبي عوانة، به.وأخرجه مطولاً ومختصراً ابن أبي شيبة 11/510، وأحمد 1/379 و 453 و 457 و 462، والطيالسي (353) ، والطبراني في " الكبير " (8455) ، وأبو نعيم في "الحلية" 1/125، وفي "دلائل النبوة" (233) من طريق حماد بن سلمة، وأخرجه الطبراني في "الصغير" (513)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



عَوَانَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ يَافِعًا فِيْ غَنَمٍ لِعُقْبَةَ بْنَ اَبِيْ مُعَيْطٍ اَرْعَاهَا، فَاَتٰى عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ، فَقَالَ: يَا غُلَامُ هَلْ مَعَكَ مِنْ لَبَنٍ؟ ، فَقُلْتُ: نَعَمْ، وَلٰكِنِّيْ مُؤْتَمَنٌ، قَالَ: ائْتِنِيْ بِشَاةٍ لَمْ يَنْزُ عَلَيْهَا الْفَحْلُ ، فَاَتَيْتُهُ بِعَنَاقٍ، فَاعْتَقَلَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ جَعَلَ يَمْسَحُ الضَّرْعَ، وَيَدْعُو حَتّٰى اَنْزَلَتْ، فَاَتَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ بِشَيْءٍ، فَاحْتَلَبَ فِيْهِ، ثُمَّ قَالَ لِاَبِيْ بَكْرٍ: اشْرَبْ ، فَشَرِبَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ شَرِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَهُ، ثُمَّ قَالَ لِلضَّرْعِ: اقْلِصْ ، فَقَلَصَ ، فَعَادَ كَمَا كَانَ، قَالَ: ثُمَّ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِيْ مِنْ هٰذَا الْكَلَامِ اَوْ مِنْ هٰذَا الْقُرْآنِ، فَمَسَحَ رَاْسِيْ، وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكَ غُلَامٌ مُعَلَّمٌ قَالَ: فَلَقَدْ اَخَذْتُ مِنْ فِيْهِ سَبْعِيْنَ سُوْرَةً، مَا نَازَعَنِيْ فِيْهَا بَشَرٌ

❀❀ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں جوانی میں عقبہ بن ابومعیط کی بکریاں چرایا کرتا تھا۔ایک دن نبی اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ میرے پاس تشریف لائے اور انہوں نے دریافت کیا: اے لڑکے کیا تمہارے پاس دودھ ہے۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں لیکن میں امین ہوں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے پاس کوئی ایسی بکری لے کہ آؤ جس کے ساتھ کسی بکرے نے جفتی نہ کی ہو تو میں ایک سال کا بکری کا بچہ لے آیا۔ نبی اکرم ﷺ نے اسے پکڑا پھر آپ نے اس کے تھن پر ہاتھ پھیرا اور دعا کی' یہاں تک کہ اس کا دودھ اترنے لگا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں کوئی چیز لے کر آئے۔ نبی اکرم ﷺ نے اس برتن میں دودھ دوہ لیا پھر آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم پیو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اسے پی لیا پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد نبی اکرم ﷺ نے بھی اسے پی لیا۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے اس تھن سے یہ کہا تم خشک ہو جاؤ تو وہ خشک ہو گیا اور اس طرح ہو گیا جس طرح پہلے تھا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پھر میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ مجھے بھی یہ کلام (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اس قرآن کی تعلیم دیجئے تو نبی اکرم ﷺ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ایک ایسے لڑکے ہو جو سمجھ بوجھ رکھتا ہے (یا جسے تعلیم دی جائے گی) راوی کہتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کی زبانی ستر سورتیں سیکھی ہیں۔ اس بارے میں کوئی شخص میرا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

## ذِكْرُ شَهَادَةِ الشَّجَرِ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالرِّسَالَةِ

## (ایک) درخت کا نبی اکرم ﷺ کی رسالت کی گواہی دینے کا تذکرہ

**6505** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْجُعْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ اَبِيْ حَيَّانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ، فَاَقْبَلَ اَعْرَابِيٌّ، فَلَمَّا دَنَا مِنْهُ، قَالَ رَسُوْلُ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيْنَ تُرِيْدُ؟ ، قَالَ: اِلٰى اَهْلِي، قَالَ: هَلْ لَكَ اِلٰى خَيْرٍ؟ ، قَالَ: مَا هُوَ؟ قَالَ: تَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ ، قَالَ: هَلْ مِنْ شَاهِدٍ عَلٰى مَا تَقُوْلُ؟ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذِهِ السَّمُرَةُ ، فَدَعَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ بِشَاطِءِ الْوَادِي، فَاَقْبَلَتْ تَخُدُّ الْاَرْضَ خَدًّا حَتّٰى كَانَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَاسْتَشْهَدَهَا ثَلَاثًا، فَشَهِدَتْ اَنَّهُ كَمَا قَالَ، ثُمَّ رَجَعَتْ اِلٰى مَنْبِتِهَا، وَرَجَعَ الْاَعْرَابِيُّ اِلٰى قَوْمِهِ، وَقَالَ: اِنْ يَّتَّبِعُوْنِي اَتَيْتُكَ بِهِمْ، وَاِلَّا رَجَعْتُ اِلَيْكَ فَكُنْتُ مَعَكَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم لوگ ایک سفر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ایک دیہاتی آیا جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم کہاں جا رہے ہو۔اس نے کہا: اپنے گھر والوں کی طرف۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہیں بھلائی میں کوئی دلچسپی ہے۔اس نے جواب دیا: وہ کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس بات کی گواہی دو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے۔وہی ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور بے شک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔اس نے دریافت کیا: آپ جو بات کہہ رہے ہیں کیا اس کا کوئی گواہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ ببول کا درخت ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس درخت کو بلوایا۔وہ اس وادی کے کنارے پر موجود تھا تو زمین کو چیرتا ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آ کر کھڑا ہو گیا۔اس نے تین مرتبہ کلمہ شہادت پڑھا اور اس بات کی گواہی دی کہ ایسا ہی ہے جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا ہے پھر وہ اس جگہ واپس چلا گیا جہاں وہ اُگا تھا جب وہ دیہاتی اپنی قوم کے پاس واپس جانے لگا تو وہ بولا: اگر ان لوگوں نے میری بات مان لی تو میں ان کو لے کر آپ کی خدمت میں آؤں گا ورنہ میں خود آپ کے پاس واپس آ جاؤں گا اور آپ کے ساتھ رہوں گا۔

---

6505– رجاله ثقات رجال الشيخين، غير عبد الله بن عمر الجعفي، فمن رجال مسلم، وهو حسن الحديث . ابْنُ فُضَيْلٍ: هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غزوان، وأبو حيان: هو يحيى بن سعيد التيمي .وقد أعله أبو حاتم فيما نقله عنه ابنه في " العلل " 1/293 بأن أبا حيان لم يسمع من عطاء ولم يرو عنه، وليس هذا الحديث من حديث عطاء .وأخرجه البيهقي في " دلائل النبوة " 15-6/14 عن أبي عبد اللّٰه الحاكم، أخبرنا أبو بكر محمد بن عبد الله الوراق، أخبرنا الحسن بن سفيان، بهذا الإسناد .وأورده الحافظ ابن كثير في "الشمائل" ص 238 من طريق الحاكم، وقال: هذا إسناد جيد ولم يخرجوه، ولا رواه الإمام أحمد، والله أعلم. وأخرجه الدارمي 10-1/9 عن محمد بن طريف، حدثنا محمد بن فضيل، به .وأخرجه الطبراني في "الكبير" (13582) عن أبي الفضل بن أبي روح البصري، والبزار (2411) عن علي بن المنذر، كلاهما عن عبد الله بن عمر الجعفي، به.وقال البزار: لا نعلم رواه عن ابن عمر بهذا اللفظ وهذا الإسناد، إلا محمد بن فضيل، ولا نعلم أسند أبو حيان عن عطاء إلا هذا الحديث.وأخرجه أبو يعلى (5662) عن أبي هشام الرفاعي، عن محمد بن فضيل، به . وأورده الهيثمي في " المجمع " 8/292، وقال: رواه الطبراني رجاله رجال الصحيح، ورواه أبو يعلى أيضاً والبزار.قلت: وفي الباب عن ابن عباس، وسيرد عند المصنف برقم ( 6523) وعن أنس عند أحمد 3/113:وهذا إسناد على شرط مسلم، وأخرجه ابن ماجه ( 4028) في الفتن: باب الصبر على البلاء ، عن محمد بن طريف، عن أبي معاوية، بهذا الإسناد. وعن جابر، وسيأتي عند المصنف برقم (6524) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ حَنِينِ الْجِذْعِ الَّذِي كَانَ يَخْطُبُ عَلَيْهِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا فَارَقَهُ

## کھجور کے اس تنے کا نبی اکرم ﷺ کی جدائی میں رونے کا تذکرہ جس کے ساتھ ٹیک لگا کر آپ ﷺ خطبہ ارشاد فرماتے تھے

**6506** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى التَّيْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ الْمِصِّيصِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ:

(متن حدیث): أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُومُ إِلَى جِذْعٍ، فَيَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَأَنَّهُ لَمَّا صَنَعَ الْمِنْبَرَ تَحَوَّلَ إِلَيْهِ فَحَنَّ الْجِذْعُ، فَأَتَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَسَحَهُ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کھجور کے ایک تنے کے ساتھ ٹیک لگا کر جمعے کا خطبہ دیا کرتے تھے جب آپ نے منبر بنوایا اور آپ اس منبر کی طرف منتقل ہو گئے تو وہ تنا رونے لگا۔ نبی اکرم ﷺ اس کے پاس تشریف لائے اور آپ نے اپنا دست مبارک اس پر پھیرا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ الْجِذْعَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ إِنَّمَا سَكَنَ عَنْ حَنِينِهِ بِاحْتِضَانِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِيَّاهُ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کھجور کا وہ تنا جس کا ہم نے ذکر کیا ہے اس کا رونا اس وقت ختم ہوا تھا جب نبی اکرم ﷺ نے اسے اپنے ساتھ لگا لیا تھا

**6507** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ،

---

6506- إسناده صحيح. أبو عبيدة الحداد: اسمه عبد الواحد بن واصل. وأخرجه الدارمي 1/15، والترمذي (505) في الصلاة: باب ما جاء في الخطبة على المنبر، والبيهقي في " السنن " 3/196، وفي " الدلائل " 2/556 و 557 و 558-557 من طريق عثمان بن عمر، عن معاذ بن العلاء، بهذا الإسناد. وعلقه البخاري بإثر حديث (3583) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، فقال: وقال عبد الحميد: أخبرنا عثمان بن عمر ...وأخرجه البخاري (3583)

6507- حديث صحيح، رجاله ثقات، لكن فيه عنعنة الحسن. وهو في "مسند أبي يعلى" (2756). وأخرجه أحمد 3/226، وأبو القاسم البغوي في "الجعديات" (3341)، وابن خزيمة (1776)، والبيهقي في "دلائل النبوة" 2/559 من طرق عن مبارك بن فضالة، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 1/19، والترمذي (3631) في المناقب: باب حنين الجذع له - صلى الله عليه وسلم -، وابن خزيمة من طريق عن عُمَرُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أبي طلحة، عن أنس بنحوه. وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه. قلت: وهذا إسناد رجاله رجال الشيخين غير عكرمة بن عمار، فمن رجال مسلم، وهو حسن الحديث. وأخرجه الدارمي 1/367، وابن ماجه (1415) في الإقامة: باب ما جاء في بدء شأن المنبر، وأبو يعلى (3384)، والبزار كما في "الشمائل" ص 240 لابن كثير من طريق عن حماد بن سلمة، عن ثابت، عن أنس. وهذا إسناد صحيح على شرط مسلم.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِلٰى جَنْبِ خَشَبَةٍ يُسْنِدُ ظَهْرَهُ اِلَيْهَا، فَلَمَّا كَثُرَ النَّاسُ، قَالَ: ابْنُوا لِي مِنْبَرًا، فَبَنَوْا لَهُ مِنْبَرًا عَتَبَتَانِ، فَلَمَّا قَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ لِيَخْطُبَ حَنَّتِ الْخَشَبَةُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ اَنَسٌ: وَاَنَا فِي الْمَسْجِدِ فَسَمِعْتُ الْخَشَبَةَ حَنَّتْ حَنِيْنَ الْوَلَدِ، فَمَا زَالَتْ تَحِنُّ حَتّٰى نَزَلَ اِلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاحْتَضَنَهَا، فَسَكَنَتْ، قَالَ: وَكَانَ الْحَسَنُ اِذَا حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ بَكٰى، ثُمَّ قَالَ: يَا عِبَادَ اللّٰهِ الْخَشَبَةُ تَحِنُّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَوْقًا اِلَيْهِ لِمَكَانِهٖ مِنَ اللّٰهِ، فَاَنْتُمْ اَحَقُّ اَنْ تَشْتَاقُوْا اِلٰى لِقَائِهٖ

✿✿ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن ایک لکڑی کے ساتھ ٹیک لگا کر خطبہ دیا کرتے تھے۔ آپ اپنی پشت اس کے ساتھ لگا لیتے تھے جب لوگوں کا ہجوم زیادہ ہو گیا تو آپ نے فرمایا: میرے لئے منبر بنا دو تو لوگوں نے آپ کے لئے دو سیڑھیوں والا منبر بنا دیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دینے کے لئے منبر پر کھڑے ہوئے تو وہ لکڑی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فراق میں رونے لگی۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اس وقت مسجد میں موجود تھا۔ میں نے اس لکڑی کی آواز سنی یوں جیسے کوئی بچہ روتا ہے اور وہ اس وقت تک روتی رہی جب تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اتر کر اس کے پاس تشریف نہیں لے گئے اور آپ نے اسے اپنے ساتھ نہیں لگا لیا (جب آپ نے اسے اپنے ساتھ لگا لیا) تو وہ پرسکون ہوئی۔

راوی کہتے ہیں: جب حسن بصری یہ روایت بیان کرتے تھے تو وہ رونے لگ پڑتے تھے اور بولتے تھے اے اللہ کے بندو! ایک لکڑی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں روتی ہے۔ اس مرتبے اور مقام کی وجہ سے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کی بارگاہ میں حاصل ہے تو تم لوگ اس بات کے زیادہ حق دار ہو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضری کے مشتاق رہو۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ اَنَسٌ

## اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے: اس روایت کو نقل کرنے میں حضرت انس رضی اللہ عنہ منفرد ہیں

**6508** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْمُ اِلٰى جَنْبِ شَجَرَةٍ اَوْ جِذْعٍ اَوْ خَشَبَةٍ اَوْ شَيْءٍ يَّسْتَنِدُ اِلَيْهِ يَخْطُبُ، ثُمَّ اتَّخَذَ مِنْبَرًا، فَكَانَ يَقُوْمُ عَلَيْهِ فَحَنَّتْ تِلْكَ الَّتِيْ كَانَ يَقُوْمُ عِنْدَهَا حَنِيْنًا سَمِعَهُ اَهْلُ الْمَسْجِدِ، فَاَتَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِمَّا قَالَ: مَسَحَهَا، وَاِمَّا قَالَ: فَاَمْسَكَهَا، فَسَكَنَتْ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ ایک درخت کے پہلو (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) ایک تنے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) ایک لکڑی (یا شاید یہ الفاظ ہیں) کسی چیز کے ساتھ ٹیک لگا کر خطبہ دیا کرتے تھے جب نبی اکرم ﷺ نے منبر بنوالیا تو آپ اس پر کھڑے ہوئے تو وہ چیز رونے لگی جس کے قریب کھڑے ہو کر (آپ ﷺ خطبہ دیا کرتے تھے) اس کے رونے کی آواز کو تمام اہل مسجد نے سنا پھر نبی اکرم ﷺ اس کے پاس تشریف لائے (راوی کو شک ہے) شاید یہاں انہوں نے یہ الفاظ استعمال کئے ہیں نبی اکرم ﷺ نے اس پر ہاتھ پھیرا (یا پھر شاید یہ الفاظ استعمال کئے ہیں) نبی اکرم ﷺ نے اسے پکڑ لیا تو اسے سکون آیا۔

## ذِكْرُ بُرْءِ رِجْلِ عَمْرِو بْنِ مُعَاذٍ الْمَقْطُوعَةِ عِنْدَ تَفْلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا

### اس بات کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ کے لعاب دہن لگانے کی وجہ سے حضرت عمرو بن معاذ رضی اللہ عنہ کی کٹی ہوئی ٹانگ ٹھیک ہوگئی تھی

**6509** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ عَوْنِ الرَّيَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي، يَقُولُ:

(متن حدیث): إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَفَلَ فِي رِجْلِ عَمْرِو بْنِ مُعَاذٍ حِينَ قُطِعَتْ رِجْلُهُ، فَبَرَاَ

❀❀ عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں جب حضرت عمرو بن معاذ رضی اللہ عنہ کی ٹانگ کٹ گئی تو نبی اکرم ﷺ نے اس پر اپنا لعاب دہن ڈالا تو وہ ٹھیک ہو گئے۔

---

6508- إسناده صحيح على شرط البخاري، أحمد بن المقدم العجلي روى له البخاري، ومن فوقه على شرط الشيخين. أبو نضرة: هو المنذر بن مالك بن قُطعة .وأخرجه أحمد 3/306، وابن ماجه (1417) في الإقامة: باب ما جاء في بدء شأن المنبر، عن محمد بن أبي عدي، عن سليمان التيمي، بهذا الإسناد .وأخرجه الشافعي 1/142-143، وعبد الرزاق (5254)، وابن أبي شيبة 11/485-486، وأحمد 293/3 و 295 و 300 و 324، والدارمي 1/16-17 و 17 و 366، والبخاري (918) في الجمعة: باب الخطبة على المنبر، و (3584) و (3585) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، والنسائي 3/102 في الجمعة: باب مقام الإمام في الخطبة، وأبو نعيم في "دلائل النبوة" (353)، والبيهقي في "السنن" 3/195، وفي "الدلائل" 2/556 و 560 و 561 و 562 و 563، والبغوي (3724) من طرق عن جابر بنحوه.

6509- إسناده حسن، علي بن الحسين بن واقد روى له البخاري في "الأدب المفرد" ومسلم في المقدمة وأصحاب السنن، وهو صدوق، وباقي رجاله رجال الشيخين غير الحسين بن واقد، فمن رجال مسلم .وأخرجه أبو نعيم في "معرفة الصحابة" فيما نقله عنه الحافظ في "الإصابة" 3/18 من طريق الحسن بن سفيان، عن أبي عمار الحسين بن حريث، بهذا الإسناد .وأخرجه الروياني في "مسنده"، والضياء في "المختارة" كما في "الإصابة" من طريق محمد بن حميد الرازي، عن زيد بن الحباب، عن الحسين بن واقد، به. وعمرو بن معاذ: قيل: هو ابن الجموح، وقيل: هو أخو سعد بن معاذ، استشهد يوم أحد، قتله زيد بن الخطاب خطأ.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ بُرْءِ رِجْلِ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ مِنَ الضَّرْبَةِ الَّتِي أَصَابَتْهَا حِينَ تَفَلَ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا

## اس بات کا تذکرہ، حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کی ٹانگ پر لگنے والی ضرب، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لعاب دہن ڈالنے کی وجہ سے ٹھیک ہوگئی تھی

**6510** - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): رَأَيْتُ أَثَرَ ضَرْبَةٍ فِي سَاقِ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا مُسْلِمٍ مَا هٰذِهِ الضَّرْبَةُ؟ فَقَالَ: هٰذِهِ ضَرْبَةٌ أَصَابَتْنِي يَوْمَ حُنَيْنٍ، قَالَ النَّاسُ: أُصِيبَ سَلَمَةُ، أُصِيبَ سَلَمَةُ، قَالَ: فَأُتِيَ بِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَفَثَ فِيهَا ثَلَاثَ نَفَثَاتٍ، فَمَا اشْتَكَيْتُهَا حَتَّى السَّاعَةِ

یزید بن ابوعبید بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کی پنڈلی پر کسی ضرب کا نشان دیکھا تو میں نے دریافت کیا: اے ابومسلم یہ ضرب کس چیز کی ہے انہوں نے فرمایا: یہ ضرب مجھے غزوہ حنین کے دن لگی تھی۔ لوگوں نے یہ کہا کہ اب سلمہ شہید ہو جائے گا۔ اب سلمہ شہید ہو جائے گا۔ راوی کہتے ہیں: مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر تین مرتبہ اپنا لعاب دہن ڈالا تو اس کے بعد آج تک مجھے اس میں کوئی تکلیف نہیں ہوئی۔

## ذِكْرُ مَا سَتَرَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا صَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَيْنِ مَنْ قَصَدَهُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ بِأَذًى

## اس بات کا تذکرہ، اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو اس مشرک کی نظر سے اوجھل کر دیا تھا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف پہنچانا چاہتا تھا

**6511** - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا نَزَلَتْ: (تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ) (المسد: 1) جَاءَتِ امْرَأَةُ أَبِي لَهَبٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَهُ أَبُو بَكْرٍ، فَلَمَّا رَآهَا أَبُو بَكْرٍ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّهَا امْرَأَةٌ بَذِيئَةٌ، وَأَخَافُ أَنْ تُؤْذِيَكَ، فَلَوْ

6510– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه البخاري (4206) في المغازي: باب غزوة خيبر، وأبو داود (3894) في الطب: باب كيف الرقى؟ والبيهقي في " الدلائل " 4/251 من طريق مكي بن إبراهيم، بهذا الإسناد.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



قُمْتَ، قَالَ: إِنَّهَا لَنْ تَرَانِي، فَجَاءَتْ، فَقَالَتْ: يَا أَبَا بَكْرٍ إِنَّ صَاحِبَكَ هَجَانِي، قَالَ: لَا، وَمَا يَقُولُ الشِّعْرَ، قَالَتْ: أَنْتَ عِنْدِي مُصَدَّقٌ، وَانْصَرَفَتْ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَمْ تَرَكَ، قَالَ: لَا، لَمْ يَزَلْ مَلَكٌ يَسْتُرُنِي عَنْهَا بِجَنَاحِهِ *

33
33

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی:

''ابولہب کے دونوں ہاتھ برباد ہو جائیں'' تو ابولہب کی بیوی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی۔ اس وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس عورت کو دیکھا تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ عورت بڑی بدزبان ہے۔ مجھے یہ اندیشہ ہے کہ یہ آپ کو اذیت پہنچائے گی اگر آپ تشریف لے جائیں (تو یہ مناسب ہوگا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ مجھے نہیں دیکھ سکے گی۔ وہ عورت آئی اس نے کہا: اے ابوبکر تمہارے آقا نے میری ہجو بیان کی ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: جی نہیں وہ شعر تو کہتے ہی نہیں ہیں۔ اس عورت نے کہا: تم میرے نزدیک سچے آدمی ہو پھر وہ عورت چلی گئی۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس نے آپ کو دیکھا ہی نہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں ایک فرشتے نے اپنے پروں کے ذریعے مجھے اس سے چھپایا ہوا تھا''۔

## ذِكْرُ مَا اسْتَجَابَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِصَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا دَعَا عَلَى بَعْضِ الْمُشْرِكِينَ فِي بَعْضِ الْأَحْوَالِ

## اس بات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی اس دعا کو مستجاب کیا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض حالات میں بعض مشرکین کے خلاف کی تھی

**6512** - (سندِ حدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، قَالَ:

---

6511– حديث صحيح بشواهده. محمد بن منصور الطوسي: ثقة روى له أبو داود والنسائي، ومن فوقه من رجال الشيخين غير عطاء بن السائب، فقد روى له البخاري مقروناً وأصحاب السنن، وقد حدث عنه عبد السلام بن حرب بعد الاختلاط. وهو في "مسند أبي يعلى" (25) و (2358). وأخرجه أبو نعيم في "الدلائل" (141) حدثنا إسحاق بن أحمد، قال: حدثنا إبراهيم بن يوسف، قال: حدثنا محمد بن منصور الطوسي، بهذا الإسناد. وأخرجه البزار (2294) و (2295) من طريقين عن أبي أحمد محمد بن عبد الله بن الزبير الزبيري، به. وقال البزار: وهذا أحسن الإسناد، ويدخل في مسند أبي بكر. وأورده الهيثمي في "المجمع" 7/144، ونسبه لأبي يعلى والبزار، وقال: وقال البزار: إنه حسن الإسناد. قلت (القائل الهيثمي): فيه عطاء بن السائب وقد اختلط.

6512– إسناده على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عكرمة بن عمار، فمن رجال مسلم، وهو حسن الحديث. وأخرجه الطبراني في "الكبير" (6235)، وعنه أبو نعيم في "معرفة الصحابة" (1206) عن أبي خليفة الفضل بن الحباب، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 2/97، والطبراني، والبيهقي في "السنن" 7/277، وفي "الدلائل" 6/238 من طريق أبي الوليد الطيالسي، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): اَبْصَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ: بُسْرُ بْنُ رَاعِي الْعِيرِ يَأْكُلُ بِشِمَالِهِ، فَقَالَ: كُلْ بِيَمِينِكَ قَالَ: لَا اَسْتَطِيعُ، قَالَ: لَا اسْتَطَعْتَ قَالَ: فَمَا نَالَتْ يَدُهُ اِلٰى فِيهِ بَعْدُ.

ایاس بن سلمہ بن اکوع بیان کرتے ہیں: میرے والد نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو دیکھا جس کا نام بسر بن راعی العیر تھا۔ وہ بائیں ہاتھ سے کھا رہا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم دائیں ہاتھ سے کھاؤ۔ اس نے کہا: میں یہ نہیں کرسکتا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم یہ کربھی نہیں سکو گے۔ راوی کہتے ہیں: تو پھر اس کے بعد اس کا (دایاں ہاتھ) کبھی اس کے منہ تک نہیں پہنچا۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ‘ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

**6513** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ الْاَهْوَازِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، عَنْ اَبِيهِ:

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا كَانَ يَاْكُلُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشِمَالِهِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلْ بِيَمِينِكَ قَالَ: لَا اَسْتَطِيعُ، فَقَالَ النَّبِيُّ: لَا اسْتَطَعْتَ، فَمَا رَفَعَهَا اِلٰى فِيهِ

ایاس بن سلمہ بن اکوع اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ ایک شخص نبی اکرم ﷺ کے پاس بیٹھ کر بائیں ہاتھ سے کھانے لگا تو نبی اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا تم اپنے دائیں ہاتھ سے کھاؤ۔ اس نے کہا: میں یہ نہیں کرسکتا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم یہ کربھی نہیں سکو گے۔ اس کے بعد وہ شخص اپنا (دایاں ہاتھ) کبھی اپنے منہ تک نہیں اٹھا سکا۔

## ذِكْرُ مَا جَعَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا دَعْوَةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَنْ لَمْ يَكُنْ لَهَا بِاَهْلٍ وَّقُرْبَةً اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

## اس بات کا تذکرہ‘ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کی اس شخص کے خلاف کی گئی دعا‘ جو اس کا اہل نہ ہو، اس دعا کو اپنی بارگاہ میں قربت کے حصول کا ذریعہ بنا دیا ہے

**6514** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ

6513- إسناده حسن كالذي قبله، رجاله رجال الصحيح. عبد الله: هو ابن المبارك. وأخرجه الطبراني (6236) من طريق محمد بن جعفر، عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/45-46 و 46 و 50، ومسلم (2021) في الأشربة: باب آداب الطعام، والبيهقي في "دلائل النبوة" 6/238 من طرق عن عكرمة، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَتْ عِنْدَ أُمِّ سُلَيْمٍ يَتِيمَةٌ، فَرَآهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَنْتِ هِيَ؟ لَقَدْ كَبِرْتِ، لَا كَبِرَ سِنُّكِ، فَرَجَعَتِ الْيَتِيمَةُ إِلٰى أُمِّ سُلَيْمٍ تَبْكِي، فَقَالَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ: مَا لَكِ يَا بُنَيَّةُ؟ قَالَتِ الْجَارِيَةُ: دَعَا عَلَيَّ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَا يَكْبَرَ سِنِّي، فَالْآنَ لَا يَكْبَرُ سِنِّي أَبَدًا أَوْ قَالَتْ: قَرْنِي، فَخَرَجَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ مُسْتَعْجِلَةً تَلُوثُ خِمَارَهَا حَتّٰى لَقِيَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهَا: يَا أُمَّ سُلَيْمٍ مَا لَكِ؟، قَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ أَدَعَوْتَ عَلٰى يَتِيمَتِي؟، قَالَ: وَمَا ذَاكِ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ؟، قَالَتْ: زَعَمَتْ أَنَّكَ دَعَوْتَ عَلَيْهَا أَنْ لَا يَكْبَرَ سِنُّهَا، قَالَ: فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: يَا أُمَّ سُلَيْمٍ أَمَا تَعْلَمِينَ شَرْطِي عَلٰى رَبِّي؟ إِنِّي اشْتَرَطْتُ عَلٰى رَبِّي، فَقُلْتُ: إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ أَرْضَى كَمَا يَرْضَى الْبَشَرُ، وَأَغْضَبُ كَمَا يَغْضَبُ الْبَشَرُ، فَأَيُّمَا أَحَدٍ دَعَوْتُ عَلَيْهِ مِنْ أُمَّتِي بِدَعْوَةٍ لَيْسَ لَهَا أَهْلٌ أَنْ يَجْعَلَهَا لَهُ طَهُوْرًا وَزَكَاةً وَقُرْبَةً يُقَرِّبُهُ بِهَا مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَكَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِيمًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا کے ہاں ایک یتیم لڑکی تھی جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دیکھا تو فرمایا کیا یہ تم ہو تمہاری عمر زیادہ ہو جائے گی لیکن تمہارے دانتوں کی عمر زیادہ نہیں ہوگی تو وہ یتیم لڑکی روتی ہوئی سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا کے پاس گئی۔ سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نے دریافت کیا: اے لڑکی تمہیں کیا ہوا ہے۔ اس لڑکی نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے خلاف دعا کی ہے کہ میرے دانت بڑے نہ ہوں۔ اب تو میرے دانت کبھی بڑے نہیں ہوں گے۔ (راوی کو شک ہے کہ شاید یہ الفاظ ہیں) میرے بال (بڑے نہیں ہوں گے) سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا تیزی سے اپنی چادر لپیٹ کر نکلی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا: اے اُمّ سلیم! کیا معاملہ ہے؟ انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی کیا آپ نے میری یتیم لڑکی کے خلاف دعا کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے اُمّ سلیم! وہ کیسے؟ سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اس لڑکی نے یہ بات بیان کی ہے کہ آپ نے اس کے خلاف یہ دعا کی ہے کہ اس کے دانت بڑے نہ ہوں۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے۔ آپ نے فرمایا: اے اُمّ سلیم! تم یہ بات نہیں جانتی کہ میں نے پروردگار کے ساتھ کیا طے کیا ہے۔ میں نے اپنے پروردگار کے ساتھ یہ طے کیا ہے۔ میں نے عرض کی: اے میرے پروردگار! میں ایک انسان ہوں میں بھی اسی طرح راضی ہوتا ہوں جیسے دوسرے لوگ راضی ہوتے ہیں اور اسی طرح غصے میں آجاتا ہوں جیسے دوسرے لوگ غصے میں آتے ہیں تو اپنی اُمت کے جس بھی شخص کے خلاف میں کوئی ایسی دعا کروں جس کا وہ اہل نہ ہو تو پروردگار اسے اس شخص کے حق میں طہارت کے حصول اور پاکیزگی کے حصول کا اور قربت کے حصول کا ذریعہ بنا دے جس کے ذریعے وہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کرے۔

---

6514- إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عكرمة بن عمار، فمن رجال مسلم، وهو حسن الحديث. وأخرجه مسلم (2603) في البر والصلة: باب من لعنه النبي - صلى الله عليه وسلم - أو سبه ... عن زهير بن حرب أبي خيثمة وأبي معن الرقاشي، قالا: حدثنا عمر بن يونس، بهذا الإسناد.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(راوی کہتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ بڑے رحم دل تھے۔

## ذِكْرُ سُؤَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّجْعَلَ سِبَابَهُ لِاُمَّتِهٖ قُرْبَةً لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

## نبی اکرم ﷺ کا اپنے پروردگار سے یہ دعا مانگنا کہ وہ آپ ﷺ کے اپنی امت کو برا کہنے کو قیامت کے دن ان لوگوں کے لیے قربت کے حصول کا ذریعہ بنا دے

**6515** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اَيُّمَا عَبْدٍ مُؤْمِنٍ سَبَبْتُهٗ فَاجْعَلْ ذٰلِكَ قُرْبَةً اِلَيْكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

''اے اللہ! میں جس بھی مومن بندے کو برا کہوں، تو اس چیز کو تو قیامت کے دن اپنی بارگاہ میں قربت کے حصول کا ذریعہ بنا دے۔''

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَا وَرَاءَ السِّبَابِ مِنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُمَّتِهٖ اِنَّمَا سَاَلَ اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ ذٰلِكَ كُلَّهٗ قُرْبَةً لَهُمْ، وَصَدَقَةً عَلَيْهِمْ فِىْ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ، نبی اکرم ﷺ کا اپنی امت کو برا کہنے کے علاوہ، جو کچھ کہنا ہے

اس کے بارے میں آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ وہ ان سب چیزوں کو ان لوگوں کے لیے قیامت کے دن قربت کے حصول کا ذریعہ بنا دے اور ان کے لیے صدقہ بنا دے

**6516** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا

---

6515- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم. يونس: هو ابن يزيد الأيلي. وأخرجه مسلم (2601) (92) في البر والصلة: باب من لعنه النبي - صلى الله عليه وسلم - أو سبه ... عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (6361) في الدعوات: باب قول النبي - صلى الله عليه وسلم -: "من آذيته فاجعله له زكاة ورحمة"، عن أحمد بن صالح، حدثنا ابن وهب، به. وأخرجه مسلم (2601) (93) من طريق يعقوب بن إبراهيم، عن ابن أخي الزهري، عن الزهري، به. وأخرجه أحمد 2/449 و 488 و 493 و 496، ومسلم من طرق عن أبي هريرة بنحوه، وانظر ما بعده.

6516- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "صحيفة همام" (87). وأخرجه أحمد 2/316-317، والبغوي (1239) عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وقوله: "صلاة" أي: رحمة، والصلاة من الله مفسرة بالرحمة، وقوله: "زكاة" يحتمل أن يراد ترقية لنفسه، ويحتمل أن يراد الزيادة في الأجر، كما عبر عنها في الرواية الأخرى بالأجر. وفي هذا الحديث بيان ما اتصف به - صلى الله عليه وسلم - من شفقته على أمته واعتنائه بمصالحهم، وجميل خلقه، وكرم ذاته، حيث قصد مقابلة ما وقع منه بالجبر والتكريم.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَتَّخِذُ عِنْدَكَ عَهْدًا لَنْ تُخْلِفَهُ، وَاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ، فَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ آذَيْتُهُ اَوْ شَتَمْتُهُ اَوْ جَلَدْتُهُ اَوْ لَعَنْتُهُ فَاجْعَلْهَا لَهُ صَلَاةً وَزَكَاةً وَقُرْبَةً تُقَرِّبُهُ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اے اللہ! میں نے تجھ سے یہ عہد لیا ہے جس کی تو خلاف ورزی نہیں کرے گا کہ میں ایک انسان ہوں جس مومن کو میں اذیت پہنچاؤں یا اسے برا کہوں یا اسے کوڑا ماروں یا اس پر لعنت کروں تو' تو اسی چیز کو اس شخص کے حق میں رحمت، پاکیزگی اور قربت کے حصول کا ذریعہ بنادے جس کے ذریعے وہ قیامت کے دن تیرا قرب حاصل کرے''۔

## ذِكْرُ مَا اسْتَجَابَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِصَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ رَاحِلَةِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

## اس بات کا تذکرہ' حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی سواری کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی دعا کو مستجاب کیا تھا

6517 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَقْبَلْنَا مِنْ مَكَّةَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَاَعْيَا جَمَلِىْ، فَتَخَلَّفْتُ عَلَيْهِ اَسُوْقُهُ، قَالَ: وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ حَاجَةٍ مُتَخَلِّفًا، فَلَحِقَنِىْ، فَقَالَ لِىْ: مَا لَكَ مُتَخَلِّفًا؟، قَالَ: قُلْتُ: لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِلَّا اَنَّ جَمَلِىْ ظَالِعٌ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَلْحَقَهُ بِالْقَوْمِ، قَالَ: فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَنَبِهِ، فَضَرَبَهُ، ثُمَّ زَجَرَهُ، فَقَالَ: ارْكَبْ قَالَ: فَلَقَدْ رَاَيْتُنِىْ بَعْدُ، وَاِنِّىْ لَاَكُفُّهُ عَنِ الْقَوْمِ، قَالَ: فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا دُوْنَ الْمَدِيْنَةِ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَتَعَجَّلَ اِلٰى اَهْلِىْ، فَقَالَ لِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَاْتِ اَهْلَكَ طُرُوْقًا قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّىْ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِعُرْسٍ، قَالَ: فَمَا تَزَوَّجْتَ؟، قُلْتُ: امْرَاَةً ثَيِّبًا، قَالَ: فَهَلَّا بِكْرًا تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ؟، قَالَ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ تُوُفِّىَ اَوِ اسْتُشْهِدَ، وَتَرَكَ جَوَارِىَ، فَكَرِهْتُ اَنْ اَتَزَوَّجَ عَلَيْهِنَّ مِثْلَهُنَّ، قَالَ: فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَقُلْ: اَحْسَنْتَ وَلَا اَسَاْتَ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ: بِعْنِىْ جَمَلَكَ هٰذَا قَالَ: قُلْتُ: لَا بَلْ هُوَ لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: لَا بَلْ بِعْنِيْهِ، قَالَ: قُلْتُ: هُوَ لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: لَا بَلْ بِعْنِيْهِ، قُلْتُ: اَجَلْ عَلٰى اُوْقِيَّةِ ذَهَبٍ، فَهُوَ لَكَ بِهَا، قَالَ: قَدْ

6517- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "مسند أبي يعلى" (1898)، وقد تقدم مختصراً من طريق عثمان بن أبي شيبة عن جرير بهذا الإسناد، وانظر ما بعده، والحديث الآتي برقم (7143).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



اَخَذْتُهُ، فَتَبَلَّغَ عَلَيْهِ اِلَى الْمَدِيْنَةِ، فَلَمَّا قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبِلَالٍ: اَعْطِهِ اُوْقِيَّةَ ذَهَبٍ، وَزِدْهُ، قَالَ: فَاَعْطَانِيْ اُوْقِيَّةَ ذَهَبٍ، وَزَادَنِيْ قِيْرَاطًا، قَالَ: فَقُلْتُ: لَا تُفَارِقُنِيْ زِيَادَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَكَانَ فِيْ كِيْسٍ لِيْ، فَاَخَذَهُ اَهْلُ الشَّامِ يَوْمَ الْحَرَّةِ

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ سے مدینہ کی طرف آ رہے تھے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میرا اونٹ تھک چکا تھا۔ میں اسے پیچھے لے کر چل رہا تھا۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی کام کے سلسلے میں پیچھے رہ گئے۔ آپ مجھے آ کر ملے تو آپ نے مجھ سے دریافت کیا: کیا وجہ ہے تم پیچھے کیوں چل رہے ہو۔ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: جی نہیں۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرا اونٹ تھک گیا ہے ورنہ میرا تو ارادہ ہے میں لوگوں کے ساتھ چلوں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے پیچھے والے حصے پر مارا اور اسے ڈانٹا پھر آپ نے فرمایا: تم سوار ہو جاؤ۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں اس کے بعد میں نے خود کو دیکھا کہ میں اسے روک روک کر لوگوں کے ساتھ چل رہا تھا۔ (یعنی وہ لوگوں سے آگے نکلا جا رہا تھا) راوی کہتے ہیں: مدینہ منورہ سے پہلے ہم نے ایک جگہ پڑاؤ کیا میں نے اپنے گھر جلدی جانے کا ارادہ کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا تم رات کے وقت اپنی بیوی کے پاس نہ جاؤ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری نئی نئی شادی ہوئی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم نے کس کے ساتھ شادی کی ہے۔ میں نے عرض کی: ایک ثیبہ عورت کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے کنواری کے ساتھ کیوں نہیں کی تا کہ تم اس کے ساتھ خوش فعلیاں کرتے اور وہ تمہارے ساتھ کرتی۔ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یا رسول اللہ (میرے والد) حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا (راوی کو شک ہے کہ شاید یہ الفاظ ہیں) شہید ہو گئے۔ انہوں نے کچھ بیٹیاں (پسماندگان میں) چھوڑی تھیں تو مجھے یہ اچھا نہیں لگا کہ شادی کر کے ان کے پاس ایسی لڑکی لے آؤں جو ان کی مانند ہو۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے۔ آپ نے یہ نہیں فرمایا: تم نے اچھا کیا یا تم نے برا کیا۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنا یہ اونٹ مجھے فروخت کر دو۔ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ ویسے ہی آپ کا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں بلکہ تم اسے مجھے فروخت کرو میں نے عرض کی۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ آپ کا ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں بلکہ تم اسے مجھے فروخت کرو۔ میں نے عرض کی: ٹھیک ہے۔ سونے کے ایک اوقیہ کے عوض میں (میں آپ کو فروخت کرتا ہوں) یہ آپ کا ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے یہ لے لیا تم اس پر سوار ہو کر مدینہ تک جا سکتے ہو جب میں مدینہ آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا۔ اسے سونے کا ایک اوقیہ دے دو اور (ایک اوقیہ سے) زیادہ دینا۔ راوی کہتے ہیں: انہوں نے مجھے سونے کا ایک اوقیہ اور ایک قیراط دیا۔ راوی کہتے ہیں: میں نے یہ طے کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے دی گئی اضافی ادائیگی مجھ سے کبھی جدا نہیں ہو گی۔ راوی کہتے ہیں: وہ میرے پاس ایک تھیلی میں موجود رہی یہاں تک واقعہ حرہ کے موقع پر اہل شام نے اسے چھین لیا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایة

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَدَّ الرَّاحِلَةَ عَلٰى جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بَعْدَ اَنْ اَوْفَاهُ ثَمَنَهَا هِبَةً لَهُ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کو ان کے اونٹ کی پوری قیمت ادا کرنے کے بعد' ان کی سواری ہبہ کے طور پر انہیں واپس کر دی تھی

**6518** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْخَلِيلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْخَلِيلِ ابْنِ بِنْتِ تَمِيمِ بْنِ الْمُنْتَصِرِ الْبَزَّارُ، بِوَاسِطٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو مُوسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ، فَاَبْطَاَ بِي جَمَلِي، فَتَخَلَّفْتُ، فَنَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَجَنَهُ بِمِحْجَنِهِ، ثُمَّ قَالَ لِي: ارْكَبْ، فَرَكِبْتُهُ، فَلَقَدْ رَاَيْتُنِي اَكُفُّهُ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَتَزَوَّجْتَ؟، فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: بِكْرًا اَمْ ثَيِّبًا؟، فَقُلْتُ: بَلْ، ثَيِّبًا قَالَ: فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ، فَقُلْتُ: اِنَّ لِي اَخَوَاتٍ، فَاَحْبَبْتُ اَنْ اَتَزَوَّجَ امْرَاَةً تَجْمَعُهُنَّ وَتَمْشُطُهُنَّ وَتَقُومُ عَلَيْهِنَّ، قَالَ: اَمَا اِنَّكَ قَادِمٌ، فَاِذَا قَدِمْتَ، فَالْكَيْسَ الْكَيْسَ ثُمَّ قَالَ: اَتَبِيعُ جَمَلَكَ؟، قُلْتُ: نَعَمْ، فَاشْتَرَاهُ مِنِّي بِاُوقِيَّةٍ، ثُمَّ قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلِي، وَقَدِمْتُ بِالْغَدَاةِ، فَجِئْتُ الْمَسْجِدَ، فَوَجَدْتُهُ عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ، قَالَ: الْاٰنَ حِينَ قَدِمْتَ؟، قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَدَعْ جَمَلَكَ، وَادْخُلْ، فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ، قَالَ: فَدَخَلْتُ، فَصَلَّيْتُ، ثُمَّ رَجَعْتُ، وَاَمَرَ بِلَالًا اَنْ يَزِنَ لِي اُوقِيَّةً، قَالَ: فَوَزَنَ لِي بِلَالٌ، فَاَرْجَحَ فِي الْمِيزَانِ، قَالَ: فَانْطَلَقْتُ، فَلَمَّا وَلَّيْتُ، قَالَ: ادْعُ لِي جَابِرًا، فَدُعِيتُ، فَقُلْتُ: الْاٰنَ يَرُدُّ عَلَيَّ الْجَمَلَ، وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ اَبْغَضَ اِلَيَّ مِنْهُ، قَالَ: جَمَلُكَ وَثَمَنُهُ لَكَ

✿✿ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ ایک غزوہ میں شرکت کے لئے روانہ ہوا۔ میرا اونٹ سست ہو گیا تھا۔ اس لئے میں لوگوں سے پیچھے رہ گیا (راستے میں کسی جگہ) نبی اکرم ﷺ اپنی سواری سے نیچے اترے آپ نے اپنی چھڑی کے ذریعے میرے اونٹ کو مارا اور پھر مجھ سے فرمایا تم اس پر سوار ہو جاؤ جب میں اس پر سوار ہوا تو میں نے خود کو دیکھا میں اس اونٹ کو نبی اکرم ﷺ سے آگے نکلنے سے روک رہا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم نے شادی کر لی ہے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کنواری کے ساتھ یا ثیبہ کے ساتھ میں نے عرض کی: بلکہ ثیبہ کے ساتھ؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم نے کسی کنواری کے ساتھ شادی کیوں نہیں کی کہ تم اس کے خوش فعلیاں کرتے اور وہ تمہارے ساتھ کرتی۔ میں نے عرض

6518- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو موسى: هو محمد بن المثنى بن عبيد العنزي . وانظر الحديث الآتي برقم (7143).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



کی: میری بہنیں ہیں۔ مجھے یہ اچھا لگا کہ میں کسی ایسی عورت کے ساتھ شادی کروں جوان کا خیال رکھے۔ ان کی کنگھی کرے ان کی نگرانی کرے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اب تم (اپنے گھر) جانے لگے ہو۔ جب تم جاؤ تو عقل مندی کا مظاہرہ کرنا عقلمندی کا مظاہرہ کرنا پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تم اپنا اونٹ فروخت کرو گے میں نے عرض کی: جی ہاں تو نبی اکرم ﷺ نے ایک اوقیہ کے عوض میں وہ مجھ سے خرید لیا پھر نبی اکرم ﷺ مجھ سے پہلے (مدینہ منورہ) تشریف لے آئے۔ میں اگلے دن آیا میں مسجد میں آیا تو میں نے نبی اکرم ﷺ کو مسجد کے دروازے پر پایا نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم اب آئے ہو۔ میں نے عرض کی: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اپنے اونٹ کو چھوڑ دو اور (مسجد کے اندر) جا کر دو رکعات ادا کرو۔ راوی کہتے ہیں: میں اندر آیا میں نے نماز ادا کی جب میں واپس آیا تو آپ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو یہ حکم دیا کہ مجھے وزن کر کے ایک اوقیہ دیدیں۔ راوی کہتے ہیں: حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے مجھے وزن کر کے دیا اور میزان میں (میرے پلڑے کو) وزنی رکھا۔ راوی کہتے ہیں: جب میں وہاں سے روانہ ہوا اور مڑ گیا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جابر کو میرے پاس بلا کر لاؤ مجھے بلایا گیا تو میں نے اندازہ لگا لیا کہ اب نبی اکرم ﷺ وہ اونٹ مجھے واپس کر دیں گے مجھے یہ بات سب سے زیادہ ناپسند تھی لیکن نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اونٹ بھی تمہارا ہوا اور قیمت بھی تمہاری ہوئی۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ اسْتَثْنٰى حُمْلَانَ رَاحِلَتِهِ الَّتِيْ وَصَفْنَاهَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ بَعْدَ الْبَيْعِ

### اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے اپنی اس سواری پر مدینہ منورہ تک سوار رہنے کا استثناء کیا تھا' جس سواری کی صفت ہم نے بیان کی ہے اور یہ استثناء سودا ہو جانے کے بعد تھا

**6519** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيْدٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ زَكَرِيَّا، عَنْ عَامِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَنِيْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّهٗ كَانَ يَسِيْرُ عَلٰى جَمَلٍ لَهٗ قَدْ اَعْيٰى، فَاَرَادَ اَنْ يُّسَيِّبَهٗ، قَالَ: فَلَحِقَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَا لَهٗ وَضَرَبَهٗ، فَسَارَ سَيْرًا لَمْ يَسِرْ مِثْلَهٗ، وَقَالَ: بِعْنِيهِ بِاُوقِيَّةٍ، فَقُلْتُ: لَا، ثُمَّ قَالَ: بِعْنِيهِ بِاُوقِيَّةٍ، فَقُلْتُ: لَا، ثُمَّ قَالَ: بِعْنِيهِ بِاُوقِيَّةٍ، فَبِعْتُهٗ بِاُوقِيَّةٍ، وَاسْتَثْنَيْتُ حُمْلَانَهٗ اِلٰى اَهْلِي، فَلَمَّا بَلَغْتُ اَتَيْتُهٗ، فَقَالَ لِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتُرَانِيْ مَا كَسْتُكَ لِاٰخُذَ جَمَلَكَ وَدَرَاهِمَكَ؟ فَهُمَا لَكَ

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ وہ اپنے اونٹ پر سفر کر رہے تھے جو تھک چکا تھا۔ انہوں نے اس اونٹ کو ویسے ہی چھوڑ دینے کا ارادہ کر لیا۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی مجھ سے ملاقات ہوئی تو نبی اکرم ﷺ نے اس اونٹ کے لئے دعا کی۔ آپ نے اسے مارا تو وہ اتنی تیزی سے چلنے لگا کہ وہ پہلے کبھی اتنا تیز نہیں چلتا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

6519- إسناده صحيح على شرط مسلم، علي بن خشرم من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. عيسى بن يونس: هو ابن أبي إسحاق السبيعي، وزكريا: هو ابن أبي زائدة، وعامر: هو الشعبي. وانظر الحديث المتقدم برقم (4912).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایۃ

www.KitaboSunnat.com


ایک اوقیہ کے عوض میں اسے مجھے فروخت کر دو۔ میں نے عرض کی: جی نہیں پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک اوقیہ کے عوض میں اسے مجھے فروخت کر دو میں نے عرض کی: جی نہیں پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک اوقیہ کے عوض میں اسے مجھے فروخت کر دو تو میں نے ایک اوقیہ کے عوض میں اسے فروخت کر دیا۔ میں نے اس سودے میں یہ استثناء کیا کہ میں اس پر سوار ہو کر اپنے گھر تک جاؤں گا جب میں (مدینہ منورہ) پہنچا تو میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے فرمایا کیا تم یہ سمجھ رہے تھے کہ میں نے تمہارے اونٹ اور درہموں کی وجہ سے تمہارے ساتھ یہ سودا کیا۔ یہ دونوں تمہارے ہوئے۔

## ذِكْرُ مَا اَكْرَمَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا صَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَزِيمَةِ الْمُشْرِكِينَ عَنْهُ عَنْ قَبْضَةِ تُرَابٍ رَمَاهُمْ بِهَا

## اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو یہ عزت عطا کی کہ آپ ﷺ کے مٹھی بھر مٹی پھینکنے کی وجہ سے' مشرکین کو پسپا کر دیا گیا' جب وہ مٹی آپ ﷺ نے ان کی طرف پھینکی تھی

**6520** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِي، قَالَ:

(متن حدیث): غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُنَيْنًا، قَالَ فَلَمَّا وَاجَهْنَا الْعَدُوَّ، تَقَدَّمْتُ، فَاَعْلُو ثَنِيَّةً، فَاسْتَقْبَلَنِيْ رَجُلٌ مِّنَ الْعَدُوِّ، فَاَرْمِيهِ بِسَهْمٍ، فَتَوَارَى عَنِّي، فَمَا دَرَيْتُ مَا صَنَعَ، ثُمَّ نَظَرْتُ اِلَى الْقَوْمِ، فَاِذَا هُمْ قَدْ طَلَعُوْا مِنْ ثَنِيَّةٍ اُخْرَى، فَالْتَقَوْا هُمْ وَصَحَابَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَلَّى صَحَابَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَرْجِعُ مُنْهَزِمًا، وَعَلَيَّ بُرْدَتَانِ مُتَّزِرًا بِاِحْدَاهُمَا، مُرْتَدِيًا بِالْاُخْرَى، قَالَ: فَانْطَلَقَ رِدَائِي، فَجَمَعْتُهُ، وَمَرَرْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْهَزِمًا، وَهُوَ عَلٰى بَغْلَتِهِ الشَّهْبَاءِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ رَاَى ابْنُ الْاَكْوَعِ فَزَعًا، فَلَمَّا غَشُوا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ عَنِ الْبَغْلَةِ، ثُمَّ قَبَضَ قَبْضَةً مِنْ تُرَابٍ مِنَ الْاَرْضِ، ثُمَّ اسْتَقْبَلَ بِهِ وُجُوهَهُمْ، فَقَالَ: شَاهَتِ الْوُجُوهُ، فَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْهُمْ اِنْسَانًا اِلَّا مَلَاَ اللّٰهُ عَيْنَهُ تُرَابًا بِتِلْكَ الْقَبْضَةِ، فَوَلَّوْا مُدْبِرِينَ، فَهَزَمَهُمُ اللّٰهُ، وَقَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَنَائِمَهُمْ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ

✿✿ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے بیان کرتے ہیں۔ میرے والد نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے ہم نے

---

6520– إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عكرمة، فمن رجال مسلم، وهو حسن الحديث. وابن سلمة بن الأكوع: هو إياس. وأخرجه البيهقي في "دلائل النبوة" 5/140 عن أبي يعلى، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (1777) في الجهاد والسير: باب في غزوة حنين، عن أبي خيثمة زهير بن معاوية، به. وقوله: "منهزماً" حال من ابن الأكوع كما صرح أولاً بانهزامه، وكما يدل عليه قوله - صلى الله عليه وسلم - بعده: " لقد رأى الأكوع فزعاً"، وانظر " شرح مسلم " 12/122 للنووي.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایة

www.KitaboSunnat.com



نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ غزوہ حنین میں شرکت کی۔ راوی کہتے ہیں: جب ہم دشمن کے مدمقابل آئے تو میں آگے بڑھا اور میں ایک ٹیلے پر چڑھ گیا دشمن کا ایک شخص میرے مدمقابل آیا تو میں نے اسے تیر مارا۔ وہ میری نگاہوں سے اوجھل ہو گیا۔ مجھے اندازہ نہیں ہوا کہ مجھے کیا کرنا چاہئے۔ جب میں نے لوگوں کی صورت حال کا جائزہ لیا تو دشمن دوسری گھاٹی سے نمودار ہو رہا تھا۔ اس کا اور نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کا سامنا ہوا تو نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے کچھ لوگ منہ پھیر کر پیچھے ہٹ گئے میں بھی پسپا ہو کر پیچھے ہٹا۔ میرے جسم پر دو چادریں تھیں جن میں سے ایک کو میں نے تہبند کے طور پر باندھا ہوا تھا اور دوسری کو جسم پر لپیٹا ہوا تھا۔ میری وہ والی چادر گر گئی تو میں نے اسے اٹھایا اور لپیٹا میرا گزر نبی اکرم ﷺ کے پاس سے ہوا جو پسپا ہونے کی صورت حال میں تھے۔ آپ اس وقت اپنے سفید خچر پر سوار تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ابن اکوع نے گھبراہٹ دیکھ لی ہے جب دشمن نے نبی اکرم ﷺ کو گھیر لیا تو نبی اکرم ﷺ اپنے خچر سے نیچے اترے۔ آپ نے زمین سے مٹھی بھر مٹی لی اور اسے ان لوگوں کی طرف پھینک دیا۔ آپ نے فرمایا: ان کے چہرے بگڑ جائیں تو ان میں سے جو بھی شخص تھا اللہ تعالیٰ نے اس کی آنکھ کو مٹی سے بھر دیا جو اس مٹھی (میں سے ان کی طرف آئی تھی) تو وہ لوگ پیٹھ پھیر کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں پسپا کر دیا اور نبی اکرم ﷺ نے ان کا مال غنیمت مسلمانوں کے درمیان تقسیم کیا۔

## ذِكْرُ تَكْبِيرِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ رُؤْيَتِهِ اَهْلَ حُنَيْنٍ فِي الْحَالِ الَّتِيْ وَصَفْنَاهَا

### نبی اکرم ﷺ کا اہل حنین کو ایسی حالت میں دیکھ کر تکبیر کہنے کا تذکرہ، جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے

**6521** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اشْتَدَّ الْقِتَالُ يَوْمَ خَيْبَرَ، فَكُنْتُ رَدِيفَ اَبِيْ طَلْحَةَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، خَرِبَتْ خَيْبَرُ، اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ

قَالَ: فَمَا لَبِثْتُ اَنْ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ خیبر کے موقع پر لڑائی شدید ہو گئی میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ اکبر خیبر برباد ہو گیا جب ہم کسی قوم کے میدان میں اترتے ہیں تو ان لوگوں کی حالت بری ہوتی ہے۔ جنہیں ڈرایا گیا تھا۔

راوی کہتے ہیں: اس کے کچھ ہی دیر بعد اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کو فتح عطا کر دی۔

---

6521- حديث صحيح. رجاله ثقات رجال الشيخين غير مبارك بن فضالة، فقد روى له أصحاب السنن، وهو مدلس، وقد عنعن. وقد تقدم الحديث من طريق آخر صحيح برقم (4725) و (4726)، وسيأتي أيضاً برقم (7212).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ سُقُوطِ الْاَصْنَامِ الَّتِيْ فِي الْكَعْبَةِ بِاِشَارَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهَا دُوْنَ مَسِّهَا بِشَيْءٍ مِنْهُ

## خانہ کعبہ میں موجود بتوں کا' نبی اکرم ﷺ کے ان کی طرف اشارہ کرنے کی وجہ سے گر جانے کا تذکرہ' حالانکہ آپ ﷺ نے انہیں چھوا نہیں تھا

**6522** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا دَخَلَ مَكَّةَ وَجَدَ بِهَا ثَلَاثَ مِائَةٍ وَّسِتِّيْنَ صَنَمًا، فَاَشَارَ بِعَصًا اِلٰى كُلِّ صَنَمٍ، وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ، اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا، فَسَقَطَ الصَّنَمُ، وَلَمْ يَمَسَّهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم ﷺ مکہ میں داخل ہوئے تو آپ نے وہاں تین سو ساٹھ بت پائے۔ آپ عصا کے ذریعے ان میں سے ہر ایک بت کی طرف اشارہ کرتے اور یہ کہتے تھے: ''حق آ گیا اور باطل رخصت ہو گیا۔ بے شک باطل نے رخصت ہی ہونا تھا' تو وہ بت گر جاتا۔ نبی اکرم ﷺ نے ان بتوں کو چھوا نہیں۔

## ذِكْرُ مَا اَبَانَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا مِنْ دَلَائِلِ صَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى صِحَّةِ نُبُوَّتِهِ مِنْ طَاعَةِ الْاَشْجَارِ لَهُ

## اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی نبوت کے صحیح ہونے کی دلیل کے طور پر یہ چیز ظاہر کی کہ درخت آپ ﷺ کی فرمانبرداری کرتے تھے

6522- إسناده ضعيف، عاصم بن عمر: هو العمرى، ضعفه أحمد وابن معين وغيرهم، وقال البخارى: منكر الحديث، وقال الترمذى: متروك. وذكره المؤلف فى " المجروحين " 2/127، وقال: منكر الحديث جداً، يروى عن الثقات ما لا يشبه حديث الأثبات، لا يجوز الاحتجاج به إلا فيما وافق الأثبات، ثم ذكره فى " الثقات " 7/259، وقال: يخطء ويخالف. وأخرجه الطبرانى (13643) عن محمد بن نصر الصائغ البغدادى، حدثنا محمد بن إسحاق المسيبى، بهذا الإسناد. وذكره الهيثمى فى " المجمع " 6/176 فقال: رواه الطبرانى فى " الأوسط " و"الكبير"، وفيه عاصم بن عمر العمرى، وهو متروك، ووثقه ابن حبان، وقال: يخطء ويخالف. وأخرجه البيهقى فى " الدلائل " 5/72 من طريق القاسم بن عبد الله العمرى، عن عبد الله بن دينار، به. وهذا إسناد ضعيف جداً، القاسم هذا اتهمه الإمام أحمد بالكذب والوضع. وقال البيهقى: هذا الإسناد وإن كان ضعيفاً، فالذى قبله يؤكده. وذكر حديثاً عن ابن عباس بنحوه، ورواه الطبرانى أيضاً، وقال عنه الهيثمى فى " المجمع " 6/176: رجاله ثقات. قلت: ويشهد له حديث ابن مسعود المتقدم عند المصنف برقم (5862).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



**6523** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْاَعْمَشُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِي عَامِرٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنَّهُ يُدَاوِي وَيُعَالِجُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ اِنَّكَ تَقُولُ اَشْيَاءَ، هَلْ لَكَ اَنْ اُدَاوِيَكَ؟ قَالَ: فَدَعَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى اللّٰهِ، ثُمَّ قَالَ: هَلْ لَكَ اَنْ اُرِيَكَ آيَةً وَعِنْدَهُ نَخْلٌ وَّشَجَرٌ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِذْقًا مِنْهَا، فَاَقْبَلَ اِلَيْهِ وَهُوَ يَسْجُدُ وَيَرْفَعُ رَاْسَهُ، وَيَسْجُدُ وَيَرْفَعُ رَاْسَهُ حَتّٰى انْتَهٰى اِلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ بَيْنَ يَدَيْهِ، ثُمَّ قَالَ لَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْجِعْ اِلَى مَكَانِكَ، فَقَالَ الْعَامِرِيُّ: وَاللّٰهِ، لَا اُكَذِّبُكَ بِشَيْءٍ تَقُولُهُ اَبَدًا، ثُمَّ قَالَ: يَا آلَ عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ، وَاللّٰهِ لَا اُكَذِّبُهُ بِشَيْءٍ.

قَالَ: وَالْعِذْقُ: النَّخْلَةُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: بنوعامر سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ وہ شخص دوا دیا کرتا تھا اور علاج کرتا تھا۔ اس نے کہا: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے کچھ نظریات ہیں کیا آپ کو اس بارے میں دلچسپی ہے کہ میں آپ کو کوئی دوائی دوں۔ (یعنی آپ کا ذہنی توازن ٹھیک نہیں تو میں آپ کو اس کی دوا دیتا ہوں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں اس بات میں دلچسپی ہے کہ میں تمہیں کوئی نشانی دکھاؤں۔ اس وقت اس شخص کے پاس ایک کھجور کا درخت تھا اور ایک دوسرا درخت تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کے درخت کو اپنے پاس بلایا۔ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کبھی سجدہ کرتا ہوا کبھی سر کو اٹھاتا ہوا کبھی سجدہ کرتا ہوا کبھی اپنے سر کو اٹھاتا ہوا آیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچ گیا اور آ کے آپ کے سامنے کھڑا ہو گیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا تم اپنی جگہ پر واپس چلے جاؤ تو بنوعامر قبیلے سے تعلق رکھنے والے اس شخص نے کہا: اللہ کی قسم! اب میں کبھی بھی آپ کو کسی بھی ایسی بات کے حوالے سے جھوٹا قرار نہیں دوں گا' جو بات آپ بیان کریں گے پھر اس شخص نے کہا: اے عامر بن صعصعہ کی اولاد اللہ کی قسم! میں ان کی کسی بھی بات کو جھٹلاؤں گا نہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) لفظ عذق سے مراد کھجور کا درخت ہے۔

---

6523- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم السامي، فقد روى له النسائي، وهو ثقة. وأخرجه أبو يعلى (2350) عن إبراهيم بن الحجاج السامي، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني في "الكبير" (12595)، وأبو نعيم (297)، والبيهقي 6/16-17 كلاهما في "دلائل النبوة" من طريقين عن عبد الواحد بن زياد، به. وذكره الهيثمي في "المجمع" 9/10 ونسبه لأبي يعلى فقط، وقال: رجاله رجال الصحيح غير إبراهيم بن الحجاج السامي، وهو ثقة. وأخرجه البخاري في "التاريخ الكبير" 3/3، والترمذي (3628) في المناقب: باب رقم (6)، وقال: حسن غريب صحيح، والطبراني في "الكبير" (12622)، والحاكم 2/620 وصححه على شرط مسلم ووافقه الذهبي، والبيهقي في "الدلائل" 6/15 من طريق محمد بن سعيد ابن الأصبهاني، حدثنا شريك القاضي، عن سماك، حدثنا أبو ظبيان حصين بن جندب، عن ابن عباس بنحوه، وزاد فيه قول الأعرابي: أشهد أنك رسول الله، وآمن.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



# ذِكْرُ خَبَرٍ فِيهِ دَلَائِلُ مَعْلُومَةٌ عَلٰى صِحَّةِ مَا اَصَّلْنَاهُ مِنْ اِثْبَاتِ الْاَشْيَاءِ الْمُعْجِزَةِ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس روایت کا تذکرہ، جس میں اس بات کے متعین دلائل موجود ہیں جو ہماری بیان کردہ اصل کے صحیح ہونے (پر دلالت کرتے ہیں) کہ نبی اکرم ﷺ کے کچھ معجزات ثابت ہیں

**6524** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، فِيْ كِتَابِهٖ قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ الْكِلَابِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ مُجَاهِدٍ اَبُوْ حَزْرَةَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): سِرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى نَزَلْنَا وَادِيًا اَفْيَحَ، فَذَهَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْضِي حَاجَتَهُ، وَاتَّبَعْتُهُ بِاِدَاوَةٍ مِنْ مَاءٍ، فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَرَ شَيْئًا لِيَسْتَتِرَ بِهٖ، فَاِذَا شَجَرَتَانِ بِشَاطِئِ الْوَادِي، فَانْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اِحْدَاهُمَا، فَاَخَذَ بِغُصْنٍ مِنْ اَغْصَانِهَا، فَقَالَ: انْقَادِيْ عَلَيَّ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَانْقَادَتْ مَعَهُ كَالْبَعِيرِ الْمَخْشُوشِ الَّذِيْ يُصَانِعُ قَائِدَهُ حَتّٰى اَتَى الشَّجَرَةَ الْاُخْرٰى، فَاَخَذَ بِغُصْنٍ مِنْ اَغْصَانِهَا، فَقَالَ: انْقَادِيْ عَلَيَّ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَانْقَادَتْ مَعَهُ كَذٰلِكَ حَتّٰى اِذَا كَانَ النِّصْفُ جَمَعَهُمَا، فَقَالَ: الْتَئِمَا عَلَيَّ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَالْتَاَمَتَا، قَالَ جَابِرٌ: فَخَرَجْتُ اُحْضِرُ مَخَافَةَ اَنْ يُحِسَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقُرْبِيْ فَيَتَبَاعَدَ، فَجَلَسْتُ، فَحَانَتْ مِنِّي لَفْتَةٌ، فَاِذَا اَنَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقْبِلٌ، وَاِذَا الشَّجَرَتَانِ قَدِ افْتَرَقَتَا، فَقَامَتْ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا عَلٰى سَاقٍ، فَرَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ وَقْفَةً، فَقَالَ بِرَاْسِهٖ هٰكَذَا يَمِيْنًا وَيَسَارًا، ثُمَّ اَقْبَلَ، فَلَمَّا انْتَهٰى اِلَيَّ، قَالَ: يَا جَابِرُ هَلْ رَاَيْتَ مَقَامِي؟، قُلْتُ: نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَانْطَلِقْ اِلَى الشَّجَرَتَيْنِ، فَاقْطَعْ مِنْ كُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا غُصْنًا، فَاَقْبِلْ بِهِمَا، حَتّٰى اِذَا قُمْتَ مَقَامِي اَرْسِلْ غُصْنًا عَنْ يَمِيْنِكَ وَغُصْنًا عَنْ يَسَارِكَ قَالَ جَابِرٌ: فَاَخَذْتُ حَجَرًا، فَكَسَرْتُهُ، فَاَتَيْتُ الشَّجَرَتَيْنِ، فَقَطَعْتُ مِنْ كُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا غُصْنًا، ثُمَّ اَقْبَلْتُ اَجُرُّهُمَا، حَتّٰى اِذَا قُمْتُ مَقَامَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْسَلْتُ غُصْنًا عَنْ يَمِيْنِيْ، وَغُصْنًا عَنْ يَسَارِي، ثُمَّ لَحِقْتُهُ، فَقُلْتُ: قَدْ فَعَلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَعَمَّ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ: اِنِّي مَرَرْتُ بِقَبْرَيْنِ يُعَذَّبَانِ، فَاَحْبَبْتُ بِشَفَاعَتِيْ اَنْ يُرَفَّهَ عَنْهُمَا مَا دَامَ الْغُصْنَانِ رَطْبَيْنِ فَاَتَيْنَا الْعَسْكَرَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جَابِرُ نَادِ بِوَضُوْءٍ،

---

6524– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير يعقوب بن مجاهد، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم (3012) في الزهد: باب حديث جابر الطويل، والبيهقي في "دلائل النبوة" 10-6/7/7 عن هارون بن معروف ومحمد بن عباد قالا: حدثنا حاتم بن إسماعيل، بهذا الإسناد.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



فَقُلْتُ: أَلَا وَضُوءَ أَلَا وَضُوءَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا وَجَدْتُ فِي الرَّكْبِ مِنْ قَطْرَةٍ، وَكَانَ رَجُلٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ يُبَرِّدُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَشْجَابٍ لَهُ، فَقَالَ: انْطَلِقْ إِلَى فُلَانِ الْأَنْصَارِيِّ، فَانْظُرْ هَلْ فِي أَشْجَابِهِ مِنْ شَيْءٍ؟، قَالَ: فَانْطَلَقْتُ إِلَيْهِ، فَنَظَرْتُ فِيهَا، فَلَمْ أَجِدْ فِيهَا إِلَّا قَطْرَةً فِي عَزْلَاءِ شَجْبٍ مِنْهَا، لَوْ أَنِّي أُفْرِغُهُ مَا كَانَتْ شَرْبَةً، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَمْ أَجِدْ فِيهَا إِلَّا قَطْرَةً فِي عَزْلَاءِ شَجْبٍ مِنْهَا لَوْ أَنِّي أُفْرِغُهُ لَشَرِبَهُ يَابِسُهُ.

قَالَ: اذْهَبْ فَأْتِنِي بِهِ، فَأَخَذَهُ بِيَدِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعَلَ يَتَكَلَّمُ بِشَيْءٍ لَا أَدْرِي مَا هُوَ، وَيَغْمِزُهُ بِيَدِهِ، ثُمَّ أَعْطَانِيهِ، فَقَالَ: يَا جَابِرُ نَادِ بِجَفْنَةٍ، فَقُلْتُ: يَا جَفْنَةَ الرَّكْبِ، قَالَ: فَأَتَيْتُ بِهَا تُحْمَلُ، فَوَضَعْتُهَا بَيْنَ يَدَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰكَذَا، وَبَسَطَ يَدَهُ فِي وَسَطِ الْجَفْنَةِ، وَفَرَّقَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ، وَقَالَ: خُذْ يَا جَابِرُ، وَصُبَّ عَلَيَّ، وَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ، فَصَبَبْتُ عَلَيْهِ، وَقُلْتُ: بِسْمِ اللّٰهِ، فَرَأَيْتُ الْمَاءَ يَفُورُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى امْتَلَأَتْ، قَالَ: يَا جَابِرُ، نَادِ مَنْ كَانَتْ لَهُ حَاجَةٌ بِمَاءٍ قَالَ: فَأَتَى النَّاسُ، فَاسْتَقَوْا حَتّٰى رَوُوا، قَالَ: فَقُلْتُ: هَلْ بَقِيَ أَحَدٌ لَهُ حَاجَةٌ؟ قَالَ: فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ مِنَ الْجَفْنَةِ وَهِيَ مَلْأَى

✿✿ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر پر روانہ ہوئے' یہاں تک کہ ہم نے وادی افیح میں پڑاؤ کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لئے تشریف لے گئے۔ میں پانی کا برتن لے کر آپ کے پیچھے گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کا جائزہ لیا تو آپ کو ایسی کوئی چیز نظر نہیں آئی جس کے ذریعے آپ رکاوٹ بنالیں۔ وادی کے کنارے پر دو درخت موجود تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان میں سے ایک کے پاس تشریف لے گئے۔ آپ نے اس کی ایک ٹہنی کو پکڑا اور فرمایا اللہ کے حکم کے تحت میرے ساتھ چلو تو وہ درخت ایک فرمانبردار اونٹ کی طرح آپ کے ساتھ چل پڑا جو اونٹ اپنے ساتھ لے کر چلنے والے کے حکم کے مطابق عمل کرتا ہے' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دوسرے درخت کے پاس تشریف لائے۔ آپ نے اس کی بھی ایک ٹہنی کو پکڑا اور فرمایا اللہ کے حکم کے تحت میرے ساتھ چلو تو وہ بھی آپ کے ساتھ اسی طرح چل پڑا' یہاں تک کہ (ان دونوں کے) درمیان میں آکر وہ دونوں ایک دوسرے سے مل گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اللہ کے حکم کے تحت تم میرے لئے ایک دوسرے کے ساتھ رہنا تو وہ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ ہو گئے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں وہاں سے کچھ پیچھے ہٹ گیا۔ اس اندیشے کے تحت کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو میرا قریب ہونا محسوس ہو گیا تو شاید آپ زیادہ دور تشریف لے جائیں۔ میں وہاں بیٹھ گیا۔ تھوڑی ہی دیر گزرنے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے وہ درخت ایک دوسرے سے الگ ہو چکے تھے۔ ان میں سے ہر ایک اپنی پنڈلی پر کھڑا تھا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ذرا سی دیر کے لئے رُکے اور آپ نے اپنے سر کو بائیں اور دائیں طرف گھمایا پھر آپ تشریف لے آئے جب آپ میرے پاس پہنچے تو آپ نے دریافت کیا: اے جابر کیا تم نے مجھے دیکھ لیا تھا۔ میں نے عرض کی: جی ہاں! یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! نبی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ان دونوں درختوں کے پاس جاؤ اور ان میں سے ہر ایک کی ٹہنی توڑ کر انہیں میری طرف لے آؤ' یہاں تک کہ جب تم اس مقام پر پہنچو جہاں تم نے مجھے کھڑے ہوئے دیکھا تھا تو ایک ٹہنی اپنے دائیں طرف چھوڑ دینا اور ایک بائیں طرف چھوڑ دینا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے ایک پتھر لے کر اس کے دو ٹکڑے کیے۔ پھر میں ان دو درختوں کے پاس آیا میں نے ان میں سے ہر ایک کی ٹہنی توڑ لی پھر میں انہیں گھسیٹتا ہوا آیا' یہاں تک کہ اس جگہ پر آ کر کھڑا ہو گیا جہاں نبی اکرم ﷺ کھڑے ہوئے تھے تو میں نے ایک ٹہنی کو اپنے دائیں طرف اور ایک ٹہنی کو اپنے بائیں طرف چھوڑ دیا پھر میں نبی اکرم ﷺ کے پاس آ گیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں نے ایسا کر لیا ہے۔ آپ نے ایسا کیوں کروایا نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرا گزر دو قبروں کے پاس سے ہوا جنہیں عذاب دیا جا رہا تھا تو میں نے اس بات کو پسند کیا کہ میری شفاعت کے ذریعے ان دونوں کے عذاب میں اس وقت تک تخفیف ہو جائے جب تک وہ دونوں ٹہنیاں تر رہتی ہیں۔ راوی کہتے ہیں: پھر ہم لشکر کے پاس آئے تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے جابر! وضو کے پانی کے لئے اعلان کر دو تو میں نے اعلان کیا خبردار وضو کا پانی ہے خبردار وضو کا پانی ہے۔

میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! مجھے تو لشکر میں پانی کا ایک قطرہ بھی نہیں ملا۔ (راوی کہتے ہیں:) انصار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص تھا جو اپنے ڈول میں نبی اکرم ﷺ کے لئے ٹھنڈا پانی رکھتا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم فلاں انصاری کے پاس جاؤ اور دیکھو کہ کیا اس کے ڈول میں کوئی پانی ہے۔ راوی کہتے ہیں: میں اس شخص کے پاس گیا میں نے اس ڈول کا جائزہ لیا تو مجھے اس ڈول کے سرے پر صرف ایک پانی کا قطرہ دکھائی دیا اگر میں اسے انڈیل لیتا تو وہ پینے کے قابل نہ رہتا۔ میں نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! مجھے اس ڈول میں صرف ایک قطرہ ملا جو اس کے سرے پر موجود تھا اگر میں اسے انڈیل لیتا تو اس کے خشک حصے نے اسے جذب کر لینا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم جاؤ اور اسے میرے پاس لے کر آؤ۔ نبی اکرم ﷺ نے وہ قطرہ اپنے دست مبارک پر ڈالا اور کچھ پڑھنا شروع کیا۔ مجھے نہیں معلوم وہ کیا تھا پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنے دست مبارک کے ذریعے اسے ٹٹولنا شروع کیا پھر آپ نے مجھے وہ عطا کر دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے جابر پیالے کے لئے اعلان کرو تو میں نے کہا: کوئی پیالہ لے کر آئے۔ راوی کہتے ہیں: میں اسے لے کر نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا۔ میں نے اسے نبی اکرم ﷺ کے سامنے رکھ دیا۔ تو نبی اکرم ﷺ نے اس طرح کیا یعنی پیالے کے درمیان میں اپنا ہاتھ بڑھایا اپنی انگلیوں کو کشادہ کیا۔ آپ نے فرمایا: اے جابر اسے حاصل کرو اور اسے میرے اوپر انڈیل دو اور بسم اللہ پڑھ لینا۔ میں نے اسے نبی اکرم ﷺ پر انڈیل دیا اور میں نے بسم اللہ پڑھ لی تو میں نے پانی کو دیکھا کہ وہ نبی اکرم ﷺ کی انگلیوں کے درمیان میں سے پھوٹ رہا تھا' یہاں تک کہ وہ برتن بھر گیا نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے جابر یہ اعلان کرو کہ جس شخص کو بھی پانی کی ضرورت ہو (وہ آ جائے) راوی کہتے ہیں: تو لوگ آ گئے۔ انہوں نے پانی پی لیا' یہاں تک کہ وہ سیر ہو گئے۔ راوی کہتے ہیں: تو میں نے اعلان کیا کیا کوئی ایسا شخص ہے جسے (پانی کی) ضرورت ہو۔ راوی کہتے ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ نے اس پیالے سے اپنا دست مبارک اٹھایا تو وہ پیالہ بھرا ہوا تھا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


## ذِكْرُ اِسْمَاعِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اَهْلَ الْقَلِيبِ مِنْ بَدْرٍ كَلَامَ صَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخِطَابَهُ اِيَّاهُ

## اس بات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے بدر کے گڑھے میں پڑے ہوئے لوگوں کو اپنے محبوب کا کلام اور ان سے کیا گیا خطاب سنوا دیا تھا

**6525** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعَ الْمُسْلِمُوْنَ نِدَاءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ وَهُوَ عَلَى بِئْرِ بَدْرٍ يُنَادِي: يَا اَبَا جَهْلِ بْنَ هِشَامٍ، وَيَا عُتْبَةُ بْنَ رَبِيعَةَ، وَيَا شَيْبَةُ بْنَ رَبِيعَةَ، وَيَا اُمَيَّةُ بْنَ خَلَفٍ، اَلَا هَلْ وَجَدْتُّمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا؟ فَقَالَ الْمُسْلِمُوْنَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تُنَادِي قَوْمًا قَدْ جَيَّفُوا؟ ، فَقَالَ: مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ لِمَا اَقُوْلُ مِنْهُمْ اِلَّا اَنَّهُمْ لَا يَسْتَطِيعُوْنَ اَنْ يُّجِيبُوْنِي

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نصف رات کے وقت مسلمانوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پکار سنی۔ آپ اس وقت بدر کے کنویں کے پاس موجود تھے اور بلند آواز میں فرما رہے تھے۔ اے ابوجہل بن ہشام اے عتبہ بن ربیعہ اے شیبہ بن ربیعہ اے اُمیہ بن خلف تمہارے پروردگار نے تمہارے ساتھ جو وعدہ کیا تھا کیا تم نے اسے سچ پالیا ہے۔ مسلمانوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ ایسی قوم کو مخاطب کر رہے ہیں جو مردار ہو چکے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں جو کہہ رہا ہوں تم لوگ ان سے زیادہ اسے نہیں سن رہے البتہ وہ لوگ اس بات کی استطاعت نہیں رکھتے کہ مجھے جواب دیں۔

## ذِكْرُ مَا حِيلَ بَيْنَ الشَّيَاطِينِ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، وَاِرْسَالِ الشُّهُبِ عَلَيْهِمْ عِنْدَ اِظْهَارِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاِسْلَامَ

## اس بات کا تذکرہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کا اظہار کیا تو شیاطین اور آسمان کی خبروں کے درمیان کیا چیز رکاوٹ بن گئی تھی اور ان پر کس طرح شہاب ثاقب چھوڑے جانے لگے تھے

**6526** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

---

6525– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير يحيى بن أيوب، فمن رجال مسلم . وأخرجه أحمد 3/104 و 182 و 263، وأبو يعلى (3808) و (3809) و (3857) من طرق عن حميد، بهذا الإسناد . وانظر الحديث رقم (4722) و (6498) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): مَا قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْجِنِّ، وَمَا رَآهُمْ، انْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَطَائِفَةٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ عَامِدِيْنَ اِلٰى سُوْقِ عُكَاظٍ، وَقَدْ حِيْلَ بَيْنَ الشَّيَاطِيْنِ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، وَاُرْسِلَتْ عَلَيْهِمُ الشُّهُبُ، فَرَجَعَتِ الشَّيَاطِيْنُ اِلٰى قَوْمِهِمْ، فَقَالُوْا: مَا لَكُمْ؟ قَالُوْا: حِيْلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، وَاُرْسِلَتْ عَلَيْنَا الشُّهُبُ. 34/34

قَالُوْا: مَا ذَاكَ اِلَّا شَيْءٌ حَدَثَ، فَاضْرِبُوْا مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا، فَانْظُرُوْا مَا هٰذَا الَّذِيْ حَالَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، فَانْطَلَقُوْا يَضْرِبُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا، فَمَرَّ النَّفَرُ الَّذِيْنَ اَخَذُوْا نَحْوَ تِهَامَةَ - وَهُوَ بِنَخْلَةَ - وَهُمْ عَامِدُوْنَ اِلٰى سُوْقِ عُكَاظٍ وَّهُوَ يُصَلِّيْ بِاَصْحَابِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْفَجْرِ، فَلَمَّا سَمِعُوا الْقُرْآنَ، قَالُوْا: هٰذَا الَّذِيْ حَالَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، فَرَجَعُوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ، فَقَالُوْا: (اِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا يَهْدِيْ اِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهٖ وَلَنْ نُشْرِكَ بِرَبِّنَا اَحَدًا) (الجن: 2)، فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلٰى نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ) (الجن: 1)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنات کے سامنے کوئی تلاوت نہیں کی اور نہ ہی آپ نے انہیں دیکھا۔ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے کچھ اصحاب عکاظ کے بازار کی طرف تشریف لے گئے۔ یہ وہ وقت تھا۔ جب شیاطین اور آسمان کی خبروں کے درمیان رکاوٹ آ چکی تھی اور ان پر شہاب ثاقب بھیجے جاتے تھے تو شیاطین اپنی قوم کی طرف واپس آئے اور ان لوگوں نے کہا: تم لوگوں کا کیا معاملہ ہے انہوں نے جواب دیا: ہمارے اور آسمان کی خبروں کے درمیان رکاوٹ پڑ چکی ہے اور اب ہمارے اوپر شہاب ثاقب بھیجے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا: یہ کسی ایسی وجہ سے ہوا ہوگا' جو نئی رونما ہوئی ہے تم لوگ زمین کے مشرقی حصوں اور مغربی حصوں کا جائزہ لو اور اس بات کا جائزہ لو کہ وہ کون سی ایسی چیز ہے' جو ہمارے اور آسمان کی خبروں کے درمیان رکاوٹ بن گئی ہے تو وہ لوگ زمین کے مشرقی اور مغربی حصوں کی تلاش میں نکل کھڑے ہوئے۔ ان میں سے کچھ لوگوں کا گزر تہامہ کی طرف سے ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت ایک کھجور کے باغ میں موجود تھے۔ یہ لوگ عکاظ کے بازار کی طرف جاتے ہوئے راستے میں (کھجور کے اس باغ میں تھے) اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں فجر کی نماز پڑھا رہے تھے جب ان جنات نے قرآن کی تلاوت سنی تو انہوں نے کہا: یہ وہ چیز ہے' جو ہمارے اور آسمان کی خبروں کے درمیان رکاوٹ بن گئی ہے تو وہ لوگ اپنی قوم کے پاس

6526- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير شيبان بن فروخ فمن رجال مسلم. أبو عوانة: هو الوضاح اليشكرى، وأبو بشر: هو جعفر بن إياس بن أبى وحشية. وأخرجه مسلم (449) فى الصلاة: باب الجهر بالقراءة فى الصبح، عن شيبان بن فروخ، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى (773) فى الأذان: باب الجهر بقراءة صلاة الفجر، و (4921) فى تفسير سورة الجن، والترمذى (3323) فى التفسير: باب ومن سورة الجن، والطبرى فى " جامع البيان " 29/102، والطبرانى (12449)، والحاكم 2/503، والبيهقى فى "دلائل النبوة" 226-2/225، والبغوى فى "معالم التنزيل" 4/173 من طرق عن أبى عوانة به. وقال الحاكم: هذا إسناد صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه! تنبيه: روى البخارى الحديث دون قوله: "ما قرأ رسول الله - صلى الله عليه وسلم - على الجن وما رآهم." قال الحافظ فى " الفتح " 8/670: أخرجه أبو نعيم فى "المستخرج" عن الطبرانى، عن معاذ بن المثنى، عن مسدد شيخ البخارى فيه، فزاد فى

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



واپس گئے اور انہوں نے یہ کہا۔

''ہم نے قرآن کو سنا ہے وہ بڑی حیران کن چیز ہے وہ ہدایت کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ہم اس پر ایمان لے آئے ہیں اور اب ہم کسی کو اپنے پروردگار کا شریک قرار نہیں دیں گے۔''

تو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کی طرف یہ بات وحی کی۔

''تم یہ فرما دو کہ جب جنات کے ایک گروہ نے اسے غور سے سنا۔''

## ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ ابْنِ عَبَّاسٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

## اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے منقول اس روایت کی متضاد ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

**6527** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ عَلْقَمَةَ بْنَ قَيْسٍ: هَلْ كَانَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ شَهِدَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْجِنِّ؟ قَالَ: فَقَالَ: سَاَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ: هَلْ شَهِدَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْجِنِّ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنَّا كُنَّا مَعَهُ لَيْلَةً، فَفَقَدْنَاهُ، فَبِتْنَا بِشَرِّ لَيْلَةٍ، فَلَمَّا اَصْبَحْنَا اِذَا هُوَ جَاءَ مِنْ قِبَلِ حِرَاءٍ، فَقَالَ: اِنَّهُ قَدْ اَتَانِي دَاعِي الْجِنِّ، فَذَهَبْتُ مَعَهُ، فَقَرَاْتُ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ، فَانْطَلَقَ حَتّٰى اَرَانَا نِيرَانَهُمْ وَآثَارَهُمْ، فَسَاَلُوْهُ عَنِ الزَّادِ، فَقَالَ: لَكُمْ كُلُّ عَظْمٍ طَعَامٍ يُذْكَرُ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ يَقَعُ فِي اَيْدِيكُمْ اَوْفَرَ مَا يَكُوْنُ لَحْمًا، وَكُلُّ بَعْرٍ عَلَفٌ لِدَوَابِّكُمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسْتَنْجُوْا بِهِمَا، فَاِنَّهُمَا طَعَامُ اِخْوَانِكُمْ مِنَ الْجِنِّ

امام شعبی بیان کرتے ہیں: میں نے علقمہ بن قیس سے دریافت کیا: کیا جنات سے ملاقات کی رات حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے تو علقمہ نے جواب دیا: میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ سوال کیا کیا آپ (یعنی صحابہ کرام) میں سے کوئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا جب جنات سے ملاقات ہوئی تھی تو انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ایک رات ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ہم نے آپ کو غیر موجود پایا تو ہم نے وہ رات بدترین حالت میں گزاری۔صبح کے قریب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غار حرا کی طرف سے تشریف لائے۔آپ نے ارشاد فرمایا: جنات کا پیغام رساں میرے پاس آیا تو میں اس کے ساتھ چلا گیا۔میں نے ان کے سامنے قرآن کی تلاوت کی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے پھر آپ نے ہمیں جنات کے آگ جلانے اور

6527- إسناده صحيح على شرط الشيخين . إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه، وعبد الأعلى: هو ابن حماد النرسي . وقد تقدم برقم (1432) و (6320) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



دیگر چیزوں کے نشانات ہمیں دکھائے۔ ان جنات نے نبی اکرم ﷺ سے زادِ راہ کے بارے میں دریافت کیا: تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہر وہ کھانا جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو اس کی ہر ہڈی جب تمہارے ہاتھ میں آئے گی تو اس پر پہلے سے زیادہ گوشت لگا ہوا ہوگا اور ہر مینگنی تمہاری جانوروں کا چارا ہوگی۔

(راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ان دو چیزوں سے استنجاء نہ کرو کیونکہ یہ تمہارے جنات بھائیوں کی خوراک ہے۔

## ذِكْرُ مَا بَارَكَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِصَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْيَسِيْرِ مِنْ اَسْبَابِهِ الَّتِيْ فَرَّقَ بِهَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ غَيْرِهِ مِنْ اُمَّتِهِ

## اس بات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو یہ برکت عطا کی جو ساز و سامان میں سے

تھوڑی چیز کے بارے میں تھی (یعنی وہ چیز زیادہ ہوگئی تھی) تو اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب اور آپ ﷺ کی امت سے تعلق رکھنے والے دیگر افراد کے درمیان فرق کیا

**6528** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ دُكَيْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْمُزَنِيُّ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَكْبٍ مِنْ مُزَيْنَةَ، فَقَالَ لِعُمَرَ: انْطَلِقْ فَجَهِّزْهُمْ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنْ هِيَ اِلَّا آصُعٌ مِّنْ تَمْرٍ، فَانْطَلَقَ، فَاَخْرَجَ مِفْتَاحًا مِنْ حُزْتِهِ فَفَتَحَ الْبَابَ، فَاِذَا شِبْهُ الْفَصِيْلِ الرَّابِضِ مِنَ التَّمْرِ، فَاَخَذْنَا مِنْهُ حَاجَتَنَا، قَالَ: فَلَقَدِ الْتَفَتُّ اِلَيْهِ، وَاِنِّيْ لَمِنْ آخِرِ اَصْحَابِيْ كَاَنَّا لَمْ نَرْزَاهُ تَمْرَةً

حضرت دکین بن سعید مزنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں قبیلے کے کچھ سواروں کے ہمراہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم جاؤ اور ان کے لئے ساز و سامان کا بندوبست کرو۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! صرف کھجوروں کے چند صاع ہیں پھر وہ چلے گئے۔ انہوں نے اپنے ڈب میں سے چابی نکال کر دروازہ کھولا تو وہ ڈھیر سارا کھجوریں تھیں۔ ہم نے اس میں سے اپنی ضرورت کے مطابق کھجوریں لے لیں۔ راوی کہتے ہیں: جب میں نے مڑ کر اس

6528- إسناده صحيح، علي بن مسلم: هو ابن سعيد الطوسي، ثقة من رجال البخاري، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير صحابيه، فقد روى له أبو داود حديثه هذا . ابن أبي زائدة: هو يحيى بن زكريا. وأخرجه الحميدي (893)، وأحمد 4/174 و 174-175، والبخاري في "التاريخ الكبير " 3/255-256، وأبو داود (5238) في الأدب: باب في اتخاذ الغرف، والطبراني (4207) ... (4210) وأبو نعيم في "الحلية" 1/365، وفي " الدلائل " (333)، وابن الأثير في "أسد الغابة " 2/161-162، والمزي في "تهذيب الكمال " 8/492-493 من طرق عن إسماعيل بن أبي خالد، بهذا الإسناد. وأورده الهيثمي في "المجمع" 8/304-305، وقال: روى أبو داود طرفاً منه، ورواه أحمد والطبراني، ورجالهما رجال الصحيح.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



کرے کی طرف دیکھا تو میں وہاں سے نکلنے والا آخری فرد تھا لیکن یوں لگتا تھا جیسے ہم نے وہاں سے ایک بھی کھجور نہیں لی۔

## ذِكْرُ مَا بَارَكَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا فِي الشَّيْءِ الْيَسِيْرِ مِنَ الطَّعَامِ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَكَلَ مِنْهُ عَالَمٌ مِّنَ النَّاسِ

## اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کے لیے تھوڑے سے کھانے میں اتنی برکت رکھی کہ بہت سے لوگوں نے اسے کھالیا تھا

**6529** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ بْنِ الشِّخِّيْرِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِقَصْعَةٍ مِنْ ثَرِيْدٍ، فَوُضِعَتْ بَيْنَ يَدَيِ الْقَوْمِ، فَتَعَاقَبُوْهَا اِلَى الظُّهْرِ مِنْ غُدْوَةٍ، يَقُوْمُ قَوْمٌ وَّيَجْلِسُ اٰخَرُوْنَ، فَقَالَ رَجُلٌ لِسَمُرَةَ: اَكَانَ يُمَدُّ؟ فَقَالَ سَمُرَةُ: مِنْ اَيِّ شَيْءٍ تَتَعَجَّبُ؟ مَا كَانَ يُمَدُّ اِلَّا مِنْ هَا هُنَا، وَاَشَارَ بِيَدِهِ اِلَى السَّمَاءِ.

❀❀ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ثرید کا پیالہ پیش کیا گیا وہ لوگوں کے سامنے رکھا گیا تو لوگ صبح سے لے کر دوپہر تک یکے بعد دیگرے اس کے پاس آتے رہے۔ کچھ لوگ اٹھتے تو دوسرے آ کر بیٹھ جاتے۔

ایک شخص نے حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا وہ بڑھ رہا تھا؟ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہیں کس بات پر حیرانگی ہو رہی ہے۔ وہ صرف اس طرف سے بڑھ رہا تھا۔ انہوں نے اپنے ہاتھ کے ذریعے آسمان کی طرف اشارہ کر کے کہا۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِنَحْوِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

**6530** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَوْ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، شَكَّ الْاَعْمَشُ، قَالَ:

6529- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو العلاء بن الشخير: وهو يزيد بن عبد الله. وأخرجه الدارمي 1/30 عن عثمان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 11/366، وأحمد 5/12 و 18، والترمذي (3625) في المناقب: باب في آيات إثبات نبوة النبي - صلى الله عليه وسلم -، والطبراني في " الكبير " (6967)، والفريابي (14)، وأبو نعيم (335)، والبيهقي 6/93 ثلاثتهم في "دلائل النبوة" من طريق يزيد بن هارون، به. وصححه الترمذي والبيهقي. وأخرجه أحمد 5/12، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 4/85، والحاكم 2/618، والفريابي (15) و (46)، والبيهقي 6/93 من طريقين عن سليمان التيمي، به. وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): لَمَّا كَانَ غَزْوَةُ تَبُوكَ اَصَابَ النَّاسَ مَجَاعَةٌ، فَقَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَذِنْتَ لَنَا فَنَحَرْنَا نَوَاضِحَنَا، فَاَكَلْنَا، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: افْعَلُوا ، فَجَاءَ عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهُمْ اِنْ فَعَلُوا قَلَّ الظُّهْرُ، وَلٰكِنِ ادْعُهُمْ بِفَضْلِ اَزْوِدَتِهِمْ، ثُمَّ ادْعُ عَلَيْهَا بِالْبَرَكَةِ لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَ فِيْ ذٰلِكَ، قَالَ: فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَطْعٍ، فَبَسَطَهُ، ثُمَّ دَعَاهُمْ بِفَضْلِ اَزْوِدَتِهِمْ، قَالَ: فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَجِيْءُ بِكَفِّ الذُّرَةِ، وَالْاٰخَرُ بِكَفِّ التَّمْرِ، وَالْاٰخَرُ بِكِسْرَةٍ حَتّٰى اجْتَمَعَ عَلَى النَّطْعِ مِنْ ذٰلِكَ يَسِيْرٌ، قَالَ فَدَعَا عَلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَرَكَةِ، ثُمَّ قَالَ: خُذُوا فِيْ اَوْعِيَتِكُمْ ، فَاَخَذُوا فِيْ اَوْعِيَتِهِمْ حَتّٰى مَا تَرَكُوا فِي الْعَسْكَرِ وِعَاءً اِلَّا مَلَؤُوْهُ، وَاَكَلُوا حَتّٰى شَبِعُوْا وَفَضَلَ مِنْهُ فَضْلَةٌ، قَالَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ، لَا يَلْقَى اللّٰهَ بِهِمَا عَبْدٌ غَيْرَ شَاكٍّ فَيُحْجَبَ عَنِ الْجَنَّةِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ (اعمش نامی راوی کو شک ہے شاید) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ تبوک کے موقع پر لوگوں کو بھوک لاحق ہوگئی تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر آپ ہمیں اجازت دیں تو ہم اپنے اونٹ قربان کر کے انہیں کھالیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تم لوگ ایسا کرلو حضرت عمر رضی اللہ عنہ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں) حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر لوگوں نے ایسا کرلیا تو ان کے پاس سواری کے جانور کم ہو جائیں گے۔ آپ انہیں کہیں کہ وہ اضافی بچ جانے والا ساز وسامان لے کر آئیں اور پھر آپ اس سامان پر برکت کی دعا کریں۔ شاید اللہ تعالیٰ اس میں کوئی بہتری کی صورت پیدا کردے۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دسترخوان منگوایا وہ پھیلا دیا گیا۔

(راوی کہتے ہیں:) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو بچ جانے والا (کھانے پینے کا) سامان لانے کے لئے کہا۔ راوی کہتے ہیں: تو کوئی شخص مٹھی بھر جو لے آیا۔ دوسرا شخص مٹھی بھر کھجوریں لے آیا۔ کوئی اور روٹی کا ٹکڑا لے آیا' یہاں تک کہ دسترخوان پر تھوڑا سا سامان اکٹھا ہوگیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر برکت کی دعا کی۔ پھر آپ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اپنے برتنوں میں ڈالنا شروع کرو۔ لوگوں نے اپنے برتنوں میں ڈالنا شروع کیا' یہاں تک کہ انہوں نے لشکر میں موجود ہر برتن کو بھرلیا۔ انہوں نے کھایا اور سیر ہو کر کھایا پھر بھی باقی رہ گیا۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی

6530– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وأبو معاوية: هو محمد بن خازم الضرير، والأعمش: هو سليمان بن مهران، وأبو صالح: هو ذكوان السمان . وهو في "مسند أبي يعلى" (1199) .وأخرجه أحمد 3/11، ومسلم (27) (45) في الإيمان: باب الدليل على أن من مات على التوحيد دخل الجنة قطعاً، والبيهقي في "دلائل النبوة" 5/229-230، وابن منده في "الإيمان" (36) من طريق أبي معاوية، بهذا الإسناد.وأخرجه ابن منده مختصراً (35) من طريق وكيع، عن الأعمش، به.وأخرجه مسلم (227) (44) ، والبيهقي 5/228-229 و 6/120، وابن منده (90) عن أبي بَكْرِ بْنُ أَبِي النَّضْرِ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عبيد الله ابن الأشجعي، عن مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عن أبي صالح، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 1/421، وابن منده (36) و (89) عن فليح بن سليمان، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عن أبي هريرة.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



معبود نہیں ہے اور بے شک میں اللہ کا رسول ہوں جو شخص ان دونوں باتوں کے ہمراہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ایسی حالت میں حاضر ہو کہ وہ اس میں شک نہ کرتا ہو وہ جنت میں جائے گا۔

## ذِكْرُ مَا بَارَكَ اللّٰهُ مَا فَضَلَ مِنْ اَزْوَادِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس بات کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کے زادراہ میں جو کچھ بچ گیا تھا اللہ تعالیٰ نے اس میں کیا برکت رکھی

**6531** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا نَزَلَ مَرَّ الظَّهْرَانَ حِينَ صَالَحَ قُرَيْشًا بَلَغَ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ قُرَيْشًا تَقُوْلُ: اِنَّمَا يُبَايِعُ اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعْفًا وَهَزْلًا، فَقَالَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، لَوْ نَحَرْنَا مِنْ ظَهْرِنَا فَاَكَلْنَا مِنْ لُحُومِهَا وَشُحُومِهَا، وَحَسَوْنَا مِنَ الْمَرَقِ اَصْبَحْنَا غَدًا اِذَا غَدَوْنَا عَلَيْهِمْ وَبِنَا جَمَامٌ، قَالَ: لَا، وَلٰكِنْ اِيتُوْنِي بِمَا فَضَلَ مِنْ اَزْوَادِكُمْ، فَبَسَطُوا اَنْطَاعًا، ثُمَّ صَبُّوا عَلَيْهَا مَا فَضَلَ مِنْ اَزْوَادِهِمْ، فَدَعَا لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَرَكَةِ، فَاَكَلُوا حَتّٰى تَضَلَّعُوْا شِبَعًا، ثُمَّ كَفَءُوْا مَا فَضَلَ مِنْ اَزْوَادِهِمْ فِي جُرُبِهِمْ، ثُمَّ غَدَوْا عَلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَرَيْنَ غَمِيزَةً، فَاضْطَبَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهُ، فَرَمَلُوا ثَلَاثَةَ اَطْوَافٍ، وَمَشَوْا اَرْبَعًا، وَالْمُشْرِكُوْنَ فِي الْحِجْرِ، وَعِنْدَ دَارِ النَّدْوَةِ، وَكَانَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَغَيَّبُوْا مِنْهُمْ بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيِّ وَالْاَسْوَدِ مَشَوْا، ثُمَّ يَطْلُعُوْنَ عَلَيْهِمْ، فَتَقُوْلُ قُرَيْشٌ: وَاللّٰهِ لَكَاَنَّهُمُ الْغِزْلَانُ، فَكَانَتْ سُنَّةً

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم ﷺ نے قریش سے صلح کر لی (اور آپ عمرہ کرنے کے لئے مکہ کی طرف روانہ ہوئے) تو جب آپ ''مرالظہر ان'' کے مقام پر پہنچے تو نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کو یہ اطلاع ملی کہ قریش یہ کہتے ہیں کہ حضرت محمد ﷺ کے ہاتھ پر ان کے ایسے اصحاب نے بیعت کی ہے' جو کمزور ہیں تو نبی اکرم ﷺ کے اصحاب نے عرض کی: اے اللہ کے نبی اگر ہم اپنی سواریوں کو قربان کر کے ان کا گوشت اور چربی کھائیں اور ان کا شوربا پئیں تو کل جب ہم ان کے سامنے جائیں گے' تو ہماری حالت ایسی ہوگی کہ ہم طاقتور محسوس ہوں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جی نہیں تم لوگ میرے پاس اپنا بچ جانے والا (کھانے پینے کا) سامان لے کر آؤ ان لوگوں نے دسترخوان بچھا دیئے اور اس پر اپنا بچ جانے والا (کھانے پینے کا) سامان ڈال دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ان کے لئے برکت کی دعا کی۔ ان لوگوں نے اسے کھایا' یہاں تک کہ وہ سیر ہو گئے اور

6531- حديث صحيح رجاله رجال الصحيح، وقد تقدم تخريجه برقم (3812) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



بچ جانے والا کھانے پینے کا سامان انہوں نے اپنے تھیلوں میں ڈال لیا پھر وہ اگلے دن (کفار قریش) کے سامنے آئے تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمادیا وہ لوگ (تمہارے اندر) کوئی کمزوری نہ دیکھیں پھر نبی اکرم ﷺ اور آپ کے اصحاب نے اضطباع (کے طور پر احرام کی چادر کو) لپیٹا ان حضرات نے تین چکروں میں رمل کیا اور چار چکروں میں عام رفتار سے چلے مشرکین اس وقت حطیم میں اور دار الندوہ کے قریب موجود تھے جب نبی اکرم ﷺ کے اصحاب ان کے دوسری طرف رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان آتے تو عام رفتار سے چلتے پھر جب ان کے سامنے آتے (تو دوڑنے لگتے) تو قریش نے کہا: اللہ کی قسم! یہ تو ہرنوں کی طرح ہیں۔

(حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں:) تو یہ طریقہ سنت قرار پایا۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس تیسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

**6532** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُهَاجِرٍ اَبِي مَخْلَدٍ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمَرَاتٍ قَدْ صَفَفْتُهُنَّ فِي يَدَيَّ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ لِي فِيهِنَّ بِالْبَرَكَةِ، فَدَعَا لِي فِيهِنَّ بِالْبَرَكَةِ، وَقَالَ: اِذَا اَرَدْتَ اَنْ تَاْخُذَ شَيْئًا فَاَدْخِلْ يَدَكَ، وَلَا تَنْثُرْهُ نَثْرًا، قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: فَحَمَلْتُ مِنْ ذٰلِكَ التَّمْرِ كَذَا وَكَذَا وَسْقًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَكُنَّا نَطْعَمُ مِنْهُ وَنُطْعِمُ، وَكَانَ فِي حِقْوِي حَتّٰى انْقَطَعَ مِنِّي لَيَالِيَ عُثْمَانَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں چند کھجوریں لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے انہیں اپنے دونوں ہاتھوں میں رکھا ہوا تھا میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ ان میں میرے لئے برکت کی دعا کر دیں تو نبی اکرم ﷺ نے میرے لئے ان میں برکت کی دعا کی۔ آپ نے ارشاد فرمایا: جب تم نے کوئی چیز لینی ہو تو اپنا ہاتھ ان کے اندر داخل کرنا انہیں مکمل طور پر نہ ختم کر دینا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ان کھجوروں میں سے اتنے' اتنے وسق اللہ کی راہ میں خیرات کئے ہم خود بھی ان میں سے کھاتے تھے اور دوسروں کو بھی کھلایا کرتے تھے۔ وہ میرے ڈب میں موجود رہتی تھی' یہاں تک حضرت عثمان رضی اللہ عنہ (کے خلاف بغاوت) کے دنوں میں وہ مجھ سے گر گئی۔

---

6532- إسناده حسن في الشواهد، رجاله رجال الشيخين، غير أبي مخلد مهاجر بن مخلد، فقد روى له أصحاب السنن، ووثقه المصنف، ولينه أبو حاتم، وقال ابن معين: صالح. وأخرجه أحمد 2/352، والترمذي (3839) في المناقب: باب مناقب أبي هريرة، والبيهقي في "دلائل النبوة" 6/110 من طرق عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد، وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه. وأخرجه أبو نعيم في "الدلائل" (341) من طريق حاتم بن وردان، عن أيوب السختياني، عن أبي مخلد،

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ خَبَرٍ رَابِعٍ يَدُلُّ عَلٰى صِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس چوتھی روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے پر دلالت کرتی ہے

**6533** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمَّادٍ الطِّهْرَانِيُّ، بِالرَّيِّ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ حَاتِمٍ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْعَوَقِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ حَيَّانَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي، يَقُولُ:

(متنِ حدیث): قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: اَتَتْ عَلَيَّ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ لَمْ اَطْعَمْ فِيْهَا طَعَامًا، فَجِئْتُ اُرِيْدُ الصُّفَّةَ، فَجَعَلْتُ اَسْقُطُ فَجَعَلَ الصِّبْيَانُ يُنَادُوْنَ: جُنَّ اَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: فَجَعَلْتُ اُنَادِيهِمْ، وَاَقُوْلُ: بَلْ اَنْتُمُ الْمَجَانِيْنُ حَتّٰى انْتَهَيْنَا اِلَى الصُّفَّةِ، فَوَافَقْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِقَصْعَةٍ مِنْ ثَرِيْدٍ، فَدَعَا عَلَيْهَا اَهْلَ الصُّفَّةِ وَهُمْ يَاْكُلُوْنَ مِنْهَا، فَجَعَلْتُ اَتَطَاوَلُ كَيْ يَدْعُوَنِي، حَتّٰى قَامَ الْقَوْمُ وَلَيْسَ فِي الْقَصْعَةِ اِلَّا شَيْءٌ فِي نَوَاحِي الْقَصْعَةِ، فَجَمَعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَارَتْ لُقْمَةً، فَوَضَعَهَا عَلٰى اَصَابِعِهِ، ثُمَّ قَالَ لِي: كُلْ بِاسْمِ اللّٰهِ، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا زِلْتُ آكُلُ مِنْهَا حَتّٰى شَبِعْتُ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مجھ پر تین ایسے دن آئے جن میں میں نے کچھ نہیں کھایا میں صفہ (کے چبوترے) پر آنا چاہ رہا تھا لیکن گر گیا۔ بچوں نے بلند آواز میں کہنا شروع کر دیا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ دیوانہ ہو گیا ہے۔ تو میں نے انہیں بلند آواز میں جواب دینا شروع کیا۔ میں نے کہا: بلکہ تم لوگ پاگل ہو یہاں تک کہ ہم لوگ (اسی عالم میں) صفہ تک آ گئے۔ اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ثرید کا پیالہ پیش کیا گیا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ کھانے کے لئے اہل صفہ کو بلوایا تھا اور وہ لوگ اسے کھا رہے تھے۔ میں نے خود کو سیدھا کرنے کی کوشش کی تا کہ وہ لوگ مجھے بھی دعوت دیں (لیکن کچھ نہیں ہوا) یہاں تک کہ وہ لوگ (کھانا کھا کر) اٹھ گئے۔ اس پیالے میں صرف وہ چیز باقی رہ گئی جو پیالے کے کناروں پر موجود ہوتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اکٹھا کیا تو وہ ایک لقمہ بنا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہ اپنی انگلیوں میں رکھا اور پھر مجھ سے فرمایا اللہ کا نام لے کر اسے کھا لو (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ میں اس ایک لقمے کو اتنی دیر کھاتا رہا کہ میں سیر ہو گیا۔

## ذِكْرُ بَرَكَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي الشَّيْءِ الْيَسِيْرِ مِنَ الْخَيْرِ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَكَلَ مِنْهُ الْفِئَامُ مِنَ النَّاسِ

6533– روح بن حاتم المقرء ذكره المؤلف في "الثقات" 8/244 فقال: روح بن حاتم أبو غسان، من أهل الكوفة، يروى عن وكيع، حدثنا عنه عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمَّادٍ الطِّهْرَانِيُّ وغيره، مستقيم الحديث، وفي نسخة من "الثقات": وكان يقرء الناس بالكوفة. وروى عنه أبو حاتم، وقال: صدوق، وباقي رجاله ثقات من رجال الصحيح غير حيان -وهو ابن بسطام الهذلي - فلم يُوثِّقهُ غير المؤلِّف، ولم يَروِ عنه غيرُ ابنه سليمُ بن حيان، وحديثه عند ابن ماجه. ونقله الحافظ في "الفتح" 11/289 عن المصنف، وسكت عليه. وانظر الحديث الآتي برقم (6535).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



بھلائی (یعنی کھانے) میں سے تھوڑی سی چیز میں اللہ تعالیٰ کا نبی اکرم ﷺ کے لیے برکت پیدا کرنے کا تذکرہ یہاں تک کہ بہت سے لوگوں نے اسے کھالیا

**6534** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَکْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ لِاُمِّ سُلَيْمٍ: لَقَدْ سَمِعْتُ صَوْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعِيفًا اَعْرِفُ مِنْهُ الْجُوعَ، فَهَلْ عِنْدَكِ مِنْ شَيْءٍ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، فَاَخْرَجَتْ اَقْرَاصًا مِنْ شَعِيرٍ، ثُمَّ اَخَذَتْ خِمَارًا لَهَا، فَلَفَّتِ الْخُبْزَ بِبَعْضِهِ، ثُمَّ دَسَّتْهُ تَحْتَ يَدَيَّ، وَرَدَّتْنِي بِبَعْضِهِ، ثُمَّ اَرْسَلَتْنِي اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَذَهَبْتُ بِهِ فَوَجَدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا فِي الْمَسْجِدِ وَمَعَهُ النَّاسُ، فَقُمْتُ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْسَلَكَ اَبُوْ طَلْحَةَ؟، قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: لِلطَّعَامِ؟، فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ مَعَهُ: قُومُوا، قَالَ: فَانْطَلَقُوا، وَانْطَلَقْتُ بَيْنَ اَيْدِيهِمْ حَتّٰى جِئْتُ اَبَا طَلْحَةَ، فَاَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ: يَا اُمَّ سُلَيْمٍ قَدْ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ، وَلَيْسَ عِنْدَنَا مَا نُطْعِمُهُمْ، فَقَالَتِ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: فَانْطَلَقَ اَبُوْ طَلْحَةَ حَتّٰى لَقِيَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ حَتّٰى دَخَلَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلُمِّي مَا عِنْدَكِ يَا اُمَّ سُلَيْمٍ، فَاَتَتْ بِذٰلِكَ الْخُبْزِ، فَاَمَرَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفُتَّ، وَعَصَرَتْ عَلَيْهِ اُمُّ سُلَيْمٍ عُكَّةً فَاَدَمَتْهُ، ثُمَّ قَالَ فِيهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَقُوْلَ، ثُمَّ قَالَ: ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ، فَاَذِنَ لَهُمْ، فَاَكَلُوا حَتّٰى شَبِعُوا، ثُمَّ خَرَجُوا، ثُمَّ قَالَ: ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ، فَاَذِنَ لَهُمْ، فَاَكَلُوا حَتّٰى شَبِعُوا، ثُمَّ خَرَجُوا، ثُمَّ قَالَ: ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ، فَاَذِنَ لَهُمْ، فَاَكَلُوا حَتّٰى شَبِعُوا، ثُمَّ خَرَجُوا، ثُمَّ قَالَ: ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ، حَتّٰى اَكَلَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ وَشَبِعُوا، وَالْقَوْمُ سَبْعُوْنَ رَجُلًا اَوْ ثَمَانُوْنَ

6534- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ" 928-2/927 في صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -: باب ما جاء في الطعام والشراب. ومن طريق مالك أخرجه البخاري (422) في الصلاة: باب من دعا لطعام في المسجد، و (3587) في الأنبياء : باب علامات النبوة في الإسلام، و (5381) في الأطعمة: باب من أكل حتى شبع، و (6688) في الأيمان والنذور: باب إذا حلف ألا يأتدم فأكل تمراً بخبز، ومسلم (2040) في الأشربة: باب جواز استتباعه غيره إلى دار من يثق برضاه، والنسائي في الوليمة من "السنن الكبرى" كما في "التحفة" 1/88، واللالكائي في "أصول الاعتقاد" (1483)، والفريابي (6) و (7)، وأبو نعيم (322) كلاهما في "دلائل النبوة"، والبيهقي في "السنن" 7/273، وفي "الدلائل" 6/88-89، وفي "الاعتقاد" ص 280، والبغوي (3721). وأخرجه أحمد 3/218 و 232 و 242، والبخاري (5450) في الأطعمة: باب من أدخل الضيفان عشرة عشرة، ومسلم، والترمذي (3630) في المناقب: باب رقم (6)، والفريابي (8) و (10)، وأبو نعيم (323)، والبيهقي 6/90 و 91 ثلاثتهم في "دلائل النبوة"، من طرق عن أنس بنحوه. وقد تقدم برقم (5285) من طريق هدبة بن خالد، عن مبارك بن فضالة، عن بكر بن عبد الله المزني وثابت، عن أنس بنحوه. وأخرجه الفريابي في "دلائل النبوة" (11) عن هدبة بن خالد، بهذا الإسناد.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے (اپنی اہلیہ) سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا سے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز نقاہت محسوس کی ہے جس سے مجھے اندازہ ہوا کہ آپ کو بھوک لگی ہے تو کیا تمہارے پاس کوئی چیز ہے (جو کھانے کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پیش کریں) اس خاتون نے جواب دیا: جی ہاں اس خاتون نے جو کی چند ٹکیاں نکالیں پھر انہوں نے اپنا دوپٹہ لیا اور روٹیاں اس کے کچھ حصے میں لپیٹ دیں اور میری بغل میں دیدیا۔ اس کا کچھ حصہ انہوں نے مجھے اوڑھا دیا اور پھر مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں وہ لے کر چلا گیا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد میں تشریف فرما پایا۔ آپ کے ساتھ کچھ لوگ بھی تھے۔ میں ان لوگوں کے پاس آ کر کھڑا ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہیں ابوطلحہ نے بھیجا ہے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کھانے کے لئے میں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پاس موجود افراد سے فرمایا اٹھو۔ راوی کہتے ہیں: یہ سب حضرات روانہ ہو گئے۔ میں ان حضرات کے آگے چلتا ہوا۔ حضرت ابوطلحہ کے پاس آیا اور انہیں اس بارے میں بتایا تو حضرت ابوطلحہ نے فرمایا: اے اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے ساتھ تشریف لا رہے ہیں۔ ہمارے پاس تو اتنا کچھ نہیں ہے کہ ہم انہیں کھانا کھلا سکیں تو سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر حضرت ابوطلحہ تشریف لے گئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ساتھ تشریف لائے' یہاں تک کہ یہ دونوں حضرات گھر میں داخل ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اُمّ سلیم! تمہارے پاس جو کچھ ہے اسے پیش کرو تو سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا وہ روٹیاں لے آئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت ان کے ٹکڑے کر دیئے گئے۔ سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نے اس پر وہ کپی نچوڑ دی جس میں گھی تھا وہ اس کا سالن بن گیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر جو اللہ کو منظور تھا وہ پڑھا پھر آپ نے فرمایا: دس آدمیوں کو اندر آنے کی اجازت دو۔ حضرت ابوطلحہ نے انہیں اندر آنے کی اجازت دی۔ ان لوگوں نے کھانا کھایا' یہاں تک کہ وہ سیر ہو گئے پھر چلے گئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دس آدمیوں کو اندر آنے کی اجازت دو۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے انہیں اجازت دی۔ ان لوگوں نے بھی کھانا کھایا' یہاں تک کہ جب وہ سیر ہو گئے تو چلے گئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دس آدمیوں کو اندر آنے کے لئے کہو۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے انہیں بھی اجازت دی۔ ان لوگوں نے بھی کھانا کھایا' یہاں تک کہ جب وہ سیر ہو گئے تو چلے گئے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دس آدمیوں کو اندر آنے کے لئے کہو' یہاں تک کہ ان سب لوگوں نے کھانا کھا لیا اور سیر ہو کر کھایا ان لوگوں کی تعداد ستر یا شاید اسی تھی۔

## ذِكْرُ بَرَكَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي اللَّبَنِ الْيَسِيرِ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى رَوِىَ مِنْهُ الْفِئَامُ مِنَ النَّاسِ

## اللہ تعالیٰ کا تھوڑے سے دودھ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے برکت رکھنے کا تذکرہ' یہاں تک کہ بہت سے لوگ (اسے پی کر) سیراب ہو گئے

**6535** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ ذَرٍّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): وَالَّذِیْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ اِنْ كُنْتُ لَاَعْتَمِدُ بِكَبِدِیْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْجُوْعِ، وَلَقَدْ قَعَدْتُّ يَوْمًا عَلٰى طَرِيْقِهِمُ الَّذِیْ يَخْرُجُوْنَ فِيْهِ، فَمَرَّ بِیْ اَبُوْ بَكْرٍ فَسَاَلْتُهُ عَنْ آيَةٍ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ، مَا سَاَلْتُهُ اِلَّا لِيُشْبِعَنِیْ، فَمَرَّ وَلَمْ يَفْعَلْ، وَمَرَّ بِیْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَسَاَلْتُهُ عَنْ آيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ، مَا سَاَلْتُهُ اِلَّا لِيُشْبِعَنِیْ، فَمَرَّ وَلَمْ يَفْعَلْ، حَتّٰى مَرَّ بِیْ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَاٰى مَا بِوَجْهِیْ، وَمَا فِیْ نَفْسِیْ، قَالَ: اَبَا هِرٍّ، فَقُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَسَعْدَيْكَ، قَالَ: الْحَقْ، فَلَحِقْتُهُ، فَدَخَلَ اِلٰى اَهْلِهِ، فَاَذِنَ، فَدَخَلْتُ، فَاِذَا هُوَ بِلَبَنٍ فِیْ قَدَحٍ، فَقَالَ لِاَهْلِهِ: مِنْ اَيْنَ لَكُمْ هٰذَا؟، قَالَ: هَدِيَّةُ فُلَانٍ، اَوْ قَالَ: فُلَانٌ، فَقَالَ: اَبَا هِرٍّ الْحَقْ اِلٰى اَهْلِ الصُّفَّةِ، فَادْعُهُمْ، وَاَهْلُ الصُّفَّةِ اَضْيَافٌ لِاَهْلِ الْاِسْلَامِ، لَا يَاْوُوْنَ اِلٰى اَهْلٍ اَوْ مَالٍ، اِذَا اَتَتْهُ صَدَقَةٌ بَعَثَ بِهَا اِلَيْهِمْ، وَلَمْ يُشْرِكْهُمْ فِيْهَا، وَاِذَا اَتَتْهُ هَدِيَّةٌ بَعَثَ بِهَا اِلَيْهِمْ وَشَرَكَهُمْ فِيْهَا، وَاَصَابَ مِنْهَا، فَسَاءَنِیْ وَاللّٰهِ ذٰلِكَ، قُلْتُ: اَيْنَ يَقَعُ هٰذَا اللَّبَنُ مِنْ اَهْلِ الصُّفَّةِ وَاَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، فَانْطَلَقْتُ فَدَعَوْتُهُمْ، فَاَذِنَ لَهُمْ، فَدَخَلُوْا وَاَخَذَ الْقَوْمُ مَجَالِسَهُمْ، قَالَ: اَبَا هِرٍّ، قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: خُذْ، فَنَاوِلْهُمْ، قَالَ فَجَعَلْتُ اُنَاوِلُ رَجُلًا رَجُلًا، فَيَشْرَبُ، فَاِذَا رَوِیَ اَخَذْتُهُ، فَنَاوَلْتُ الْاٰخَرَ حَتّٰى رَوِیَ الْقَوْمُ جَمِيْعًا، ثُمَّ انْتَهَيْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَفَعَ رَاْسَهُ، فَتَبَسَّمَ، وَقَالَ: اَبَا هِرٍّ، اَنَا وَاَنْتَ، قُلْتُ: صَدَقْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: خُذْ، فَاشْرَبْ، فَمَا زَالَ يَقُوْلُ: اشْرَبْ، حَتّٰى قُلْتُ وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، مَا اَجِدُ لَهُ مَسْلَكًا، قَالَ: فَاَرِنِی الْاِنَاءَ، فَاَعْطَيْتُهُ الْاِنَاءَ، فَشَرِبَ الْبَقِيَّةَ، وَحَمِدَ رَبَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مجاہد بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا اس ذات کی قسم! جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ (بعض اوقات) میرا یہ عالم ہوتا تھا کہ میں بھوک کی شدت کی وجہ سے اپنا کلیجہ زمین کے ساتھ لگا لیا کرتا تھا۔ ایک دن میں لوگوں کے راستے میں بیٹھ گیا جہاں سے وہ گزرا کرتے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے میں نے ان سے اللہ کی کتاب کی ایک آیت کے بارے میں دریافت کیا۔ میں نے ان سے صرف اس لئے سوال کیا تھا' تاکہ وہ مجھے کھانا کھلا دیں لیکن وہ

6535- إسناده صحيح، عبد الغفار بن عبد الله الزبيري: ذكره المؤلف في " الثقات " 8/421، وقال: من أهل الموصل، كنيته أبو نصر، يروي عن علي بن مسهر، حدثنا عنه الحسين بن إدريس الأنصاري والمواصلة، مات سنة أربعين ومئتين أو قبلها أو بعدها بقليل .وذكره ابن أبي حاتم في " الجرح والتعديل " 6/54، فقال: روى عن علي بن مسهر وعبد الله بن عطارد الطائي المغربي، روى عنه إبراهيم بن يوسف الهسنجاني، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير عمر بن ذر، فمن رجال البخاري . وأخرجه أحمد 2/515، والبخاري (6246) في الاستئذان: باب إذا دعي الرجل فجاء : هل يستأذن؟ و (6452) في الرقاق: باب كيف كان عيش النبي - صلى الله عليه وسلم - وأصحابه وتخليهم عن الدنيا، والترمذي (2477) في صفة القيامة: باب رقم (36)، وهناد في "الزهد" (764)، والفريابي في "دلائل النبوة " (16)، وأبو نعيم في "الحلية" 1/338-339 و 377، والحاكم 3/15-16، والبيهقي في "دلائل النبوة " 6/101-102، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم - " ص 78-77، والبغوي (3321)، وابن حجر في "تغليق التعليق" 5/169-170 من طرق عن عمر بن ذر، بهذا الإسناد. وانظر الحديث الآتي برقم (7151)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



تشریف لے گئے۔ انہوں نے کچھ نہیں کیا پھر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے۔ میں نے ان سے بھی اللہ کی کتاب کی ایک آیت کے بارے میں دریافت کیا۔ میں نے ان سے صرف اس لئے یہ سوال کیا تھا' تا کہ وہ مجھے کھانا کھلا دیں لیکن وہ چلے گئے۔ انہوں نے ایسا نہیں کیا۔ پھر میرے پاس سے حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم گزرے جب آپ نے میرے چہرے کو دیکھا اور جو کچھ میرے من میں تھا ملاحظہ کیا تو آپ نے فرمایا: اے ابو ہریرہ! میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں حاضر ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے ساتھ آؤ۔ میں آپ کے ساتھ چل پڑا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر تشریف لے گئے۔ آپ نے (مجھے اندر آنے کی) اجازت دی تو میں اندر آیا۔ وہاں ایک پیالے میں دودھ موجود تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی اہلیہ سے دریافت کیا: یہ تمہارے پاس کہاں سے آیا ہے۔ انہوں نے جواب دیا۔ فلاں نے ہدیہ بھیجا ہے۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) فلاں نے بھیجا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابو ہریرہ! اہل صفہ کے پاس جاؤ اور انہیں بلا لاؤ (حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) اہل صفہ اسلام کے مہمان تھے۔ ان کا کوئی گھر بار کوئی مال منال نہیں تھا جب بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کوئی صدقہ آتا تھا تو آپ وہ ان لوگوں کی طرف بھجوا دیتے تھے۔ آپ اس صدقے میں حصہ دار نہیں بنتے تھے لیکن جب آپ کی خدمت میں کوئی تحفہ آتا تو آپ وہ ان کی طرف بھجوایا کرتے تھے اور اس تحفے میں ان کے ساتھ حصہ دار ہوتے تھے۔ آپ اس میں سے خود وہ چیز استعمال کر لیتے تھے۔

(حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) اللہ کی قسم! مجھے یہ بات بہت بری لگی میں نے سوچا بھلا اتنا سا دودھ اہل صفہ کے اور میرے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے (کیا کام آئے گا) لیکن میں چلا گیا میں ان لوگوں کو بلا لایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اندر آنے کی اجازت دی وہ لوگ اندر آ گئے۔ تمام لوگ اپنی اپنی جگہ پر بیٹھ گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابو ہریرہ! میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں حاضر ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم (دودھ کا پیالہ) لو اور اسے ان لوگوں کو پکڑاؤ۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے (وہ پیالہ) ایک ایک شخص کی طرف بڑھانا شروع کیا۔ وہ شخص اسے لیتا جب وہ سیر ہو جاتا تو میں اس سے واپس لے لیتا اور دوسرے شخص کی طرف بڑھا دیتا' یہاں تک کہ سب لوگ سیر ہو گئے پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا سر مبارک اٹھایا اور آپ مسکرا دیئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابو ہریرہ! اب میں اور تم (باقی رہ گئے ہیں) میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے سچ فرمایا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے لو اور اسے پی لو اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل یہی کہتے رہے "اور" پیو یہاں تک کہ میں نے عرض کی: اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے۔ مجھے اس کے لئے کوئی راستہ نہیں ملتا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر یہ برتن مجھے دکھاؤ۔ میں نے وہ آپ کی خدمت میں پیش کیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے باقی رہ جانے والا (دودھ) پی لیا اور اپنے پروردگار کی حمد بیان کی۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ مَا بَارَكَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا فِي تَمْرِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ لِدُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا بِالْبَرَكَةِ

## اس بات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے' نبی اکرم ﷺ کے' حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی کھجوروں میں برکت کی دعا کرنے کی وجہ سے' ان کی کھجوروں میں کتنی برکت رکھی تھی

**6536** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْخَلِيلُ بْنُ مُحَمَّدِ ابْنِ بِنْتِ تَمِيمِ بْنِ الْمُنْتَصِرِ، بِوَاسِطٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): تُوُفِّيَ اَبِيْ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ، فَعَرَضْتُ عَلٰى غُرَمَائِهِ اَنْ يَّاْخُذُوا التَّمْرَ بِمَا عَلَيْهِ، فَاَبَوْا، وَلَمْ يَرَوْ اَنَّ فِيهِ وَفَاءً، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: اِذَا جَدَدْتَهُ فَوَضَعْتَهُ فِي الْمِرْبَدِ، فَآذِنِّي، فَلَمَّا جَدَدْتُهُ، وَوَضَعْتُهُ فِي الْمِرْبَدِ، فَاَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ وَمَعَهُ اَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ فَجَلَسَ عَلَيْهِ، فَدَعَا بِالْبَرَكَةِ، ثُمَّ قَالَ: ادْعُ غُرَمَاءَكَ، فَاَوْفِهِمْ، قَالَ: فَمَا تَرَكْتُ اَحَدًا لَهُ عَلٰى اَبِيْ دَيْنٌ اِلَّا قَضَيْتُهُ، وَفَضَلَ ثَلَاثَةَ عَشَرَ وَسْقًا سَبْعَةٌ عَجْوَةٌ، وَسِتَّةٌ لَوْنٌ، فَوَافَيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَضَحِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: ائْتِ اَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ، فَاَخْبِرْهُمَا ذٰلِكَ، فَاَتَيْتُ اَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ، فَاَخْبَرْتُهُمَا، فَقَالَا: اِذْ صَنَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا صَنَعَ قَدْ عَلِمْنَا اَنَّهُ سَيَكُونُ ذٰلِكَ

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے والد کا انتقال ہو گیا۔ ان کے ذمے قرض تھا میں نے ان قرض خواہوں

6536– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه النسائي 247-6/246 في الوصايا: باب قضاء الدين قبل الميراث، والفريابي في "دلائل النبوة" (48) عن محمد بن المثنى، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (2709) في الصلح: باب الصلح بين الغرماء وأصحاب الميراث والمجازفة في ذلك، عن محمد بن بشار بندار، عن عبد الوهاب بن عبد المجيد الثقفي، به. وأخرجه البخاري (2396) في البيوع: باب إذا قاصَّ أو جازفه في الدين تمراً بتمرٍ أو غيره، وأبو داود (2884) في الوصايا: باب ما جاء في الرجل يموت وعليه دين له وفاء، وابن ماجه (2432) في الصدقات: باب أداء الدين عن الميت، والبيهقي في "دلائل النبوة" 6/150 من طريقين عن وهب بن كيسان، به. وأخرجه أحمد 3/365، وابن أبي شيبة 11/469، والبخاري (2127) في البيوع: باب الكيل على البائع والمعطي، و (2395) في الاستقراض: باب إذا قضى دون حقه أو حلله فهو جائز، و (2405) باب الشفاعة في وضع الدين، و (2601) في الهبة: باب إذا وهب ديناً على رجل، و (2781) في الوصايا: باب قضاء الوصي دين الميت بغير محضر من الورثة، و (3580) في المناقب: باب علامات النبوة في الاسلام، و (4053) في المغازي: باب ﴿إِذْ هَمَّتْ طَائِفَتَانِ مِنْكُمْ أَنْ تَفْشَلَا وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا﴾، والنسائي 6/245 و 246، والفريابي (49)، وأبو نعيم (345)، والبيهقي 6/149 ثلاثتهم في "دلائل النبوة"، والبيهقي أيضاً في "الاعتقاد" ص 279، والبغوي (3722) من طرق عن جابر، بنحوه. وانظر الحديث الآتي برقم (7139).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



کے سامنے یہ پیشکش کی کہ میرے والد کے ذمے جو قرض تھا اس کے عوض میں وہ کھجوریں حاصل کرلیں لیکن انہوں نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا۔ان کے خیال میں اس طرح پوری ادائیگی نہیں ہو پاتی۔ میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم کھجوریں اتار کر انہیں گودام میں رکھو تو مجھے اطلاع دینا (راوی کہتے ہیں:) جب میں نے ان کو اتار کر انہیں گودام میں (یا سکھانے کی جگہ پر) رکھا تو میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ (آپ کو اس بارے میں بتایا) تو نبی اکرم ﷺ تشریف لائے۔ آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ پھر نبی اکرم ﷺ (کھجوروں کے اس ڈھیر) کے پاس تشریف فرما ہوئے۔ آپ نے برکت کی دعا کی پھر آپ نے فرمایا: اپنے قرض خواہوں کو بلالو اور انہیں پوری ادائیگی کردو۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے اپنے والد کے ذمے واجب الادا تمام قرض ادا کردیا پھر بھی (کھجوروں کے) تیرہ وسق باقی رہ گئے۔ سات وسق عجوہ کھجوروں کے تھے اور چھ وسق لون کھجوروں کے تھے۔ میں نے مغرب کی نماز نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ادا کی اور آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا تو نبی اکرم ﷺ مسکرا دیئے۔ آپ نے فرمایا: ابوبکر اور عمر کے پاس جاؤ اور انہیں اس بارے میں بتاؤ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور ان دونوں حضرات کو اس بارے میں بتایا تو ان دونوں نے فرمایا: جب نبی اکرم ﷺ نے وہ عمل کیا تھا۔ اسی وقت ہمیں اندازہ ہوگیا تھا کہ ایسا ہی ہوگا۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ بِاَنَّ الْمَاءَ الْمَغْسُوْلَ بِهٖ اَعْضَاءَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَثُرَ بَعْدَ فَرَاغِهٖ مِنْ وَضُوْئِهٖ

### اس روایت کا تذکرہ وہ پانی جس کے ذریعے نبی اکرم ﷺ کے اعضاء دھوئے گئے آپ ﷺ کے وضو کرنے کے بعد وہ پانی زیادہ ہوگیا تھا

**6537** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ، بِمَنْبِجَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ الْمَكِّيِّ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ،

(متن حدیث): اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُمْ خَرَجُوْا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ غَزْوَةِ تَبُوْكَ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ، وَبَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ، قَالَ: فَاَخَّرَ الصَّلَاةَ يَوْمًا، ثُمَّ خَرَجَ، فَصَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ جَمِيْعًا، ثُمَّ دَخَلَ، ثُمَّ خَرَجَ، فَصَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ جَمِيْعًا، ثُمَّ قَالَ: اِنَّكُمْ سَتَاْتُوْنَ غَدًا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ عَيْنَ تَبُوْكَ، فَاِنَّكُمْ لَنْ تَاْتُوْهَا حَتّٰى يَضْحَى النَّهَارُ، فَمَنْ جَاءَهَا فَلَا يَمَسَّ مِنْ مَائِهَا شَيْئًا حَتّٰى آتِيَ، قَالَ: فَجِئْنَاهَا وَقَدْ سَبَقَ اِلَيْهَا رَجُلَانِ، وَالْعَيْنُ مِثْلُ الشِّرَاكِ تَبِضُّ بِشَيْءٍ مِنْ مَاءٍ، فَسَاَلَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ مَسِسْتُمَا مِنْ مَائِهَا شَيْئًا؟، فَقَالَا: نَعَمْ، فَسَبَّهُمَا، وَقَالَ لَهُمَا مَا

---

6537- إسناده صحيح، وهو مكرر الحديث رقم (1595). ونزيد هنا أنه أخرجه الفريابي (25) في "دلائل النبوة"، وكذا أبو نعيم (450) من طريق مالك، بهذا الإسناد.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شَاءَ اللَّهُ اَنْ يَقُولَ، ثُمَّ غَرَفُوا مِنَ الْعَيْنِ بِاَيْدِيهِمْ قَلِيلًا حَتّٰى اجْتَمَعَ فِي شَيْءٍ، ثُمَّ غَسَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ، ثُمَّ اَعَادَهَا فِيهَا، فَجَرَتِ الْعَيْنُ بِمَاءٍ كَثِيرٍ، فَاسْتَقَى النَّاسُ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوشِكُ يَا مُعَاذُ اِنْ طَالَتْ بِكَ الْحَيَاةُ اَنْ تَرَى مَا هَاهُنَا قَدْ مُلِءَ جِنَانًا

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ تبوک کے موقع پر وہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر اور عصر کی نماز جبکہ مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کرتے رہے۔ راوی کہتے ہیں: ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کو مؤخر کیا پھر آپ (اپنی قیام گاہ سے) باہر تشریف لائے۔ آپ نے ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کی پھر آپ (قیام گاہ کے اندر تشریف لے گئے پھر آپ باہر تشریف لے آئے) پھر آپ نے مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک ساتھ ادا کیں پھر آپ نے ارشاد فرمایا: اگر اللہ نے چاہا تو کل تم لوگ تبوک کے چشمے تک پہنچ جاؤ گے تم اس کے پاس اس وقت پہنچو گے جب دن چڑھ چکا ہوگا' جو شخص وہاں آئے وہ اس کے پانی میں سے اس وقت تک کچھ حاصل نہ کرے جب تک میں نہیں آ جاتا۔ راوی کہتے ہیں: جب ہم وہاں پہنچے تو دو آدمی وہاں پہلے پہنچ چکے تھے۔ وہ چشمہ تسمے کی طرح (باریک) تھا جس میں سے تھوڑا سا پانی نکل رہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں سے دریافت کیا: تم نے اس کے پانی کو استعمال کیا ہے۔ ان دونوں نے جواب دیا: جی ہاں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں پر ناراضگی کا اظہار کیا اور جو اللہ کو منظور تھا وہ ان دونوں سے کہا پھر لوگوں نے اپنے ہاتھوں کے ذریعے اس چشمے میں سے تھوڑا سا پانی حاصل کیا' یہاں تک کہ وہ پانی کسی چیز میں اکٹھا ہو گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس برتن میں اپنا چہرہ اور دونوں ہاتھ دھوئے۔ پھر آپ نے وہ پانی دوبارہ اس چشمے میں ڈال دیا تو اس سے بہت سا پانی جاری ہو گیا اور لوگوں نے وہ پانی پیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے معاذ عنقریب تمہاری زندگی لمبی ہوگی اور تم دیکھو گے (کہ اس پانی کی وجہ سے) یہاں بہت سے باغات ہوں گے۔

## ذِكْرُ بَرَكَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي الْمَاءِ الْيَسِيرِ حَتّٰى انْتَفَعَ بِهِ الْخَلْقُ الْكَثِيرُ بِدُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اللہ تعالیٰ کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کی وجہ سے تھوڑے سے پانی میں برکت پیدا کرنے کا تذکرہ' یہاں تک کہ بہت سے لوگوں نے اس سے نفع حاصل کیا

**6538** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، قَالَ: حَدَّثَنِي سَالِمُ بْنُ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

6538- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه البيهقي في "دلائل النبوة" 4/117 من طريق الحسن بن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (1856) (74) في الإمارة: باب استحباب مبايعة الإمام بجيش عند إرادة القتال، عن عثمان بن أبي شيبة، به. وأخرجه البخاري (5639) في الأشربة: باب شرب البركة والماء المبارك، ومسلم، من طريقين عن جرير بن عبد الحميد، به. وانظر الحديث الآتي برقم (6541) و (6542) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): لَقَدْ رَأَيْتُنِي مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ حَضَرَتْ صَلَاةُ الْعَصْرِ، وَلَيْسَ مَعَنَا مَاءٌ غَيْرُ فَضْلَةٍ، فَجُعِلَ فِي إِنَاءٍ، فَأُتِيَ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَأَدْخَلَ يَدَهُ، وَفَرَّجَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ، وَقَالَ: حَيَّ عَلَى الْوَضُوءِ وَالْبَرَكَةِ مِنَ اللّٰهِ، قَالَ: فَلَقَدْ رَأَيْتُ الْمَاءَ يَنْفَجِرُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَتَوَضَّأَ نَاسٌ، وَشَرِبُوا، قَالَ: فَجَعَلْتُ لَا آلُو مَا جَعَلْتُ فِي بَطْنِي مِنْهُ، وَعَلِمْتُ أَنَّهُ بَرَكَةٌ، قَالَ: فَقُلْتُ لِجَابِرٍ: كَمْ كُنْتُمْ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: أَلْفٌ وَّأَرْبَعُ مِائَةٍ

✿✿ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: مجھے اپنے بارے میں یہ بات یاد ہے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا عصر کی نماز کا وقت ہوگیا۔ ہمارے پاس پانی نہیں تھا صرف بچا ہوا (تھوڑا سا) پانی تھا۔ اسے ایک برتن میں ڈال دیا گیا پھر وہ برتن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک اس کے اندر داخل کیا۔ آپ نے اپنی انگلیوں کو کشادہ کیا اور ارشاد فرمایا: وضو کے پانی کی طرف آ جاؤ۔ برکت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ راوی کہتے ہیں: تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں کے درمیان سے پانی کو پھوٹتے ہوئے دیکھا۔ راوی کہتے ہیں: تو لوگوں نے وضو کیا اور انہوں نے پانی پیا بھی۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے اس بات کی بھرپور کوشش کی کہ وہ پانی زیادہ سے زیادہ اپنے پیٹ میں ڈال سکوں کیونکہ مجھے اس بات کا علم تھا کہ یہ برکت والا ہے۔

راوی کہتے ہیں: میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: اس دن آپ لوگوں کی تعداد کتنی تھی۔ انہوں نے جواب دیا۔ ایک ہزار چار سو (افراد تھے)

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ أَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ سَالِمٌ عَنْ جَابِرٍ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے: اس روایت کو حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کرنے میں سالم نامی راوی منفرد ہے

**6539** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَانَتْ صَلَاةُ الْعَصْرِ، وَالْتَمَسَ النَّاسُ الْوَضُوءَ

---

6539- إسناده صحيح على شرط الشيخين. القعنبي: اسمه عبد الله بن مسلمة بن قعنب، وهو في "الموطا" 1/32 في الطهارة: باب جامع الوضوء. ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 2/186، وأحمد 3/132، والبخاري (169) في الوضوء: باب التماس الوضوء إذا حانت الصلاة، (3573) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، ومسلم (2279) (5) في الفضائل: باب معجزات النبي - صلى الله عليه وسلم -، والترمذي (3631) في المناقب: باب رقم (6)، والنسائي 1/60 في الطهارة: باب الوضوء من الإناء، والفريابي في "دلائل النبوة" (19) و (20). وأخرجه البخاري (3574)، وأبو يعلى (2795) من طرق عن حزم بن مهران، قال: سمعت الحسن قال: حدثنا أنس بن مالك ... فذكره بنحوه، وانظر الأحاديث الآتية برقم (6542) - (6547).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



فَلَمْ يَجِدُوهُ، فَأُتِيَ بِوَضُوءٍ، فَوَضَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ فِي ذٰلِكَ الْإِنَاءِ، فَأَمَرَ النَّاسَ أَنْ يَتَوَضَّءُوا مِنْهُ، فَرَأَيْتُ الْمَاءَ يَنْبُعُ مِنْ تَحْتِ أَصَابِعِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَوَضَّأَ النَّاسُ حَتّٰى تَوَضَّءُوا مِنْ عِنْدِ آخِرِهِمْ

35/35 ❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ عصر کی نماز کا وقت ہو چکا تھا اور لوگ وضو کے لئے پانی تلاش کر رہے تھے لیکن انہیں پانی نہیں ملا پھر وضو کا کچھ پانی لایا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک اس برتن میں رکھا اور لوگوں کو حکم دیا کہ وہ اس سے وضو کرنا شروع کریں تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں کے نیچے سے پانی کو پھوٹتے ہوئے دیکھا۔ لوگوں نے وضو کیا یہاں تک کہ ان سب لوگوں نے وضو کر لیا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ الْمَاءَ الَّذِي وَصَفْنَاهُ كَانَ ذٰلِكَ فِي تَوْرٍ حَيْثُ بُورِكَ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' وہ پانی جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے وہ پتھر کے پیالے میں تھا اور اس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے برکت رکھ دی گئی تھی

**6540** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): ثُمَّ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَلَمْ يَجِدُوا مَاءً، فَأُتِيَ بِتَوْرٍ مِنْ مَاءٍ، فَأَدْخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ فِيهِ، فَلَقَدْ رَأَيْتُ الْمَاءَ يَنْفَجِرُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيَقُولُ: حَيَّ عَلٰى أَهْلِ الطَّهُورِ، وَالْبَرَكَةِ مِنَ اللّٰهِ.

قَالَ الْأَعْمَشُ: فَحَدَّثَنِي سَالِمُ بْنُ أَبِي الْجَعْدِ، قَالَ: قُلْتُ لِجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: كَمْ كُنْتُمْ؟ قَالَ: أَلْفٌ وَّخَمْسُ مِائَةٍ

❁❁ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے۔ لوگوں کو پانی نہیں ملا

6540- إسناده صحيح على شرط الشيخين. إبراهيم: هو ابن يزيد النخعي، وعلقمة: هو ابن قيس النخعي. وأخرجه النسائي 1/60-61، والبيهقي في "دلائل النبوة" 4/129-130 من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 1/15، وأبو نعيم في "الدلائل" (311) من طريق ابن نمير، حدثنا أبو الجواب (هو أحوص بن جواب) عن عمارة بن رزيق، عن سليمان الأعمش، به. وهذا إسناد على شرط مسلم. وأخرجه ابن أبي شيبة 11/474، وأحمد 1/460، والدارمي 1/14-15، والبخاري (3579) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، والترمذي (3633) في المناقب: باب رقم (6)، والفريابي (31)، وأبو نعيم (312) في "دلائل النبوة"، واللالكائي في "أصول الاعتقاد" (1479)، والبيهقي في "الاعتقاد" ص 272 من طرق عن إسرائيل، عن منصور، عن إبراهيم بن يزيد، به. وانظر الحديث المتقدم برقم (6493)، وحديث الأعمش عن سالم بن أبي الجعد تقدم برقم (6538)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



پانی کا ایک پیالہ لایا گیا۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک اس کے اندر داخل کیا تو میں نے نبی اکرم ﷺ کی انگلیوں کے درمیان سے پانی کو پھوٹتے ہوئے دیکھا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: طہارت کے حصول کے ذریعے کی طرف آجاؤ برکت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

اعمش نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے سالم نے مجھے یہ بات بتائی ہے۔ میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا: آپ لوگوں کی تعداد کتنی تھی۔ انہوں نے جواب دیا۔ ایک ہزار پانچ سو (لوگ تھے)

## ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْعِلْمِ أَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْأَخْبَارِ الَّتِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

## اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کر دیا تھا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ ان روایات کی متضاد ہے جنہیں ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

**6541** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَصَابَ النَّاسَ عَطَشٌ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ، فَجَهِشَ النَّاسُ اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَضَعَ يَدَهُ فِي مَاءٍ، فَرَاَيْتُ الْمَاءَ مِثْلَ الْعُيُونِ.

قَالَ: قُلْتُ: كَمْ كُنْتُمْ؟ قَالَ: لَوْ كُنَّا ثَلَاثَ آلَافٍ لَكَفَانَا، وَكُنَّا خَمْسَ عَشْرَةَ مِائَةً

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حدیبیہ کے دن لوگوں کو پیاس لاحق ہوگئی۔ لوگوں نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں گزارش کی تو نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک پانی میں رکھا تو وہ پانی چشموں کی طرح ہوگیا۔

راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا: آپ لوگوں کی تعداد کتنی تھی۔ انہوں نے فرمایا: اگر ہم تین ہزار بھی ہوتے تو وہ ہمارے لئے کفایت کر جاتا ویسے ہماری تعداد پندرہ سو تھی۔

---

6541- إسناده صحيح على شرط الشيخين . ابن إدريس: هو عبد الله بن إدريس الأودي، وحصين: هو ابن عبد الرحمن السلمي .وأخرجه مسلم (1856) (73) في الإمارة: باب استحباب مبايعة الإمام بجيش عن إرادة القتال، والفريابي في "دلائل النبوة " (33) و (37) عن محمد بن عبد الله بن نمير وابن أبي شيبة، عن عبد الله بن إدريس، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (3576) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، و (4152) في المغازي: باب غزوة الحديبية، ومسلم، وأبو نعيم (313) و (314)، والبيهقي 116-6/115 كلاهما في "الدلائل"، والبغوي (3715) من طرق عن حصين بن عبد الرحمن، به.وأخرجه الطيالسي (1729)، وأحمد 3/353 و 365، والدارمي 1/14، ومسلم (1856) (72)، وابن سعد 2/98، واللالكائي في "أصول الاعتقاد " (1482)، والفريابي في "دلائل النبوة" (34) و (35)، وأبو عوانة 4/88، والبيهقي في "دلائل النبوة" 4/115، وفي "الاعتقاد" ص 272، من طرق عن شعبة، عن سالم بن أبي الجعد، به. وانظر الحديث الآتي، والحديث المتقدم برقم (6538) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ الْمَاءَ الَّذِي ذَكَرْنَا حَيْثُ بُورِكَ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ كَانَ ذٰلِكَ فِي رَكْوَةٍ لَا فِي تَوْرٍ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ، وہ پانی جس کا ہم نے ذکر کیا ہے، جس میں نبی اکرم ﷺ کے لیے برکت رکھی گئی تھی، وہ چمڑے کے برتن میں تھا پتھر کے برتن میں نہیں تھا

**6542** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حُصَيْنٌ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): عَطِشَ النَّاسُ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ يَدَيْهِ رَكْوَةٌ يَتَوَضَّأُ مِنْهَا، إِذَا جَهِشَ النَّاسُ نَحْوَهُ، فَقَالَ: مَا لَكُمْ؟، فَقَالُوا: مَا لَنَا لَا نَتَوَضَّأُ بِهِ، وَلَا نَشْرَبُ إِلَّا مَا بَيْنَ يَدَيْكَ، قَالَ: فَوَضَعَ يَدَيْهِ فِي الرَّكْوَةِ، وَدَعَا بِمَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَدْعُوَ، قَالَ: فَجَعَلَ الْمَاءُ يَفُورُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْثَالَ الْعُيُونِ، قَالَ: فَشَرِبْنَا، وَتَوَضَّأْنَا، قَالَ: قُلْتُ لِجَابِرٍ: كَمْ كُنْتُمْ؟ قَالَ: كُنَّا خَمْسَ عَشْرَةَ مِائَةً، وَلَوْ كُنَّا مِائَةَ أَلْفٍ لَكَفَانَا

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ حدیبیہ کے موقع پر لوگ پیاس کا شکار ہو گئے۔ نبی اکرم ﷺ کے سامنے ایک پیالہ رکھا تھا جس سے آپ وضو کرتے تھے۔ جب لوگوں نے آپ کی خدمت میں گزارش کی تو آپ نے فرمایا: تمہارا کیا معاملہ ہے۔ لوگوں نے عرض کی: ہمارے پاس وضو کرنے کے لئے (پانی) نہیں ہے اور پینے کے لئے بھی نہیں ہے۔ صرف وہ پانی ہے، جو آپ کے سامنے ہے۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ اس پیالے پر رکھے اور پھر جو اللہ کو منظور تھا وہ دعا کی راوی کہتے ہیں: تو پھر نبی اکرم ﷺ کی انگلیوں کے درمیان سے چشموں کی مانند پانی پھوٹنا شروع ہوا۔ راوی کہتے ہیں: تو ہم نے اسے پیا بھی اور اس سے وضو بھی کیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: آپ لوگوں کی تعداد کتنی تھی۔ انہوں نے فرمایا: ہم پندرہ سو لوگ تھے لیکن اگر ہم ایک لاکھ بھی ہوتے تو وہ ہمارے لئے کافی ہوتا۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ أَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْأَخْبَارِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ

## اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور

6542- إسناده صحيح على شرط الشيخين. يعقوب الدورقي: هو ابن إبراهيم بن كثير بن أفلح، وهشيم: هو ابن القاسم بن دينار السلمي، وقد صرح بالتحديث فانتفت شبهة تدليسه. والحديث في "صحيح ابن خزيمة" (125). وانظر الحديث السابق.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


وہ اس بات کا قائل ہے) یہ ان روایات کے برخلاف ہے جنہیں ہم اس سے پہلے نقل کر چکے ہیں

**6543** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ: لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: حَدِّثْنِي بِشَيْءٍ مِنْ هٰذِهِ الْاَعَاجِيبِ لَا نُحَدِّثُهُ عَنْ غَيْرِكَ، قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا الظُّهْرَ بِالْمَدِينَةِ، ثُمَّ اَتَى الْمَقَاعِدَ الَّتِي كَانَ يَاْتِيهِ عَلَيْهَا جِبْرِيلُ، فَقَعَدَ عَلَيْهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ بِلَالٌ، فَنَادَى بِالْعَصْرِ، فَقَامَ مَنْ لَهُ اَهْلٌ بِالْمَدِينَةِ، فَتَوَضَّئُوا، وَقَضَوْا حَوَائِجَهُمْ، وَبَقِيَ رِجَالٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ لَا اَهْلَ لَهُمْ بِالْمَدِينَةِ، فَاُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحٍ فِيهِ مَاءٌ، فَوَضَعَ اَصَابِعَهُ فِي الْقَدَحِ، فَمَا وَسِعَ اَصَابِعَهُ كُلَّهَا، فَوَضَعَ هٰؤُلَاءِ الْاَرْبَعَةَ، وَقَالَ: هَلُمُّوا فَتَوَضَّئُوا اَجْمَعِينَ قُلْتُ لِاَنَسٍ: كَمْ تُرَاهُمْ؟ قَالَ: مَا بَيْنَ السَّبْعِينَ اِلَى الثَّمَانِينَ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: الْجَمْعُ بَيْنَ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ اَنَّ هٰذَا الْفِعْلَ كَانَ مِنَ الْمُصْطَفٰى كَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي اَرْبَعِ مَوَاضِعَ مُخْتَلِفَةٍ، مَرَّةً كَانَ الْقَوْمُ مَا بَيْنَ الْاَلْفِ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ اِلَى الْاَلْفِ وَخَمْسِ مِائَةٍ، وَكَانَ ذٰلِكَ الْمَاءُ فِي تَوْرٍ، وَالْمَرَّةُ الثَّانِيَةُ كَانَ الْقَوْمُ مَا بَيْنَ اَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً اِلَى خَمْسَ عَشْرَةَ مِائَةً، وَكَانَ ذٰلِكَ الْمَاءُ فِي رَكْوَةٍ، وَالْمَرَّةُ الثَّالِثَةُ كَانَ الْقَوْمُ مَا بَيْنَ السِّتِّينَ اِلَى الثَّمَانِينَ، وَكَانَ ذٰلِكَ الْمَاءُ فِي قَدَحٍ رَحْرَاحٍ، وَالْمَرَّةُ الرَّابِعَةُ كَانَ الْقَوْمُ ثَلَاثَ مِائَةٍ، وَكَانَ ذٰلِكَ الْمَاءُ فِي قَعْبٍ، مِنْ غَيْرِ اَنْ يَكُونَ بَيْنَهَا تَضَادٌّ اَوْ تَهَاتُرٌ

❁❁ ثابت بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے کہا آپ ہمیں کسی ایسی حیران کن چیز کے بارے میں بتائیے جسے ہم آپ کے علاوہ کسی اور کے حوالے سے روایت نہ کرسکیں تو حضرت انس نے بتایا ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں ظہر کی نماز ادا کی پھر آپ اس جگہ تشریف لے آئے۔ جہاں حضرت جبرائیل آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں تشریف فرما ہوئے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ آئے انہوں نے عصر کے لئے اذان دی تو جس بھی شخص کا مدینہ منورہ میں گھر بار تھا وہ گھر گیا۔ اس نے قضائے حاجت کی مہاجرین سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ باقی رہ گئے جن کے اہل خانہ مدینہ میں نہیں تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک پیالہ لایا گیا جس میں پانی موجود تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیاں اس پیالے میں داخل کیں تو آپ کی تمام انگلیاں اس پیالے میں نہیں آسکیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ چار انگلیاں اس پیالے میں رکھیں اور پھر فرمایا آگے آؤ اور تم سب لوگ وضو کرلو۔

---

6543- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير سليمان بن المغيرة، فمن رجال مسلم، وأخرج له البخاري مقروناً وتعليقاً، وهو في "مسند أبي يعلى" (3327). وأخرجه أحمد 3/139، وابن سعد 178-1/177، والفريابي في "دلائل النبوة" (23) من طريقين عن سليمان بن المغيرة، بهذا الإسناد. وانظر الأحاديث الآتية، والحديث المتقدم برقم (6539).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


راوی کہتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: آپ کے خیال میں ان لوگوں کی تعداد کتنی تھی تو انہوں نے جواب دیا: ستر سے لے کر اسی تک تھی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ان تمام روایات میں اس طرح مطابقت ہوسکتی ہے کہ یہ معجزہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی مرتبہ صادر ہوا۔ یہ آپ سے چار مرتبہ مختلف موقعوں پر صادر ہوا۔ ایک مرتبہ لوگوں کی تعداد چودہ سو سے لے کر پندرہ سو تک تھی اور اس وقت پانی (پتھر کے بنے ہوئے پیالے میں تھا) دوسری مرتبہ لوگوں کی چودہ سو سے لے کر پندرہ سو تک تھی اس وقت پانی رکابی میں تھا۔ تیسری مرتبہ لوگوں کی تعداد ساٹھ سے لے کر اسی تک تھی۔ اس وقت پانی گہرے پیالے میں تھا۔ چوتھی مرتبہ لوگوں کی تعداد تین سو تھی۔ اس وقت پانی بڑے پیالے میں تھا۔ اس طرح ان روایات کے درمیان کوئی تضاد اور اختلاف باقی نہیں رہے گا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمَّى اللّٰهُ فِي الْوُضُوءِ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وضو (کے آغاز) میں اللہ کا نام لیا تھا جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

**6544** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، وَقَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): طَلَبَ بَعْضُ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضُوءًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ مَعَ اَحَدٍ مِنْكُمْ مَاءٌ؟ ، فَوَضَعَ يَدَهُ فِي الْمَاءِ، ثُمَّ قَالَ: تَوَضَّئُوْا بِاسْمِ اللّٰهِ ، فَرَاَيْتُ الْمَاءَ يَجْرِي مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَوَضَّئُوْا حَتّٰى تَوَضَّئُوْا مِنْ عِنْدِ آخِرِهِمْ.

قَالَ ثَابِتٌ لِاَنَسٍ: كَمْ تُرَاهُمْ؟ قَالَ: نَحْوًا مِنْ سَبْعِيْنَ

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض اصحاب نے وضو کے لئے پانی تلاش کیا (وہ انہیں نہیں ملا) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم میں سے کسی کے پاس پانی ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک اس پانی میں رکھا اور پھر فرمایا اللہ کا نام لے کر وضو کرنا شروع کرو۔ (راوی کہتے ہیں:) تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں کے درمیان سے پانی کو جاری ہوتے ہوئے دیکھا ان لوگوں نے وضو کرلیا' یہاں تک کہ وہاں موجود ہر فرد نے وضو کرلیا۔

ثابت نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کہا ان لوگوں کی تعداد کتنی تھی؟ تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: تقریباً ستر لوگ تھے۔

---

6544– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في " مصنف عبد الرزاق " (20535) . ومن طريقه أخرجه أحمد 3/165، والنسائي 1/61 في الطهارة: باب الوضوء من الإناء ، وأبو يعلى (3036) ، وابن خزيمة (144) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْمَاءَ كَانَ فِيْ مِخْضَبٍ مِنْ حِجَارَةٍ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' وہ پانی پتھر سے بنے ہوئے برتن میں تھا

**6545** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): حَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَقَامَ مَنْ كَانَ قَرِيبَ الدَّارِ اِلٰى اَهْلِهٖ، فَتَوَضَّاَ، وَبَقِيَ قَوْمٌ، فَاُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِخْضَبٍ مِنْ حِجَارَةٍ فِيْهِ مَاءٌ، فَصَغُرَ الْمِخْضَبُ عَنْ اَنْ يُمْلَاَ فِيْهِ كَفَّهُ، فَضَمَّ اَصَابِعَهُ فَوَضَعَهَا فِي الْمِخْضَبِ، فَتَوَضَّاَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا، فَقُلْنَا: كَمْ كَانُوْا؟ قَالَ: ثَمَانِيْنَ رَجُلًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نماز کا وقت ہو گیا جس شخص کا گھر وہاں قریب تھا اس نے (اپنے گھر جا کر) وضو کر لیا کچھ لوگ باقی رہ گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پتھر کا بنا ہوا ایک برتن لایا گیا جس میں پانی موجود تھا۔ اس برتن میں اتنا پانی بھی نہیں تھا کہ وہ ہتھیلی بھر کر آسکے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیاں ملائیں اور اس پیالے میں رکھ دیں تو وہاں موجود تمام لوگوں نے وضو کر لیا۔

(راوی کہتے ہیں:) ہم نے دریافت کیا: ان کی تعداد کتنی تھی؟ انہوں نے جواب دیا: 80 افراد تھے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَاءَ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ كَانَ فِيْ قَدَحٍ رَحْرَاحٍ وَّاسِعِ الْاَعْلٰى ضَيِّقِ الْاَسْفَلِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' وہ پانی جس کا ہم نے ذکر کیا ہے ایسے گہرے برتن میں تھا' جس کا اوپر والا حصہ کشادہ ہوتا ہے اور نیچے والا حصہ تنگ ہوتا ہے

**6546** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا بِمَاءٍ، فَاُتِيَ بِقَدَحٍ رَحْرَاحٍ، فَجَعَلَ الْقَوْمُ يَتَوَضَّؤُوْنَ، فَحَزَرْتُ مَا بَيْنَ السِّتِّيْنَ اِلَى الثَّمَانِيْنَ.

---

6545- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه ابن أبي شيبة 11/475، وأحمد 3/106، والبخاري (3575) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، والفريابي في "دلائل النبوة" (24) من طريق يزيد بن هارون عن حميد، بهذا الإسناد.

6546- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو الربيع الزهراني: هو سليمان بن داود العتكي . وهو في "مسند أبي يعلى" (3329). وأخرجه مسلم (2279) (4) في الفضائل: باب في معجزات النبي - صلى الله عليه وسلم -، عن أبي الربيع الزهراني، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/147، وابن سعد 1/178، والبخاري (2000) في الوضوء: باب الوضوء من التور، وابن خزيمة (124)، والفريابي في "دلائل النبوة" (22)، والبيهقي في "الاعتقاد" ص 274-273، من طرق عن حماد بن زيد، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



قَالَ: فَجَعَلْتُ اَنْظُرُ الْمَاءَ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوایا تو ایک گہرے پیالے میں پانی لایا گیا۔ لوگوں نے وضو کرنا شروع کیا' میں نے انہیں شمار کیا تو ان کی تعداد 60 سے لے کر 80 تک تھی۔

راوی کہتے ہیں: میں نے دیکھا کہ پانی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں کے درمیان سے پھوٹ رہا تھا۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ يُوهِمُ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّهٗ مُضَادٌّ لِلْاَخْبَارِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ

## اس روایت کا تذکرہ' جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ روایت ان روایات کے برخلاف ہے جنہیں ہم اس سے پہلے نقل کر چکے ہیں

**6547** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ اَصْحَابِهٖ بِالْمَدِيْنَةِ اَوْ بِالزَّوْرَاءِ، فَاَرَادَ الْوُضُوْءَ، فَاُتِيَ بِقَعْبٍ فِيْهِ مَاءٌ يَسِيْرٌ، فَوَضَعَ كَفَّهٗ عَلَى الْقَعْبِ، فَجَعَلَ الْمَاءُ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى تَوَضَّاَ الْقَوْمُ.

قَالَ: كَمْ كُنْتُمْ؟ قَالَ: زُهَاءَ ثَلَاثِ مِائَةٍ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا جب آپ اپنے اصحاب کے ہمراہ مدینہ منورہ میں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) زوراء میں موجود تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کرنے کا ارادہ کیا تو آپ کی خدمت میں ایک پیالہ پیش کیا گیا جس میں تھوڑا سا پانی تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ہتھیلی اس پیالے پر رکھی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں کے درمیان میں سے پانی پھوٹنے لگا' یہاں تک کہ تمام لوگوں نے وضو کر لیا۔

راوی نے دریافت کیا: آپ لوگوں کی تعداد کتنی تھی؟ تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے جواب دیا۔ 300 کے لگ بھگ تھی۔

---

6547- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه الفريابي في "دلائل النبوة" (21)، وأبو يعلى (2895)، ومن طريقه أبو نعيم في "دلائل النبوة" (317) عن هدبة بن خالد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/289 عن بهز، عن همام بن يحيى، به. وأخرجه أحمد 3/170 و 215، والبخاري (3572) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، ومسلم (2279) في الفضائل: باب في معجزات النبي - صلى الله عليه وسلم -، وأبو يعلى (3172) و (3193)، والبغوي (3714)، واللالكائي في "أصول الاعتقاد" (1480)، من طرق عن قتادة بنحوه.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ تَبْلِيغِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرِّسَالَةَ، وَمَا لَقِيَ مِنْ قَوْمِهِ

## باب! نبی اکرم ﷺ کا رسالت کی تبلیغ کرنا اور آپ ﷺ کو اپنی قوم کی طرف سے پیش آنے والی مشکلات کا تذکرہ

**6548** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): لَمَّا نَزَلَتْ: (وَاَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْاَقْرَبِينَ) (الشعراء : 214) ، قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ، يَا صَفِيَّةُ بِنْتَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا اَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، سَلُوْنِي مِنْ مَالِي مَا شِئْتُمْ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب یہ آیت نازل ہوئی:

"اور تم اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈراؤ"

تو نبی اکرم ﷺ کھڑے ہوئے تو آپ نے فرمایا: اے محمد ﷺ کی صاحبزادی فاطمہ رضی اللہ عنہا اے عبدالمطلب کی صاحبزادی صفیہ اے عبدالمطلب کی اولاد میں اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں تمہارے لئے کسی چیز کا مالک نہیں ہوں' البتہ تم میرے مال میں سے جو چاہو مجھ سے مانگ لو۔

**6549** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَاَبُوْ سَلَمَةَ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ:

---

6548– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير علي ابن المديني، فمن رجال البخاري. وأخرجه أحمد 6/187، ومسلم (205) في الإيمان: باب قوله تعالى: (وأنذر عشيرتك الأقربين) ، والطبري في "جامع البيان" 19/118، وابن منده في "الإيمان" (945) و (946) و (947) من طرق عن وكيع، بهذا الإسناد. وأخرجه الترمذي (3184) في التفسير: باب من سورة الشعراء ، والنسائي 6/250 في الوصايا: باب إذا أوصى لعشيرته الأقربين، والطبري 19/118، وابن منده ( 947) و (948) ، من طرق عن هشام بن عروة، به. وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح، ... روى بعضهم عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ النبي - صلى الله عليه وسلم - مرسلاً، لم يذكر فيه عائشة. قلت: الرواية المرسلة رواها الطبري 19/119 عن ابن حميد، قال: حدثنا عنبسة، و 19/122-123 عن عبد الرزاق، عن معمر، كلاهما عن هشام بن عروة، عن أبيه، فذكره مرسلاً.

6549– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى، فمن رجال مسلم، وقد تقدم تخريجه برقم (646) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ أُنْزِلَ عَلَيْهِ: (وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ) (الشعراء: 214)، قَالَ: يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ اشْتَرُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ اللّٰهِ لَا أُغْنِي عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا أُغْنِي عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، يَا عَبَّاسُ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا أُغْنِي عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، يَا صَفِيَّةُ عَمَّةَ رَسُولِ اللّٰهِ لَا أُغْنِي عَنْكِ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، يَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَلِينِي مَا شِئْتِ لَا أُغْنِي عَنْكِ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا

❁❁ سعید بن مسیب اور ابوسلمہ نے یہ بات بیان کی ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل ہوئی:

''اور تم اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈراؤ۔''

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے قریش اللہ تعالیٰ سے اپنی جانیں خرید لو میں اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں تمہارے کسی کام نہیں آ سکتا۔ اے بنو عبدالمطلب میں اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں تمہارے کسی کام نہیں آ سکتا۔ اے عباس بن عبدالمطلب میں اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں تمہارے کسی کام نہیں آ سکتا۔ اے اللہ کے رسول کی پھوپھی صفیہ میں اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں آپ کے کسی کام نہیں آ سکتا۔ اے محمد کی صاحبزادی فاطمہ رضی اللہ عنہا تم جو چاہو مجھ سے مانگ لو لیکن میں اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں تمہارے کسی کام نہیں آ سکتا۔

## ذِكْرُ تَمْثِيلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْذَارَ عَشِيرَتِهِ بِمَا مَثَّلَ بِهِ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے خاندان والوں کو ڈراتے ہوئے ایک مثال بیان کرنے کا تذکرہ

**6550** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: (وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ) (الشعراء: 214) وَرَهْطَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ، قَالَ: وَهُنَّ فِي قِرَاءَةِ عَبْدِ اللّٰهِ، خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى أَتَى الصَّفَا، فَصَعِدَ عَلَيْهَا، ثُمَّ نَادَى: يَا صَبَاحَاهُ، فَاجْتَمَعَ النَّاسُ إِلَيْهِ فَبَيْنَ رَجُلٍ يَجِيءُ، وَبَيْنَ رَجُلٍ يَبْعَثُ رَسُولَهُ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، يَا بَنِي فِهْرٍ، يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ، يَا بَنِي، يَا بَنِي أَرَأَيْتُمْ لَوْ أَخْبَرْتُكُمْ أَنَّ خَيْلًا

6550- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو أسامة: هو حماد بن أسامة. وأخرجه البخاري (4971) في تفسير سورة: (تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ)، ومسلم (208) في الإيمان: باب قول الله تعالى: (وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الأَقْرَبِينَ)، والطبري في "جامع البيان" 19/121، وابن منده في "الإيمان" (949) و (950)، والبيهقي في "دلائل النبوة" 182-2/181، والبغوي في "شرح السنّة" (3742)، وفي "معالم التنزيل" 401-3/400 من طرق عن أبي أسامة، بهذا الإسناد. وأخرجه بنحوه دون قوله: "ورهطك منهم المخلصين" أحمد 1/281 و 307، والبخاري (1394) في الجنائز: باب ذكر شرار الموتى، و (3525) في الأنبياء: باب من انتسب إلى آبائه في الإسلام والجاهلية، و (4770) في تفسير سورة الشعراء، و (4801) في تفسير سورة سبأ، و (4972) و (4973) في تفسير سورة تبّت، والترمذي (3363) في التفسير: باب ومن سورة تبت، والطبري 121-19/120، وابن منده (950) و (951)، والبيهقي 2/182، والبغوي 3/401 و 4/453 من طرق عن الأعمش، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

بِسَفْحِ هٰذَا الْجَبَلِ تُرِيْدُ اَنْ تُغِيرَ عَلَيْكُمْ اَصَدَّقْتُمُوْنِي؟ ، قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: فَإِنِّي نَذِيرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ ، فَقَالَ اَبُوْ لَهَبٍ: تَبًّا لَكَ سَائِرَ الْيَوْمِ، اَمَا دَعَوْتُمُوْنَا اِلَّا لِهٰذَا، ثُمَّ قَامَ، فَنَزَلَتْ: (تَبَّتْ يَدَا اَبِيْ لَهَبٍ) (المسد: 1) ، وَقَدْ تَبَّ، وَقَالُوا: مَا جَرَّبْنَا عَلَيْكَ كَذِبًا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی:

''اورتم اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈراؤ۔''

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی قرأت میں یہ الفاظ بھی ہیں ''اوران میں سے اپنے مخلص گروہ کو (ڈراؤ)''۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے۔ آپ صفا پہاڑ کے پاس آئے۔ آپ اوپر چڑھ گئے پھر آپ نے پکارا ''خطرہ ہے''۔ لوگ آپ کے اردگرد اکٹھے ہوگئے۔ کوئی شخص خود آ گیا۔ کسی نے اپنے قاصد کو بھیج دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بنوعبدالمطلب اے بنوفہر! اے بنوعبد مناف! اے بنو (فلاں)! اے بنو (فلاں)! تمہارا کیا خیال ہے اگر میں تمہیں اس بات کی اطلاع دوں کہ اس پہاڑ کے دوسری طرف ایک لشکر ہے' جو تم پر حملہ کرنا چاہتا ہے تو کیا تم میری بات کی تصدیق کرو گے ان لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تو میں شدید عذاب سے پہلے تمہیں ڈرار ہا ہوں۔ اس پر ابولہب نے کہا: تم ہمیشہ کے لئے برباد ہو جاؤ کیا تم نے ہمیں صرف اس کام کے لئے بلایا تھا پھر وہ اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ (اور چلا گیا) اور اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

''ابولہب کے دونوں ہاتھ برباد ہو جائیں۔''

تو وہ برباد ہو گیا۔

البتہ دوسرے لوگوں نے یہ کہا تھا ہمیں آپ کی طرف سے کبھی جھوٹ کا تجربہ نہیں ہوا۔

## ذِكْرُ اِدْخَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُصْبُعَيْهِ فِيْ اُذُنَيْهِ، وَرَفْعِهِ صَوْتَهُ عِنْدَمَا وَصَفْنَاهُ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی انگلیوں کو اپنے کانوں میں داخل کرنے کا تذکرہ' اور اپنی آواز کو بلند کرنے کا تذکرہ' اس وقت جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

6551 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ آدَمَ ابْنِ بِنْتِ اَزْهَرَ السَّمَّانُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ، قَالَ: قَالَ الْاَشْعَرِيُّ: لَمَّا نَزَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ) (الشعراء: 214) ، وَضَعَ اُصْبُعَيْهِ فِيْ اُذُنَيْهِ وَرَفَعَ صَوْتَهُ، وَقَالَ: يَا بَنِيْ عَبْدِ مَنَافٍ، ثُمَّ سَاقَ الْخَبَرَ *

حضرت اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل ہوئی:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


''تم اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈراؤ۔''

تو نبی اکرم ﷺ نے اپنی دو انگلیاں اپنے دونوں کانوں میں رکھیں اور بلند آواز میں کہا اے بنو عبد مناف۔

اس کے بعد راوی نے حسب سابق حدیث بیان کی ہے۔

## ذِكْرُ تَفْرِيقِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ بِالرِّسَالَةِ

## نبی اکرم ﷺ کا حق اور باطل کے درمیان رسالت کے ذریعے فرق کرنے کا تذکرہ

**6552** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوسٰى، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:

(متن حدیث): جَلَسْنَا اِلَى الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ يَوْمًا فَمَرَّ بِهِ رَجُلٌ، فَقَالَ: طُوبٰى لِهَاتَيْنِ الْعَيْنَيْنِ اللَّتَيْنِ رَاَتَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاللّٰهِ لَوَدِدْنَا اَنَّا رَاَيْنَا مَا رَاَيْتَ، وَشَهِدْنَا مَا شَهِدْتَّ، فَاسْتُغْضِبَ، فَجَعَلْتُ اَعْجَبُ، مَا قَالَ اِلَّا خَيْرًا، ثُمَّ اَقْبَلَ اِلَيْهِ، فَقَالَ: مَا يَحْمِلُ الرَّجُلَ عَلٰى اَنْ يَّتَمَنّٰى مُحْضَرًا غَيَّبَهُ اللّٰهُ عَنْهُ، لَا يَدْرِي لَوْ شَهِدَهُ كَيْفَ كَانَ يَكُونُ فِيهِ، وَاللّٰهِ، لَقَدْ حَضَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَقْوَامٌ اَكَبَّهُمُ اللّٰهُ عَلٰى مَنَاخِرِهِمْ فِي جَهَنَّمَ لَمْ يُجِيبُوهُ، وَلَمْ يُصَدِّقُوهُ، اَوَلَا تَحْمَدُونَ اللّٰهَ، اِذْ اَخْرَجَكُمْ تَعْرِفُونَ رَبَّكُمْ، مُصَدِّقِينَ لِمَا جَاءَ بِهِ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَدْ كُفِيتُمُ الْبَلَاءَ بِغَيْرِكُمْ؟ وَاللّٰهِ، لَقَدْ بُعِثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَشَدِّ حَالٍ بُعِثَ عَلَيْهَا نَبِيٌّ مِّنَ الْاَنْبِيَاءِ، وَفَتْرَةٍ وَّجَاهِلِيَّةٍ مَا يَرَوْنَ اَنَّ دِيْنًا اَفْضَلُ مِنْ عِبَادَةِ الْاَوْثَانِ، فَجَاءَ بِفُرْقَانٍ فَرَّقَ بَيْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ، وَفَرَّقَ بَيْنَ الْوَالِدِ وَوَلَدِهٖ حَتّٰى اِنْ كَانَ الرَّجُلُ لَيَرٰى وَلَدَهُ اَوْ وَالِدَهُ اَوْ

6551- بشر بن آدم: هو ابن يزيد البصرى، صدوق فيه لين، وهو متابع، ومن فوقه ثقات، وأبو عاصم: هو الضحاك بن مخلد النبيل، وعوف: هو ابن أبى جميلة الأعرابى العبدى. وأخرجه الطبرى فى "جامع البيان" 19/120: حدثنى أبو عاصم، قال: حدثنا عوف، عن قسامة بن زهير، قال: أظنه عن الأشعرى، عن النبى - صلى الله عليه وسلم - ... وأخرجه الترمذى (3186) فى التفسير: باب ومن سورة الشعراء، والطبرى 19/120 كلاهما عن عبد الله بن أبى زياد، قال: حدثنا أبو زيد الأنصارى سعد بن أوس، عن عوف، به. وقال الترمذى: هذا حديث غريب من هذا الوجه من حديث أبى موسى، وقد رواه بعضهم عن عوف، عن قسامة بن زهير، عن النبى - صلى الله عليه وسلم - مرسلاً، ولم يذكروا فيه "عن أبى موسى"، وهو أصح. ذاكرتُ به محمد بن إسماعيل، فلم يعرفه من حديث أبى موسى. قلت: رواه مرسلاً الطبرى 19/120: حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الوهّاب ومحمد بن جعفر، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ، قَالَ: بلغنى انه لما نزل عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -: (وَاَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْاَقْرَبِينَ) جاء فوضع أصبعه فى أذنه، ورفع من صوته، وقال: "يا بنى عبد مناف، واصباحاه."

6552- إسناده صحيح على شرط مسلم. عبد الله: هو ابن المبارك المروزى. وأخرجه أحمد 6/2-3، والبخارى فى "الأدب المفرد" (87)، والطبرانى فى "الكبير" 20/ (600)، والطبرى فى "جامع البيان" 19/53، وأبو نعيم فى "حلية الأولياء" 1/175-176 من طريق عن عبد الله بن المبارك بهذا الإسناد. وأورده ابن كثير فى "التفسير" 3/342 من رواية الإمام أحمد، وقال: هذا إسناد صحيح ولم يخرجوه. وأورده أيضاً السيوطى فى "الدر المنثور" 6/285، وزاد نسبته الى ابن أبى حاتم، وابن مردويه.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



اَخَاهُ كَافِرًا، وَقَدْ فَتَحَ اللّٰهُ قُفْلَ قَلْبِهِ لِلْإِيمَانِ يَعْلَمُ أَنَّهُ إِنْ هَلَكَ دَخَلَ النَّارَ، فَلَا تَقَرُّ عَيْنُهُ وَهُوَ يَعْلَمُ أَنَّ حَبِيبَهُ فِي النَّارِ، وَأَنَّهَا الَّتِي قَالَ اللّٰهُ: (الَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ) (الفرقان: 74) الْآيَةَ

عبدالرحمن بن جبیر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں ایک دن ہم لوگ حضرت مقداد بن اسود کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک شخص ان کے پاس سے گزرا اور بولا ان دو آنکھوں کے لئے مبارک ہے جنہوں نے نبی اکرم ﷺ کی زیارت کی ہے اللہ کی قسم! ہماری تو یہ خواہش ہے کہ جن کی زیارت آپ نے کی ہے ہم نے بھی ان کی زیارت کی ہوتی جن کے ساتھ آپ رہے ہیں ہم بھی ان کے ساتھ رہے ہوتے تو اس پر وہ غصے میں آ گئے۔ میں اس پر بہت حیران ہوا کیونکہ اس شخص نے تو اچھی بات کہی تھی۔ حضرت مقداد بن اسود اس شخص کی طرف متوجہ ہوئے اور بولے کسی شخص کو کون سی بات اس بات پر مجبور کرتی ہے کہ وہ اس صورت حال کے رونما ہونے کی آرزو کرے جسے اللہ تعالیٰ نے اس سے پوشیدہ رکھا ہے۔ یہ شخص نہیں جانتا کہ اگر یہ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ موجود ہوتا تو اس کی کیا صورت حال ہوتی۔ اللہ کی قسم! کچھ لوگ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھے لیکن اللہ تعالیٰ انہیں نتھنوں کے بل جہنم میں داخل کرے گا۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے نبی اکرم ﷺ کی دعوت کو قبول نہیں کیا۔ آپ کی تصدیق نہیں کی۔ کیا تم لوگ اس بات پر اللہ تعالیٰ کی حمد بیان نہیں کرتے کہ اس نے جب تمہیں پیدا کیا تو تم اپنے پروردگار کی معرفت رکھتے ہو۔ تمہارے نبی جو کچھ لے کر آئے تم لوگ اس کی تصدیق کرتے ہو اور تمہارے علاوہ دوسرے لوگوں کو آزمائش میں مبتلا کیا گیا۔ اللہ کی قسم! جب نبی اکرم ﷺ کو مبعوث کیا گیا تو کسی بھی نبی کو ایسی شدید صورت حال میں مبعوث نہیں کیا گیا جیسی صورت حال میں آپ کو کیا گیا۔ (انبیاء کی آمد کے درمیان) وقفہ آ چکا تھا۔ جاہلیت کا زمانہ تھا لوگ یہ سمجھتے تھے کہ بتوں کی عبادت کرنے سے بہتر دین اور کوئی نہیں ہے پھر فرق کرنے والی (کتاب یا اسلام) آیا جس نے حق اور باطل کے درمیان فرق کیا۔ اس نے باپ اور اس کی اولاد کے درمیان علیحدگی کروا دی' یہاں تک کہ ایک شخص اپنی اولاد یا اپنے والد یا اپنے بھائی کو کافر سمجھتا تھا لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کے دل کو ایمان کے لئے کھول دیا تھا۔ وہ یہ بات جانتا تھا کہ اگر (اس کا قریبی رشتہ دار) ہلاکت کا شکار ہوا تو جہنم میں جائے گا۔ اس بات پر اس کی آنکھ ٹھنڈی نہیں ہوئی تھی جب کہ وہ یہ بات جانتا تھا کہ اس کی محبوب ہستی جہنم میں جائے گی۔ یہی وہ چیز ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا۔

''وہ لوگ جو یہ کہتے ہیں اے ہمارے پروردگار ہماری بیویوں اور ہماری اولاد کی طرف سے ہمارے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک رکھ دے۔''

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ كُتُبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مکتوبات کا بیان

**6553** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيدٍ الطَّاحِيُّ الْعَابِدُ، بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ اَخِيهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى كِسْرٰى، وَقَيْصَرَ، وَاُكَيْدِرَ دُومَةَ يَدْعُوهُمْ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسریٰ، قیصر اور دومہ (کے حکمران) اکیدر کو مکتوبات بھجوائے۔ آپ نے انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف (آنے کی) دعوت دی۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ خَالِدُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ قَتَادَةَ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: قتادہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کرنے میں خالد بن قیس نامی راوی منفرد ہے

**6554** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ الْحَافِظُ بِتُسْتَرَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا

6553– إسناده على شرط مسلم. نصر بن علي: هو الجهضمي، ونوح بن قيس: هو ابن رباح الأزدي الحداني، وأخوه: اسمه خالد بن قيس .وأخرجه مسلم ( 2092) (58) في اللباس: باب في اتخاذ النبي - صلى الله عليه وسلم - خاتماً لما أراد أن يكتب للعجم، والترمذي في "الشمائل" (87) كلاهما عن نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ الْجَهْضَمِيُّ، حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ قيس، عن خَالِدُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وسلم - كتب إلى كسرى وقيصر والنجاشي، فقيل له: إنهم لا يقبلون كتاباً إلا بخاتم، فصاغ رسول الله - صلى الله عليه وسلم - خاتماً حلقته فضة ونقش فيه: "محمد رسول الله ."وأخرجه مسلم ( 1774) في الجهاد: باب كتب النبي - صلى الله عليه وسلم - إلى ملوك الكفار يدعوهم إلى الله عز وجل، والبيهقي 9/107 عن نصر بن علي، عن أبيه، عن خالد بن قيس، عن قتادة، عن أنس أن نبي الله - صلى الله عليه وسلم - كتب إلى كسرى وإلى قيصر وإلى النجاشي وإلى كل جبار يدعوهم إلى الله تعالى . وأخرجه مسلم، والترمذي (2716) في الاستئذان: باب مكاتبة المشركين من طريقين عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، به . وزاد: وإلى كل جبار، وإلى النجاشي وليس بالنجاشي الذى صلى عليه النبي - صلى الله عليه وسلم -، وقال الترمذي: وهذا حديث صحيح غريب. وانظر ما بعده.

6554– إسناده حسن. رجاله رجال الشيخين غير عمران القطان، وهو عمران بن داور، فقد أخرج له البخاري تعليقاً وأصحاب السنن وهو حسن الحديث. وانظر ما قبله.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ:

(متن حدیث): أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ إِلَى كِسْرَى، وَقَيْصَرَ، وَأُكَيْدِرَ دُومَةَ يَدْعُوهُمْ إِلَى اللهِ جَلَّ وَعَلَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسریٰ، قیصر اور دومہ (کے حکمران) اکیدر کو خط لکھے۔ آپ نے انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف آنے کی دعوت دی۔

## ذِكْرُ وَصْفِ كُتُبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مکتوبات کی صفت کا تذکرہ

**6555** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، بِعَسْقَلَانَ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): حَدَّثَنِي أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ، مِنْ فِيهِ إِلَى فِيَّ قَالَ: انْطَلَقْتُ فِي الْمُدَّةِ الَّتِي كَانَتْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَيْنَا أَنَا بِالشَّامِ إِذْ جِيءَ بِكِتَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى هِرَقْلَ، جَاءَ بِهِ دِحْيَةُ الْكَلْبِيُّ، فَدَفَعَهُ إِلَى عَظِيمِ بُصْرَى، فَدَفَعَهُ عَظِيمُ بُصْرَى إِلَى هِرَقْلَ، فَقَالَ هِرَقْلُ: هَلْ هَا هُنَا أَحَدٌ مِّنْ قَوْمِ هَذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ؟ قَالُوا: نَعَمْ، فَدُعِيتُ فِي نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ، فَدَخَلْنَا عَلَى هِرَقْلَ، فَأَجْلَسَنَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: أَيُّكُمْ أَقْرَبُ نَسَبًا مِنْ هَذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ؟ قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: فَقُلْتُ: أَنَا، فَأَجْلَسُونِي بَيْنَ يَدَيْهِ، وَأَجْلَسُوا أَصْحَابِي خَلْفِي، ثُمَّ دَعَا تُرْجُمَانَهُ، فَقَالَ: قُلْ لَهُمْ إِنِّي سَائِلٌ هَذَا الرَّجُلَ عَنْ

6555– حديث صحيح . ابن أبي السري -وهو محمد بن المتوكل- قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . وهو في "مصنف عبد الرزاق" (9724) .ومن طريقه أخرجه أحمد 1/263، والبخاري (4553) في تفسير سورة آل عمران: باب (قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللَّهَ) ، ومسلم ( 1773) في الجهاد: باب كتاب النبي - صلى الله عليه وسلم - إلى هرقل يدعوه إلى الإسلام، واللالكائي في "أصول الاعتقاد " (1457) ، والبيهقي في "دلائل النبوة". 381-4/380وأخرجه مطولاً ومختصراً البخاري (7) في بدء الوحي، و ( 51) في الإيمان: باب سؤال جبريل النبي - صلى الله عليه وسلم - عن الإيمان والإسلام والإحسان، و (2681) في الشهادات: باب من أمر بإنجاز الوعد، و ( 2941) في الجهاد: باب دعاء النبي - صلى الله عليه وسلم - إلى الإسلام والنبوة، و ( 2978) باب قول النبي - صلى الله عليه وسلم -: "نصرت بالرعب مسيرة شهر "، و (3174) في الجزية والموادعة: باب فضل الوفاء بالعهد، و ( 5980) في الأدب: باب صلة المرأة أمها ولها زوج، و (6260) في الاستئذان: باب كيف يكتب إلى أهل الكتاب، و (7196) في الأحكام: باب ترجمة الحكام، ومسلم، والنسائي في " الكبرى " كما في "التحفة" 4/159، والترمذي (2717) في الاستئذان: باب ما جاء كيف يكتب لأهل الشرك، وابن منده في "الإيمان" (143) ، والبيهقي في "الدلائل" 383-4/381 من طرق عن الزهري، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 263-1/262 و263، والبخاري (2936) في الجهاد: باب هل يرشد المسلم أهل الكتاب أو يعلمهم؟ و (2940) باب دعاء النبي - صلى الله عليه وسلم - إلى الإسلام والنبوة، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 5/68، والبيهقي في "دلائل النبوة" 380-4/377 من طريقين عن الزهري، به، ولم يذكر أبا سفيان.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


هٰذَا الَّذِي يَزْعُمُ اَنَّهُ نَبِيٌّ، فَإِنْ كَذَّبَنِي فَكَذِّبُوهُ، قَالَ اَبُو سُفْيَانَ: وَاللّٰهِ، لَوْلَا مَخَافَةُ اَنْ يُؤْثَرَ عَنِّي الْكَذِبَ لَكَذَبْتُهُ، ثُمَّ قَالَ لِتَرْجُمَانِهِ: سَلْهُ كَيْفَ حَسَبُهُ فِيكُمْ؟ قَالَ: قُلْتُ: هُوَ فِينَا ذُو حَسَبٍ، قَالَ: فَهَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ؟ قُلْتُ: لَا، قَالَ: فَهَلْ اَنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ اَنْ يَقُولَ مَا قَالَ؟ قُلْتُ: لَا، قَالَ: مَنْ تَبِعَهُ اَشْرَافُ النَّاسِ اَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ قُلْتُ: بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ، قَالَ: فَهَلْ يَزِيدُونَ اَمْ يَنْقُصُونَ؟ قَالَ: قُلْتُ: بَلْ يَزِيدُونَ، قَالَ: فَهَلْ يَرْتَدُّ اَحَدٌ مِنْهُمْ عَنْ دِينِهِ بَعْدَ اَنْ يَدْخُلَ فِيهِ سَخْطَةً لَهُ؟ قَالَ: قُلْتُ: لَا، قَالَ: فَهَلْ قَاتَلْتُمُوهُ؟ قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: كَيْفَ كَانَ قِتَالُكُمْ اِيَّاهُ؟ قَالَ: قُلْتُ: تَكُونُ الْحَرْبُ سِجَالًا بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ، يُصِيبُ مِنَّا، وَنُصِيبُ مِنْهُ، قَالَ: فَهَلْ يَغْدِرُ؟ قَالَ: قُلْتُ: لَا، وَنَحْنُ مِنْهُ فِي مُدَّةٍ اَوْ قَالَ: هُدْنَةٍ، لَا نَدْرِي مَا هُوَ صَانِعٌ فِيهَا، مَا اَمْكَنَنِي مِنْ كَلِمَةٍ اُدْخِلُ فِيهَا شَيْئًا غَيْرَ هٰذِهِ، قَالَ: فَهَلْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ اَحَدٌ قَبْلَهُ؟ قَالَ: قُلْتُ: لَا، ثُمَّ قَالَ لِتَرْجُمَانِهِ: قُلْ لَهُ اِنِّي سَاَلْتُكَ عَنْ حَسَبِهِ فِيكُمْ، فَزَعَمْتَ اَنَّهُ فِيكُمْ ذُو حَسَبٍ، فَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ تُبْعَثُ فِي اَحْسَابِ قَوْمِهَا، وَسَاَلْتُكَ: هَلْ كَانَ فِي آبَائِهِ مَلِكٌ، فَزَعَمْتَ اَنْ لَا، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ فِي آبَائِهِ مَلِكٌ، قُلْتُ: رَجُلٌ يَطْلُبُ مُلْكَ آبَائِهِ، وَسَاَلْتُكَ عَنْ اَتْبَاعِهِ: اَضُعَفَاءُ النَّاسِ اَمْ اَشْرَافُهُمْ؟ فَقُلْتَ: بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ، وَهُمْ اَتْبَاعُ الرُّسُلِ، وَسَاَلْتُكَ: هَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ قَبْلَ اَنْ يَقُولَ مَا قَالَ؟ فَزَعَمْتَ: اَنْ لَا، وَقَدْ عَرَفْتُ اَنَّهُ لَمْ يَكُنْ لِيَدَعَ الْكَذِبَ عَلَى النَّاسِ، ثُمَّ يَذْهَبَ فَيَكْذِبَ عَلَى اللّٰهِ، وَسَاَلْتُكَ: هَلْ يَرْتَدُّ اَحَدٌ مِنْهُمْ عَنْ دِينِهِ بَعْدَ اَنْ يَدْخُلَهُ سَخْطَةً لَهُ؟ فَزَعَمْتَ اَنْ لَا، وَكَذٰلِكَ الْاِيمَانُ اِذَا خَالَطَهُ بَشَاشَةُ الْقُلُوبِ، وَسَاَلْتُكَ: هَلْ يَزِيدُونَ اَمْ يَنْقُصُونَ؟ فَزَعَمْتَ اَنَّهُمْ يَزِيدُونَ، وَكَذٰلِكَ الْاِيمَانُ حَتّٰى يَتِمَّ، وَسَاَلْتُكَ: هَلْ قَاتَلْتُمُوهُ؟ فَزَعَمْتَ اَنَّ الْحَرْبَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ سِجَالٌ، تَنَالُونَ مِنْهُ، وَيَنَالُ مِنْكَ، وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ تُبْتَلٰى، ثُمَّ تَكُونُ لَهُمُ الْعَاقِبَةُ، وَسَاَلْتُكَ: هَلْ يَغْدِرُ؟ فَزَعَمْتَ اَنْ لَا، وَكَذٰلِكَ الْاَنْبِيَاءُ لَا تَغْدِرُ، وَسَاَلْتُكَ: هَلْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ اَحَدٌ قَبْلَهُ؟ فَزَعَمْتَ اَنْ لَا، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ اَحَدٌ قَبْلَهُ، قُلْتُ: رَجُلٌ يَاْتَمُّ بِقَوْلٍ قَبْلَ قَوْلِهِ، قَالَ: ثُمَّ مَا يَاْمُرُكُمْ؟ قَالَ: قُلْتُ: يَاْمُرُنَا بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَالصِّلَةِ وَالْعَفَافِ، قَالَ: اِنْ يَكُنْ مَا تَقُولُ فِيهِ حَقًّا، فَاِنَّهُ نَبِيٌّ، وَقَدْ كُنْتُ اَعْلَمُ اَنَّهُ خَارِجٌ، وَلَمْ اَظُنَّ اَنَّهُ مِنْكُمْ، وَلَوْ اَنِّي اَعْلَمُ اَنِّي اَخْلُصُ اِلَيْهِ لَاَحْبَبْتُ لِقَاءَهُ، وَلَوْ كُنْتُ عِنْدَهُ لَغَسَلْتُ عَنْ قَدَمَيْهِ، وَلَيَبْلُغَنَّ مُلْكُهُ مَا تَحْتَ قَدَمَيَّ، قَالَ: ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَرَاَ فَاِذَا فِيهِ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ، مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِلٰى هِرَقْلَ عَظِيمِ الرُّومِ، سَلَامٌ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى، اَمَّا بَعْدُ، فَاِنِّي اَدْعُوكَ بِدِعَايَةِ الْاِسْلَامِ، اَسْلِمْ تَسْلَمْ، وَاَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللّٰهُ اَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ، فَاِنْ تَوَلَّيْتَ فَاِنَّ عَلَيْكَ اِثْمَ الْاَرِيسِيِّينَ: (يَا اَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ) (آل عمران: **64**) اِلٰى قَوْلِهِ: اشْهَدُوا بِاَنَّا مُسْلِمُونَ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قِرَاءَةِ الْكِتَابِ ارْتَفَعَتِ الْاَصْوَاتُ عِنْدَهُ، وَكَثُرَ اللَّغَطُ، فَاَمَرَ بِنَا، فَاُخْرِجْنَا، فَقُلْتُ لِاَصْحَابِي حِينَ خَرَجْنَا: لَقَدْ جَلَّ اَمْرُ ابْنِ اَبِي كَبْشَةَ، اِنَّهُ لَيَخَافُهُ مَلِكُ بَنِي الْاَصْفَرِ، قَالَ: فَمَا زِلْتُ مُوقِنًا بِاَمْرِ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سَيَظْهَرُ حَتّٰى اَدْخَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ الْاِسْلَامَ.

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت ابوسفیان بن حرب بذات خود مجھے یہ بات بتائی۔ وہ کہتے ہیں' جس عرصے میں ہمارے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان صلح کا معاہدہ چل رہا تھا۔ اس دوران میں شام گیا۔ ابھی میں شام میں موجود تھا کہ اسی دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مکتوب (وہاں کے حکمران) ہرقل کے نام آیا دحیہ کلبی وہ مکتوب لے کر آئے تھے۔ انہوں نے وہ مکتوب بصریٰ کے گورنر کے سپرد کیا۔ بصریٰ کے گورنر نے وہ خط ہرقل کو بھجوا دیا ہرقل نے دریافت کیا: کیا یہاں ان صاحب کی قوم سے تعلق رکھنے والا کوئی شخص موجود ہے' جو یہ کہتے ہیں کہ وہ نبی ہیں۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں (ابوسفیان کہتے ہیں:) تو مجھے قریش کے کچھ افراد سمیت بلا لیا گیا جب ہم لوگ ہرقل کے پاس آئے تو اس نے ہمیں اپنے سامنے بٹھایا۔ اس نے دریافت کیا: یہ صاحب جو یہ کہتے ہیں کہ وہ نبی ہیں' تم میں سے نسبی طور پر کون ان کے سب سے زیادہ قریب ہے۔ حضرت ابوسفیان کہتے ہیں میں نے جواب دیا: میں' تو اس نے مجھے اپنے سامنے بٹھا لیا اور میرے ساتھیوں کو میرے پیچھے بٹھا دیا پھر اس نے اپنے ترجمان کو بلوایا اور کہا تم ان سے کہہ دو کہ میں اس شخص سے ان صاحب کے بارے میں دریافت کرنے لگا ہوں۔ جو یہ کہتے ہیں کہ وہ نبی ہیں اگر یہ شخص میرے ساتھ غلط بیانی کرے تو تم لوگ اسے جھوٹا قرار دیدینا۔ ابوسفیان کہتے ہیں اللہ کی قسم! اگر مجھے اس بات کا اندیشہ نہ ہوتا کہ میری کسی بات کو جھٹلایا جاسکتا ہے تو میں وہاں غلط بیانی کر دیتا پھر قیصر نے اپنے ترجمان سے کہا تم اس شخص سے دریافت کرو کہ تمہارے درمیان ان صاحب کا حسب کیسا ہے۔ ابوسفیان کہتے ہیں میں نے جواب دیا: وہ ہمارے درمیان صاحب حسب شمار ہوتے ہیں۔ قیصر نے دریافت کیا: کیا ان کے آباؤ اجداد میں سے کوئی بادشاہ گزرا ہے۔ میں نے جواب دیا: جی نہیں اس نے دریافت کیا: ان صاحب کے یہ دعویٰ کرنے سے پہلے تم نے کبھی ان پر جھوٹا ہونے کا الزام عائد کیا میں نے جواب دیا: جی نہیں۔ اس نے دریافت کیا: ان کے پیروکار کون لوگ ہیں۔ معزز افراد ہیں یا کمزور لوگ ہیں میں نے جواب دیا: بلکہ کمزور لوگ ہیں۔ اس نے دریافت کیا: کیا ان میں اضافہ ہو رہا ہے یا کمی ہو رہی ہے؟ میں نے کہا: ان میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اس نے دریافت کیا: کیا ان لوگوں میں سے کوئی شخص اپنے دین کو چھوڑ کر مرتد بھی ہوا یعنی اس میں داخل ہونے کے بعد اس سے ناراض ہو کر (اس نے اپنے دین کو چھوڑا ہو) ابوسفیان کہتے ہیں میں نے جواب دیا: جی نہیں۔ قیصر نے دریافت کیا: کیا تم نے ان کے ساتھ کوئی جنگ بھی کی ہوئی ہے۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں اس نے دریافت کیا: تمہاری ان کے ساتھ جنگ کا نتیجہ کیا رہا۔ میں نے کہا: جنگ ہمارے اور ان کے درمیان برابر رہی۔ انہیں ہماری طرف سے نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔ ہمیں ان کی طرف سے نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔ قیصر نے دریافت کیا: کیا انہوں نے معاہدے کی خلاف ورزی کی۔ میں نے جواب دیا: جی نہیں۔ ہمارا اور ان کا طے شدہ مدت تک معاہدہ ہے ہمیں نہیں معلوم وہ آگے چل کر اس بارے میں کیا کریں گے۔ (حضرت ابوسفیان کہتے ہیں:) صرف میں یہ کلمہ غلط بیانی کے طور پر شامل کر سکا۔ قیصر نے دریافت کیا: کیا ان سے پہلے کسی اور شخص نے بھی اس بات کا دعویٰ کیا۔ میں نے جواب دیا: جی نہیں۔

پھر قیصر نے اپنے ترجمان سے کہا تم اس سے کہو کہ میں نے تم سے ان صاحب کے حسب کے بارے میں دریافت کیا: وہ تمہارے درمیان کیسا ہے تو تم نے یہ بیان کیا کہ وہ تمہارے درمیان صاحب حسب شمار ہوتے ہیں۔ رسول اسی طرح ہوتے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



انہیں اپنی قوم کے صاحب حسب لوگوں میں مبعوث کیا جاتا ہے۔ میں نے تم سے سوال کیا کہ کیا ان کے آباؤ اجداد میں کوئی بادشاہ گزرا ہے۔ تو تم نے جواب دیا: جی نہیں تو میں نے اندازہ لگایا کہ اگر ان کے آباؤ اجداد میں اگر کوئی بادشاہ گزرا ہوتا تو پھر میں یہ کہہ سکتا تھا یہ صاحب اپنے آباؤ اجداد کی بادشاہت حاصل کرنا چاہتے ہیں پھر میں نے تم سے ان کے پیروکاروں کے بارے میں دریافت کیا: کیا وہ کمزور لوگ ہیں یا معزز افراد ہیں تو تم نے کہا: وہ کمزور لوگ ہیں۔ رسولوں کے پیروکار ایسے ہی ہوتے ہیں میں نے تم سے سوال کیا ان کے یہ دعویٰ کرنے سے پہلے کیا تم نے ان پر (جھوٹا ہونے کا) الزام عائد کیا تو تم نے جواب دیا: جی نہیں۔ اس سے مجھے یہ اندازہ ہو گیا کہ جو شخص لوگوں کے ساتھ جھوٹ نہیں بولتا وہ اللہ تعالیٰ کے معاملے میں کیسے غلط بیانی کر سکتا ہے پھر میں نے تم سے سوال کیا کیا کوئی شخص ان کے دین میں داخل ہونے کے بعد اس سے ناراض ہو کر ان کے دین کو چھوڑ کر مرتد بھی ہوا تم نے جواب دیا: جی نہیں۔ ایمان ایسا ہی ہوتا ہے جب اس کے اندر دل کی بشاشت مل جائے (یا اس کی بشاشت دل میں گھر کر جائے) میں نے تم سے سوال کیا کیا ان لوگوں میں اضافہ ہو رہا ہے یا کمی ہو رہی ہے تو تم نے جواب دیا: اضافہ ہو رہا ہے۔ ایمان اسی طرح ہوتا ہے یہاں تک کہ وہ مکمل ہو جاتا ہے۔ میں نے تم سے سوال کیا کیا تم لوگوں نے ان کے ساتھ کوئی جنگ بھی کی تو تم نے جواب دیا: تمہارے اور ان کے درمیان جنگ کا نتیجہ برابر برابر رہا۔ تمہیں ان کی طرف سے نقصان کا سامنا کرنا پڑا اور انہیں تمہاری طرف سے نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔ رسولوں کو اسی طرح آزمائش میں مبتلا کیا جاتا ہے لیکن انجام کار انہی کے حق میں (صورت حال ہوتی ہے) میں نے تم سے سوال کیا کہ کیا انہوں نے کبھی معاہدے کی خلاف ورزی کی تو تم نے جواب دیا: جی نہیں انبیاء اسی طرح ہوئے ہیں۔ وہ معاہدے کی خلاف ورزی نہیں کرتے۔ میں نے تم سے سوال کیا کیا ان سے پہلے بھی کسی شخص نے یہ دعویٰ کیا تو تم نے جواب دیا: جی نہیں میں نے سوچا اگر ان سے پہلے کسی اور شخص نے یہ دعویٰ کیا ہوتا تو میں یہ کہہ سکتا تھا کہ یہ شخص کسی دوسرے کے قول کی پیروی کر رہا ہے پھر قیصر نے دریافت کیا: وہ تمہیں کیا حکم دیتے ہیں تو میں نے جواب دیا: وہ ہمیں نماز پڑھنے کا زکوٰۃ ادا کرنے کا رشتہ داری کے حقوق کا خیال رکھنے کا اور پاک دامنی کا حکم دیتے ہیں۔

قیصر نے کہا: تم نے ان کے بارے میں جو کچھ کہا ہے اگر تو یہ واقعی سچ ہے تو پھر وہ واقعی نبی ہیں۔ مجھے اس بات کا علم تھا کہ ان کا ظہور ہونے والا ہے لیکن مجھے یہ اندازہ نہیں تھا کہ ان کا ظہور تم میں ہوگا اگر مجھے اس بات کا علم ہوتا کہ میں ان تک پہنچ سکتا ہوں تو میں ان سے ملاقات کو پسند کرتا اور اگر میں ان کے پاس موجود ہوتا تو میں ان کے پاؤں دھوتا کیونکہ عنقریب ان کی بادشاہی میرے ان پاؤں کے نیچے تک پہنچ جائے گی۔

حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پھر اس نے نبی اکرم ﷺ کا مکتوب منگوایا اور اسے پڑھا تو اس میں یہ تحریر تھا۔

"اللہ تعالیٰ کے نام سے آغاز کرتے ہیں جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔ یہ اللہ کے رسول محمد ﷺ کی طرف سے روم کے حکمران ہرقل کے نام ہے۔ وہ شخص سلامت رہے جو ہدایت کی پیروی کرلے۔ امابعد میں تمہیں اسلام کی دعوت دیتا ہوں تم اسلام قبول کرلو تم سلامت رہو گے تم اسلام قبول کرلو اللہ تعالیٰ تمہیں دگنا اجر عطا کرے گا اور اگر تم منہ موڑ لیتے ہو تو اریسیوں گناہ بھی تمہارے سر ہوگا۔ (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایة

www.KitaboSunnat.com



"اے اہل کتاب آ گے آؤ! اس بات کی طرف جو ہمارے اور تمہارے درمیان مشترک ہے کہ ہم صرف اللہ کی عبادت کریں گے۔"

یہ آیت یہاں تک ہے "تم لوگ گواہ ہو جاؤ کہ ہم مسلمان ہیں"

جب قیصر وہ مکتوب پڑھ کر فارغ ہوا تو اس کے آس پاس آوازیں بلند ہوگئیں اور شور شرابہ ہوا۔ اس کے حکم کے تحت ہمیں وہاں سے نکال دیا گیا جب ہم وہاں سے باہر آئے تو میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا ابن ابو کبشہ (یعنی نبی اکرم ﷺ) کا معاملہ اتنا زبردست ہو گیا ہے کہ بنو اصفر کا حکمران بھی ان سے خوف کھاتا ہے۔

حضرت ابوسفیان بیان کرتے ہیں: اس کے بعد نبی اکرم ﷺ کے معاملے میں مجھے اس بات کا یقین ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ اسے غالب کر دے گا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اسلام کی دولت سے نوازا۔

## ذِكْرُ كِتْبَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى حَبْرِ تَيْمَاءَ

## نبی اکرم ﷺ کا تیماء کے بڑے عالم کی طرف مکتوب بھیجنے کا تذکرہ

**6556** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي سُرَيْجٍ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، حَدَّثَنِي وَرْقَاءُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى حَبْرِ تَيْمَاءَ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے تیماء کے یہودی عالم کی طرف خط لکھا (اور اس خط میں) اسے سلام بھیجا۔

## ذِكْرُ كِتْبَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِتَابَهُ اِلٰى بَنِي زُهَيْرٍ

## نبی اکرم ﷺ کا اپنے مکتوب کو بنو زہیر کی طرف بھیجنے کا تذکرہ

**6557** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا

---

6556– إسناده على شرط البخاري. أحمد بن أبي سريج من رجال البخاري، ومن فوقه من رجال الشيخين، إلا أن في حديث ورقاء -وهو ابن عمر اليَشْكُري- عن منصور -وهو ابن المعتمر- ليناً، ولم يخرج له الشيخان من روايته عن منصور شيئاً، وهذا الحديث لم نظفر به عند غير المصنف. وتيماء: بلدة تقع شمال المدينة المنورة قريبة من تبوك تبعد عنها 150 ميلاً.

6557– إسناده صحيح. رجاله ثقات رجال الشيخين غير صحابيه، وقد أخرج حديثه هذا أبو داود والنسائي ولم يسمياه. وأخرجه دون حديث الصوم: أبو داود (2999) في الخراج: باب ما جاء في سهم الصفي، وعنه البيهقي 7/58 عن مسلم بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/78 عن روح بن عبادة، و 5/363 عن وكيع، كلاهما عن قرة بن خالد، به. وأخرجه ابن سعد في "الطبقات" 1/279، وأحمد 78-5/77 و 78، والنسائي 7/134 في الفيء، وأبو عبيد في "الأموال" ص 19، وابن الأثير في "أسد الغابة" 5/358 من طريقين، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



اَبُو الْعَلَاءِ يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا بِالْمِرْبَدِ، فَإِذَا اَنَا بِرَجُلٍ اَشْعَثَ الرَّأْسِ بِيَدِهِ قِطْعَةُ اَدِيمٍ، فَقُلْنَا لَهُ: كَاَنَّكَ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْبَادِيَةِ؟ قَالَ: اَجَلْ، فَقُلْنَا لَهُ: نَاوِلْنَا هٰذِهِ الْقِطْعَةَ الْاَدِيمِ الَّتِي فِي يَدِكَ، فَاَخَذْنَاهَا، فَقَرَاْنَا مَا فِيهَا، فَإِذَا فِيهَا: مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ اِلٰى بَنِي زُهَيْرٍ، اَعْطُوا الْخُمُسَ مِنَ الْغَنِيمَةِ، وَسَهْمَ النَّبِيِّ وَالصَّفِيِّ وَاَنْتُمْ آمِنُوْنَ بِاَمَانِ اللّٰهِ وَاَمَانِ رَسُوْلِهِ قَالَ: فَقُلْنَا: مَنْ كَتَبَ لَكَ هٰذَا؟ قَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قُلْنَا: مَا سَمِعْتَ مِنْهُ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: صَوْمُ شَهْرِ الصَّبْرِ وَثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ يُذْهِبْنَ وَحَرَ الصُّدُورِ فَقُلْنَا لَهُ: اَسَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: اَلَا اَرَاكُمْ تَتَّهِمُوْنِي، فَوَاللّٰهِ لَا اُحَدِّثُكُمْ بِشَيْءٍ، ثُمَّ ذَهَبَ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: هٰذَا النَّمِرُ بْنُ تَوْلَبٍ الشَّاعِرُ

❀❀ حضرت یزید بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ کھجور سکھانے کی جگہ پر موجود تھے۔ وہاں ایک شخص آیا جس کے بال بکھرے ہوئے تھے۔ اس کے ہاتھ میں چمڑے کا ایک ٹکڑا تھا۔ ہم نے اس سے کہا تم کوئی دیہاتی محسوس ہوتے ہو۔ اس نے جواب دیا: جی ہاں ہم نے اس سے کہا یہ چمڑے کا ٹکڑا ہمیں پکڑاؤ جو تمہارے ہاتھ میں ہے۔ ہم نے اسے حاصل کیا اور اس میں موجود عبارت کو پڑھا تو اس میں یہ تحریر تھا۔

"(یہ مکتوب) اللہ کے رسول حضرت محمد کی طرف سے بنو زہیر کی طرف ہے تم لوگ مال غنیمت میں سے خمس ادا کرو اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مخصوص حصہ اور خاص حصہ ادا کرو' تم لوگ اللہ اور اس کے رسول کی امان کے مطابق امن میں رہو گے۔"

راوی کہتے ہیں: ہم نے (اس دیہاتی سے) دریافت کیا: یہ خط تمہیں کس نے لکھ کر دیا تھا؟ اس نے جواب دیا: اللہ کے رسول نے' ہم نے دریافت کیا: کیا تم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی بھی کوئی بات سنی ہے؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"صبر کے مہینے (یعنی رمضان کے مہینے) کے روزے رکھنا اور ہر مہینے میں تین دن روزے رکھنا' سینوں کے غضب (یا کینے) کو رخصت کر دیتا ہے۔"

ہم نے اس شخص سے دریافت کیا: کیا تم نے خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے۔ اس نے کہا: تم لوگوں کے بارے میں' میں یہ گمان نہیں کر رہا تھا کہ تم مجھ پر الزام عائد کرو گے۔ اللہ کی قسم! اب میں تمہیں کوئی حدیث نہیں سناؤں گا پھر وہ شخص چلا گیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) وہ شخص نمر بن تولب تھا جو شاعر تھا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ كِتْبَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِتَابَهُ اِلٰى بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ

## نبی اکرم ﷺ کا بکر بن وائل کی طرف مکتوب لکھنے کا تذکرہ

**6558** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيْدِ الطَّاحِيُّ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ الْجَهْضَمِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ اَخِيهِ خَالِدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ: مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ اِلٰى بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ اَنْ اَسْلِمُوا تَسْلَمُوا قَالَ: فَمَا قَرَاَهُ اِلَّا رَجُلٌ مِّنْهُمْ مِنْ بَنِي ضُبَيْعَةَ، فَهُمْ يُسَمَّوْنَ بَنِي الْكَاتِبِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے بکر بن وائل کو خط لکھا۔

''محمد جو اللہ کے رسول ہیں ان کی طرف سے بکر بن وائل کی طرف (یہ خط ہے) تم لوگ اسلام قبول کرلو تم لوگ سلامت رہو گے۔''

راوی بیان کرتے ہیں: تو یہ خط ان میں سے ایک شخص نے پڑھا جس کا تعلق بنو ضبیعہ سے تھا۔ اسی لئے ان کا نام بنو کاتب ہے (یعنی وہ پڑھنا لکھنا جانتے تھے)

## ذِكْرُ كِتْبَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِتَابَهُ اِلٰى اَهْلِ الْيَمَنِ

## نبی اکرم ﷺ کا اہل یمن کی طرف مکتوب لکھنے کا تذکرہ

**6559** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، وَاَبُوْ يَعْلٰى، وَحَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ فِيْ اٰخَرِيْنَ، قَالُوا: حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ، حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى اَهْلِ الْيَمَنِ بِكِتَابٍ فِيْهِ الْفَرَائِضُ وَالسُّنَنُ وَالدِّيَاتُ، وَبَعَثَ بِهِ مَعَ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، فَقُرِئَتْ عَلٰى اَهْلِ الْيَمَنِ، وَهٰذِهِ نُسْخَتُهَا:

(بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ)

مِنْ مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى شُرَحْبِيلَ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ، وَالْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ، وَنُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ، قِيلَ ذِيْ رُعَيْنٍ وَّمَعَافِرَ وَهَمْدَانَ: اَمَّا بَعْدُ، فَقَدْ رَجَعَ رَسُوْلُكُمْ، وَاُعْطِيتُمْ مِنَ الْغَنَائِمِ خُمُسَ اللّٰهِ،

6558- إسناده على شرط مسلم. وأخرجه الطبراني في "الصغير" (307) عن بكر بن أحمد الطاحي بهذا الإسناد، وقال: لم يروه عن قتادة إلا خالد بن قيس. وأخرجه أبو يعلى (2947)، والبزار (1670) عن نصر بن علي، به. وقال البزار: لا نعلمه بهذا اللفظ إلا بهذا الإسناد. وأورده الهيثمي في "المجمع" 5/305، وقال: رواه أبو يعلى والبزار والطبراني في "الصغير"، ورجال الأولين رجال الصحيح. وأخرج أحمد في "المسند" 5/68 ومن طريقه ابن الأثير في "أسد الغابة" 5/136 من طريقين.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
الهداية - AlHidayah

www.KitaboSunnat.com



وَمَا كَتَبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ مِنَ الْعُشْرِ فِي الْعَقَارِ، وَمَا سَقَتِ السَّمَاءُ اَوْ كَانَ سَيْحًا اَوْ بَعْلًا، فَفِيْهِ الْعُشْرُ اِذَا بَلَغَ خَمْسَةَ اَوْسُقٍ، وَمَا سُقِيَ بِالرِّشَاءِ، وَالدَّالِيَةِ، فَفِيْهِ نِصْفُ الْعُشْرِ اِذَا بَلَغَ خَمْسَةَ اَوْسُقٍ، وَفِيْ كُلِّ خَمْسٍ مِنَ الْإِبِلِ سَائِمَةً شَاةٌ اِلٰى اَنْ تَبْلُغَ اَرْبَعًا وَعِشْرِيْنَ، فَاِذَا زَادَتْ وَاحِدَةٌ عَلٰى اَرْبَعٍ وَّعِشْرِيْنَ فَفِيْهَا ابْنَةُ مَخَاضٍ، فَاِنْ لَمْ تُوجَدْ بِنْتُ مَخَاضٍ، فَابْنُ لَبُوْنٍ، ذَكَرٍ اِلٰى اَنْ تَبْلُغَ خَمْسًا وَثَلَاثِيْنَ، فَاِذَا زَادَتْ عَلٰى خَمْسٍ وَّثَلَاثِيْنَ، فَفِيْهَا ابْنَةُ لَبُوْنٍ اِلٰى اَنْ تَبْلُغَ خَمْسًا وَاَرْبَعِيْنَ، فَاِذَا زَادَتْ عَلٰى خَمْسٍ وَّاَرْبَعِيْنَ، فَفِيْهَا حِقَّةٌ طَرُوقَةٌ اِلٰى اَنْ تَبْلُغَ سِتِّيْنَ، فَاِنْ زَادَتْ عَلٰى سِتِّيْنَ وَاحِدَةً، فَفِيْهَا جَذَعَةٌ اِلٰى اَنْ تَبْلُغَ خَمْسَةً وَسَبْعِيْنَ، فَاِنْ زَادَتْ عَلٰى خَمْسٍ وَّسَبْعِيْنَ وَاحِدَةً، فَفِيْهَا ابْنَتَا لَبُوْنٍ اِلٰى اَنْ تَبْلُغَ تِسْعِيْنَ، فَاِنْ زَادَتْ عَلٰى تِسْعِيْنَ وَاحِدَةً، فَفِيْهَا حِقَّتَانِ طَرُوقَتَا الْجَمَلِ، اِلٰى اَنْ تَبْلُغَ عِشْرِيْنَ وَمِائَةً، فَمَا زَادَ، فَفِيْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ ابْنَةُ لَبُوْنٍ، وَفِيْ كُلِّ خَمْسِيْنَ حِقَّةٌ طَرُوقَةُ الْجَمَلِ، وَفِيْ كُلِّ ثَلَاثِيْنَ بَاقُوْرَةً بَقَرَةٌ، وَفِيْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ شَاةً سَائِمَةً شَاةٌ اِلٰى اَنْ تَبْلُغَ عِشْرِيْنَ وَمِائَةً، فَاِنْ زَادَتْ عَلٰى عِشْرِيْنَ وَاحِدَةً، فَفِيْهَا شَاتَانِ اِلٰى اَنْ تَبْلُغَ مِئَتَانِ، فَاِنْ زَادَتْ وَاحِدَةً، فَثَلَاثَةُ شِيَاهٍ اِلٰى اَنْ تَبْلُغَ ثَلَاثَ مِائَةٍ، فَمَا زَادَ فَفِيْ كُلِّ مِائَةِ شَاةٍ شَاةٌ، وَلَا تُؤْخَذُ فِي الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَّلَا عَجْفَاءُ وَلَا ذَاتُ عَوَارٍ وَّلَا تَيْسُ الْغَنَمِ، وَلَا يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ، وَلَا يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ خِيفَةَ الصَّدَقَةِ، وَمَا اُخِذَ مِنَ الْخَلِيطَيْنِ، فَاِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ، وَفِيْ كُلِّ خَمْسِ اَوَاقٍ مِنَ الْوَرِقِ خَمْسَةُ دَرَاهِمٍ، فَمَا زَادَ فَفِيْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ دِرْهَمًا دِرْهَمٌ، وَلَيْسَ فِيْهَا دُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ شَيْءٌ، وَفِيْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ دِيْنَارًا دِيْنَارٌ، وَاِنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَحِلُّ لِمُحَمَّدٍ وَّلَا لِاَهْلِ بَيْتِهِ، وَاِنَّمَا هِيَ الزَّكَاةُ تُزَكّٰى بِهَا اَنْفُسُهُمْ فِيْ فُقَرَاءِ الْمُؤْمِنِيْنَ، اَوْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَلَيْسَ فِيْ رَقِيْقٍ وَّلَا مَزْرَعَةٍ وَّلَا عُمَّالِهَا شَيْءٌ، اِذَا كَانَتْ تُؤَدّٰى صَدَقَتُهَا مِنَ الْعُشْرِ، وَلَيْسَ فِيْ عَبْدِ الْمُسْلِمِ وَلَا فَرَسِهِ شَيْءٌ، وَاِنَّ اَكْبَرَ الْكَبَائِرِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ

---

6559- إسناده ضعيف. سليمان بن داود إنما هو سليمان بن أرقم المتفق على ضعفه، غلط الحكم بن موسى في اسم والده، فقال: سليمان بن داود، حكى ذلك غير واحد من الأئمة.قال أبو داود في "المراسيل" ص 213 -بتحقيقي- بعد أن أورده مرسلاً: أسند هذا، ولا يصح، رواه يحيى بن حمزة، عن سليمان بن أرقم، عن الزهري، عن أبي بكر بن محمد بن عمرو بن حزم، عن أبيه، عن جده ... حدثنا أبو هبيرة (هو محمد بن الوليد بن هبيرة الهاشمي) قال: قرأته في أصل يحيى بن حمزة: حدثني سليمان بن أرقم، وحدثنا هارون بن محمد بن بكار، حدثني أبي وعمي، قالا: حدثنا يحيى بن حمزة، عن سليمان بن أرقم، مثله.قال أبو داود: والذي قال: "سليمان بن داود" وهم فيه، حدثنا الحكم بن موسى، حدثنا يحيى بن حمزة، عن سليمان بن داود الخولاني -ثقة- عن الزهري، عن أبي بكر بن محمد بن عمرو بن حزم، عن أبيه، عن جده. وَهِمَ فيه الحكم.وروى النسائي هذا الحديث موصولاً من طريق الحكم بن موسى، عن يحيى بن حمزة، عن سليمان بن داود، عن الزهري . ثم رواه من طريق محمد بن بكار بن بلال، عن يحيى بن حمزة، عن سليمان بن أرقم، عن الزهري، ثم قال: وهذا أشبه بالصواب، وسليمان بن أرقم: متروك الحديث.وقال أبو زرعة الدمشقي: الصواب سليمان بن أرقم.وقال صالح جزرة: نظرت في أصل كتاب يحيى بن حمزة حديث عمرو بن حزم في الصدقات، فإذا هو عن سليمان بن أرقم، قال صالح: كتب عني مسلم بن الحجاج هذا الكلام .وقال الحافظ أبو عبد الله ابن منده: قرأت في كتاب يحيى بن حمزة بخطه عن سليمان بن أرقم، عن الزهري .وقال أبو الحسن الهروي: الحديث في أصل يحيى بن حمزة عن سليمان بن أرقم، غلط عليه الحكم.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



الْقِيَامَةِ الْإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَقَتْلُ النَّفْسِ الْمُؤْمِنَةِ بِغَيْرِ الْحَقِّ، وَالْفِرَارُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ يَوْمَ الزَّحْفِ، وَعُقُوقُ الْوَالِدَيْنِ، وَرَمْيُ الْمُحْصَنَةِ، وَتَعَلُّمُ السِّحْرِ، وَاَكْلُ الرِّبَا، وَاَكْلُ مَالِ الْيَتِيمِ، وَاِنَّ الْعُمْرَةَ الْحَجُّ الْاَصْغَرِ، وَلَا يَمَسُّ الْقُرْآنَ اِلَّا طَاهِرٌ، وَلَا طَلَاقَ قَبْلَ اِمْلَاكٍ، وَلَا عِتْقَ حَتّٰى يُبْتَاعَ، وَلَا يُصَلِّيَنَّ اَحَدُكُمْ فِي ثَوْبٍ وَّاحِدٍ لَيْسَ عَلٰى مَنْكِبِهِ مِنْهُ شَيْءٌ، وَلَا يَحْتَبِيَنَّ فِي ثَوْبٍ وَّاحِدٍ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ السَّمَاءِ شَيْءٌ، وَلَا يُصَلِّيَنَّ اَحَدُكُمْ فِي ثَوْبٍ وَّاحِدٍ وَّشِقُّهُ بَادٍ، وَلَا يُصَلِّيَنَّ اَحَدُكُمْ عَاقِصًا شَعْرَهُ، وَاِنَّ مَنِ اعْتَبَطَ مُؤْمِنًا قَتْلًا عَنْ بَيِّنَةٍ، فَهُوَ قَوَدٌ اِلَّا اَنْ يَّرْضَى اَوْلِيَاءُ الْمَقْتُولِ، وَاِنَّ فِي النَّفْسِ الدِّيَةَ مِائَةٌ مِّنَ الْاِبِلِ، وَفِي الْاَنْفِ اِذَا اُوعِبَ جَدْعُهُ الدِّيَةُ، وَفِي اللِّسَانِ الدِّيَةُ، وَفِي الشَّفَتَيْنِ الدِّيَةُ، وَفِي الْبَيْضَتَيْنِ الدِّيَةُ، وَفِي الذَّكَرِ الدِّيَةُ، وَفِي الصُّلْبِ الدِّيَةُ، وَفِي الْعَيْنَيْنِ الدِّيَةُ، وَفِي الرِّجْلِ الْوَاحِدَةِ نِصْفُ الدِّيَةِ، وَفِي الْمَاْمُومَةِ ثُلُثُ الدِّيَةِ، وَفِي الْجَائِفَةِ ثُلُثُ الدِّيَةِ، وَفِي الْمُنَقِّلَةِ خَمْسَ عَشْرَةَ مِنَ الْاِبِلِ، وَفِي كُلِّ اُصْبُعٍ مِنَ الْاَصَابِعِ مِنَ الْيَدِ وَالرِّجْلِ عَشْرٌ مِّنَ الْاِبِلِ، وَفِي السِّنِّ خَمْسٌ مِّنَ الْاِبِلِ، وَفِي الْمُوضِحَةِ خَمْسٌ مِّنَ الْاِبِلِ، وَاِنَّ الرَّجُلَ يُقْتَلُ بِالْمَرْاَةِ، وَعَلَى اَهْلِ الذَّهَبِ اَلْفُ دِينَارٍ

لَفْظُ الْخَبَرِ لِحَامِدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ.

(توضیح مصنف) قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ هٰذَا هُوَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْخَوْلَانِيُّ مِنْ اَهْلِ دِمَشْقَ ثِقَةٌ مَاْمُوْنٌ، وَسُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْيَمَامِيُّ لَا شَيْءَ، وَجَمِيعًا يَرْوِيَانِ عَنِ الزُّهْرِيِّ

ابوبکر محمد اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے اہل یمن کو ایک مکتوب بھجوایا جس میں فرائض سنن اور دیت کے مطلق کچھ احکام تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے حضرت عمرو بن حزم کے ذریعے وہ مکتوب وفد بھجوایا تھا وہ اہل یمن کے سامنے پڑھا گیا اس کا نسخہ یہ ہے (یعنی اس میں یہ تحریر تھا)

''یہ محمد ﷺ نبی کی طرف سے شرحبیل بن عبد کلال، حارث بن عبد کلال، نعیم بن عبد کلال کی طرف ہے۔

امابعد! تمہارا پیغام رساں واپس جا چکا ہے تمہیں جو غنیمت عطا کی گئی اس میں سے پانچواں حصہ اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان پر زمین کے عشر کے حوالے سے لازم قرار دیا ہے (وہ تمہیں بھی ادا کرنا ہوگا) جو زمین بارش کے ذریعے سیراب ہوتی ہے یا بہتے ہوئے پانی کے ذریعے سیراب ہوتی ہے یا اس کی جڑیں زمین سے پانی کھینچ لیتی ہیں' اس میں عشر کی ادائیگی لازم ہوگی۔ جب (اس کی پیداوار) پانچ وسق تک پہنچ جائے اور جسے ڈول کے ذریعے یا مصنوعی طور پر سیراب کیا جائے۔ اس میں نصف عشر کی ادائیگی لازم ہوگی جب (اس کی پیداوار) پانچ وسق ہو جائے ہر پانچ سائمہ اونٹوں میں ایک بکری کی ادائیگی لازم ہوگی' یہاں تک کہ ان کی تعداد چوبیس ہو جائے جب وہ چوبیس سے ایک بھی زیادہ ہو جائیں۔ تو ان میں ایک بنت مخاض کی ادائیگی لازم ہوگی اگر بنت مخاض نہیں ملتی تو ابن لبون مذکر کی ادائیگی لازم ہوگی' یہاں تک کہ ان کی تعداد 35 ہو جائے جب وہ 35 سے زیادہ ہو جائیں تو ان میں ایک بنت لبون کی ادائیگی لازم ہوگی' یہاں تک کہ وہ 45 ہو جائیں جب وہ 45 سے زیادہ ہو جائیں تو ان میں حقہ کی ادائیگی لازم ہوگی جو جفتی کے قابل ہو' یہاں تک کہ ان کی تعداد 60 ہو جائے جب ان اونٹوں کی تعداد ساٹھ سے ایک

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایۃ

www.KitaboSunnat.com



بھی زیادہ ہو جائے تو اس میں ایک جذعہ کی ادائیگی لازم ہوگی' یہاں تک کہ ان کی تعداد 75 ہو جائے جب وہ 75 سے ایک بھی زیادہ ہو جائیں تو ان میں دو بنت لبون کی ادائیگی لازم ہوگی' یہاں تک کہ وہ 90 تک پہنچ جائیں جب وہ 90 سے ایک بھی زیادہ ہو جائیں تو ان دو حقہ کی ادائیگی لازم ہوگی جو جفتی کے قابل ہوں کی ادائیگی کی جائے گی ہر 30 میں باقورہ ہوگا ہر 40 سائمہ بکریوں میں سے ایک بکری کی ادائیگی لازم ہوگی' یہاں تک کہ ان کی تعداد 120 ہو جائے۔ جب وہ 120 سے ایک بھی زیادہ ہو جائیں تو ان میں 2 بکریوں کی ادائیگی لازم ہوگی' یہاں تک کہ ان کی تعداد 200 ہو جائے اور اگر ایک بھی زیادہ ہو تو تین بکریوں کی ادائیگی لازم ہوگی' یہاں تک کہ وہ 300 تک پہنچ جائیں تو اگر وہ زائد ہوں' تو ہر ایک سو میں ایک بکری کی ادائیگی لازم ہوگی۔

زکوٰۃ میں بوڑھا' کانا اور عیب والا جانور وصول نہیں کیا جائے گا اور زکوٰۃ سے بچنے کے لئے متفرق مال کو اکٹھا نہیں کیا جائے گا اور اکٹھے مال کو متفرق نہیں کیا جائے گا۔ دو شراکت داروں سے جو کچھ وصول کیا جائے گا تو اس کی ادائیگی ان دونوں سے برابری کی بنیاد پر کی جائے گی اور پانچ اوقیہ چاندی میں پانچ درہم کی ادائیگی لازم ہوگی جو اس سے زیادہ ہو تو ہر 40 درہم میں ایک درہم کی ادائیگی لازم ہوگی لیکن پانچ اوقیہ سے کم میں کوئی ادائیگی لازم نہیں ہوگی ہر 40 دینار میں ایک دینار کی ادائیگی لازم ہوگی۔

بے شک صدقہ (یعنی زکوٰۃ) محمد اور ان کے گھر والوں کے لئے حلال نہیں ہے یہ وہ زکوٰۃ ہے جس کے ذریعے تم اپنے آپ کو پاک کر لو گے۔ یہ اہل ایمان کے غریب لوگوں کو دی جائے گی۔ اللہ کی راہ میں دی جائے گی۔ غلام میں کھیت میں اور وہاں کام کرنے والوں میں کوئی ادائیگی لازم نہیں ہوگی جب کہ (کھیت) کا عشر ادا کر دیا گیا ہو اور مسلمان کے غلام میں اور اس کے گھوڑے میں کوئی چیز لازم نہیں ہوتی۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سب سے بڑا کبیرہ گناہ کسی کو اللہ کا شریک ٹھہرانا کسی مومن شخص کو ناحق طور پر قتل کرنا جنگ کے دن اللہ کی راہ میں (جہاد کرتے ہوئے) فرار اختیار کرنا، والدین کی نافرمانی، پاک دامن عورتوں پر الزام لگانا، جادو سیکھنا، سود کھانا، یتیم کا مال کھانا (شامل ہیں)

عمرہ چھوٹا حج ہے قرآن کو صرف پاک شخص ہاتھ لگائے اور مالک ہونے سے پہلے طلاق نہیں دی جا سکتی اور (غلام کو) اس وقت تک آزاد نہیں کیا جا سکتا جب تک اسے خرید نہ لیا جائے اور کوئی بھی شخص ایک کپڑا پہن کر ہرگز نماز ادا نہ کرے کہ اس کے کندھے پر کوئی چیز نہ ہو اور کوئی بھی ایک کپڑے کو احتباء کے طور پر اس طرح نہ لپیٹے کے اس کے اور آسمان کے درمیان کوئی چیز نہ ہو (یعنی اس کی شرمگاہ پر پردہ نہ ہو) کوئی بھی شخص ایک کپڑے میں اس طرح نماز ہرگز ادا نہ کرے کہ اس کا ایک پہلو ظاہر ہو رہا ہو اور کوئی بھی شخص ایسی حالت میں نماز ہرگز ادا نہ کرے کہ اس نے اپنے بالوں کا جوڑا بنایا ہوا ہو اور جو شخص کسی مومن کو قتل کرنے کے جرم میں پکڑا جاتا ہے اور ثبوت سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے تو اس سے قصاص لیا جائے گا' البتہ اگر مقتول کے ورثاء راضی ہوں (تو حکم مختلف ہو گا)

''بے شک جان کی دیت 100 اونٹ ہے جب ناک کو مکمل طور پر کاٹ دیا جائے تو اس میں بھی دیت کی ادائیگی لازم ہوگی زبان (کاٹنے میں) دیت کی ادائیگی لازم ہوگی۔ دونوں ہونٹوں میں دیت کی ادائیگی لازم ہوگی۔ دونوں آنکھوں میں دیت کی ادائیگی لازم ہوگی۔ شرم گاہ میں دیت کی ادائیگی لازم ہوگی۔ پشت میں دیت کی ادائیگی لازم ہوگی۔ دونوں آنکھوں میں دیت کی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



ادائیگی لازم ہوگی ایک ٹانگ میں نصف دیت کی ادائیگی لازم ہوگی۔ مامومہ (زخم میں) ایک تہائی دیت کی ادائیگی لازم ہوگی جائفہ (زخم میں) ایک تہائی دیت کی ادائیگی لازم ہوگی منقلہ (زخم میں) پندرہ اونٹوں کی ادائیگی لازم ہوگی۔ ہاتھ اور پاؤں کی ہر انگلی میں دس اونٹوں کی ادائیگی لازم ہوگی۔ دانت میں پانچ اونٹوں کی ادائیگی لازم ہوگی۔ موضحہ زخم میں پانچ اونٹوں کی ادائیگی لازم ہوگی۔ آدمی کو عورت کے بدلے میں قتل کر دیا جائے گا سونے کا لین دین کرنے والوں میں (دیت کی شکل میں) ایک ہزار دینار کی ادائیگی لازم ہوگی۔

روایت کے الفاظ حامد بن محمد بن شعیب کے نقل کردہ ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) سلیمان بن داؤد نامی راوی سلیمان بن داؤد خولانی ہیں۔ یہ اہل دمشق سے تعلق رکھتے ہیں یہ ثقہ اور مامون ہیں جب کہ سلیمان بن داؤد یمامی نامی راوی کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ ان دونوں راویوں نے زہری کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اُوذِىَ فِىْ اِقَامَةِ الدِّيْنِ مَا لَمْ يُؤْذَ اَحَدٌ مِّنَ الْبَشَرِ فِىْ زَمَانِهٖ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دین کی تبلیغ میں اس قدر اذیت دی گئی جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں کسی دوسرے انسان کو نہیں دی گئی

**6560** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَقَدْ اُوذِيتُ فِى اللّٰهِ وَمَا يُؤْذَى اَحَدٌ، وَلَقَدْ اُخِفْتُ فِى اللّٰهِ وَمَا يُخَافُ اَحَدٌ، وَلَقَدْ اَتَتْ عَلَىَّ ثَلَاثٌ مِّنْ بَيْنِ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ، وَمَا لِى طَعَامٌ اِلَّا مَا وَارَاهُ اِبِطُ بِلَالٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"مجھے اللہ کی راہ میں جتنی اذیت دی گئی اتنی اذیت کسی کو نہیں دی گئی اور مجھے اللہ کی راہ میں جتنا ڈرانے کی کوشش کی گئی اتنا کسی کو بھی نہیں ڈرایا گیا۔ مجھ پر تین دن ایسے بھی آئے کہ میرے پاس کھانے کے لئے صرف وہ چیز تھی جو بلال کی

---

6560– إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. وهو في "مسند أبي يعلى" (3423)، وفي "مصنف ابن أبي شيبة" 11/464 و 14/300، وأخرجه أحمد 3/120، وابن ماجه (151) في المقدمة: باب فضل سلمان وأبي ذر والمقداد، عن وكيع بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/286، والترمذي (2472) في صفة القيامة: باب رقم (34)، وفي "الشمائل" (137)، وأبو نعيم في "الحلية" 1/150 من طريقين عن حماد بن سلمة، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



بغل میں آجاتی تھی"۔

## ذِكْرُ صَبْرِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَذَى الْمُشْرِكِينَ، وَشَفَقَتِهٖ عَلٰى اُمَّتِهٖ بِاحْتِسَابِ الْاَذَى فِي الرِّسَالَةِ

## نبی اکرم ﷺ کا مشرکین کی طرف سے ملنے والی اذیت پر صبر کرنے کا تذکرہ اور آپ ﷺ کا اپنی امت پر شفقت کرنا کہ آپ ﷺ رسالت کے سلسلے میں ملنے والی اذیتوں پر ثواب کی امید رکھتے تھے

**6561** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ،

(متن حدیث): اَنَّ عَائِشَةَ، قَالَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ اَتٰى عَلَيْكَ يَوْمٌ كَانَ اَشَدَّ عَلَيْكَ مِنْ يَوْمِ اُحُدٍ؟ قَالَ: لَقَدْ لَقِيتُ مِنْ قَوْمِكِ، وَكَانَ اَشَدُّ مَا لَقِيتُ مِنْهُمْ يَوْمَ الْعَقَبَةِ، اِذْ عَرَضْتُ نَفْسِي عَلَى ابْنِ عَبْدِ يَالِيلَ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ، فَلَمْ يُجِبْنِي اِلٰى مَا اَرَدْتُ، فَانْطَلَقْتُ وَاَنَا مَهْمُومٌ عَلٰى وَجْهِي، فَرَفَعْتُ رَاْسِي، فَاِذَا اَنَا بِسَحَابَةٍ قَدْ اَظَلَّتْنِي، فَنَظَرْتُ فَاِذَا فِيهَا جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَنَادَانِي، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ قَدْ سَمِعَ قَوْلَ قَوْمِكَ لَكَ، وَمَا رَدُّوا عَلَيْكَ، وَقَدْ بَعَثَ اِلَيْكَ مَلَكَ الْجِبَالِ لِتَاْمُرَ بِمَا شِئْتَ فِيهِمْ، قَالَ: فَنَادَانِي مَلَكُ الْجِبَالِ وَسَلَّمَ عَلَيَّ، ثُمَّ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ سَمِعَ قَوْلَ قَوْمِكَ لَكَ، وَاَنَا مَلَكُ الْجِبَالِ، وَقَدْ بَعَثَنِي رَبُّكَ اِلَيْكَ لِتَاْمُرَنِي بِاَمْرِكَ، اِنْ شِئْتَ اَنْ اُطْبِقَ عَلَيْهِمُ الْاَخْشَبَيْنِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ اَرْجُو اَنْ يُخْرِجَ اللّٰهُ مِنْ اَصْلَابِهِمْ مَنْ يَعْبُدُ اللّٰهَ وَحْدَهُ لَا يُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات منقول ہے انہوں نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کی کیا آپ پر کوئی ایسا دن بھی آیا جو احد کے دن سے زیادہ سخت ہو؟ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے تمہاری قوم کی طرف سے جس سب سے زیادہ تکلیف دہ صورت حال کا سامنا کرنا پڑا وہ عقبہ کے دن تھی۔ جب میں نے ابن عبد یالیل بن کلال کو (اسلام کی) دعوت دی تو میری جو خواہش تھی اس نے اس کے مطابق مجھے جواب نہیں دیا۔ میں پریشانی کے عالم میں جا رہا تھا میں نے اپنا سر اٹھایا تو وہاں ایک بادل نے مجھ پر سایہ کیا ہوا تھا۔ جب میں نے جائزہ لیا تو اس میں حضرت جبرائیل علیہ السلام موجود تھے۔ انہوں نے مجھے بلند آواز میں کہا اور بولے آپ کی قوم نے جو آپ کو جواب دیا ہے: اللہ تعالیٰ نے اسے سن لیا ہے اور انہوں نے جو رد عمل ظاہر کیا ہے

---

6561- إسناده صحيح على شرط مسلم . رجاله رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم. وأخرجه البخاري (3231) في بدء الخلق: باب إذا قال أحدكم: آمين والملائكة في السماء ... ، و (7389) في التوحيد: باب (وكان الله سميعاً بصيراً) ، ومسلم (1795) في الجهاد: باب ما لقي النبي - صلى الله عليه وسلم - من أذى المشركين والمنافقين، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 12/106، وأبو نعيم في "دلائل النبوة" (213) ، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 47 48-، والآجري في "الشريعة" ص 459، والبيهقي في "الأسماء والصفات" ص 176 من طرق عن عبد الله بن وهب، بهذا الإسناد.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(وہ دیکھ لیا ہے) اللہ تعالیٰ نے پہاڑوں کے فرشتے کو آپ کی طرف بھیجا ہے۔ آپ ان لوگوں کے بارے میں اسے جو چاہیں حکم دیدیں نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: تو پہاڑوں کے فرشتے نے مجھے مخاطب کیا اس نے مجھ پر سلام بھیجا اور پھر بولا: اے حضرت محمد ﷺ آپ کی قوم نے آپ کو جو کہا ہے اللہ تعالیٰ نے اسے سن لیا میں پہاڑوں کا فرشتہ ہوں۔ آپ کے پروردگار نے مجھے آپ کی طرف بھیجا ہے تاکہ آپ مجھے اپنی مرضی کے مطابق حکم دیں اگر آپ چاہیں تو میں یہ پہاڑ ان پر الٹ دوں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: (جی نہیں) مجھے یہ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی پشتوں میں سے ان لوگوں کو پیدا کرے گا' جو صرف اللہ کی عبادت کریں گے' اور کسی کو اس کا شریک نہیں ٹھہرائیں گے۔

## ذِكْرُ مُقَاسَاةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانَ يُقَاسِي مِنْ قَوْمِهٖ فِيْ اِظْهَارِ الْاِسْلَامِ

### نبی اکرم ﷺ کا (تکالیف کو) برداشت کرنے کا تذکرہ' جو اسلام کی تبلیغ کے دوران آپ ﷺ نے اپنی قوم کی طرف سے برداشت کیں

**6562** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ زِيَادِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُحَارِبِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سُوْقِ ذِى الْمَجَازِ وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ حَمْرَاءُ، وَهُوَ يَقُوْلُ: يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قُوْلُوا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تُفْلِحُوا ، وَرَجُلٌ يَتْبَعُهُ يَرْمِيهِ بِالْحِجَارَةِ، وَقَدْ اَدْمٰى عُرْقُوْبَيْهِ وَكَعْبَيْهِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ، لَا تُطِيْعُوْهُ، فَاِنَّهٗ كَذَّابٌ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قِيْلَ: هٰذَا غُلَامُ بَنِىْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، قُلْتُ: فَمَنْ هٰذَا الَّذِىْ يَتْبَعُهُ يَرْمِيهِ بِالْحِجَارَةِ؟ قَالَ: هٰذَا عَبْدُ الْعُزّٰى اَبُوْ لَهَبٍ قَالَ: فَلَمَّا ظَهَرَ الْاِسْلَامُ، خَرَجْنَا فِىْ ذٰلِكَ حَتّٰى نَزَلْنَا قَرِيْبًا مِنَ الْمَدِيْنَةِ، وَمَعَنَا ظَعِيْنَةٌ لَنَا فَبَيْنَا نَحْنُ قُعُوْدٌ اِذْ اَتَانَا رَجُلٌ عَلَيْهِ ثَوْبَانِ اَبْيَضَانِ، فَسَلَّمَ، وَقَالَ: مِنْ اَيْنَ اَقْبَلَ الْقَوْمُ؟ قُلْنَا: مِنَ الرَّبَذَةِ، قَالَ: وَمَعَنَا جَمَلٌ، قَالَ: اَتَبِيْعُوْنَ هٰذَا الْجَمَلَ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ:

---

6562– إسناده صحيح . يزيد بن زياد بن أبي الجعد وثقه ابن معين وأحمد والمصنف، وروى له النسائي وابن ماجه، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير صحابيه، فمن رجال السنن.وأخرج النسائي 8/55 في القسامة: باب هل يؤخذ أحد بجريرة أحد؟ عن يوسف بن عيسى، قال: أنبأنا الفضل بن موسى، قال: لنبأنا يزيد -وهو ابن زِيَادِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ - عَنْ جَامِعِ بْنِ شداد، عن طارق المحاربي أن رجلاً قال: هؤلاء بنو ثعلبة ... فذكره.وأخرجه بطوله الحاكم 2/611-612، وعنه البيهقي في "دلائل النبوة" 5/381 حدثنا أبو العباس محمد بن يعقوب، حدثنا أحمد بن عبد المجبار، حدثنا يونس بن بكير، حدثنا يزيد بن زياد، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي.وأخرجه الدارقطني 3/44-45 عن أبي عبيد القاسم بن إسماعيل، حدثنا أحمد بن محمد بن يحيى بن سعيد القطان، حدثنا ابن نمير، عن يزيد بن زياد بن أبي الجعد، به .وأخرجه الطبراني في "الكبير" (8175) ، والبيهقي 5/380-381 من طريقين عن أبي جناب الكلبي، حدثنا جامع بن شداد، به .وأخرجه مختصراً ابن أبي شيبة 14/300 عن عبد الله بن نمير، عن يزيد بن زياد، حدثنا أبو صخرة جامع بن شداد، به . وذكره الهيثمي في "المجمع" 6/23، وقال بعد أن عزاه للطبراني: فيه أبو جناب وهو مدلس، وقد وثقه ابن حبان، وبقية رجاله رجال الصحيح.قلت: قد صرح أبو جناب بالتحديث عند البيهقي.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



بِكَمْ؟ قُلْنَا: بِكَذَا وَكَذَا صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، قَالَ: فَأَخَذَهُ، وَلَمْ يَسْتَنْقِصْنَا، قَالَ: قَدْ أَخَذْتُهُ، ثُمَّ تَوَارَى بِحِيطَانِ الْمَدِينَةِ، فَتَلَاوَمْنَا فِيمَا بَيْنَنَا، فَقُلْنَا: أَعْطَيْتُمْ جَمَلَكُمْ رَجُلًا لَا تَعْرِفُونَهُ؟ قَالَ: فَقَالَتِ الظَّعِينَةُ: لَا تَلَاوَمُوا، فَإِنِّي رَأَيْتُ وَجْهَ رَجُلٍ لَمْ يَكُنْ لِيَحْقِرَكُمْ، مَا رَأَيْتُ شَيْئًا أَشْبَهَ بِالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ مِنْ وَجْهِهِ، قَالَ: فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْعَشِيِّ أَتَانَا رَجُلٌ فَسَلَّمَ عَلَيْنَا، وَقَالَ: أَنَا رَسُولُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ لَكُمْ أَنْ تَأْكُلُوا حَتَّى تَشْبَعُوا، وَتَكْتَالُوا حَتَّى تَسْتَوْفُوا قَالَ: فَأَكَلْنَا حَتَّى شَبِعْنَا وَاكْتَلْنَا حَتَّى اسْتَوْفَيْنَا، قَالَ: ثُمَّ قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ مِنَ الْغَدِ، فَإِذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ يَخْطُبُ عَلَى الْمِنْبَرِ وَهُوَ يَقُولُ: يَدُ الْمُعْطِي يَدُ الْعُلْيَا، وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُولُ: أُمَّكَ وَأَبَاكَ، أُخْتَكَ وَأَخَاكَ، ثُمَّ أَدْنَاكَ أَدْنَاكَ، فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَؤُلَاءِ بَنُو ثَعْلَبَةَ بْنِ يَرْبُوعٍ قَتَلُوا فُلَانًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَخُذْ لَنَا بِثَأْرِنَا مِنْهُ، فَرَفَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ حَتَّى رَأَيْتُ بَيَاضَ إِبْطَيْهِ، وَقَالَ: أَلَا لَا تَجْنِي أُمٌّ عَلَى وَلَدٍ، أَلَا لَا تَجْنِي أُمٌّ عَلَى وَلَدٍ

❀❀ حضرت طارق بن عبداللہ محاربی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ذوالمجاز کے بازار میں دیکھا۔ آپ نے سرخ حلہ پہنا ہوا تھا۔ آپ یہ فرما رہے تھے اے لوگو! لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھ لو تم لوگ کامیاب ہو جاؤ گے۔ ایک شخص آپ کے پیچھے پیچھے آ رہا تھا اور آپ کو پتھر مارتا جا رہا تھا۔ اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پنڈلیاں اور ٹخنوں کو لہولہان کر دیا تھا وہ یہ کہہ رہا تھا: اے لوگو! تم اس کی بات نہ مانو یہ جھوٹ بولتا ہے۔

(راوی کہتے ہیں:) میں نے دریافت کیا: یہ کون صاحب ہیں تو بتایا گیا یہ بنو عبدالمطلب سے تعلق رکھنے والے ایک نوجوان ہیں۔ میں نے دریافت کیا: جو شخص ان کے پیچھے آ کر انہیں پتھر مار رہا ہے وہ کون ہے تو اس نے بتایا یہ عبدالعزیٰ ابولہب ہے۔

(راوی کہتے ہیں:) جب اسلام غالب آ گیا تو ہم روانہ ہوئے یہاں تک کہ ہم مدینہ منورہ کے قریب ایک جگہ پر ٹھہر گئے۔ ہمارے ساتھ ایک عورت بھی تھی۔ ابھی ہم بیٹھے ہوئے تھے اسی دوران ایک شخص ہمارے پاس آیا اس نے دو سفید کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ اس نے سلام کیا اور دریافت کیا: آپ لوگ کہاں سے آئے ہیں۔ ہم نے جواب دیا: غبزہ۔ ربذہ راوی کہتے ہیں: ہمارے ساتھ اونٹ بھی تھے۔ اس شخص نے دریافت کیا: کیا تم لوگ اس اونٹ کو فروخت کرو گے۔ ہم نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے دریافت کیا: کتنے کے عوض میں۔ ہم نے جواب دیا: کھجوروں کے اتنے اور اتنے صاع کے عوض میں۔ راوی کہتے ہیں: اس شخص سے سودا طے کر لیا اور اس نے ہمیں قیمت کم کرنے کے لئے نہیں کہا۔ وہ بولا میں یہ لے لیتا ہوں پھر وہ (اس اونٹ کو لے کر) مدینہ کے اندر چلے گئے اور (ہم سے چھپ گئے) ہم نے ایک دوسرے کو ملامت کرنا شروع کی۔ ہم نے کہا: تم نے اپنا اونٹ ایک ایسے شخص کو دیدیا ہے جس سے تم واقف ہی نہیں ہو۔ راوی کہتے ہیں: تو اس عورت نے کہا: تم لوگ ایک دوسرے کو ملامت نہ کرو کیونکہ میں نے ان صاحب کے چہرے پر ایک ایسی چیز دیکھی ہے کہ وہ تمہیں رسوائی کا شکار نہیں کریں گے۔ میں نے ایسی کوئی چیز نہیں دیکھی جو ان کے چہرے سے زیادہ چودھویں رات کے چاند سے مشابہت رکھتی ہو۔

راوی کہتے ہیں: جب شام کا وقت ہوا تو ایک شخص ہمارے پاس آیا اس نے ہمیں سلام کیا اور بولا میں اللہ کے رسول کا پیغام

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



رساں ہوں وہ یہ فرمارہے ہیں کہ تمہیں اس بات کا حق حاصل ہے کہ تم اس طرح کھاؤ کہ سیر ہو جاؤ اور اتنا ماپ لو کہ پوری ادائیگی کر لو۔

راوی کہتے ہیں: ہم نے کھایا یہاں تک کہ ہم سیر ہو گئے۔ پھر ہم نے ماپ لیا' یہاں تک کہ ہم نے پوری وصولی کر لی۔ پھر ہم اگلے دن مدینہ منورہ کے اندر آئے تو نبی اکرم ﷺ اپنے منبر پر کھڑے ہوئے خطبہ دے رہے تھے آپ یہ ارشاد فرما رہے تھے:

''دینے والا ہاتھ اوپر والا ہے اور تم اپنے زیر کفالت سے خرچ کا آغاز کرو' جو تمہاری ماں تمہارا باپ تمہاری بہن تمہارا بھائی ہے پھر درجہ بہ درجہ قریبی لوگ ہیں پھر ایک شخص کھڑا ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! بنو ثعلبہ بن یربوع نے زمانہ جاہلیت میں فلاں شخص کو قتل کر دیا تھا۔ آپ ہمیں اس سے بدلہ دلوائیں تو نبی اکرم ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کئے' یہاں تک کہ میں نے آپ کی بغلوں کی سفیدی دیکھ لی۔ آپ نے ارشاد فرمایا: خبردار! ماں بچے کی غلطی کی سزا نہیں بھگتے گی' خبردار ماں بچے کے جرم کا تاوان ادا نہیں کرے گی۔

## ذِكْرُ سَبِّ الْمُشْرِكِينَ الْقُرْآنَ وَمَنْ أَنْزَلَهُ، وَمَنْ جَاءَ بِهِ

## اس بات کا تذکرہ' مشرکین قرآن کو اور اسے نازل کرنے والے کو اور اسے لے کر آنے والے کو برا کہتے تھے

**6563** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ،

(متن حدیث): عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِي قَوْلِهِ: (وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا) (الإسراء: **110**) قَالَ: نَزَلَتْ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ مُتَوَارٍ، فَكَانَ إِذَا صَلَّى بِأَصْحَابِهِ رَفَعَ صَوْتَهُ وَإِذَا سَمِعَ ذَلِكَ

6563– إسناده صحيح . زكريا بن يحيى الواسطي، ذكره المؤلف في "الثقات" 8/253، فقال: زكريا بن يحيى بن صبيح زحمويه من أهل واسط، يروى عن هشيم وخالد، حدثنا عنه شيوخنا الحسنُ بنُ سفيان وغيرُه، وكان من المتقنين في الروايات، مات سنة خمس وثلاثين ومئتين، ووثقه الحافظ في "لسان الميزان" .2/484 ومن فوقه من رجال الشيخين، وقد صرح هُشيم بالتحديث عند غيرِ المصنف، وأبو بشر: هو جعفر بن إياس بن أبي وحشية .وأخرجه أحمد 1/23 و 215، والبخاري (4722) في تفسير سورة الإسراء : باب (وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا) ، و (7490) في التوحيد: باب قوله: (أَنْزَلَهُ بِعِلْمِهِ) ، و (7525) باب قول الله تعالى: (وَأَسِرُّوا قَوْلَكُمْ أَوِ اجْهَرُوا بِهِ) ، و ( 7547) باب قول النبي - صلى الله عليه وسلم -: "الماهر بالقرآن ..."، ومسلم (446) في الصلاة باب التوسط في القراءة في الصلاة الجهرية، والترمذي (3144) في التفسير: باب ومن سورة بني إسرائيل، والنسائي 2/177-178 في الصلاة: باب قوله عز وجل: (وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ) ، والطبري في " جامع البيان "15/184-185 و 186، والواحدي في "أسباب النزول" ص 200، والبيهقي في " السنن " 2/184، وفي " الأسماء والصفات " ص 262، والبغوي في "معالم التنزيل " 3/142 من طرق عن هشيم، بهذا الإسناد . وأخرجه النسائي 2/178، والطبري 15/185 و 186، والطبراني في "الكبير" (12454) من طرق عن الأعمش، وأخرجه الترمذي (3145) من طريق شُعبة، كلاهما عن أبي بشر، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



الْمُشْرِكُونَ سَبُّوا الْقُرْآنَ، وَمَنْ أَنْزَلَهُ، وَمَنْ جَاءَ بِهِ، فَقَالَ اللّٰهُ لِنَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ) (الإسراء : 110) ، فَتَسْمَعَ الْمُشْرِكِينَ، (وَلَا تُخَافِتْ بِهَا) (الإسراء : 110) عَنْ أَصْحَابِكَ، أَسْمِعْهُمُ الْقُرْآنَ، وَلَا تَجْهَرْ ذٰلِكَ الْجَهْرَ، (وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيلًا) (الإسراء : 110) بَيْنَ الْجَهْرِ وَالْمُخَافَتَةِ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں نقل کرتے ہیں۔

''اور تم اپنی نماز میں اپنی آواز کو زیادہ بلند بھی نہ کرو اور بالکل پست بھی نہ رکھو۔''

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں پوشیدہ طور پر رہ رہے تھے جب آپ اپنے اصحاب کو نماز پڑھاتے تھے تو بلند آواز میں تلاوت کرتے تھے جب مشرکین اس آواز کو سنتے تھے تو وہ قرآن کو اور اسے نازل کرنے والے کو اور اسے لے کر آنے والے کو برا کہتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی پر یہ بات نازل کی۔

''تم بلند آواز میں نماز ادا نہ کرو (یعنی قرأت نہ کرو)''

یوں کہ تم مشرکین تک آواز پہنچادو۔

''اور تم اسے پست بھی نہ رکھو'' یعنی یہ کہ تمہارے ساتھیوں تک بھی آواز نہ جائے' تم انہیں آواز پہنچاؤ لیکن زیادہ بلند آواز نہ کرو ''اور تم ان کے درمیان کا راستہ تلاش کرو'' یعنی زیادہ بلند اور پست کے درمیان کا راستہ تلاش کرو۔

## ذِكْرُ تَكْذِيبِ الْمُشْرِكِينَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَدِّهِمْ عَلَيْهِ مَا آتَاهُمْ بِهِ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

## اس بات کا تذکرہ' مشرکین نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کی تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کے پاس جو چیز لے کر آئے تھے وہ چیز انہوں نے مسترد کر دی تھی

**6564** - (سندِ حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ:

(متنِ حدیث): خَرَجَ جَيْشٌ مِّنَ الْمُسْلِمِينَ أَنَا أَمِيرُهُمْ، حَتّٰى نَزَلْنَا الْإِسْكَنْدَرِيَّةَ، فَقَالَ عَظِيمٌ مِّنْ عُظَمَائِهِمْ: أَخْرِجُوا إِلَيَّ رَجُلًا يُكَلِّمُنِي وَأُكَلِّمُهُ، فَقُلْتُ: لَا يَخْرُجُ إِلَيْهِ غَيْرِي، فَخَرَجْتُ وَمَعِي تُرْجُمَانِي وَمَعَهُ تُرْجُمَانُهُ حَتّٰى وُضِعَ لَنَا مِنْبَرٌ، فَقَالَ: مَا أَنْتُمْ؟ فَقُلْتُ: إِنَّا نَحْنُ الْعَرَبُ، وَنَحْنُ أَهْلُ الشَّوْكِ وَالْقَرَظِ، وَنَحْنُ أَهْلُ بَيْتِ اللّٰهِ، كُنَّا أَضْيَقَ النَّاسِ أَرْضًا، وَأَشَدَّهُمْ عَيْشًا، نَأْكُلُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ، وَيَغِيرُ بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ بِأَشَدِّ عَيْشٍ

6564- إسناده حسن، محمد بن عمرو: هو ابن علقمة بن وقاص الليثي، وهو حسن الحديث، وأبوه عمرو بن علقمة، صَحَّحَ حديثه الترمذي وابن خزيمة. والحديث أورده الهيثمي في " مجمع الزوائد " 6/218، وقال: رواه الطبراني، وفيه محمد بن عمرو بن علقمة، وهو حسن الحديث، وبقية رجاله ثقات. وأورده أيضاً الذهبي في "السير" 3/70-71 من طريق خالد بن عبد الله، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



عَاشَ بِهِ النَّاسُ، حَتّٰى خَرَجَ فِينَا رَجُلٌ لَيْسَ بِاَعْظَمِنَا - يَوْمَئِذٍ - شَرَفًا، وَلَا اَكْثَرِنَا مَالًا، وَقَالَ: اَنَا رَسُولُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ، يَاْمُرُنَا بِمَا لَا نَعْرِفُ، وَيَنْهَانَا عَمَّا كُنَّا عَلَيْهِ، وَكَانَتْ عَلَيْهِ آبَاؤُنَا، فَكَذَّبْنَاهُ، وَرَدَدْنَا عَلَيْهِ مَقَالَتَهُ، حَتّٰى خَرَجَ اِلَيْهِ قَوْمٌ مِّنْ غَيْرِنَا، فَقَالُوا: نَحْنُ نُصَدِّقُكَ، وَنُؤْمِنُ بِكَ، وَنَتَّبِعُكَ، وَنُقَاتِلُ مَنْ قَاتَلَكَ، فَخَرَجَ اِلَيْهِمْ، وَخَرَجْنَا اِلَيْهِ، فَقَاتَلْنَاهُ، فَقَتَلَنَا، وَظَهَرَ عَلَيْنَا، وَغَلَبَنَا، وَتَنَاوَلَ مَنْ يَلِيهِ مِنَ الْعَرَبِ، فَقَاتَلَهُمْ حَتّٰى ظَهَرَ عَلَيْهِمْ، فَلَوْ يَعْلَمُ مَنْ وَرَائِي مِنَ الْعَرَبِ مَا اَنْتُمْ فِيهِ مِنَ الْعَيْشِ لَمْ يَبْقَ اَحَدٌ اِلَّا جَاءَكُمْ حَتّٰى يُشْرِكَكُمْ فِيمَا اَنْتُمْ فِيهِ مِنَ الْعَيْشِ، فَضَحِكَ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ رَسُولَكُمْ قَدْ صَدَقَ، قَدْ جَاءَتْنَا رُسُلُنَا بِمِثْلِ الَّذِي جَاءَ بِهِ رَسُولُكُمْ، فَكُنَّا عَلَيْهِ حَتّٰى ظَهَرَتْ فِينَا مُلُوكٌ، فَجَعَلُوا يَعْمَلُونَ بِاَهْوَائِهِمْ، وَيَتْرُكُونَ اَمْرَ الْاَنْبِيَاءِ، فَاِنْ اَنْتُمْ اَخَذْتُمْ بِاَمْرِ نَبِيِّكُمْ لَمْ يُقَاتِلْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا غَلَبْتُمُوهُ، وَلَمْ يُشَارِكُكُمْ اَحَدٌ اِلَّا ظَهَرْتُمْ عَلَيْهِ، فَاِذَا فَعَلْتُمْ مِثْلَ الَّذِي فَعَلْنَا، وَتَرَكْتُمْ اَمْرَ نَبِيِّكُمْ وَعَمِلْتُمْ مِثْلَ الَّذِي عَمِلُوا بِاَهْوَائِهِمْ فَخَلَّى بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ لَمْ تَكُونُوا اَكْثَرَ عَدَدًا مِنَّا، وَلَا اَشَدَّ مِنَّا قُوَّةً، قَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ: فَمَا كَلَّمْتُ رَجُلًا قَطُّ اَمْكَرَ مِنْهُ

❀❀ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مسلمانوں کا ایک لشکر روانہ ہوا میں ان لوگوں کا امیر تھا' یہاں تک کہ ہم نے اسکندریہ میں پڑاؤ کیا تو ان کے رئیس نے یہ کہا ایک شخص کو میرے پاس بھیجو جو میرے ساتھ بات چیت کرے اور میں اس کے ساتھ بات چیت کروں تو میں نے کہا: اس کے پاس میرے علاوہ اور کوئی نہیں جائے گا۔ میں وہاں سے روانہ ہوا۔ میرے ساتھ میرا ترجمان تھا۔ اس کے ساتھ اس کا ترجمان تھا' یہاں تک کہ ہمارے لئے منبر رکھا گیا۔ اس نے دریافت کیا: تم کون لوگ ہو۔ میں نے جواب دیا: ہم عرب ہیں ہم کانٹوں اور پتے والے لوگ ہیں (یعنی ہمارے علاقے میں سبزہ اور ہریالی نہیں ہوتی) ہم اللہ کے گھر کے (پاس رہنے والے) لوگ ہیں۔ ہماری زمین سب سے زیادہ تنگ تھی اور ہماری زندگی سب سے زیادہ سخت تھی۔ ہم مردار اور خون بھی کھا لیا کرتے تھے۔ غرضیکہ ہم بدترین حالت میں تھے یہاں تک کہ ہمارے درمیان ایک صاحب کا ظہور ہوا جو اس وقت قدر و منزلت کے اعتبار سے ہم سب سے زیادہ عظیم نہیں تھے اور نہ ہی مال و دولت کے اعتبار سے زیادہ مال والے تھے۔ انہوں نے یہ کہا میں اللہ کا رسول ہوں جو تمہاری طرف آیا ہوں۔ انہوں نے ہمیں ان باتوں کا حکم دیا جن سے ہم آشنا نہیں تھے اور انہوں نے ہمیں ان چیزوں سے منع کیا جن پر ہم عمل پیرا ہوتے تھے اور جن پر ہمارے باپ دادا چلتے تھے۔ ہم نے ان کی تکذیب کی ہم نے ان کی بات کو مسترد کر دیا' یہاں تک کہ ان کے پاس ایک قوم آئی جو ہم سے تعلق نہیں رکھتی تھی۔ انہوں نے کہا: ہم آپ کی تصدیق کرتے ہیں۔ ہم آپ پر ایمان لاتے ہیں ہم آپ کی پیروی کرتے ہیں اور جو شخص آپ کے ساتھ لڑائی کرے گا ہم اس کے ساتھ لڑیں گے' تو وہ رسول ان کی طرف تشریف لے گئے پھر ہم ان کی طرف جانے کے لئے نکلے ہم نے ان کے ساتھ جنگ کی۔ انہوں نے ہمیں قتل کیا اور ہم پر غالب آ گئے۔ اس کے بعد وہ آس پاس کے دیگر عرب قبائل کی طرف بڑھے۔ انہوں نے ان کے ساتھ جنگیں کیں' یہاں تک ان پر بھی غالب آ گئے اگر میرے پیچھے موجود عربوں کو اس بات کا پتہ چل جائے کہ تم لوگ کس طرح کی ناز و نعمت والی زندگی گزار رہے ہو تو وہاں موجود ہر شخص تمہارے پاس آ جائے گا اور تم لوگ جس ناز و نعمت میں ہو اس بارے میں تمہارا حصہ دار بن

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایة

www.KitaboSunnat.com



جائے گا۔ اس پر وہ (یعنی کفار کا امیر) ہنس پڑا پھر وہ بولا: تمہارے رسول نے سچ کہا ہے ہمارے پاس بھی اسی طرح رسول آئے تھے جس طرح تمہارے رسول تشریف لائے۔ ہم بھی ان کی ہدایت پر گامزن رہے یہاں تک کہ ہمارے درمیان بادشاہوں نے غلبہ حاصل کرلیا۔ انہوں نے اپنی نفسانی خواہشات پر عمل کرنا شروع کردیا اور انبیاء کے احکام کو ترک کردیا تو تم لوگ جب تک اپنے نبی کے حکم پر کاربند رہو گے تمہارے ساتھ جو بھی لڑے گا تم اس پر غالب آجاؤ گے اور جو شخص تمہارا حصہ دار بننے کی کوشش کرے گا تم اس پر غالب آجاؤ گے۔ اور جب تم لوگ وہ طرز عمل اختیار کرو گے جو ہم نے کیا اور تم لوگ نبی کے حکم کو ترک کردو گے اور تم لوگ وہ عمل کرو گے جو ان لوگوں نے عمل کیا تھا جنہوں نے اپنی خواہش نفس کی پیروی کی تھی تو پھر تم ہمارا مقابلہ نہیں کرسکو گے کیونکہ عددی اعتبار سے تم ہم سے زیادہ نہیں ہو۔ قوت کے اعتبار سے تم ہم سے زیادہ زبردست نہیں ہو۔

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے کبھی ایسے کسی شخص کے ساتھ گفتگو نہیں کی جو اس شخص سے زیادہ مکار ہو۔

## ذِكْرُ تَعْيِيرِ الْمُشْرِكِينَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْاَحْوَالِ

## بعض صورتوں میں مشرکین نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر جو تنقید کرتے تھے اس کا تذکرہ

**6565** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْجَرْجَرَائِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدُبًا الْبَجَلِيَّ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَبْطَاَ جِبْرِيلُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ: قَدْ وُدِّعَ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ: (مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى) (الضحى: 3)

❀❀ حضرت جندب بجلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت جبرائیل علیہ السلام کچھ عرصے تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر نہیں ہوئے تو مشرکین نے کہنا شروع کردیا انہیں چھوڑ دیا گیا ہے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''نہ تو تمہارے پروردگار نے تمہیں چھوڑا ہے اور نہ ہی ناپسند کیا ہے۔''

## ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهِ قِيلَ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا وَصَفْنَاهُ

## اس سبب کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ بات کہی گئی جس کا ذکر ہم نے کیا ہے

**6566** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدُبًا، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اشْتَكَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَقُمْ لَيْلَةً اَوْ لَيْلَتَيْنِ، فَاَتَتْهُ امْرَاَةٌ، فَقَالَتْ:

---

6565– إسناده صحيح . رجاله رجال الشيخين غير محمد بن الصباح الجرجرائي، فقد روى له أبو داود وابن ماجه، وهو صدوق. وأخرجه مسلم (1797) (114) في الجهاد: باب ما لقي النبي - صلى الله عليه وسلم - من أذى المنافقين، والطبري في " جامع البيان " 30/231، والطبراني في "الكبير" (1712) من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد. وانظر ما بعده.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



يَا مُحَمَّدُ مَا أَرَى شَيْطَانَكَ إِلَّا قَدْ تَرَكَكَ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ: (وَالضُّحَى وَاللَّيْلِ إِذَا سَجَى مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَى) (الضحى: 2)

حضرت جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہو گئے۔ آپ ایک یا دو رات تک کھڑے نہیں ہو سکے۔ (یعنی باہر تشریف نہیں لائے) تو ایک خاتون آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ اس نے عرض کی: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم میرا خیال ہے آپ کے شیطان نے آپ کو چھوڑ دیا ہے تو اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

''چاشت کے وقت کی قسم ہے اور رات کی قسم ہے جب وہ چھا جائے' تمہارے پروردگار نے نہ تو تمہیں چھوڑا ہے اور نہ ہی ناپسند کیا ہے۔''

## ذِكْرُ بَعْضِ أَذَى الْمُشْرِكِينَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عِنْدَ دَعْوَتِهِ إِيَّاهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مشرکین کو اسلام کی دعوت دینے کے وقت مشرکین کی طرف سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو تکالیف برداشت کرنا پڑیں ان میں سے کچھ کا تذکرہ

**6567** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ: مَا أَكْثَرُ مَا رَأَيْتَ قُرَيْشًا أَصَابَتْ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيمَا كَانَتْ تُظْهِرُ مِنْ عَدَاوَتِهِ؟ قَالَ: قَدْ حَضَرْتُهُمْ وَقَدِ اجْتَمَعَ أَشْرَافُهُمْ فِي الْحِجْرِ، فَذَكَرُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: مَا رَأَيْنَا مِثْلَ مَا صَبَرْنَا عَلَيْهِ مِنْ هَذَا الرَّجُلِ قَطُّ، سَفَّهَ أَحْلَامَنَا، وَشَتَمَ آبَاءَنَا، وَعَابَ دِينَنَا، وَفَرَّقَ جَمَاعَتَنَا، وَسَبَّ آلِهَتَنَا، لَقَدْ صَبَرْنَا مِنْهُ عَلَى أَمْرٍ عَظِيمٍ، أَوْ كَمَا قَالُوا، فَبَيْنَا هُمْ فِي ذَلِكَ، إِذْ طَلَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَقْبَلَ يَمْشِي حَتَّى اسْتَلَمَ الرُّكْنَ، فَمَرَّ بِهِمْ طَائِفًا بِالْبَيْتِ، فَلَمَّا أَنْ مَرَّ بِهِمْ غَمَزُوهُ

6566- إسناده صحيح على شرط مسلم. عبد الحميد: هو عبد بن حميد صاحب "التفسير"، من رجال مسلم، ومَنْ فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه البخاري (1124) في التهجد: باب ترك القيام للمريض، و (4983) في فضائل القرآن: باب كيف نزول الوحي، والطبراني في "الكبير" (1709)، والبيهقي في "السنن" 3/14 من طرق عن أبي نعيم، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (1125)، والترمذي (3345) في التفسير: باب ومن سورة الضحى، والطبري في "جامع البيان" 30/231، والواحدي في "أسباب النزول" ص 301، والبيهقي في "دلائل النبوة" 7/58 من طرق عن سفيان، به. وأخرجه أحمد 4/312، والبخاري (4950) و (4951) في تفسير سورة الضحى: باب (مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَى)، ومسلم (1797) (115) في الجهاد: باب ما لقي النبي - صلى الله عليه وسلم - من أذى المنافقين، والطبري 30/231، والطبراني (1710) و (1711)، والبيهقي في "السنن" 3/14، وفي "دلائل النبوة" 7/59، والبغوي في "معالم التنزيل" 4/497 من طريقين عن الأسود بن قيس، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



بِبَعْضِ الْقَوْلِ، قَالَ: وَعَرَفْتُ ذٰلِكَ فِيْ وَجْهِهِ، ثُمَّ مَضَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا مَرَّ بِهِمُ الثَّانِيَةَ غَمَزُوْهُ بِمِثْلِهَا، فَعَرَفْتُ ذٰلِكَ فِيْ وَجْهِهِ، ثُمَّ مَضَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَرَّ بِهِمُ الثَّالِثَةَ، غَمَزُوْهُ بِمِثْلِهَا، ثُمَّ قَالَ: اَتَسْمَعُوْنَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ اَمَا وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، لَقَدْ جِئْتُكُمْ بِالذَّبْحِ قَالَ: فَاَخَذَتِ الْقَوْمَ كَلِمَتُهُ حَتّٰى مَا مِنْهُمْ رَجُلٌ اِلَّا لَكَاَنَّمَا عَلٰى رَاْسِهِ طَائِرٌ وَّاقِعٌ، حَتّٰى اِنَّ اَشَدَّهُمْ فِيْهِ وَطَاَةً قَبْلَ ذٰلِكَ يَتَوَقَّاهُ بِاَحْسَنِ مَا يُجِيبُ مِنَ الْقَوْلِ، حَتّٰى اِنَّهُ لَيَقُوْلُ: انْصَرِفْ يَا اَبَا الْقَاسِمِ، انْصَرِفْ رَاشِدًا، فَوَاللّٰهِ مَا كُنْتَ جَهُوْلًا، فَانْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا كَانَ مِنَ الْغَدِ اجْتَمَعُوْا فِي الْحِجْرِ وَاَنَا مَعَهُمْ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: ذَكَرْتُمْ مَا بَلَغَ مِنْكُمْ، وَمَا بَلَغَكُمْ عَنْهُ، حَتّٰى اِذَا بَادَاكُمْ بِمَا تَكْرَهُوْنَ تَرَكْتُمُوْهُ، وَبَيْنَا هُمْ فِيْ ذٰلِكَ، اِذْ طَلَعَ عَلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَثَبُوْا اِلَيْهِ وَثْبَةَ رَجُلٍ وَّاحِدٍ، وَاَحَاطُوا بِهِ، يَقُوْلُوْنَ لَهُ: اَنْتَ الَّذِيْ تَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا - لِمَا كَانَ يَبْلُغُهُمْ عَنْهُ مِنْ عَيْبِ آلِهَتِهِمْ وَدِيْنِهِمْ؟ قَالَ: نَعَمْ، اَنَا الَّذِيْ اَقُوْلُ ذٰلِكَ قَالَ: فَلَقَدْ رَاَيْتُ رَجُلًا مِنْهُمْ اَخَذَ بِمَجْمَعِ رِدَائِهِ، وَقَالَ وَقَامَ اَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ دُوْنَهُ يَقُوْلُ وَهُوَ يَبْكِيْ: اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ؟، ثُمَّ انْصَرَفُوا عَنْهُ، فَاِنَّ ذٰلِكَ لَاَشَدُّ مَا رَاَيْتُ قُرَيْشًا بَلَغَتْ مِنْهُ قَطُّ

❀❀ یحییٰ بن عروہ اپنے والد کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں ان کے والد کہتے ہیں میں نے دریافت کیا: قریش نے نبی اکرم ﷺ سے اپنی عداوت کے اظہار کے لئے جو کچھ کیا اس میں آپ نے سب سے زیادہ (شدت والی) کیا چیز دیکھی؟ تو حضرت عبداللہ نے بتایا: ایک مرتبہ میں ان لوگوں کے ساتھ موجود تھا ان کے معززین حطیم میں موجود تھے۔ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا ہم نے کوئی ایسی چیز نہیں دیکھی جس پر ہمیں اتنا صبر سے کام لینا پڑا ہوا جتنا انصاف کے حوالے سے لینا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے سمجھ دار لوگوں کو بے وقوف قرار دیا۔ کیا ہمارے آباؤ اجداد کو برا کہا۔ ہمارے دین کو غلط قرار دیا۔ ہماری اجتماعیت کے ٹکڑے ٹکڑے کئے۔ ہمارے معبودوں کو برا کہا ہم نے ان کی طرف سے ایک بڑے معاملے پر صبر سے کام لیا ہے یا جیسے بھی انہوں نے کہا: ابھی وہ لوگ وہاں بیٹھے ہوئے تھے کہ اسی دوران نبی اکرم ﷺ چلتے ہوئے تشریف لائے۔ آپ نے حجر اسود کا استلام کیا پھر آپ بیت اللہ کا طواف کرتے ہوئے ان کے پاس سے گزرے جب آپ ان کے پاس سے

6567– إسناده قوى، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن إسحاق، وهو صدوق، وقد صرح بالتحديث، فانتفت شبهة تدليسه، والحديث فى "سيرته" 1/309 .310-ومن طريقه أخرجه أحمد 2/218، والبيهقى فى "دلائل النبوة " 2/275-276 وأورده الهيثمى فى "المجمع" 6/15-16، وقال: فى الصحيح طرف منه، رواه أحمد، وقد صرح ابن إسحاق بالسّماع، وبقية رجاله رجال الصحيح. قلت: أخرج أحمد 2/204، والبخارى (3678) فى فضائل الصحابة: باب قول النبى - صلى الله عليه وسلم -: "لو كنت متخذاً خليلاً"، و (3856) فى مناقب الأنصار: باب ما لقى النبى - صلى الله عليه وسلم - وأصحابه من المشركين، و (4815) فى تفسير سورة المؤمنون، والبيهقى فى "دلائل النبوة " 2/274، والبغوى (3746) من طرق عن الوليد بن مسلم، قال: سمعت الأوزاعى، قال: حدثنا يحيى بن أبى كثير، قال: حدثنى محمد بن إبراهيم بن الحارث التيمى، قال: حدثنى عروة بن الزبير، قال: سألت عبد الله بن عمرو بن العاص قال: قلت: حدثنى بأشدّ شىء صنعه المشركون برسول الله - صلى الله عليه وسلم - ... فذكره مختصراً.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



گزرے تو انہوں نے نبی اکرم ﷺ پر آوازے کسے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں مجھے نبی اکرم ﷺ کے چہرے پر (ناپسندیدگی) کا اندازہ ہوگیا' لیکن نبی اکرم ﷺ چلتے رہے جب آپ دوسری مرتبہ ان کے پاس سے گزرے تو انہوں نے پھر آپ پر آوازے کسے' جس کے (ملال) کا اندازہ مجھے نبی اکرم ﷺ کے چہرے پر ہوگیا لیکن نبی اکرم ﷺ تشریف لے گئے۔ جب آپ تیسری مرتبہ ان کے پاس سے گزرے تو ان لوگوں نے پھر اسی طرح کیا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے قریش کے گروہ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں محمد ﷺ کی جان ہے میں تمہارے پاس ذبح کے ہمراہ آیا ہوں۔ (یعنی تم سب لوگ مارے جاؤ گے) یہ سن کر انہیں سانپ سونگھ گیا' یہاں تک کہ ان میں سے ہر ایک شخص کی یہ حالت ہوگئی جیسے اس کے سر پر پرندہ بیٹھا ہوا ہے حالانکہ نبی اکرم ﷺ کو ان کی طرف سے اس سے پہلے بھی شدید صورت حال کا سامنا کرنا پڑا تھا لیکن آپ ہمیشہ نرمی سے جواب دیا کرتے تھے۔ (اتنا سخت جواب سن کر) انہوں نے یہ کہا اے ابوالقاسم آپ تشریف لے جائیے۔ آپ ایسی حالت میں تشریف لے جائیے کہ آپ رہنمائی کرنے والے ہوں۔ اللہ کی قسم! آپ تو جہالت کا مظاہرہ نہیں کرتے تھے۔ (یعنی کلام میں شدت کا مظاہرہ نہیں کرتے تھے) تو نبی اکرم ﷺ تشریف لے گئے یہاں تک کہ جب اگلا دن آیا تو وہ لوگ پھر حطیم میں اکٹھے ہوئے۔ میں بھی ان کے ساتھ تھا۔ ان میں سے ایک نے دوسرے سے کہا تمہیں یاد ہے تم نے انہیں کیا بات کہی تھی اور انہوں نے تمہیں کیا بات کہی تھی' یہاں تک کہ جب انہوں نے تمہارے سامنے اس چیز کو ظاہر کیا جو تمہیں پسند نہیں آئی تو پھر تم نے انہیں چھوڑ ا ابھی یہ لوگ یہی باتیں کر رہے تھے کہ اسی دوران نبی اکرم ﷺ تشریف لے آئے تو وہ سب مل کر نبی اکرم ﷺ کی طرف بڑھے۔ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو گھیر لیا۔ انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا: کیا آپ ہی نے یہ بات کہی تھی اور یہ بات کہی تھی یعنی وہ باتیں جو نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے پہنچی تھیں کہ آپ ان کے معبودوں اور ان کے دین کو غلط قرار دیتے ہیں تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہاں میں نے یہ بات کہی تھی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے ان میں سے ایک شخص کو دیکھا کہ اس نے نبی اکرم ﷺ کی چادر کو پکڑا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کے آگے کھڑے ہوئے' وہ رو رہے تھے اور یہ کہہ رہے تھے: کیا تم ایک ایسے شخص کے ساتھ مقابلہ کر رہے ہو؟ جو یہ کہتا ہے کہ میرا پروردگار اللہ ہے پھر وہ لوگ نبی اکرم ﷺ کو چھوڑ کر چلے گئے۔

(حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) قریش کے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ برے سلوک کی یہ سب سے سخت صورت حال تھی جو میں نے دیکھی۔

## ذِكْرُ رَمْيِ الْمُشْرِكِينَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجُنُوْنِ

## اس بات کا تذکرہ' مشرکین نے نبی اکرم ﷺ پر مجنون ہونے کا الزام عائد کیا تھا

**6568** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِيْ هِنْدَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): اَنَّ ضِمَادًا قَدِمَ مَكَّةَ مِنْ اَزْدِ شَنُوْءَةَ، وَكَانَ يَرْقِي مِنْ هٰذِهِ الرِّيحِ، فَسَمِعَ سُفَهَاءَ مِنْ اَهْلِ مَكَّةَ يَقُولُونَ: اِنَّ مُحَمَّدًا مَجْنُونٌ، فَقَالَ: لَوْ اَنِّي رَاَيْتُ هٰذَا الرَّجُلَ لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَشْفِيَهُ عَلٰى يَدَيَّ، قَالَ: فَلَقِيَهُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، اِنِّي اَرْقِي مِنْ هٰذِهِ الرِّيحِ، وَاِنَّ اللّٰهَ يَشْفِي عَلٰى يَدَيَّ مَنْ شَاءَ فَهَلْ لَكَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِينُهُ، مَنْ يَهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهُ، وَاَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، اَمَّا بَعْدُ ، فَقَالَ: اَعِدْ عَلَيَّ كَلِمَاتِكَ هٰذِهِ، فَاَعَادَهَا عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ: لَقَدْ سَمِعْتُ قَوْلَ الْكَهَنَةِ، وَقَوْلَ السَّحَرَةِ، وَقَوْلَ الشُّعَرَاءِ، فَمَا سَمِعْتُ مِثْلَ كَلِمَاتِكَ هٰؤُلَاءِ، هَاتِ يَدَكَ اُبَايِعْكَ عَلَى الْاِسْلَامِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَعَلٰى قَوْمِكَ؟ ، فَقَالَ: وَعَلٰى قَوْمِي، قَالَ: فَبَايَعَهُ، فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً، فَمَرُّوا بِقَوْمِهِ، فَقَالَ صَاحِبُ السَّرِيَّةِ لِلْجَيْشِ: هَلْ اَصَبْتُمْ مِنْ هٰؤُلَاءِ شَيْئًا؟ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: اَصَبْتُ مِنْهُمْ مِطْهَرَةً، قَالَ: رُدُّوهَا، فَاِنَّ هٰؤُلَاءِ قَوْمُ ضِمَادٍ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں ضماد نامی جس کا تعلق ازد شنوءہ سے تھا وہ مکہ آیا وہ ہوا (یعنی ذہنی خرابی) کا دم کیا کرتا تھا۔

اہل مکہ کے بے وقوف لوگ یہ کہتے تھے: حضرت محمد ﷺ کو جنون لاحق ہوگیا ہے اس شخص نے کہا: اگر میں اس شخص کو دیکھ لوں تو ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ اسے میرے ذریعے شفا دیدے۔ راوی کہتے ہیں: اس کی ملاقات نبی اکرم ﷺ سے ہوئی' اس نے کہا: اے حضرت محمد ﷺ میں اس ہوا (یعنی ذہنی توازن خراب ہونے) کا دم کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے میرے ذریعے شفا دیدیتا ہے تو کیا آپ کو اس میں کوئی دلچسپی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

"بے شک ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے۔ ہم اسی کی حمد بیان کرتے ہیں' اور اسی سے مدد طلب کرتے ہیں جس شخص کو اللہ تعالیٰ ہدایت دیدے اسے کوئی گمراہ نہیں کرسکتا اور جسے وہ گمراہ رہنے دے اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا۔ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے وہی ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور حضرت محمد ﷺ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ امابعد"

اس شخص نے کہا: آپ اپنے یہ کلمات میرے سامنے دوبارہ دہرائیے تو نبی اکرم ﷺ نے تین مرتبہ یہ کلمات اس کے سامنے دہرادیئے۔ اس شخص نے کہا: میں نے کاہنوں کا کلام سنا ہے جادوگروں کا کلام سنا ہے شاعروں کا کلام سنا ہے لیکن میں نے آپ کے

6568- إسناده صحيح على شرط مسلم. عبد الأعلى: هو ابن عبد الأعلى. وأخرجه مسلم (868) في الجمعة: باب تخفيف الصلاة والخطبة، وابن منده في " الإيمان " (132) ، والبيهقي 3/214، وابن الأثير في "أسد الغابة" 3/56-57 من طريق محمد بن المثنى، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم وابن منده من طريقين عن عبد الأعلى، به. وأخرجه مختصراً أحمد 1/350، والنسائي 6/89-90 في النكاح: باب ما يستحب من الكلام عند النكاح، وابن ماجه (1893) في النكاح: باب خطبة النكاح، من طرق عن داود بن أبي هند، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



ان کلمات کی مانند کوئی کلام نہیں سنا۔ آپ اپنا ہاتھ آگے کیجئے تا کہ میں آپ کے دست اقدس پر اسلام کی بیعت کروں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہاری قوم بھی کرے گی؟ اس نے کہا: میری قوم بھی کرے گی۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم ﷺ نے اس سے بیعت لے لی پھر نبی اکرم ﷺ نے ایک جنگی مہم روانہ کی۔ ان لوگوں کا گزر ایک قوم کے پاس سے ہوا تو اس لشکر کے امیر نے اپنے لشکر سے کہا کیا تم نے ان لوگوں سے کوئی چیز لی ہے تو حاضرین میں سے ایک صاحب نے کہا: میں نے ان سے ایک لوٹا لیا ہے تو امیر نے کہا: تم وہ انہیں واپس کر دو کیونکہ یہ ضماد کی قوم کے افراد ہیں۔

## ذِكْرُ جَعْلِ الْمُشْرِكِينَ رِدَاءَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عُنُقِهِ، عِنْدَ تَبْلِيغِهِ اِيَّاهُمْ رِسَالَةَ رَبِّهِ جَلَّ وَعَلَا

## اس بات کا تذکرہ جب نبی اکرم ﷺ نے مشرکین کو اپنے پروردگار کی رسالت کی تبلیغ کی اس وقت انہوں نے نبی اکرم ﷺ کی چادر آپ ﷺ کی گردن میں (ڈال کر اسے کھینچا تھا)

**6569** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا رَاَيْتُ قُرَيْشًا اَرَادُوْا قَتْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا يَوْمًا رأيتهم * وَهُمْ جُلُوْسٌ فِيْ ظِلِّ الْكَعْبَةِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عِنْدَ الْمَقَامِ، فَقَامَ اِلَيْهِ عُقْبَةُ بْنُ اَبِيْ مُعَيْطٍ، فَجَعَلَ رِدَاءَهُ فِيْ عُنُقِهِ، ثُمَّ جَذَبَهُ حَتّٰى وَجَبَ لِرُكْبَتَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَتَصَايَحَ النَّاسُ، فَظَنُّوا اَنَّهُ مَقْتُوْلٌ، قَالَ: وَاَقْبَلَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَشْتَدُّ حَتّٰى اَخَذَ بِضَبْعَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ وَرَائِهِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ، ثُمَّ انْصَرَفُوا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَضٰى صَلَاتَهُ مَرَّ بِهِمْ وَهُمْ جُلُوْسٌ فِيْ ظِلِّ الْكَعْبَةِ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ اَمَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ، مَا اُرْسِلْتُ اِلَيْكُمْ اِلَّا بِالذَّبْحِ، وَاَشَارَ بِيَدِهِ اِلٰى حَلْقِهِ، فَقَالَ لَهُ اَبُوْ جَهْلٍ: يَا مُحَمَّدُ، مَا كُنْتَ جَهُوْلًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْتَ مِنْهُمْ

❁❁ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے قریش کو نہیں دیکھا کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو قتل کرنے کا ارادہ کیا ہو۔ صرف ایک دن ایسا ہوا میں نے انہیں دیکھا کہ وہ خانہ کعبہ کے سائے میں بیٹھے ہوئے تھے اور نبی اکرم ﷺ مقام ابراہیم

6569- إسناده حسن، محمد بن عمرو بن علقمة صدوق حسن الحديث روى له البخاري مقرونا، ومسلم متابعة، وباقي رجاله رجال الشيخين. وهو في "مسند أبي يعلى" 343/1، و "مصنف ابن أبي شيبة" 14/297. وأخرجه البخاري في "خلق أفعال العباد" (308)، وأبو نعيم في "دلائل النبوة" (159) من طريقين عن عبد الأعلى بن عبد الأعلى، عن محمد بن عمرو، بهذا الإسناد. وأورده الهيثمي في "مجمع الزوائد" 6/16، وقال: رواه أبو يعلى والطبراني، وفيه محمد بن عمرو بن علقمة، وحديثه حسن، وبقية رجال الطبراني رجال الصحيح.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



کے پاس نماز ادا کر رہے تھے تو عقبہ بن ابو معیط اٹھ کر نبی اکرم ﷺ کی طرف گیا۔ اس نے نبی اکرم ﷺ کی چادر آپ کی گردن میں ڈالی اور پھر اسے کھینچا' یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ گھٹنوں کے بل گر پڑے۔ لوگوں نے چیخنا شروع کر دیا۔ وہ یہ سمجھے کہ شاید آپ شہید ہو گئے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: اسی دوران حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے۔ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو پیچھے سے دونوں بازوؤں سے پکڑا وہ یہ کہہ رہے تھے کیا تم ایک ایسے شخص کو مارنا چاہتے ہو جو یہ کہتا ہے میرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے پھر وہ لوگ نبی اکرم ﷺ کو چھوڑ کر چلے گئے۔ نبی اکرم ﷺ کھڑے ہوئے جب نبی اکرم ﷺ نے اپنی نماز مکمل کر لی تو آپ ان لوگوں کے پاس سے گزرے۔ وہ لوگ اس وقت خانہ کعبہ کے سائے میں بیٹھے ہوئے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے قریش کے گروہ مجھے تمہاری طرف صرف ذبح کرنے کے لئے بھیجا گیا ہے (یعنی تم سب لوگ میرے ساتھ جنگ کرتے ہوئے مارے جاؤ گے) نبی رم ﷺ نے اپنے دست مبارک کے ذریعے اپنے حلق کی طرف اشارہ کر کے یہ بات کہی تو ابوجہل نے نبی اکرم ﷺ سے کہا اے حضرت محمد ﷺ آپ تو سختی سے جواب دینے والے نہیں ہیں تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم بھی ان میں شامل ہو گے (یعنی جو لوگ ان میں مارے جائیں گے)

## ذِكْرُ طَرْحِ الْمُشْرِكِينَ سَلَى الْجَزُورِ عَلٰى ظَهْرِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

### اس بات کا تذکرہ' مشرکین نے اونٹ کی اوجھ نبی اکرم ﷺ کی پشت پر رکھ دی تھی

**6570** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اِسْحَاقَ، يُحَدِّثُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدٌ وَّحَوْلَهُ نَاسٌ، اِذْ جَاءَ عُقْبَةُ بْنُ اَبِىْ مُعَيْطٍ بِسَلٰى جَزُوْرٍ فَقَذَفَهُ عَلٰى ظَهْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَرْفَعْ رَاْسَهُ، فَجَاءَتْ فَاطِمَةُ، فَاَخَذَتْهُ مِنْ ظَهْرِهِ، وَدَعَتْ عَلٰى مَنْ صَنَعَ ذٰلِكَ، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ الْمَلَاَ مِنْ قُرَيْشٍ اَبَا جَهْلِ بْنَ هِشَامٍ، وَعُتْبَةَ بْنَ رَبِيْعَةَ، وَشَيْبَةَ بْنَ رَبِيْعَةَ، وَعُقْبَةَ بْنَ اَبِىْ مُعَيْطٍ، وَاُمَيَّةَ بْنَ خَلَفٍ، اَوْ اُبَيَّ بْنَ خَلَفٍ، شَكَّ شُعْبَةُ، قَالَ: فَلَقَدْ

6570- إسناده صحيح على شرط الشيخين. محمد: هو ابن جعفر الملقب بغندر، وأبو إسحاق: هو السبيعي، وسماع شعبة منه قديم. وأخرجه البخاري (3854) في مناقب الأنصار: باب ما لقي النبي - صلى الله عليه وسلم - وأصحابه من المشركين بمكة، ومسلم (1794) (108) في الجهاد: باب ما لقي النبي - صلى الله عليه وسلم - من أذى المشركين، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/393 عن محمد بن جعفر، به. وأخرجه البخاري (240) في الوضوء: باب إذا ألقي على ظهر المصلي قذر أو جيفة لم تفسد عليه الصلاة، ومسلم، والبيهقي في "دلائل النبوة" 2/278 من طرق عن شعبة، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 14/298، وأحمد 1/417، والبخاري (240) في الوضوء، و (520) في الصلاة: باب المرأة تطرح عن المصلي شيئاً من الأذى، و (2934) في الجهاد: باب الدعاء على المشركين بالهزيمة والزلزلة، و (3960) في المغازي: باب دعاء النبي - صلى الله عليه وسلم - على كفار قريش، ومسلم، والنسائي 1/161-162 في الطهارة: باب فرث ما يؤكل لحمه يصيب الثوب، واللالكائي في "أصول الاعتقاد" (1418) و (1419)، والبزار (2399)، والبيهقي في "السنن" 9/7-8، وفي "دلائل النبوة" 2/279 و 2/280-279 و 3/82-83، والبغوي (3745) من طرق عن أبي إسحاق، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



رَاَیْتُهُمْ یَوْمَ بَدْرٍ وَّاُلْقُوا فِیْ بِئْرٍ، غَیْرَ اَنَّ اُمَیَّةَ تَقَطَّعَتْ اَوْصَالُهٗ، فَلَمْ یُلْقَ فِی الْبِئْرِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ سجدے کی حالت میں تھے آپ کے اردگرد کچھ لوگ موجود تھے۔اسی دوران عقبہ بن ابومعیط ایک (اونٹ کی) اوجھ لے کر آیا اور اسے نبی اکرم ﷺ کی پشت پر رکھ دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنا سر نہیں اٹھایا۔سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا آئیں انہوں نے نبی اکرم ﷺ کی پشت سے اسے ہٹایا اور جس نے ایسا کیا تھا اس کے خلاف دعائے ضرر کی۔ نبی اکرم ﷺ نے دعا کی۔

''اے اللہ قریش کے کچھ افراد کو اپنی گرفت میں لے۔ابوجہل بن ہشام،عتبہ بن ربیعہ،شیبہ بن ربیعہ،عقبہ بن ابومعیط، اُمیہ بن خلف (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اُبی بن خلف'' یہ شک شعبہ نامی راوی کو ہے''۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ بدر کے موقع پر میں نے ان سب لوگوں کو دیکھا کہ ان کی (لاشوں کو) ایک کنویں میں ڈال دیا گیا۔صرف اُمیہ کو نہیں ڈالا گیا کیونکہ اس کے جسم کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے تھے۔اسے کنویں میں نہیں ڈالا گیا۔

## ذِكْرُ هَمِّ اَبِیْ جَهْلٍ اَنْ یَّطَاَ رَقَبَةَ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

## اس بات کا تذکرہ'ابوجہل نے یہ ارادہ کیا تھا کہ وہ نبی اکرم ﷺ کی گردن پر پاؤں رکھ دے گا

**6571** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ الدَّوْرَقِیُّ بْنُ سُلَیْمَانَ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ نُعَیْمِ بْنِ اَبِیْ هِنْدَ، عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ اَبُوْ جَهْلٍ: هَلْ یُعَفِّرُ مُحَمَّدٌ وَّجْهَهٗ بَیْنَ اَظْهُرِكُمْ، فَبِالَّذِیْ یُحْلَفُ بِهٖ لَئِنْ رَاَیْتُهٗ یَفْعَلُ ذٰلِكَ لَاَطَاَنَّ عَلٰی رَقَبَتِهٖ، فَاَتٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ یُصَلِّیْ لِیَطَاَ عَلٰی رَقَبَتِهٖ، قَالَ: فَمَا فَجَاَهُمْ اِلَّا اَنَّهٗ یَتَّقِیْ بِیَدِهٖ، وَیَنْكُصُ عَلٰی عَقِبَیْهِ، فَاَتَوْهُ، فَقَالُوْا: مَا لَكَ یَا اَبَا الْحَكَمِ؟ قَالَ: اِنَّ بَیْنِیْ وَبَیْنَهٗ لَخَنْدَقًا مِنْ نَارٍ وَّهَوْلًا وَاَجْنِحَةً، قَالَ اَبُو الْمُعْتَمِرِ: فَاَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: (اَرَاَیْتَ الَّذِیْ یَنْهٰی عَبْدًا اِذَا صَلّٰی) (العلق: 10) اِلٰی آخِرِهٖ (فَلْیَدْعُ نَادِیَهٗ) (العلق: 17)، قَالَ قَوْمُهٗ: (سَنَدْعُ الزَّبَانِیَةَ) (العلق: 18) قَالَ الْمَلَائِكَةُ: (لَا تُطِعْهُ) (العلق: 19)، ثُمَّ اَمَرَهٗ بِمَا اَمَرَهٗ مِنَ السُّجُوْدِ فِیْ آخِرِ السُّوْرَةِ، قَالَ: فَبَلَغَنِیْ عَنِ الْمُعْتَمِرِ فِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ دَنَا مِنِّیْ لَاخْتَطَفَتْهُ الْمَلَائِكَةُ عُضْوًا عُضْوًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ابوجہل نے کہا: کیا تم لوگوں کے درمیان حضرت محمد ﷺ اپنے چہرے کو بچا

6571- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله رجال الشيخين غير نعيم بن أبي هند، فمن رجال مسلم. أبو حازم: هو سلمة بن دينار الأشجعي. وأخرجه أحمد 2/370، ومسلم (2797) في صفات المنافقين: باب قوله تعالى: (إِنَّ الْإِنْسَانَ لَيَطْغَى)، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 10/92، والطبري في "جامع البيان" 30/256، وأبو نعيم (158)، والبيهقي 2/89، والبغوي في "معالم التنزيل" 4/507-508 من طرق عن معتمر بن سليمان، بهذا الإسناد. وأورده السيوطي في "الدر المنثور" 8/565، وزاد نسبته لابن المنذر وابن مردويه.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



سکتے ہیں۔اس ذات کی قسم! جس کے نام کا حلف اٹھایا جاتا ہے اگر میں نے انہیں ایسا کرتے ہوئے دیکھا تو میں ان کی گردن پر پاؤں رکھ دوں گا پھر وہ نبی اکرم ﷺ کی طرف آیا تا کہ آپ کی گردن پر پاؤں رکھے۔ نبی اکرم ﷺ اس وقت نماز ادا کر رہے تھے۔ راوی بیان کرتے ہیں: تھوڑی ہی دیر کے بعد یوں لگا جیسے وہ اپنے ہاتھ کے ذریعے کسی چیز سے بچنا چاہتے ہیں اور وہ الٹے قدموں واپس مڑ گیا۔ دوسرے لوگ اس کے پاس آئے اور انہوں نے دریافت کیا: اے ابوالحکم آپ کو کیا ہوا ہے۔ اس نے کہا: میرے اور ان کے درمیان آگ کی ایک خندق تھی اور ہولنا کی تھی اور پر تھے۔ (یعنی غیر مرئی مخلوق تھی)

ابو معتمر نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کئے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جو اس بندے کو روک رہا تھا جو نماز ادا کر رہا تھا''۔ یہ آیت آخر تک ہے۔

''تو اسے چاہئے کہ وہ اپنی نادی کو بلالے'' یعنی اپنی قوم کو بلالے۔

''ہم زبانیہ کو بلالیں گے'' یعنی فرشتوں کو

''تم اس کی بات نہ مانو''۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کو یہ حکم دیا کہ اس سورت کے آخر میں سجدہ تلاوت کرنا ہے۔

راوی کہتے ہیں: معتمر کے حوالے سے یہ روایت بھی ہم تک پہنچی ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''اگر وہ میرے قریب ہوتا تو فرشتے اس کا ایک ایک عضو اچک لیتے۔''

## ذِكْرُ تَسْمِيَةِ الْمُشْرِكِينَ صَفِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّنَيْبِرَ وَالْمُنْبَتِرَ

## اس بات کا تذکرہ مشرکین نے اللہ کے محبوب ﷺ کو صنبیر اور منتبر (یعنی جس کی اولاد نرینہ نہ ہونے کی وجہ سے اس کی نسل ختم ہو جائے) کا نام دیا

**6572** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عَدِيٍّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا قَدِمَ كَعْبُ بْنُ الْاَشْرَفِ مَكَّةَ اَتَوْهُ، فَقَالُوا: نَحْنُ اَهْلُ السِّقَايَةِ وَالسِّدَانَةِ، وَاَنْتَ سَيِّدُ

6572– إسناده صحيح على شرط الصحيح. ابن أبي عدى: هو محمد بن إبراهيم .وأخرجه الطبرى فى "جامع البيان" 30/330 عن محمد بن بشار بهذا الإسناد.وأخرجه الطبرى (9786) ، والبزار كما فى "تفسير ابن كثير " 4/598 من طريقين عن ابن أبى عدى، به، وقال ابن كثير: وهو إسناد صحيح.وأخرجه البزار (2293) عن الحسن بن على الواسطى، عن يحيى بن راشد، عن داود بن أبى هند، به.وأخرجه الطبرانى (11645) من طريق يونس بن سليمان الحمال، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دينار، عن عكرمة، به. وأورده الهيثمى فى " المجمع " 6-7/5، وقال: فيه يونس بن سليمان الحمال، ولم أعرفه، وبقية رجاله رجال الصحيح.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



أَهْلِ يَثْرِبَ، فَنَحْنُ خَيْرٌ أَمْ هٰذَا الصُّنَيْبِيرُ الْمُنْبَتِرُ مِنْ قَوْمِهِ، يَزْعُمُ أَنَّهُ خَيْرٌ مِّنَّا، فَقَالَ: أَنْتُمْ خَيْرٌ مِّنْهُ، فَنَزَلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ) (الكوثر: 3)، وَنَزَلَتْ: (أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ أُوتُوا نَصِيبًا مِنَ الْكِتَابِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا هٰؤُلَاءِ أَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا سَبِيلًا) (النساء: 51)

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب (یہودیوں کا سردار) کعب بن اشرف مکہ آیا تو لوگ اس کے پاس آئے اور بولے ہم سقایہ کو سدانہ کی خدمات سرانجام دیتے ہیں اور آپ اہل یثرب کے سردار ہیں۔ ہم زیادہ بہتر ہیں یا یہ صاحب زیادہ بہتر ہیں جو اپنی قوم سے لاتعلق ہو چکے ہیں اور وہ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ ہم سے بہتر ہیں تو کعب بن اشرف نے کہا: تم لوگ ان سے بہتر ہو تو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول پر یہ آیت نازل کی۔

''بے شک تمہارے دشمن کا نام ونشان نہیں رہے گا۔''

اور یہ آیت نازل ہوئی:

''کیا تم نے ان لوگوں کی طرف دیکھا جنہیں کتاب میں سے حصہ دیا گیا لیکن وہ پھر بھی جبت اور طاغوت پر ایمان رکھتے ہیں اور کافروں سے کہتے ہیں کہ وہ لوگ ان لوگوں کے مقابلے میں زیادہ ہدایت یافتہ ہیں جو ایمان لائے۔''

## ذِكْرُ سُؤَالِ الْمُشْرِكِيْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَرْدَ الْفُقَرَاءِ عَنْهُ

## اس بات کا تذکرہ مشرکین نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مطالبہ کیا کہ وہ غریب لوگوں کو اپنے سے دور کر دیں

**6573** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ الْحَارِثِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ سِتَّةُ نَفَرٍ، فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ: اُطْرُدْ هٰؤُلَاءِ عَنْكَ، فَإِنَّهُمْ وَإِنَّهُمْ، وَكُنْتُ أَنَا وَابْنُ مَسْعُوْدٍ وَرَجُلٌ مِّنْ هُذَيْلٍ، وَبِلَالٌ، وَرَجُلَانِ نَسِيْتُ أَحَدَهُمَا، قَالَ:

---

6573– إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه في "صحيحه" (2413) في فضائل الصحابة: باب في فضل سعد بن أبي وقاص -رضي الله عنه- من طريق إسرائيل بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 3/289، وابن ماجه (4128) في الزهد: باب مجالسة الفقراء، وعبد بن حميد (131)، والطبري في "جامع البيان" (13263)، وصححه الحاكم 3/319 من طرق عن المقدام بن شريح به. وأورده السيوطي في "الدر المنثور" 3/13، وزاد نسبته لأحمد، وللفريابي، وابن المنذر، وابن أبي حاتم، وأبي الشيخ، وابن مردويه، وأبي نعيم في "الحلية"، والبيهقي في "الدلائل."

6574– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 3/99، والترمذي (3052) في التفسير: باب ومن سورة آل عمران عن هشيم، والترمذي (3503) عن يزيد بن هارون بهذا الإسناد. وقال الترمذي: حسن صحيح. وأخرجه أحمد 3/206، وابن ماجة (4027) في الفتن: باب الصبر على البلاء، والطبري في "جامع البيان" (7805) و (7806) و (7807) وابن إسحاق في "السيرة" 3/84، والواحدي في "أسباب النزول" ص 80، والبغوي (3748) من طرق عن حميد الطويل به. وانظر ما بعده.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



فَوَقَعَ فِي نَفْسِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ذٰلِكَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، وَحَدَّثَ بِهِ نَفْسَهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: (وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهُ) (الأنعام: 52) إِلٰى قَوْلِهِ: (الظّٰلِمِيْنَ) (الأنعام: 52)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ ہم چھ آدمی تھے۔ مشرکین نے کہا: ان لوگوں کو اپنے سے دور کر دیں یہ لوگ ایسے ہیں اور ویسے ہیں (راوی کہتے ہیں:) میں تھا' عبداللہ بن مسعود تھے۔ ہذیل قبیلے سے تعلق رکھنے والا ایک شخص تھا بلال تھے اور دو آدمی اور تھے جن میں سے میں ایک کو بھول چکا ہوں۔ راوی کہتے ہیں: تو اس بارے میں جو اللہ کو منظور تھا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذہن میں خیال آیا اور آپ نے اسے اپنے ذہن میں اسے سوچا (کہ ہم لوگوں کو اپنے پاس سے اٹھا دیتے ہیں) تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''اور تم ان لوگوں کو پرے نہ کرو' جو صبح وشام اپنے پروردگار کی عبادت کرتے ہیں اور وہ صرف اس کی رضامندی چاہتے ہیں'' یہ آیت یہاں تک ہے ''ظلم کرنے والے''۔

## ذِكْرُ مَا أُصِيبَ مِنْ وَجْهِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ إِظْهَارِهِ رِسَالَةَ رَبِّهِ جَلَّ وَعَلَا

## اس بات کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے پروردگار کی رسالت کی تبلیغ کے وقت چہرے پر (زخم لاحق ہوئے تھے)

**6574** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، وَيَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَا: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ:

(متن حدیث): أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ يَوْمَ أُحُدٍ، وَشُجَّ وَجْهُهُ حَتّٰى سَالَ الدَّمُ عَلٰى وَجْهِهِ، فَقَالَ: كَيْفَ يُفْلِحُ قَوْمٌ فَعَلُوا هٰذَا بِنَبِيِّهِمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَدْعُوْهُمْ إِلٰى رَبِّهِمْ، فَنَزَلَتْ: (لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُوْنَ) (آل عمران: 128)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ اُحد کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کے دانت زخمی ہو گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ زخمی ہو گیا' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے سے خون بہنے لگا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایسی قوم کیسے فلاح پا سکتی ہے' جو اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ یہ سلوک کرتی ہے حالانکہ وہ ان کو ان کے پروردگار کی طرف دعوت دیتا ہے تو یہ آیت نازل ہوئی:

''تمہارا اس معاملے سے کوئی واسطہ نہیں ہے' خواہ اللہ تعالیٰ انہیں توبہ کی توفیق دے' یا انہیں عذاب دے' بے شک یہ لوگ ظلم کرنے والے ہیں۔''

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ احْتِمَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّدَائِدَ فِيْ اِظْهَارِ مَا اَمَرَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا

## اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کو (جو تبلیغ) کرنے کا حکم دیا' اس کے اظہار میں نبی اکرم ﷺ نے جو تکالیف برداشت کیں' ان کا تذکرہ

**6575** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَوْمَ اُحُدٍ يَسْلُتُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: كَيْفَ يُفْلِحُ قَوْمٌ شَجُّوا نَبِيَّهُمْ، وَكَسَرُوا رَبَاعِيَتَهُ، وَهُوَ يَدْعُوْهُمْ اِلَى اللّٰهِ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ: (لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ) (آل عمران: 128)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ اُحد کے موقع پر نبی اکرم ﷺ اپنے چہرے سے خون پونچھ رہے تھے اور یہ فرما رہے تھے۔ ایسی قوم کیسے فلاح پا سکتی ہے' جو اپنے نبی کو زخمی کر دیتی ہے اور ان کے دانتوں کو زخمی کر دیتی ہے حالانکہ وہ نبی ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''تمہارا اس معاملے سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔''

**6576** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَكٰى نَبِيًّا مِنَ الْاَنْبِيَاءِ ضَرَبَهُ قَوْمُهُ حَتّٰى اَدْمَوْا وَجْهَهُ فَجَعَلَ يَمْسَحُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ، وَيَقُوْلُ: رَبِّ اغْفِرْ لِقَوْمِيْ فَاِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: گویا کہ میں اس وقت بھی نبی اکرم ﷺ کی طرف دیکھ رہا ہوں کہ

---

6575- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 3/253 و 288، ومسلم (1791) في الجهاد: باب غزوة أحد، والواحدي في "أسباب النزول" ص 81-80، والبيهقي في "دلائل النبوة" 3/262 من طريقين عن حماد بن سلمة بهذا الإسناد.

6576- إسناده صحيح. رجاله رجال الشيخين غير عبد الغفار بن عبد الله الزبيري، فقد ذكره المؤلف في "الثقات" 8/421، وقال: من أهل الموصل، كنيته أبو نصر، يروي عن علي بن مسهر، حدثنا عنه الحسن بن إدريس الأنصاري والمواصلة. مات سنة أربعين ومئتين أو قبلها أو بعدها بقليل. وذكره ابن أبي حاتم في "الجرح والتعديل" 6/54، وأفاد بأن إبراهيم بن يوسف الهسنجاني قد روى عنه. والحديث في "مسند أبي يعلى" (5072). وأخرجه أحمد 1/380 و 432 و 441، والبخاري (3477) في الأنبياء: باب رقم (54)، و (6929) في استتابة المرتدين: باب رقم (5)، ومسلم (1792) في الجهاد: باب غزوة أحد، وابن ماجه (4025) في الفتن: باب الصبر على البلاء، وأبو يعلى (5205) و (5216)، والبغوي (3749) من طرق عن الأعمش، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/427 و 457-456، وأبو يعلى (4992)، من طريق حماد بن زيد، وأحمد 1/453 عن حماد بن سلمة، كلاهما عن عاصم بن أبي النجود، عن شقيق أبي وائل، بنحوه.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



نبی اکرم ﷺ نے ایک نبی کی حکایت بیان کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قوم کے افراد نے انہیں اتنا مارا کہ ان کے چہرے کو زخمی کر دیا تو وہ نبی ﷺ اپنے چہرے سے خون کو پونچھ رہے تھے اور یہ کہہ رہے تھے: اے میرے پروردگار! تو میری قوم کی مغفرت کر دے کیونکہ وہ لوگ علم نہیں رکھتے۔

**6577** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامِ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَمِيَتْ اُصْبُعُهُ فِيْ بَعْضِ الْمَشَاهِدِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

هَلْ اَنْتَ اِلَّا اُصْبُعٌ دَمِيتِ وَفِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ مَا لَقِيتِ

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کسی جنگ میں نبی اکرم ﷺ کی انگلی زخمی ہوگئی تو آپ نے فرمایا:

''تم صرف ایک انگلی ہو، جس سے خون بہہ رہا ہے اور تمہیں اللہ کی راہ میں اس صورت حال کا سامنا کرنا پڑا ہے۔''

## ذِكْرُ وَصْفِ غَسْلِ الدَّمِ عَنْ وَجْهِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ شُجَّ

## اس بات کا تذکرہ جب نبی اکرم ﷺ کا چہرہ زخمی ہوا تو آپ ﷺ کے چہرے سے خون کو کیسے دھویا گیا

**6578** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ،

(متن حدیث): قَالَ: سَاَلُوا سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ: بِاَيِّ شَيْءٍ دُووِيَ جُرْحُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: مَا

---

6577- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير خلف بن هشام البزار، فمن رجال مسلم. وهو في "مسند أبي يعلى" (1533) .وأخرجه البخاري (2802) في الجهاد: باب من ينكب في سبيل الله، ومسلم (1796) في الجهاد: باب ما لقي النبي - صلى الله عليه وسلم - من أذى المشركين والمنافقين، والطبراني في "الكبير" (1708) من طرق عن أبي عَوانة، بهذا الإسناد .وأخرجه الحميدي (776) ، وأحمد 4/312 و313، والبخاري (6146) في الأدب: باب ما يجوز من الشعر والرجز، ومسلم، وابن أبي شيبة 8/716، والترمذي (3345) في تفسير سورة الضحى، والطبراني (1703) ... (1707) ، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" 4/299، والبيهقي في "دلائل النبوة" 44-7/43، والبغوي (3401) من طرق عن الأسود، به.

6578- إسناده صحيح على شرط الشيخين . نصر بن علي: هو ابن نصر بن علي الجهضمي، وسفيان: هو ابن عيينة، وأبو حازم: هو سلمة بن دينار .وأخرجه الحميدي (929) ، وأحمد 5/330، والبخاري (243) في الوضوء : باب غسلِ المرأة أباها الدَّمَ عن وجهه، و (3037) في الجهاد: باب دواء الجرح بإحراق الحصير، و (5248) في النكاح: باب (ولا يبدين زينتهن إلا لبعولتهن) ، ومسلم (1790) (103) في الجهاد: باب غزوة أحد، والترمذي (2085) في الطب: باب التداوي بالرماد، والطبراني في " الكبير " (5916) ، من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد.وأخرجه أحمد 5/334، والبخاري (2903) في الجهاد: باب المِجَنّ ومن يتترس بترس صاحبه، و (4075) في المغازي: باب ما أصاب النبي - صلى الله عليه وسلم - من الجرح يوم أحد، و (5722) في الطب: باب حرق الحصير لسدّ الدَّمِ، ومسلم، والبيهقي في "دلائل النبوة" 3/261 من طرق عن أبي حازم، به. وانظر ما بعده.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



بَقِيَ مِنَ النَّاسِ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّي، كَانَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَجِيءُ بِالْمَاءِ فِي شَنَّةٍ، وَفَاطِمَةُ تَغْسِلُ الدَّمَ، فَاُخِذَ حَصِيرٌ، فَاُحْرِقَ، فَدُوِيَ بِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❁❁ ابوحازم بیان کرتے ہیں: لوگوں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زخم پر کس چیز کے ذریعے دوا لگائی گئی تھی تو انہوں نے فرمایا: اب لوگوں میں کوئی شخص ایسا باقی نہیں رہا جو اس بارے میں مجھ سے زیادہ علم رکھتا ہو۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ مشکیزے میں پانی لے کر آئے تھے۔ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا خون کو دھو رہی تھیں پھر چٹائی لی گئی اسے جلایا گیا تو اسے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زخم پر) لگا دیا گیا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ رَبَاعِيَةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا كُسِرَتْ هُشِمَتِ الْبَيْضَةُ عَلٰى رَاْسِهٖ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کے دانت شہید ہو گئے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر پر موجود خود ٹوٹ گیا تھا

**6579** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِبْرَاهِيْمَ التَّرْجُمَانِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا سَاَلَهٗ عَنْ جُرْحِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: جُرِحَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهٗ، وَهُشِمَتِ الْبَيْضَةُ عَلٰى رَاْسِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَغْسِلُ الدَّمَ، وَعَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَسْكُبُ الْمَاءَ عَلَيْهَا بِالْمِجَنِّ، فَلَمَّا رَاَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ الْمَاءَ لَا يَزِيْدُ الدَّمَ اِلَّا كَثْرَةً اَخَذَتْ قِطْعَةً مِنْ حَصِيرٍ، فَاَحْرَقَتْهُ حَتّٰى اِذَا صَارَ رَمَادًا اَلْصَقَتْهُ بِالْجُرْحِ فَاسْتَمْسَكَ الدَّمُ

❁❁ ابوحازم کے صاحبزادے اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زخمی ہونے کے بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ زخمی ہو گیا تھا اور آپ کے سامنے کے دانت زخمی ہو گئے تھے اور خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سر پر لگا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا خون کو دھو رہی تھیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ ڈھال کے ذریعے اس پر پانی بہا رہے تھے جب سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے دیکھا کہ پانی ڈالنے کے نتیجے میں خون زیادہ

6579– إسناده صحيح أبو إبراهيم الترجماني: هو إسماعيل بن إبراهيم بن بسام لا بأس به، روى له النسائي، وهو متابع ومن فوقه من رجال الشيخين. ابن أبي حازم: اسمه عبد العزيز، وهو في "مسند أبي يعلى" 352/1. وأخرجه البخاري (2911) في الجهاد: باب لبس البيضة، ومسلم (1790) في الجهاد: باب غزوة أحد، وابن ماجه (3464) في الطب: باب دواء الجراحة، والطبراني في "الكبير" (5897)، والبيهقي في "دلائل النبوة" 260-3/259 و 260 من طرق عن ابن أبي حازم، بهذا الإسناد. وانظر ما قبله.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



نکل رہا ہے تو انہوں نے چٹائی کا ایک ٹکڑا لیا اور اسے جلایا' یہاں تک کہ جب وہ راکھ بن گئی تو انہوں نے وہ راکھ اس زخم پر لگا دی تو خون رک گیا۔

## ذِكْرُ عِنَادِ بَعْضِ اَهْلِ الْكِتَابِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

### اہل کتاب میں سے کچھ لوگوں کا نبی اکرم ﷺ کے ساتھ عناد رکھنے کا تذکرہ

**6580** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ سَالِمٍ، حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ كُلَيْبٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِي، عَنِ الْفَلْتَانِ بْنِ عَاصِمٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا قُعُوْدًا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ، فَشَخَصَ بَصَرُهُ اِلٰى رَجُلٍ يَمْشِي فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: يَا فُلَانُ اَتَشْهَدُ اَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ ، قَالَ: لَا، قَالَ: اَتَقْرَاُ التَّوْرَاةَ؟ ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَالْاِنْجِيلَ؟ ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَالْقُرْآنَ ، قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهٖ لَوْ اَشَاءُ لَقَرَاْتُهُ، قَالَ: ثُمَّ اُنْشِدُهُ، فَقَالَ: تَجِدُنِيْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيلِ؟ ، قَالَ: نَجِدُ مِثْلَكَ، وَمَثَلَ اُمَّتِكَ، وَمَثَلَ مُخْرَجِكَ، وَكُنَّا نَرْجُو اَنْ تَكُوْنَ فِينَا، فَلَمَّا خَرَجْتَ تَخَوَّفْنَا اَنْ تَكُوْنَ اَنْتَ، فَنَظَرْنَا فَاِذَا لَيْسَ اَنْتَ هُوَ، قَالَ: وَلِمَ ذَاكَ؟ قَالَ: اِنَّ مَعَهُ مِنْ اُمَّتِهِ سَبْعِيْنَ اَلْفًا، لَيْسَ عَلَيْهِمْ حِسَابٌ، وَلَا عِقَابٌ، وَاِنَّ مَا مَعَكَ نَفَرٌ يَسِيْرٌ، قَالَ: فَوَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهٖ لَاَنَا هُوَ، وَاِنَّهَا لَاُمَّتِي، وَاِنَّهُمْ لَاَكْثَرُ مِنْ سَبْعِيْنَ اَلْفًا وَسَبْعِيْنَ اَلْفًا وَسَبْعِيْنَ اَلْفًا

حضرت فلتان بن عاصم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کی طرف دیکھا جو مسجد میں چل رہا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم اس بات کی گواہی دیتے ہو کہ میں اللہ کا رسول ﷺ ہوں اس نے جواب دیا: جی نہیں نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم تورات کی تلاوت کرتے ہو۔ اس نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: انجیل کی اس نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: قرآن کی۔ اس نے کہا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ اگر میں چاہوں' تو اس کا علم بھی حاصل کرلوں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں خدا کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں کیا تم نے میرا ذکر تورات اور انجیل میں پایا ہے تو اس نے بتایا ہمیں (تورات میں) آپ کا آپ کی اُمت کا آپ کے نکلنے کا (یا ہجرت کے مقام کا) ذکر ملتا ہے اور ہمیں یہ امید تھی کہ آپ ہمارے درمیان (یعنی یہودیوں کے درمیان) مبعوث ہوں گے لیکن جب آپ کا ظہور ہوا تو ہمیں یہ اندیشہ ہوا کہ وہ آپ نہ ہوں

6580- حديث حسن. عبد العزيز بن سالم لم أقف له على ترجمة، وهو متابع، ومن فوقه من رجال الصحيح غير كليب بن شهاب والد عاصم، فقد روى له أصحابُ السنن، وهو صدوق .وأخرجه البزار ( 3554) ، والطبراني في "الكبير" 18/ (854) من طريق عفان، والطبراني من طريق يحيى الحماني، كلاهما عن عبد الواحد بن زياد، بهذا الإسناد .وقال البزار: لا نعلم أحداً يرويه عَنْ رسولِ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - إلا بهذا الإسناد.وأخرجه الطبراني 18/ (855) ، وابن منده في "الصحابة" فيما نقله عنه الحافظ في "الإصابة" 3/204 من طريق صالح بن عمر، عن عاصم بن كليب، به .وأورده الحافظ الهيثمي في "المجمع" 8/242، وقال: رواه الطبراني ورجاله ثقات من أحد الطريقين، وأورده أيضاً 10/408، وقال: رواه البزار ورجاله ثقات.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


لیکن جب ہم نے اس بارے میں تحقیق کی تو وہ آپ ﷺ نہیں ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: وہ کیوں؟ اس نے کہا: اس کی وجہ یہ ہے کہ اس نبی کے ہمراہ ان کی اُمت کے ستر ہزار ایسے لوگ ہوں گے، جن پر کوئی حساب نہیں ہوگا اور انہیں کوئی عذاب نہیں ہو گا، جب کہ آپ کے ساتھ تو بہت تھوڑے سے لوگ ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس کے دست قدرت میں میری جان ہے وہ (نبی جس کا ذکر تورات اور انجیل میں ہے) وہ میں ہی ہوں اور یہ میری اُمت ہے اور (اس کے جنت میں داخل ہونے والے لوگوں کی تعداد (ستر ہزار اور مزید ستر ہزار اور مزید ستر ہزار سے بھی زیادہ ہوگی۔)

## ذِكْرُ بَعْضِ مَا كَانَ يُقَاسِي الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمُنَافِقِيْنَ بِالْمَدِيْنَةِ

## ان بعض تکالیف کا تذکرہ، جو مدینہ منورہ میں منافقین کی طرف سے نبی اکرم ﷺ کو پیش آئی تھیں

**6581** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكِبَ حِمَارًا وَعَلَيْهِ اِكَافٌ وَّتَحْتَهُ قَطِيفَةٌ، فَرَكِبَ وَاَرْدَفَ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ وَّهُوَ يَعُوْدُ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ فِيْ بَنِي الْحَارِثِ فِي الْخَزْرَجِ، وَذٰلِكَ قَبْلَ وَقْعَةِ بَدْرٍ حَتّٰى مَرَّ بِمَجْلِسٍ فِيْهِ اَخْلَاطٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُشْرِكِينَ وَعَبَدَةُ الْاَوْثَانِ وَالْيَهُوْدُ، وَمِنْهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيِّ بْنِ سَلُولٍ، وَفِي الْمَجْلِسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ، فَلَمَّا غَشِيَتِ الْمَجْلِسَ عَجَاجَةُ الدَّابَّةِ خَمَّرَ عَبْدُ اللّٰهِ اَنْفَهُ بِرِدَائِهِ، ثُمَّ قَالَ: لَا تُغَبِّرُوا عَلَيْنَا، فَسَلَّمَ عَلَيْهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوَقَفَ عَلَيْهِمْ، فَدَعَاهُمْ اِلَى اللّٰهِ، وَقَرَاَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيِّ بْنِ سَلُولٍ: اَيُّهَا الْمَرْءُ، لَاَحْسَنُ مِنْ هٰذَا اِنْ كَانَ مَا تَقُوْلُ حَقًّا، فَلَا تُؤْذِنَا فِيْ مَجَالِسِنَا، وَارْجِعْ اِلٰى رَحْلِكَ، فَمَنْ جَاءَكَ مِنَّا فَاقْصُصْ عَلَيْهِ.

فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ: بَلِ اغْشَنَا فِيْ مَجَالِسِنَا، فَاِنَّا نُحِبُّ ذٰلِكَ، فَاسْتَبَّ الْمُسْلِمُوْنَ وَالْمُشْرِكُوْنَ وَالْيَهُوْدُ حَتّٰى هَمُّوا اَنْ يَّثُوْرُوا، فَلَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَفِّضُهُمْ حَتّٰى سَكَتُوا، ثُمَّ رَكِبَ دَابَّتَهُ، فَدَخَلَ عَلٰى سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، وَقَالَ: اَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالَ اَبُوْ حُبَابٍ؟ يُرِيْدُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيٍّ، قَالَ كَذَا وَكَذَا، قَالَ سَعْدٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اعْفُ، فَوَاللّٰهِ لَقَدْ اَعْطَاكَ اللّٰهُ، وَلَقَدِ اصْطَلَحَ اَهْلُ هٰذِهِ الْبُحَيْرَةِ عَلٰى اَنْ تَوَّجُوْهُ بِالْعِصَابَةِ،

---

6581– حديث صحيح. ابن أبي السّرى قد توبع، ومن فوقه على شرط الشيخين، وهو في "مصنف عبد الرزاق" (9784). ومن طريقه أخرجه أحمد 5/203، ومسلم (1798) في الجهاد والسير: باب فِي دُعَاءِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وصبره على أذى المنافقين، والبيهقي في "دلائل النبوة" .578-576/2وأخرجه ابن إسحاق في "السيرة" 238-2/236، والبخاري (4566) في التفسير: باب (وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا أَذًى كَثِيرًا) و (5663) في المرضى: باب عيادة المريض راكباً وماشياً، و (6207) في الأدب: باب كنية المشرك، و (6254) في الاستئذان: باب التسليم في مجلس فيه أخلاط من المسلمين والمشركين، ومسلم، والنسائي في "السنن الكبرى" كما في "تحفة الأشراف" 1/53، وعمر بن شبة في "تاريخ المدينة" 357-1/356، والبيهقي في "الدلائل" من طرق عن الزهري، بهذا الإسناد.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



فَلَمَّا رَدَّ اللّٰهُ ذٰلِكَ بِالْحَقِّ الَّذِي أَعْطَاكَهُ، شَرِقَ بِذٰلِكَ، فَذٰلِكَ الَّذِي عَمِلَ بِهِ مَا رَأَيْتَ، فَعَفَا عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✿✿ حضرت اسامہ بن زید بن حارثہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گدھے پر سوار ہوئے جس پر پالان موجود تھا' اوراس کے نیچے چادر تھی۔ آپ نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کو اپنے پیچھے بٹھالیا۔ آپ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لئے بنو حارث کے محلے کی طرف تشریف لے گئے۔ یہ غزوہ بدر سے پہلے کا واقعہ ہے۔ آپ کا گزران کی ایک محفل سے ہوا جس میں کچھ مسلمان اور مشرکین اور بتوں کے پجاری اور یہودی بیٹھے ہوئے تھے۔ ان میں عبداللہ بن اُبی بھی تھا۔ اس محفل میں حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے۔ جب اس جانور کے پاؤں کی غبار اس محفل تک پہنچی تو عبداللہ نے اپنی چادر اپنے ناک پر رکھ لی پھر اس نے کہا: ہم پر غبار نہ اڑائیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو سلام کیا ان لوگوں کے پاس ٹھہر گئے آپ نے ان لوگوں کو اللہ کی طرف آنے کی دعوت دی اور ان کے سامنے قرآن کی تلاوت کی تو عبداللہ بن اُبی نے کہا: اے صاحب آپ جو باتیں کررہے ہیں اگر وہ سچی ہیں تو زیادہ مناسب یہ ہے کہ آپ ہمیں ہماری محفل میں تکلیف نہ پہنچائیں۔ آپ اپنی رہائشی جگہ پر تشریف لے جائیں۔ ہم میں سے جو شخص آپ کے پاس آیا کرے آپ اس کے سامنے یہ سب کچھ بیان کردیا کریں۔ اس پر حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: بلکہ آپ ہمارے ہاں ہماری محفل میں تشریف لایا کریں۔ ہمیں یہ بات پسند ہے اس بات پر مسلمانوں مشرکین اور یہودیوں کے درمیان تو تکرار ہوگئی' یہاں تک کہ ان لوگوں نے لڑنے کا ارادہ کرلیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں مسلسل خاموش کروانے کی کوشش کرتے رہے' یہاں تک کہ وہ لوگ خاموش ہوگئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری پر سوار ہوئے اور حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے ہاں تشریف لے آئے۔ آپ نے فرمایا: کیا تم نے سنا کہ ابوحباب نے کیا کہا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد عبداللہ بن اُبی تھا۔ اس نے یہ' یہ بات کہی ہے تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول صلی اللہ علیہ وسلم آپ اس سے درگزر کیجئے۔ اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ نے آپ کو جو مرتبہ اور مقام عطا کیا ہے اس سے پہلے یہاں کے رہنے والے لوگوں نے اس بات پر اتفاق کرلیا تھا کہ اسے یہاں کا بڑا سردار بنادیں گے لیکن جب اللہ تعالیٰ نے آپ کی تشریف آوری کے ذریعے اس کی یہ خواہش پوری نہیں کی تو وہ اس بات پر جل بھن گیا۔ اسی وجہ سے اس نے یہ طرز عمل اختیار کیا جو آپ نے ملاحظہ فرمایا ہے۔ (راوی کہتے ہیں:) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص سے درگزر کیا۔

**6582** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَسَعَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ الْأَنْصَارِيُّ: يَا لَلْأَنْصَارِ، وَقَالَ الْمُهَاجِرِيُّ: يَا لَلْمُهَاجِرِينَ، قَالَ فَسَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ، فَقَالَ: مَا بَالُ دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ؟، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ كَسَعَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: دَعُوهَا، فَإِنَّهَا مُنْتِنَةٌ، فَقَالَ عَبْدُ

6582– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر (5990).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



اللّٰهِ بْنُ اُبَيِّ بْنِ سَلُولٍ: قَدْ فَعَلُوهَا لَئِنْ رَجَعْنَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ، فَقَالَ عُمَرُ: دَعْنِي يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَضْرِبُ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ، فَقَالَ: دَعْهُ، لَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ اَنَّ مُحَمَّدًا يَقْتُلُ اَصْحَابَهُ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاِنَّهَا مُنْتِنَةٌ يُرِيْدُ: اَنَّهُ لَا قِصَاصَ فِي هٰذَا، وَكَذٰلِكَ قَوْلُهُمْ: فَاِنَّهَا ذَمِيمَةٌ وَّمَا اَشْبَهَهَا

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مہاجر اور ایک انصاری نے ایک دوسرے کی پٹائی کی۔ انصاری نے کہا: اے انصار (میری مدد کے لئے آؤ) مہاجر نے کہا: اے مہاجرین (میری مدد کے لئے آؤ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات سن لی۔ آپ نے فرمایا: یہ زمانہ جاہلیت کی طرح پکارنے کا کیا معاملہ ہے۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایک مہاجر نے ایک انصاری کو مارا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس چیز کو چھوڑ دو کیونکہ یہ بودار ہے۔ اس پر عبداللہ بن اُبی نے کہا: انہوں نے ایسا کیا ہے جب ہم مدینہ واپس جائیں گے تو ہم میں سے عزت دار لوگ وہاں سے ذلیل لوگوں کو نکال دیں گے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ مجھے موقع دیجئے کہ میں اس منافق کی گردن اڑا دوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے چھوڑ دو! ورنہ لوگ یہ کہیں گے کہ محمد اپنے ساتھیوں کو قتل کروا دیتے ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "یہ چیز بودار ہے" اس سے آپ کی مراد یہ تھی کہ اس میں قصاص نہیں ہوگا۔ اسی طرح لوگوں کا یہ کہنا: "یہ چیز قابل مذمت ہے یا اس کی مانند جو دیگر الفاظ ہیں (ان سے یہی مراد ہے)

## ذِكْرُ وَصْفِ مَا طِبَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ قُدُومِهِ الْمَدِيْنَةَ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مدینہ منورہ تشریف لانے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر کیے جانے والے جادو کی صفت کا تذکرہ

**6583** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): سَحَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهُودِيٌّ مِّنْ بَنِي زُرَيْقٍ يُقَالُ لَهُ: لَبِيدُ بْنُ الْاَعْصَمِ حَتّٰى كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ اَنَّهُ يَفْعَلُ الشَّيْءَ، وَمَا يَفْعَلُهُ حَتّٰى اِذَا كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ اَوْ ذَاتَ لَيْلَةٍ دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ دَعَا ثُمَّ قَالَ: يَا عَائِشَةُ اَشَعُرْتِ اَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا قَدْ اَفْتَانِي فِيمَا اسْتَفْتَيْتُهُ، قَدْ جَاءَنِي رَجُلَانِ فَجَلَسَ اَحَدُهُمَا عِنْدَ رَاْسِي وَجَلَسَ الْاٰخَرُ عِنْدَ رِجْلَيَّ، فَقَالَ الَّذِي عِنْدَ رِجْلَيَّ لِلَّذِي عِنْدَ

6583- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه ابن أبي شيبة 8/30-31، وأحمد 6/57، ومسلم (2189) في السلام: باب السحر، وابن ماجه (3545) في الطب: باب السحر، من طريق عبد الله بن نمير، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/63 و96، والبخاري (3175) في الجزية: باب هل يعفى عن الذمي إذا سحر، و (5765) في الطب: باب هل يستخرج السحر، و (5766) باب السحر، و (6063) في الأدب: باب قول الله تعالى: (إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ)، و (6391) في الدعاء: باب تكرير الدعاء، ومسلم (2189) (44) من طرق عن هشام بن عروة، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



رَأْسِي: مَا وَجَعُ الرَّجُلِ؟ قَالَ: مَطْبُوبٌ، قَالَ: وَمَنْ طَبَّهُ؟ قَالَ: لَبِيدُ بْنُ الْاَعْصَمِ، قَالَ: فِي اَيِّ شَيْءٍ؟ قَالَ: فِي مُشْطٍ وَّمُشَاطَةٍ وَّجُفِّ طَلْعَةِ ذَكَرٍ، قَالَ: وَاَيْنَ هُوَ؟ قَالَ: فِي بِئْرِ ذِي ذَرْوَانَ قَالَ: فَاَتَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اُنَاسٍ مِنْ اَصْحَابِهِ، ثُمَّ جَاءَ، فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ فَكَاَنَّ مَاءَ هَا نُقَاعَةُ الْحِنَّاءِ، وَلَكَاَنَّ نَخْلَهَا رُءُ وْسُ الشَّيَاطِينِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَهَلَّا اَحْرَقْتَهُ اَوْ اَخْرَجْتَهُ؟، قَالَ: اَمَّا اَنَا فَقَدْ عَافَانِيَ اللّٰهُ، وَكَرِهْتُ اَنْ اُثِيْرَ عَلَى النَّاسِ مِنْهُ شَيْئًا، فَاَمَرَ بِهَا فَدُفِنَتْ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں بنو زریق سے تعلق رکھنے والے ایک یہودی جس کا نام لبید بن اعصم تھا۔اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کر دیا' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں محسوس ہوتا کہ آپ نے کوئی کام کیا ہے۔حالانکہ آپ نے وہ کام نہیں کیا ہوتا تھا ایک دن اور ایک رات تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہی کیفیت رہی۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دعا مانگتے رہے پھر دعا مانگتے رہے۔ پھر آپ نے فرمایا: اے عائشہ! کیا تمہیں پتہ ہے اللہ تعالیٰ نے مجھے اس چیز کا جواب دیدیا ہے۔جس کے بارے میں' میں نے اس سے دریافت کیا: تھا۔میرے پاس دو آدمی (یعنی دو فرشتے) آئے۔ان میں سے ایک میرے سرہانے بیٹھ گیا اور دوسرا میرے پاؤں کے قریب بیٹھ گیا جو میرے پاؤں کے قریب بیٹھا تھا اس نے میرے سرہانے موجود شخص سے دریافت کیا: ان صاحب کو کیا تکلیف ہے۔اس نے جواب دیا: ان پر جادو ہوا ہے۔اس نے دریافت کیا۔ان پر کس نے جادو کیا ہے۔دوسرے نے جواب دیا: لبید بن اعصم نے پہلے نے دریافت کیا: کس چیز میں کیا ہے۔دوسرے نے جواب دیا: کنگھی میں اور کنگھی میں لگے ہوئے بالوں میں اور نر کھجور کے شگوفے میں پہلے نے دریافت کیا: وہ کہاں ہے۔دوسرے نے جواب دیا: ذی زروان کے کنویں میں ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب میں سے کچھ لوگوں کے ہمراہ اس کنویں کے پاس آئے جب آپ وہاں سے واپس تشریف لائے تو آپ نے فرمایا: اے عائشہ! اس کا پانی یوں تھا جیسے اس میں مہندی گھول دی گئی ہو اور وہاں کے کھجوروں کے درختوں کے سر شیطان کے سروں کی طرح تھے میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے اسے جلوا کیوں نہیں دیا' یا نکلوا کیوں نہیں دیا۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے عافیت عطا کی تو مجھے یہ بات اچھی نہیں لگی کہ اس کے حوالے سے لوگوں میں کوئی خرابی پیدا کروں۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت ان چیزوں کو دفن کر دیا گیا۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

**6584** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ:

(متن حدیث): سُحِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، سَحَرَهُ رَجُلٌ مِّنْ يَّهُوْدِ بَنِي زُرَيْقٍ يُقَالُ لَهُ: لَبِيدُ

6584- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه البخاري (3268) في بدء الخلق: باب صفة إبليس وجنوده، و (5763) في الطب: باب السحر، عن إبراهيم بن موسى، أخبرنا عيسى بن يونس، بهذا الإسناد. وانظر ما قبله.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بْنُ الْأَعْصَمِ، حَتّٰى كَانَ يُخَيَّلُ إِلَيْهِ أَنَّهُ فَعَلَ الشَّيْءَ، وَلَمْ يَفْعَلْهُ، حَتّٰى إِذَا كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ أَوْ لَيْلَةٍ، قَالَ: يَا عَائِشَةُ أَشَعُرْتِ أَنَّ اللّٰهَ أَفْتَانِي فِيمَا اسْتَفْتَيْتُهُ، أَتَانِي مَلَكَانِ فَقَعَدَ أَحَدُهُمَا عِنْدَ رَأْسِي، وَالْآخَرُ عِنْدَ رِجْلَيَّ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: مَا وَجَعُ الرَّجُلِ؟ فَقَالَ الْآخَرُ: مَطْبُوبٌ، فَقَالَ: وَمَنْ طَبَّهُ؟ قَالَ: لَبِيدُ بْنُ الْأَعْصَمِ، قَالَ: فِي أَيِّ شَيْءٍ؟ قَالَ: فِي مُشْطٍ وَّمُشَاطَةٍ وَّجُفِّ طَلْعِ نَخْلَةٍ ذَكَرٍ، قَالَ: وَأَيْنَ هُوَ؟ قَالَ: فِي بِئْرِ ذَرْوَانَ قَالَتْ: وَأَتَاهَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَاسٍ مِنَ الصَّحَابَةِ، فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ كَأَنَّ مَاءَهَا نُقَاعَةُ الْحِنَّاءِ، وَكَأَنَّ رَأْسَ نَخْلِهَا رُءُ وْسُ الشَّيَاطِينِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَفَلَا اسْتَخْرَجْتَهَا؟ قَالَ: قَدْ عَافَانِيَ اللّٰهُ، وَكَرِهْتُ أَنْ أُثِيرَ عَلَى الْمُسْلِمِينَ مِنْهُ شَرًّا

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کر دیا گیا۔ بنوزریق سے تعلق رکھنے والے ایک یہودی شخص نے آپ پر جادو کیا۔ اس شخص کا نام لبید بن اعصم تھا' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں محسوس ہوتا تھا کہ جیسے آپ نے کوئی کام کیا ہے حالانکہ آپ نے وہ کام نہیں کیا ہوتا تھا۔ ایک دن یہی حالت رہی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! کیا تمہیں پتہ ہے میں نے اللہ تعالیٰ سے جس چیز کے بارے میں دریافت کیا تھا: اللہ تعالیٰ نے مجھے اس کے بارے میں بتا دیا ہے۔ میرے پاس دو فرشتے آئے۔ ان میں سے ایک میرے سرہانے بیٹھ گیا اور دوسرا میرے پاؤں کے قریب بیٹھ گیا۔ ان میں سے ایک نے دوسرے سے دریافت کیا۔ ان صاحب کو کیا تکلیف ہے۔ دوسرے نے جواب دیا۔ ان پر جادو ہوا ہے۔ پہلے نے دریافت کیا: ان پر کس نے جادو کیا ہے۔ دوسرے نے جواب دیا: لبید بن اعصم نے پہلے نے دریافت کیا: کس چیز میں کیا ہے۔ دوسرے نے جواب دیا: کنگھی میں اور کنگھی میں لگے ہوئے بالوں میں اور نر کھجور کے شگوفے میں پہلے نے دریافت کیا: وہ کہاں ہے۔ دوسرے نے جواب دیا: ذروان کے کنویں میں ہے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چند صحابہ کرام کے ہمراہ وہاں تشریف لے گئے (واپس آ کر) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! اس کنویں کا پانی یوں تھا جیسے اس میں مہندی گھولی ہوئی ہو اور وہاں کے کھجوروں کے درختوں کے سرے یوں تھے جیسے شیاطین کے سر ہوں۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے اسے نکلوا کیوں نہیں دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے عافیت عطا کی تو مجھے یہ بات اچھی نہیں لگی کہ میں اس کے حوالے سے مسلمانوں کے درمیان کوئی خرابی پھیلاؤں۔

## ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ بِالسِّنِينَ

### نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مشرکین کے خلاف قحط سالی کی دعا کرنے کا تذکرہ

**6585** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، وَمَنْصُورٌ، عَنْ أَبِي الضُّحٰى، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایۃ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): بَيْنَمَا رَجُلٌ يُحَدِّثُ فِي كِنْدَةَ قَالَ: يَجِيءُ دُخَانٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَأْخُذُ بِأَسْمَاعِ الْمُنَافِقِينَ وَأَبْصَارِهِمْ، وَيَأْخُذُ الْمُؤْمِنَ كَهَيْئَةِ الزُّكَامِ، قَالَ: فَفَزِعْنَا، فَأَتَيْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: وَكَانَ مُتَّكِئًا، فَغَضِبَ، فَجَلَسَ، وَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ مَنْ عَلِمَ شَيْئًا فَلْيَقُلْ بِهِ، وَمَنْ لَمْ يَعْلَمْ شَيْئًا فَلْيَقُلِ: اللَّهُ أَعْلَمُ، فَإِنَّ مِنَ الْعِلْمِ أَنْ يَقُولَ الرَّجُلُ لِمَا لَا يَعْلَمُ: لَا أَعْلَمُ، فَإِنَّ اللَّهَ جَلَّ وَعَلَا قَالَ لِنَبِيِّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ) (ص: 86) إِنَّ قُرَيْشًا دَعَا عَلَيْهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ أَعِنِّي عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسِنِي يُوسُفَ، فَأَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ حَتَّى هَلَكُوا فِيهَا، فَأَكَلُوا الْمَيْتَةَ وَالْعِظَامَ، وَيَرَى الرَّجُلُ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ، فَجَاءَهُ أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، جِئْتَ تَأْمُرُ بِصِلَةِ الرَّحِمِ، وَقَوْمُكَ هَلَكُوا، فَادْعُ اللَّهَ، فَقَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ: (فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِينٍ يَغْشَى النَّاسَ هَذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ) (الدخان: 11)، إِلَى قَوْلِهِ: (إِنَّا كَاشِفُو الْعَذَابِ قَلِيلًا إِنَّكُمْ عَائِدُونَ) (الدخان: 15)، فَيُكْشَفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ إِذَا جَاءَ، ثُمَّ عَادُوا إِلَى كُفْرِهِمْ، فَذَلِكَ قَوْلُهُ: (يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَى) (الدخان: 16)، فَذَلِكَ يَوْمُ بَدْرٍ، (فَسَوْفَ يَكُونُ لِزَامًا) (الفرقان: 77) يَوْمَ بَدْرٍ، وَ (الم غُلِبَتِ الرُّومُ فِي أَدْنَى الْأَرْضِ وَهُمْ مِنْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُونَ) (الروم: 1)، وَالرُّومُ قَدْ مَضَى، وَقَدْ مَضَتِ الْأَرْبَعُ

مسروق بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ایک شخص کندہ میں حدیث بیان کرر ہا تھا کہ قیامت کے دن دھواں آئے گا تو وہ منافقین کی سماعت اور بصارت کو اپنی گرفت میں لے گا جبکہ مومن کو اس سے زکام کی سی کیفیت محسوس ہوگی۔ راوی کہتے ہیں: ہم اس بات سے گھبرا گئے پھر میں حضرت عبداللہ بن مسعود کی خدمت میں حاضر ہوا (انہیں یہ بات بتائی) وہ پہلے ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے۔ وہ غصے میں آ گئے۔ پھر وہ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے۔ انہوں نے کہا: اے لوگو! جو شخص کسی چیز کے بارے میں علم رکھتا ہو وہ اس کے مطابق بیان کر دے اور جو شخص علم نہ رکھتا ہو وہ یہ کہہ دے کہ اللہ تعالیٰ زیادہ بہتر جانتا ہے کیونکہ علم ہونے میں یہ بات شامل ہے کہ آدمی کو جس چیز کے بارے میں علم نہیں ہے وہ اس کے بارے میں یہ کہہ دے۔ میں نہیں جانتا۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے

6585- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه الطبراني في "الكبير" (9048)، وأبو نعيم في "الدلائل" (369) عن الفضل بن الحباب بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (1020) في الاستسقاء: باب إذا استشفع المشركون بالمسلمين عند القحط، و (4774) في تفسير سورة الروم، والطبراني (9048)، والبغوي في "معالم التنزيل" 150-4/149 عن محمد بن كثير، به. وأخرجه الحميدي (116)، وعنه البخاري (4693) في تفسير سورة يوسف: باب (وَرَاوَدَتْهُ الَّتِي هُوَ فِي بَيْتِهَا عَنْ نَفْسِهِ)، عن سفيان، به. وأخرجه أحمد 1/441، والبخاري (4824) في تفسير سورة الدخان: باب (ثم تولوا عنه وقالوا معلم مجنون)، والترمذي (3254) في التفسير: باب ومن سورة الدخان، من طريق شعبة، عن الأعمش ومنصور بن المعتمر، به. وأخرجه أحمد 381-1/380 و 431، والبخاري (1007) في الاستسقاء: باب دعاء النبي - صلى الله عليه وسلم -: "اجعلها عليهم سنين كسنيّ يوسف"، و (4821) في تفسير سورة الدخان: باب (يغشى الناس هذا عذاب أليم)، و (4822) باب (ربنا اكشف عنا العذاب إنا مؤمنون)، و (4823) باب (أنى لهم الذكرى وقد جاء هم رسول أمين)، ومسلم (2798) (40) في صفات المنافقين: باب الدخان، والطبري في "جامع البيان" 25/111، والطبراني (9046) و (9047)، والبيهقي في "الدلائل" 325-2/324، و 325 326-، والبغوي في "التفسير" 4/150 من طريق الأعمش، به. وأخرجه مسلم (2798)، والطبري 25/112، والبيهقي 2/326 من طرق عن جرير، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


نبی ﷺ سے یہ فرمایا ہے۔

''تم یہ فرمادو کہ میں اس پر تم سے کوئی معاوضہ نہیں چاہتا اور نہ ہی میں بناوٹ کرنے والوں میں سے ہوں۔''

(پھر حضرت عبداللہ نے وضاحت کی) نبی اکرم ﷺ نے قریش کے خلاف دعائے ضرر کی۔ آپ نے دعا کی۔

''اے اللہ تو ان لوگوں کے خلاف میری مدد کر جو حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے کی (قحط سالی کے) سات سالوں کے ذریعے ہو۔''

(حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) تو ان لوگوں کو قحط سالی نے اپنی لپیٹ میں لے لیا' یہاں تک کہ وہ لوگ اس قحط سالی کے دوران ہلاکت کا شکار ہونے لگے۔ وہ مردار اور ہڈیاں تک کھانے لگے' ان میں سے کوئی شخص آسمان کی طرف دیکھتا تھا تو اسے دھواں سا محسوس ہوتا تھا۔ ابوسفیان بن حرب نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: اے حضرت محمد ﷺ آپ صلہ رحمی کا حکم دینے کے لئے تشریف لائے ہیں جبکہ آپ کی قوم کے لوگ ہلاکت کا شکار ہو رہے ہیں۔ آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے تو نبی اکرم ﷺ نے یہ آیت تلاوت کی۔

''تم اس دن کا انتظار کرو جب آسمان واضح دھواں لے کر آئے گا' جو لوگوں کو اپنی لپیٹ میں لے گا اور یہ دردناک عذاب ہوگا۔''

یہ آیت یہاں تک ہے۔

''اگر ہم تھوڑا سا عذاب کم کر دیں تو تم لوگ دوبارہ لوٹ جاتے ہو۔''

جب وہ عذاب آیا تھا تو اللہ تعالیٰ نے اسے ان لوگوں سے دور کر دیا تو وہ لوگ دوبارہ کفر کی طرف لوٹ گئے۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے یہی مراد ہے۔

''جس دن ہم بڑی گرفت کریں گے۔'' اس سے مراد غزوہ بدر ہے۔

''تو عنقریب لزام ہوگا'' اس سے مراد غزوہ بدر ہے۔

(ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''الف لام میم رومی مغلوب ہو گئے زمین کے کچھ حصے میں' اور وہ اپنے مغلوب ہونے کے بعد عنقریب غالب آجائیں گے۔''

(پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) رومیوں والا معجزہ رونما ہو چکا ہے اور دیگر چار (معجزات بھی) گزر چکے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ مَرَضِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## نبی اکرم ﷺ کے بیمار ہونے کا بیان

**6586** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متنِ حدیث): رَجَعَ اِلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ مِنْ جِنَازَةٍ بِالْبَقِيعِ، وَاَنَا اَجِدُ صُدَاعًا فِي رَاْسِي، وَاَنَا اَقُوْلُ: وَا رَاْسَاهُ، قَالَ: بَلْ اَنَا يَا عَائِشَةُ، وَا رَاْسَاهُ، ثُمَّ قَالَ: وَمَا ضَرَّكِ لَوْ مِتِّ قَبْلِي، فَغَسَّلْتُكِ، وَكَفَّنْتُكِ، وَصَلَّيْتُ عَلَيْكِ، ثُمَّ دَفَنْتُكِ؟ ، قُلْتُ: لَكَاَنِّي بِكَ اَنْ لَوْ فَعَلْتَ ذٰلِكَ قَدْ رَجَعْتَ اِلٰى بَيْتِي، فَاَعْرَسْتَ فِيهِ بِبَعْضِ نِسَائِكَ، فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ بُدِئَ فِي وَجَعِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ایک دن نبی اکرم ﷺ بقیع میں جنازے میں شریک ہونے کے بعد میرے ہاں واپس تشریف لائے۔ مجھے سر میں درد محسوس ہو رہی تھی۔ میں نے کہا: ہائے میرا سر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بلکہ مجھے یہ کہنا چاہئے اے عائشہ! ہائے میرا سر' پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہیں تو کوئی نقصان نہیں ہے اگر تم مجھ سے پہلے فوت ہو جاتی ہو تو میں تمہیں غسل دوں گا۔ میں تمہیں کفن دوں گا میں تمہاری نماز جنازہ ادا کروں گا پھر میں تمہیں دفن کروں گا۔ میں نے عرض کی: جی ہاں جب آپ ایسا کر لیں گے' تو اس کے بعد آپ واپس میرے گھر تشریف لے جائیں گے' اور وہاں اپنی نئی زوجہ محترمہ کے ساتھ رات گزاریں گے' تو نبی اکرم ﷺ مسکرا دیئے۔ اس کے بعد نبی اکرم ﷺ کی اس بیماری کا آغاز ہوا جس میں آپ کا وصال ہوا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْعِلَّةَ قَدْ بَدَتْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي بَيْتِ مَيْمُوْنَةَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کی بیماری کا جب آغاز ہوا

6586- إسناده قوی. رجاله ثقات غیر محمد بن إسحاق، وهو صدوق، وقد صرح بالتحدیث فی روایة البیهقی فی "الدلائل" فانتفت شبهة تدلیسه. محمد بن سلمة: هو الحرانی. وأخرجه النسائی فی "الکبری" کما فی "التحفة" 11/482، والبیهقی فی "السنن" 3/396 عن عمرو بن هشام، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/228، وعنه ابن ماجه (1465) فی الجنائز: باب ما جاء فی غسل الرجل امرأته وغسل المرأة زوجها، عن محمد بن سلمة. وأخرجه البیهقی فی "السنن" 3/396 عن أحمد بن بکار، عن محمد بن سلمة، به. وأخرجه عبد الرزاق (9754) عن معمر، عن الزهری، به. وأخرجه البیهقی فی "الدلائل" 169-168/7/168. من طریق یُونُس بْنُ بُکَیْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حدثنا یعقوب بن عتبة، به. وقال البوصیری فی "مصباح الزجاجة" 95/1: اسناد رجاله ثقات، ورواه البخاری من وجه آخر مختصراً.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


## آپ ﷺ اس وقت سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تھے

**6587** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اَوَّلُ مَا اشْتَكٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِ مَيْمُونَةَ، فَاشْتَدَّ مَرَضُهُ حَتّٰى اُغْمِيَ عَلَيْهِ، قَالَ: وَتَشَاوَرُوا فِي لَدِّهِ، فَلَدُّوهُ، فَلَمَّا اَفَاقَ، قَالَ: مَا هٰذَا؟ اَفِعْلُ نِسَاءٍ جِئْنَ مِنْ هَاهُنَا، وَاَشَارَ اِلٰى اَرْضِ الْحَبَشَةِ، وَكَانَتْ اَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ فِيهِنَّ، فَقَالُوا: كُنَّا نَتَّهِمُ بِكَ ذَاتَ الْجَنْبِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: اِنْ كَانَ ذٰلِكَ لَدَاءٌ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَقْذِفَنِي بِهِ، لَا يَبْقَيَنَّ اَحَدٌ فِي الْبَيْتِ اِلَّا لُدَّ اِلَّا عَمَّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَعْنِي عَبَّاسًا، قَالَ: فَلَقَدِ الْتَدَّتْ مَيْمُونَةُ يَوْمَئِذٍ، وَاِنَّهَا لَصَائِمَةٌ لِعَزِيمَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سیّدہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم ﷺ کی بیماری کا آغاز سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں ہوا۔ نبی اکرم ﷺ کی بیماری شدید ہوگئی' یہاں تک کہ آپ پر بے ہوشی طاری ہوگئی۔

راوی بیان کرتے ہیں: گھر والوں نے اس بارے میں مشورہ دیا کہ آپ کے منہ میں دوائی ٹپکائی جائے۔ انہوں نے آپ کے منہ میں دوائی ٹپکادی۔ جب آپ کو افاقہ محسوس ہوا تو آپ نے دریافت کیا: یہ کیا چیز ہے کیا یہ ان خواتین کا فعل ہے' جو اس طرف سے آئی ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے حبشہ کی سرزمین کی طرف اشارہ کیا سیّدہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا بھی ان خواتین میں شامل تھیں۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! ہمیں یہ گمان ہوا کہ شاید آپ کو ذات الجنب کی بیماری لاحق ہوئی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ وہ بیماری ہے جس میں اللہ تعالیٰ مجھے مبتلا نہیں کرے گا۔ اب گھر میں موجود ہر شخص کے منہ میں دوا ٹپکائی جائے گی۔ صرف نبی اکرم ﷺ کے چچا کے ساتھ ایسا نہیں کیا جائے گا یعنی حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے ساتھ۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس دن سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے بھی دوائی پی حالانکہ انہوں نے اس دن روزہ رکھا ہوا تھا لیکن انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے شدید اصرار پر ایسا کیا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَ فِي عِلَّتِهِ نِسَاءَهُ اَنْ يَكُونَ تَمْرِيضُهُ فِي بَيْتِ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے اپنی بیماری کے دوران' اپنی ازواج سے یہ

6587- إسناده صحيح على شرط البخاري . رجاله رجال الشيخين غير علي ابن المديني، فمن رجال البخاري. وهو في "مصنف عبد الرزاق " (9754)، ومن طريقه أخرجه أحمد 6/438، والطبراني 24/ (372)، وصححه الحاكم 4/202، ووافقه الذهبي، وكذا صححه الحافظ في " الفتح " 8/148.وذكره الهيثمي في " المجمع " 9/33، وقال: رواه أحمد ورجالهُ رجالُ الصحيح. واللدود: من الأدوية ما يُسقاه المريض في أحد شِقَّي الفم، ولديدا الفم: جانباه. وقوله: "لَا يَبْقَيَنَّ أَحَدٌ فِي الْبَيْتِ إِلَّا لُدَّ". قال ابن الأثير: فعل ذلك عقوبة لهم، لأنهم لدُّوه بغير إذنه.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



فرمائش کی کہ آپ ﷺ اپنی بیماری کے ایام سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاں گزاریں گے

**6588** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَیْمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ عَائِشَةَ قُلْتُ: اَخْبِرِیْنِیْ عَنْ مَرَضِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: اشْتَکٰی، فَعَلِقَ یَنْفُثُ، فَجَعَلْنَا نُشَبِّهُ نَفْثَهُ بِنَفْثِ آکِلِ الزَّبِیبِ، قَالَتْ: وَکَانَ یَدُوْرُ عَلٰی نِسَائِهِ، فَلَمَّا ثَقُلَ اسْتَاْذَنَهُنَّ اَنْ یَّکُوْنَ عِنْدِیْ وَیَدُرْنَ عَلَیْهِ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بَیْنَ رَجُلَیْنِ تَخُطَّانِ رِجْلَاهُ الْاَرْضَ، اَحَدُهُمَا عَبَّاسٌ قَالَ: فَحَدَّثْتُ بِهِ ابْنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَ لِیْ: مَا اَخْبَرَتْكَ بِالْاٰخَرِ؟ قُلْتُ: لَا، قَالَ: هُوَ عَلِیٌّ

✿✿ عبیداللہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا میں نے کہا: آپ مجھے نبی اکرم ﷺ کی بیماری کے بارے میں بتائیے تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا نبی اکرم ﷺ بیمار ہو گئے۔ آپ کی بلغم میں خون آنے لگا۔ ہم آپ کے نکلنے والے بلغم کو خشک انگور کھانے والے کے تھوک سے تشبیہ دیتے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم ﷺ باری باری اپنی تمام ازواج کے پاس تشریف لے جایا کرتے تھے جب آپ کی بیماری زیادہ ہو گئی تو آپ نے ان خواتین سے اجازت طلب کی کہ آپ میرے ہاں رہیں اور وہ خواتین آپ کی خدمت میں حاضر ہو جایا کریں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب نبی اکرم ﷺ میرے ہاں تشریف لائے تو آپ دو آدمیوں کے درمیان پر زمین پر پاؤں گھسیٹتے ہوئے تشریف لائے۔ ان میں سے ایک حضرت عباس رضی اللہ عنہ تھے۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو سنائی تو انہوں نے مجھ سے دریافت کیا: کیا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے تمہیں دوسرے صاحب کے بارے میں نہیں بتایا میں نے جواب دیا: جی نہیں، تو انہوں نے بتایا وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے۔

## ذِکْرُ الْعِلَّةِ الَّتِیْ مِنْ اَجْلِهَا اسْتَثْنٰی عَمَّهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالْاَمْرِ بِاللَّدُوْدِ الَّذِیْ وَصَفْنَاهُ

اس علت کا تذکرہ، جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ نے اپنے چچا کو منہ میں دوائی ٹپکانے کے حکم سے مستثنیٰ قرار دیا، جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے

**6589** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِیْفَةَ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْمَدِیْنِیِّ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ، حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، حَدَّثَنِیْ مُوْسَی بْنُ اَبِیْ عَائِشَةَ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

---

6588- إسناده صحيح على شرط مسلم . رجاله رجال الشيخين غير عبد الجبار بن العلاء ، فمن رجال مسلم، وقد تقدّم مطولاً برقم (2113) ، وسياتي أيضاً برقم (6602) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث):لَدَدْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ مَرَضِهٖ، فَجَعَلَ يُشِيْرُ اِلَيْنَا: لَا تَلُدُّوْنِیْ ، فَقُلْنَا: كَرَاهِيَةَ الْمَرِيْضِ الدَّوَاءَ ، فَلَمَّا اَفَاقَ قَالَ: اَلَمْ اَنْهَكُمْ اَنْ تَلُدُّوْنِیْ؟ ، فَقُلْنَا: كَرَاهِيَةَ الْمَرِيْضِ الدَّوَاءَ ، فَقَالَ: لَا يَبْقَى فِی الْبَيْتِ اَحَدٌ اِلَّا لُدَّ ، وَاَنَا اَنْظُرُ اِلَى الْعَبَّاسِ فَاِنَّهٗ لَمْ يَشْهَدْهُمْ

عبیداللہ بن عبداللہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ قول نقل کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کے دوران آپ کے منہ میں دوائی ٹپکا دی تو آپ نے اشارہ کیا تم لوگ میرے منہ میں دوائی نہ ٹپکاؤ ہم نے سوچا جس طرح بیمار شخص دوا کو ناپسند کرتا ہے (یہ بھی اسی طرح ہے) جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طبیعت بہتر ہوئی تو آپ نے فرمایا: کیا میں نے تم لوگوں کو اس بات سے منع نہیں کیا تھا کہ تم میرے منہ میں دوائی نہ ٹپکاؤ۔ ہم نے عرض کی: (ہم تو یہ سمجھے تھے) جس طرح بیمار شخص دوائی کو ناپسند کرتا ہے (یہ بھی اسی طرح کی صورت حال ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: گھر میں موجود ہر شخص کے منہ میں دوائی ٹپکائی جائے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھ رہی تھی کیونکہ اس وقت وہ گھر میں موجود نہیں تھے (جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ میں ٹپکائی گئی تھی)

## ذِكْرُ قِرَاءَةِ عَائِشَةَ الْمُعَوِّذَتَيْنِ عَلَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ عِلَّتِهِ الَّتِیْ تُوُفِّیَ فِيْهَا

## سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا معوذتین پڑھ کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر دم کرنے کا تذکرہ' جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس بیماری کے دوران تھا' جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا

**6590** - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ:

(متن حدیث):اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اشْتَكٰى نَفَثَ عَلٰى نَفْسِهٖ بِالْمُعَوِّذَاتِ، وَيَمْسَحُ عَنْهُ بِيَدِهٖ، قَالَتْ: فَلَمَّا اشْتَكَى النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعَهُ الَّذِیْ تُوُفِّیَ فِيْهِ طَفِقْتُ اَنْفُثُ عَلَيْهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ الَّتِیْ كَانَ يَنْفُثُ بِهَا عَلٰى نَفْسِهٖ وَاَمْسَحُ بِيَدِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ

6589- إسناده صحيح على شرط البخاري. رجاله رجال الشيخين غير علي ابن المديني، فمن رجال البخاري، وقد أخرجه عنه في "صحيحه" (4458) في المغازي: بَابُ مَرَضِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - ووفاته، و (5712) في الطب: باب اللدود. وأخرجه أحمد 6/53، والبخاري (7886) في الديات: باب القصاص بين الرجال والنساء في الجراحات، و (6897) باب إذا أصاب قوم من رجل هل يعاقب أم يقتص منهم كلهم، ومسلم (2213) في السلام: باب كراهية التداوي باللدود، والنسائي "الكبرى" كما في "التحفة" 11/483 من طرق عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد.

6590- إسناده صحيح على مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى، فمن رجال مسلم، وقد أخرجه عنه (2192) و51) في السلام: باب رقية المريض بالمعوذات والنفث. وقد تقدم برقم (2693).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوتے تو آپ اپنے اوپر معوذات پڑھ کر دم کیا کرتے تھے اور اپنا دست مبارک پھیرا کرتے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس بیماری میں مبتلا ہوئے جس میں آپ کا وصال ہوا تو میں نے معوذات پڑھ کر آپ پر دم کرنا شروع کیا جنہیں پڑھ کر آپ اپنے اوپر دم کرتے تھے اور میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دست مبارک آپ کے جسم پر پھیرتی رہی۔

## ذِكْرُ مَا كَانَ يَقُوْلُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ عِلَّتِهِ عِنْدَ الدُّعَاءِ بِالشِّفَاءِ لَهُ

### اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیماری کے دوران شفاء کے لیے کون سی دعا پڑھا کرتے تھے؟

**6591** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُصْعَبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اُغْمِيَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَاْسُهُ فِيْ حِجْرِيْ، فَجَعَلْتُ اَمْسَحُهُ وَاَدْعُوْ لَهُ بِالشِّفَاءِ، فَلَمَّا اَفَاقَ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا بَلْ اَسْاَلُ اللّٰهَ الرَّفِيْقَ الْاَعْلٰى مَعَ جِبْرِيْلَ، وَمِيْكَائِيْلَ، وَاِسْرَافِيْلَ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر بے ہوشی طاری ہوئی۔ آپ کا سر میری گود میں تھا میں نے آپ پر ہاتھ پھیرنا شروع کیا اور آپ کے لئے شفا کی دعا مانگنا شروع کی جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طبیعت بہتر ہوئی تو آپ نے ارشاد فرمایا: جی نہیں بلکہ میں اللہ تعالیٰ سے رفیق اعلیٰ مانگتا ہوں۔ یعنی جبرائیل، میکائیل اور اسرافیل کا ساتھ عطا کرے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْكَلَامَ كَانَ مِنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ خُيِّرَ بَيْنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

### اس بات کا تذکرہ یہ کلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا (اس وقت) تھا جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دنیا اور آخرت کے درمیان اختیار دیا گیا تھا

**6592** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كُنْتُ اَسْمَعُ اَنَّهُ لَا يَمُوْتُ نَبِيٌّ حَتّٰى يُخَيَّرَ بَيْنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، قَالَتْ: فَسَمِعْتُ النَّبِيَّ

6591- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله رجال الشيخين غير أبي زرعة الحافظ -واسمه عبيد الله بن عبد الكريم- فمن رجال مسلم. سفيان: هو الثوري، وأبو بردة: هو ابن أبي موسى الأشعري. وأخرجه النسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 12/340، وفي "عمل اليوم والليلة" (1097) عن محمد بن علي بن ميمون الرقي، عن الفريابي، عن سفيان، بهذا الإسناد، وانظر ما بعده.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ، وَاَخَذَتْهُ بُحَّةٌ، فَجَعَلَ يَقُولُ: (مَعَ الَّذِينَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيِّينَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِينَ وَحَسُنَ اُولٰئِكَ رَفِيقًا) (النساء: 69) ، قَالَتْ: فَظَنَنْتُ اَنَّهُ خُيِّرَ حِينَئِذٍ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے یہ بات سن رکھی تھی کہ کسی بھی نبی کا انتقال اس وقت تک نہیں ہوتا جب تک اسے دنیا میں رہنے یا آخرت میں (منتقل ہونے) کے درمیان اختیار نہیں دیا جاتا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی اس بیماری کے دوران جس میں آپ کا وصال ہوا، یہ کہتے ہوئے سنا حالانکہ اس وقت آپ کی آواز بھاری ہو چکی تھی۔ آپ یہ کہہ رہے تھے۔

''ان لوگوں کے ساتھ جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام کیا جو نبیوں صدیقین شہداء اور صدیقین کے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اور یہ بہترین ساتھی ہیں۔''

## ذِكْرُ وَصْفِ الْخُطْبَةِ الَّتِي خَطَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي آخِرِ عُمْرِهِ حَيْثُ خَرَجَ لِيَعْهَدَ اِلَى النَّاسِ مَا ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

## اس خطبے کی صفت کا تذکرہ' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی عمر کے آخری حصے میں اس وقت دیا تھا' جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو تلقین کرنے کے لیے تشریف لے گئے تھے جس کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں

**6593** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيسٰى، قَالَ اُنَيْسُ بْنُ اَبِي يَحْيٰى: اَخْبَرَنَا عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

---

6592- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخاري (4435) في المغازي: بَابُ مَرَضِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -، ومسلم (2444) (86) في الفضائل: باب في فضل عائشة رضي الله عنها، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/176 عن محمد بن جعفر، به. وأخرجه أحمد 6/176 و 205، والبخاري (2436)، ومسلم، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 12/6، وفي "اليوم والليلة" (1094)، وأبو يعلى (4534) من طرق عن شعبة، به. وأخرجه البخاري (4586) في تفسير سورة النساء: باب (فأولئك مَعَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيِّينَ)، وابن ماجة (1620) في الجنائز: باب ما جاء في مرض النبي - صلى الله عليه وسلم -، من طريقين عن سعد بن إبراهيم، به. وأخرجه أحمد 6/99، والبخاري (4437) عن شعيب، عن الزهري، عن عروة، به. وأخرجه البخاري (6348) في الدعوات: باب دعاء النبي - صلى الله عليه وسلم -: "اللّٰهم الرفيق الأعلى"، و (6509) في الرقاق: باب من أحب لقاء الله أحب الله لقاءه، ومسلم (2444) (87) من طرق عن الليث، قال: حدثني عقيل، عن ابن شهاب، أخبرني سعيد بن المسيب وعروة بن الزبير في رجال من أهل العلم أن عائشة زوج النبي - صلى الله عليه وسلم - قالت ...وأخرجه البخاري (4463) في المغازي: باب آخر ما تكلم به النبي - صلى الله عليه وسلم -، من طريق يونس، عن الزهري

6593- إسناده قوي. أبو يحيى هو سمعان الأسلمي، روى عنه ابناه أنيس ومحمد، ووثقه المصنف، وقال النسائي: لا بأس به، وباقي رجاله ثقات. وهو في "مسند أبي يعلى" (1155). وأخرجه الدارمي 1/36 أخبرنا زكريا بن عدي، حدثنا حاتم بن إسماعيل، عن أنيس بن أبي يحيى، بهذا الإسناد. وانظر ما بعده، والحديث الآتي برقم (6861).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ وَهُوَ مَعْصُوبُ الرَّأْسِ، فَاتَّبَعْتُهُ حَتّٰى قَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: إِنِّي السَّاعَةَ قَائِمٌ عَلَى الْحَوْضِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ عَبْدًا عُرِضَتْ عَلَيْهِ الدُّنْيَا وَزِينَتُهَا فَاخْتَارَ الْآخِرَةَ، فَلَمْ يَفْطِنْ لَهَا أَحَدٌ مِنَ الْقَوْمِ إِلَّا أَبُوْ بَكْرٍ، فَقَالَ: بِأَبِي وَأُمِّي، بَلْ نَفْدِيكَ بِأَمْوَالِنَا وَأَنْفُسِنَا وَأَوْلَادِنَا، قَالَ: ثُمَّ هَبَطَ مِنَ الْمِنْبَرِ، فَمَا رُئِيَ عَلَيْهِ حَتَّى السَّاعَةِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے یہ اس بیماری کی بات ہے جس میں آپ کا وصال ہوا۔ آپ نے سر پر پٹی باندھی ہوئی تھی۔ میں آپ کے پیچھے پیچھے آیا' یہاں تک کہ آپ منبر پر آ کر کھڑے ہوئے آپ نے ارشاد فرمایا: میں گویا اس وقت بھی حوض کوثر پر کھڑا ہوں پھر آپ نے ارشاد فرمایا: ایک بندے کے سامنے دنیا اور اس کی زیب و زینت پیش کی گئی تو اس بندے نے آخرت کو اختیار کر لیا۔ حاضرین میں سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے علاوہ اور کسی کو یہ بات سمجھ نہیں آئی۔ ہم نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں ہم اپنے اموال اور اپنی جانیں اپنی اولاد آپ کے فدیے کے طور پر دیدیں گے۔ راوی کہتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منبر سے نیچے اتر آئے۔ اس کے بعد آپ کو نہیں دیکھا گیا۔ (یعنی اس کے بعد آپ کا وصال ہو گیا)

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ الْمُخَيَّرَ فِيمَا وَصَفْنَا كَانَ صَفِيَّ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

### اس بات کے بیان کا تذکرہ' ہم نے جو بیان کیا ہے' اس میں جس شخص کو اختیار دیا گیا' وہ اللہ کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم تھے

**6594** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا سَالِمٌ أَبُو النَّضْرِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، وَعُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ، فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ خَيَّرَ عَبْدًا بَيْنَ أَنْ يُؤْتِيَهُ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا مَا شَاءَ وَبَيْنَ لِقَائِهِ، فَاخْتَارَ لِقَاءَ رَبِّهِ، فَبَكَى أَبُوْ بَكْرٍ، وَقَالَ: بَلْ نَفْدِيكَ بِآبَائِنَا وَأَبْنَائِنَا، فَقَالَ رَسُوْلُ

6594- إسناده صحيح على شرط الصحيح . رجاله رجال الشيخين غير عليّ ابن المدينى، فمن رجال البخارى، وأبى داود -وهو سليمان بن داود الطيالسى- فمن رجال مسلم، وفليح بن سليمان قد توبع عند المؤلف برقم (6861) .وأخرجه أحمد 3/18، وابن أبى شيبة 12/6، وابن أبى عاصم فى "السنّة" (1227) ، وابن سعد 2/227 من طريق يونس بن محمد، ومسلم (2382) فى فضائل الصحابة: باب من فضائل أبى بكر الصديق، وابن سعد 2/227 من طريق سعيد بن منصور، وابن سعد أيضاً من طريق يحيى بن عباد، ثلاثتهم عن فليح، بهذا الإسناد . ووقع فى المطبوع من "السنّة": "عبيد بن حنين عن بسر بن سعيد"، وهو تحريف .وأخرجه خارى (466) فى الصلاة. باب الخوخة والممر فى المسجد، عن محمد بن سنان، عن فليح، به، إلا أن فيه: "عن عبيد بن حنين عن سعيد"، قال الحافظ فى "الفتح" 1/559 : وقد نقل ابن السكن عن الفربرى عن البخارى أنه قال: هكذا حدث به محمد بن مو خطأ، وإنما هو عن عبيد بن حنين وعن بسر بن سعيد، يعنى بواو العطف .وأخرجه أحمد 3/18، والبخارى (3654) فى ـنة: باب قول النبيّ - صلى الله عليه وسلم - "سدّوا الأبوابَ إلا بابَ أبى بكر"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْكُتْ يَا اَبَا بَكْرٍ ثُمَّ قَالَ: اِنَّ اَمَنَّ النَّاسِ عَلَيَّ فِيْ صُحْبَتِهٖ وَمَالِهٖ اَبُوْ بَكْرٍ، وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلًا مِنَ النَّاسِ لَاتَّخَذْتُ اَبَا بَكْرٍ، وَلٰكِنْ اُخُوَّةُ الْاِسْلَامِ وَمَوَدَّتُهٗ، اَلَا لَا يَبْقَيَنَّ فِي الْمَسْجِدِ خَوْخَةٌ اِلَّا سُدَّتْ اِلَّا خَوْخَةَ اَبِيْ بَكْرٍ قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ، فَقُلْتُ: الْعَجَبُ يُخْبِرُنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ عَبْدًا خَيَّرَهُ اللّٰهُ بَيْنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، وَهٰذَا يَبْكِيْ، وَاِذَا الْمُخَيَّرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاِذَا الْبَاكِيْ اَبُوْ بَكْرٍ، وَاِذَا اَبُوْ بَكْرٍ اَعْلَمُنَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے کو اس بات کا اختیار دیا کہ اسے اللہ تعالیٰ دنیا کی آرائش وزیبائش عطا کردے یا اپنی بارگاہ میں حاضری عطا کردے تو اس شخص نے اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضری کو اختیار کیا' اس پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ رو پڑے اور انہوں نے عرض کی: ہم اپنے آباؤ اجداد اور اپنی اولاد آپ کے فدیے کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر تم خاموش رہو پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے ساتھ اور مال کے اعتبار سے لوگوں میں میرے ساتھ سب سے اچھا سلوک ابوبکر نے کیا۔ اگر میں نے لوگوں میں سے کسی کو اپنا خلیل بنانا ہوتا تو میں ابوبکر کو بناتا' البتہ اسلام کا بھائی چارہ اور محبت تو ہے ہی' خبردار مسجد میں موجود ہر دروازہ بند کر دیا جائے۔ صرف ابوبکر کا دروازہ کھلا رہے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے سوچا اس بات پر حیرانگی ہوتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں اس بات کی اطلاع دے رہے ہیں کہ ایک بندے کو اللہ تعالیٰ نے دنیا اور آخرت کے درمیان اختیار دیا ہے اور یہ صاحب (یعنی حضرت ابوبکر) رو رہے ہیں۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ اختیار دیئے گئے شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھے اور رونے والے شخص حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہم سب سے زیادہ علم رکھتے تھے۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَرْجَةِ الَّتِيْ وَصَفْنَاهَا لِلْعَهْدِ اِلَى النَّاسِ صَلّٰى عَلٰى شُهَدَاءِ اُحُدٍ قَبْلَ الْخُطْبَةِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا

### اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

اور وہ اس بات کا قائل ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ تشریف آوری جس کا ذکر ہم نے کیا ہے' جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو تلقین کرنے کے لیے تشریف لائے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی دوران خطبہ دینے سے پہلے شہداء احد کی نماز جنازہ ادا کی تھی' وہ خطبہ جس کا ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

**6595** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِيْ كَرِيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



عَامِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلٰى قَتْلٰى اُحُدٍ، ثُمَّ انْصَرَفَ، وَقَعَدَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَاَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّي بَيْنَ اَيْدِيكُمْ فَرَطٌ، وَاِنِّي عَلَيْكُمْ لَشَهِيدٌ، وَاِنِّي وَاللّٰهِ مَا اَخَافُ عَلَيْكُمْ اَنْ تُشْرِكُوا بَعْدِي، وَلٰكِنِّي قَدْ اُعْطِيتُ اللَّيْلَةَ مَفَاتِيحَ خَزَائِنِ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ، وَاَخَافُ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنَافَسُوا فِيهَا، ثُمَّ دَخَلَ فَلَمْ يَخْرُجْ مِنْ بَيْتِهِ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا، وَكَانَتْ آخِرُ خُطْبَةٍ خَطَبَهَا حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداء اُحد کی نماز جنازہ ادا کی پھر آپ واپس تشریف لائے۔ آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی پھر آپ نے ارشاد فرمایا:

''اے لوگو! میں تمہارے آگے تمہارا پیشرو ہوں اور میں تم لوگوں کا گواہ ہوں گا۔ اللہ کی قسم! مجھے تمہارے بارے میں اس بات کا اندیشہ نہیں ہے کہ تم میرے بعد شرک کرو گے لیکن گزشتہ رات مجھے زمین اور آسمان کے خزانوں کی چابیاں عطا کی گئیں۔ مجھے تمہارے بارے میں یہ اندیشہ ہے کہ تم ان میں دلچسپی لو گے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھر کے اندر تشریف لے گئے پھر آپ اپنے گھر سے باہر نہیں نکلے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی روح کو قبض کرلیا۔ یہ وہ آخری خطبہ تھا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا: یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے (آپ کی روح مبارکہ کو) قبض کرلیا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ: صَلَّى عَلٰى قَتْلٰى اُحُدٍ، اَرَادَ بِهِ اَنَّهُ دَعَا وَاسْتَغْفَرَ لَهُمْ لَا اَنَّهُ صَلَّى عَلَيْهِمْ كَمَا يُصَلِّي عَلَى الْمَوْتٰى

### اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا: ''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداء احد

کی نماز جنازہ ادا کی''۔ اس سے ان کی مراد یہ ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لیے دعا کی اور ان کے لیے مغفرت طلب کی' اس سے یہ مراد نہیں ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح نماز جنازہ ادا کی جس طرح مرحومین کی نماز جنازہ ادا کی جاتی ہے

**6596** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ السِّخْتِيَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَصَّارُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، اَوْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صُبُّوا عَلَيَّ مِنْ سَبْعِ قِرَبٍ لَمْ تُحْلَلْ اَوْكِيَتُهُنَّ لَعَلِّي اَسْتَرِيحُ، فَاَعْهَدَ اِلَى النَّاسِ قَالَتْ عَائِشَةُ: فَاَجْلَسْنَاهُ فِي مِخْضَبٍ لِحَفْصَةَ مِنْ نُحَاسٍ، وَسَكَبْنَا عَلَيْهِ مِنْ

6595– إسناده صحيح. رجاله ثقات رجال مسلم غير محمد بن وهب بن أبي كريمة فقد روى له النسائي . محمد بن سلمة: هو الحرّاني، وأبو عبد الرحيم: هو خالد بن أبي يزيد، وأبو الخير: هو مَرْثد بن عبد الله اليزني. وقد تقدم برقم (3198) و (3199) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



الْمَاءِ حَتّٰى طَفِقَ يُشِيرُ اِلَيْنَا اَنْ قَدْ فَعَلْتُنَّ، ثُمَّ خَرَجَ فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَاَثْنٰى عَلَيْهِ، وَاسْتَغْفَرَ لِلشُّهَدَاءِ الَّذِيْنَ قُتِلُوا يَوْمَ اُحُدٍ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''مجھ پر سات ایسے مشکیزوں کے ذریعے پانی بہاؤ جن کے منہ نہ کھولے گئے ہوں تاکہ مجھے تھوڑا سا سکون آئے تاکہ میں لوگوں کو کوئی ہدایت کرسکوں۔سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تانبے کے بنے ہوئے سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے بڑے برتن میں بٹھادیا۔ہم نے آپ پر پانی انڈیلا یہاں تک کہ آپ نے ہمیں اشارہ کیا کہ تم لوگوں نے کام پورا کردیا ہے پھر آپ تشریف لے گئے۔آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی۔آپ نے ان شہداء کے بارے میں دعائے مغفرت کی جو غزوہ احد میں شہید ہوئے تھے۔

## ذِكْرُ اِرَادَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِتْبَةَ الْكِتَابِ لِاُمَّتِهِ لِئَلَّا يَضِلُّوا بَعْدَهُ

## اس بات کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کے لیے تحریر لکھنے کا ارادہ کیا تھا' تاکہ وہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد گمراہی کا شکار نہ ہوجائیں

**6597** - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث):لَمَّا حَضَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي الْبَيْتِ رِجَالٌ فِيهِمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكْتُبُ لَكُمْ كِتَابًا لَا تَضِلُّوا بَعْدَهُ اَبَدًا ، قَالَ عُمَرُ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ غَلَبَ عَلَيْهِ الْوَجَعُ، وَعِنْدَكُمُ الْقُرْآنُ حَسْبُنَا كِتَابُ اللّٰهِ، قَالَ: فَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْبَيْتِ، وَاخْتَصَمُوا لَمَّا اَكْثَرُوا اللَّغَطَ وَالْاَحَادِيثَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُومُوا ،

6596– إسناده صحيح. محمد بن عبد الله -وهو ابن الحسن العصّار - ذكره المؤلف في "الثقات" 9/103 وحدث عنه جمع، وقال السمعاني في "الأنساب" 8/462: كان مع أحمد بن حنبل في الرحلة إلى اليمن وغيره، وهو أول من أظهر مذهب الحديث بجرجان، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 6/151 و 228، والبيهقي 1/31 من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه البيهقي 1/31 من طريق عبد الرزاق، به، ولم يذكر فيه عمرة. وأخرجه الحاكم 1/145، والبيهقي 1/31 من طريقي على ابن المديني وأحمد بن حنبل، عن عبد الرزاق، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عمرة، عن عائشة. وأخرجه الدارمي 1/38، وأبو يعلى (4770) من طريقين عن عروة، عن عائشة. وأخرجه البخاري (198) في الوضوء : باب الغسل والوضوء في المخضب والقدح والخشب والحجارة، والبيهقي 1/31 عن أبي اليمان، عن شعيب، والبخاري (4442) في المغازي: بَابُ مَرَضِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -، ومن طريقه البغوي (3825) من طريق عقيل، وابن سعد 2/232، والبخاري (5714) من طريق عبد الله بن المبارك، عن معمر ويونس، وأبو يعلى (4579) من طريق محمد بن إسحاق، خمستهم عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عن عائشة. وانظر الحديثين الآتيين برقم (6599) و (6600).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



فَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقُولُ: إِنَّ الرَّزِيَّةَ كُلَّ الرَّزِيَّةِ مَا حَالَ بَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ أَنْ يَكْتُبَ لَهُمْ ذٰلِكَ الْكِتَابَ مِنَ اخْتِلَافِهِمْ وَلَغَطِهِمْ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری وقت قریب آیا تو گھر میں کچھ لوگ موجود تھے جن میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہارے لئے ایک تحریر لکھ دیتا ہوں تم اس کے بعد کبھی گمراہ نہیں ہو گے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر تکلیف کا رنگ غالب ہے اور تمہارے پاس قرآن ہے ہمارے لیے اللہ کی کتاب ہی کافی ہے تو گھر میں موجود لوگوں کے درمیان اس بارے میں اختلاف ہو گیا وہ آپس میں اس بارے میں بحث کرنے لگے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں ان کی آوازیں اور گفتگو زیادہ ہوگئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اٹھ جاؤ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے تھے: مصیبت سی مصیبت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے تحریر لکھنے کے درمیان لوگوں کا اختلاف اوران کا شور شرابا رکاوٹ بن گیا۔

## ذِكْرُ إِشَارَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى مَا أَشَارَ بِهِ فِي أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس بات کی طرف اشارہ کرنا' جس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ (کے اپنے خلیفہ ہونے) کی طرف اشارہ کیا

**6598** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا أَبُو قُدَامَةَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ: ادْعِي لِي أَبَا بَكْرٍ أَبَاكِ حَتّٰى أَكْتُبَ،

---

6597- حديث صحيح . ابن أبي السري -وهو محمد بن المتوكل العسقلاني - قد توبع ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين.وأخرجه أحمد 1/336، والبخاري (4432) في المغازي: باب مرض النبي - صلى الله عليه وسلم - ووفاته، و (5669) في المرضى: باب قول المريض: قوموا عني، ومسلم (1637) (22) في الوصية: باب ترك الوصية لمن ليس له شيء يوصي فيه، من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد.وأخرجه البخاري (5669) ، و (7366) في الاعتصام: باب كراهية الخلاف، من طريق هشام بن يوسف الصنعاني، عن معمر، به . وأخرجه أحمد 325-1/324، والبخاري (114) في العلم: باب كتابة العلم، من طريق يونس، عن الزهري، به.وأخرجه الحميدي (526) ، وأحمد 1/222، وابن سعد 2/242، والبخاري (3053) في الجهاد: باب هل يستشفع إلى أهل الذمة، و (3168) باب إخراج اليهود من جزيرة العرب، و (4431) ، ومسلم (1637) (20) ، والبيهقي 9/207 من طريق ابن عيينة، عن سليمان الأحول، عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس .وأخرجه مسلم (1637) (21) ، وابن سعد 2/242 و 243، والطبراني (12261) من طريقين عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس .وأخرجه أحمد 1/293، والطبراني (10961) و (10962) من طريق ليث، عن طاووس، عن ابن عباس.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



فَإِنِّي أَخَافُ أَنْ يَتَمَنَّى مُتَمَنٍّ، وَيَقُولُ أَنَا أَوْلَى وَيَأْبَى اللَّهُ وَالْمُؤْمِنُونَ إِلَّا أَبَا بَكْرٍ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں اپنی بیماری کے دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے والد ابوبکر کو میرے پاس بلواؤ تا کہ میں تحریر لکھ دوں کیونکہ مجھے یہ اندیشہ ہے کہ کوئی دوسرا شخص بھی (خلافت کا) خواہش مند ہو سکتا ہے اور وہ یہ کہہ سکتا ہے کہ میں اس کا زیادہ حق دار ہوں حالانکہ اللہ تعالیٰ اور اہل ایمان صرف ابوبکر (کو خلیفہ کے طور پر) قبول کریں گے۔

## ذِكْرُ اغْتِسَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَاءِ الَّذِي لَمْ يُمَسَّ بَعْدَ أَنْ أُوكِيَ فِي عِلَّتِهِ الَّتِي قُبِضَ فِيهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی اس بیماری کے دوران جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا، ایسے پانی کے ذریعے غسل کرنے کا تذکرہ جسے مشکیزے میں ڈالنے کے بعد اسے استعمال نہ کیا گیا ہو

**6599** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَجَعِهِ الَّذِي قُبِضَ فِيهِ: صُبُّوا عَلَيَّ مِنْ سَبْعِ قِرَبٍ لَمْ تُحْلَلْ أَوْكِيَتُهُنَّ لَعَلِّي أَعْهَدُ إِلَى النَّاسِ، قَالَتْ: فَأَجْلَسْنَاهُ فِي مِخْضَبٍ لِحَفْصَةَ، فَمَا زِلْنَا نَصُبُّ عَلَيْهِ حَتَّى طَفِقَ يُشِيرُ إِلَيْنَا أَنْ قَدْ فَعَلْتُنَّ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، جس بیماری کے دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا اس کے دوران آپ نے ارشاد فرمایا: مجھ پر سات ایسے مشکیزوں کے ذریعے پانی بہاؤ جن کے منہ نہ کھولے گئے ہوں تا کہ میں لوگوں کو کوئی تلقین کر سکوں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے بڑے ٹب میں بٹھایا۔ اس کے بعد ہم آپ پر پانی بہاتی رہیں، یہاں تک کہ آپ نے ہمیں اشارہ کیا کہ تم نے ایسا کر لیا ہے۔

---

6598- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 6/144، ومسلم (2387) في فضائل الصحابة: باب من فضائل أبي بكر رضي الله عنه، ومن طريق يزيد بن هارون، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/50 من طريق عبد الرحمن بن أبي بكر القرشي، و 6/106 من طريق نافع بن عمر، كلاهما عن ابن أبي مليكة، عن عائشة. وأخرجه البخاري (5666) في المرضى: باب ما رخص للمريض أن يقول: إني وجع، و (7217) في الأحكام: باب الاستخلاف، عن يحيى بن يحيى، عن سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ محمد، عن عائشة.

6599- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير علي ابن المديني، وشيخه هشام بن يوسف -وهو الصنعاني- فمن رجال البخاري. وأخرجه الحاكم 1/145 من طريق هشام بن يوسف، بهذا الإسناد. وقد سقط من المطبوع من "المستدرك" هذا الإسناد فيستدرك من هنا. وأخرجه الحاكم 1/145 من طريق محمد بن حميد، عن معمر، به. وانظر الحديث السالف برقم (6596) والحديث الآتي.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



39
39

## ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اغْتَسَلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عِلَّتِهِ

### اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ نے اپنی بیماری کے دوران غسل کیا تھا

**6600** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ، وَعُمْرَةُ، اَحَدُهُمَا اَوْ كِلَاهُمَا، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ: صُبُّوا عَلَيَّ مِنْ سَبْعِ قِرَبٍ لَمْ تُحْلَلْ اَوْكِيَتُهُنَّ لَعَلِّي اَسْتَرِيحُ، فَاَعْهَدَ اِلَى النَّاسِ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَاَجْلَسْنَاهُ فِي مِخْضَبٍ لِحَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ مِنْ نُحَاسٍ، فَسَكَبْنَا عَلَيْهِ الْمَاءَ حَتَّى طَفِقَ يُشِيرُ اِلَيْنَا اَنْ قَدْ فَعَلْتُنَّ، ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الْمَسْجِدِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جس بیماری کے دوران نبی اکرم ﷺ کا وصال ہوا اس میں آپ نے ارشاد فرمایا: مجھ پر سات ایسے مشکیزوں کے ذریعے پانی بہاؤ جن کے منہ نہ کھولے گئے ہوں تا کہ مجھے کچھ سکون آئے اور میں لوگوں کو ہدایت کر سکوں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ہم نے نبی اکرم ﷺ کو سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے پیتل کے بنے ہوئے ٹب میں بٹھایا۔ ہم نے نبی اکرم ﷺ پر پانی انڈیلا یہاں تک کہ آپ نے ہمیں اشارہ کرنا شروع کیا کہ تم نے ایسا کر لیا ہے پھر آپ مسجد کی طرف تشریف لے گئے۔

## ذِكْرُ وَصْفِ الْعَهْدِ الَّذِي عَزَمَ عَلَى ذٰلِكَ اِلَى النَّاسِ بَعْدَهُ الَّذِي مِنْ اَجْلِهِ اغْتَسَلَ وَخَرَجَ اِلَى الْمَسْجِدِ

### اس عہد کی صفت کا تذکرہ جس کے بارے میں نبی اکرم ﷺ نے یہ ارادہ کیا تھا کہ

آپ ﷺ لوگوں کو اس کی تلقین کریں گے کہ وہ آپ ﷺ کے بعد (اس پر گامزن رہیں) اور اسی وجہ سے آپ ﷺ نے غسل کیا تھا اور مسجد تشریف لے گئے تھے

**6601** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا جَرِيرٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): وَجِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مُرُوا اَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا بَكْرٍ اِذَا قَامَ مَقَامَكَ لَمْ يُسْمِعِ النَّاسَ مِنَ الْبُكَاءِ، فَمُرْ عُمَرَ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَقَالَ: مُرُوا اَبَا

6600- حديث صحيح. ابن أبي السري -وهو محمد بن المتوكل العسقلاني- قد توبع، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين. وانظر الحديثين المتقدمين برقم (6596) و (6599).

6601- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وقد تقدم برقم (2117) وسيأتي برقم (6873). وقولها: "ما رأيت منكِ خيراً قطُّ" أرادت به عائشة رضي الله عنها.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ ، فَقُلْتُ مِثْلَهَا، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مُرُوا اَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ ، فَقُلْتُ لِحَفْصَةَ: قُوْلِي لَهُ: اِنَّ اَبَا بَكْرٍ اِذَا

قَامَ مَقَامَكَ لَمْ يُسْمِعِ النَّاسَ مِنَ الْبُكَاءِ، فَمُرْ عُمَرَ، فَفَعَلَتْ حَفْصَةُ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مُرُوا اَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَاِنَّكُنَّ صَوَاحِبَاتُ يُوسُفَ ، فَقَالَتْ حَفْصَةُ: مَا رَاَيْتُ مِنْكَ خَيْرًا قَطُّ، قَالَتْ: فَخَرَجَ اَبُو بَكْرٍ يَؤُمُّ النَّاسَ، فَلَمَّا كَبَّرَ اَبُو بَكْرٍ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَهَبَ اَبُو بَكْرٍ يَتَاَخَّرُ، فَاَشَارَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنِ امْكُثْ مَكَانَكَ، فَمَكَثَ مَكَانَهُ، فَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحِذَائِهِ، فَكَانَ اَبُو بَكْرٍ يُصَلِّي بِصَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالنَّاسُ يُصَلُّوْنَ بِصَلَاةِ اَبِي بَكْرٍ حَتّٰى قَضَى الصَّلَاةَ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم ﷺ بیمار ہوئے تو آپ نے فرمایا: ابوبکر سے کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھا دے میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جب آپ کی جگہ پر کھڑے ہوں گے تو رونے کی وجہ سے لوگوں کو تلاوت نہیں سنا سکیں گے۔ آپ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ حکم دیجئے کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھا دیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ابوبکر سے کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھا دے میں نے پھر ویسی ہی بات کہی تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ابوبکر سے کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھا دے۔ میں نے سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا سے کہا آپ نبی اکرم ﷺ سے کہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جب آپ کی جگہ پر کھڑے ہوں گے تو رونے کی وجہ سے لوگوں کو تلاوت نہیں سنا سکیں گے۔ آپ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ حکم دیجئے۔ سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے ایسا ہی کیا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ابوبکر سے کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھا دے۔ تم لوگ حضرت یوسف علیہ السلام کے واقعہ والی خواتین کی طرح ہو۔ سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے (سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے) کہا تمہاری طرف سے مجھے کبھی کوئی بھلائی دیکھنے کو نہیں ملی۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں کی امامت کے لئے نکلے جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے تکبیر کہہ لی تو نبی اکرم ﷺ بھی تشریف لے گئے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پیچھے ہٹنے لگے تو نبی اکرم ﷺ نے اشارہ کیا تم اپنی جگہ پر رہو تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنی جگہ پر رہے۔ پھر نبی اکرم ﷺ ان کے ساتھ آ کر بیٹھ گئے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کی نماز کی پیروی میں نماز ادا کر رہے تھے اور لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نماز کی پیروی میں نماز ادا کر رہے تھے یہاں تک کہ انہوں نے نماز مکمل کی۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذِهِ الصَّلَاةِ كَانَ قَاعِدًا وَّاَبُوْ بَكْرٍ وَّالنَّاسُ قِيَامٌ خَلْفَهُ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے بیٹھ کر وہ نماز ادا کی تھی جبکہ آپ ﷺ کے پیچھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور دیگر لوگ کھڑے ہو کر نماز ادا کرتے رہے تھے

**6602** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ،

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایہ

www.KitaboSunnat.com



حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ اَبِي عَائِشَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ، فَقُلْتُ لَهَا: اَلَا تُحَدِّثِينِي عَنْ مَرَضِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَتْ: بَلٰى، ثَقُلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَصَلَّى النَّاسُ؟ ، فَقُلْتُ: لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هُمْ يَنْتَظِرُوْنَكَ، فَقَالَ: ضَعُوْا لِي مَاءً فِي الْمِخْضَبِ ، فَفَعَلْنَا، فَاغْتَسَلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ ذَهَبَ لِيَنُوْءَ، فَاُغْمِيَ عَلَيْهِ ثُم اَفَاقَ، فَقَالَ: اَصَلَّى النَّاسُ؟ ، قُلْنَا: لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَهُمْ يَنْتَظِرُوْنَكَ، قَالَتْ: وَالنَّاسُ عُكُوفٌ فِي الْمَسْجِدِ يَنْتَظِرُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ، قَالَتْ: فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا اِلٰى اَبِي بَكْرٍ اَنْ يُّصَلِّيَ بِالنَّاسِ، فَاَتَاهُ الرَّسُوْلُ، فَقَالَ لَهُ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُكَ اَنْ تُصَلِّيَ بِالنَّاسِ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ - وَكَانَ رَجُلًا رَقِيقًا اَوْ رَفِيقًا -: يَا عُمَرُ، صَلِّ بِالنَّاسِ، فَقَالَ عُمَرُ: اَنْتَ اَحَقُّ بِذٰلِكَ، فَفَعَلَ وَصَلّٰى بِهِمْ اَبُوْ بَكْرٍ تِلْكَ الْاَيَّامَ، ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ فِي نَفْسِهِ خِفَّةً، فَخَرَجَ بَيْنَ رَجُلَيْنِ اَحَدُهُمَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَاَبُوْ بَكْرٍ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَلَمَّا رَآهُ اَبُوْ بَكْرٍ ذَهَبَ لِيَتَاَخَّرَ، فَاَوْمَاَ اِلَيْهِ اَنْ لَا يَتَاَخَّرَ، فَقَالَ لَهُمَا: اَجْلِسَانِي اِلٰى جَنْبِ اَبِي بَكْرٍ ، فَاَجْلَسَاهُ اِلٰى جَنْبِ اَبِي بَكْرٍ، قَالَتْ: فَجَعَلَ اَبُوْ بَكْرٍ يُصَلِّي بِصَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ قَائِمٌ، وَالنَّاسُ يُصَلُّوْنَ بِصَلَاةِ اَبِي بَكْرٍ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ، قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: فَدَخَلْتُ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، فَقُلْتُ لَهُ: اَلَا اَعْرِضُ عَلَيْكَ مَا حَدَّثَتْنِي عَائِشَةُ عَنْ مَرَضِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ ، فَحَدَّثْتُهُ بِحَدِيثِهَا عَنْ مَرَضِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَا اَنْكَرَ مِنْهُ شَيْئًا غَيْرَ اَنَّهُ قَالَ: لَمْ تُسَمِّ لَكَ الرَّجُلَ الَّذِي كَانَ مَعَ الْعَبَّاسِ؟ ، فَقُلْتُ: لَا، فَقَالَ: هُوَ عَلِيٌّ

❀❀ عبیداللہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے ان سے کہا آپ مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کے بارے میں نہیں بتائیں گی۔ انہوں نے فرمایا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہو گئے۔ آپ نے دریافت کیا: کیا لوگوں نے نماز ادا کرلی ہے۔ میں نے عرض کی: جی نہیں۔ یارسول اللہ وہ آپ کا انتظار کر رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے لئے کسی بڑے برتن میں پانی رکھو ہم نے ایسا ہی کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل کیا پھر آپ اٹھنے لگے تو آپ پر بے ہوشی طاری ہوگئی پھر آپ کو افاقہ ہوا تو آپ نے دریافت کیا: کیا لوگوں نے نماز ادا کرلی ہے۔ ہم نے عرض کی: جی نہیں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ آپ کا انتظار کر رہے ہیں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ لوگ اس وقت مسجد میں بیٹھے ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا عشاء کی نماز کے لئے انتظار کر رہے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھادے۔ وہ پیغام رساں ان کے پاس آیا اس نے ان سے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو حکم دے رہے ہیں کہ آپ لوگوں کو نماز پڑھادیں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جو ایک نرم دل اور مہربان شخص تھے۔ انہوں نے کہا: اے عمر آپ لوگوں کو نماز پڑھا دیجئے تو حضرت

6602- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو أسامة: هو حماد بن أسامة، وزائدة: هو ابن قدامة. وقد تقدم برقم (2113) من طريق حسين بن علي، عن زائدة.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ اس بات کے زیادہ حق دار ہیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ایسا ہی کیا۔ ان ایام میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھاتے رہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی طبیعت میں کچھ بہتری محسوس ہوئی تو آپ دو آدمیوں کے درمیان چلتے ہوئے تشریف لے گئے۔ ان میں سے ایک حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ تھے۔ اس وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے۔ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو وہ پیچھے ہٹنے لگے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اشارہ کیا کہ وہ پیچھے نہ ہٹیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں صاحبان سے کہا کہ مجھے ابوبکر کے پہلو میں بٹھا دو ان حضرات نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں بٹھا دیا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی پیروی میں نماز ادا کرنے لگے حالانکہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے تھے اور لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نماز کی پیروی میں نماز ادا کرتے رہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے۔

عبیداللہ نامی راوی کہتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا' میں نے ان سے کہا: کیا میں آپ کے سامنے وہ حدیث بیان نہ کروں جو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کے بارے میں بتائی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کے بارے میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی نقل کردہ حدیث انہیں سنائی۔ انہوں نے اس کی کسی بھی بات کا انکار نہیں کیا تاہم انہوں نے یہ فرمایا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے تمہارے سامنے اس دوسرے شخص کا نام نہیں لیا جو حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے۔ میں نے جواب دیا: جی نہیں تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْصٰى اِلٰى عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ عِلَّتِهِ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے لیے اپنی بیماری کے دوران وصیت کی تھی

**6603** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ الْجَهْضَمِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَزْهَرُ،

6603– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أزهر: هو ابن سعد السمان، وابن عون: هو عبد الله، وإبراهيم: هو ابن يزيد النخعي، والأسود: هو ابن يزيد بن قيس النخعي . وأخرجه البخاري (4459) في المغازي: باب مرض النبي - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - ووفاته، والنسائي 1/32 في الطهارة: باب البول في الطست، و 241-240/6 في الوصايا: باب هل أوصى النبي - صلى الله عليه وسلم -، من طريقين عن أزهر، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/32، وابن سعد 2/260 و 261، والبخاري (2741) في الوصايا: باب الوصايا، ومسلم (1636) في الوصية: باب ترك الوصية لمن ليس له شيء يوصي فيه، والنسائي 6/241، والترمذي في "الشمائل" (368) ، وابن ماجه (1626) في الجنائز: باب ما جاء في ذكر مرض الرسول - صلى الله عليه وسلم -، من طرق عن ابن عوف، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): يَزْعُمُونَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْصَى اِلٰى عَلِيٍّ، وَلَقَدْ دَعَا بِطَسْتٍ، فَبَالَ فِيْهِ، وَاِنَّهُ لَعَلٰى صَدْرِى، فَانْخَنَثَ، فَمَاتَ، وَمَا اَشْعُرُ بِهِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں لوگ یہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں وصیت کی تھی (کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد وہ خلیفہ ہوں گے) حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے طشت منگوایا آپ نے اس میں پیشاب کیا۔ آپ میرے سینے کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے پھر آپ ڈھلک گئے اور آپ کا وصال ہو گیا' مجھے اس بات کا پتہ بھی نہیں چلا۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْصَى اِلٰى عَلِيٍّ اَوْ اَسَرَّ اِلَيْهِ بِاَشْيَاءَ اَخْفَاهَا عَنْ غَيْرِهِ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لیے وصیت کی تھی (یا اس بات کا قائل ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں پوشیدہ طور پر کچھ چیزوں کے بارے میں بتایا تھا' جن کے بارے میں دوسروں کو نہیں بتایا

**6604** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، مِنْ اَصْلِ كِتَابِهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ اَبِى بَزَّةَ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِى الطُّفَيْلِ، قَالَ:

(متن حدیث): سُئِلَ عَلِيُّ بْنُ اَبِى طَالِبٍ: اَخَصَّكُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ؟ قَالَ: مَا خَصَّنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ، لَمْ يَعُمَّ بِهِ النَّاسَ كَافَّةً، اِلَّا مَا كَانَ فِى قِرَابِ سَيْفِى هٰذَا، فَاَخْرَجَ صَحِيفَةً مَكْتُوبَةً: لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ ذَبَحَ لِغَيْرِ اللّٰهِ، وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ سَرَقَ مَنَارَ الْاَرْضِ، لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ لَعَنَ وَالِدَيْهِ، لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ آوٰى مُحْدِثًا

(توضیح مصنف): مَنَارُ الْاَرْضِ: عَلَامَةٌ بَيْنَ اَرْضِينَ، قَالَهُ اَبُو حَاتِمٍ

ابوطفیل بیان کرتے ہیں: حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا گیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو بطور خاص کوئی چیز عطا کی تھی۔ انہوں نے جواب دیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بطور خاص کوئی چیز نہیں عطا کی تھی جو دیگر لوگوں کو عمومی طور پر عطا نہ کی ہو' البتہ میری اس تلوار کے میان میں موجود کچھ چیزیں ہیں پھر انہوں نے ایک صحیفہ لکھا ہوا نکالا۔ (جس میں یہ تحریر تھا)

6604- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو الطفيل هو عامر بن واثلة . وقد تقدم برقم (5896) . وقوله: "محدثاً" قال ابن الأثير: يروى بكسر الدال وفتحها على الفاعل والمفعول، فمعنى الكسر: من نصر جانياً، أو آواه، وأجاره من خصمه، وحال بينه وبين أن يقتص منه، والفتح: هو الأمر المبتدع نفسه، ويكون معنى الإيواء فيه الرضا به والصبر عليه، فإنه إذا رضي بالبدعة وأقر فاعلها ولم ينكر عليه فقد آواهُ.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



"اللہ تعالیٰ اس شخص پر لعنت کرے جو غیر اللہ کے نام پر (جانور کو) ذبح کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس شخص پر لعنت کرے جو زمین کی حدود کے نشانات چوری کرتا ہے۔ (یعنی انہیں بگاڑ دیتا ہے) اللہ تعالیٰ اس شخص پر لعنت کرے جو اپنے ماں باپ پر لعنت کرے اللہ تعالیٰ اس شخص پر لعنت کرے جو کسی بدعتی کو پناہ دیتا ہے۔"

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) من الارض سے مراد دو آدمیوں کی زمین کے درمیان موجود علامت ہے یہ بات امام ابوحاتم نے بیان کی ہے۔

## ذِكْرُ آخِرِ الْوَصِيَّةِ الَّتِي اَوْصَى بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عِلَّتِهِ

## اس آخری وصیت کا تذکرہ' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیماری کے دوران کی تھی

**6605** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ آخِرُ وَصِيَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُغَرْغِرُ بِهَا فِي صَدْرِهِ، وَمَا كَانَ يُفِيضُ بِهَا لِسَانُهُ: الصَّلَاةَ الصَّلَاةَ، اتَّقُوا اللّٰهَ فِيمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آخری وصیت جو آپ نے اس وقت کی جب آپ کے سینے میں سانس اٹک رہی تھی اور آپ کی زبان سے بات ادا نہیں ہو پا رہی تھی (اس وقت کی گئی آپ کی آخری وصیت) یہ تھی نماز کا خیال رکھنا نماز کا خیال رکھنا اور اپنے زیر ملکیت (غلاموں اور کنیزوں) کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُوصِ بِشَيْءٍ، عِنْدَ فِرَاقِهِ اُمَّتَهُ بِالْخُرُوجِ اِلٰى مَا وَعَدَ اللّٰهُ لَهُ مِنَ الثَّوَابِ

---

6605- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه أحمد 3/117، وابن سعد 2/253، والطحاوي في "مشكل الآثار" 4/235 من طريق أسباط بن محمد، وابن ماجه (2697) في الوصايا: باب هَلْ أَوْصَى رَسُولُ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسلم -، من طريق المعتمر بن سليمان، كلاهما عن سليمان التيمي، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن سعد 2/253، والطحاوي 4/435 من طريق وكيع، عن الثوري، عن سليمان التيمي عمن سمع أنساً. وأخرجه الطحاوي 4/235، والحاكم 3/57 من طرق عن سليمان التيمي، عن أنس. وفي الباب عند أحمد 1/78، وأبي داود (5156) في الأدب: باب في حق المملوك، وابن ماجه (2698)، والبيهقي 8/11 من طريق محمد بن الفضيل، عن المغيرة، عن أم موسى، عن علي . وأم موسى: قال الدارقطني: حديثها مستقيم يخرج حديثها اعتباراً ووثقها العجلي، وباقي رجاله ثقات . وأخرجه بنحوه أحمد 1/90 من طريق عمر بن الفضل، عن نعيم بن يزيد، عن علي . وأخرجه من حديث ام سلمة: أحمد 6/311، و 321، وابن سعد 2/254، وابن ماجه (1625) في الجنائز: باب ما جاء في ذكر مرض رسول الله - صلى الله عليه وسلم -، والبغوي (2415) من طريق همام، عن قتادة، عن أبي الخليل، عن سفينة عنها، قال البوصيري في "مصباح الزجاجة" 1/540: هذا إسناد صحيح على شرط الشيخين فقد احتجا بجميع رواته . وأخرجه أحمد 6/290 و 315 من طريق سعيد بن أبي عروبة، والطحاوي 236-4/235 من طريق أبي عوانة، كلاهما عن قتادة، عن سفينة، عن أم سلمة.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے اپنی امت سے جدا ہونے کے وقت

اور اس چیز کی طرف تشریف لے جانے کے وقت' جس کا اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ سے وعدہ کیا ہے' جس کا تعلق ثواب سے ہے (اس وقت میں) کسی بھی چیز کے بارے میں وصیت نہیں کی تھی

6606 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْاَصْفَهَانِيُّ، بِالْكَرْخِ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَزِيْدَ بْنَ حُرَيْثٍ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ مِيرَاثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: تَسْاَلُوْنِيْ عَنْ مِيرَاثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيْنَارًا، وَلَا دِرْهَمًا، وَلَا شَاةً، وَلَا بَعِيرًا، وَلَا اَوْصَى بِشَيْءٍ

❀❀ زر بیان کرتے ہیں: میں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم ﷺ کی وراثت کے بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے فرمایا: تم مجھ سے نبی اکرم ﷺ کی وراثت کے بارے میں دریافت کر رہے ہو نبی اکرم ﷺ نے وراثت میں کوئی دینار یا درہم یا بکری یا اونٹ نہیں چھوڑا' اور نہ ہی آپ نے کسی چیز کے بارے میں وصیت کی

## ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ زِرٍّ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

## اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت زر کے نقل کردہ اس روایت کے برخلاف ہے' جسے ہم پہلے نقل کر چکے ہیں

6607 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَقِيلِ بْنِ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُ:

---

6606– إسناده حسن. إسماعيل بن يزيد بن حريث القطان له ترجمة في "اللسان" 1/443، وروى عنه جمع، وقال أبو نعيم في "تاريخ أصبهان " 1/209: اختلط عليه بعض حديثه في آخر أيامه، ويذكر بالزهد والعبادة، حسن الحديث، كثير الغرائب والفوائد، وقد توبع. وعاصم -وهو ابن أبي النجود- روى له الشيخان مقروناً وهو حسن الحديث، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي داود -وهو سليمان بن داود الطيالسي- فمن رجال مسلم. وأخرجه البيهقي في "الدلائل" 7/274 من طريق جعفر بن عون، عن مسعر بن كدام، بهذا الإسناد، وقد تقدم برقم (6368).

6607– إسناده صحيح، يزيد ابن موهب: هو يزيد بن خالد بن يزيد بن عبد الله بن موهب، روى له أصحاب السنن، وهو ثقة، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين. وأخرجه أبو داود (2968) في الخراج والإمارة والفيء: باب في صفايا رسول الله - صلى الله عليه وسلم - من الأموال، عن يزيد ابن موهب، بهذا الإسناد. وقد تقدم تخريجه برقم (4823) ونزيد في تخريجه: وأخرجه البيهقي 7/65، والبغوي (2741) من طريق يحيى بن بكير، عن الليث، به. وأخرجه أحمد 7-1/6، والمروزي في "مسند أبي بكر" (35)، وأبو يعلى (43) من طريق إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، به، مختصراً. وأخرجه عبد الرزاق (9774)، وأحمد 1/4، والمروزي (36)، وابن سعد 2/315 من طريق معمر، عن ابن شهاب، به، مطولاً ومختصراً.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متنِ حدیث): اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْسَلَتْ اِلٰى اَبِىْ بَكْرٍ تَسْاَلُهٗ مِيْرَاثَهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بِالْمَدِيْنَةِ، وَفَدَكَ، وَمَا بَقِىَ مِنْ خُمُسِ خَيْبَرَ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّا لَا نُوْرَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ، اِنَّمَا يَاْكُلُ آلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ هٰذَا الْمَالِ، وَاِنِّىْ وَاللّٰهِ لَا اُغَيِّرُ شَيْئًا مِنْ صَدَقَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حَالِهَا الَّتِىْ كَانَتْ عَلَيْهَا فِىْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَاَعْمَلَنَّ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَبٰى اَبُوْ بَكْرٍ اَنْ يَّدْفَعَ اِلٰى فَاطِمَةَ مِنْهَا شَيْئًا، فَوَجَدَتْ فَاطِمَةُ عَلٰى اَبِىْ بَكْرٍ فِىْ ذٰلِكَ، وَهَجَرَتْهُ، فَلَمْ تُكَلِّمْهُ حَتّٰى تُوُفِّيَتْ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسِتَّةِ اَشْهُرٍ، فَلَمَّا تُوُفِّيَتْ دَفَنَهَا زَوْجُهَا عَلِىُّ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ لَيْلًا، وَلَمْ يُؤْذِنْ بِهَا اَبَا بَكْرٍ، وَصَلّٰى عَلَيْهَا، وَكَانَ لِعَلِىٍّ مِنَ النَّاسِ وِجْهَةٌ حَيَاةَ فَاطِمَةَ، فَلَمَّا تُوُفِّيَتْ فَاطِمَةُ اسْتَنْكَرَ وُجُوْهَ النَّاسِ، فَالْتَمَسَ مُصَالَحَةَ اَبِىْ بَكْرٍ، وَمُبَايَعَتَهٗ، وَلَمْ يَكُنْ بَايَعَ تِلْكَ الْاَشْهُرَ، فَاَرْسَلَ اِلٰى اَبِىْ بَكْرٍ، اَنِ ائْتِنَا وَلَا يَاْتِنَا مَعَكَ اَحَدٌ كَرَاهِيَةَ اَنْ يَّحْضُرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لِاَبِىْ بَكْرٍ: وَاللّٰهِ، لَا تَدْخُلُ عَلَيْهِمْ وَحْدَكَ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: مَا عَسٰى اَنْ يَّفْعَلُوْا بِىْ وَاللّٰهِ لَاٰتِيَنَّهُمْ، فَدَخَلَ اَبُوْ بَكْرٍ عَلَيْهِمْ، فَتَشَهَّدَ عَلِىُّ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ، وَقَالَ: اِنَّا قَدْ عَرَفْنَا يَا اَبَا بَكْرٍ فَضِيْلَتَكَ، وَمَا اَعْطَاكَ اللّٰهُ، وَلَمْ اَنْفَسْ خَيْرًا سَاقَهُ اللّٰهُ اِلَيْكَ، وَلٰكِنَّكَ اسْتَبْدَدْتَّ عَلَيْنَا بِالْاَمْرِ، وَكُنَّا نَرٰى اَنَّ لَنَا حَقًّا لِقَرَابَتِنَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَزَلْ يُكَلِّمُ اَبَا بَكْرٍ حَتّٰى فَاضَتْ عَيْنَا اَبِىْ بَكْرٍ، فَلَمَّا تَكَلَّمَ اَبُوْ بَكْرٍ، قَالَ: وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَقَرَابَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ اِلَىَّ مِنْ اَنْ اَصِلَ اَهْلِىْ وَقَرَابَتِىْ، وَاَمَّا الَّذِىْ شَجَرَ بَيْنِىْ وَبَيْنَكُمْ مِنْ هٰذِهِ الْاَمْوَالِ، فَلَمْ آلُ فِيْهَا عَنِ الْخَيْرِ، وَلَمْ اَتْرُكْ اَمْرًا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُهٗ فِيْهَا اِلَّا صَنَعْتُهٗ، فَقَالَ عَلِىُّ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ لِاَبِىْ بَكْرٍ: مَوْعِدُكَ الْعَشِيَّةُ لِلْبَيْعَةِ، فَلَمَّا صَلّٰى اَبُوْ بَكْرٍ صَلَاةَ الظُّهْرِ رَقِىَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَتَشَهَّدَ، ثُمَّ ذَكَرَ شَاْنَ عَلِىِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ، وَتَخَلُّفَهٗ عَنِ الْبَيْعَةِ وَعُذْرَهٗ بِالَّذِىْ اعْتَذَرَ اِلَيْهِ، ثُمَّ اسْتَغْفَرَ، وَتَشَهَّدَ عَلِىُّ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ، فَعَظَّمَ حَقَّ اَبِىْ بَكْرٍ، وَحُرْمَتَهٗ، وَاَنَّهٗ يَحْمِلُهٗ عَلَى الَّذِىْ صَنَعَ نَفَاسَةً عَلٰى اَبِىْ بَكْرٍ، وَلَا اِنْكَارًا لِلَّذِىْ فَضَّلَهُ اللّٰهُ بِهٖ، وَلٰكِنَّا كُنَّا نَرٰى لَنَا فِىْ هٰذَا الْاَمْرِ نَصِيْبًا فَاسْتَبَدَّ عَلَيْنَا بِهٖ، فَوَجَدْنَا فِىْ اَنْفُسِنَا، فَسُرَّ بِذٰلِكَ الْمُسْلِمُوْنَ، وَقَالُوْا: اَصَبْتَ، وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ اِلٰى عَلِىٍّ قَرِيْبًا حِيْنَ رَاجَعَ الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ

عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے انہیں یہ بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا اور ان سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس وراثت کا مطالبہ کیا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے مدینہ میں مال فے کے طور پر عطا کیا تھا اور فدک میں عطا کیا تھا اور خیبر کے خمس میں سے جو کچھ باقی بچتا تھا (اس میں سے وراثت کا مطالبہ کیا)

تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



''بے شک ہم (یعنی انبیاء کرام) کی وراثت تقسیم نہیں ہوتی، ہم لوگ جو چھوڑ جائیں وہ صدقہ ہوتا ہے' محمد ﷺ کے گھر والے اس مال میں سے کھاتے رہیں گے۔''

(حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا) اللہ کی قسم! نبی اکرم ﷺ کے صدقہ کی اس صورت حال میں' میں کوئی تبدیلی نہیں کروں گا' جو صورت حال نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں رہی اور میں اسے بھی اسی طرح استعمال کروں گا جس طرح نبی اکرم ﷺ اسے استعمال کرتے رہے ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس میں سے کوئی بھی چیز سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو دینے سے انکار کر دیا۔ اس بات پر سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ناراض ہو گئیں اور انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے لاتعلقی اختیار کی۔ نبی اکرم ﷺ کے وصال کے بعد ماہ بعد سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوا۔ اس دوران انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے بھی کوئی بات نہیں کی۔

جب ان کا انتقال ہوا تو ان کے شوہر حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے انہیں رات کے وقت دفن کر دیا۔ انہوں نے اس بات کی اطلاع حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بھی نہیں دی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ہی سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ ادا کی (یعنی پڑھائی)۔

سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی زندگی میں لوگ پھر بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تعلق رکھتے تھے لیکن جب سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہو گیا تو لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے لاتعلق ہو گئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے صلح کرنے اور ان کی بیعت کرنے کا ارادہ ظاہر کیا۔ حالانکہ ان مہینوں کے دوران انہوں نے بیعت نہیں کی تھی۔ انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا کہ آپ ہمارے ہاں آئیں اور آپ کے ساتھ کوئی شخص نہ آئے۔ اصل میں وہ یہ بات پسند نہیں کر رہے تھے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی اس وقت موجود ہوں' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا: اللہ کی قسم! آپ اکیلے ان کے پاس نہیں جائیں گے' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: وہ لوگ میرے ساتھ کوئی برا سلوک نہیں کریں گے۔ اللہ کی قسم! میں ضرور ان کے پاس جاؤں گا پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ان لوگوں کے پاس تشریف لے گئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کلمہ شہادت پڑھا اور یہ بولے اے ابوبکر رضی اللہ عنہ ہم آپ کی فضیلت سے واقف ہیں اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کیا ہے (اس سے بھی واقف ہیں) ہم ایسی کسی بھلائی کا انکار نہیں کرتے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کی ہے لیکن آپ نے حکومت کے معاملے میں ہمارے ساتھ زیادتی کی ہے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ سے قرابت کی وجہ سے ہم اس کے زیادہ حق دار تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ مسلسل حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ بات چیت کرتے رہے' یہاں تک کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے گفتگو شروع کی تو انہوں نے یہ کہا۔

''اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے نبی اکرم ﷺ کے رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا میرے نزدیک اپنے ذاتی رشتہ داروں اور گھر والوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے سے زیادہ محبوب ہے۔ جہاں تک ان اموال کے بارے میں میرے اور آپ کے درمیان پیدا ہونے والے اختلاف کا تعلق ہے تو میں نے ان کے بارے میں بھلائی سے روگردانی نہیں کی اور میں نے اس بارے میں نبی اکرم ﷺ کو جو کچھ کرتے ہوئے دیکھا میں نے بھی وہی کیا۔''

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



تو حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا بیعت کے لئے آپ سے شام کے وقت کا وعدہ ہے جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ظہر کی نماز ادا کی تو وہ منبر پر چڑھے۔انہوں نے کلمہ شہادت پڑھا پھرانہوں نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے معاملے کا ذکر کیا اوران کے بیعت سے پیچھے رہ جانے کا ذکر کیا اوراس عذر کا ذکر کیا جوانہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے سامنے بیان کیا تھا پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دعائے مغفرت پڑھی (اوراپنی تقریر ختم کی) پھر حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے کلمہ شہادت پڑھا۔انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے حق کواوران کی حرمت کوعظیم قرار دیا اور یہ بات بتائی کہ انہوں نے جو کچھ کیا وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ کسی ناراضگی کی وجہ سے یا جوفضل اللہ تعالیٰ نے انہیں عطا کیا ہے اس کے انکار کی وجہ سے نہیں تھا بلکہ حکومت کے معاملے میں ہم یہ سمجھتے تھے کہ ہمیں بھی حصہ ملے گا تو اس حوالے سے ہمارے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔اس لئے ہمارے ذہن میں کچھ الجھن تھی۔اس بات پر مسلمان خوش ہوگئے۔انہوں نے کہا: آپ نے ٹھیک کہا ہے۔

جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے امر بالمعروف کی طرف رجوع کیا تو مسلمان بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قریب ہوگئے۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ تَفَرَّدَ بِهِ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَقَدْ فَعَلَ

## اس روایت کا تذکرہ' جواس شخص کے موقف کوغلط ثابت کرتی ہے' جواس بات کا قائل ہے:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''ہماری وراثت نہیں ہوتی ہم جو چھوڑ کر جائیں وہ صدقہ ہوتا ہے''

اس روایت کونقل کرنے میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ منفرد ہیں

**6608** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ اللَّخْمِيُّ، بِعَسْقَلَانَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي مَالِكُ بْنُ اَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَرْسَلَ اِلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: اِنَّهُ قَدْ حَضَرَ الْمَدِينَةَ اَهْلُ اَبْيَاتٍ مِنْ قَوْمِكَ، وَاِنَّا قَدْ اَمَرْنَا لَهُمْ بِرَضْخٍ، فَاقْسِمْهُ بَيْنَهُمْ، فَقُلْتُ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ مُرْ بِذٰلِكَ غَيْرِي، فَقَالَ: اقْبِضْ اَيُّهَا الْمَرْءُ، قَالَ: فَبَيْنَا اَنَا كَذٰلِكَ اِذْ جَاءَهُ مَوْلَاهُ يَرْفَا، فَقَالَ: هٰذَا عُثْمَانُ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ، وَسَعْدُ بْنُ اَبِي وَقَّاصٍ، وَالزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ، قَالَ: وَلَا اَدْرِي اَذَكَرَ طَلْحَةَ اَمْ لَا، يَسْتَاْذِنُونَ عَلَيْكَ، قَالَ: ائْذَنْ لَهُمْ، قَالَ: ثُمَّ مَكَثَ سَاعَةً ثُمَّ جَاءَ، فَقَالَ: الْعَبَّاسُ، وَعَلِيٌّ يَسْتَاْذِنَانِ عَلَيْكَ، فَقَالَ: ائْذَنْ لَهُمَا، فَلَمَّا دَخَلَ الْعَبَّاسُ قَالَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، اقْضِ بَيْنِي وَبَيْنَ هٰذَا - هُمَا حِينَئِذٍ يَخْتَصِمَانِ فِيمَا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُولِهِ مِنْ اَمْوَالِ بَنِي النَّضِيرِ - فَقَالَ الْقَوْمُ: اقْضِ بَيْنَهُمَا يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، وَاَرِحْ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِنْ صَاحِبِهِ، فَقَدْ طَالَتْ خُصُومَتُهُمَا، فَقَالَ عُمَرُ: اَنْشُدُكُمَا اللّٰهَ الَّذِي بِاِذْنِهِ تَقُومُ السَّمَاوَاتُ وَالْاَرْضُ، اَتَعْلَمُونَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ، قَالُوا: قَدْ قَالَ ذَاكَ، ثُمَّ قَالَ لَهُمَا مِثْلَ ذٰلِكَ، فَقَالَا: نَعَمْ، قَالَ: فَاِنِّي اُخْبِرُكُمْ عَنْ هٰذَا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایۃ

www.KitaboSunnat.com



الْفَيْءِ إِنَّ اللَّهَ جَلَّ وَعَلَا خَصَّ نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ لَمْ يُعْطِهِ غَيْرَهُ، فَقَالَ: ﴿وَمَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ﴾ (الحشر: 6)، فَكَانَتْ هٰذِهِ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً، وَاللّٰهِ مَا حَازَهَا دُوْنَكُمْ وَلَا اسْتَأْثَرَهَا عَلَيْكُمْ، لَقَدْ قَسَمَهَا بَيْنَكُمْ، وَبَثَّهَا فِيكُمْ حَتّٰى بَقِيَ مَا بَقِيَ مِنَ الْمَالِ، فَكَانَ يُنْفِقُ عَلٰى أَهْلِهِ سَنَةً، وَرُبَّمَا قَالَ مَعْمَرٌ: يَحْبِسُ مِنْهَا قُوتَ أَهْلِهِ سَنَةً، ثُمَّ يَجْعَلُ مَا بَقِيَ مَجْعَلَ مَالِ اللّٰهِ، فَلَمَّا قَبَضَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: أَنَا أَوْلٰى بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَهُ، أَعْمَلُ فِيهَا مَا كَانَ يَعْمَلُ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلٰى عَلِيٍّ، وَالْعَبَّاسِ قَالَ: وَأَنْتُمَا تَزْعُمَانِ أَنَّهُ كَانَ فِيهَا ظَالِمًا فَاجِرًا، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ صَادِقٌ بَارٌّ تَابِعٌ لِلْحَقِّ، ثُمَّ وُلِّيتُهَا بَعْدَ أَبِي بَكْرٍ سَنَتَيْنِ مِنْ إِمَارَتِي، فَعَمِلْتُ فِيهَا بِمِثْلِ مَا عَمِلَ فِيهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُوْ بَكْرٍ، وَأَنْتُمَا تَزْعُمَانِ أَنِّي فِيهَا ظَالِمٌ فَاجِرٌ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ أَنِّي فِيهَا صَادِقٌ بَارٌّ تَابِعٌ لِلْحَقِّ، ثُمَّ جِئْتُمَانِي، جَاءَنِي هٰذَا - يَعْنِي الْعَبَّاسَ - يَبْتَغِي مِيرَاثَهُ مِنِ ابْنِ أَخِيهِ، وَجَاءَنِي هٰذَا - يَعْنِي عَلِيًّا - يَسْأَلُنِي مِيرَاثَ امْرَأَتِهِ، فَقُلْتُ لَكُمَا: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا نُوْرَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ، ثُمَّ بَدَا لِي أَنْ أَدْفَعَهُ إِلَيْكُمَا، فَأَخَذْتُ عَلَيْكُمَا عَهْدَ اللّٰهِ وَمِيثَاقَهُ لَتَعْمَلَانِ فِيهَا بِمَا عَمِلَ فِيهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُوْ بَكْرٍ وَّأَنَا مَا وُلِّيتُهَا، فَقُلْتُمَا: ادْفَعْهَا إِلَيْنَا عَلٰى ذٰلِكَ، تُرِيدَانِ مِنِّي قَضَاءً غَيْرَ هٰذَا، وَالَّذِي بِإِذْنِهِ تَقُوْمُ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ، لَا أَقْضِي بَيْنَكُمَا فِيهَا بِقَضَاءٍ غَيْرِ هٰذَا، إِنْ

6608– حديث صحيح، ابن أبي السري -وهو محمد بن المتوكل- قد توبع، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين. وهو في "مصنف عبد الرزاق" (9772)، ومن طريقه أخرجه أحمد 1/47 و 60، ومسلم (1757) (50) في الجهاد: باب حكم الفيء، والمروزي في "مسند أبي بكر" (2)، والبيهقي 6/298. وأخرجه الحميدي (22)، وأحمد 1/25، والبخاري (5357) في النفقات: باب حبس الرجل قوت سنة على أهله، من طريق سفيان، وأبو داود (2964) في الخراج والإمارة: باب في صفايا رسول الله - صلى الله عليه وسلم - من الأموال، وابن جرير الطبري في "تفسيره" 28/38-39 من طريق محمد بن ثور، وابن سعد 2/314 من طريق محمد بن عمر، ثلاثتهم عن معمر، بهذا الإسناد. مختصراً ومطولاً. وأخرجه الحميدي (22)، وأحمد 1/25 و 48 و 162 و 164 و 179 و 191، والبخاري (2904) في الجهاد: باب المِجَنّ ومن يتترس بترس صاحبه، و (4885) في تفسير سورة الحشر: باب قوله تعالى: ﴿مَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلَى رَسُولِهِ﴾، ومسلم (1757) (48)، وأبو داود (2965)، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 8/102، وأبو يعلى (4)، والمروزي (3) من طريق سفيان بن عيينة، عن عمرو بن دينار، عن الزهري، به، مختصراً، ولفظ أبي يعلى مطولاً. وأخرجه البخاري (3094) في فرض الخمس: باب فرض الخمس، ومسلم (1757) (49)، والترمذي (1610) في السير: باب ما جاء في تركة رسول الله - صلى الله عليه وسلم -، وأبو داود (2963)، والمروزي (1)، وأبو يعلى (2) و (3)، والبيهقي 6/297، والبغوي (2738) من طرق عن مالك، عن الزهري، به. وأخرجه البخاري (4033) في المغازي: باب حديث بني النضير ومخرج رسول الله - صلى الله عليه وسلم - إليهم في دية الرجلين، والبيهقي 6/298-299، والبغوي في "تفسيره" 4/416، من طريق أبي اليمان، عن شعيب، عن الزهري، به. وأخرجه البخاري (5358)، و (6728) في الفرائض: باب قول النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -: "لَا نُورَثُ ما تركنا صدقة"، و (7305) في الاعتصام: باب ما يكره من التعمق والتنازع والغلو في الدين والبدع، من طريق الليث، عن عقيل، عن الزهري، به. وأخرجه أحمد 1/208، وابن سعد 2/314 من طرق عن الزهري، به. وأخرجه أحمد 1/49، والنسائي 7/136-137 في قسم الفيء، من طريق أيوب، عن عكرمة بن خالد، عن مالك بن أوس، به. وقد تقدم مختصراً برقم (6357).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



كُنْتُمَا عَجَزْتُمَا عَنْهَا، فَادْفَعَاهَا إِلَيَّ، قَالَ فَغَلَبَ عَلِيٌّ عَلَيْهَا، فَكَانَتْ فِي يَدِ عَلِيٍّ، ثُمَّ بِيَدِ حَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، ثُمَّ بِيَدِ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، ثُمَّ بِيَدِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، ثُمَّ بِيَدِ حَسَنِ بْنِ حَسَنٍ، ثُمَّ بِيَدِ زَيْدِ بْنِ حَسَنٍ، قَالَ مَعْمَرٌ: ثُمَّ كَانَتْ بِيَدِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَسَنِ

حضرت مالک بن اوس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مجھے پیغام بھیجا تمہاری قوم کے کچھ گھرانوں کے لوگ مدینہ منورہ آئے ہوئے ہیں۔ہم نے ان کے لئے کچھ عطیات دینے کا حکم دیا ہے تم وہ ان کے درمیان تقسیم کردو میں نے عرض کی: اے امیر المومنین آپ میری بجائے کسی اور کو یہ ہدایت کر دیجئے۔انہوں نے فرمایا: اے آدمی تم اسے اپنے قبضے میں لو۔راوی کہتے ہیں: میں وہاں بیٹھا ہی ہوا تھا کہ اسی دوران حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا غلام یرفا آیا اس نے کہا: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ تشریف لائے ہیں (راوی بیان کرتے ہیں) مجھے یاد نہیں ہے کہ اس نے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا تھا یا نہیں کیا تھا۔وہ لوگ اندر آنے کی اجازت مانگ رہے ہیں۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: انہیں اندر آنے کی اجازت دے دو۔راوی کہتے ہیں: تھوڑی دیر بعد وہ غلام پھر آیا اور کہا حضرت عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی اندر آنے کی اجازت مانگ رہے ہیں۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان دونوں کو اندر آنے کی اجازت دے دو۔ جب حضرت عباس رضی اللہ عنہ اندر آئے تو انہوں نے کہا: اے امیر المومنین آپ میرے اور ان صاحب کے درمیان فیصلہ کر دیجئے۔ان دونوں صاحبان کا اس وقت اس چیز کے بارے میں اختلاف ہو گیا تھا جو اللہ تعالیٰ نے بنونضیر کے اموال میں سے اپنے رسول کو مالِ فے کے طور پر عطا کیا تھا۔حاضرین نے کہا: اے امیر المومنین آپ ان دونوں صاحبان کے درمیان فیصلہ کر دیجئے۔اور ان میں سے ہر ایک کو دوسرے کی طرف سے مطمئن کر دیجئے کیونکہ ان کا اختلاف طویل ہو چکا ہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں آپ دونوں کو اس اللہ کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں جس کے حکم کے تحت آسمان اور زمین قائم ہیں۔کیا آپ لوگ یہ بات جانتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''ہماری وراثت نہیں ہوتی ہم جو چھوڑ کے جائیں وہ صدقہ ہوتا ہے۔''

انہوں نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان دونوں سے یہی کلمہ کہا تو ان دونوں نے یہی جواب دیا: جی ہاں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں آپ لوگوں کو اس مالِ فے کے بارے میں بتاتا ہوں جو اللہ تعالیٰ نے بطور خاص اپنے نبی کو عطا کیا تھا وہ اس نے اپنے نبی کے سوا کسی کو عطا نہیں کیا۔اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

''اور وہ چیز اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو مالِ فے کے طور پر عطا کی ہے اس کے بارے میں تم نے اپنے گھوڑے اور سواریاں نہیں دوڑائی ہیں۔''

تو یہ چیز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مخصوص تھی۔اللہ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تم کو چھوڑ کر اسے اپنے لئے نہیں رکھا اور نہ ہی اس کے بارے میں آپ لوگوں کے ساتھ امتیازی سلوک کیا۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چیز کو آپ کے درمیان تقسیم کیا۔اسے آپ کے درمیان پھیلایا یہاں تک اس مال میں سے یہ تھوڑا سا حصہ باقی رہ گیا۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس میں سے اپنے گھر والوں کے لئے سال بھر

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



کی خوراک کا انتظام کرتے تھے۔

• بعض اوقات معمر نامی راوی نے یہاں یہ لفظ نقل کیے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ اس میں سے اپنے گھر والوں کی سال بھر کی خوراک کو روک کر رکھتے تھے اور جو مال باقی بچ جاتا تھا۔ اسے اللہ کی راہ میں خرچ کر دیتے تھے جب نبی اکرم ﷺ کا وصال ہوا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: نبی اکرم ﷺ کے بعد میں نبی اکرم ﷺ کی پیروی کرنے کا سب سے زیادہ حق دار ہوں۔ میں اس بارے میں وہی کروں گا' جو نبی اکرم ﷺ کرتے رہے۔ پھر حضرت عمر' حضرت علی اور حضرت عباس رضی اللہ عنہم کی طرف متوجہ ہوئے اور بولے آپ دونوں صاحبان یہ گمان کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اس بارے میں ظلم کرنے والے اور گناہ کرنے والے تھے حالانکہ اللہ جانتا ہے کہ وہ سچے تھے نیکی کرنے والے تھے حق کے پیروکار تھے پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد مجھے اس کا نگران بنایا گیا۔ یہ میری حکومت کے دو سال کے عرصے کی بات ہے میں نے بھی اس کے بارے میں وہی کچھ کیا جو نبی اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اس کے بارے میں کرتے رہے۔ آپ دونوں صاحبان کا یہ گمان تھا کہ میں اس کے بارے میں ظلم کرنے والا اور گناہ کرنے والا ہوں حالانکہ اللہ تعالیٰ یہ بات جانتا ہے کہ میں اس کے بارے میں سچا تھا نیکوکار تھا۔ حق کی پیروی کرنے والا تھا پھر آپ دونوں صاحبان میرے پاس آئے۔ یہ صاحب یعنی حضرت عباس رضی اللہ عنہ تشریف لائے یہ اپنے بھتیجے کی وراثت کے طلب گار تھے اور یہ صاحب یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور یہ اپنی بیوی کی وراثت کا مجھ سے مطالبہ کر رہے تھے تو میں نے آپ دونوں سے کہا میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''ہم لوگوں کی وراثت نہیں ہوتی ہم جو چھوڑ کر جائیں وہ صدقہ ہوتا ہے۔''

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) اس کے بعد مجھے یہ مناسب لگا کہ میں اسے آپ دونوں کے سپرد کر دوں۔ میں نے آپ دونوں سے اللہ کے نام کا عہد اور پختہ وعدہ لیا کہ آپ اس کے بارے میں وہی عمل کرتے رہیں گے جو اس میں نبی اکرم ﷺ نے کیا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کیا اور خلیفہ بننے کے بعد میں نے کیا تو آپ دونوں صاحبان نے یہ کہا کہ آپ اس شرط پر یہ ہمارے سپرد کر دیں۔ اب آپ اس کے بارے میں دوسرے فیصلے کے طلب گار ہیں۔ اس ذات کی قسم! جس کے حکم کے تحت آسمان اور زمین قائم ہیں۔ میں آپ دونوں کے درمیان اس کے بارے میں اس کے علاوہ اور کوئی فیصلہ نہیں دوں گا اگر آپ دونوں اس کی دیکھ بھال نہیں کر سکتے تو آپ یہ میرے سپرد کر دیں۔

راوی کہتے ہیں: اس کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس وہ زمینیں آگئیں پھر وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں رہی پھر حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں رہی پھر حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما کے ہاتھ میں رہیں پھر امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں رہیں پھر حضرت حسن بن حسن رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں رہیں پھر حضرت زید بن حسن کے پاس رہیں۔

معمر نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں پھر حضرت عبداللہ بن حسن رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں رہی۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَرِكَةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ صَدَقَةً بَعْدَهُ مَا فَضَلَ مِنْهَا عَنْ مَءُوْنَةِ الْعُمَّالِ وَنَفَقَةِ الْعِيَالِ

### اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ کا ترکہ آپ ﷺ کے بعد صدقہ شمار ہوگا

اس میں سے آپ ﷺ کے اہل کاروں کے معاوضے اور آپ ﷺ کے گھر والوں کے خرچ سے جو بچ جائے گا (اسے صدقہ کر دیا جائے گا)

**6609** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقْسِمُ وَرَثَتِي بَعْدِي دِينَارًا، مَا تَرَكْتُ بَعْدَ نَفَقَةِ عِيَالِي، وَمَءُوْنَةِ عَامِلِي صَدَقَةٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میرے ورثاء میرے بعد دینار تقسیم نہیں کریں گے اپنے گھر والوں کے خرچ اور اپنے اہل کاروں کے معاوضے کے بعد جو کچھ میں چھوڑ کر جاؤں وہ صدقہ شمار ہوگا''

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَعْدَ نَفَقَةِ عِيَالِي اَرَادَ بِهِ: بَعْدَ نَفَقَةِ نِسَائِي

### اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ''میرے عیال کے خرچ کے بعد'' اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے: میری بیویوں کے خرچ کے بعد

**6610** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي

6609- إسناده صحيح. إبراهيم بن بشار: روى له أبو داود والترمذي، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين. سفيان هو: ابن عيينة. وأخرجه الحميدي (1134)، ومسلم (1760) في الجهاد: باب قول النَّبِيِّ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -: "لَا نُورَثُ، ما تركنا صدقة"، من طريق سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن سعد 2/314 من طريق المغيرة بن عبد الرحمن، عن أبي الزناد، به. وانظر الحديثين الآتيين برقم (6610) و (6612).

6610- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البغوي (3838) من طريق أبي مصعب أحمد بن أبي بكر بهذا الإسناد. وهو في "الموطأ" برواية يحيى 2/993 في الكلام: باب ما جاء في تركة النبي - صلى الله عليه وسلم -، ومن طريقه أخرجه البخاري (2776) في الوصايا: باب نفقة القيم للوقف، و (3096) في الجهاد: باب نفقة نساء النبي - صلى الله عليه وسلم - بعد وفاته، و (6729) في الفرائض: باب قول النَّبِيِّ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -: "لَا نُورَثُ ما تركنا صدقة"، ومسلم (1760)، وأبو داود (2974) في الخراج والإمارة: باب صفايا رسول الله - صلى الله عليه وسلم -، والبيهقي 6/302. وانظر الحديث السابق والآتي برقم (6612).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَقْسِمُ وَرَثَتِىْ دِيْنَارًا، مَا تَرَكْتُ بَعْدَ نَفَقَةِ نِسَائِىْ، وَمَءُوْنَةِ عَامِلِىْ فَهُوَ صَدَقَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میرے ورثاء دینار تقسیم نہیں کریں گے اپنی بیویوں کے خرچ اور اپنے اہل کاروں کے معاوضے کے بعد جو کچھ میں چھوڑ کر جاؤں وہ صدقہ شمار ہوگا۔''

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ جَوَازِ الْمِيرَاثِ لَوْ جَعَلَهُ تَرِكَةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو وراثت کے جواز کی نفی کے بارے میں ہے

## اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ترکے کو وہ (یعنی مال وراثت) بنایا جائے' تو یہ جائز نہیں ہوگا

**6611** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): اِنَّ اَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَدْنَ يَبْعَثْنَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ اِلٰى اَبِىْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَسْاَلْنَهُ مِيْرَاثَهُنَّ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ لَهُنَّ عَائِشَةُ: اَلَيْسَ قَدْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نُوْرَثُ، مَا تَرَكْنَاهُ فَهُوَ صَدَقَةٌ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو آپ کی ازواج نے یہ ارادہ کیا کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجیں تاکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ملنے والی اپنی وراثت کا مطالبہ کریں تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان لوگوں سے کہا کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد نہیں فرمائی۔

''ہم (انبیاء اکرم) کی وراثت نہیں ہوتی ہم جو چھوڑ کر جائیں وہ صدقہ ہوتا ہے۔''

---

6611- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البغوي (3839) من طريق أحمد بن أبي بكر، بهذا الإسناد. وهو في "الموطأ" برواية يحيى 2/993 في الكلام: باب ما جاء في تركة النبي - صلى الله عليه وسلم -، ومن طريقه أخرجه أحمد 6/262، وابن سعد 2/314، والبخاري (6730) في الفرائض: باب قول النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -: "لا نُورَثُ ما تركنا صدقة"، ومسلم (1758) في الجهاد. باب قول النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -: "لا نُورَثُ، ما تركنا صدقة"، وأبو داود (2976) في الخراج والإمارة: باب في صفايا رسول الله - صلى الله عليه وسلم - من الأموال، والبيهقي 6/301. وأخرجه أحمد 6/145، وابن سعد 2/314، والبخاري (4034) في المغازي: باب حديث بني النضير، و (6727)، وأبو داود (2977)، والبيهقي 6/302 من طرق عن ابن شهاب، به. وأخرجه عبد الرزاق (9773) عن معمر، عن الزهري، عن عروة وعمرة قالا: إِنَّ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - أرسلن إلى أبي بكر يسألن ميراثهن ...

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



6612 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ وَرْدَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ: وَاللّٰهِ لَا يَقْسِمُ وَرَثَتِیْ دِيْنَارًا، مَا تَرَكْتُ مِنْ شَیْءٍ بَعْدَ نَفَقَةِ نِسَائِیْ، وَمَؤُوْنَةِ عَامِلِیْ فَهُوَ صَدَقَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ کی قسم! میرے ورثاء دینار تقسیم نہیں کریں گے۔ اپنی بیویوں کے خرچ اور اپنے اہل کاروں کے معاوضے کے بعد جو کچھ میں چھوڑوں گا وہ صدقہ شمار ہوگا۔''

---

6612- إسناده صحيح. رجاله ثقات رجال الشيخين غير عيسى بن حماد، فمن رجال مسلم، وابن عجلان -وهو محمد- فقد روى له مسلم متابعة. وانظر الحديثين المتقدمين برقم (6609) و (6610).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



40
40

# بَابُ وَفَاتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## باب: نبی اکرم ﷺ کی وفات کا بیان

6613 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، اَخْبَرَنَا اَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، عَنْ مُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا نَزَلَ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَوْتُ، قَالَتْ فَاطِمَةُ: وَاكَرْبَاهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا كَرْبَ عَلٰى اَبِيكِ بَعْدَ الْيَوْمِ

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے وصال کا وقت قریب آیا تو سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: ہائے کتنی تکلیف ہو رہی ہے تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: آج کے بعد تمہارے باپ کو کبھی کوئی تکلیف نہیں ہوگی۔

## ذِكْرُ الْبَيْتِ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيهِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس گھر کا تذکرہ جہاں نبی اکرم ﷺ کا وصال ہوا تھا

6614 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاُمَوِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا اَبُو الْعَنْبَسِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اشْتَكٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ نِسَاؤُهُ: انْظُرْ حَيْثُ تُحِبُّ اَنْ تَكُونَ فِيهِ، فَنَحْنُ نَاْتِيكَ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَكُلُّكُنَّ عَلٰى ذٰلِكَ؟ ، قَالَتْ: نَعَمْ، فَانْتَقَلَ اِلٰى بَيْتِ عَائِشَةَ، فَمَاتَ فِيهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم ﷺ بیمار ہوئے تو آپ کی ازواج نے کہا: آپ دیکھ لیں آپ جہاں رہنا چاہتے ہیں (وہاں منتقل ہو جائیں) ہم آپ کی خدمت میں حاضر ہو جایا کریں گی تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تو کیا تم

---

6613- حديث صحيح، وإسناده ضعيف. المبارك بن فضالة مدلس وقد عنعن، لكن صح الحديث من طريق آخر عن أنس، سيأتي عند المؤلف برقم (6622). أبو كريب: هو محمد بن العلاء بن كريب. وأخرجه أبو يعلى (2769) عن أبي كريب، بهذا الإسناد.

6614- إسناده صحيح. أبو العنبس: هو سعيد بن كثير بن عبيد القرشي التيمي. وأخرج أحمد 6/117 و 228، والبخاري (198) و (665) و (2588) و (3099) و (4442) و (5714)، ومسلم (418) (91) و (92) من طريق عُبيد اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، أن عائشة قالت: لَمَّا ثَقُلَ رَسُولُ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - واشتد به وجعُه استأذن أزواجه أن يُمَرَّض في بيتي، فأذِنَّ له.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



سب لوگ اس بات پر متفق ہو۔ انہوں نے عرض کی: جی ہاں تو نبی اکرم ﷺ سیّدہ عائشہ ؓ کے گھر منتقل ہو گئے اور وہیں آپ کا انتقال ہوا۔

## ذِكْرُ الْيَوْمِ الَّذِىْ تُوُفِّىَ فِيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس دن کا تذکرہ جس میں نبی اکرم ﷺ کا وصال ہوا تھا

**6615** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ الْحَكَمِ، حَدَّثَنَا الْفِرْيَابِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متنِ حدیث): قَالَ لِىْ اَبُوْ بَكْرٍ: اَىُّ يَوْمٍ تُوُفِّىَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قُلْتُ: يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، قَالَ: اِنِّىْ لَاَرْجُوْ اَنْ اَمُوْتَ فِيْهِ، فَمَاتَ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ عَشِيَّةً، وَدُفِنَ لَيْلًا

سیّدہ عائشہ ؓ بیان کرتی ہیں حضرت ابوبکر ؓ نے مجھ سے دریافت کیا: نبی اکرم ﷺ کا وصال کس دن ہوا تھا۔ میں نے جواب دیا: پیر کے دن تو حضرت ابوبکر ؓ نے فرمایا: مجھے یہ اُمید ہے کہ میرا انتقال بھی اسی دن ہوگا تو حضرت ابوبکر ؓ کا انتقال پیر کی شام ہو گیا اور انہیں رات کے وقت دفن کر دیا گیا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبَضَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى اِلٰى جَنَّتِهٖ وَهُوَ بَيْنَ نَحْرِ عَائِشَةَ، وَسَحْرِهَا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو اپنی جنت کی طرف منتقل کر دیا اس وقت آپ ﷺ سیّدہ عائشہ ؓ کے سینے سے ٹیک لگائے ہوئے تھے

**6616** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِىُّ، حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ:

(متنِ حدیث): تُوُفِّىَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ بَيْتِىْ، وَفِىْ يَوْمِىْ، وَبَيْنَ سَحْرِىْ وَنَحْرِىْ،

---

6615– حديث صحيح، زكريا بن الحكم روى عنه جمع، ووثقه المؤلف 8/255، وقول ابن القطان: مجهول: رده الحافظ عليه في " اللسان " 2/478، وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. الفريابي: هو محمد بن يوسف. وأخرجه البيهقي في "الدلائل" 7/233 من طريق عباس بن عبد الله، عن محمد بن يوسف الفريابي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/45 عن أبي معاوية، والبخاري (1387) في الجنائز: باب موت يوم الاثنين، من طريق وهيب بن خالد، والطبراني (40) من طريق حماد بن سلمة، ثلاثتهم عن هشام بن عروة، به.

6616– إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو الوليد الطيالسي: هو هشام بن عبد الملك، وابن أبي مليكة: هو عبد الله بن عُبيد اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي مليكة. وأخرجه البخاري ( 3100) في فرض الخمس: باب ما جاء في بُيُوتِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -، والطبراني 23/ (82) من طريق سعيد بن أبي مريم، عن نافع بن عمر، بهذا الإسناد.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



وَجَمَعَ اللّٰهُ بَيْنَ رِيقِي وَرِيقِهِ، دَخَلَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَمَعَهُ سِوَاكٌ يَمْضَغُ، فَاَخَذْتُهُ فَمَضَغْتُهُ، ثُمَّ سَنَنْتُهُ

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال میرے گھر میں میری باری کے مخصوص دن میں میرے سینے اور گردن کے درمیان (ٹیک لگائے ہوئے) ہوا اللہ تعالیٰ نے میرے لعاب دہن اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لعاب دہن کو اکٹھا کر دیا تھا (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے) عبدالرحمٰن گھر میں داخل ہوئے ان کے پاس مسواک تھی' جسے وہ چبا رہے تھے میں نے اس مسواک کو لیا۔ اسے چبایا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دانتوں پر پھیرا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَنَّ مِنْ ذٰلِكَ السِّوَاكِ الَّذِي اسْتَنَّتْ عَائِشَةُ بِهِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی مسواک کے ذریعے مسواک کی تھی جس کے ذریعے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے مسواک کی تھی

**6617** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا اَيُّوبُ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): مَاتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمِي بَيْنَ سَحْرِي وَنَحْرِي، فَدَخَلَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي بَكْرٍ عَلَيْهِ وَمَعَهُ سِوَاكٌ رَطْبٌ، فَنَظَرَ اِلَيْهِ، فَظَنَنْتُ اَنَّ لَهُ اِلَيْهِ حَاجَةً، فَاَخَذْتُهُ، فَمَضَغْتُهُ، وَقَضَمْتُهُ، وَطَيَّبْتُهُ، فَاسْتَنَّ كَاَحْسَنِ مَا رَاَيْتُهُ مُسْتَنًّا، ثُمَّ ذَهَبَ يَرْفَعُ فَسَقَطَ، فَاَخَذْتُ اَدْعُو اللّٰهَ بِدُعَاءٍ كَانَ يَدْعُو بِهِ جِبْرِيلُ اَوْ يَدْعُو بِهِ اِذَا مَرِضَ، فَجَعَلَ يَقُولُ: بَلِ الرَّفِيقُ الْاَعْلٰى مِنَ الْجَنَّةِ ثَلَاثًا، وَفَاضَتْ نَفْسُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَمَعَ بَيْنَ رِيقِي وَرِيقِهِ فِي آخِرِ يَوْمٍ مِنَ الدُّنْيَا

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال میری باری کے مخصوص دن میں میرے سینے اور گردن کے درمیان ہوا۔ حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ان کے پاس ایک تازہ مسواک تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی طرف دیکھا مجھے اندازہ ہو گیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مسواک کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے میں نے اسے لیا اسے چبایا اسے نرم کیا اسے اچھا کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑے عمدہ طریقے سے مسواک کی پھر آپ اٹھنے لگے لیکن گر گئے میں نے اللہ تعالیٰ سے وہ دعا مانگنا شروع کی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کے وقت حضرت جبرائیل مانگتے تھے یا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خود مانگتے تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہنا شروع کیا۔

''بلکہ جنت میں رفیق اعلیٰ (کا میں طلب گار ہوں) یہ آپ نے تین مرتبہ کہا پھر آپ کی سانس رُک گئی۔

6617- حديث صحيح، إسحاق بن إبراهيم الثقفي متابع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. أيوب: هو ابن أبي تميمة السختياني، وسيأتي عند المؤلف برقم (7116) من طريق إسماعيل بن علية، عن أيوب، فانظر تخريجه هناك.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دنیا کے آخری دن میں میرے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لعاب دہن کو جمع کر دیا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ دُعَاءَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللُّحُوقِ بِالرَّفِيقِ الْاَعْلٰى كَانَ فِيْ عِلَّتِهِ تِلْكَ وَهُوَ بَيْنَ سَحْرِ عَائِشَةَ وَنَحْرِهَا

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے رفیق اعلیٰ سے جا ملنے کی دعا اس بیماری کے دوران تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس دوران سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے سینے سے ٹیک لگائے ہوئے تھے

**6618** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ،

(متن حدیث): اَنَّ عَائِشَةَ، اَخْبَرَتْهُ اَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَصْغَتْ اِلَيْهِ قَبْلَ اَنْ يَّمُوْتَ، وَهِيَ مُسْنِدَتُهُ اِلٰى صَدْرِهَا، يَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ، اغْفِرْ لِي، وَارْحَمْنِيْ، وَاَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيقِ الْاَعْلٰى

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال سے پہلے انہوں نے کان لگا کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے سینے کے ساتھ ٹیک لگائی ہوئی تھی اور آپ یہ کہہ رہے تھے۔

''اے اللہ! تو میری مغفرت کر دے اور مجھ پر رحم کر اور مجھ رفیق اعلیٰ کے ساتھ ملا دے۔''

## ذِكْرُ زَجْرِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اتِّخَاذِ قَبْرِهِ مَسْجِدًا بَعْدَهُ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس بات سے منع کرنے کا تذکرہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کو مسجد بنایا جائے

**6619** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَصَّارُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ، وَعَائِشَةَ، اَخْبَرَاهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ جَعَلَ يُلْقِي عَلٰى وَجْهِهِ طَرَفَ خَمِيصَةٍ، فَاِذَا اغْتَمَّ بِهَا كَشَفَهَا عَنْ وَجْهِهِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْيَهُوْدِ،

---

6618- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد ابن موهب -وهو يزيد بن خالد بن يزيد بن موهب - فقد روى له أصحاب السنن غير الترمذي، وهو ثقة. المفضل بن فضالة: هو المصري، أبو معاوية القاضي. وأخرجه مالك 1/238 في الجنائز: باب جامع الجنائز، وأحمد 6/231، والبخاري (4440) في المغازي: بَابُ مَرَضِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - ووفاته، و (5674) في المرضى: باب تمني المريض الموت، ومسلم (2444) (85) في فضائل الصحابة: باب في فضل عائشة، والترمذي (3496) في الدعوات: باب رقم (77)، والنسائي في "اليوم والليلة" (1095)، وفي الوفاة كما في "التحفة" 11/432، والبيهقي في "دلائل النبوة" 7/209، والبغوي (3828).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



وَالنَّصَارَى اتَّخَذُوا قُبُورَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ.

قَالَ: تَقُوْلُ عَائِشَةُ: يُحَذِّرُهُمْ مِثْلَ الَّذِي صَنَعُوا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کا وقت قریب آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چادر کا کنارہ اپنے چہرے پر ڈال لیا جب آپ کو اس سے گھٹن محسوس ہوئی تو آپ نے اسے اپنے چہرے سے ہٹا دیا اور آپ نے فرمایا۔

"اللہ تعالیٰ یہودیوں اور عیسائیوں پر لعنت کرے جنہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو مساجد بنا لیا۔"

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں آپ لوگوں کو ان لوگوں کا سا طرز عمل اختیار کرنے سے منع کرنا چاہ رہے تھے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَادَ فِي الْيَوْمِ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيهِ الْخُرُوجَ اِلٰى اُمَّتِهِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ، جس دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا اس دن آپ نے اپنی امت (یعنی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم) کی طرف تشریف لے جانے کا ارادہ کیا تھا

**6620** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَمِيلٍ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، وَيُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: وَاَخْبَرَنِي اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ:

(متن حدیث): اَنَّ الْمُسْلِمِيْنَ بَيْنَا هُمْ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ وَاَبُوْ بَكْرٍ يُصَلِّي بِهِمْ، لَمْ يَفْجَاْهُمْ اِلَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ كَشَفَ سِتْرَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ، فَنَظَرَ اِلَيْهِمْ وَهُمْ صُفُوفٌ فِي صَلَاتِهِمْ، ثُمَّ تَبَسَّمَ فَضَحِكَ، فَنَكَصَ اَبُوْ بَكْرٍ عَلٰى عَقِبِهِ لِيَصِلَ الصَّفَّ، وَظَنَّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيْدُ اَنْ

6619– حديث صحيح، محمد بن عبد الله العصار روى عنه جمع ووثقه المؤلف 9/103، وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. عبيد الله بن عبد الله: هو ابن عتبة بن مسعود الهذلي. وهو في "مصنف عبد الرزاق" (1588) و (9754). ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 229-6/228، وأبو عوانة 1/399. وأخرجه أحمد 1/218 و 6/34 عن عبد الأعلى، والبخاري (3453) في أحاديث الأنبياء: باب ما ذُكر عن بني إسرائيل، والنسائي 41-2/40 في المساجد: باب النهي عن اتخاذ القبور مساجد من طريق عبد الله بن المبارك، كلاهما عن معمر، بهذا الإسناد. وقرن ابن المبارك في حديثه بمعمر يونس بن يزيد الأيلي. وأخرجه أحمد 6/275، والدارمي 1/326، والبخاري (435) في الصلاة: باب رقم (55)، و (4443) في المغازي: باب مرضه - صلى الله عليه وسلم - ووفاته، و (5815) في اللباس: باب الأكسية والخمائص، ومسلم (531) في المساجد: باب النهي عن بناء المساجد على القبور، وأبو عوانة 1/399، والبيهقي في "السنن" 4/80، و "الدلائل" 7/203، والبغوي (3825) من طرق عن ابن شهاب الزهري، به. وأخرجه بنحوه أحمد 6/80 و 121 و 255، والبخاري (1330) في الجنائز: باب ما يكره من اتخاذ المساجد على القبور، و (1390): باب ما جاء في قبر النبي - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ، و (4441) في المغازي: باب مرضه - صلى الله عليه وسلم - ووفاته، ومسلم (529) من طريق عروة بن الزبير، عن عائشة وحدها.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



يَّخْرُجَ اِلَى الصَّلَاةِ.

قَالَ اَنَسٌ: وَهَمَّ الْمُسْلِمُوْنَ اَنْ يَّفْتَتِنُوا فِيْ صَلَاتِهِمْ فَرَحًا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ رَاَوْهُ، فَاَشَارَ اِلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنِ اقْضُوا صَلَاتَكُمْ، ثُمَّ دَخَلَ الْحُجْرَةَ، وَاَرْخَى السِّتْرَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُمْ، وَتُوُفِّيَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ الْيَوْمَ

قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَاَخْبَرَنِيْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: اَنَّهُ لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فِي النَّاسِ خَطِيْبًا، فَقَالَ: لَا اَسْمَعَنَّ اَحَدًا يَقُوْلُ: اِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ مَاتَ، اِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَمُتْ، وَلٰكِنْ اَرْسَلَ اِلَيْهِ رَبُّهُ كَمَا اَرْسَلَ اِلٰى مُوْسٰى، فَلَبِثَ عَنْ قَوْمِهِ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً

قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَاَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ فِيْ خُطْبَتِهِ: اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ يُّقَطِّعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْدِيْ رِجَالٍ وَّاَرْجُلَهُمْ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُ مَاتَ

قَالَ الزُّهْرِيُّ: اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، اَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ: اَنَّ اَبَا بَكْرٍ اَقْبَلَ عَلٰى فَرَسٍ مِنْ مَسْكَنِهِ بِالسُّنْحِ حَتّٰى نَزَلَ، فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَلَمْ يُكَلِّمِ النَّاسَ حَتّٰى دَخَلَ عَلٰى عَائِشَةَ، فَتَيَمَّمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُسَجًّى بِبُرْدَةِ حِبَرَةٍ، فَكَشَفَ عَنْ وَجْهِهِ، فَاَكَبَّ عَلَيْهِ فَقَبَّلَهُ وَبَكٰى، ثُمَّ قَالَ: بِاَبِيْ اَنْتَ، وَاللّٰهِ لَا يَجْمَعُ اللّٰهُ عَلَيْكَ مَوْتَتَيْنِ اَبَدًا، اَمَّا الْمَوْتَةُ الَّتِيْ كُتِبَتْ

6620- إسناده صحيح، أحمد بن جميل المروزي روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات" 8/11، ووثقه عبد الله بن أحمد وابن معين في رواية، وقال مرة: ليس به بأس، وقال أبو حاتم، ويعقوب بن شيبة: صدوق، وانظر "الجرح والتعديل" 2/44، و "تاريخ بغداد" 4/77، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . وأخرجه بطوله ابن سعد 2/269-271 عن أحمد بن الحجاج، عن عبد الله بن المبارك، بهذا الإسناد . غير أنه لم يذكر فيه القسم الأول .عن أنس في صلاة أبي بكر في المسلمين .وأخرج القسم الأول منه البخاري (1205) في العمل في الصلاة: باب من رجع القهقرى في صلاته أو تقدم بأمر ينزل به، عن بشر بن محمد، عن ابن المبارك، به. ولم يذكر فيه معمراً.وأخرجه أيضاً أحمد 3/163 من طريق ابن جريج، والبخاري (680) في الأذان: باب أهل العلم والفضل أحق بالإمامة، من طريق شعيب بن أبي حمزة و (754) باب: هل يلتفت لأمر ينزل به، و (4448) في المغازي: باب مرضه - صلى الله عليه وسلم - ووفاته، من طريق عُقيل بن خالد، ثلاثتهم عن الزهري، به .وأخرج القسم الثاني والثالث ابن سعد 2/266 من طريق صالح بن كيسان، عن الزهري، به .وأخرج القسم الرابع والخامس البخاري (1241) و (1242) في الجنائز: باب الدخول على الميت بعد الموت إذا أُدرج في أكفانه، عن بشر بن محمد، والنسائي 4/11 في الجنائز: باب تقبيل الميت، عن سويد بن نصر، وابن سعد 2/265-266 عن أحمد بن الحجاج، عن ابن المبارك، به . ولم يذكر النسائي وابن سعد حديث ابن عباس .وأخرجه البخاري (4452) و (4453) و (4454) ، والبيهقي في "دلائل النبوة" 7/215-216 من طريق عُقيل بن خالد، عن الزهري، به .وزاد فيه عُقيل حديث سعيد بن المسيب أن عمر قَالَ: وَاللَّهِ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ سَمِعْتُ ابا بكر....وأخرج القسم السادس ابن سعد 2/268 من طريق محمد بن عبد الله بن أبي عتيق، عن الزهري، به .وأخرج القسم الأخير منه البخاري (7219) في الأحكام: باب الاستخلاف، عن إبراهيم بن موسى، عن هشام بن يوسف، عن معمر، به.وأخرجه مختصراً البخاري أيضاً (7269) في أول كتاب الاعتصام: من طريق عُقيل، عن الزهري، به. وسيأتي الحديث بنحوه عند المؤلف برقم (6875) من طريق عبد الرزاق، عن معمر.

محكم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



عَلَيْكَ فَقَدْ مُتَّهَا

قَالَ الزُّهْرِيُّ: قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ خَرَجَ وَعُمَرُ يُكَلِّمُ النَّاسَ، فَقَالَ: اجْلِسْ، فَأَبَى عُمَرُ أَنْ يَجْلِسَ، فَقَالَ: اجْلِسْ، فَأَبَى أَنْ يَجْلِسَ، فَتَشَهَّدَ أَبُوْ بَكْرٍ، فَمَالَ النَّاسُ إِلَيْهِ، وَتَرَكُوا عُمَرَ، فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يَعْبُدُ مُحَمَّدًا، فَإِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ مَاتَ، وَمَنْ كَانَ يَعْبُدُ اللّٰهَ فَإِنَّ اللّٰهَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ.

قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: (وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ أَفَإِنْ مَاتَ أَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰى أَعْقَابِكُمْ وَمَنْ يَنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشَّاكِرِينَ) (آل عمران: **144**) قَالَ: وَاللّٰهِ لَكَأَنَّ النَّاسَ لَمْ يَكُوْنُوا يَعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا أَنْزَلَ هٰذِهِ الْآيَةَ إِلَّا حِينَ تَلَاهَا أَبُوْ بَكْرٍ، فَتَلَقَّاهَا مِنْهُ النَّاسُ كُلُّهُمْ، فَلَمْ تَسْمَعْ بَشَرًا إِلَّا يَتْلُوهَا.

قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَأَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ تَلَاهَا عُقِرْتُ حَتّٰى مَا تُقِلُّنِيْ رِجْلَايَ، وَأَهْوَيْتُ إِلَى الْأَرْضِ، وَعَرَفْتُ حِينَ سَمِعْتُهُ تَلَاهَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ مَاتَ

قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَأَخْبَرَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ مِنَ الْغَدِ حِينَ بُوْيِعَ أَبُوْ بَكْرٍ فِيْ مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْتَوَى أَبُوْ بَكْرٍ عَلٰى مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ عُمَرُ، فَتَشَهَّدَ قَبْلَ أَبِيْ بَكْرٍ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ، فَإِنِّيْ قَدْ قُلْتُ لَكُمْ أَمْسِ مَقَالَةً لَمْ تَكُنْ، كَمَا قُلْتُ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا وَجَدْتُهَا فِيْ كِتَابٍ أَنْزَلَهُ اللّٰهُ، وَلَا فِيْ عَهْدٍ عَهِدَهُ إِلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلٰكِنِّيْ كُنْتُ أَرْجُو أَنْ يَعِيْشَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى يَدْبُرَنَا - يَقُوْلُ حَتّٰى يَكُوْنَ آخِرَنَا - فَاخْتَارَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِرَسُوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِيْ عِنْدَهُ عَلَى الَّذِيْ عِنْدَكُمْ، وَهٰذَا كِتَابُ اللّٰهِ هَدَى اللّٰهُ بِهِ رَسُوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخُذُوْا بِهِ تَهْتَدُوْا بِمَا هَدَى اللّٰهُ بِهِ رَسُوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ لوگ پیر کے دن فجر کی نماز ادا کر رہے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ انہیں نماز پڑھا رہے تھے اچانک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے کے پردے کو ہٹایا۔ آپ نے لوگوں کی طرف دیکھا وہ نماز میں صفیں بنائے ہوئے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے پھر آپ ہنس پڑے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ الٹے قدموں پیچھے ہٹ کر صف میں شامل ہونے لگے۔ انہوں نے یہ گمان کیا کہ شاید نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے تشریف لائیں گے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: لوگوں نے ارادہ کیا کہ وہ اپنی نماز کے بارے میں آزمائش کا شکار ہو جائیں۔ یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی خوشی میں (اپنی نماز کو توڑ دیں) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو اشارہ کیا تم لوگ اپنی نماز کو مکمل کر لو پھر آپ حجرے کے اندر تشریف لے گئے۔ آپ نے اپنے اور لوگوں کے درمیان پردے کو گرا دیا۔ اسی دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



گیا۔

زہری بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بتایا: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ لوگوں کے درمیان خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوئے اور انہوں نے فرمایا: میں کسی بھی شخص کو یہ کہتے ہوئے ہرگز نہ سنوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہو گیا ہے۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال نہیں ہوا بلکہ ان کے پروردگار نے ان کو بلایا ہے جس طرح اس نے حضرت موسیٰ رضی اللہ عنہ کو بلایا تھا تو وہ چالیس دن تک اپنی قوم سے دور رہے تھے۔

زہری بیان کرتے سعید بن میسّب رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بتایا: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اپنے خطبے میں یہ بھی کہا مجھے یہ اُمید ہے کہ اللہ کے رسول ان لوگوں کے ہاتھ اور پاؤں کٹوا دیں گے جو یہ گمان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا ہے۔

زہری بیان کرتے ہیں: ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے مجھے یہ بات بتائی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے انہیں یہ بتایا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ''سنح'' میں موجود اپنے گھر سے گھوڑے پر سوار ہو کر تشریف لائے وہ اس سے نیچے اترے۔ مسجد میں داخل ہوئے۔ انہوں نے کسی کے ساتھ کوئی بات نہیں کی یہاں تک کہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر کے اندر آئے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بڑھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس وقت یمنی چادر کے ذریعے ڈھانپ دیا گیا تھا۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے سے کپڑے کو ہٹایا۔ آپ پر جھکے' آپ کا بوسہ لیا اور رونے لگے پھر انہوں نے کہا: میرے والد آپ پر قربان ہوں۔ اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ آپ پر کبھی دو موتیں جمع نہیں کرے گا جہاں تک اس موت کا تعلق تھا جو آپ پر لازم کی گئی تھی وہ موت آپ کو آ گئی ہے۔

زہری بیان کرتے ہیں: ابوسلمہ نے یہ بات بیان کی ہے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے مجھے یہ بتایا: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ باہر آئے۔ اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ لوگوں کے ساتھ بات چیت کر رہے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: بیٹھ جاؤ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بیٹھنے سے انکار کر دیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: بیٹھ جاؤ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بیٹھنے سے انکار کر دیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کلمہ شہادت پڑھا تو لوگ ان کی طرف متوجہ ہو گئے۔ انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو چھوڑ دیا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

''اے لوگ! تم میں جو شخص حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت کرتا تھا تو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہو گیا ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے تو بے شک اللہ تعالیٰ زندہ ہے اسے موت نہیں آئے گی۔''

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے: ''محمد رسول ہیں ان سے پہلے بھی رسول گزر چکے ہیں تو کیا اگر وہ انتقال کر جائیں یا انہیں شہید کر دیا جائے تو تم اپنی ایڑھیوں کے بل پلٹ جاؤ گے جو شخص اپنی ایڑھیوں کے بل پلٹ جائے گا۔ وہ اللہ تعالیٰ کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچائے گا اور اللہ تعالیٰ شکر کرنے والوں کو عنقریب جزاء عطا کرے گا''۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم! یوں لگتا تھا جیسے لوگوں کو اس بات کا علم ہی نہیں تھا کہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت بھی نازل کی ہے۔ انہیں اس بات کا علم اس وقت ہوا جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کے سامنے یہ آیت تلاوت کی تو سب لوگوں نے ان سے یہ آیت سیکھ لی اور ہر شخص اسی کی تلاوت کر رہا تھا۔

زہری بیان کرتے ہیں: سعید بن میسّب نے مجھے بتایا: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بتایا اللہ کی قسم! جب میں نے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو یہ آیت تلاوت کرتے ہوئے سنا تو میرے پاؤں کاٹ دیئے گئے یہاں تک کہ میری ٹانگیں میرا وزن برداشت نہیں کر رہی تھیں' یہاں تک کہ میں زمین کی طرف جھک گیا جب میں نے انہیں یہ آیت تلاوت کرتے ہوئے سنا تو مجھے یقین ہو گیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو چکا ہے۔

زہری بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے مجھے بتایا اگلے دن جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت کی جانے لگی تو انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا۔ اس وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر پر بیٹھ چکے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے پہلے کلمہ شہادت پڑھا اور پھر یہ کہا امابعد کل میں نے آپ لوگوں سے جو بات کہی تھی ویسا نہیں تھا جس طرح میں نے کہا تھا: اللہ کی قسم! میں نے نہ تو یہ بات اللہ کی کتاب میں پائی ہے جسے اللہ نے نازل کیا ہے اور نہ ہی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بارے میں ہمیں کوئی ہدایت کی تھی لیکن مجھے یہ امید تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اتنے عرصے تک زندہ رہیں گے کہ آپ کا وصال ہم سب کے بعد ہوگا (یہاں الفاظ میں راوی کو شک ہے) لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کے لئے اپنی بارگاہ کو اختیار کیا۔ اس چیز کے مقابلے میں جو تمہارے پاس ہے تو یہ اللہ کی کتاب ہے۔ اس کے مطابق اللہ نے اپنے رسول کو ہدایت دی تم اسے حاصل کرلو اور تم اس چیز کے ذریعے ہدایت حاصل کرلو جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو ہدایت دی تھی۔

## ذِكْرُ مَا كَانَتْ تَبْكِي فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَبَاهَا حِينَ قَبَضَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا اِلٰى جَنَّتِهِ

## اس بات کا تذکرہ' جب اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جنت کی طرف منتقل کیا' تو سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا اپنے والد پر کیسے رونے لگی تھیں؟

**6621** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الرُّومِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ فَاطِمَةَ بَكَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا اَبَتَاهُ مِنْ رَبِّهِ مَا اَدْنَاهُ، يَا اَبَتَاهُ اِلٰى جِبْرِيلَ اَنْعَاهُ، يَا اَبَتَاهُ جَنَّةُ الْفِرْدَوْسِ مَاْوَاهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (کے وصال) پر رونے لگیں انہوں نے کہا:

''اے ابا جان آپ کو اپنے پروردگار کی بارگاہ میں کتنا قرب حاصل ہے۔ اے ابا جان ہم حضرت جبرائیل کو آپ کے وصال کی اطلاع دیتے ہیں۔ اے ابا جان جنت الفردوس آپ کا ٹھکانہ ہے۔''

---

6621- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير عبد الله بن الرومي، فمن رجال مسلم، وهو في "مصنف عبد الرزاق" (6673)، ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 3/197، والنسائي 4/12-13 في الجنائز: باب في البكاء على الميت، والبيهقي 4/71. وانظر ما بعده.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ

## اس روایت کا تذکرہ‘ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے‘ جو اس بات کا قائل ہے: معمر کے حوالے سے اس روایت کو نقل کرنے میں عبدالرزاق نامی راوی منفرد ہے

**6622** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا تَغَشَّى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَرْبُ كَانَ رَاْسُهُ فِي حِجْرِ فَاطِمَةَ، فَقَالَتْ فَاطِمَةُ: وَاكَرْبَاهُ لِكَرْبِكَ الْيَوْمَ يَا اَبَتَاهُ، فَرَفَعَ رَاْسَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: لَا كَرْبَ عَلٰى اَبِيكِ بَعْدَ الْيَوْمِ يَا فَاطِمَةُ ، فَلَمَّا تُوُفِّيَ قَالَتْ فَاطِمَةُ: وَا اَبَتَاهُ اَجَابَ رَبًّا دَعَاهُ، وَا اَبَتَاهُ مِنْ رَبِّهٖ مَا اَدْنَاهُ، وَا اَبَتَاهُ اِلٰى جَنَّةِ الْفِرْدَوْسِ مَاْوَاهُ، وَا اَبَتَاهُ اِلٰى جِبْرِيلَ اَنْعَاهُ، قَالَ اَنَسٌ: فَلَمَّا دَفَنَّاهُ مَرَرْتُ بِمَنْزِلِ فَاطِمَةَ، فَقَالَتْ: يَا اَنَسُ اَطَابَتْ اَنْفُسُكُمْ اَنْ تَحْثُوا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التُّرَابَ؟

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تکلیف زیادہ ہوگئی تو آپ کا سر اس وقت سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی گود میں تھا۔ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: ابا جان آپ کو آج کتنی تکلیف ہو رہی ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا سر مبارک اٹھایا اور فرمایا: اے فاطمہ! آج کے بعد تمہارے باپ کو کبھی کوئی تکلیف نہیں ہوگی۔

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوگیا تو سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا:

”ہائے ابا جان آپ نے اپنے پروردگار کی پکار پر لبیک کہا ہائے ابا جان آپ کو اپنے پروردگار کی بارگاہ میں کتنا قرب حاصل تھا ہائے ابا جان جنت الفردوس آپ کا ٹھکانہ ہے۔ ہائے ابا جان حضرت جبرائیل علیہ السلام کو ہم آپ کے وصال کی اطلاع دیتے ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دفن کر دیا تو میرا گزر سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر کے پاس سے ہوا انہوں نے فرمایا: اے انس تم نے کیسے یہ برداشت کیا کہ تم اللہ کے رسول پر مٹی ڈالو۔

## ذِكْرُ وَصْفِ الثِّيَابِ الَّتِيْ قُبِضَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا

## ان کپڑوں کی صفت کا تذکرہ‘ جن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تھا

6622– حديث صحيح، إسماعيل بن يونس لم أقف له على ترجمة، وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 3/204 عن يزيد بن هارون، والدارمي 1/40-41 عن أبي النعمان عارم، والبخاري (4462) في المغازي: باب مرضه - صلى الله عليه وسلم - ووفاته، وابن سعد 2/311، والبيهقي في "الدلائل" 7/212-213 عن سليمان بن حرب، وابن ماجه (1630) في الجنائز: باب ذكر وفاته - صلى الله عليه وسلم -، من طريق أبي أسامة حماد بن أسامة، أربعتهم عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد، ورواية أحمد مختصرة. وأخرجه بنحوه الترمذي في "الشمائل" (379)، وابن ماجه (1629) من طريق عبد الله بن الزبير أبي الزبير الباهلي، عن ثابت، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



**6623** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ فَاَخْرَجَتْ اِلَيْنَا اِزَارًا غَلِيظًا مِمَّا يُصْنَعُ بِالْيَمَنِ وَكِسَاءً مِمَّا يُسَمُّونَهَا الْمُلَبَّدَةَ، فَاَقْسَمَتْ بِاللّٰهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُبِضَ فِي هَذَيْنِ الثَّوْبَيْنِ

ابوبردہ بیان کرتے ہیں۔ میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے ایک موٹا تہبند نکالا جو یمن میں بنایا جاتا تھا اور ایک چادر نکالی جسے ملبدہ کہا جاتا تھا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اللہ کے نام کی قسم اٹھا کر یہ کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ان دو کپڑوں میں ہوا تھا۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ

## اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے: ابوبردہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کرنے میں حمید بن ہلال نامی راوی منفرد ہے

**6624** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَوْنٍ الرَّيَّانِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي الْخَلِيلِ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَخْرَجَتْ اِلَيْنَا عَائِشَةُ اِزَارًا مُلَبَّدًا، وَكِسَاءً غَلِيظًا، فَقَالَتْ: فِي هٰذَا قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابوبردہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے ہمارے سامنے ایک ملبد تہبند اور ایک موٹی چادر نکالی اور یہ بات بتائی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ان کپڑوں میں ہوا تھا۔

---

6623- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير شيبان بن أبي شيبة، فمن رجال مسلم. أبو بردة: هو ابن أبي موسى الأشعري. وأخرجه مسلم (2080) (34) في اللباس والزينة: باب التواضع في اللباس، عن شيبان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/131، وأبو داود (4036) في اللباس: باب لباس الغليظ، وابن ماجه (3551) في اللباس: باب لباس رَسُولُ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -، وَأَبُو يعلى (4432)، (4943) و (4944) من طرق عن سليمان بن المغيرة، به. وقرن أبو داود في حديثه بسليمان حماداً. وأخرجه عبد الرزاق (20624)، والبخاري (3108) في فرض الخمس: باب ما ذكر من درع النبي - صلى الله عليه وسلم ..-، و (5818) في اللباس: باب الأكسية والخمائص، ومسلم (2080) (35)، والترمذي (1733) في اللباس: باب ما جاء في لبس الصوف، من طريق أيوب، عن حميد بن هلال، به.

6624- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو الخليل: هو صالح بن أبي مريم. وانظر ما قبله.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


## ذِكْرُ وَصْفِ الثَّوْبِ الَّذِي سُجِّيَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ قَبَضَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا اِلٰى جَنَّتِهِ

## اس کپڑے کی صفت کا تذکرہ، جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو لپیٹا گیا تھا، جب اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی (روح مبارکہ کو) جنت کی طرف لے کے جانے کے لیے قبض کیا

**6625** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُجِّيَ فِي ثَوْبِ حِبَرَةٍ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یمنی چادر میں ڈھانپ دیا گیا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الثَّوْبَ الَّذِي سُجِّيَ بِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُكَفَّنْ فِيهِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ، وہ کپڑا جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو لپیٹا گیا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس میں کفن نہیں دیا گیا تھا

**6626** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُو عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اُدْرِجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَوْبِ حِبَرَةٍ، ثُمَّ اُخِّرَ عَنْهُ.

---

6625- حديث صحيح، ابن أبي السرى قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 6/153، ومسلم (942) في الجنائز: باب تسجية الميت، وأبو داود (3120) في الجنائز: باب في الميت يُسجَّى، والبيهقي في "السنن" 3/385 من طريق عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد، وقرن أحمد في "المسند" بمعمر عبد الأعلى. وأخرجه ابن سعد 2/264 من طريق معمر، به. وأخرجه أحمد 6/269، ومسلم (942) (48)، والنسائي في الوفاة كما في "التحفة" 12/363، وابن سعد 2/264 من طريق صالح بن كيسان، والبخاري (5814) في اللباس: باب البرود والحبرة والشملة، ومسلم (942)، والبيهقي 3/385، والبغوي (1469) من طريق شعيب بن أبي حمزة، كلاهما عن الزهري، به.

6626- إسناده صحيح على شرطهما. وأخرجه أحمد 6/161، وعنه أبو داود (3149) في الجنائز: باب في الكفن، والبيهقي في "الدلائل" 7/248، وأخرجه البيهقي في "السنن" 3/401 من طريق علي بن عبد الله المديني كلاهما (أحمد وعلي) عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد، ولم يذكر أبو داود والبيهقي فيه قول القاسم بن محمد. وأخرجه النسائي في الوفاة كما في "التحفة" 12/285 عن محمد بن المثنى ومجاهد بن موسى، كلاهما عن الوليد بن مسلم، به، ببعضه وهو قوله: "أُدْرِجَ رَسُولُ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - في ثوب حبرة."

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



قَالَ الْقَاسِمُ: اِنَّ بَقَايَا ذٰلِكَ الثَّوْبِ لَعِنْدَنَا بَعْدُ

✿✿ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یمنی چادر میں لپیٹ دیا گیا پھر اسے آپ سے الگ کر دیا گیا۔

قاسم بیان کرتے ہیں: اس کپڑے کا باقی حصہ بعد میں بھی ہمارے پاس موجود رہا۔

## ذِكْرُ وَصْفِ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ غَسَّلُوا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## ان لوگوں کا تذکرہ، جنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل دیا تھا

**6627** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ وَاضِحٍ اَبُوْ تُمَيْلَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْدَقَ بِهٖ اَصْحَابُهُ، وَشَكُّوْا فِيْ غُسْلِهٖ، وَقَالُوْا: نُجَرِّدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا نُجَرِّدُ مَوْتَانَا اَمْ كَيْفَ نَصْنَعُ؟ فَاَرْسَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا عَلَيْهِمْ سِنَةً، فَمَا مِنْهُمْ رَجُلٌ رَفَعَ رَاْسَهُ، فَاِذَا مُنَادٍ يُنَادِيْ مِنَ الْبَيْتِ - لَا يَدْرُوْنَ مَنْ هُوَ - اَنِ اغْسِلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ ثِيَابُهُ، قَالَتْ: فَغَسَّلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ قَمِيْصُهُ، قَالَتْ عَائِشَةُ: لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ اَمْرِيْ مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا غَسَّلَهُ غَيْرُ نِسَائِهٖ.

✿✿ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو آپ کے اصحاب کو غم نے گھیر لیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل دینے کے بارے میں ان کے درمیان سوچ پیدا ہوئی۔ انہوں نے کہا: کیا ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے بھی اسی طرح اتاریں گے جس طرح ہم اپنے مرحومین کے کپڑے اتارتے ہیں یا پھر ہمیں کیا کرنا چاہئے تو اللہ تعالیٰ نے ان پر نیند طاری کی ان میں سے کوئی شخص ایسا باقی نہیں رہا جس نے اپنا سر اٹھایا ہوا ہو (یعنی ہر شخص اونگھ رہا تھا) اسی دوران گھر میں سے کسی منادی نے یہ پکار کر کہا۔ لوگوں کو یہ پتہ نہیں چل سکا کہ وہ کون تھا (اس نے یہ کہا) تم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ کے کپڑوں سمیت غسل دو۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں تو لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل دیا جبکہ آپ کی قمیص آپ کے جسم پر موجود تھی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں مجھے بعد میں جس بات کا خیال آیا اگر وہ پہلے آ جاتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل صرف آپ کی ازواج دیتیں۔

---

6627- إسناده قوى، وابن إسحاق صرح بالتحديث عند غير المصنف. وأخرجه أحمد 6/267، وأبو داود (3141) في الجنائز: باب في ستر الميت عند غسله، والحاكم 3/59-60، والبيهقي في "السنن" 3/387، وفي "الدلائل" 7/242 من طرق عن ابن إسحاق، بهذا الإسناد. وصحّحه الحاكم على شرط مُسلم ووافقه الذهبي! وأخرجه بنحوه ابن سعد 2/276-277 من طريق عيسى بن معمر، عن عباد بن عبد الله، به. وأخرجه ابن ماجه (1464) في الجنائز: باب ما جاء في غسل الرجل امرأته وغسل المرأة زوجها، من طريق أحمد بن خالد الوهبي، عن محمد بن إسحاق، ببعضه: "لو كُنْتُ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا غَسَّلَ النبي - صلى الله عليه وسلم - غير نسائه."

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُرَ مِنْهُ فِيْ غُسْلِهِ مَا يُرَى مِنْ سَائِرِ الْمَوْتٰى

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ کو غسل دینے کے دوران آپ ﷺ کی طرف سے وہ چیز دکھائی نہیں دی' جو دیگر تمام مرحومین میں دکھائی دیتی ہے

**6628** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متنِ حدیث): لَمَّا اجْتَمَعُوْا لِغُسْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْتَلَفُوا بَيْنَهُمْ، فَقَالُوا: وَاللّٰهِ مَا نَدْرِي اَنُجَرِّدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا نُجَرِّدُ مَوْتَانَا، اَوْ نُغَسِّلُهُ وَعَلَيْهِ ثِيَابُهُ؟، قَالَتْ: فَاَرْسَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ النَّوْمَ حَتّٰى اِنَّ مِنْهُمْ مِنْ رَجُلٍ اِلَّا ذَقْنُهُ فِيْ صَدْرِهِ، ثُمَّ نَادٰى مُنَادٍ مِنْ جَانِبِ الْبَيْتِ - مَا يَدْرُوْنَ مَا هُوَ - اَنِ اغْسِلُوا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ قَمِيصُهُ، قَالَ: فَوَثَبُوْا اِلَيْهِ وَثْبَةَ رَجُلٍ وَّاحِدٍ، فَغَسَّلُوا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ قَمِيصُهُ، يَصُبُّوْنَ عَلَيْهِ الْمَاءَ وَيُدَلِّكُوْنَهُ مِنْ وَرَاءِ الْقَمِيصِ، وَكَانَ الَّذِيْ اَجْلَسَهُ فِيْ حِجْرِهِ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، اَسْنَدَهُ اِلٰى صَدْرِهِ، قَالَتْ: فَمَا رُئِيَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْءٌ مِمَّا يُرَى مِنَ الْمَيِّتِ

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب لوگ نبی اکرم ﷺ کو غسل دینے کے لئے اکٹھے ہوئے تو ان کا اختلاف ہو گیا انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! ہمیں سمجھ نہیں آ رہی کہ کیا ہم نبی اکرم ﷺ کے کپڑے بھی اسی طرح اتاریں جس طرح اپنے مرحومین کے کپڑے اتارتے ہیں یا پھر ہم آپ کے جسم پر کپڑے رہنے کے ہمراہ آپ کو غسل دیدیں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں تو اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں پر نیند طاری کی یہاں تک کہ ان میں سے موجود ہر شخص کی ٹھوڑی اس کے سینے سے جا لگی پھر گھر کے کسی کنارے سے کسی منادی نے کہا: لوگوں کو یہ پتہ نہیں چل سکا کہ وہ کون ہے۔ (اس نے کہا) تم لوگ نبی اکرم ﷺ کو غسل دو یہاں تک کہ آپ کی قمیض آپ کے جسم پر موجود ہو۔ راوی کہتے ہیں: تو ان سب لوگوں کا اس بات پر اتفاق ہوا۔ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو ایسی حالت میں غسل دیا کہ نبی اکرم ﷺ کی قمیض آپ کے جسم پر موجود تھی۔ وہ نبی اکرم ﷺ پر پانی انڈیلتے رہے اور قمیض کے نیچے سے آپ کے جسم کو ملتے رہے۔

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کو اپنی گود میں بٹھایا ہوا تھا اور انہوں نے اپنے سینے کے ساتھ نبی اکرم ﷺ کو ٹیک دی ہوئی تھی۔

---

6628- إسناده قوى. وهو فى "سيرة ابن هشام" 4/313 عن ابن إسحاق، بهذا الإسناد. ولم يذكر فيه: "وكان الذى أجلسه فى حجره .... ."

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کوئی چیز دکھائی نہیں دی جو میت کی طرف سے دکھائی دیتی ہے (یعنی آپ کے جسم سے کوئی بول یا براز خارج نہیں ہوا)

## ذِكْرُ وَصْفِ الثِّيَابِ الَّتِي كُفِّنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا

## ان کپڑوں کی صفت کا تذکرہ، جن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کفن دیا گیا تھا

**6629** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متنِ حدیث): غُطِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حُلَّةٍ يَمَنِيَّةٍ كَانَتْ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، ثُمَّ نُزِعَتْ مِنْهُ، فَكُفِّنَ فِي ثَلَاثَةِ اَثْوَابٍ سُحُولٍ يَمَانِيَةٍ لَيْسَ فِيهَا عِمَامَةٌ وَّلَا قَمِيصٌ، فَنَزَعَ عَبْدُ اللّٰهِ الْحُلَّةَ، وَقَالَ: اُكَفَّنُ فِيهَا، ثُمَّ قَالَ: لَمْ يُكَفَّنْ فِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُكَفَّنُ فِيهَا، فَتَصَدَّقَ بِهَا

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک یمنی حلے میں لپیٹ دیا گیا جو حضرت عبداللہ بن ابوبکر رضی اللہ عنہ کا تھا پھر اسے آپ کے جسم سے الگ کر دیا گیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تین یمانی سحولی کپڑوں میں کفن دیا گیا جس میں عمامہ اور قمیض شامل نہیں تھے عبداللہ نے وہ حلہ اتار لیا تھا۔ انہوں نے کہا تھا: مجھے اس حلے میں کفن دیا جائے پھر بعد میں انہوں نے کہا: جس کپڑے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کفن نہیں دیا گیا۔ اس میں مجھے کیسے کفن دیا جا سکتا ہے تو انہوں نے اس کپڑے کو صدقہ کر دیا تھا۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيثِ ضِدَّ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت ہماری ذکر کردہ روایت کے برخلاف ہے

**6630** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الرَّقَّامُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ سُوَيْدِ بْنِ مَنْجُوفٍ، حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، وَعِمْرَانُ، جَمِيعًا عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ:

6629- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير الوليد بن شجاع، فمن رجال مسلم، وما بين الحاصرتين من "مسلم"، وهو في "صحيحه" (941) (46) في الجنائز: باب في كفن الميت، عن علي بن حُجر السعدي، عن علي بن مسهر، بهذا الإسناد. وقد تقدم بعضه عند المؤلف برقم (3037) من طريق مالك عن هشام بن عروة، فانظر تتمة تخريجه هناك.

6630- إسناده حسن، رجاله رجال الصحيح، وعمران -وهو ابن داوَر القطان- روى له أصحاب السنن وعلق له البخاري وحديثه حسن. أبو داود: هو سليمان بن داود الطيالسي، وهشام: هو ابن أبي عبد الله الأستوائي. وأخرجه البزار (812) عن أحمد بن عبد الله السَّدُوسي -وهو ابن علي بن سويد بن منجوف- بهذا الإسناد. وقال: لا نعلم رواه هكذا موصولاً إلا أبو داود، ورواه يزيد بن زريع وغيره عن هشام عن قتادة عن سعيد مرسلاً. وأورده الهيثمي في "المجمع" 3/23 وقال: رواه البزار، ورجاله رجال الصحيح.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُفِّنَ فِي ثَوْبٍ نَجْرَانِيٍّ، وَرَيْطَتَيْنِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک نجرانی کپڑے اور دو چادروں میں کفن دیا گیا۔

## ذِكْرُ وَصْفِ مَا طُرِحَ تَحْتَ الْمُصْطَفٰى فِي قَبْرِهِ

## اس چیز کی صفت کا تذکرہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نیچے بچھائی گئی

**6631** - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، وَغُنْدَرٌ، كِلَاهُمَا عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ اَبِي جَمْرَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ:

(متن حدیث):اَنَّهُ وُضِعَ فِي قَبْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطِيفَةٌ حَمْرَاءُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک میں ایک سرخ چادر رکھی گئی تھی۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُحِدَ لَهُ عِنْدَ الدَّفْنِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ دفن کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے لحد بنائی گئی تھی

**6632** - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ:

(متن حدیث):اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُفِّنَ فِي ثَلَاثَةِ اَثْوَابٍ سُحُولِيَّةٍ، وَلُحِدَ لَهُ، وَنُصِبَ اللَّبِنُ عَلَيْهِ نَصْبًا

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تین سحولی کپڑوں میں کفن دیا گیا آپ کے لئے لحد بنائی گئی اور اس پر کچی اینٹیں نصب کی گئیں۔

---

6631- إسناده صحيح على شرطهما. أبو جمرة: هو نصر بن عمران الضبعي، وغندر: هو لقب محمد بن جعفر. وأخرجه الطيالسي (2751) ، ومن طريقه البيهقي 3/408، وأخرجه أبو بكر بن أبي شيبة في "مصنفه" 3/336، ومسلم (967) في الجنائز: باب جعل القطيفة في القبر، عن وكيع وغندر، وأحمد 1/228، والترمذي (1048) في الجنائز: باب ما جاء في الثوب الواحد تحت الميت في القبر، عن يحيى بن سعيد وغندر، وأحمد 1/355، والبيهقي 3/408 عن وكيع، ومسلم (967) من طريق يحيى بن سعيد، والنسائي 4/81 في الجنائز: باب وضع الثوب في اللحد، وفي الوفاة كما في "التحفة" 5/262

6632- إسناده قوي على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير الدراوردي -وهو عبد العزيز بن محمد- فقد روى له البخاري تعليقاً ومقروناً واحتج به مسلم. وأخرجه مسلم (941) (46) في الجنائز: باب في كفن الميت، عن يحيى بن يحيى، عن عبد العزيز بن محمد الدراوردي، بهذا الإسناد. ولم يسق لفظه. وانظر (3037) و (6629). ويشهد لقول عائشة: "لُحِدَ له، ونصب اللبن عليه نصباً" ما أخرجه مسلم (966) ، والنسائي 4/80، وابن ماجه (1556) أن سعد بن أبي وقاص، قال في مرضه الذي هلك فيه: الحَدُوا لي لحداً، وانصبوا عليّ نصباً، كما صُنع برسول الله -صلى الله عليه وسلم-، وحديث جابر، وسيأتي عند المصنف برقم (6635) .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



41
41

## ذِكْرُ اَسَامِي مَنْ دَخَلَ قَبْرَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ اَرَادُوْا دَفْنَهُ

## ان لوگوں کے ناموں کا تذکرہ' جو نبی اکرم ﷺ کے دفن کے وقت آپ ﷺ کی قبر میں اترے تھے

**6633** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسٰى، حَدَّثَنَا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي اِسْمَاعِيلُ السُّدِّيُّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَ قَبْرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَبَّاسُ، وَعَلِيٌّ وَّالْفَضْلُ، وَسَوّٰى لَحْدَهُ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَهُوَ الَّذِي سَوّٰى لُحُودَ الشُّهَدَاءِ يَوْمَ بَدْرٍ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عباس رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت فضل رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کی قبر میں داخل ہوئے انصار سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے آپ کی لحد تیار کی یہ وہی شخص تھا جس نے غزوہ بدر کے دن شہداء کی لحدیں تیار کی تھیں۔

## ذِكْرُ اِنْكَارِ الصَّحَابَةِ قُلُوبَهُمْ عِنْدَ دَفْنِ صَفِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نبی اکرم ﷺ کو دفن کرنے کے وقت' ان کے قلوب کی کیفیت مختلف ہونے کا تذکرہ

**6634** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الَّذِي دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ الْمَدِينَةَ اَضَاءَ مِنْهَا كُلُّ شَيْءٍ، فَلَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الَّذِي مَاتَ فِيهِ اَظْلَمَ مِنْهَا كُلُّ شَيْءٍ، وَمَا نَفَضْنَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَيْدِي، وَاِنَّا لَفِي دَفْنِهِ حَتّٰى اَنْكَرْنَا قُلُوبَنَا

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب وہ دن تھا جس دن نبی اکرم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تھے تو اس دن ہر چیز روشن ہوگئی تھی' جب وہ دن آیا جس میں نبی اکرم ﷺ کا وصال ہوا۔ اس دن ہر چیز تاریک ہوگئی تھی ابھی ہم نے اپنے ہاتھوں

---

6633– إسناده جيد على شرط مسلم .وأخرجه البزار ( 855) عن أيوب بن منصور البغدادي، عن شجاع بن الوليد، بهذا الإسناد. إلا أنه قال فيه: "شهداء يوم أحد!" وأورده الهيثمي في "المجمع" 9/37 وقال: رواه البزار عن شيخه أيوب بن منصور، وقد وهم في حديث رواه له أبو داود، وبقية رجاله رجال الصحيح.

6634– إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه الترمذي (3618) في المناقب: باب في فضل النبي - صلى الله عليه وسلم -، وفي "الشمائل" (274) ، وابن ماجه (1631) في الجنائز: باب ذكر وفاته ودفنه - صلى الله عليه وسلم -، والبغوي (3834) عن بشر بن هلال الصواف، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: غريب صحيح .وأخرجه أحمد 3/221 عن سيار، و 268 عن عفان، كلاهما عن جعفر بن سليمان، به .وأخرجه بنحوه أحمد 3/240 و 287، والدارمي 1/41، وابن أبي شيبة 11/516 من طريق حماد بن سلمة، عن ثابت، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



کو نبی اکرم ﷺ سے جدا نہیں کیا تھا اور آپ کو دفن کر رہے تھے کہ اسی دوران ہمیں اپنے قلوب کی کیفیت تبدیل ہوتی ہوئی محسوس ہوئی۔

## ذِكْرُ وَصْفِ قَبْرِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْرِ ارْتِفَاعِهِ مِنَ الْاَرْضِ

## نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک کی صفت کا تذکرہ اور اس کے زمین سے بلند ہونے کی مقدار کا تذکرہ

**6635** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا السِّخْتِيَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُلْحِدَ وَنُصِبَ عَلَيْهِ اللَّبِنُ نَصَبًا، وَرُفِعَ قَبْرُهُ مِنَ الْاَرْضِ نَحْوًا مِنْ شِبْرٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے لئے لحد بنائی گئی تھی اور اس پر کچی اینٹیں نصب کی گئی تھیں نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک کو زمین سے تقریباً ایک بالشت اونچا رکھا گیا تھا۔

6635- إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو كامل الجحدري: هو فضيل بن حسين، وجعفر بن محمد: هو جعفر بن محمد بن علي بن الحسين بن أبي طالب.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایة

www.KitaboSunnat.com



# بَابُ اِخْبَارِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا يَكُوْنُ فِيْ اُمَّتِهٖ مِنَ الْفِتَنِ وَالْحَوَادِثِ

## نبی اکرم ﷺ کا اس بارے میں اطلاع دینے کا تذکرہ' جو آپ ﷺ کی امت میں فتنے اور حادثات رونما ہوں گے

**6636** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَامَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا تَرَكَ شَيْئًا يَكُوْنُ فِيْ مَقَامِهٖ اِلٰى اَنْ تَقُوْمَ السَّاعَةُ اِلَّا حَدَّثَ بِهٖ، حَفِظَهٗ مَنْ حَفِظَهٗ، وَنَسِيَهٗ مَنْ نَسِيَهٗ، قَدْ عَلِمَهٗ اَصْحَابِيْ هٰؤُلَاءِ، وَاِنَّهٗ لَيَكُوْنُ الرَّجُلُ مِنْهُ الشَّيْءُ قَدْ نَسِيَهٗ، فَاَرَاهُ فَاَذْكُرُهٗ كَمَا يَذْكُرُ الرَّجُلُ وَجْهَ الرَّجُلِ اِذَا غَابَ عَنْهُ، فَاِذَا رَآهُ عَرَفَهٗ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ ہمارے درمیان کھڑے ہوئے آپ نے اپنے اس قیام کے دوران قیامت تک ہونے والی کسی بھی چیز کو نہیں چھوڑا ہر چیز کے بارے میں گفتگو کی جس نے اسے یاد رکھنا تھا اس نے اسے یاد رکھا اور جس نے بھولنا تھا وہ بھول گیا میرے ساتھی بھی یہ بات جانتے ہیں ان میں سے کوئی شخص کوئی بات بھول چکا ہوگا لیکن جب میں اسے دیکھوں گا تو مجھے یاد آجائے گا جس طرح کوئی شخص کسی غیر موجود شخص کے چہرے کو یاد کرتا ہے لیکن جب وہ اسے دیکھتا ہے تو اسے پہچان لیتا ہے۔

---

6636- إسناده صحيح على شرطهما. أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وجرير: هو ابن عبد الحميد الضبي، وشقيق: هو ابن سلمة أبو وائل الأسدي الكوفي. وأخرجه مسلم "2891" "23" في الفتن وأشراط الساعة: باب إخبار النبي صلى الله عليه وسلم فيما يكون إلى قيام الساعة، عن عثمان بن أبي شيبة، وإسحاق بن راهويه، وأبو داود "4240" في الفتن: باب ذكر الفتن ودلائلها، عن عثمان بن أبي شيبة، كلاهما عن جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/385"و 389و "401، والبخاري "6604" في القدر: باب (وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ قَدَراً مَقْدُوراً) ، ومسلم "2891" "23"، والبغوي "4215" من طريق سفيان الثوري، والحاكم "4/487" من طريق شيبان النحوي، كلاهما عن الأعمش، به. وأخرجه مختصرا الحاكم "4/472" من طريقين عن عاصم بن أبي النجود، عن زر بن حبيش، عن حذيفة، وهذا سند حسن. وأخرج أحمد "5/386"، والطيالسي "433"، ومسلم "2891" "24" من طريق شعبة، عن عدي بن ثابت، عن عبد الله بن يزيد الخطمي، عن حذيفة قال: أخبرني رسول الله صلى الله عليه وسلم بما هو كائن إلى أن تقوم الساعة، فما منه شيء إلا قد سألته، إلا أني لم أسأله: ما يخرج أهل المدينة من المدينة؟ هذا لفظ أحمد ومسلم. ولفظ الطيالسي: قام فينا رسول الله صلى الله عليه وسلم، فأخبرنا بما هو كائن إلى يوم القيامة، إلا أني لم أسأله: ما يخرج أهل المدينة من المدينة؟

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

**6637** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَقَدْ قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَامًا، فَحَدَّثَنَا مَا هُوَ كَائِنٌ بَيْنَنَا وَبَيْنَ السَّاعَةِ، مَا بِي اَقُوْلُ لَكُمْ: اِنِّي كُنْتُ وَحْدِي، لَقَدْ كَانَ مَعِي غَيْرِي، حَفِظَ ذَاكَ مَنْ حَفِظَهُ، وَنَسِيَهُ مَنْ نَسِيَهُ

✿✿ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے آپ نے ہم سے لے کر قیامت تک جو کچھ ہونا تھا۔ اس کے بارے میں ہمیں بتادیا (حضرت حذیفہ کہتے ہیں:) میں تم لوگوں سے یہ نہیں کہہ رہا کہ میں صرف تنہا تھا میرے ساتھ دوسرے لوگ بھی تھے۔ ان میں سے جس نے اسے یاد رکھنا تھا اس نے یاد رکھا اور جس نے بھول جانا تھا اس نے بھلا دیا۔

## ذِكْرُ الْاَخْبَارِ عَنْ وَصْفِ قَدْرِ ذَاكَ الْمَقَامِ الَّذِي قَالَ فِيهِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَالَ

## اس قیام کی مقدار کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جس کے دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ باتیں ارشاد فرمائی تھیں

**6638** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ بْنِ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: حَدَّثَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ، حَدَّثَنَا عِلْبَاءُ بْنُ اَحْمَدَ الْيَشْكُرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ زَيْدٍ اسْمُهُ عَمْرُو بْنُ اَخْطَبَ،

---

6637- إسناده جيد، عبد الرحمن بن إسحاق وهو ابن عبد الله بن الحارث المدني - مختلف فيه، وهو صدوق، كما قال الحافظ في التقريب، وذكره الذهبي في "من تكلم فيه وهو موثق " "202"، وروى له مسلم في الشواهد، ثم هو متابع، وباقي السند ثقات من رجال الشيخين غير مسدد، فمن رجال البخاري. أبو إدريس الخولاني: هو عائذ الله بن عبد الله. وأخرجه أحمد 5/388 من طريق صالح بن كيسان، و 5/507 من طريق شعيب بن أبي حمزة، ومسلم "2891" "22" في الفتن: باب إخبار النبي صلى الله عليه وسلم فيما يكون إلى قيام الساعة، من طريق يونس بن يزيد الأيلي،

6638- إسناده صحيح، عمرو بن الضحاك بن مخلد ثقة روى له ابن ماجه، ومن فوقه ثقات على شرط الصحيح. وهو في مسند أبي يعلى ورقة 316/1. وأخرجه الطبراني 17/46 عن الحسن بن علي المعمري، عن عمرو بن أبي عاصم الضحاك، بهذا الإسناد، وأخرجه أحمد 5/341، ومسلم "2892" في الفتن: باب إخبار النبي صلى الله عليه وسلم فيما يكون إلى قيام الساعة، والحاكم 4/487 من طرق عن أبي عاصم الضحاك بن مخلد، به، وقال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي!

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ، ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَخَطَبَ حَتّٰى حَضَرَتِ الظُّهْرُ، ثُمَّ نَزَلَ فَصَلّٰى، ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ فَخَطَبَنَا حَتّٰى حَضَرَتِ الْعَصْرُ، ثُمَّ نَزَلَ فَصَلّٰى، ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ فَخَطَبَنَا حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ، فَحَدَّثَنَا بِمَا كَانَ وَبِمَا هُوَ كَائِنٌ، فَاَعْلَمُنَا اَحْفَظُنَا

حضرت ابوزید رضی اللہ عنہ جن کا نام عمرو بن اخطب ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں صبح کی نماز پڑھائی پھر آپ منبر پر چڑھے۔ آپ نے خطبہ دیا یہاں تک کہ ظہر کا وقت ہوگیا پھر آپ منبر سے نیچے اترے آپ نے نماز ادا کی پھر آپ منبر پر چڑھے۔ آپ نے ہمیں خطبہ دیا' یہاں تک کہ عصر کا وقت ہوگیا پھر آپ منبر سے نیچے اترے۔ آپ نے نماز ادا کی پھر آپ منبر پر چڑھے۔ آپ نے ہمیں خطبہ دیا یہاں تک کہ سورج غروب ہوگیا۔ آپ نے ہمیں بتایا: جو کچھ ہو چکا ہے اور جو کچھ ہوگا تو جس شخص نے اس بات کو مجھ سے زیادہ یاد رکھا وہ ہم میں سب سے زیادہ علم رکھنے والا تھا۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ قَدْرِ مَا بَقِيَ مِنْ هٰذِهِ الدُّنْيَا فِي جَنْبِ مَا خَلَا مِنْهَا

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' دنیا جتنی گزر چکی ہے اس کے مقابلے میں کتنی مقدار میں باقی رہ گئی ہے

**6639** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: وَاَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِينَارٍ، اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّمَا اَجَلُكُمْ فِي اَجَلِ مَنْ خَلَا مِنَ الْاُمَمِ، كَمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعَصْرِ اِلٰى مَغَارِبِ الشَّمْسِ، وَاِنَّمَا مَثَلُكُمْ وَمَثَلُ الْيَهُودِ وَالنَّصَارٰى كَرَجُلٍ اسْتَعْمَلَ عُمَّالًا، فَقَالَ: مَنْ يَعْمَلُ لِي اِلٰى نِصْفِ النَّهَارِ عَلٰى قِيرَاطٍ قِيرَاطٍ؟ قَالَ: فَعَمِلَتِ الْيَهُودُ اِلٰى نِصْفِ النَّهَارِ عَلٰى قِيرَاطٍ قِيرَاطٍ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ يَعْمَلُ لِي مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ اِلٰى صَلَاةِ الْعَصْرِ عَلٰى قِيرَاطٍ قِيرَاطٍ؟ قَالَ: فَعَمِلَتِ النَّصَارٰى مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ اِلٰى صَلَاةِ الْعَصْرِ عَلٰى قِيرَاطٍ قِيرَاطٍ، قَالَ: ثُمَّ اَنْتُمُ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ اِلٰى مَغَارِبِ الشَّمْسِ عَلٰى قِيرَاطَيْنِ قِيرَاطَيْنِ،

6639- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن أيوب المقابرى، فمن رجال مسلم. وسيأتي عند المؤلف برقم "7173" من طريق قتيبة بن سعيد، عن إسماعيل بن جعفر، به. وأخرجه أحمد 2/111، والبخارى "5021" في فضائل القرآن: باب فضل القرآن على سائر الكلام، من طريق سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، به . وقال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح. وأخرجه أحمد 2/6، والرامهرمزى في الأمثال ص 59، والبخارى "2268" في الإجارة: باب الإجارة إلى نصف النهار، و "3459" في أحاديث الأنبياء : باب ما ذكر عن بنى إسرائيل، والبيهقى 6/118، والبغوى "4017" من طريقين عن نافع، عن ابن عمر. وأخرجه الطيالسى "1820"، والبخارى "557" في مواقيت الصلاة: باب من أدرك ركعة من العصر قبل الغروب، و "7467" في التوحيد: باب في المشيئة والإرادة، و "7533": باب قول الله تعالى: (قُلْ فَأْتُوا بِالتَّوْرَاةِ فَاتْلُوهَا) ، والبيهقى 6/118-119 من طرق عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيهِ . وأخرجه الطبرانى "13285" مختصرا من طريق معن بن عيسى، عن مالك، عن وهب بن كيسان، عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عليه وسلم قال: "إنما أجلكم فيما خَلَا مِنَ الْأُمَمِ كَمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعَصْرِ إلى مغرب الشمس."

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



قَالَ: فَغَضِبَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى وَقَالُوا: نَحْنُ كُنَّا أَكْثَرَ عَمَلًا، وَأَقَلَّ عَطَاءً، قَالَ: هَلْ ظَلَمْتُكُمْ مِنْ حَقِّكُمْ شَيْئًا؟ قَالُوا: لَا، قَالَ: فَإِنَّهُ فَضْلِي أُوتِيهِ مَنْ أَشَاءُ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''دیگر اُمتوں کے مقابلے میں تمہارا عرصہ اس طرح ہے جیسے عصر کی نماز سے لے کر سورج غروب ہونے تک کا وقت ہوتا ہے۔تمہاری یہودیوں اور عیسائیوں کی مثال ایک ایسے شخص کی مانند ہے' جو کچھ لوگوں کو مزدور رکھتا ہے اور یہ کہتا ہے کون شخص ایک ایک قیراط کے عوض میں دوپہر تک میرے لئے کام کرے گا تو یہودیوں نے دوپہر تک کام کیا۔ایک ایک قیراط کے عوض میں پھر اس شخص نے کہا: کون شخص دوپہر سے لے کر عصر تک ایک ایک قیراط کے عوض میں کام کرے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: تو عیسائیوں نے دوپہر سے لے کے عصر کی نماز تک ایک ایک قیراط کے عوض میں کام کرلیا۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: پھر تم لوگ آئے جنہوں نے عصر کی نماز سے لے کر سورج غروب ہونے تک دو دو قیراط کے عوض میں کام کیا۔اس بات پر یہودی اور عیسائی غصے میں آگئے۔انہوں نے کہا: ہم نے تو زیادہ عمل کیا ہے اور ہمیں تھوڑا معاوضہ دیا گیا ہے تو پروردگار نے فرمایا: میں نے تمہارے حق کے حوالے سے تم پر کوئی زیادتی کی؟ وہ جواب دیتے ہیں جی نہیں تو پروردگار نے فرمایا: یہ میرا فضل ہے' جسے میں چاہوں گا یہ عطا کروں گا۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ قُرْبِ السَّاعَةِ مِنَ النُّبُوَّةِ بِالْإِشَارَةِ الْمَعْلُومَةِ

## متعین اشارے کے ذریعے قیامت کے نبوت سے قریب ہونے کی اطلاع کا تذکرہ

6640– حديث صحيح، محمد بن عصام بن يزيد وأبوه تقدمت ترجمتهما عند الحديث رقم "4587"، ومن فوقهما ثقات من رجال الشيخين غير حمزة الضبي، فمن رجال مسلم، وهو ثقة . أبو التياح: هو يزيد بن حميد الضبعي، وحمزة الضبي: هو حمزة بن عمرو العائذي أبو عمر الضبي .وأخرجه أحمد 3/222 و278 عن هاشم وهو أبو النضر هاشم بن القاسم - عن شعبة، بهذا الإسناد . وهذا إسناد صحيح.وأخرجه البخاري "6504" في الرقاق: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "بعثت أنا والساعة كهاتين"، وأبو يعلى "3264" من طريق وهب بن جرير، ومسلم "2951" "134" في الفتن: باب قرب الساعة، من طريق خالد بن الحارث، والخطابي في غريب الحديث 1/280 من طريق عاصم، والطيالسي "1980"، أربعتهم وهب وخالد وعاصم والطيالسي - عن شعبة، عن قتادة وأبي التياح، به.وأخرجه مسلم "2951" "134" عن محمد بن بشار، عن ابن أبي عدي، عن شعبة، عن حمزة الضبي، وأبي التياح، به .وأخرجه الطيالسي "2089"، وأحمد 3/131، والدارمي 2/313، ومسلم "2951" "134"، وأبو القاسم البغوي في الجعديات "1457" من طرق عن شعبة، عن أبي التياح، به .وأخرجه أحمد 3/123 - 124 و130 و274 و275، ومسلم "2951" "133"، والترمذي "2214" في الفتن: باب ما جاء في قول النبي صلى الله عليه وسلم: "بعثت أنا والساعة كهاتين"، وأبو يعلى "2925" و"2999" و"3146" و"3263" من طرق عن شعبة، عن قتادة، به، عند مسلم وغيره: قال شعبة: وسمعت قتادة يقول في قصصه: كفضل إحداهما على الأخرى، فلا أدري أذكره عن أنس، أو قاله قتادة؟وأخرجه أحمد 3/193 و283 من طريقين عن أبان بن يزيد العطار، عن قتادة، به. وأخرجه مسلم "2951" "135" من طريق معتمر بن سليمان، عن أبيه، عن معبد وهو ابن هلال العنزي - عن أنس. وأخرجه أحمد 3/237 وفيه قصة، عن يعقوب، عن أبيه، عن ابن إسحاق، حدثني زياد بن أبي زياد مولى ابن عباس، عن أنس.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



**6640** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَلْمٍ الْاَصْبَهَانِيُّ بِالرِّيِّ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِصَامِ بْنِ يَزِيْدَ، حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ شُعْبَةَ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ، وَقَتَادَةَ، وَحَمْزَةَ الضَّبِّيِّ، قَالُوا: سَمِعْنَا اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ هٰكَذَا، وَاَشَارَ بِاُصْبُعَيْهِ، قَالَ: وَكَانَ قَتَادَةُ يَقُوْلُ: كَفَضْلِ اِحْدَاهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: يُشْبِهُ اَنْ يَكُوْنَ مَعْنٰى قَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ اَرَادَ بِهٖ اَنِّي بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى مِنْ غَيْرِ اَنْ يَكُوْنَ بَيْنَنَا نَبِيٌّ اٰخَرُ، لِاَنِّي آخِرُ الْاَنْبِيَاءِ وَعَلٰى اُمَّتِي تَقُوْمُ السَّاعَةُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔

”مجھے اور قیامت کو اس طرح مبعوث کیا گیا ہے۔“

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دو انگلیوں کے ذریعے اشارہ کر کے یہ بات ارشاد فرمائی تھی۔

راوی بیان کرتے ہیں: قتادہ نے یہ بات کہی ہے۔ یہ اس طرح ہے جیسے ایک کو دوسری پر فضیلت حاصل ہو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس بات کا احتمال موجود ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان مجھے اور قیامت کو ان دو کی طرح مبعوث کیا گیا ہے۔ اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہو کہ مجھے اور قیامت کو اس طرح مبعوث کیا گیا ہے جیسے شہادت کی انگلی اور درمیانی انگلی ہوتی ہے یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور قیامت کے درمیان کوئی اور نبی نہیں آئے گا کیونکہ میں آخری نبی ہوں اور میری اُمت پر ہی قیامت قائم ہوگی۔

## ذِكْرُ وَصْفِ الْاُصْبُعَيْنِ اللَّذَيْنِ اَشَارَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهِمَا فِي هٰذَا الْخَبَرِ

### ان دو انگلیوں کی صفت کا تذکرہ، جن کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ اشارہ کیا تھا، جس کا ذکر اس روایت میں ہے

**6641** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوْفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صَالِحٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ وَجَمَعَ بَيْنَ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

”مجھے اور قیامت کو ان دو کی طرح مبعوث کیا گیا ہے۔“

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شہادت کی انگلی اور درمیانی انگلی کو ملا کر یہ بات ارشاد فرمائی۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِعُمُومِ هٰذَا الْخِطَابِ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو اس خطاب کے عموم کی صراحت کرتی ہے' جس کا ہم ذکر کر چکے ہیں

**6642** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاِسْكَنْدَرَانِيُّ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، اَنَّهٗ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ بِاُصْبُعِهِ الَّتِيْ تَلِي الْاِبْهَامَ وَالْوُسْطٰى: بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ هٰكَذَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا کہ آپ نے انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی اور درمیانی انگلی کو ملا کر یہ ارشاد فرمایا۔

''مجھے اور قیامت کو اس طرح مبعوث کیا گیا ہے''

## ذِكْرُ نَفْيِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَوْنَ النُّبُوَّةِ بَعْدَهٗ اِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس بات کی نفی کرنے کا تذکرہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد قیامت تک نبوت ہوگی

**6643** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ

6641– إسناده قوى، عبد الرحمن بن صالح الأزدى لا بأس به، روى له النسائى فى خصائص على، وقد توبع، ومن فوقه من رجال الشيخين غير أبى بكر ابن عياش فقد روى له مسلم فى مقدمة صحيحه، واحتج به البخارى . أبو حصين: هو عثمان بن عاصم بن حصين الأسدى الكوفى، وأبو صالح: هو ذكوان السمان. وأخرجه هناد بن السرى فى الزهد "523"، وعنه ابن ماجه "4040" فى الفتن: باب أشراط الساعة، عن أبى بكر بن عياش، بهذا الإسناد. قرن ابن ماجه فى روايته مع هناد أبا هشام الرفاعى محمد بن يزيد . وأخرجه البخارى "6505" فى الرقاق: باب قول النبى صلى الله عليه وسلم: "بعثت أنا والساعة كهاتين " عن يحيى بن يوسف، عن أبى بكر بن عياش، به. وأخرجه الحافظ ابن حجر فى تغليق التعليق 5/177 من طريق الإسماعيلى أحمد بن إبراهيم، قال: أخبرنى ابن ناجية، حدثنا أحمد بن عثمان بن حكيم، ومحمد بن عثمان بن كرامة، قالا: حدثنا عبيد الله وهو ابن موسى - عن إسرائيل، عن أبى حصين، به.

6642– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو حازم: هو سلمة بن دينار .وأخرجه مسلم "2950" فى الفتن: باب قرب الساعة، عن قتيبة بن سعيد بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم أيضا "2950"، والطبرانى "5988" عن سعيد بن منصور، عن يعقوب بن عبد الرحمن، به. وقرن مسلم فى روايته مع يعقوب عبد العزيز بن أبى حازم. وأخرجه أحمد 5/330 و331 و335 و338، والحميدى "925"، والبخارى "4936" فى تفسير سورة النازعات: باب رقم "1"، و"5301" فى الطلاق: باب اللعان، و "6503" فى الرقاق: باب قول النبى صلى الله عليه وسلم: "بعثت أنا والساعة كهاتين" والطبرانى "5873" و"5885" و"5912" و "5913" من طرق عن أبى حازم، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



اَبِىْ وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيْهِ، وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِعَلِيٍّ: اَمَا تَرْضَى اَنْ تَكُوْنَ مِنِّى بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسَى غَيْرَ اَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِى

❀❀ سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ تمہاری مجھ سے وہی نسبت ہو جو حضرت ہارون علیہ السلام کی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تھی البتہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔

## ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِىْ مِنْ اَجْلِهَا، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْقَوْلَ

## اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی

**6644** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسَى عَبْدَانُ بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ رَبِيعَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ، اَوْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

---

6643- إسناده ضعف، ومتنه صحيح، محمد بن سلمة بن كهيل روى عنه جمع، وذكره المؤلف في الثقات 7/375ن وقال ابن أبي حاتم في الجرح والتعديل 7/276: سمعت أبي يقول: كان "أي محمد بن سلمة" مقدما على أخيه يحيى بن سلمة، وأحب إلى منه، ويحيى أكبر منه، قلت: وضعفه ابن معين والجوزجاني وابن شاهين وابن سعد، وباقي السند رجاله ثقات من رجال الصحيح. وهو في مسن أبي يعلى ورقة 319/1، وأورده الهيثمي في المجمع 9/109 ونسبه إلى أبي يعلى والطبراني، وقال: وفي إسناد أبي يعلى محمد بن سلمة بن كهيل، وثقه ابن حبان وضعه غيره، وبقية رجاله رجال الصحيح. وأخرجه ابن عدى في الكامل 6/2222 عن أبي يعلى، عن محمد بن سهل بن حصين، عن حسان بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني في الكبير 23/892 عن محمد بن عثمان بن أبي شيبة، عن الحسن بن علي الحلواني، عن إسماعيل بن أبان، عن يحيى بن سلمة بن كهيل، عن أبيه، به. إلا أنه قال فيه: "عن سعد بن أبي وقاص، عن أم سلمة" والله أعلم. قلت: ويحيى بن سلمة هذا متروك الحديث. وسيأتي تخريج طرقه باستيعاب عند الحديثين "9626" و"6927".

6644- إسناده ضعيف، أبو ربيعة: اسمه زيد بن عوف القطعي، روى عن أبي عوانة، وحماد بن سلمة، وعون بن موسى، وهشيم، وشريك، وغيرهم، ضعفه غير واحد، وذكره المؤلف في المجروحين 1/311، فقال: كان ممن اختلط بأخره، فما حدث قبل اختلاطه، فمستقيم، وما حدث بعد التخليط ففيه المناكير، يجب التنكب عما انفرد به من الأخبار، وكان يحيى بن معين سيء الرأي فيه. وأورده السيوطي في الدر المنثور 4/124 ونسبه إلى ابن حبان وابن مردويه. وأخرجه الطبرى كما في الفتح 8/318- من طريق عمرو بن عطية، عن أبيه، عن أبي سعيد. وعمرو بن عطية وأبوه العوفي ضعيفان. وأخرجه بنحوه النسائي في خصائص علي "7" والجوزقاني في الأباطيل "126" من طريق عبد الله بن الرقيم، عن سعد بن أبي وقاص. وابن الرقيم مجهول. وأخرجه بنحوه مرسلا أحمد في فضائل الصحابة "177" عن يحيى بن آدم، عن أبي بكر ابن عياش، عن الأعمش، عن أبي صالح، قال: بعث رسول الله صلى الله عيه وسلم أبا بكر ... فذكره. ووصله الطبرى من طريق أبي صالح عن علي. وأخرجه عبد الله بن أحمد في زياداته على المسند 1/151 عن محمد بن سليمان لوين، عن محمد بن جابر السحيمي، عن سماك، عن حنش، عن علي. وفي آخره "قال: لا، ولكن جبريل جاء ني فقال: لن يؤدى عنك إلا أنت أو رجل منك" قال الهيثمي في المجمع 7/29: فيه محمد بن جابر السحيمي، وهو ضعيف وقد وثق. وأخرج الترمذي "3090" في التفسير: باب ومن سورة التوبة، والنسائي في الخصائص "70" من طريقين عن حماد بن سلمة،

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَلَمَّا بَلَغَ ضَجْنَانَ سَمِعَ بُغَامَ نَاقَةِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَعَرَفَهُ، فَاَتَاهُ، فَقَالَ: مَا شَاْنِي؟ قَالَ: خَيْرٌ، اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَنِي بِبَرَاءَ ةَ، فَلَمَّا رَجَعْنَا انْطَلَقَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا لِي؟ قَالَ: خَيْرٌ اَنْتَ صَاحِبِي فِي الْغَارِ، (وَاَنْتَ مَعِي عَلَى الْحَوْضِ) غَيْرَ اَنَّهُ لَا يُبَلِّغُ غَيْرِي، اَوْ رَجُلٌ مِّنِّي - يَعْنِي عَلِيًّا -

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ یا شاید حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو (امیرالحج بنا کر) بھیجا جب وہ ضجنان کے مقام پر پہنچے تو انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اونٹنی کی آواز کو سنا وہ اسے پہچان گئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ ان کے پاس آئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: میرا کیا معاملہ ہے۔ انہوں نے کہا: بہتر ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے (کفار کے ساتھ کئے گئے ہر معاہدے) سے لاتعلقی (کے اعلان کے ہمراہ) بھیجا ہے۔

(راوی بیان کرتے ہیں) جب ہم لوگ واپس آئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لے گئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرا کیا معاملہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بہتر ہے تم غار میں میرے ساتھی رہے ہو لیکن صورت حال یہ تھی کہ میرے علاوہ یا مجھ سے تعلق رکھنے والے (میرے کسی خاندانی عزیز) کے علاوہ اور کوئی شخص یہ اعلان نہیں کرسکتا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے۔

## ذِكْرُ وَصْفِ قِرَاءَةِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سُوْرَةَ بَرَاءَةَ عَلَى النَّاسِ

## حضرت علی رضی اللہ عنہ کا لوگوں کے سامنے سورۃ توبہ کی تلاوت کرنے کی صفت کا تذکرہ

**6645** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْجَنَدِيُّ بِمَكَّةَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ اللَّحْجِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قُرَّةَ مُوْسَى بْنُ طَارِقٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ:

---

6645– علي بن زياد اللحجي ذكره المؤلف في الثقات 8/470 وقال: مستقيم الحديث، وقد توبع، ومن فوقه من رجال الصحيح غير موسى بن طارق فقد روى له النسائي، وهو ثقة، لكن لم يصرح أبو الزبير بسماعه من جابر وأخرجه الدارمي 2/66 - 67، والنسائي في الخصائص "73"، وفي السنن 5/247 - 248في مناسك الحج: باب الخطبة قبل يوم التروية، وابن خزيمة في صحيحه "2974" عن إسحاق بن إبراهيم، والبيهقي في دلائل النبوة 5/297-298من طريق أبي حمة، كلاهما عن أبي قرة موسى بن طارق، بهذا الإسناد. قال النسائي في سننه: ابن خثيم ليس بالقوي في الحديث، وإنما أخرجت هذا لئلا يجعل ابن جريج عن أبي الزبير وما كتبناه إلا عن إسحاق بن إبراهيم، ويحيى بن سعيد القطان لم يترك حديث ابن خثيم ولا عبد الرحمن إلا أن علي ابن المديني قال: ابن خثيم منكر الحديث، وكان علي ابن المديني خلق للحديث. قلت: والجمهور على تقوية ابن خثيم هذا، ووافق النسائي الجمهور على توثيقه في رواية. وأورد الحديث السيوطي في الدر المنثور 4/125 مختصرا، وزاد نسبته إلى إسحاق ابن راهويه في مسنده وأبي الشيخ، وابن مردويه. وفي الباب عن ابن عباس عند الترمذي "3091" في تفسير سورة التوبة، وقال: هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه من حديث ابن عباس.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): اَنَّهُمْ حِينَ رَجَعُوا اِلَى الْمَدِينَةِ مِنْ عُمْرَةِ الْجِعْرَانَةِ بَعَثَ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَى الْحَجِّ، فَاَقْبَلْنَا مَعَهُ حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِالْعَرْجِ ثَوَّبَ بِالصُّبْحِ، فَلَمَّا اسْتَوَى لِلتَّكْبِيرِ سَمِعَ الرَّغْوَةَ خَلْفَ ظَهْرِهِ، فَوَقَفَ عَنِ التَّكْبِيرِ، فَقَالَ: هٰذِهِ رَغْوَةُ نَاقَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَدْعَاءِ، فَلَعَلَّهُ اَنْ يَكُونَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنُصَلِّيَ مَعَهُ، فَاِذَا عَلِيٌّ عَلَيْهَا، فَقَالَ لَهُ اَبُو بَكْرٍ: اَمِيرٌ اَنْتَ اَمْ رَسُولٌ؟ قَالَ: لَا، بَلْ رَسُولٌ، اَرْسَلَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَرَاءَةَ اَقْرَؤُهَا عَلَى النَّاسِ فِي مَوَاقِفِ الْحَجِّ، فَقَدِمْنَا مَكَّةَ، فَلَمَّا كَانَ قَبْلَ التَّرْوِيَةِ بِيَوْمٍ، قَامَ اَبُو بَكْرٍ، فَخَطَبَ النَّاسَ حَتّٰى اِذَا فَرَغَ، قَامَ عَلِيٌّ فَقَرَاَ بِبَرَاءَةَ حَتّٰى خَتَمَهَا، ثُمَّ خَرَجْنَا مَعَهُ حَتّٰى اِذَا كَانَ يَوْمُ عَرَفَةَ قَامَ اَبُو بَكْرٍ، فَخَطَبَ النَّاسَ يُعَلِّمُهُمْ مَنَاسِكَهُمْ حَتّٰى اِذَا فَرَغَ، قَامَ عَلِيٌّ فَقَرَاَ عَلَى النَّاسِ بَرَاءَةَ حَتّٰى خَتَمَهَا، ثُمَّ كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ فَاَفَضْنَا، فَلَمَّا رَجَعَ اَبُو بَكْرٍ خَطَبَ النَّاسَ فَحَدَّثَهُمْ عَنْ اِفَاضَتِهِمْ، وَعَنْ نَحْرِهِمْ، وَعَنْ مَنَاسِكِهِمْ، فَلَمَّا فَرَغَ قَامَ عَلِيٌّ فَقَرَاَ عَلَى النَّاسِ بَرَاءَةَ حَتّٰى خَتَمَهَا، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ النَّفْرِ الْاَوَّلِ، قَامَ اَبُو بَكْرٍ فَخَطَبَ النَّاسَ فَحَدَّثَهُمْ كَيْفَ يَنْفِرُونَ، وَكَيْفَ يَرْمُونَ وَعَلَّمَهُمْ مَنَاسِكَهُمْ، فَلَمَّا فَرَغَ قَامَ عَلِيٌّ، فَقَرَاَ بَرَاءَةَ عَلَى النَّاسِ حَتّٰى خَتَمَهَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب وہ لوگ جعرانہ سے عمرہ کرنے کے بعد مدینہ منورہ کی طرف واپس گئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو امیر حج بنا کر بھیجا ہم لوگ ان کے ساتھ آ گئے' یہاں تک کہ جب ہم عرج کے مقام پر پہنچے تو صبح کی نماز کے لئے اقامت کہی گئی' جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تکبیر کہنے کے لئے کھڑے ہوئے تو انہوں نے اپنی پشت کے پیچھے اونٹنی کی آواز سنی۔ وہ تکبیر کہنے سے رک گئے۔ انہوں نے کہا: یہ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی جدعاء کی مخصوص آواز ہے شاید نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لا رہے ہوں' تو ہم آپ کی اقتداء میں نماز ادا کریں گے لیکن اس اونٹنی پر حضرت علی رضی اللہ عنہ سوار تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت کیا: کیا آپ امیر کے طور پر آئیں ہے یا قاصد کے طور پر آئے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا: جی نہیں بلکہ قاصد کے طور پر آیا ہوں مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے برأت کے ہمراہ بھیجا ہے جسے میں حج کے موقع پر لوگوں کے سامنے پڑھ دوں گا۔

(راوی کہتے ہیں:) پھر ہم لوگ مکہ آ گئے ترویہ سے ایک دن پہلے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے لوگوں کو خطبہ دیا (حج کے احکام بیان کئے) جب وہ فارغ ہوئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے۔ انہوں نے سورت توبہ کی تلاوت کی اور اسے مکمل طور پر ختم کیا پھر ہم لوگ ان کے ہمراہ روانہ ہوئے' یہاں تک کہ جب عرفہ کا دن آیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے۔ انہوں نے لوگوں کو خطبہ دیا انہوں نے لوگوں کو مناسک حج کی تعلیم دی۔ وہ فارغ ہوئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے لوگوں کے سامنے سورۃ توبہ کی تلاوت کی یہاں تک کہ اسے مکمل طور پر ختم کیا پھر جب قربانی کا دن آیا اور ہم لوگ واپس آئے تو جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ واپس آئے تو انہوں نے لوگوں کا خطبہ دیا اور انہیں واپس جانے کے بارے میں بتایا اور قربانی کے بارے میں اور دیگر مناسک کے بارے میں بتایا جب وہ فارغ ہوئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے لوگوں کے سامنے سورۃ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



برأت کی تلاوت کی' یہاں تک کہ اسے مکمل ختم کیا۔

جب پہلی روانگی کا دن آیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے لوگوں کو خطبہ دیا۔ انہوں نے لوگوں کو بتایا: وہ کیسے روانہ ہوں گے اور کیسے رمی کریں گے۔ انہوں نے لوگوں کو مناسک حج کی تعلیم دی جب وہ فارغ ہوئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے لوگوں کے سامنے سورۃ توبہ کی تلاوت کی' یہاں تک کہ اسے مکمل تلاوت کیا۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ اَوَّلَ حَادِثَةٍ فِيْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ مِنَ الْحَوَادِثِ قَبْضُ نَبِيِّهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' اس امت میں جو حوادث رونما ہوں گے ان میں سب سے پہلا حادثہ اس کے نبی کا وصال ہے

**6646** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَعُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ رَبِيعَةُ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: سَمِعْتُ وَاثِلَةَ بْنَ الْاَسْقَعِ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: تَزْعُمُوْنَ اَنِّيْ مِنْ آخِرِكُمْ وَفَاةً، اِنِّيْ مِنْ اَوَّلِكُمْ وَفَاةً، وَتَتْبَعُوْنِيْ اَفْنَادًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

❀❀ حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے۔ آپ نے فرمایا: تم لوگ یہ گمان کرتے ہو کہ تم میں سے سب سے آخر میں میری وفات ہوگی حالانکہ تم میں سب سے پہلے میری وفات ہوگی اور تم میرے بعد مختلف گروہوں میں تقسیم ہو کر ایک دوسرے کی گردنیں اڑانے لگو گے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَا وَصَفْنَا مِنْ اَوَّلِ الْحَوَادِثِ هُوَ مِنْ اَمَارَةِ اِرَادَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْخَيْرَ بِهٰذِهِ الْاُمَّةِ

---

6646- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الرحمن بن إبراهيم، وهو الملقب بدحيم، فمن رجال البخاري، وعمر بن عبد الواحد روى له أبو داود والنسائي وابن ماجه، وهو ثقة. وأخرجه الطبراني 22/168 عن إبراهيم بن عبد الرحمن دحيم، عن أبيه، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/106، وأبو يعلى في مسنده ورقة 350/1، والطبراني 22/167و168 من طرق عن الأوزاعي، به. وأخرجه الطبراني 22/166 من طريق عبد الله بن صالح، عن مُعَاوِيَةَ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ، به. وفي الباب عن معاوية بن أبي سفيان عند أبي يعلى ورقة 345/1، والطبراني في الكبير 19/905 و.906 وأورده الهيثمي في المجمع 7/306 وزاد نسبته إلى الطبراني في الأوسط، وقال: ورجالهما ثقات. وعن سلمة بن نفيل السكوني، وسيأتي عند المؤلف برقم ."6777" وقوله: "أفنادا"، أي: جماعات متفرقين، قوما بعد قوم، واحدهم: فند.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس بات کے بیان کا تذکرہ، ہم نے سب سے پہلے حادثے کے بارے میں جو کچھ بیان کیا ہے وہ حادثہ اس بات کی نشانی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس امت کے بارے میں بھلائی کا ارادہ کیا ہے

**6647** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بُرَيْدٌ، عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ اِذَا اَرَادَ رَحْمَةَ اُمَّةٍ مِنْ عِبَادِهِ، قَبَضَ نَبِيَّهَا قَبْلَهَا، فَجَعَلَهُ لَهَا فَرَطًا وَسَلَفًا، وَاِذَا اَرَادَ هَلَكَةَ اُمَّةٍ عَذَّبَهَا، وَنَبِيُّهَا حَيٌّ، فَاَقَرَّ عَيْنَهُ بِهَلَكَتِهَا حِينَ كَذَّبُوْهُ وَعَصَوْا اَمْرَهُ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے کسی اُمت پر رحمت کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ ان لوگوں سے پہلے ان کے نبی کی روح کو قبض کر لیتا ہے اور اس نبی کو ان لوگوں کے لئے پیش رو اور پہلے جانے والا بنا دیتا ہے اور جب وہ کسی اُمت کو ہلاک کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو انہیں عذاب کا شکار کرتا ہے جبکہ ان کا نبی زندہ ہوتا ہے تو وہ اس نبی کی آنکھوں کو ان لوگوں کی ہلاکت کے ذریعے ٹھنڈا کرتا ہے۔ جب وہ لوگ اس نبی کو جھوٹا قرار دیتے ہیں اور اس کے حکم کی نافرمانی کرتے ہیں''۔

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ اَوَّلَ حَادِثَةٍ فِیْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ تَكُوْنُ مِنَ الْبَحْرَيْنِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ، اس امت میں رونما ہونے والا سب سے پہلا حادثہ بحرین میں ہوگا

**6648** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُشِيْرُ نَحْوَ الْمَشْرِقِ وَيَقُوْلُ: هَا، اِنَّ الْفِتْنَةَ هَاهُنَا، اِنَّ الْفِتْنَةَ هَاهُنَا، مِنْ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَشْرِقُ الْمَدِيْنَةِ هُوَ الْبَحْرَيْنِ وَمُسَيْلِمَةُ مِنْهَا، وَخُرُوجُهُ

6647- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم بن سعيد الجهري، فمن رجال منسلم، وهو ثقة. وأخرجه البيهقي في دلائل النبوة 3/76 عن الحاكم أبي عبد الله الحافظ، قال: أخبرنا أبو النضر محمد بن محمد بن يوسف في آخرين، قالوا: حدثنا محمد بن المسيب، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو نعيم في المستخرج كما في النكت الظراف 6/446 - من طريق أبي يعلى وأبي عروبة ومحمد بن علي بن حرب، عن إبراهيم بن سعيد، به. وأخرجه الذهبي في سير أعلام النبلاء 14/426 بإسناده إلى أحمد بن محمد البالويي، حدثنا محمد بن المسيب، به. ثم قال الذهبي: وبالإسناد: قال ابن المسيب: كتب عني هذا الحديث ابن خزيمة، ويقال: إبراهيم الجوهري تفرد به. وأخرجه البزار في مسنده كما في النكت الظراف، والبيهقي في الدلائل 3/76 - 77 من طرق عن إبراهيم بن سعيد، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



كَانَ اَوَّلَ حَادِثٍ حَدَثَ فِي الْإِسْلَامِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ نے مشرق کی طرف اشارہ کرتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا: اس طرف فتنہ ہوگا فتنہ اس طرف ہوگا وہاں سے شیطان کے سینگ طلوع ہوتے ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) مدینہ منورہ کا مشرق بحرین ہے اور مسیلمہ کذاب کا خروج بھی وہیں سے ہوا تھا اور اس کا خروج اسلام میں پیدا ہونے والی سب سے پہلی بدعت تھی۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

**6649** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: وَاَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِينَارٍ، اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُشِيرُ اِلَى الْمَشْرِقِ وَيَقُولُ: اِنَّ الْفِتْنَةَ هُنَا، اِنَّ الْفِتْنَةَ هُنَا، مِنْ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ نے مشرق کی طرف اشارہ کرتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا۔

''بے شک فتنہ اس طرف ہوگا بے شک فتنہ اس طرف ہوگا جہاں سے شیطان کا سینگ طلوع ہوتا ہے۔''

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ مَا كَانَ يَتَوَقَّعُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ وُقُوعِ الْفِتَنِ مِنْ نَاحِيَةِ الْبَحْرَيْنِ

6648- إسناده صحيح على شرطهما . وهو في الموطأ 2/975 في الاستئذان: باب ما جاء في المشرق . ومن طريق مالك أخرجه البخاري "3279" في بدء الخلق: باب صفة إبليس وجنوده، والبغوي ."4005" وأخرجه أحمد 2/23 و50 و111، والبخاري "5296" في الطلاق: باب الإشارة في الطلاق والأمور، من طريق سفيان الثوري، وأحمد 2/73 من طريق عبد العزيز بن مسلم، كلاهما عن عبد الله بن دينار، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "21016"، وأحمد 2/23 و26 و40 و72 و121 و143، والبخاري "3511" في المناقب: باب رقم "5"، و"7092" في الفتن: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "الفتنة من قبل المشرق"، ومسلم "2905" "47" و"48" و"49" في الفتن: باب في الفتنة من المشرق من حيث يطلع قرنا الشيطان، والترمذي "2268" في الفتن: باب رقم "79"، وأبو يعلى "5449" من طرق عن سالم بن عبد الله، عن أبيه . وأخرجه أحمد 2/92، والبخاري "3104" في فرض الخمس: باب ما جاء في بيوت أزواج النبي صلى الله عليه وسلم، و "7093" في الفتن، ومسلم "2905" "45" من طريق الليث، وأحمد 2/18، ومسلم "2905" "46" من طريق عبيد اله بن عمر، كلاهما عن نافع، عن ابن عمر.

6649- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن أيوب المقابري فمن رجال مسلم، وهو مكرر ما قبله.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کو یہ توقع تھی کہ فتنے بحرین کی طرف سے رونما ہوں گے

**6650** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ، قَالَ: اَخْبَرَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَقِيلِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ:

(متن حدیث): اِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ كَذَّابِينَ مِنْهُمْ صَاحِبُ الْيَمَامَةِ، وَمِنْهُمْ صَاحِبُ صَنْعَاءَ الْعَنْسِيُّ، وَمِنْهُمْ صَاحِبُ حِمْيَرَ، وَمِنْهُمُ الدَّجَّالُ وَهُوَ اَعْظَمُهُمْ فِتْنَةً.

قَالَ: وَقَالَ اَصْحَابِي: قَالَ: هُمْ قَرِيبٌ مِّنْ ثَلَاثِينَ كَذَّابًا *

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"بے شک قیامت سے پہلے کچھ کذاب ہوں گے جن میں ایک یمامہ سے تعلق رکھنے والا ایک شخص ہے اور ایک صنعاء سے تعلق رکھنے والا شخص عنسی ہے۔ ان میں سے ایک حمیر سے تعلق رکھتا ہوگا اور ان میں سے ایک دجال ہوگا جو فتنے کے اعتبار سے ان سب سے بڑا ہوگا"۔

راوی بیان کرتے ہیں: میرے ساتھیوں نے یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی۔ ان کذابوں کی تعداد **30** کی قریب ہوگی۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ اللَّفْظَةَ: ثَلَاثِينَ كَذَّابًا اِنَّمَا هِيَ مِنْ كَلَامِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ یہ الفاظ "تیس کذاب" یہ نبی اکرم ﷺ کے کلام کا حصہ ہیں

**6651** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ ثَلَاثُونَ دَجَّالُونَ، كُلُّهُمْ يَزْعُمُ اَنَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ حَتّٰى يَفِيضَ

6650– إسناده قوی، وأخرجه أحمد 3/345 عن موسى، عن ابن لهيعة، عن أبي الزُّبير، عن جابر . وأخرجه البزار "3375" عن يوسف بن موسى، عن عبد الرحمن بن مغراء ، عن مجالد، عن الشعبي، عن جابر . وليس فيه قوله: "ومنهم صاحب حمير ... ." وأورده الهيثمي في المجمع 7/332 وقال رواه أحمد والبزار، وفي إسناد البزار عبد الرحمن بن مغراء ، وثقه جماعة وفيه ضعف، وبقية رجاله رجال الصحيح، وفي إسناد أحمد ابن لهيعة وهو لين . وأخرجه ابن أبي شيبة 15/161 عن يزيد بن هارون، أخبرنا مبارك، عن الحسن مرسلا.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



الْمَالُ، وَتَظْهَرَ الْفِتَنُ، وَيَكْثُرَ الْهَرْجُ، قَالُوا: وَمَا الْهَرْجُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْقَتْلُ الْقَتْلُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی' جب تک **30** دجالوں کا خروج نہیں ہوگا جن میں سے ہر ایک یہ کہتا ہوگا کہ وہ اللہ کا رسول ہے یہاں تک کہ مال عام ہو جائے گا۔ فتنے ظاہر ہوں گے' اور حرج بکثرت ہوگا۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! حرج سے مراد کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قتل' قتل۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ مُسَيْلِمَةَ الْكَذَّابَ كَانَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ يَخُوضُونَ فِيهِ فِي حَيَاتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' مسیلمہ کذاب کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں ہی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب غور وفکر کیا کرتے تھے

**6652** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ

---

جَلَسَتْ تَفْلِي رَأْسَهُ، فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ، قَالَتْ: فَقُلْتُ مَا يُضْحِكُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَاسٌ مِّنْ أُمَّتِي، عُرِضُوا عَلَيَّ غُزَاةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، يَرْكَبُوْنَ ثَبَجَ هٰذَا الْبَحْرِ، مُلُوكًا عَلَى الْأَسِرَّةِ أَوْ مِثْلَ الْمُلُوكِ عَلَى الْأَسِرَّةِ - يَشُكُّ أَيُّهُمَا - ، قَالَتْ: فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَّجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، فَدَعَا لَهَا، ثُمَّ وَضَعَ رَأْسَهُ فَنَامَ، ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ، قَالَتْ: فَقُلْتُ مَا يُضْحِكُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَاسٌ مِّنْ أُمَّتِي، عُرِضُوا عَلَيَّ غُزَاةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَمَا، قَالَ فِي الْأَوَّلِ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَّجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، قَالَ: أَنْتِ مِنَ الْأَوَّلِينَ ، فَرَكِبَتْ أُمُّ حَرَامٍ الْبَحْرَ فِي زَمَانِ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، فَصُرِعَتْ عَنْ دَابَّتِهَا حِينَ خَرَجَتْ مِنَ الْبَحْرِ، فَهَلَكَتْ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سیّدہ اُمّ حرام بنت ملحان رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لے جایا کرتے تھے۔ وہ آپ کی خدمت میں کھانا پیش کرتی تھیں۔ سیّدہ امّ حرام رضی اللہ عنہا حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھیں۔ نبی اکرم رضی اللہ عنہ ایک دن ان کے ہاں تشریف لے گئے۔ انھوں نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں کھانا پیش کیا پھر نبی اکرم ﷺ کے سر سے جوئیں نکالنے لگی۔ اسی دوران نبی اکرم ﷺ سو گئے۔ جب آپ بیدار ہوئے تو آپ ہنس رہے تھے۔ سیّدہ اُمّ حرام رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے دریافت کیا: یارسول اللہ ﷺ! آپ کس بات پر ہنس رہے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری امت سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگوں کو میرے سامنے پیش کیا گیا جو اللہ کی راہ میں جنگ میں حصہ لینے کے لئے جائیں گے، اور وہ اس سمندر کی پشت پر یوں سوار ہوں گے جس طرح بادشاہ تخت پر بیٹھتے ہیں۔ (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) سیّدہ اُمّ حرام رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے۔ وہ مجھے بھی ان میں شامل کر لے۔ نبی اکرم ﷺ نے ان کے لئے دعا کر دی پھر آپ نے اپنا سر رکھا اور سو گئے پھر جب آپ بیدار ہوئے تو آپ ہنس رہے تھے۔ سیّدہ اُمّ حرام رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ میں نے دریافت کیا: یارسول اللہ ﷺ! آپ کس بات پر ہنس رہے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری اُمت سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ میرے سامنے پیش کئے گئے جو اللہ کی راہ میں جہاد میں حصہ لینے کے لئے جائیں گے۔ اس کے بعد نبی اکرم ﷺ نے وہی کلمات ارشاد فرمائے جو پہلے ارشاد فرمائے تھے۔ سیّدہ اُمّ حرام رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے وہ مجھے بھی ان میں شامل کر لے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم پہلے والوں میں شامل ہو۔

(حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں سیّدہ امّ حرام رضی اللہ عنہا سمندری سفر پر روانہ ہوئیں (جب وہ واپس تشریف لائیں) تو وہ جب سمندر سے باہر آئیں اور اپنی سواری پر سوار ہوئیں تو اس سے نیچے گر گئیں اور ان کا انتقال ہو گیا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ إِخْرَاجِ النَّاسِ أَبَا ذَرٍّ الْغِفَارِيَّ مِنَ الْمَدِينَةِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ‘ لوگ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ سے نکال دیں گے

**6668** - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ أَبِي حَرْبِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ الدِّيلِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): أَتَانِي نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَنَا نَائِمٌ فِي مَسْجِدِ الْمَدِينَةِ، فَضَرَبَنِي بِرِجْلِهِ، وَقَالَ: أَلَا أَرَاكَ نَائِمًا فِيهِ؟ قُلْتُ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، غَلَبَتْنِي عَيْنِي، قَالَ: فَكَيْفَ تَصْنَعُ إِذَا أُخْرِجْتَ مِنْهُ؟ قُلْتُ: مَا أَصْنَعُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَضْرِبُ بِسَيْفِي؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى مَا هُوَ خَيْرٌ لَكَ مِنْ ذٰلِكَ، وَأَقْرَبُ رُشْدًا؟ تَسْمَعُ وَتُطِيعُ، وَتَنْسَاقُ لَهُمْ حَيْثُ سَاقُوكَ

✿✿ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے۔ میں اس وقت مسجد نبوی میں سویا ہوا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پاؤں کے ذریعے مجھے مارا اور ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں یہاں سویا ہوا دیکھ رہا ہوں۔ میں نے عرض کی: جی ہاں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری آنکھ لگ گئی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اس وقت تمہارا کیا عالم ہوگا جب تمہیں اس میں سے نکال دیا جائے گا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس وقت مجھے کیا کرنا چاہئے۔ کیا میں اپنی تلوار کے ذریعے لڑائی کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہاری رہنمائی اس چیز کی طرف نہ کروں جو تمہارے لئے اس سے زیادہ بہتر ہو اور ہدایت کے زیادہ قریب ہو تم اطاعت اور فرمانبرداری سے کام لو اور وہ تمہیں جہاں جانے کے لئے کہیں تم وہاں چلے جاؤ۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ‘ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

**6669** - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ:

---

6668– إسناده ضعيف، عم أبي حرب بن أبي الأسود لا يعرف، ولم يرو عنه غيره، وباقي رجال السند ثقات رجال الصحيح .وأخرجه أحمد 5/156 عن علي بن عبد الله، عن معتمر بن سليمان، بهذا السند .وأخرجه مختصرا إلى قوله "غلبتني عيني": الدارمي 1/325 عن سعيد بن المغيرة، عن معتمر، به .وأخرجه بأطول مما هنا أحمد 5/144 و6/457 من طريقين عن شهر بن حوشب، عن عبد الرحمن بن غنم وأسماء بنت يزيد، عن أبي ذر ... وشهر ضعيف. ذكر خبر ثان يصرح بصحة ماذكرناه حديث أبي ذر

6669– إسناده ضعيف لانقطاعه، فإن ضريب بن نقير لم يدرك أبا ذر ولا سمع منه. إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه . وأخرجه أحمد 5/178 - 179، وأحمد بن منيع في مسنده كما في "مصباح الزجاجة" ورقة 268/1 - عن يزيد بن هارون، عن كهمس بن الحسن، بهذا الإسناد .وأورده الهيثمي بطوله في "المجمع" 5/223 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح، إلا أن أبا سليل ضريب بن نقير لم يدرك أبا ذر.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



اَخْبَرَنَا النَّضرُ بْنُ شُمَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَيْسِيُّ، عَنْ اَبِي السَّلِيلِ ضُرَيْبِ بْنِ نُقَيْرٍ الْقَيْسِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ اَبُوْ ذَرٍّ: جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتْلُو هٰذِهِ الْاٰيَةَ: (وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَهٗ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ) (الطلاق: 3)، قَالَ: فَجَعَلَ يُرَدِّدُهَا عَلَيَّ حَتّٰى نَعَسْتُ، فَقَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، لَوْ اَنَّ النَّاسَ كُلَّهُمْ اَخَذُوا بِهَا لَكَفَتْهُمْ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، كَيْفَ تَصْنَعُ اِذَا اُخْرِجْتَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ؟ قُلْتُ: اِلَى السَّعَةِ وَالدَّعَةِ اَكُوْنُ حَمَامًا مِنْ حَمَامِ مَكَّةَ، قَالَ: كَيْفَ تَصْنَعُ اِذَا اُخْرِجْتَ مِنْ مَكَّةَ؟ قُلْتُ: اِلَى السَّعَةِ وَالدَّعَةِ، اِلٰى اَرْضِ الشَّامِ، وَالْاَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ، قَالَ: فَكَيْفَ تَصْنَعُ اِذَا اُخْرِجْتَ مِنْهَا؟ قُلْتُ: اِذًا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ آخُذُ سَيْفِي فَاَضَعُهُ عَلٰى عَاتِقِي، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَ خَيْرٌ مِّنْ ذٰلِكَ تَسْمَعُ وَتُطِيعُ، لِعَبْدٍ حَبَشِيٍّ مُجَدَّعٍ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت کرنا شروع کی۔

"جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے راستہ بنا دیتا ہے اور اسے وہاں سے رزق عطا کرتا ہے جہاں اسے گمان بھی نہیں ہوتا۔"

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس آیت کو دہراتے رہے یہاں تک کہ مجھے اونگھ آ گئی۔ آپ نے فرمایا: اے ابوذر! اگر تمام لوگ اسی کو اختیار کر لیں تو یہی ان کے لئے کافی ہے پھر آپ نے فرمایا: اے ابوذر تم اس وقت کیا کرو گے جب تمہیں مدینہ منورہ سے نکال دیا جائے گا۔ میں نے عرض کی: میں اپنی گنجائش کے مطابق یہ کوشش کروں گا کہ میں مکہ کا کبوتر بن جاؤں (یعنی مکہ منتقل ہو جاؤں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم اس وقت کیا کرو گے جب تمہیں مکہ سے بھی نکال دیا جائے گا۔ میں نے عرض کی: میں اپنی گنجائش اور حیثیت کے مطابق کوشش کروں گا کہ میں شام کی سرزمین کی طرف چلا جاؤں اور ارضِ مقدس کی طرف چلا جاؤں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم اس وقت کیا کرو گے جب تمہیں وہاں سے بھی نکال دیا جائے گا۔ میں نے عرض کی: اس صورت میں اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے میں اپنی تلوار پکڑوں گا اور اسے اپنی گردن میں لٹکا لوں گا (اور ان لوگوں سے لڑنا شروع کر دوں گا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا اس سے زیادہ صحیح یہ نہیں ہے کہ تم ناک کان کٹے ہوئے اس حبشی غلام کی اطاعت و فرمانبرداری کرو (جو حاکم وقت ہو گا)

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ مَوْتِ اَبِي ذَرٍّ الْغِفَارِيِّ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

## حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے انتقال کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

**6670** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْاَشْتَرِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اُمِّ ذَرٍّ، قَالَتْ:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


(متنِ حدیث): لَمَّا حَضَرَتْ اَبَا ذَرٍّ الْوَفَاةُ بَكَيْتُ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكِ؟ فَقُلْتُ: مَا لِي لَا اَبْكِي وَاَنْتَ تَمُوْتُ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ، وَلَيْسَ عِنْدِي ثَوْبٌ يَسَعُكَ كَفَنًا، قَالَ: فَلَا تَبْكِي وَاَبْشِرِي، فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِنَفَرٍ اَنَا فِيهِمْ: لَيَمُوْتَنَّ رَجُلٌ مِّنْكُمْ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ، يَشْهَدُهُ عِصَابَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَلَيْسَ مِنْ اُولٰئِكَ النَّفَرِ اَحَدٌ اِلَّا وَقَدْ هَلَكَ فِي قَرْيَةٍ جَمَاعَةٍ، وَاَنَا الَّذِي اَمُوْتُ بِفَلَاةٍ، وَاللّٰهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ، فَابْصِرِي الطَّرِيقَ، قَالَتْ: وَاَنّٰى وَقَدْ ذَهَبَ الْحَاجُّ وَانْقَطَعَتِ الطُّرُقُ، قَالَ: اذْهَبِي فَتَبَصَّرِي، قَالَتْ: فَكُنْتُ اَجِيءُ اِلَى كَثِيبٍ، فَاَتَبَصَّرُ، ثُمَّ اَرْجِعُ اِلَيْهِ فَاُمَرِّضُهُ، فَبَيْنَمَا اَنَا كَذٰلِكَ اِذَا اَنَا بِرِجَالٍ عَلٰى رِحَالِهِمْ، كَاَنَّهُمُ الرَّخَمُ، فَاَقْبَلُوا حَتّٰى وَقَفُوا عَلَيَّ وَقَالُوا: مَا لَكِ اَمَةَ اللّٰهِ؟ قُلْتُ لَهُمْ: امْرُؤٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ يَمُوْتُ، تُكَفِّنُوْنَهُ؟ قَالُوا: مَنْ هُوَ؟ فَقُلْتُ: اَبُوْ ذَرٍّ، قَالُوا: صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَتْ: فَفَدَّوْهُ بِآبَائِهِمْ وَاُمَّهَاتِهِمْ، وَاَسْرَعُوْا اِلَيْهِ، فَدَخَلُوا عَلَيْهِ، فَرَحَّبَ بِهِمْ، وَقَالَ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِنَفَرٍ اَنَا فِيهِمْ: لَيَمُوْتَنَّ مِنْكُمْ رَجُلٌ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ، يَشْهَدُهُ عِصَابَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلَيْسَ مِنْ اُولٰئِكَ النَّفَرِ اَحَدٌ اِلَّا هَلَكَ فِي قَرْيَةٍ وَّجَمَاعَةٍ، وَاَنَا الَّذِي اَمُوْتُ بِفَلَاةٍ اَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ اِنَّهُ لَوْ كَانَ عِنْدِي ثَوْبٌ يَسَعُنِي كَفَنًا لِي اَوْ لِامْرَاَتِي، لَمْ اُكَفَّنْ اِلَّا فِي ثَوْبٍ لِي اَوْ لَهَا، اَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ اِنِّي اُشْهِدُكُمْ اَنْ يُكَفِّنَنِي رَجُلٌ مِّنْكُمْ كَانَ اَمِيرًا اَوْ عَرِيفًا اَوْ بَرِيدًا اَوْ نَقِيبًا، فَلَيْسَ اَحَدٌ مِّنَ الْقَوْمِ اِلَّا قَارَفَ بَعْضَ ذٰلِكَ اِلَّا فَتًى مِنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ: يَا عَمِّ، اَنَا اُكَفِّنُكَ لَمْ اُصِبْ مِمَّا ذَكَرْتَ شَيْئًا، اُكَفِّنُكَ فِي رِدَائِي هٰذَا، وَفِي ثَوْبَيْنِ فِي عَيْبَتِي مِنْ غَزْلِ اُمِّي حَاكَتْهُمَا لِي، فَكَفَّنَهُ الْاَنْصَارِيُّ فِي النَّفَرِ الَّذِيْنَ شَهِدُوْهُ مِنْهُمْ حُجْرُ بْنُ الْاَدْبَرِ، وَمَالِكُ بْنُ الْاَشْتَرِ فِي نَفَرٍ كُلُّهُمْ يَمَانٍ

❀❀ سیّدہ اُمّ ذر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو میں رونے لگی۔ انہوں نے دریافت کیا: تم کیوں رو رہی ہو۔ میں نے کہا: میں کیوں نہ روؤں؟ جبکہ آپ ایک ویرانے میں فوت ہونے لگے ہیں۔ میرے پاس اتنا کپڑا نہیں ہے جو آپ کے کفن کے لئے کافی ہو تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نہ روؤ تمہارے لئے خوشخبری ہے کہ

6670- حديث قوى، إبراهيم بن الأشتر: هو إبراهيم بن مالك بن الحارث، روى عن أبيه وعمر، وروى عنه جمع، وذكره المؤلف في "ثقاته" 4/12، وكان من أعيان الأمراء بالكوفة، وأبوه مالك بن الحارث المعروف بالأشتر روى عنه جمع، وذكره ابن سعد في الطبقة الأولى من تابعي أهل الكوفة، وقال: كان من أصحاب علي، وشهد معه الجمل وصفين ومشاهده كلها، وولاه على مصر، وقال العجلي: كوفي تابعي ثقة، وذكره المؤلف في "الثقات"، وهو من المخضرمين وروى له النسائي، وأم ذر ذكرها المؤلف في ثقات التابعين 5/593، ويقال: لها صحبة، وترجمها الحافظ في "الإصابة" 4/430، وباقي رجاله من رجال الشيخين غير عبد الله بن عثمان فمن رجال مسلم. يحيى بن سليم: هو الطائفي، ومجاهد: هو ابن جبر. وأخرجه أبو نعيم في "الحلية" 1/169 - 170 عن أحمد بن محمد بن سنان، عن محمد بن إسحاق الثقفي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/155 عن إسحاق بن عيسى، وابن سعد في "الطبقات" 4/233 - 234 عن إسحاق بن إسرائيل، والبزار "2716" عن يوسف بن موسى، ثلاثتهم عن يحيى بن سليم، به. ورواية أحمد مختصرة.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



میں نے نبی اکرم ﷺ کو کچھ لوگوں کو یہ فرماتے ہوئے سنا: جن میں، میں موجود تھا (نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:) تم لوگوں میں سے کسی ایک شخص کا انتقال ویرانے میں ہوگا لیکن اس کی نماز جنازہ میں اہل ایمان کا ایک گروہ شریک ہوگا۔

(حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) ان لوگوں میں سے ہر ایک شخص کا انتقال آبادی میں ہوا۔ صرف میں ویرانے میں مرنے لگا ہوں۔ اللہ کی قسم! نہ تو میں نے غلط بیانی کی ہے اور نہ ہی میرے ساتھ غلط بیانی کی گئی ہے تم راستے کا جائزہ لیتی رہو۔ سیّدہ امّ ذر نے عرض کی: اب تو حاجی رخصت ہو چکے ہیں اور راستے منقطع ہو چکے ہیں حضرت ابوذر غفاری نے فرمایا: تم جاؤ اور جا کے جائزہ لو سیّدہ اُمّ ذر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں ٹیلے کی طرف آئی میں نے جائزہ لیا پھر میں ان کے پاس واپس آئی اور ان کی تیمارداری کرنے لگی۔ ابھی میں ان کی تیمارداری کر رہی تھی کہ اسی دوران کچھ لوگ اپنی سواریوں پر سوار ہو کر وہاں آ گئے۔ یوں لگتا تھا جیسے وہ پرندے ہوں۔ وہ لوگ آئے اور میرے پاس آ کر ٹھہر گئے۔ انہوں نے دریافت کیا: اے اللہ کی کنیز تمہارا کیا معاملہ ہے میں نے ان سے کہا ایک مسلمان شخص فوت ہونے لگا ہے کیا تم لوگ اسے کفن دو گے۔ ان لوگوں نے دریافت کیا: وہ کون ہے؟ میں نے جواب دیا: حضرت ابوذر، انہوں نے دریافت کیا: وہ جو نبی اکرم ﷺ کے صحابی ہیں۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں۔ سیّدہ اُمّ ذر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں تو ان لوگوں نے یہ کہا ہمارے ماں باپ ان پر قربان ہوں پھر وہ تیزی سے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور ان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے انہیں خوش آمدید کہا۔ یہ بات بتائی میں نے نبی اکرم ﷺ کو کچھ لوگوں کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ان لوگوں میں، میں بھی موجود تھا۔

''تم میں سے کسی ایک شخص کا انتقال ویرانے میں ہوگا لیکن اس کے جنازے میں اہل ایمان کا ایک گروہ شریک ہوگا۔''

(حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے بتایا) ان تمام لوگوں میں سے ہر شخص کا انتقال کسی بستی میں یا لوگوں کے اجتماع میں ہوا۔ صرف میں ویرانے میں مرنے لگا ہوں تم لوگ یہ بات سن لو کہ اگر میرے پاس اتنا کپڑا ہوا جو میرے کفن کے لئے کافی ہوا یا میری بیوی کے پاس اتنا کپڑا ہوا تو مجھے صرف میرے یا میری بیوی کے کپڑے میں کفن دیا جائے تم لوگ یہ بات سن لو کہ میں تم لوگوں کو گواہ بنا کے یہ بات کہہ رہا ہوں کہ تم میں سے وہ شخص مجھے کفن دے جو امیر ہو یا عریف ہو یا برید ہو یا نقیب ہو (یعنی کسی نہ کسی عہدے یا مرتبے پر فائز ہو)

(راوی بیان کرتے ہیں) وہاں موجود لوگوں میں سے کوئی بھی شخص ایسا نہیں تھا جو کسی نہ کسی عہدے پر نہ رہا ہو۔ صرف ایک انصاری نوجوان تھا۔ اس نے کہا: اے چچا جان میں آپ کو وہ کفن دوں گا اور وہ چیز شامل نہیں کروں گا جس کا آپ نے ذکر کیا ہے۔ میں آپ کو اپنی اس چادر میں کفن دوں گا اور ان دو کپڑوں میں دوں گا' جو میں نے نیچے پہنے ہوئے ہیں جنہیں میری امی نے میرے لئے اپنے ہاتھوں سے کات کر دیا تھا تو اس انصاری نے ان لوگوں کی موجودگی میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو کفنایا جو لوگ وہاں موجود تھے ان میں حضرت حجر بن ادبر اور مالک بن اشتر بن شامل تھے۔ یہ تمام لوگ یمن سے تعلق رکھتے تھے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



# ذِكْرُ اِخْبَارِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مَوْتِ اَبِىْ ذَرٍّ

## نبی اکرم ﷺ کا حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے انتقال کے بارے میں اطلاع دینے کا تذکرہ

**6671** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْاَشْتَرِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اُمِّ ذَرٍّ، قَالَتْ:

(متنِ حدیث): لَمَّا حَضَرَتْ اَبَا ذَرٍّ الْوَفَاةُ بَكَيْتُ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكِ؟ فَقُلْتُ: وَمَا لِيَ لَا اَبْكِي وَاَنْتَ تَمُوْتُ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ، وَلَيْسَ عِنْدِيْ ثَوْبٌ يَسَعُكَ كَفَنًا، وَلَا يَدَانِ لِي فِي تَغْيِيبِكَ، قَالَ: اَبْشِرِي وَلَا تَبْكِي، فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَا يَمُوْتُ بَيْنَ امْرَاَيْنِ مُسْلِمَيْنِ وَلَدَانِ اَوْ ثَلَاثٌ، فَيَصْبِرَانِ وَيَحْتَسِبَانِ فَيَرَيَانِ النَّارَ اَبَدًا، وَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِنَفَرٍ اَنَا فِيهِمْ: لَيَمُوْتَنَّ رَجُلٌ مِّنْكُمْ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ يَشْهَدُهُ عِصَابَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَلَيْسَ مِنْ اُولٰئِكَ النَّفَرِ اَحَدٌ اِلَّا وَقَدْ مَاتَ فِيْ قَرْيَةٍ وَّجَمَاعَةٍ، فَاَنَا ذٰلِكَ الرَّجُلُ، وَاللّٰهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ، فَاَبْصِرِي الطَّرِيقَ، فَقُلْتُ: اَنّٰى وَقَدْ ذَهَبَتِ الْحَاجُّ وَتَقَطَّعَتِ الطُّرُقُ، فَقَالَ: اذْهَبِيْ فَتَبَصَّرِي، قَالَتْ: فَكُنْتُ اَشْتَدُّ اِلَى الْكَثِيبِ اَتَبَصَّرُ، ثُمَّ اَرْجِعُ فَاُمَرِّضُهُ، فَبَيْنَمَا هُوَ وَاَنَا كَذٰلِكَ اِذَا اَنَا بِرِجَالٍ عَلٰى رِحَالِهِمْ كَاَنَّهُمُ الرَّخَمُ تَخُبُّ بِهِمْ رَوَاحِلُهُمْ، قَالَتْ: فَاَسْرَعُوْا اِلَيَّ حِينَ وَقَفُوا عَلَيَّ، فَقَالُوا: يَا اَمَةَ اللّٰهِ، مَا لَكِ؟ قُلْتُ: امْرُؤٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ يَمُوْتُ فَتُكَفِّنُوْنَهُ؟ قَالُوا: وَمَنْ هُوَ؟ قَالَتْ: اَبُوْ ذَرٍّ، قَالُوا: صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، فَفَدَّوْهُ بِآبَائِهِمْ وَاُمَّهَاتِهِمْ، وَاَسْرَعُوْا اِلَيْهِ حَتّٰى دَخَلُوا عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُمْ: اَبْشِرُوا، فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِنَفَرٍ اَنَا فِيهِمْ: لَيَمُوْتَنَّ رَجُلٌ مِّنْكُمْ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ، يَشْهَدُهُ عِصَابَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَلَيْسَ مِنْ اُولٰئِكَ النَّفَرِ رَجُلٌ اِلَّا وَقَدْ هَلَكَ فِيْ جَمَاعَةٍ، فَوَاللّٰهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ اِنَّهُ لَوْ كَانَ عِنْدِيْ ثَوْبٌ يَسَعُنِيْ كَفَنًا لِي اَوْ لِامْرَاَتِي، لَمْ اُكَفَّنْ اِلَّا فِيْ ثَوْبٍ هُوَ لِي اَوْ لَهَا، اِنِّي اُنْشِدُكُمُ اللّٰهَ اَنْ لَا يُكَفِّنَنِيْ رَجُلٌ مِّنْكُمْ كَانَ اَمِيرًا اَوْ عَرِيفًا اَوْ بَرِيْدًا اَوْ نَقِيبًا، فَلَيْسَ مِنْ اُولٰئِكَ النَّفَرِ اَحَدٌ اِلَّا وَقَدْ قَارَفَ بَعْضَ مَا، قَالَ اِلَّا فَتًى مِنَ الْاَنْصَارِ، قَالَ: اَنَا اُكَفِّنُكَ يَا عَمِّ، اُكَفِّنُكَ فِيْ رِدَائِي هٰذَا، وَفِيْ ثَوْبَيْنِ فِيْ عَيْبَتِي مِنْ غَزْلِ اُمِّي، قَالَ: اَنْتَ فَكَفِّنِّي، فَكَفَّنَهُ الْاَنْصَارِيُّ فِي النَّفَرِ الَّذِيْنَ حَضَرُوا، وَقَامُوا عَلَيْهِ وَدَفَنُوهُ فِيْ نَفَرٍ كُلُّهُمْ يَمَانٍ

سیّدہ اُمّ ذر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو میں رونے لگی انہوں نے دریافت کیا: تم کیوں رو رہی ہو۔ میں نے کہا: میں کیوں نہ روؤں جبکہ آپ ایک ویرانے میں مرنے لگے ہیں۔ میرے پاس اتنا

6671- هو مكرر ما قبله. أخرجه الحاكم 3/344 - 346، وعنه البيهقي في "دلائل النبوة" 6/401 - 402 من طريق إسماعيل بن إسحاق القاضي، عن علي بن عبد الله المديني، بهذا الإسناد. وأورده ابن عبد البر في "الاستيعاب" 1/215 - 217 من طريق ...

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


کپڑا بھی نہیں ہے جو آپ کے کفن کے لئے کافی ہو اور آپ کی عدم موجودگی میں میرے لئے رہنا ممکن نہیں ہے تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارے لئے خوشخبری ہے تم نہ روؤ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"جن بھی دو مسلمان (میاں بیوی) کے دو یا تین بچے فوت ہو جائیں اور وہ دونوں صبر سے کام لیں اور ثواب کی امید رکھیں تو وہ کبھی بھی آگ کو نہیں دیکھیں گے" (یعنی جہنم میں نہیں جائیں گے)

(حضرت ابوذر غفاری نے یہ بھی بتایا) میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تین آدمیوں سے یہ فرماتے ہوئے سنا: جن میں میں بھی موجود تھا۔

"تم میں سے کسی ایک شخص کا انتقال ضرور ویرانے میں ہوگا لیکن اس کی نماز جنازہ میں اہل ایمان کا ایک گروہ شریک ہو گا۔"

(حضرت ابوذر غفاری نے فرمایا:) ان لوگوں میں سے ہر شخص کا انتقال کسی بستی یا لوگوں کے درمیان ہوا میں ان میں سے ایک شخص باقی رہ گیا ہوں۔ اللہ کی قسم! نہ تو میں نے غلط بیانی کی ہے اور نہ ہی میرے ساتھ غلط بیانی کی گئی ہے تم راستے کا جائزہ لیتی رہو (سیّدہ اُمّ ذر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں) میں نے کہا: اب تو حاجی رخصت ہو چکے ہیں۔ راستے منقطع ہو چکے ہیں تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم جاؤ اور جا کے جائزہ لو سیّدہ اُمّ ذر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں تیزی سے چلتی ہوئی ٹیلے کی طرف گئی اور اس بات کا جائزہ لیا اور واپس آ کر ان کی تیمارداری کرنے لگی۔ ابھی میں اور وہ اسی حالت میں تھے اسی دوران کچھ لوگ اپنی سواریوں پر سوار ہو کر آئے۔ یوں جیسے وہ پرندے ہوں۔ ان کی سواریاں انہیں لے کر آئی تھیں۔ سیّدہ اُمّ ذر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب وہ لوگ میرے پاس ٹھہرے تو تیزی سے میری طرف آئے انہوں نے کہا: اے اللہ کی کنیز تمہارا کیا معاملہ ہے۔ میں نے کہا: ایک مسلمان شخص کا انتقال ہونے لگا ہے۔ کیا آپ لوگ اسے کفن دیں گے۔ انہوں نے جواب دیا: وہ کون شخص ہے اس خاتون نے جواب دیا: حضرت ابوذر ان لوگوں نے کہا: وہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں تو انہوں نے کہا: میرے ماں باپ ان پر قربان ہوں پھر وہ تیزی سے چلتے ہوئے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے پاس آ گئے اور ان کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا تم لوگوں کے لئے خوشخبری ہے۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کچھ لوگوں سے یہ فرماتے ہوئے سنا: جن میں میں بھی موجود تھا "تم میں سے ایک شخص ویرانے میں انتقال کرے گا اور اس کے جنازے میں اہل ایمان کا ایک گروہ شریک ہوگا۔"

پھر حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: (میرے علاوہ) ان میں سے ہر ایک شخص کا انتقال لوگوں کے درمیان ہوا (اب صرف میں باقی رہ گیا ہوں) اللہ کی قسم! میں نے نہ تو غلط بیانی کی ہے اور نہ ہی میرے ساتھ غلط بیانی کی گئی۔ اگر میرے پاس اتنا کپڑا ہوا جو میرے کفن کے لئے کافی ہو یا میری بیوی کے پاس اتنا کپڑا ہوا تو صرف میرے یا میری بیوی کے کپڑے میں مجھے کفن دیا جائے میں تمہیں اللہ کا واسطہ دے کر یہ کہتا ہوں تم میں سے وہ شخص مجھے کفن نہ دے جو امیر ہو یا عریف ہو یا برید ہو یا نقیب ہو (یعنی سرکاری اہل کار ہو) تو وہاں موجود لوگوں میں سے کوئی شخص ایسا نہیں تھا جو ان میں سے کسی عہدے پر فائز نہ ہو البتہ ایک انصاری نوجوان تھا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


اس نے کہا: اے چچا جان! میں آپ کو کفن دوں گا۔ میں آپ کو اپنی اس چادر میں کفن دوں گا اور اپنے ان دو کپڑوں میں دوں گا' جو میری والدہ نے میرے لئے تیار کئے تھے تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم مجھے کفن دینا تو اس انصاری نے وہاں موجود حاضرین کی موجودگی میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو کفن دیا اور ان کے (غسل وغیرہ) کے معاملات کی دیکھ بھال کی اور انہی لوگوں نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو دفن کیا۔ ان سب کا تعلق یمن سے تھا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَوَّلَ فَتْحٍ يَّكُوْنُ لِلْمُسْلِمِيْنَ بَعْدَهُ فَتْحُ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' مسلمانوں کو نبی اکرم ﷺ کے بعد سب سے پہلی فتح یہ نصیب ہوگی کہ وہ جزیرہ عرب کو فتح کرلیں گے

**6672** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ نَافِعَ بْنَ عُتْبَةَ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، قُلْتُ: حَدِّثْنِيْ هَلْ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ الدَّجَّالَ؟ قَالَ: فَقَالَ: اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ نَاسٌ مِّنْ اَهْلِ الْمَغْرِبِ اَتَوْهُ لِيُسْلِمُوا عَلَيْهِ، وَعَلَيْهِمُ الصُّوْفُ، فَلَمَّا دَنَوْتُ مِنْهُ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: تَغْزُوْنَ جَزِيْرَةَ الْعَرَبِ، فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ عَلَيْكُمْ، ثُمَّ تَغْزُوْنَ فَارِسَ، فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ عَلَيْكُمْ، ثُمَّ تَغْزُوْنَ الرُّوْمَ، فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ عَلَيْكُمْ، ثُمَّ تَغْزُوْنَ الدَّجَّالَ، فَيَفْتَحُهُ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت نافع بن عتبہ بن ابی وقاص سے دریافت کیا۔ میں نے کہا: آپ مجھے یہ بات بتائیں کہ آپ نے نبی اکرم ﷺ کو دجال کا ذکر کرتے ہوئے سنا ہے تو انہوں نے بتایا میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس وقت اہل مغرب میں سے کچھ لوگ آپ کی خدمت میں حاضر تھے۔ وہ اسلام قبول کرنے کے لئے آپ کے پاس آئے تھے۔ انہوں نے اونی لباس پہنا ہوا تھا جب میں نبی اکرم ﷺ کے قریب ہوا تو میں نے آپ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

''تم لوگ جزیرہ عرب کے ساتھ لڑائی کرو گے' تو اللہ تعالیٰ اسے تمہارے لئے فتح کردے گا تم اہل فارس کے ساتھ

---

6672- إسناده صحيح، النفيلي: هو سعيد بن حفص بن عمرو، وهو ثقة روى له النسائي، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين، غير أن صحابيه نافع عتبة أخرج حديثه مسلم وحده . عبيد الله بن عمرو: هو الرقي. وأخرجه أحمد 4/337 و338، وابن أبي شيبة 15/146 - 147، ومسلم "2900" في الفتن وأشراط الساعة: باب ما يكون من فتوحات المسلمين قبل الدجال، وابن ماجه "4091" في الفتن: باب الملاحم، والحاكم 4/4/426 من طرق عن عبد الملك بن عمير، بهذا الإسناد. وقد وهم الحاكم فاستدركه على مسلم، وقدم في روايته قتال الروم على فارس، ولم يذكر ابن ماجه في روايته قتال فارس. وعلقه البخاري في "تاريخه الكبير" 8/81 - 82 فقال: قال موسى بن إسماعيل: حدثنا أبو عوانة، حدثنا عبد الملك بن عمير، به وانظر ."6809"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


لڑائی کرو گے تو اللہ تعالیٰ اسے تمہارے لئے فتح کر دے گا پھر تم اہل روم کے ساتھ لڑائی کرو گے تو اللہ تعالیٰ اسے تمہارے لئے فتح کر دے گا پھر تم لوگ دجال کے ساتھ لڑائی کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہیں اس پر فتح عطا کرے گا''۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ فَتْحِ الْيَمَنِ وَالشَّامِ وَالْعِرَاقِ بَعْدَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ کے (وصال کے) بعد یمن، شام اور عراق فتح ہوں گے

**6673** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ اَبِي زُهَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ:

(متن حدیث): تُفْتَحُ الْيَمَنُ، فَيَاْتِي قَوْمٌ يُبِسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِاَهْلِيهِمْ وَمَنْ اَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ، وَتُفْتَحُ الشَّامُ، فَيَاْتِي قَوْمٌ فَيُبِسُّونَ فَيَتَحَمَّلُونَ بِاَهْلِيهِمْ وَمَنْ اَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ وَتُفْتَحُ الْعِرَاقُ فَيَاْتِي قَوْمٌ فَيُبِسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِاَهْلِيهِمْ وَمَنْ اَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ.

(توضیح مصنف): قَالَ الشَّيْخُ: يُبِسُّونَ: اَيْ يَنْسِلُونَ

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما حضرت سفیان بن ابوزہیر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''یمن فتح ہو جائے گا کچھ لوگ تیزی سے چلتے ہوئے آئیں گے وہ اپنے بال بچوں اور اپنے فرمانبرداروں (یعنی غلاموں) کو سوار کر کے ساتھ لے جائیں گے حالانکہ اگر وہ علم رکھتے تو مدینہ ان کے لئے زیادہ بہتر تھا۔ شام فتح ہو گا تو کچھ لوگ تیزی سے چلتے ہوئے آئیں گے اور وہ اپنے بال بچوں اور اپنے پیروکاروں (یعنی غلاموں اور کنیزوں) کو سوار کر کے لے جائیں گے حالانکہ اگر وہ علم رکھتے ہوں تو مدینہ ان کے لئے زیادہ بہتر ہے پھر عراق فتح ہو گا تو کچھ لوگ تیزی سے چلتے ہوئے آئیں گے۔ وہ اپنے بال بچوں اور اپنے فرمانبرداروں (یعنی غلاموں اور کنیزوں) کو سوار کر کے ساتھ لے جائیں گے حالانکہ اگر وہ علم رکھتے ہوں تو مدینہ منورہ ان

6673- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ" 2/887 - 888 في الجامع: باب ما جاء في سكنى المدينة والخروج منها. ومن طريق مالك أخرجه أحمد 5/220، والبخاري "1875" في فضائل المدينة: باب من رغب عن المدينة، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 4/19، والطبراني "6408"، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" "1112" بتحقيقنا، والبغوي "2018" والحديث عند بعضهم مختصر. وأخرجه عبد الرزاق "17159"، وأحمد 5/220، والحميدي "865"، ومسلم "1388" في الحج: باب الترغيب في المدينة عند فتح الأمصار، والنسائي في "الكبرى"، والطبراني "6407" و "6409" و "6410" و "6411" و "6412"، والطحاوي "1113"، والبيهقي في "الدلائل" 6/320، والبغوي "2018" من طرق عن هشام بن عروة، بهذا الإسناد. زاد الطبراني في إحدى رواياته "6411" قال عروة: ثم لقيت سفيان بن أبي زهير عند موته، فأخبرني بهذا الحديث، وفي بعض طرق الحديث: "ثم تفتح الشام، ثم تفتح العراق."

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


کے لئے زیادہ بہتر ہے۔

شیخ فرماتے ہیں: لفظ یبسون کا مطلب تیزی سے چلتے ہوئے آنا ہے۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ فَتْحِ الْمُسْلِمِينَ الْحِيرَةَ بَعْدَهُ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ کے (وصال ظاہری) کے بعد مسلمان حیرہ فتح کرلیں گے

**6674** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ اَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مُثِّلَتْ لِيَ الْحِيرَةُ كَاَنْيَابِ الْكِلَابِ، وَاِنَّكُمْ سَتَفْتَحُونَهَا، فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: هَبْ لِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ ابْنَةَ بُقَيْلَةَ، فَقَالَ: هِيَ لَكَ، فَاَعْطُوهُ اِيَّاهَا فَجَاءَ اَبُوهَا فَقَالَ: اَتَبِيعُهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: بِكُمْ؟ احْتَكِمْ مَا شِئْتَ، قَالَ: بِاَلْفِ دِرْهَمٍ، قَالَ: قَدْ اَخَذْتُهَا، فَقِيلَ لَهُ: لَوْ قُلْتَ ثَلَاثِينَ اَلْفًا؟ قَالَ: وَهَلْ عَدَدٌ اَكْثَرُ مِنْ اَلْفٍ

✿✿ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''حیرہ میرے سامنے کتے کے دانتوں کی طرح کی شکل میں پیش کیا گیا تم لوگ عنقریب اسے فتح کرلو گے ایک صاحب کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! بقیلہ کی بیٹی مجھے ہبہ کردیجئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ تمہاری ہوئی۔ لوگوں نے وہ لڑکی اس شخص کو دیدی پھر اس لڑکی کا باپ آیا اور بولا کیا تم اسے فروخت کرو گے۔ اس نے جواب دیا: جی ہاں اس لڑکی کے باپ نے دریافت کیا: کتنے کے عوض میں نے اس سے کہا تم جو چاہو فیصلہ کردو لڑکی کے باپ نے کہا: ایک ہزار درہم کے عوض میں اس شخص نے کہا: ٹھیک ہے (بعد میں) اس شخص سے کہا گیا اگر تم تیس ہزار درہم کہہ دیتے (تو یہ مناسب تھا) اس نے کہا: کیا ایک ہزار سے زیادہ بھی کوئی عدد ہوتا ہے۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ فَتْحِ الْمُسْلِمِينَ بَيْتَ الْمَقْدِسِ بَعْدَهُ

---

6674– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات من رجال الشيخين غير محمد بن يحيى بن أبي عمر، فمن رجال مسلم. سفيان هو ابن عيينة. وأخرجه الطبراني "183"/17، والبيهقي في "السنن" 9/136، وفي "الدلائل" 6/326 من طرق عن مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ أَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، بهذا الإسناد. وفي رواية الطبراني: "فجاء أخوها" قال الهيثمي في "المجمع" 6/212: رجاله رجال الصحيح. قلت: وصاحب القصة هو خريم بن أوس بن حارثة بن لام الطائي، وقد أخرجه من حديثه مطولا الطبراني في "الكبير" "4168"، والبيهقي في "الدلائل" 5/267 - 269، وابن الأثير في "أسد الغابة" 2/129 - 130، وفيه أن الذي الشيماء منه هو أخوها عبد المسيح بن بقيلة. وأورده الهيثمي في "المجمع" 6/223 وقال: رواه الطبراني وفيه جماعة لم أعرفهم، وقال الحاكم في "المستدرك" 3/327 بعد أن أورد طرفا من أوله، ومن طريقه أخرجه البيهقي: هذا حديث تفرد به رواته الأعراب عن آبائهم، وأمثالهم من الرواة لا يضعون، ووافقه الذهبي.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ مسلمان (نبی اکرم ﷺ کے وصال ظاہری) کے بعد بیت المقدس فتح کرلیں گے

**6675** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ فَيَّاضٍ، بِدِمَشْقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ زَبْرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ بُسْرَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوكَ، وَهُوَ فِيْ خِبَاءٍ مِنْ اَدَمٍ، فَجَلَسْتُ فِيْ فَنَاءِ الْخِبَاءِ، فَسَلَّمْتُ فَرَدَّ، فَقَالَ: ادْخُلْ يَا عَوْفُ، فَقُلْتُ: كُلِّي؟ فَقَالَ: كُلُّكَ، فَدَخَلْتُ فَوَافَقْتُهُ يَتَوَضَّاُ وُضُوءًا مَكِيثًا، ثُمَّ، قَالَ: يَا عَوْفُ، احْفَظْ خِلَالًا سِتًّا بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ: اِحْدَاهُنَّ مَوْتِيْ، قَالَ عَوْفٌ: فَوَجَمْتُ عِنْدَهَا وَجْمَةً شَدِيدَةً، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ: اِحْدٰى، فَقُلْتُ: اِحْدٰى، ثُمَّ قَالَ: فَتْحُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، ثُمَّ يَظْهَرُ فِيكُمْ دَاءٌ، ثُمَّ اسْتِفَاضَةُ الْمَالِ فِيكُمْ، حَتّٰى يُعْطَى الرَّجُلُ مِنْكُمْ مِائَةَ دِينَارٍ فَيَظَلُّ سَاخِطًا، ثُمَّ فِتْنَةٌ تَكُوْنُ بَيْنَكُمْ حَتّٰى لَا يَبْقَى بَيْتٌ مُؤْمِنٌ اِلَّا دَخَلَتْهُ، ثُمَّ صُلْحٌ يَكُوْنُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ بَنِي الْاَصْفَرِ، فَيَغْدِرُوْنَ بِكُمْ، فَيَسِيرُوْنَ اِلَيْكُمْ فِيْ ثَمَانِيْنَ غَايَةً تَحْتَ كُلِّ غَايَةٍ اثْنَا عَشَرَ اَلْفًا

❁❁ حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں غزوہ تبوک کے موقع پر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ چمڑے کے بنے ہوئے خیمے میں موجود تھے۔ میں اس کے کنارے پر بیٹھ گیا۔ میں نے سلام کیا تو آپ نے سلام کا جواب دیا۔ آپ نے فرمایا: اے عوف اندر آ جاؤ۔ میں نے عرض کی: سارے کا سارا؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سارے کا سارا' میں اندر داخل ہوا تو میں نے آپ کو ٹھہر ٹھہر کر وضو کرتے ہوئے پایا پھر آپ نے فرمایا: اے عوف چھ چیزوں کے بارے میں یاد رکھنا کہ جو قیامت سے پہلے ہوں گی۔ ان میں سے ایک میری موت ہے حضرت عوف بیان کرتے ہیں: یہ سن کر مجھے جھٹکا سا لگا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم کہو: ایک' میں نے کہا: ایک پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بیت المقدس فتح ہوگا پھر تمہارے درمیان ایک بیماری پھوٹ پڑے گی پھر تمہارے درمیان مال زیادہ ہو جائے گا' یہاں تک کہ تم میں سے کسی ایک شخص کو ایک سو درہم دیئے جائیں گے' تو وہ پھر

6675--حديث صحيح، هشام بن عمار وإن كان فيه كلام - قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير عبد الله بن زبر فمن رجال البخاري . وأخرجه البخاري "3176" في الجزية والموادعة: باب ما يحذر من الغدر، ومن طريقه البغوي "4248" عن الحميدي، وأبو داود "5000" في الأدب: باب ما جاء في المزاح، عن مؤمل بن الفضل، وابن ماجه "4042" في الفتن: باب أشراط الساعة، والطبراني "70"/18، وابن منده في "الإيمان" "998" عن عبد الرحمن بن إبراهيم بن دحيم، والبيهقي في "السنن" 9/223، وفي "الدلائل" 6/320 - 321 عن محمد بن المثنى، وفي "الدلائل" أيضا 6/383 عن موسى بن عامر، خمستهم عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد . ورواية أبي داود مختصرة، وزاد الطبراني في إسناده بين عبد الله بن العلاء وبين بسر بن عبيد الله: زيد بن واقد، وهو من المزيد في متصل الأسانيد . وأخرجه من طرق عن عوف بن مالك أحمد 6/22 و27، والطبراني "71"/18 و"72" و"98" و"119" و"122" و"148" و"150"، وابن منده "999" و."1000"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



بھی ناراض رہے گا پھر تمہارے درمیان ایسا فتنہ نمودار ہوگا کہ کسی بھی مومن کا گھر باقی نہیں رہے گا مگر یہ کہ وہ فتنہ اس میں داخل ہو جائے گا پھر تمہارے اور بنو اصفر (یعنی اہل روم) کے درمیان صلح ہوگی تو وہ تمہارے ساتھ معاہدے کی خلاف ورزی کریں گے پھر وہ **80** جھنڈوں کے نیچے اکٹھے ہو کر تمہاری طرف (جنگ کرنے کے لئے) چل پڑیں گے جن کے ہر جھنڈے کے نیچے بارہ ہزار لوگ ہوں گے۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ فَتْحِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ اَرْضَ بَرْبَرَ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو بربروں کی سرزمین (مراکش) کی فتح نصیب کرے گا

**6676** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ حَرْمَلَةُ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِمَاسَةَ الْمَهْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكُمْ سَتَفْتَحُوْنَ اَرْضًا يُذْكَرُ فِيْهَا الْقِيرَاطُ، فَاسْتَوْصُوْا بِاَهْلِهَا خَيْرًا، فَاِنَّ لَهُمْ ذِمَّةً وَرَحِمًا قَالَ حَرْمَلَةُ: يَعْنِيْ بِالْقِيرَاطِ: اَنَّ قِبْطَ مِصْرَ يُسَمُّوْنَ اَعْيَادَهُمْ، وَكُلَّ مَجْمَعٍ لَهُمُ الْقِيرَاطَ، يَقُوْلُوْنَ: نَشْهَدُ الْقِيرَاطَ

✿✿ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"عنقریب تم ایسی سرزمین کو فتح کرو گے جہاں قیراط کا ذکر کیا جائے گا تو تم لوگ وہاں کے رہنے والوں کے ساتھ بھلائی کی تلقین قبول کرو' کیونکہ وہ ذمی بھی ہوں گے' اور ان کے ساتھ رشتہ داری کا تعلق بھی ہوگا"۔

حرملہ نامی راوی کہتے ہیں: قیراط سے مراد یہ ہے: مصر کے رہنے والے قبطی اپنی اینٹ کے لئے یہ لفظ استعمال کرتے تھے اور اپنے ہر اجتماع کے لئے لفظ قیراط استعمال کرتے تھے وہ یہ کہتے تھے ہم لوگ قیراط میں شریک ہوئے۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ تَقَوِّى الْمُسْلِمِيْنَ بِاَهْلِ الْمَغْرِبِ عَلٰى اَعْدَاءِ اللّٰهِ الْكَفَرَةِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ کے کافر دشمنوں کے خلاف

6676- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه أحمد 5/174، ومسلم "2543" "226" في فضائل الصحابة: باب وصية النبي صلى الله عليه وسلمباهل مصر، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" 3/123 - 124، وابن عبد الحكم في "فتوح مصر وأخبارها" ص 2 - 3، والبيهقي في "السنن" 9/206، وفي "الدلائل" 6/321 من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وزادوا فيه: "... فإذا رأيتم رجلين يقتتلان في موضع لبنة فاخرج منها"، قال: فمر بربيعة وعبد الرحمن بن شرحبيل بن حسنة، يتنازعان في موضع لبنة، فخرج منها. وأخرجه أحمد 5/173 - 174، ومسلم "2543" "227" عن وهب بن جرير بن حازم، عن أبيه، عن حرملة بن عمران، عن أبي بصرة الغفاري، عن أبي ذر. وفيه: "فإن لهم ذمة ورحما، أو قال: ذمة وصهرا."

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## مسلمان اہل مغرب سے قوت حاصل کریں گے

**6677** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَيْوَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ هَانِءٍ حُمَيْدُ بْنُ هَانِءٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيَّ، وَعَمْرَو بْنَ حُرَيْثٍ، يَقُوْلَانِ:

(متن حدیث): اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّكُمْ سَتَقْدَمُوْنَ عَلٰى قَوْمٍ جَعْدٍ رُءُوْسُهُمْ، فَاسْتَوْصُوا بِهِمْ، فَاِنَّهُ قُوَّةٌ لَكُمْ وَبَلَاغٌ اِلٰى عَدُوِّكُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ - يَعْنِيْ قِبْطَ مِصْرَ

حضرت ابوعبدالرحمٰن حبلی اور حضرت عمرو بن حریث بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

''عنقریب تم ایسی قوم کے پاس جاؤ گے' جن کے بال گھنگھریالے ہوں گے' تو تم ان کے بارے میں تلقین کو قبول کرو کیونکہ وہ تمہارے لئے قوت ہوں گے' اور اللہ تعالیٰ کے اذن کے تحت تمہیں دشمن تک پہنچائیں گے''۔

(راوی کہتے ہیں:) اس سے مراد مصر کے قبطی ہیں۔

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ فَتْحِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْاَمْوَالَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ اس امت میں مسلمانوں کو مال ودولت میں کشادگی نصیب کرے گا

**6678** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ الْخُزَاعِيَّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: تَصَدَّقُوا، فَسَيَاْتِيْ عَلَيْكُمْ يَوْمٌ يَمُرُّ اَحَدُكُمْ

6677– رجاله ثقات رجال الصحيح إلا أنه مرسل، أبو عبد الرحمن الحبلي واسمه عبد الله بن زيد - تابعي ثقة، روى له مسلم، وأصحاب السنن، وعمرو بن حريث هذا مصري روايته عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلة، قال البخاري في "تاريخه" 6/321: عمرو بن حريث عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسل، وقال يحيى بن معين في "تاريخه" ص 441: عمرو بن حريث الذي يروي عنه أبو هانء: "استوصوا بالقبط خيرا" هو عمرو بن حريث، ولم يسمع من النبي صلى الله عليه وسلم شيئا، إنما هو رجل من أهل مصر. قلت: وقد أخطأ المؤلف هنا فظنه صحابيا، مع أنه ذكره في كتاب "الثقات" 5/179 في ثقات التابعين، لكنه أخطأ في تقييده بالمخزومي، فذاك آخر، وهو صحابي صغير روى له الجماعة، وذكره المؤلف في "ثقاته" 3/272 في قسم الصحابة. وعبد الله بن يزيد، هو أبو عبد الرحمن المقرء المكي، وحيوة: هو ابن شريح أبو زرعة المصري، وهو في "مسند أبي يعلى " "1473"، ومن طريقه أورده ابن الأثير في "أسد الغابة" .4/214 وأورده الهيثمي في "المجمع" 10/64 وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح . وأخرجه ابن عبد الحكم في "فتوح مصر وأخبارها " ص 3 عن عبد الملك بن مسلمة، عن ابن وهب، عن أبي هانء الخولاني، به. وأخرجه أيضا عن أبي الأسود، عن ابن لهيعة، عن أبي هانء، به. قلت: ولعمرو بن حريث هذا حديث آخر في التخفيف عن العامل، وقد تقدم عند المؤلف برقم ."4314"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



بِصَدَقَتِهٖ، فَلَا يَجِدُ مَنْ يَّقْبَلُهَا، يَقُوْلُ: فَهَلَّا قَبْلَ الْيَوْمِ، فَاَمَّا الْيَوْمُ، فَلَا حَاجَةَ لِيْ فِيْهَا

حضرت حارثہ بن وہب خزاعی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم لوگ صدقہ کرو عنقریب تم پر ایسا دن آئے گا جب کوئی شخص اپنا صدقہ لے کر جائے گا تو اسے کوئی ایسا شخص نہیں ملے گا' جو اس سے صدقے کو قبول کر لے' وہ شخص کہے گا: تم آج سے پہلے کیوں نہیں آئے۔ آج تو مجھے اس صدقے کی کوئی ضرورت نہیں ہے''۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ فَتْحِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ كَثْرَةَ الْاَمْوَالِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو اموال کی کثرت کی صورت میں کشادگی نصیب فرمائے گا

**6679** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمَرْوَزِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ بْنِ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ اَسْاَلُ عَنْ حَدِيْثِ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، وَهُوَ اِلٰى جَنْبِيْ لَا آتِيْهِ فَاَسْاَلَهٗ، فَاَتَيْتُهٗ فَسَاَلْتُهٗ، فَقَالَ: بُعِثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ بُعِثَ، فَكَرِهْتُهٗ اَشَدَّ مَا كَرِهْتُ شَيْئًا قَطُّ، فَانْطَلَقْتُ حَتّٰى كُنْتُ فِيْ اَقْصَى الْاَرْضِ مِمَّا يَلِي الرُّوْمَ، فَقُلْتُ: لَوْ اَتَيْتُ هٰذَا الرَّجُلَ، فَاِنْ كَانَ كَاذِبًا لَمْ يَخْفَ عَلَيَّ، وَاِنْ كَانَ صَادِقًا اتَّبَعْتُهٗ، فَاَقْبَلْتُ فَلَمَّا قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ اسْتَشْرَفَ لِيَ النَّاسُ، وَقَالُوْا: جَاءَ عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ، جَاءَ عَدِيُّ بْنُ

6678–إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي داود - وهو سليمان بن داود بن الجارود الطيالسي - فمن رجال مسلم. معبد بن خالد: هو الجدلي الكوفي. وهو في "مسند الطيالسي" "1239" بنحو هذا اللفظ. وأخرجه أحمد 4/306، وابن شيبة 3/111، البخاري "1411" في الزكاة: باب الصدقة قبل الرد، و "1424": باب الصدقة باليمين، و"7120" في الفتن: باب رقم "25"، ومسلم "1011" في الزكاة: باب الترغيب في الصدقة قبل أن لا يوجد من يقبلها، والنسائي 5/77 في الزكاة: باب التحريض على الصدقة، وأبو القاسم البغوي في "الجعديات" "641". وأبو يعلى "1475"، والطبراني "3259" و"3260" من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه مختصرا الطبراني "3262" من طريق إسماعيل بن أبان، عن مسعر، عن معبد بن خالد، به.

6679–إسناده قوي. إسحاق بن إبراهيم المروزي: هو ابن أبي إسرائيل أبو يعقوب المروزي، وأيوب: هو ابن أبي تميمة السختياني، ومحمد هو ابن سيرين. وأخرجه ابن الأثير في "أسد الغابة" 4/8 - 9 من طريق عبد الله بن محمد بن عبد العزيز، عن إسحاق بن إبراهيم المروزي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/377 - 378 عن محمد بن أبي عدي، والبيهقي في "الدلائل" 5/342 عن سليمان بن حرب، كلاهما عن حماد بن زيد، به. وأخرجه الحاكم 4/518 - 519 من طريق عبد الله بن بكير، عن هشام بن حسان، عن محمد بن سيرين، به، وصححه على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي! مع أن أبا عبيدة بن حذيفة لم يخرج له الشيخان ولا أحدهما. وأخرجه أحمد 4/257 عن يزيد بن هارون، عن هشام بن حسان، والبيهقي 5/343 من طريق سعيد بن عبد الرحمن، كلاهما عن محمد بن سيرين، عن أبي عبيدة، عن رجل قال: قلت لعدي بن حاتم: حديث بلغني عنك ...

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



حَاتِمٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِي: يَا عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ، اَسْلِمْ تَسْلَمْ ، قَالَ: قُلْتُ: اِنَّ لِي دِينًا، قَالَ: اَنَا اَعْلَمُ بِدِينِكَ مِنْكَ - مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا - اَلَسْتَ تَرَاَسُ قَوْمَكَ ؟ قَالَ: قُلْتُ: بَلٰى، قَالَ: اَلَسْتَ تَاْكُلُ الْمِرْبَاعَ ؟ قَالَ: قُلْتُ: بَلٰى، قَالَ: فَاِنَّ ذٰلِكَ لَا يَحِلُّ لَكَ فِي دِينِكَ ، قَالَ: فَتَضَعْضَعْتُ لِذٰلِكَ، ثُمَّ قَالَ: يَا عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ، اَسْلِمْ تَسْلَمْ فَاِنِّي قَدْ اَظُنُّ - اَوْ قَدْ اَرَى اَوْ كَمَا، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - اَنَّهُ مَا يَمْنَعُكَ اَنْ تُسْلِمَ خَصَاصَةٌ تَرَاهَا مِنْ حَوْلِي (فَاِنَّكَ تَرَى النَّاسَ عَلَيْنَا اِلْبًا وَاحِدًا ، قَالَ: هَلْ اَتَيْتَ الْحِيرَةَ؟ ، قُلْتُ: لَمْ آتِهَا وَقَدْ عَلِمْتُ مَكَانَهَا، قَالَ) * وَتُوشِكُ الظَّعِينَةُ اَنْ تَرْحَلَ مِنَ الْحِيرَةِ بِغَيْرِ جِوَارٍ حَتّٰى تَطُوفَ بِالْبَيْتِ، وَلَتُفْتَحَنَّ عَلَيْنَا كُنُوزُ كِسْرَى بْنِ هُرْمُزَ (قُلْتُ: كِسْرَى بْنُ هُرْمُزَ؟ قَالَ: كِسْرَى بْنُ هُرْمُزَ - مَرَّتَيْنِ -) ، وَلَيَفِيضَنَّ الْمَالُ - اَوْ لَيَفِيضُ - حَتّٰى يُهِمَّ الرَّجُلَ مَنْ يَقْبَلُ مِنْهُ مَالَهُ صَدَقَةً ، قَالَ عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ: فَقَدْ رَاَيْتُ الظَّعِينَةَ تَرْحَلُ مِنَ الْحِيرَةِ بِغَيْرِ جِوَارٍ حَتّٰى تَطُوفَ بِالْبَيْتِ، وَكُنْتُ فِي اَوَّلِ خَيْلٍ اَغَارَتْ عَلَى الْمَدَائِنِ عَلٰى كُنُوزِ كِسْرَى بْنِ هُرْمُزَ، وَاَحْلِفُ بِاللّٰهِ لَتَجِيئَنَّ الثَّالِثَةُ اِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِي

ابوعبیدہ بن حذیفہ بیان کرتے ہیں: میں حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ حدیث کے بارے میں دریافت کر رہا تھا۔ وہ میرے پہلو میں موجود تھے۔ میں نے ان کے پاس جا کر ان سے دریافت نہیں کیا پھر میں ان کے پاس گیا۔ ان سے دریافت کیا: تو انہوں نے بتایا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا گیا تو میں آپ کو سب سے زیادہ ناپسند کرتا تھا پھر میں روانہ ہوا یہاں تک کہ میں زمین کے دور دراز کے حصے میں چلا گیا جو اہل روم (کے علاقے) کے قریب تھا۔ میں نے سوچا اگر میں ان صاحب کے پاس جاؤں تو اگر تو یہ جھوٹے ہوئے تو یہ بات مجھ سے مخفی نہیں رہے گی اور اگر یہ سچے ہوئے تو میں ان کی پیروی کرلوں گا تو میں آ گیا۔ جب میں مدینہ منورہ آیا تو لوگ میری طرف جھانک کر دیکھنے لگے۔ انہوں نے کہا: عدی بن حاتم آئے ہیں۔ عدی بن حاتم آئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے عدی بن حاتم تم اسلام قبول کرلو تم سلامت رہو گے میں نے عرض کی: میرا اپنا دین ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہارے دین کے بارے میں تم سے زیادہ جانتا ہوں۔ یہ بات آپ نے دو یا تین مرتبہ ارشاد فرمائی پھر آپ نے فرمایا: کیا تم اپنی قوم کے سردار نہیں ہو۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم مال غنیمت میں سے چوتھائی حصہ نہیں کھاتے ہو؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو تمہارے دین میں تو یہ تمہارے لئے جائز نہیں ہے۔ حضرت عدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں اس بات پر میں شرمندہ ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عدی بن حاتم تم اسلام قبول کرلو تم سلامت رہو گے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرا یہ گمان ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) میں یہ سمجھتا ہوں یا جیسا بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اس لئے اسلام قبول نہیں کر رہے کہ تم میرے ارد گرد ایسے لوگوں کو دیکھ رہے ہو جو ضرورت مند ہیں۔ عنقریب کوئی عورت حیرہ سے کسی کی پناہ لئے بغیر سوار ہو کر جائے گی یہاں تک کہ بیت اللہ کا طواف کرے گی اور ہمارے لئے کسریٰ بن ہرمز کے خزانے کھول دیئے جائیں گے' اور مال عام ہو جائے گا' یہاں تک کہ ایک شخص یہ آرزو کرے گا کہ کوئی شخص اس سے اس کا مال صدقہ کے طور پر قبول کرلے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تو میں نے ایک عورت کو دیکھا کہ وہ حیرہ سے کسی کی پناہ کے بغیر سوار ہوئی' یہاں تک کہ اس نے بیت اللہ کا طواف کیا اور میں اس پہلے لشکر میں شامل تھا جس نے مدائن میں کسریٰ بن ہرمز کے خزانوں پر حملہ کیا تھا اور میں اللہ کے نام کی قسم اٹھا کر کہتا ہوں کہ وہ تیسری بات بھی ضرور درست ثابت ہوگی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمائی تھی۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ عَرْضِ النَّاسِ صَدَقَةَ الْأَمْوَالِ عَلَى النَّاسِ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ وَعَدَمِ مَنْ يَّقْبَلُهَا مِنْهُمْ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آخری زمانے میں لوگ اپنے مال کی زکوٰۃ دوسرے لوگوں کے سامنے پیش کریں گے' لیکن انہیں کوئی ایسا شخص نہیں ملے گا' جو اسے قبول کر لے

**6680** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُشْكَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْرَجُ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَكْثُرَ فِيْكُمُ الْاَمْوَالُ وَتَفِيْضَ حَتّٰى يُهِمَّ رَبَّ الْمَالِ مَنْ يَّقْبَلُ مِنْهُ صَدَقَتَهُ، وَحَتّٰى يَعْرِضَهُ، وَيَقُوْلُ الَّذِيْ يُعْرَضُ عَلَيْهِ: لَا اَرَبَ لِيْ فِيْهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی' جب تک تمہارے درمیان مال کی کثرت نہیں ہوگی۔ وہ عام نہیں ہوگا یہاں تک کہ ایک مال کا مالک شخص اس بات کا خواہش مند ہوگا کہ کوئی شخص اس سے اس کا صدقہ قبول کر لے یہاں تک کہ وہ کسی کے سامنے اسے پیش کرے گا تو جس کے سامنے پیش کیا گیا ہوگا وہ یہ کہے گا: اب مجھے اس میں دلچسپی نہیں ہے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَتَهُ اَرَادَ بِهِ الصَّدَقَةَ الْفَرِيْضَةَ دُوْنَ التَّطَوُّعِ

---

6680- حديث صحيح، محمد بن مشكان ذكره المؤلف في "الثقات" 9/127، وهو متابع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 2/530 عن علي، عن ورقاء، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "1412" في الزكاة: باب الصدقة قبل الرد، و"7121" في الفتن: باب رقم "25" عن أبي اليمان، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، به . وأخرجه أحمد 2/313، ومسلم 2/701 "61" في الزكاة: باب الترغيب في الصدقة قبل أن لا يوجد من يقبلها، والبغوي "4244" من طريقين عن أبي هريرة. وهو في "صحيفة همام" ."23"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

# اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان "اپنا صدقہ" اس کے ذریعے فرض صدقہ (یعنی زکوٰۃ) مراد ہے نفلی صدقہ مراد نہیں ہے

44
44

**6681** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِى صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكْثُرَ الْمَالُ وَيَفِيضَ، حَتّٰى يُخْرِجَ الرَّجُلُ زَكَاةَ مَالِهِ فَلَا يَجِدُ اَحَدًا يَقْبَلُهَا مِنْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

"قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی' جب تک مال کی کثرت اور زیادتی نہیں ہوگی' یہاں تک کہ ایک شخص اپنے مال کی زکوٰۃ نکالے گا تو اسے کوئی ایسا شخص نہیں ملے گا' جو اس سے اسے قبول کرلے"۔

# ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْوَقْتِ الَّذِى يَكُوْنُ فِيْهِ مَا وَصَفْنَا مِنْ سَعَةِ الْاَمْوَالِ

# اس وقت کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جس میں مال کی زیادتی کی وجہ سے وہ صورت حال ہوگی' جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

**6682** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِى نَضْرَةَ، قَالَ:

---

6681- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سهيل بن أبى صالح، فمن رجال مسلم، وروى له البخارى مقرونا وتعليقا. وأخرجه أحمد 2/417، ومسلم 2/701 "60" عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وزادا فيه: "وحتى تعود أرض العرب مروجا وأنهارا" زاد أحمد بعد هذا: "وحتى يكثر الهرج"، قالوا: وما الهرج يا رسول الله؟ قال: "القتل القتل." وانظر "6651" و"6700".

6682- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبى نضرة وهو المنذر بن مالك بن قطعة - فمن رجال مسلم. الجريرى: هو سعيد بن إياس، وسماع إسماعيل بن إبراهيم وهو ابن علية - من الجريرى قبل اختلاطه. وأخرجه مسلم "2913" "67" فى الفتن: باب لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرجل فيتمنى أن يكون مكان الميت من البلاء، عن أبى خيثمة زهير بن حرب وعلى بن حجر، بهذا الإسناد. وزاد فى آخره: قال: "أى الجريرى": قلت لأبى نضرة، وأبى العلاء: أتريان أنه عمر بن عبد العزيز؟ فقالا: لا. وأخرجه بهذه الزيادة أحمد 3/317 عن إسماعيل ابن علية، به. وأخرجه مسلم "2913"، والبيهقى فى "الدلائل" 6/330 من طريق عبد الوهاب، عن سعيد بن إياس الجريرى، به. وأخرجه مختصرا بالمرفوع منه أحمد 3/38 و333، ومسلم "2914" "69" من طريق داود بن أبى هند، عن أبى نضرة، عن أبى سعيد الخدرى وجابر. وأخرجه أيضا أحمد 3/5 و48-49، ومسلم "2914" من طريق داود بن أبى هند، عن أبى نضرة، عن أبى سعيد وحده.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


(متن حدیث): كُنَّا عِنْدَ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: يُوشِكُ اَهْلُ الْعِرَاقِ اَنْ لَا يُجْبَى اِلَيْهِمْ قَفِيزٌ وَّلَا دِرْهَمٌ، قُلْنَا: مِنْ اَيِّ شَيْءٍ ذٰلِكَ؟ قَالَ: مِنْ قِبَلِ الْعَجَمِ يَمْنَعُوْنَ ذٰلِكَ، ثُمَّ قَالَ: يُوشِكُ اَهْلُ الشَّامِ اَنْ لَا يُجْبَى اِلَيْهِمْ دِينَارٌ وَّلَا مُدْيٌ، قُلْنَا: مِنْ اَيِّ ذٰلِكَ؟ قَالَ: مِنْ قِبَلِ الرُّومِ؟ ثُمَّ اُسْكِتَ هُنَيَّةً، ثُمَّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُوْنُ فِيْ آخِرِ اُمَّتِيْ خَلِيفَةٌ يَحْثِي الْمَالَ حَثْيًا، لَا يَعُدُّهُ عَدًّا

ابونضرہ بیان کرتے ہیں: ہم حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کے پاس موجود تھے۔ انہوں نے فرمایا: عنقریب عراق کی یہ صورت حال ہوگی کہ ان کی طرف (اناج کا) ایک قفیز یا ایک درہم بھی نہیں آئے گا۔ ہم نے دریافت کیا: ایسا کس وجہ سے ہوگا۔ انہوں نے فرمایا: یہ عجمیوں کی طرف سے ہوگا۔ وہ اسے نہیں آنے دیں گے پھر انہوں نے فرمایا: عنقریب اہل شام کی یہ صورت حال ہوگی کہ ان کی طرف ایک دینار اور ایک مد بھی نہیں آئے گا۔ ہم نے دریافت کیا: یہ کس کی طرف سے ہوگا۔ انہوں نے جواب دیا: یہ اہل روم کی طرف سے ہوگا۔ پھر وہ تھوڑی دیر خاموش رہے پھر انہوں نے ارشاد فرمایا: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ''میری امت کے آخر میں ایسا خلیفہ ہوگا' گنتی کے بغیر مٹھیاں بھر' بھر کے مال دے گا۔

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ بَعْضِ سَعَةِ الدُّنْيَا عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ

## مسلمانوں پر ہونے والی دنیا کی کچھ کشادگی کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

**6683** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ عَمْرٍو الْقَيْسَرَانِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جَابِرُ، اَنَكَحْتَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: اَتَّخَذْتُمْ اَنْمَاطًا؟، قُلْتُ: اَنّٰى لَنَا اَنْمَاطٌ؟ قَالَ: اَمَا اِنَّهَا سَتَكُوْنُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے جابر کیا تم نے شادی کر لی ہے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تم نے قالین استعمال کیا۔ میں نے عرض کی: ہمارے پاس قالین کہاں سے آئے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: عنقریب آ جائیں گے۔

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْبَعْضِ الْاٰخَرِ مِنْ سَعَةِ الدُّنْيَا عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ

6683- حديث صحيح، ثور بن عمرو القيسراني ذكره المؤلف في "الثقات" 8/158، وهو متابع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. سفيان هو ابن عيينة. وأخرجه الحميدي "1227"، والبخاري "5161" في النكاح: باب الأنماط ونحوها للنساء، ومسلم "2083" "39" في اللباس والزينة: باب جواز اتخاذ الأنماط، وأبو داود "4145" في اللباس: باب في الفرش، والنسائي 6/136 في النكاح: باب الأنماط، وأبو يعلى "1978" و"2015" من طرق عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/294، والبخاري "3631" في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، ومسلم "2083"، والترمذي "2774" في الأدب: باب ما جاء في الرخصة في اتخاذ الأنماط، من طرق عن سفيان الثوري، عن محمد بن المنكدر، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ مسلمانوں کو اس دنیا کی گنجائش میں سے ایک دوسری قسم کی (نعمتیں) بھی ملیں گی

**6684** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِىْ هِنْدَ، عَنْ اَبِىْ حَرْبِ بْنِ اَبِى الْاَسْوَدِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ الرَّجُلُ اِذَا قَدِمَ الْمَدِينَةَ فَكَانَ لَهُ بِهَا - يَعْنِىْ - عَرِيفٌ، نَزَلَ عَلٰى عَرِيفِهِ، فَاِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ بِهَا عَرِيفٌ نَزَلَ الصُّفَّةَ، قَالَ: فَكُنْتُ فِيمَنْ نَزَلَ الصُّفَّةَ، قَالَ: فَرَافَقْتُ رَجُلًا فَكَانَ يُجْرِى عَلَيْنَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّ يَوْمٍ مُدٌّ مِّنْ تَمْرٍ بَيْنَ رَجُلَيْنِ، فَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ مِنَ الصَّلَاةِ، فَنَادَاهُ رَجُلٌ مِّنَّا، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَدْ اَحْرَقَ التَّمْرُ بُطُونَنَا، قَالَ: فَمَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى مِنْبَرِهِ، فَصَعِدَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَاَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ ذَكَرَ مَا لَقِىَ مِنْ قَوْمِهِ، قَالَ: حَتّٰى مَكَثْتُ اَنَا وَصَاحِبِىْ بِضْعَةَ عَشَرَ يَوْمًا مَا لَنَا طَعَامٌ اِلَّا الْبَرِيرُ - وَالْبَرِيرُ ثَمَرُ الْاَرَاكِ - فَقَدِمْنَا عَلٰى اِخْوَانِنَا مِنَ الْاَنْصَارِ وَعُظْمُ طَعَامِهِمُ التَّمْرُ، فَوَاسَوْنَا فِيهِ، وَاللّٰهِ لَوْ اَجِدُ لَكُمُ الْخُبْزَ وَاللَّحْمَ، لَاَطْعَمْتُكُمُوهُ، وَلٰكِنْ لَعَلَّكُمْ تُدْرِكُوْنَ زَمَانًا - اَوْ مَنْ اَدْرَكَهُ مِنْكُمْ - يَلْبَسُوْنَ فِيهِ مِثْلَ اَسْتَارِ الْكَعْبَةِ، وَيُغْدٰى عَلَيْهِمْ، وَيُرَاحُ بِالْجِفَانِ

حضرت طلحہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پہلے جب کوئی شخص مدینہ منورہ آتا۔ اس کا وہاں کوئی دوست ہوتا تو وہ اپنے دوست کے ہاں پڑاؤ کرتا تھا اور اگر اس کا کوئی دوست نہ ہوتا تو وہ صفا کے چبوترے پر پڑاؤ کرتا۔ راوی کہتے ہیں: میں بھی ان لوگوں میں شامل تھا جنہوں نے صفاء کے چبوترے پر پڑاؤ کیا۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی طرف سے روزانہ کھجوروں کا ایک مد ہماری طرف آیا کرتا تھا۔ ایک دن نبی اکرم ﷺ نے نماز پڑھنے کے بعد سلام پھیرا تو ہم میں سے ایک شخص نے بلند آواز میں آپ کو مخاطب کیا اور اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کھجوروں نے ہمارے پیٹوں کو جلا دیا۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم ﷺ منبر کی طرف تشریف لے گئے۔ آپ اس پر چڑھے آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی۔ پھر آپ نے اپنی قوم کی طرف سے پیش آنے والی (مشکلات) کا ذکر کیا' یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرے اور میرے ساتھی پر دس سے زیادہ دن ایسے گزرے کہ ہمارے پاس کھانے کے لئے صرف بریر ہوتا تھا (راوی کہتے ہیں:) بریر سے مراد پیلو کا پھل ہے۔

(نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:) پھر ہم اپنے انصاری بھائیوں کے پاس آئے تو ان کی زیادہ تر خوراک کھجور ہوتی تھی۔ انہوں نے اس بارے میں ہمارا ساتھ دیا۔ اللہ کی قسم! اگر مجھے تمہارے لئے روٹی اور گوشت ملے تو میں وہ بھی کھلاؤں گا اور عنقریب تمہیں ایک

6684- إسناده صحيح على شرط مسلم، غير أن صحابي الحديث لم يخرج له واحد من أصحاب الكتب الستة، وليس له غير هذا الحديث . خالد: هو ابن عبد الله الواسطي. وأخرجه الطبراني "8161" عن عبدان بن أحمد، عن وهب بن بقية، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/487، والطبراني "8160"، والبزار "3673" من طرق عن داود بن أبي هند، به . وأخرجه من طريق أحمد: ابن الأثير في "أسد الغابة" 3/90 - 91.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



ایسا زمانہ ملے گا۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) تم میں سے جو شخص اس زمانے تک پہنچے گا تو لوگ اس میں کعبہ کے پردوں جیسا (عمدہ لباس) پہنیں گے اور صبح شام ان کے پاس پیالوں میں (مختلف قسم کی کھانے کی چیزیں) آئیں گی۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ فَتْحَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الدُّنْيَا عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ اِنَّمَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ بِعَقِبِ جَدَبٍ يَّلْحَقُهُمْ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ جب اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو دنیا میں کشادگی عطا کرے گا تو یہ انہیں لاحق ہونے والی قحط سالی کے بعد ہوگا

**6685** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَرْحُوْمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): رَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِمَارًا، وَاَرْدَفَنِيْ خَلْفَهُ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، اَرَاَيْتَ اِنْ اَصَابَ النَّاسَ جُوْعٌ شَدِيْدٌ حَتّٰى لَا تَسْتَطِيْعَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ فِرَاشِكَ اِلٰى مَسْجِدِكَ، كَيْفَ تَصْنَعُ ؟:، قَالَ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: تَعَفَّفْ ، قَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، اَرَاَيْتَ اِنْ اَصَابَ النَّاسَ مَوْتٌ شَدِيْدٌ حَتّٰى يَكُوْنَ الْبَيْتُ بِالْعَبْدِ، كَيْفَ تَصْنَعُ؟ قَالَ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: اصْبِرْ، يَا اَبَا ذَرٍّ اَرَاَيْتَ اِنْ قَتَلَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا حَتّٰى تَغْرَقَ حِجَارَةُ الزَّيْتِ - مَوْضِعٌ بِالْمَدِيْنَةِ - مِنَ الدِّمَاءِ، كَيْفَ تَصْنَعُ ؟ قَالَ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: اقْعُدْ فِيْ بَيْتِكَ، وَاَغْلِقْ عَلَيْكَ بَابَكَ، قَالَ: اَرَاَيْتَ اِنْ لَمْ اُتْرَكْ ؟ قَالَ: فَائْتِ مَنْ اَنْتَ مِنْهُ، فَكُنْ فِيْهِمْ ، قَالَ: فَآخُذُ سِلَاحِيْ؟ قَالَ: اِذًا تُشَارِكُهُمْ فِيْهِ، وَلٰكِنْ اِنْ خَشِيْتَ اَنْ يَّرُوْعَكَ شُعَاعُ السَّيْفِ، فَاَلْقِ طَرَفَ رِدَائِكَ عَلٰى وَجْهِكَ يَبُوْءُ بِاِثْمِكَ وَاِثْمِهِ

❀❀ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ گدھے پر سوار آئے۔ آپ نے اپنے پیچھے مجھے بٹھالیا پھر آپ نے فرمایا: اے ابوذر تمہارا کیا خیال ہے اگر لوگوں کو اتنی شدید بھوک لاحق ہو جائے کہ تم اس بات کی بھی استطاعت نہ رکھو کہ اپنے بستر سے اٹھ کر مسجد تک جا سکو تو پھر تم کیا کرو گے۔ حضرت ابوذر نے عرض کی: اللہ اور اس کے رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم بچ کے رہنا پھر آپ نے فرمایا: اے ابوذر تمہارا کیا خیال ہے اگر لوگوں کو ایسی زبردست موت لاحق ہو یہاں تک کہ گھر بندے کے ساتھ ہو تو پھر تم کیا کرو گے حضرت ابوذر نے عرض کی: اللہ اور اس کے رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم صبر سے کام لینا (پھر آپ نے فرمایا:) اے ابوذر تمہارا کیا خیال ہے اگر لوگ ایک دوسرے کو قتل کرنا شروع کر

6685- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الله بن الصامت، فمن رجال مسلم . إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه، وأبو عمران الجوني: هو عبد الملك بن حبيب الأزدي. وأخرجه أحمد 5/49 عن مرحوم بن عبد العزيز، بهذا الإسناد. وهو مكرر الحديث ."5960"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



دیں' یہاں تک کہ احجار زیت کی جگہ (خون سے) بھر جائے۔ (راوی کہتے ہیں:) یہ مدینہ منورہ میں ایک جگہ ہے تو پھر تم کیا کرو گے۔ حضرت ابوذر نے عرض کی: اللہ اور اس کے رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اپنے گھر میں بیٹھے رہنا اور اپنا دروازہ بند کر لینا۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے عرض کی: آپ کی کیا رائے ہے۔ اگر مجھے پھر بھی نہ چھوڑا جائے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ان کے پاس چلے جانا جن کے ساتھ تمہارا تعلق ہے (یعنی اپنے قبیلے چلے جانا) اور ان کے درمیان رہنا حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے عرض کی: کیا میں اپنا ہتھیار سنبھال لوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس صورت میں تم اس بارے میں ان لوگوں کے حصے دار بن جاؤ گے اگر تمہیں یہ اندیشہ ہو کہ تلوار کی چمک تمہیں خوف زدہ کر دے گی تو تم اپنی چادر کا کنارہ اپنے چہرے پر رکھ لینا تو وہ شخص تمہارے اور اپنے گناہ کا وبال اٹھائے گا (جو تمہیں قتل کرے گا)

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ اَدَاءِ الْعَجَمِ الْجِزْيَةَ اِلَى الْعَرَبِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' عجم کے رہنے والے عربوں کو جزیہ ادا کریں گے

**6686** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيٰى، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْاَعْمَشُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَرِضَ اَبُوْ طَالِبٍ، فَاَتَتْهُ قُرَيْشٌ وَّاَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُهُ وَعِنْدَ رَاْسِهِ مَقْعَدُ رَجُلٍ، فَقَامَ اَبُوْ جَهْلٍ فَقَعَدَ فِيْهِ، فَشَكَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اَبِيْ طَالِبٍ، فَقَالُوا: اِنَّ ابْنَ اَخِيْكَ يَقَعُ فِيْ آلِهَتِنَا، قَالَ: مَا شَاْنُ قَوْمِكَ يَشْكُوْنَكَ يَا ابْنَ اَخِي؟ قَالَ: يَا عَمِّ، اِنَّمَا اَرَدْتُّهُمْ عَلٰى كَلِمَةٍ وَّاحِدَةٍ تَدِيْنُ لَهُمْ بِهَا الْعَرَبُ، وَتُؤَدِّي اِلَيْهِمْ بِهَا الْعَجَمُ الْجِزْيَةَ، فَقَالَ: وَمَا هِيَ؟ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَقَامُوا فَقَالُوا: اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَاحِدًا؟ قَالَ: وَنَزَلَتْ: (ص وَالْقُرْآنِ ذِي الذِّكْرِ) (ص: 1) اِلٰى قَوْلِهِ (اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ) (ص: 5)

---

6686– يحيى بن عمارة، وقيل: ابن عباد، وقيل: اسمه عباد، لم يوثقه غير المؤلف، وتفرد عنه الأعمش، روى له الترمذي والنسائي، وباقي السند رجاله ثقات رجال الشيخين غير مسدد، فمن رجال البخاري، يحيى: هو ابن سعيد القطان، وسفيان: هو الثوري. وأخرجه الترمذي بإثر الحديث "3232" في التفسير: باب ومن سورة ص، عن محمد بن بشار بندار، والنسائي في التفسير كما في "التحفة" 4/456 عن إبراهيم بن محمد التيمي، وابن جرير الطبري في "تفسيره" 23/125 عن ابن وكيع، ثلاثتهم عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد. وقال الترمذي: هذا حديث حسن. وأخرجه الطبري 23/125 من طريق معاوية بن هشام، والواحدي في "أسباب النزول" ص 246، والحاكم 2/432 من طريق محمد بن عبد الله الأسدي، كلاهما عن سفيان، به. وصحح الحاكم إسناده، ووافقه الذهبي! وأخرجه الترمذي "3232" من طريق أبي أحمد الزبيري، والنسائي في "الكبرى"، والطبري 23/125-126 من طريق عبد الرحمن بن مهدي، كلاهما عن سفيان، عن الأعمش، عن يحيى، به، سماه الترمذي: يحيى بن عباد، ولم ينسبه النسائي. ولم يذكر الطبري في سنده ابن عباس. وأخرجه أحمد 1/362، والنسائي في "الكبرى"، والطبري 23/125 من طريق أبي أسامة حماد بن أسامة، عن الأعمش، عن عباد "زاد أحمد: ابن جعفر"، عن سعيد بن جبير، به. وأورده السيوطي في "الدر المنثور" 7/142 وزاد نسبته إلى ابن أبي شيبة، وعبد بن حميد، وابن المنذر، وابن أبي حاتم، وابن مردويه.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جناب ابوطالب بیمار ہو گئے قریش ان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان کی عیادت کرنے کے لئے ان کے پاس تشریف لائے۔ ان کے سرہانے کے قریب ایک آدمی کے بیٹھنے کی جگہ تھی۔ ابوجہل اٹھا اور وہاں بیٹھ گیا ان لوگوں نے جناب ابوطالب کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شکایت کی اور بولے آپ کے بھتیجے! ہمارے معبودوں پر تنقید کرتے ہیں۔ جناب ابوطالب نے کہا: اے میرے بھتیجے کیا وجہ ہے کہ آپ کی قوم کے افراد آپ کی شکایتیں لگا رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے چاچا جان! میں انہیں ایک کلمے پر اکٹھا کرنا چاہتا ہوں جس کی وجہ سے عرب ان کے ماتحت ہوں گے۔ عجمی انہیں جزیہ ادا کریں گے۔ انہوں نے دریافت کیا: وہ کون سا کلمہ ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ تو وہ لوگ کھڑے ہو گئے۔ انہوں نے کہا: کیا تم مختلف معبودوں کی جگہ ایک ہی معبود بنانا چاہتے ہو۔ راوی کہتے ہیں: تو اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

''ص' قرآن کی قسم ہے' جو نصیحت کرنے والا ہے۔''

یہ آیت یہاں تک ہے'' بے شک یہ بہت حیران کن چیز ہے۔''

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ فَتْحِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا كُنُوزَ آلِ كِسْرَى عَلَى الْمُسْلِمِينَ

## اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ آل کسریٰ کے خزانے مسلمانوں کے لیے کھول دے گا (یعنی مسلمانوں کو ان پر فتح عطا کرے گا)

**6687** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ،

(متن حدیث): اَنَّـهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ حَدَّثَ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَيَفْتَحَنَّ

6687– إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سماك بن حرب، فمن رجال مسلم، وهو صدوق حسن الحديث. وأخرجه الطبراني "1902" عن سليمان بن الحسن، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/103، ومسلم "2919" في الفتن: باب لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرجل ...، من طريق محمد بن جعفر، والحاكم 4/515 من طريق آدم بن أبي إياس، كلاهما عن شعبة، به، وصححه الحاكم على شرط مسلم مستدركا عليه، ووافقه الذهبي! وأخرجه أحمد 5/100و104، ومسلم "2919" "78"، والطبراني "1878" و"1915" و"2020"، والبيهقي في "الدلائل" 4/388 - 389 و389 من طرق عن سماك، به. زاد بعضهم فيه عن جابر أنه قال: فكنت فيهم، فأصابني ألف درهم. وأخرجه أحمد 5/86و87 - 88و89، ومسلم "1822" في الإمارة: باب الناس تبع لقريش والخلافة في قريش، والطبراني "1804" و"1805" من طريق عامر بن سعد بن أبي وقاص، والطبراني أيضا "1878" من طريق عبد الملك بن عمير، كلاهما عن جابر بن سمرة. وأخرجه أحمد 5/100و104، ومسلم "2919" "78"، والطبراني "1878" و"1915" و"2020"، والبيهقي في "الدلائل" 4/388 - 389 و389 من طرق عن سماك، به. زاد بعضهم فيه عن جابر أنه قال: فكنت فيهم، فأصابني ألف درهم. وأخرجه أحمد 5/86و87 - 88و89، ومسلم "1822" في الإمارة: باب الناس تبع لقريش والخلافة في قريش، والطبراني "1804" و"1805" من طريق عامر بن سعد بن أبي وقاص، والطبراني أيضا "1878" من طريق عبد الملك بن عمير، كلاهما عن جابر بن سمرة.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



كَنْزَ آلِ كِسْرَى الْأَبْيَضَ - أَوْ قَالَ فِي الْأَبْيَضِ - عِصَابَةٌ مِّنَ الْمُسْلِمِينَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

''مسلمانوں کا ایک گروہ کسریٰ کے خاندان والوں کے خزانے کو ضرور فتح کرے گا۔''

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا تَكُوْنُ أَحْوَالُ النَّاسِ عِنْدَ فَتْحِ خَزَائِنِ فَارِسَ عَلَيْهِمْ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جب فارس کے خزانے لوگوں کے لیے فتح ہو جائیں گے اس وقت ان کی حالت کیا ہوگی

**6688** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ بَكْرَ بْنَ سَوَادَةَ حَدَّثَهُ: أَنَّ يَزِيْدَ بْنَ رَبَاحٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): إِذَا فُتِحَتْ عَلَيْكُمْ خَزَائِنُ فَارِسَ وَالرُّوْمِ، أَيُّ قَوْمٍ أَنْتُمْ ؟ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: نَكُوْنُ كَمَا أَمَرَنَا اللّٰهُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَتَنَافَسُوْنَ، ثُمَّ تَتَحَاسَدُوْنَ، ثُمَّ تَتَدَابَرُوْنَ، ثُمَّ تَتَبَاغَضُوْنَ، ثُمَّ تَنْطَلِقُوْنَ إِلٰى مَسَاكِيْنِ الْمُهَاجِرِيْنَ، فَتَحْمِلُوْنَ بَعْضَهُمْ عَلٰى رِقَابِ بَعْضٍ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب تمہارے لئے فارس اور روم کے خزانے فتح کر دیئے جائیں تو تم لوگ کیسی حالت میں ہو گے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ہم ویسے ہی ہوں گے جیسے اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ ایک دوسرے کے مقابلے میں آ جاؤ گے ایک دوسرے سے حسد رکھو گے۔ ایک دوسرے سے پیٹھ پھیرو گے ایک دوسرے سے بغض رکھو گے پھر تم عنقریب غریب مہاجرین کی طرف جاؤ گے' اور ان میں سے کچھ کو دوسروں کی گردنوں پر سوار کر دو گے''۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ كِسْرٰى إِذَا هَلَكَ يَهْلَكُ مُلْكُهُ بِهِ إِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جب کسریٰ ہلاک ہو جائے گا' تو اس کی حکومت بھی قیامت کے دن تک ختم ہو جائے گی

6688- إسناده صحيح على شرط مسلم . عمرو بن الحارث: هو المصرى . وأخرجه مسلم "2962" في أول كتاب الزهد، وابن ماجه "3996" في الفتن: باب فتنة المال، عن عمرو بن سواد، عن عبد الله بن وهب، بهذا الإسناد وفيه: "أو غير ذلك، تتنافسون ... "

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



**6689** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا هَلَكَ كِسْرَى، فَلَا كِسْرَى بَعْدَهُ، وَاِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ فَلَا قَيْصَرَ بَعْدَهُ، وَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهِ لَتُنْفَقَنَّ كُنُوزُهُمَا فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا هَلَكَ كِسْرَى، فَلَا كِسْرَى بَعْدَهُ اَرَادَ بِهِ بِاَرْضِهِ، وَهِيَ الْعِرَاقُ، وَقَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ فَلَا قَيْصَرَ بَعْدَهُ يُرِيْدُ بِهِ بِاَرْضِهِ وَهِيَ الشَّامُ، لَا اَنَّهُ لَا يَكُوْنُ كِسْرَى بَعْدَهُ، وَلَا قَيْصَرُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کسریٰ مرجائے گا تو اس کے بعد کوئی کسریٰ نہیں ہوگا جب قیصر مرجائے گا تو اس کے بعد کوئی قیصر نہیں ہوگا۔ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے تم لوگ ان دونوں کے خزانے اللہ کی راہ میں ضرور خرچ کرو گے۔''

(امام ابن حبان رحمہ اللہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان جب کسریٰ مرجائے گا تو اس کے بعد کوئی کسریٰ نہیں ہوگا۔ اس کے ذریعے آپ کی مراد اس کی سرزمین ہے وہ عراق کی سرزمین ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان جب قیصر مرجائے گا تو اس کے بعد کوئی قیصر نہیں ہوگا۔ اس سے آپ کی مراد یہ ہے کہ اس کی سرزمین میں ایسا نہیں ہوگا اور وہ سرزمین شام ہے۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ ان کے بعد کوئی کسریٰ یا کوئی قیصر نہیں ہوگا۔

---

6689–حديث صحيح، ابن أبي السري - وهو محمد بن المتوكل - قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه الشافعي 2/186، والحميدي "1094"، وأحمد 2/240، ومسلم "2918" "75" في الفتن: باب لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرجل ... ، والترمذي "2216" في الفتن: باب ما جاء إذا ذهب كسرى فلا كسرى بعده، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" "509"، والبيهقي في "السنن" 9/177، وفي "الدلائل" 4/393، والبغوي "3728" من طرق عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "20814"، وأحمد 2/233، والبخاري "3618" في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، و "6630" في الإيمان والنذور: باب كيف كانت يمين النبي صلى الله عليه وسلم، ومسلم "2918" من طرق عن الزهري، به. وأخرجه عبد الرزاق "20815"، ومن طريقه أحمد 2/313، والبخاري "3027" في الجهاد: باب الحرب خدعة، ومسلم "2918" "76"، والبغوي "3729" عن معمر، عن همام بن منبه، عن أبي هريرة. وهو في "صحيفة همام" "30". وأخرجه أحمد 2/501 من طريق محمد, والبخاري "3120" في فرض الخمس: من باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "أحلت لكم الغنائم" , من طريق شعيب بن أبي حمزة , كلاهما عن أبي الزناد , عن الأعرج , عن أبي هريرة. وأخرجه الطيالسي ,"2580" وأحمد ,"2/467 والطحاوي في "مشكل الآثار" "510" عن شعيب , عن يعلى بن عطاء عن أبي علقمة مولى بني هشام عن أبي هريرة . وأخرجه الطحاوي في "المشكل" "508" من طريق الحارث بن أبي ذياب, عن عمه, عن أبي هريرة.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

## اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

**6690** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُصْعَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إِذَا هَلَكَ كِسْرَى فَلَا كِسْرَى بَعْدَهُ اَبَدًا، وَاِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ فَلَا قَيْصَرُ بَعْدَهُ اَبَدًا، وَايْمُ اللّٰهِ لَتُنْفَقَنَّ كُنُوْزُهُمَا فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کسریٰ مرجائے گا تو اس کے بعد کبھی کسریٰ نہیں ہوگا جب قیصر مرجائے گا تو اس کے بعد کبھی قیصر نہیں ہوگا۔ اللہ کی قسم! ان دونوں کے خزانے اللہ کی راہ میں ضرور خرچ کیے جائیں گے۔''

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ حَسْرِ الْفُرَاتِ عَنْ كَنْزِ الذَّهَبِ الَّذِيْ يَقْتَتِلُ النَّاسُ عَلَيْهِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' دریائے فرات سونے کے خزانے کو ظاہر کرے گا جس پر لوگ ایک دوسرے سے لڑائی کریں گے

**6691** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): سَيَاْتِيْ عَلَيْكُمْ زَمَانٌ يَحْسُرُ الْفُرَاتُ عَنْ جَبَلٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَيَقْتَتِلُ عَلَيْهِ النَّاسُ، فَيُقْتَلُ مِنْ

---

6690- إسناده صحيح على شرط مسلم. سفيان: هو الثورى. وأخرجه البخارى "3619" فى المناقب: باب علامات النبوة فى الإسلام، عن قبيصة بن عقبة، عن سفيان الثورى، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/92 و99، والبخارى "3121" فى فرض الخمس: باب قول النبى صلى الله عليه وسلم: "أحلت لكم الغنائم"، و"6629" فى الأيمان والنذور: باب كيف كَانَ يَمِينُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ ومسلم "2919" "77" فى الفتن: باب لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرجل ... ، والطحاوى فى "شرح مشكل الآثار "511" و"512"، والبيهقى 9/177 من طرق عن عبد الملك بن عمير، به.

6691- إسناده صحيح على شرط الصحيح. وأخرجه أحمد 2/332 عن حسن بن موسى، عن زهير بن معاوية، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "20804"، وأحمد 2/306، ومسلم "2894" "29" فى الفتن: باب لا تقوم الساعة حتى يحسر الفرات عن جبل من ذهب، والبغوى "4240" من طرق عن سهيل بن أبى صالح، به. زاد بعضهم فيه: "ويقول كل رجل منهم: لعلى أكون أنا الذى أنجو"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



كُلِّ مِائَةٍ تِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ ، قَالَ: يَا بُنَيَّ اِنْ اَدْرَكْتَهُ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِمَّنْ يُّقَاتِلُ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''عنقریب تم پر ایسا زمانہ آئے گا جب دریائے فرات سونے کے پہاڑ کو ظاہر کرے گا جس پر لوگوں کی جنگ ہوگی۔اس میں ہر سو میں سے نوے لوگ مارے جائیں گے۔''

(راوی کہتے ہیں:) اے میرے بیٹے! اگر تم اس زمانے کو پاؤ تو تم ان لوگوں میں شامل ہرگز نہ ہونا جو اس کے لئے لڑائی کریں گے۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ سُهَيْلُ بْنُ اَبِيْ صَالِحٍ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: اس روایت کو نقل کرنے میں سہیل بن ابوصالح نامی منفرد ہے

**6692** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى السِّينَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَحْسِرَ الْفُرَاتُ عَنْ جَبَلٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَيَقْتَتِلُ النَّاسُ عَلَيْهِ، فَيُقْتَلُ مِنْ كُلِّ عَشْرَةٍ تِسْعَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی' جب تک دریائے فرات سے سونے کا پہاڑ نمودار نہیں ہوگا جس پر لوگ ایک دوسرے سے جنگ کریں گے' تو ہر دس میں سے نو آدمی مارے جائیں گے۔''

## ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَخْذِ الْمَرْءِ مِنْ كَنْزِ الذَّهَبِ الَّذِيْ يُحْسِرُ الْفُرَاتُ عَنْهُ

## اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی سونے کے اس خزانے میں سے کچھ حاصل کرے' جسے دریائے فرات ظاہر کرے گا

6692- إسناده حسن، محمد بن عمرو وهو ابن علقمة بن وقاص الليثي - صدوق روى له البخاري مقرونا ومسلم متابعة، وباقي رجاله ثقات من رجال الشيخين. إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه الحنظلي. وأخرجه أحمد 2/261 و346 و415، وابن ماجه "4046" في الفتن: باب أشراط الساعة، من طرق عن محمد بن عمرو، بهذا الإسناد. وقال البوصيري في "مصباح الزجاجة" ورقة 254/1: هذا إسناد صحيح، رجاله ثقات! وقوله: "فيقتل من كل عشرة تسعة"، قال الحافظ في "الفتح" 13/81: هي رواية شاذة، والمحفوظ ما عند مسلم، وشاهده من حديث أبي بن كعب: "من كل مئة تسعة وتسعون."

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



6693 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِیْدٍ الْاَشَجُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ خُبَیْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: یُوْشِكُ الْفُرَاتُ اَنْ یَّحْسُرَ عَنْ كَنْزٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَمَنْ حَضَرَهٗ فَلَا یَاْخُذْ مِنْهُ شَیْئًا

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''عنقریب دریائے فرات سونے کے خزانے کو ظاہر کرے گا تو جو شخص وہاں موجود ہو وہ اس میں سے کچھ نہ لے۔''

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ خُبَیْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: اس روایت کو نقل کرنے میں خبیب بن عبدالرحمٰن نامی راوی منفرد ہے

6694 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمْدَانَ بْنِ مُوْسَى التُّسْتَرِیُّ بِعَبَّدَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِیْدٍ الْاَشَجُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ خُبَیْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ:، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): یُوْشِكُ الْفُرَاتُ اَنْ یَّحْسُرَ عَنْ كَنْزٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَمَنْ حَضَرَهٗ فَلَا یَاْخُذْ مِنْهُ شَیْئًا

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''عنقریب دریائے فرات سونے کے خزانے کو ظاہر کرے گا' جو شخص وہاں موجود ہو وہ اس میں سے کچھ بھی نہ لے۔''

6695 - حَدَّثَنَاهُ اَحْمَدُ بْنُ حَمْدَانَ فِیْ عَقِبِهٖ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَشَجُّ، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ: یَحْسُرُ عَنْ جَبَلٍ مِنْ ذَهَبٍ

---

6693– إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو سعيد الأشج: هو عبد الله بن سعيد بن حصين الكندي . وأخرجه البخاري "7119" في الفتن: باب خروج النار، وأبو داود "4313" في الملاحم: باب في حسر الفرات عن كنز، والترمذي "2569" في صفة الجنة: باب رقم "26"، والبغوي "4239" عن أبي سعيد الأشج، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم "2894" "30" عن سهيل بن عثمان، عن عقبة بن خالد السكوني، به.

6694– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو مكرر ما قبله. قلت: والسبب في النهي عن الأخذ منه لما ينشأ عن أخذه من الفتنة والاقتتال عليه.

6695– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه البخاري "7119"، وأبو داود "4314"، والترمذي "2570" عن الأشج، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "2894" "31" عن سهل بن عثمان، عن عقبة بن خالد، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



❁❁ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''سونے کے پہاڑ کو ظاہر کرے گا''

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ اَبُوْ هُرَيْرَةَ

## اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے: اس روایت کو نقل کرنے میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ منفرد ہیں

**6696** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، بِالْفُسْطَاطِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْعَلَاءِ الزُّبَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اِسْحَاقُ مَوْلَى الْمُغِيْرَةِ بْنِ نَوْفَلٍ: اَنَّ الْمُغِيْرَةَ بْنَ نَوْفَلٍ اَخْبَرَهُ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَحْسُرَ الْفُرَاتُ عَنْ تَلٍّ مِنْ ذَهَبٍ، فَيَقْتَتِلُ عَلَيْهِ النَّاسُ فَيُقْتَلُ تِسْعَةُ اَعْشَارِهِمْ.

❁❁ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک دریائے فرات سونے کے ٹیلے کو ظاہر نہیں کرے گا جس پر لوگ ایک دوسرے سے جنگ کریں گے، اور ہر دس میں سے نو آدمی مارے جائیں گے۔''

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْقَوْمَ يَقْتَتِلُوْنَ عَلٰى مَا وَصَفْنَا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّتَمَكَّنُوْا مِمَّا يَقْتَتِلُوْنَ عَلَيْهِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ، وہ لوگ جو اس چیز پر ایک دوسرے سے جنگ کریں گے، جس کا ہم نے

6696-- إسناده ضعيف، إسحاق بن إبراهيم الزبيدي قال النسائي: ليس بثقة إذا روى عن عمرو بن الحارث، وعمرو بن الحارث - وهو الحمصي - لم يوثقه غير المؤلف، وإسحاق مولى المغيرة مجهول الحال لم يوثقه غير المؤلف 6/46 أيضا. الزبيدي: هو محمد بن الوليد بن عامر الحمصي، ومحمد بن مسلم: هو ابن شهاب الزهري. وعلقه البخاري في "التاريخ الكبير" 1/388 فقال: وقال إسحاق بن العلاء، فذكره بهذا الإسناد، مختصرا إلى قوله "تل ذهب." وقوله فيه "فيقتل تسعة أعشارهم" رواية شاذة، والصواب "من كل مئة تسع وتسعون" كما تقدم. وأخرجه أحمد وابنه عبد الله 5/139، ومسلم "2895" في الفتن: باب لا تقوم الساعة حتى يحسر الفرات عن جبل من ذهب، من طرق عن خالد بن الحارث، عن عبد الحميد بن جعفر، عن أبيه، عن سليمان بن يسار، عن عبد الله بن الحارث بن نوفل، قال: كنت واقفا مع أبي بن كعب فقال: لا يزال الناس مختلفة أعناقهم في طلب الدنيا، فقلت: أجل. قال: إني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: " يوشك الفرات أن يحسر عن جبل من ذهب، فإذا سمع به الناس، ساروا إليه، فيقول من عنده: لئن تركنا الناس يأخذون منه ليذهبن به كله، قال: " فيقتتلون عليه، فيقتل من كل مئة تسعة وتسعون " وذكره البخاري في "تاريخه" 1/388 عن قيس بن حفص، عن خالد بن الحارث، به. وأخرجه عبد الله بن أحمد في زياداته 5/139 و140 من طريقين عن عبد الله بن حمران الحمراني، عن عبد الحميد بن جعفر، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


ذکر کیا ہے وہ جس چیز پر جنگ کریں گے وہ اس میں سے کچھ بھی حاصل نہیں کر سکیں گے

**6697** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): تَقِيْءُ الْاَرْضُ اَفْلَاذَ كَبِدِهَا اَمْثَالَ الْاُسْطُوَانِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، قَالَ: فَيَجِيْءُ السَّارِقُ فَيَقُوْلُ: فِيْ هٰذَا قُطِعْتُ، وَيَجِيْءُ الْقَاتِلُ فَيَقُوْلُ: فِيْ هٰذَا قُتِلْتُ، وَيَجِيْءُ الْقَاطِعُ فَيَقُوْلُ: فِيْ هٰذَا قَطَعْتُ رَحِمِيْ، وَيَدَعُوْنَهُ لَا يَاْخُذُوْنَ مِنْهُ شَيْئًا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''زمین اپنے جگر کے ٹکڑوں کو اگل دے گی' جیسے وہ سونے اور چاندی کے ستون ہوتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: پھر ایک چور آئے گا اور کہے گا: اس کی وجہ سے میرا ہاتھ کاٹا گیا ایک قاتل آئے گا اور کہے گا: اس وجہ سے میں نے قتل کیا۔ رشتہ داری کے حقوق کو پامال کرنے والا آئے گا اور کہے گا: اسی وجہ سے میں نے رشتہ داری کے حقوق کو پامال کیا لیکن وہ لوگ اسے چھوڑتے رہیں گے' اور اس میں سے کچھ بھی نہیں لیں گے۔''

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ اَمْنِ النَّاسِ عِنْدَ ظُهُوْرِ الْاِسْلَامِ فِيْ جَزَائِرِ الْعَرَبِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جزیرہ عرب میں اسلام کے ظہور کے وقت لوگ امن کی حالت میں ہوں گے

**6698** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيٰى، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ قَيْسٌ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ:

(متن حدیث): شَكَوْنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَةً لَهُ فِيْ ظِلِّ الْكَعْبَةِ، فَقُلْنَا: اَلَا تَسْتَنْصِرُ لَنَا، اَلَا تَدْعُو لَنَا؟ فَقَالَ: قَدْ كَانَ مَنْ قَبْلَكُمْ يُؤْخَذُ الرَّجُلُ فَيُحْفَرُ لَهُ فِي الْاَرْضِ، فَيُجْعَلُ فِيْهَا

6697- إسناده صحيح على شر مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير واصل بن عبد الأعلى، فمن رجال مسلم. ابْنُ فُضَيْلٍ: هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غزوان، وأبو حازم: هو سلمان أبو حازم الأشجعي. وهو في "مسند أبي يعلى" ورقة 285/2، وفيه: "في هذا قطعت يدي." وأخرجه مسلم "1013" في الزكاة: باب الترغيب في الصدقة قبل أن لا يوجد من يقبلها، والترمذي "2208" في الفتن: باب رقم "36" عن واصل بن عبد الأعلى، بهذا الإسناد. وقرن مسلم في روايته مع واصل أبا كريب ومحمد بن يزيد الرفاعي، وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح غريب لا نعرفه إلا من هذا الوجه.

6698- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير مسدد، فمن رجال البخاري. يحيى: هو ابن سعيد القطان، وإسماعيل: هو ابن أبي خالد، وقيس: هو ابن أبي حازم. وأخرجه البخاري "6943" في الإكراه: باب من اختيار الضرب والقتل والهوان على الكفر، والطبراني "3638" عن مسدد، بهذا الإسناد. وقد تقدم الحديث عند المؤلف برقم. "2897"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

فَيُؤْتَى بِالْمِنْشَارِ فَيُوضَعُ عَلَى رَأْسِهِ، فَيُجْعَلُ بِنِصْفَيْنِ، وَيُمَشَّطُ بِأَمْشَاطِ الْحَدِيدِ فِيمَا دُونَ عَظْمِهِ وَلَحْمِهِ، فَمَا يَصْرِفُهُ ذٰلِكَ عَنْ دِينِهِ، وَاللّٰهِ لَيَتِمَّنَّ هٰذَا الْأَمْرُ حَتّٰى يَسِيرَ الرَّاكِبُ مِنْ صَنْعَاءَ إِلٰى حَضْرَمَوْتَ، لَا يَخَافُ إِلَّا اللّٰهَ وَالذِّئْبَ عَلٰى غَنَمِهِ، وَلٰكِنَّكُمْ تَسْتَعْجِلُونَ

❁❁ حضرت خباب بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں (قریش کی طرف سے پیش آنے والی مشکل صورت حال) کی شکایت کی۔ نبی اکرم ﷺ اس وقت خانہ کعبہ کے سائے میں اپنی چادر کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے۔ ہم نے عرض کی: آپ ہمارے لئے مدد کی دعا کیوں نہیں کرتے۔ آپ ہمارے لئے دعا کیوں نہیں کرتے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم سے پہلے کے لوگوں میں سے کسی شخص کو پکڑا جاتا تھا۔ اس کے لئے زمین کو کھودا جاتا تھا۔ اس کے بعد اس شخص کو اس میں ڈال دیا جاتا تھا پھر ایک آرا لایا جاتا تھا۔ اسے اس کے سر پر رکھا جاتا تھا۔ اس شخص کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا جاتا تھا اور لوہے کی بنی ہوئی کنگھی لاکر اس کی ہڈیوں اور گوشت کے اندر تک پھیری جاتی تھی لیکن یہ چیز بھی ان کو ان کے دین سے نہیں پھیر سکی۔ اللہ کی قسم! یہ معاملہ ضرور مکمل ہوگا یہاں تک کہ ایک سوار شخص صنعاء سے چلے گا اور حضر موت جائے گا۔ اسے صرف اللہ تعالیٰ کا خوف ہوگا یا اپنی بکریوں کے حوالے سے بھیڑیے کا خوف ہوگا لیکن تم لوگ جلد بازی چاہتے ہو۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ إِظْهَارِ اللّٰهِ الْإِسْلَامَ فِي أَرْضِ الْعَرَبِ وَجَزَائِرِهَا

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ اللہ تعالیٰ عرب کی سرزمین اور اس کے جزائر پر اسلام کو غلبہ عطا کردے گا

**6699** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عَاصِمٍ الْأَنْصَارِيُّ بِدِمَشْقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَ بْنَ عَامِرٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ الْمِقْدَادَ بْنَ الْأَسْوَدِ، يَقُولُ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: لَا يَبْقَى عَلَى الْأَرْضِ بَيْتُ مَدَرٍ وَلَا

6699– إسناده صحيح، محمود بن خالد ثقة، روى له أصحاب السنن غير الترمذي، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير سليم بن عامر فمن رجال مسلم وحده. ابن جابر: هو عبد الرحمن بن يزيد بن جابر. وأخرجه أحمد 6/4، والطبراني "20/"601، وابن منده في "الإيمان" "1084" من طريق عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد. وزاد في آخره "إما يعزهم الله، فيجعلهم من أهلها، أو يذلهم الله فيدينون لها"، وعند الطبراني "وإما يذلهم، فيؤدوا الجزية." وأخرجه بهذه الزيادة ابن منده "1084"، والبيهقي في "سننه" 9/181 من طريق الوليد بن مزيد، والحاكم 4/430 من طريق محمد بن شعيب بن شابور، كلاهما عن ابن جابر، به . ووقع في المطبوع من "المستدرك" "فلا يدينوا لها" وهو تحريف، وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي! وانظر "6701". وبيت المدر: هم أهل المدن والقرى، والوبر: هم أهل البوادي. وفي الباب عن تميم الداري عند أحمد 4/103، والطبراني "1280"، وابن منده "1085"، والحاكم 4/430 - 431، والبيهقي 9/81، وصححه الحاكم على شرط الشيخين ووافقه الذهبي.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


وَبَرٍ اِلَّا اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْاِسْلَامَ بِعِزِّ عَزِيزٍ اَوْ بِذُلِّ ذَلِيلٍ

حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''روئے زمین پر موجود ہر کچے اور پکے گھر کے اندر اللہ تعالیٰ اسلام کو داخل کر دے گا خواہ (اس گھر کے اندر رہنے والا شخص) کوئی طاقتور شخص ہو یا کوئی کم تر شخص ہو۔''

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ كَوْنِ الْعُمْرَانِ وَكَثْرَةِ الْاَنْهَارِ فِي اَرَاضِي الْعَرَبِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' عرب کی سرزمین پر آبادی اور نہروں کی کثرت ہوگی

**6700** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكْثُرَ الْهَرْجُ، وَحَتّٰى تَعُودَ اَرْضُ الْعَرَبِ مُرُوجًا وَاَنْهَارًا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی' جب تک ہرج کی کثرت نہیں ہوگی اور جب تک عرب کی سرزمین پر چراگاہوں اور نہروں (کی کثرت نہیں ہوگی)''۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُرَادَ مِنْ هٰذَا الْخَبَرِ اِدْخَالُ اللّٰهِ كَلِمَةَ الْاِسْلَامِ بُيُوتَ الْمَدَرِ وَالْوَبَرِ لَا الْاِسْلَامَ كُلَّهُ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' اس بات سے مراد یہ ہے: اللہ تعالیٰ اسلام کے کلمے کو ہر کچے اور پکے گھر میں داخل کر دے گا' اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ اسلام مکمل طور پر داخل ہو جائے گا

**6701** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَ بْنَ عَامِرٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ الْمِقْدَادَ بْنَ الْاَسْوَدِ،

6700- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سهيل وهو ابن أبي صالح - فقد روى له البخاري مقروناً وتعليقاً، واحتج به مسلم والباقون. وأخرجه أحمد 2/370 - 371 عنه محمد بن الصباح، عن إسماعيل بن زكريا، عن سهيل بن أبي صالح، بهذا الإسناد، ولفظه: "لا تقوم الساعة حتى تعود أرض العرب مروجا وأنهارا، وحتى يسير الراكب بين العراق ومكة لا يخاف إلا ضلال الطريق، وحتى يكثر الهرج" قالوا: وما الهرج يا رسول الله؟ قال: "القتل." وانظر تخريج الحديث رقم. "6681"

6701- إسناده صحيح على شرط الصحيح. وهو مكرر. "6699" وأخرجه ابن منده في "الإيمان" "1084" عن محمد بن إبراهيم بن مروان، عن أحمد بن معلى، عن عبد الرحمن بن إبراهيم دحيم، بهذا الإسناد.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ:

(متن حدیث): لَا يَبْقَى عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ بَيْتُ مَدَرٍ وَّلَا وَبَرٍ إِلَّا أَدْخَلَ عَلَيْهِمْ كَلِمَةَ الْإِسْلَامِ بِعِزِّ عَزِيزٍ، أَوْ بِذُلِّ ذَلِيلٍ

✿✿ حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''روئے زمین پر موجود کوئی کچا یا پکا گھر ایسا نہیں رہے گا جس میں اللہ تعالیٰ نے اسلام کے کلمے کو داخل نہ کیا ہو خواہ وہ (گھر) کسی طاقت ور شخص کا ہو یا کسی کم تر شخص کا ہو۔''

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ اتِّبَاعِ هَذِهِ الْأُمَّةِ سَنَنَ مَنْ قَبْلَهُمْ مِنَ الْأُمَمِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' یہ امت اپنے سے پہلی امتوں کے طریقوں کی پیروی کرے گی

**6702** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سِنَانَ بْنَ أَبِي سِنَانٍ الدُّؤَلِيَّ، وَهُمْ حُلَفَاءُ بَنِي الدِّيلِ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا وَاقِدٍ اللَّيْثِيَّ، يَقُولُ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَمَّا افْتَتَحَ رَسُولُ اللهِ مَكَّةَ خَرَجَ بِنَا مَعَهُ قِبَلَ هَوَازِنَ، حَتَّى مَرَرْنَا عَلَى سِدْرَةِ الْكُفَّارِ، سِدْرَةٌ يَعْكِفُونَ حَوْلَهَا وَيَدْعُونَهَا ذَاتَ أَنْوَاطٍ، قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللهِ، اجْعَلْ لَنَا ذَاتَ أَنْوَاطٍ كَمَا لَهُمْ ذَاتُ أَنْوَاطٍ، قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللهُ أَكْبَرُ، إِنَّهَا السُّنَنُ هَذَا كَمَا قَالَتْ بَنُو إِسْرَائِيلَ لِمُوسَى (اجْعَلْ لَنَا إِلَهًا كَمَا لَهُمْ آلِهَةٌ، قَالَ إِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ) (الأعراف: **138**)، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكُمْ لَتَرْكَبُنَّ سَنَنَ مَنْ قَبْلَكُمْ

✿✿ حضرت ابو واقد لیثی رضی اللہ عنہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے ہیں۔ وہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ فتح کر لیا تو آپ ہمیں ساتھ لے کر ہوازن کی طرف روانہ ہوئے' یہاں تک کہ جب ہم کفار کے بیری کے درخت کے پاس سے

6702– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة وهو ابن يحيى - فمن رجال مسلم. يونس: هو ابن يزيد الأيلي. وأخرجه عبد الرزاق "20763"، وأحمد 5/218، والحميدي "848"، وابن أبي شيبة 15/101، والطيالسي "1346"، والترمذي "2180" في الفتن: باب ما جاء "لتركبن سنن من كان قبلكم"، والنسائي في التفسير كما في "التحفة" 11/112، وأبو يعلى "1441"، والطبراني "3290" و"3291" و"3292" و"3293" و"3294"، وابنُ أبي عاصم في "السنة" "76" من طرق عن الزهري، بهذا الإسناد. وعند الترمذي وأبي يعلى أن ذلك كان عند خروجهم إلى خيبر، وهو خطأ صوابه "حنين" "وقد جاء في نسخة الترمذي التي اعتمدها المباركفوري في شرحه: حنين، والله أعلم بالصواب." وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح. وقوله: "اجعل لنا ذاتَ أنواط" قال ابن الأثير في "النهاية" 5/128: هي اسم شجرةٍ بعينها كانت للمشركين يَنُوطون بها سِلاحَهم: أي يُعَلِّقونه بها، ويَعْكُفون حَوْلَهَا، فسألوه أن يَجْعل لهم مثلها، فنَهاهم عن ذلك، وأنواط: جمع نَوْط، وهو مصدر سُمِّي به المَنُوط.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



گزرے یہ وہ بیری کا درخت تھا جس کے ارد گرد وہ لوگ اعتکاف کیا کرتے تھے وہ لوگ اسے ذات انواط کہتے تھے تو ہم نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ ہمارے لئے بھی کوئی ذات انواط مقرر کر دیں جس طرح کفار کا ذات انواط ہے تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ اکبر! یہ تو وہی ہو گیا جس طرح بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا تھا۔

"آپ ہمارے لئے بھی کوئی معبود بنادیں جس طرح ان لوگوں کا معبود ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا تھا: تم لوگ ایک ایسی قوم ہو جو جاہل ہو۔"

پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اپنے سے پہلے لوگوں کے طریقے پر ضرور عمل کرو گے۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَنَنَ مَنْ قَبْلَكُمْ اَرَادَ بِهِ اَهْلَ الْكِتَابَيْنِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ کے یہ فرمان: "اپنے سے پہلے لوگوں کے طریقوں" اس کے ذریعے آپ ﷺ کی مراد دو قسم کے اہل کتاب (یہودی اور عیسائی ہیں)

**6703** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَتَتَّبِعُنَّ سَنَنَ الَّذِيْنَ قَبْلَكُمْ شِبْرًا بِشِبْرٍ، وَذِرَاعًا بِذِرَاعٍ حَتّٰى لَوْ سَلَكُوْا جُحْرَ ضَبٍّ لَسَلَكْتُمُوْهُ، قُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَنْ؟

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"تم لوگ اپنے سے پہلے لوگوں کی بالشت کے ساتھ بالشت اور گز کے ساتھ گز کے مطابق ضرور پیروی کرو گے' یہاں تک کہ اگر وہ لوگ گوہ کے بل تک گئے تھے تو تم بھی وہاں ضرور جاؤ گے۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کیا یہودیوں اور عیسائیوں (کی ہم پیروی کریں گے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اور کس کی؟

---

6703- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن يحيى الذهلي فمن رجال البخاري. ابن أبي مريم: هو سعيد بن الحكم بن أبي مريم، وأبو غسان: هو محمد بن مطرف . وأخرجه أبو إسحاق إبراهيم بن محمد راوي "الصحيح" عن مسلم - عن محمد بن يحيى الذهلي، بهذا الإسناد . وقد ذكر في "صحيح مسلم " 4/2055 في العلم بإثر رواية مسلم التي قال: وحدثنا عدة من أصحابنا عن سعيد بن مريم . وأخرجه البخاري "3456" في أحاديث الأنبياء : باب ما ذكر عن بني إسرائيل، ومسلم "2669" في العلم، باب اتباع سنن اليهود والنصارى، وابنُ أبي عاصم في "السنة" "74" من طرقٍ عن سعيد بن أبي مريم، به. وأخرجه الطيالسي "2178"، وأحمد 3/84و89، والبخاري "7320" في الاعتصام: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "لتتبعن سنن من كان قبلكم"، ومسلم "2669"، والبغوي "4196" من طرق عن زيد بن أسلم، به. وأخرجه أحمد 3/94، وابن أبي عاصم "75" عن عبد الرزاق، عن معمر، عن زيد بن أسلم، عن رجل، عن أبي سعيد الخدري.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وُقُوْعِ الْفِتَنِ نَسْاَلُ اللّٰهَ السَّلَامَةَ مِنْهَا

## فتنوں کے واقع ہونے کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

## ہم ان کے حوالے سے اللہ تعالیٰ سے سلامتی کے طلب گار ہیں

**6704** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): بَادِرُوا بِالْاَعْمَالِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيْهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا، وَيُصْبِحُ كَافِرًا وَيُمْسِي مُؤْمِنًا، يَبِيعُ دِيْنَهُ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ایسے فتنوں کے آنے سے پہلے (نیک) اعمال میں جلدی کرو' جو تاریک رات کے ٹکڑوں کی مانند ہوں گے' جن میں آدمی صبح کے وقت مومن ہوگا اور شام کے وقت کافر ہوگا یا صبح کے وقت کافر ہوگا اور شام کے وقت مومن ہوگا۔ وہ دنیا کے سازوسامان کے عوض میں اپنے دین کو فروخت کردے گا۔''

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْفِتَنَ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا قَصَدَ الْعَرَبَ بِتَوَقُّعِهَا دُوْنَ غَيْرِهِمْ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' وہ فتنے جن کا ہم نے ذکر کیا ہے

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصود یہ ہے: وہ فتنے عربوں میں رونما ہوں گے' دوسرے لوگ مراد نہیں ہیں

**6705** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي الْغَيْثِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): ذَكَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ: وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ مِنْ فِتْنَةٍ عَمْيَاءَ صَمَّاءَ بَكْمَاءَ، الْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِي فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِي، وَيْلٌ لِلسَّاعِي فِيْهَا مِنَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

---

6704-إسناده صحيح على شرط مسلم، القعنبي: هو عبد الله بن مسلمة بن قعنب . وأخرجه الترمذي "2195" في الفتن: باب ما جاء "ستكون فتن كقطع الليل المظلم" والفريابي في "صفة المنافق" "101" عن قتيبة بن سعيد، عن عبد العزيز بن محمد الدراوردي، بهذا الإسناد. وقال الترمذي: هذا حديث صحيح. وأخرجه ابن أبي عاصم في "الزهد" "218" عن ابن كاسب، عن عبد العزيز بن محمد، وابن أبي حازم، عن العلاء ، به. وأخرجه أحمد 2/304و372و523، ومسلم "118" في الإيمان: باب الحث على المبادرة بالأعمال قبل تظاهر الفتن، والفريابي "102"و "103"و "102"و "103"، والبغوي "4223" من طرق عن العلاء ، به . وأخرجه بنحوه أحمد 2/390و390و391، والفريابي "102" "103"، والبغوي "4223" من طرق العلاء ، به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: عربوں کے لئے اس شر کی وجہ سے بربادی ہے' جو قریب آ چکا ہے وہ اندھے گونگے بہرے فتنے کی شکل میں ہے' جس میں بیٹھا ہوا شخص کھڑے ہوئے سے بہتر ہوگا کھڑا ہوا شخص چلنے والے سے بہتر ہوگا۔ چلنے والا شخص دوڑنے والے سے بہتر ہوگا اور اس میں دوڑنے والے کے لئے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی طرف سے بربادی ہے"۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الْأَمَارَاتِ الَّتِي تَظْهَرُ قَبْلَ وُقُوعِ الْفِتَنِ

## ان نشانیوں کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو فتنوں کے واقع ہونے سے پہلے نمودار ہوں گی

**6706** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ خَالِدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الزَّبَادِيَّ، حَدَّثَهُ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْ يَدِهٖ عَصًا، وَاَقْنَاءٌ مُعَلَّقَةٌ فِي الْمَسْجِدِ، قِنْوٌ مِّنْهَا حَشَفٌ، فَطَعَنَ بِذٰلِكَ الْعَصَا فِيْ ذٰلِكَ الْقِنْوِ، ثُمَّ قَالَ: لَوْ شَاءَ رَبُّ هٰذِهِ الصَّدَقَةِ، فَتَصَدَّقَ بِاَطْيَبَ مِنْهَا، اِنَّ صَاحِبَ هٰذِهِ الصَّدَقَةِ لَيَاْكُلُ الْحَشَفَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا فَقَالَ: اَمَا وَاللّٰهِ يَا اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ لَتَذَرُنَّها لِلْعَوَافِيْ، هَلْ تَدْرُوْنَ مَا الْعَوَافِيْ؟ ، قُلْنَا: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ، قَالَ: الطَّيْرُ وَالسِّبَاعُ

✿✿ حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے آپ ﷺ کے دست مبارک میں ایک عصاء تھا اس وقت مسجد میں (کھجوروں کے) کچھ گچھے لٹکے ہوئے تھے جن میں سے ایک گچھا ہلکی قسم کی کھجوروں کا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے اس عصاء کے ذریعے اس گچھے کو مارا اور یہ ارشاد فرمایا: یہ صدقہ کرنے والا شخص اگر چاہتا تو اس سے زیادہ پاکیزہ کھجوریں بھی صدقہ کرسکتا تھا یہ صدقہ کرنے والا شخص قیامت کے دن ہلکی قسم کی کھجوریں کھائے گا پھر نبی اکرم ﷺ

6774- إسناده حسن، صالح بن أبي عريب روى عنه جمع، وذكره المؤلف في الثقات 6/457، وروى له أصحاب السنن غير الترمذي، وباقي رجاله ثقات رجال الصحيح، غير عمرو بن أبي عاصم فقد روى له ابن ماجه وهو ثقة . وأخرجه عمر بن شبة في "تاريخ المدينة" 1/281، والطبراني "99"/18 عن أبي عاصم النبيل، بهذا الإسناد، وفيه" لتدعنها للعوافي أربعين عاما" وقد نسبه الحافظ في "الفتح" 4/108 إلى عمر بن شبة وقال: إسناده صحيح. وأخرجه أحمد 6/23و27، وأبو داود "1607"في الزكاة: باب ما لا يجوز عن الثمرة في الصدقة، والنسائي 5/43 - 44في الزكاة: باب قوله عز وجل "ولا تيمموا الخبيث منه تنفقون"، وابن ماجه"8121" في الزكاة: باب النهي أن يخرج الصدقة شر ماله، من طرق عن يحيى بن سعيد القطان، عن عبد الحميد بن جعفر، به. ولم يذكر أحد فيه قصة المدينة، غير أحمد في الموضع الأول، وسقط من إسناده عنده فيه "يحيى بن سعيد ." وفي الباب في قصة تعليق القنو في المسجد، عن البراء بن عازب عند الترمذي "2987"، وابن ماجه"1822"، وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


ہماری طرف متوجہ ہوئے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم! اے اہل مدینہ تم لوگ (اس مدینہ منورہ کو) درندوں کے لئے چھوڑ جاؤ گے کیا تم لوگ جانتے ہو عوافی سے مراد کیا ہے ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پرندے اور درندے (مراد ہیں)

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنْ سَتَكُوْنَ الْمَدِيْنَةُ خَيْرًا لِاَهْلِهَا مِنَ الِانْجِلَاءِ عَنْهَا لَوْ عَلِمُوْهُ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ مدینہ منورہ وہاں رہنے والوں کے لیے اس کو چھوڑ کر جانے سے زیادہ بہتر ہوگا، اگر انہیں اس بات کا علم ہو

**6775** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَنْفِيَ الْمَدِيْنَةُ شِرَارَهَا كَمَا يَنْفِى الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيْدِ، قَالَ: وَيَاْتِىْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَدْعُو الرَّجُلُ قَرِيبَهُ وَحَمِيمَهُ اِلَى الرَّخَاءِ، وَالْمَدِيْنَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُوْنَ

❁❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک مدینہ منورہ اپنے بدترین لوگوں کو اس طرح باہر نہیں نکال دے گا، جس طرح بھٹی لوہے کی میل (یعنی زنگ) کو ختم کر دیتی ہے۔"

نبی اکرم ﷺ نے یہ بھی ارشاد فرمایا: لوگوں پر ایسا زمانہ بھی آئے گا، جب کوئی شخص اپنے رشتے دار یا اپنے دوست کو خوشحالی کی طرف بلائے گا حالانکہ اگر ان لوگوں کو علم ہو تو مدینہ ان کیلئے زیادہ بہتر ہے۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْمَدِيْنَةَ تُعَمَّرُ ثَانِيًا بَعْدَ مَا وَصَفْنَاهُ

## اس روایت کا تذکرہ، جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: مدینہ منورہ کو دوبارہ آباد کیا جائے گا جو اس صورت حال کے بعد ہوگا، جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

**6776** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ ذَرِيحٍ، بِعُكْبَرَا، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ، قَالَ:

---

6775- إسناده صحيح على شرط مسلم. وانظر الحديث رقم "3734"

6776- إسناده ضعيف، جنادة بن سلم والد سلم، ضعفه أبو حاتم وأبو زرعة الرازيان، وأشار الذهبي في "الكاشف" إلى ضعفه، وقال الساجي: حدث عن هشام بن عروة حديثا منكرا، ووثقه المؤلف وكذا شيخه ابن خزيمة . وأخرجه الترمذي في "سننه" "3919" في المناقب: باب فضل المدينة، وفي "العلل الكبير " 2/945" عن سلم بن جنادة، بهذا الإسناد . وقال الترمذي في "السنن": هذا الحديث حسن غريب لا نعرفه من حديث جنادة عن هشام بن عروة، وتعجب محمد بن إسماعيل من حديث أبي هريرة هذا.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایۃ

www.KitaboSunnat.com



حَدَّثَنَا اَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): آخِرُ قَرْيَةٍ فِی الْاِسْلَامِ خَرَابًا الْمَدِيْنَةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''مسلمانوں کی آخری برباد ہونے والی بستی مدینہ منورہ ہوگی۔''

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وُجُوْدِ كَثْرَةِ الزَّلَازِلِ فِیْ آخِرِ الزَّمَانِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آخری زمانے میں بکثرت زلزلے رونما ہوں گے

6777 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَيْرِ بْنِ يُوْسُفَ، بِدِمَشْقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَرْطَاةُ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ ضَمْرَةُ بْنُ حَبِيْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَلَمَةَ بْنَ نُفَيْلٍ السَّكُوْنِیَّ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُوْحٰى اِلَيْهِ، فَقَالَ: اِنِّیْ غَيْرُ لَابِثٍ فِيْكُمْ، وَلَسْتُمْ لَابِثِيْنَ بَعْدِیْ اِلَّا قَلِيْلًا، وَسَتَاْتُوْنِیْ اَفْنَادًا، يُفْنِیْ بَعْضُكُمْ بَعْضًا، وَبَيْنَ يَدَیِ السَّاعَةِ مُوْتَانٌ شَدِيْدٌ، وَبَعْدَهُ سَنَوَاتُ الزَّلَازِلِ

حضرت سلمہ بن نفیل سکونی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف وحی نازل ہو رہی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں زیادہ عرصہ تمہارے درمیان نہیں رہوں گا اور تم لوگ بھی میرے بعد زیادہ عرصہ نہیں رہو گے تم لوگ عنقریب ایسی صورت حال کا شکار ہو گے' جس میں ایک دوسرے کو فنا کر دے گا اور قیامت سے پہلے دو شدید قسم کی عام اموات ہوں گی اور اس کے بعد کچھ سال زلزلے آتے رہیں گے۔

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ تَغْيِيْرِ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ فِیْ آخِرِ الزَّمَانِ عِنْدَ خُرُوْجِ الدَّجَّالِ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آخری زمانے میں دجال کے خروج کے وقت

6777- إسناده صحيح. أبو المغيرة: هو عبد القدوس بن الحجاج الخولاني. وأخرجه أحمد 4/104 عن أبي المغيرة، بهذا الإسناد. وقال في أوله: "كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إذ قال قائل: يا رسول الله، هل أتيت بطعام من السماء؟ قال: "نعم"، قال: وبماذا؟ قال: "بمسخنة" في "المسند" "بسخنة"، والمسخنة: قدر يسخن فيها الطعام، قال: فهل كان فيها فضل عنك؟ قال: "نعم"، قال: فما فعل به؟ قال: رفع، وهو يوحى إلي أني مكفوت غير لابث "....، فذكره. وأخرجه بهذه الزيادة أبو يعلى 2/ورقة 317، ومن طريقه ابن الأثير في "أسد الغابة" 2/435 من طريق مبشر، والطبراني "6356" من طريق الحكم بن نافع، كلاهما عن أرطاة بن المنذر، به. وقال الهيثمي في "المجمع" 7/306: رجاله ثقات. وأخرج هذه الزيادة وحدها البزار "2422" عن سلمة بن شبيب وإبراهيم بن هانىء، كلاهما عن أبي المغيرة، به. وأخرجه مختصرا إلى قوله "يفني بعضكم بعضا" في حديث مطول: أحمد 4/104، والنسائي 6/214 - 215 في أول كتاب الخيل، والطبراني "6357" من طريق الوليد بن عبد الرحمن الجرشي عن جبير بن نفير، عن سلمة بن نفيل السكوني ... وانظر حديث واثلة بن الأسقع المتقدم عند المؤلف برقم "6646".

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

## مسلمانوں کے دلوں میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی

**6778** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُرَاقَةَ، عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ قَبْلِي اِلَّا وَقَدْ اَنْذَرَ قَوْمَهُ الدَّجَّالَ، وَاِنِّي اُنْذِرُكُمُوْهُ، قَالَ: فَوَصَفَهُ لَنَا، وَقَالَ: لَعَلَّهُ اَنْ يُدْرِكَهُ بَعْضُ مَنْ رَآنِي، اَوْ سَمِعَ كَلَامِي، قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قُلُوْبُنَا يَوْمَئِذٍ مِثْلُهَا الْيَوْمَ؟ فَقَالَ: اَوْ خَيْرٌ

❁❁ حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''مجھ سے پہلے ہر نبی نے اپنی قوم کو دجال سے ڈرایا ہے اور میں بھی تمہیں اس سے ڈرا رہا ہوں۔ راوی کہتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے سامنے اس کا حلیہ بیان کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہوسکتا ہے اس تک کوئی ایسا شخص پہنچ جائے جس نے میری زیارت کی ہو' یا اس نے میرا کلام سنا ہو۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس دن ہمارے قلوب آج کے دن کی مانند ہوں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس سے بھی بہتر ہوں گے۔''

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ عِزَّةِ الدِّيْنِ وَاِظْهَارِهِ فِي آخِرِ الزَّمَانِ

## اس زمانے میں دین کے غلبے اور اس کے اظہار کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

**6779** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا عَمِّي، حَدَّثَنَا اَبِي، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَكُوْنَ السَّجْدَةُ الْوَاحِدَةُ خَيْرًا مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

6778- إسناده ضعيف، عبد الله بن سراقة لم يرو عنه عبد الله بن شقيق، ولم يوثقه غير المؤلف والعجلي، وقال البخاري: لا يعرف له سماع من أبي عبيدة . وذكره ابن كثير في "النهاية" 1/153، ونسبه لأحمد وأبي داود والترمذي، وقال: ولكن في إسناده غرابة، ولعل هذا كان قبل أن يبين له صلى الله عليه وسلم من أمر الدجال ما بين في ثاني الحال . وأخرجه أحمد 1/195 عن عفان بن مسلم، بهذا الإسناد، وقرن بعفان عبد الصمد . وأخرجه أبو داود "4756" في السنة: باب في الدجال، والحاكم 4/542 - 543عن موسى بن إسماعيل، والترمذي "2243" في الفتن: باب ما جاء في الدجال، عن عبد الله بن معاوية الجمحي، كلاهما عن حماد بن سلمة، به. وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب من حديث أبي عبيدة بن الجراح . وعلقه البخاري في "تاريخه" 5/97، فقال بعد أن ساقه مختصرا: قاله موسى، عن حماد بن سلمة، به . وأخرجه مختصرا أحمد 1/195، والحاكم 4/542 عن محمد بن جعفر، عن شعبة. عن خالد الحذاء، به، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي.!

www.KitaboSunnat.com



''قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک ایک سجدہ دنیا اور اس میں موجود ساری چیزوں سے زیادہ بہتر نہیں ہو گا۔''

## ذِكْرُ اِنْذَارِ الْاَنْبِيَاءِ اُمَمَهُمُ الدَّجَّالَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَتِهٖ

## انبیاء کرام علیہم السلام کا اپنی امتوں کو دجال سے ڈرانے کا تذکرہ' ہم اس کے فتنے سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

**6780** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَاضِرٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا مِنْ نَبِيٍّ اِلَّا وَقَدْ اَنْذَرَ اُمَّتَهُ الدَّجَّالَ، وَاِنِّي سَاُبَيِّنُ لَكُمْ شَيْئًا تَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ كَذٰلِكَ، اِنَّهُ اَعْوَرُ، وَاِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِاَعْوَرَ، وَاِنَّهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ مَكْتُوْبٌ كَافِرٌ يَقْرَؤُهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ كَاتِبٍ وَّغَيْرِ كَاتِبٍ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ہر نبی نے اپنی امت کو دجال سے ڈرایا ہے اور میں تمہارے سامنے کچھ ایسی چیزیں بیان کروں گا' جس سے تمہیں پتہ چل جائے گا کہ یہی (دجال) ہے' وہ کانا ہوگا حالانکہ تمہارا پروردگار کانا نہیں ہے' اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوا ہوگا' جسے ہر مومن پڑھ لے گا خواہ وہ پڑھا لکھا ہو' یا نہ ہو۔''

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ تَحْذِيرِ الْاَنْبِيَاءِ اُمَمَهُمْ فِتْنَةَ الْمَسِيحِ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْهُ

## انبیاء کرام علیہم السلام کا اپنی امتوں کو دجال کے فتنے سے ڈرانے کا تذکرہ' ہم اس سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

**6781** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بِسْطَامٍ، بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْعَبَّاسِ الْاَهْوَازِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ الْعُقَيْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

---

6779–إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبيد الله بن سعد فمن رجال البخاري. عم عبيد الله بن سعد: هو يعقوب بن إبراهيم بن سعد الزهري المدني . وأخرجه بأطول مما هنا: البخاري "3448" في أحاديث الأنبياء : باب نزول عيسى بن مريم حاكما بشريعة محمد صلى الله عليه وسلم، من طرق عن يعقوب بن إبراهيم بن سعد، بهذا الإسناد، ولفظه "والذي نفسي بيده، ليوشكن أن ينزل فيكم ابن مريم عدلا، فيكسر الصليب، ويقتل الخنزير، ويضع الحرب، ويفيض المال حتى لا يقبله أحد، حتى تكون السجدة الواحدة خير من الدنيا وما فيها ." وسيأتي هذا الحديث عند المؤلف برقم "6818"، وليس فيه قوله "حتى تكون السجدة ... ."

6780–إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محاضر - وهو ابن مورع الهمداني - فقد روى له البخاري تعليقا، ومسلم حديثا واحدا متابعة، وهو صدوق. وانظر الحديث "6785"، القطعة الأخيرة منه.

6781– إسناده قابل للتحسين لو سلم من عنعنة الحسن، فإن محمد بن مروان العقيلي صدوق له أوهام، وباقي رجاله ثقات . وهذا الحديث لم أجده عند غير المؤلف.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



مُغَفَّلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):اِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ اِلَّا حَذَّرَ اُمَّتَهُ الدَّجَّالَ، وَاِنِّي اُنْذِرُكُمُوهُ، وَاِنَّهُ كَائِنٌ فِيكُمْ

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"ہر نبی نے اپنی امت کو دجال سے ڈرایا ہے میں بھی تم لوگوں کو اس سے ڈرا رہا ہوں وہ تمہارے درمیان ہی ظاہر ہو گا۔"

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الدَّجَّالَ اِذَا خَرَجَ يَكُوْنُ مَعَهُ الْمِيَاهُ وَالطَّعَامُ

## اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: جب دجال نکلے گا' تو اس کے ساتھ پانی اور کھانا ہوگا

**6782** - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ، قَالَ:

(متن حدیث):مَا سَاَلَ اَحَدٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّجَّالِ اَكْثَرَ مَا سَاَلْتُهُ، فَقَالَ: اِنَّهُ لَنْ يَضُرَّكَ، قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، يَزْعُمُوْنَ اَنَّ مَعَهُ الْاَنْهَارَ وَالطَّعَامَ، قَالَ: هُوَ اَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دجال کے بارے میں کسی نے اتنے سوالات نہیں کئے جتنے سوالات میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی لوگ یہ کہتے ہیں: اس کے ساتھ نہریں اور کھانا ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس سب کے باوجود وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حقیر ترین ہوگا۔

## ذِكْرُ رُؤْيَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَ صَيَّادٍ بِالْمَدِيْنَةِ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مدینہ منورہ میں ابن صیاد کو دیکھنے کا تذکرہ

**6783** - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

---

6782–إسناده صحيح على شرط الشيخين. عيسى بن يونس: هو ابن أبي إسحاق السبيعي . وأخرجه أحمد 4/246و248و252، والبخاري "7122" في الفتن: باب ذكر الدجال، ومسلم "2152" في الآداب: باب جواز قوله لغير ابنه "يا بني " و"2939" في الفتن: باب في الدجال وهو أهون على الله عز وجل، وابن ماجه "4083" في الفتن: باب في فتنة الدجال وخروج عيسى ابن مريم وخروج يأجوج ومأجوج، والطبراني "950"/20 و"951" و"952" و"954" و"955" و"956" و"957" و"958"، وابن منده في "الإيمان" "1030"و"1031"، والبغوي "4260" من طرق عن إسماعيل بن أبي خالد، بهذا الإسناد. وانظر الحديث رقم "6800".

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): کُنْتُ اَمْشِی مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَمَرَّ بِابْنِ صَیَّادٍ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّی قَدْ خَبَاْتُ لَكَ خَبأً ، فَقَالَ: هُوَ الدُّخُّ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اخْسَاْ، فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ ، قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: دَعْنِی فَاَضْرِبَ عُنُقَهُ، قَالَ: لَا اِنْ یَکُنِ الَّذِی تَخَافُ فَلَنْ تَسْتَطِیعَ قَتْلَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چلتا ہوا جا رہا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ابن صیاد کے پاس سے ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے تمہارے لئے ایک بات ذہن میں سوچی ہے اس نے جواب دیا: وہ دخ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دفع ہو جاؤ' تم اپنی اوقات سے آگے نہیں بڑھ سکو گے۔ راوی کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے موقع دیجئے کہ میں اس کی گردن اڑا دوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں اگر تو یہ وہی ہے' جس کا تمہیں اندیشہ ہے' تو پھر تم اسے قتل نہیں کر سکو گے۔

## ذِکْرُ وَصْفِ الْعَرْشِ الَّذِی کَانَ یَرَاهُ ابْنُ صَیَّادٍ فِی تِلْكَ الْاَیَّامِ

## تخت کی اس صفت کا تذکرہ' جو ابن صیاد نے ان دنوں میں دیکھا تھا

**6784** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَیْمَانَ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ اَبِی نَضْرَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): لَقِیَ نَبِیُّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ابْنَ صَائِدٍ، وَمَعَهُ اَبُوْ بَکْرٍ وَّعُمَرُ، قَالَ: وَابْنُ صَائِدٍ مَعَ الْغِلْمَانِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَتَشْهَدُ اَنِّی رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ ، قَالَ: اَتَشْهَدُ اَنِّی رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ فَقَالَ نَبِیُّ اللّٰهِ: آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهِ ، قَالَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَرٰی؟ ، قَالَ: اَرٰی عَرْشًا عَلَی الْمَاءِ، فَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: تَرٰی عَرْشَ اِبْلِیسَ عَلَی الْبَحْرِ ، قَالَ: انْظُرْ مَا تَرٰی؟ ، قَالَ: اَرٰی صَادِقِینَ وَکَاذِبِینَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لُبِسَ عَلٰی نَفْسِهِ فَدَعَاهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات ابن صائد سے ہوئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے راوی کہتے ہیں: ابن صائد اس وقت لڑکوں کے ساتھ (کھیل رہا تھا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا: کیا تم اس بات کی گواہی دیتے ہو کہ میں اللہ کا رسول ہوں اس نے دریافت کیا: کیا آپ اس

6783–إسناده صحيح على شرط الشيخين. إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه، وأبو معاوية: هو محمد بن خازم الضرير. وأخرجه مسلم "86""2924" في الفتن: باب ذكر ابن صياد، عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد، وقرن بإسحاق بن إبراهيم محمد بن عبد الله بن نمير وأبا كريب . وأخرجه أحمد 1/380عن أبي معاوية، به. وأخرجه بنحوه مسلم أيضا "85""2924" والطحاوي في "مشكل الآثار" 4/99من طرق عن جرير، عن الأعمش، عن أبي وائل، به.

6784–إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو نضرة: هو المنذر بن مالك بن قُطَعة. وأخرجه مسلم "2926" في الفتن: باب ذكر ابن صياد، عن محمد بن عبد الأعلى، بهذا الإسناد. وقرن بمحمد يحيى بن حبيب . وأخرجه في حديث مطول أحمد 3/368، الطحاوي في "مشكل الآثار" 4/96 - 97، والبغوي "4274" من طريق إبراهيم بن طهمان، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰه.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



بات کی گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں اللہ تعالیٰ اور اس کے (حقیقی اور سچے) رسولوں پر ایمان رکھتا ہوں۔ راوی کہتے ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: تم کیا دیکھتے ہو اس نے جواب دیا: میں پانی پر تخت دیکھتا ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہیں سمندر پر ابلیس کا تخت نظر آتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: تم اس بات کا جائزہ لو کہ تم کیا دیکھتے ہو؟ اس نے جواب دیا: میں کچھ سچے اور کچھ جھوٹے لوگوں کو دیکھتا ہوں' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس کا معاملہ مشتبہ ہو چکا ہے' پھر نبی اکرم ﷺ نے اسے چھوڑ دیا۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الْوَقْتِ الَّذِیْ وُلِدَ فِیْهِ الدَّجَّالُ

## اس وقت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جس میں دجال پیدا ہوگا

**6785** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، اَخْبَرَهُ: اَنَّ ابْنَ عُمَرَ، اَخْبَرَهُ:

(متن حدیث): اَنَّ عُمَرَ انْطَلَقَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ رَهْطٍ قِبَلَ ابْنِ صَيَّادٍ، حَتّٰى وَجَدُوْهُ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ عِنْدَ اُطُمِ بَنِیْ مَغَالَةَ، وَقَدْ قَارَبَ ابْنُ صَيَّادٍ يَوْمَئِذٍ الْحُلُمَ، فَلَمْ يَشْعُرْ حَتّٰى ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ظَهْرَهُ بِيَدِهِ، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ لِابْنِ صَيَّادٍ: اَتَشْهَدُ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ ، فَقَالَ ابْنُ صَيَّادٍ: اَتَشْهَدُ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَرَفَصَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَقَالَ: آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهِ ، ثُمَّ، قَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ: مَاذَا تَرٰى؟ ، قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ: يَاْتِيْنِیْ صَادِقٌ وَّكَاذِبٌ، قَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُلِطَ عَلَيْكَ الْاَمْرُ ، ثُمَّ، قَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَبَّاْتُ لَكَ خَبْاً ، فَقَالَ ابْنُ صَيَّادٍ: هُوَ الدُّخُّ، فَقَالَ لَهُ

---

6785–إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى، فمن رجال مسلم، وهو في "صحيحه" "2930" "2931" في الفتن: باب ذكر ابن صياد، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "1354" و"1355" في الجنائز: باب إذا أسلم الصبي فمات هل يصلى عليه، وهل يعرض على الصبي الإسلام؟ "3337" في أحاديث الأنبياء: باب قول الله عز وجل (ولقد أرسلنا نوحا إلى قومه) عن عبدان، عن عبد الله بن المبارك، عن يونس، به. وهو في الموضع الأول عنده إلى قوله صلى الله عليه وسلم: "لو تركته بين" وفي الموضع الثاني القسم الأخير منه. وأخرجه بتمامه ومقطعا عبد الرزاق "20817" و"20819" و"20820"، وأحمد 2/148 و149، والبخاري "3055" و"3056" و"3057"، وفي الجهاد: باب كيف يعرض الإسلام على الصبي، و"6618"، في القدر: باب يحول بين المرء وقلبه، ومسلم "2930" "97"، وأبو داود "4329" في الملاحم: باب في خبر ابن صائد، والترمذي "2235" في الفتن: باب ما جاء في علامة الدجال، و"2249": باب ما جاء في ذكر ابن صائد، والبغوي "4255" من طريق معمر. وأخرجه البخاري "2638" في الشهادات: باب شهادة المختبىء، و"6173" و"6174" و"6175" في الأدب: باب قول الرجل للرجل: اخسأ، وفي "الأدب المفرد" "958"، والبغوي "4270" من طريق شعيب بن أبي حمزة، وعلقه أيضا البخاري "3033" في الجهاد: باب ما يجوز من الاحتيال والحذر مع من يخشى معرته، ووصله الإسماعيلي في "مستخرجه" - كما في "التغليق" 3/456 - من طريق عقيل بن خالد، وأخرجه أحمد 2/148 - 149 والبخاري "7127" في الفتن: باب ذكر الدجال، ومسلم "96" "2930"، وابن منده في "الإيمان" "1040" و"1041" من طريق صالح بن كيسان، أربعتهم "معمر وشعيب وعقيل وصالح" عن الزهري به.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْسَأْ، فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: دَعْنِي يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَضْرِبْ عُنُقَهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ: اِنْ اَدْرَكْتَهُ فَلَنْ تُسَلَّطَ عَلَيْهِ، وَاِنْ لَمْ تُدْرِكْهُ فَلَا خَيْرَ لَكَ فِي قَتْلِهِ

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: قَالَ سَالِمٌ: وَسَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: انْطَلَقَ بَعْدَ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ اِلَى النَّخْلِ الَّتِي فِيْهَا ابْنُ صَيَّادٍ، حَتّٰى اِذَا دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ النَّخْلَ طَفِقَ يَتَّقِي بِجُذُوْعِ النَّخْلِ وَهُوَ يُحِبُّ اَنْ يَّسْمَعَ مِنِ ابْنِ صَيَّادٍ شَيْئًا قَبْلَ اَنْ يَّرَاهُ ابْنُ صَيَّادٍ، فَرَآهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَهُوَ مُضْطَجِعٌ عَلٰى فِرَاشٍ فِي قَطِيْفَةٍ لَهُ فِيْهَا زَمْزَمَةٌ، فَرَاَتْ اُمُّ ابْنِ صَيَّادٍ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَهُوَ يَتَّقِي بِجُذُوْعِ النَّخْلِ، فَقَالَتْ لِابْنِ صَيَّادٍ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ: لَوْ تَرَكَتْهُ ، قَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فِي النَّاسِ، فَاَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهُ ثُمَّ ذَكَرَ الدَّجَّالَ، فَقَالَ: اِنِّي اُنْذِرُكُمُوْهُ، مَا مِنْ نَبِيٍّ اِلَّا قَدْ اَنْذَرَ قَوْمَهُ، لَقَدْ اَنْذَرَ نُوْحٌ قَوْمَهُ، وَلٰكِنِّي اَقُوْلُ لَكُمْ فِيْهِ قَوْلًا لَمْ يَقُلْهُ نَبِيٌّ لِقَوْمِهِ: تَعَلَّمُوْا اَنَّهُ اَعْوَرُ، وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِاَعْوَرَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ کچھ لوگوں سمیت ابن صیاد کی طرف گئے' یہاں تک کہ ان حضرات نے اسے بنو مغالہ کی عمارت کے قریب دوسرے بچوں کے ساتھ کھیلتے ہوئے پایا ان دنوں ابن صیاد بالغ ہونے کے قریب تھا اسے یہ پتہ نہیں چل سکا' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی پشت پر اپنا ہاتھ مارا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن صیاد سے کہا: کیا تم اس بات کی گواہی دیتے ہو میں اللہ کا رسول ہوں۔ ابن صیاد نے کہا: کیا آپ اس بات کی گواہی دیتے ہیں میں اللہ کا رسول ہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پرے کرتے ہوئے کہا میں اللہ اور (اس کے سچے) رسولوں پر ایمان رکھتا ہوں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا: تم کیا چیز دیکھتے ہو۔ ابن صیاد نے کہا: میرے پاس ایک سچا اور ایک جھوٹا آتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا تم پر معاملہ خلط ملط ہو گیا ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا: میں نے تمہارے لئے ایک بات سوچی ہے۔ ابن صیاد نے کہا: وہ درخ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا تم دفع ہو جاؤ تم اپنی اوقات سے آگے نہیں بڑھ سکو گے۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: یارسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے موقع دیجئے کہ میں اس کی گردن اڑا دوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا اگر تم اس تک پہنچ بھی گئے تو اس پر غالب نہیں آسکو گے اور اگر تم اس تک نہ پہنچے تو پھر اسے قتل کرنے میں تمہارے لئے کوئی بھلائی نہیں ہے۔

ابن شہاب کہتے ہیں: سالم نے یہ بات بیان کی ہے میں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ بات ارشاد کرتے ہوئے سنا: اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کھجوروں کے اس باغ کی طرف تشریف لے گئے جس میں ابن صیاد موجود تھا۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھجوروں کے باغ میں داخل ہوئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھجوروں کی شاخوں سے خود کو چھپانے کی کوشش کرنے لگے آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ چاہتے تھے کہ ابن صیاد کے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھنے سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف سے کوئی بات سن لیں۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دیکھا تو وہ بستر پر لیٹا ہوا تھا اور اس نے چادر اوڑھی ہوئی تھی' جس میں سے بھنبھناہٹ کی آواز آرہی تھی جب

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



ابن صیاد کی ماں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ کھجوروں کی شاخوں کے پیچھے چھپنا چاہ رہے ہیں' تو اس نے ابن صیاد سے کہا: (کہ نبی اکرم ﷺ یہاں موجود ہیں) تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر تم اسے ایسے ہی رہنے دیتی (تو یہ زیادہ بہتر تھا)۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ لوگوں کے درمیان کھڑے ہوئے آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی شان کے مطابق اس کی حمد وثناء بیان کی' پھر آپ ﷺ نے دجال کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: میں تم لوگوں کو اس سے ڈرا رہا ہوں ہر نبی نے اپنی قوم کو (اس سے) ڈرایا ہے۔ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو ڈرایا ہے' لیکن میں تمہیں اس کے بارے میں ایک ایسی بات بتا رہا ہوں' جو کسی بھی نبی نے اپنی قوم کو نہیں بتائی تم لوگ یہ بات جان لو کہ وہ کانا ہوگا اور بے شک اللہ تعالیٰ کانا نہیں ہے۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْمَلْحَمَةِ الَّتِي تَكُونُ لِلْمُسْلِمِينَ مَعَ بَنِي الْأَصْفَرِ قَبْلَ خُرُوجِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ

## اس گھمسان کی لڑائی کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو دجال کے نکلنے سے پہلے مسلمانوں کی بنو اصفر (یعنی اہل مغرب) کے ساتھ ہوگی

**6786** - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ اُسَيْرِ بْنِ جَابِرٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): هَاجَتْ رِيحٌ وَنَحْنُ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ، فَغَضِبَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ حَتّٰى عَرَفْنَا الْغَضَبَ فِيْ وَجْهِهِ، فَقَالَ: وَيْحَكَ، اِنَّ السَّاعَةَ لَا تَقُوْمُ حَتّٰى لَا يُقْسَمَ مِيْرَاثٌ، وَلَا يُفْرَحَ بِغَنِيْمَةٍ، ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهِ اِلَى الشَّامِ وَقَالَ: عَدُوٌّ يَّجْتَمِعُ لِلْمُسْلِمِيْنَ مِنْ هَاهُنَا فَيَلْتَقُوْنَ، فَتُشْتَرَطُ شُرْطَةُ الْمَوْتِ: لَا تَرْجِعُ اِلَّا وَهِيَ غَالِبَةٌ، فَيَقْتَتِلُوْنَ حَتّٰى تَغِيْبَ الشَّمْسُ فَيَفِيْءُ هٰؤُلَاءِ وَهٰؤُلَاءِ، وَكُلٌّ غَيْرُ غَالِبٍ، وَتَفْنَى الشُّرْطَةُ ثُمَّ تُشْتَرَطُ الْغَدَ شُرْطَةُ الْمَوْتِ: لَا تَرْجِعُ اِلَّا وَهِيَ غَالِبَةٌ فَيَقْتَتِلُوْنَ حَتّٰى تَغِيْبَ الشَّمْسُ، فَيَفِيْءُ هٰؤُلَاءِ وَهٰؤُلَاءِ، وَكُلٌّ غَيْرُ غَالِبٍ، وَتَفْنَى الشُّرْطَةُ ثُمَّ تُشْتَرَطُ الْغَدَ شُرْطَةُ الْمَوْتِ فِي الْيَوْمِ الثَّالِثِ: لَا تَرْجِعُ اِلَّا وَهِيَ غَالِبَةٌ، فَيَقْتَتِلُوْنَ حَتّٰى تَغِيْبَ الشَّمْسَ فَيَفِيْءُ هٰؤُلَاءِ وَهٰؤُلَاءِ، وَكُلٌّ غَيْرُ غَالِبٍ وَتُفْنَى الشُّرْطَةُ، ثُمَّ يَلْتَقُوْنَ فِي الْيَوْمِ الرَّابِعِ، فَيُقَاتِلُوْنَهُمْ

6786- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي قتادة: وهو العدوي، قيل اسمه تميم بن نذير، وقيل: ابن زهير، وقيل: اسمه نذير بن قنفذ، فمن رجال مسلم . وهو في "مسند أبي يعلى" "5253"، وما بين حاصرتين منه. وأخرجه الطيالسي "392" عن عثمان بن المغيرة، ومهران بن ميمون، وابن فضالة، وابن أبي شيبة 15/138 - 139، وأحمد 1/384 - 385و435، ومسلم "2899" في الفتن: باب إقبال الروم في كثرة القتل عند خروج الدجال، وأبو يعلى "5381"، والحاكم 4/476 - 477من طريق أيوب، ومسلم "2899" من طريق سليمان بن المغيرة، خمستهم عن حميد بن هلال، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم على شرط الشيخين ووافقه الذهبي ! وأخرجه عبد الرزاق "20812"، ومن طريقه البغوي "4247" عن معمر، عن أيوب، عن حميد بن هلال، عن رجل سماه، عن ابن مسعود.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایۃ

www.KitaboSunnat.com



وَيَهْزِمُونَهُمْ حَتّٰى تَبْلُغَ الدِّمَاءُ نَحْرَ الْخَيْلِ، وَيَقْتَتِلُونَ حَتّٰى إِنَّ بَنِي الْأَبِ، كَانُوا يَتَعَادُّونَ عَلٰى مِائَةٍ، فَيُقْتَلُونَ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنْهُمْ رَجُلٌ وَاحِدٌ، فَأَيُّ مِيرَاثٍ يُقْسَمُ بَعْدَ هٰذَا وَأَيُّ غَنِيمَةٍ يُفْرَحُ بِهَا، ثُمَّ يَسْتَفْتِحُونَ الْقُسْطَنْطِينِيَّةَ، فَبَيْنَمَا هُمْ يَقْسِمُونَ الدَّنَانِيرَ بِالتِّرَسَةِ، إِذْ أَتَاهُمْ فَزَعٌ أَكْبَرُ مِنْ ذٰلِكَ: إِنَّ الدَّجَّالَ قَدْ خَرَجَ فِي ذَرَارِيكُمْ، فَيَرْفُضُونَ مَا فِي أَيْدِيهِمْ وَيُقْبِلُونَ، وَيَبْعَثُونَ طَلِيعَةَ فَوَارِسَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُمْ يَوْمَئِذٍ خَيْرُ فَوَارِسِ الْأَرْضِ إِنِّي لَأَعْلَمُ أَسْمَاءَهُمْ وَأَسْمَاءَ آبَائِهِمْ وَقَبَائِلِهِمْ وَأَلْوَانَ خُيُولِهِمْ

اسیر بن جابر بیان کرتے ہیں: تیز ہوا چل پڑی ہم اس وقت حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ غصہ میں آ گئے' یہاں تک کہ ہمیں ان کے چہرے پر غصہ کے آثار محسوس ہو گئے انہوں نے فرمایا تمہارا ستیاناس ہو قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک وراثت کی تقسیم ختم نہیں ہو جاتی اور غنیمت کے ذریعے خوش نہیں ہوا جاتا' پھر انہوں نے اپنے ہاتھ کے ذریعے شام کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: اس طرف دشمن مسلمانوں کے لئے اکٹھا ہوگا پھر ان کا آمنا سامنا بھی ہوگا اور یہ شرط عائد کی جائے گی کہ مر جائیں گے (لیکن واپس نہیں جائیں گے) تو واپس وہی جائے گا' جو غالب ہوگا یہ لوگ لڑائی کرتے رہیں گے' یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے گا' تو یہ لوگ بھی واپس چلے جائیں گے وہ لوگ بھی واپس چلے جائیں گے کوئی بھی غالب نہیں آیا ہوگا اور شرط کا وقت بھی ختم ہو جائے گا پھر اگلے دن موت کی شرط رکھی جائے گی کہ وہی واپس آئے گا' جو غالب ہوگا پھر وہ لڑائی کریں گے' یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے گا یہ بھی واپس آ جائیں گے اور وہ بھی واپس چلے جائیں گے دونوں میں سے کوئی بھی غالب نہیں آیا ہوگا اور شرط ختم ہو جائے گی پھر اس سے اگلے دن تیسرے دن موت کی شرط عائد کی جائے گی کہ وہی واپس آئے گا' جو غالب ہوگا وہ لوگ لڑائی کرتے رہیں گے' یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے گا' تو وہ گروہ بھی واپس چلا جائے گا یہ بھی واپس چلا جائے گا کوئی غالب نہیں آیا ہوگا پھر چوتھے دن ان کے درمیان لڑائی ہوگی' تو یہ ان کے ساتھ لڑائی کرتے ہوئے انہیں پسپاء کر دیں گے' یہاں تک کہ خون گھوڑوں کی گردن تک پہنچ جائے گا اور لڑائی ہوتی رہے گی یہاں تک کہ ایک ہی باپ کے بیٹے ایک سو لوگوں کے ساتھ مقابلہ کریں گے' تو وہ مارے جائیں گے' یہاں تک کہ ان میں سے صرف ایک شخص باقی رہ جائے گا' تو پھر اس کے بعد وراثت کیسے تقسیم ہوگی اور پھر کون سی غنیمت کے ہمراہ خوشی حاصل کی جائے گی پھر لوگ قسطنطنیہ کو فتح کریں گے ابھی وہ دینار اور ڈھالیں تقسیم کر رہے ہوں گے کہ اسی دوران بڑی پریشان کن چیز ان تک آ جائے گی دجال تمہاری اولادوں کے درمیان ظہور پذیر ہوگا' تو ان لوگوں کے ہاتھوں میں جو کچھ ہوگا وہ اسے پھینکیں گے اور آ جائیں گے وہ لوگ اپنے گھڑ سواروں کو بھیجیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: وہ اس دن روئے زمین کے سب سے بہترین سوار ہوں گے میں ان لوگوں کے نام ان کے آباء کے نام ان کے قبائل کے نام اور ان کے گھوڑوں کے رنگوں سے بھی واقف ہوں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْعَلَامَتَيْنِ اللَّتَيْنِ تَظْهَرَانِ عِنْدَ خُرُوْجِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ مِنْ وَثَاقِهِ

## ان دوعلامتوں کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ جو دجال کے ظہور کے وقت رونما ہوں گی

**6787** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا هَارُوْنُ بْنُ عِيْسَى بْنِ السِّكِّيْنِ بِبَلَدِ الْمَوْصِلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى مَوْلَى بَنِيْ هَاشِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْنُ بْنُ كَهْمَسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ، قَالَ لِفَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ: حَدِّثِيْنِيْ بِشَيْءٍ سَمِعْتِيْهِ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا تُحَدِّثِيْنِيْ بِشَيْءٍ لَمْ تَسْمَعِيْهِ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: نَعَمْ، نُوْدِيَ بِالصَّلَاةِ جَامِعَةً، فَاجْتَمَعَ النَّاسُ وَفَزِعُوْا، قَالَتْ: فَصَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، وَقَالَ: اِنِّيْ لَمْ اَجْمَعْكُمْ لِرَغْبَةٍ وَّلَا لِرَهْبَةٍ، وَلٰكِنْ حَدِيْثٌ حَدَّثَنِيْهِ تَمِيْمٌ الدَّارِيُّ، زَعَمَ اَنَّهُ رَكِبَ الْبَحْرَ فِيْ ثَلَاثِيْنَ رَجُلًا مِنْ لَخْمٍ وَّجُذَامٍ، قَالَ: فَلَعِبَ بِنَا الْبَحْرُ - وَرُبَّمَا، قَالَ: لَعِبَ بِنَا الْمَوْجُ - شَهْرًا ثُمَّ قَذَفَ بِنَا السَّفِيْنَةَ اِلٰى جَزِيْرَةٍ فِي الْبَحْرِ، قَالَ: فَخَرَجْنَا اِلَيْهَا فَلَقِيَتْنَا جَارِيَةٌ تَجُرُّ شَعْرَهَا، لَا نَدْرِيْ مُقْبِلَةٌ هِيَ اَمْ مُدْبِرَةٌ، قُلْنَا: مَا اَنْتِ؟ قَالَتْ: اَنَا الْجَسَّاسَةُ، قُلْنَا: اَخْبِرِيْنَا، قَالَتْ: عَلَيْكُمْ بِصَاحِبِ الدَّيْرِ، وَهُوَ يُخْبِرُكُمْ وَيَسْتَخْبِرُكُمْ، قَالَ: فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ، فَاِذَا رَجُلٌ - ذَكَرَ مِنْ عِظَمِهِ مَا شَاءَ اللّٰهُ - وَهُوَ مُوْثَقٌ اِلٰى حَبْلٍ بِالْحَدِيْدِ، فَقُلْنَا: مَنْ اَنْتَ؟ قَالَ: اَخْبِرُوْنِيْ عَمَّا اَسْاَلُكُمْ عَنْهُ، قَالُوْا: سَلْنَا، قَالَ: مَا فَعَلَ نَخْلُ بَيْسَانَ، يُطْعِمُ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: يُوْشِكُ اَنْ لَا يُطْعِمَ، ثُمَّ، قَالَ: اَخْبِرُوْنِيْ عَنْ عَيْنِ زُغَرَ، بِهَا مَاءٌ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: يُوْشِكُ اَنْ لَا يَكُوْنَ بِهَا مَاءٌ، ثُمَّ، قَالَ: اَخْبِرُوْنِيْ عَنْ هٰذَا الرَّجُلِ، هَلْ خَرَجَ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: اِنَّهُ صَادِقٌ فَاتَّبِعُوْهُ، فَقُلْنَا: مَنْ اَنْتَ؟ قَالَ: اَنَا الدَّجَّالُ قَالَ كَهْمَسٌ: فَذَكَرَ ابْنُ بُرَيْدَةَ شَيْئًا لَمْ اَحْفَظْهُ، اِلَّا اَنَّهُ، قَالَ: تُطْوٰى لَهُ الْاَرْضُ، وَيَاْتِيْ عَلٰى جَمِيْعِهِنَّ فِيْ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا

یحییٰ بن معمر بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے کہا: مجھے کوئی ایسی حدیث سنائیں جو آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہو اور آپ مجھے کوئی ایسی بات نہ بتائیں' جو آپ نے براہ راست نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی نہ سنی ہو۔ انہوں نے کہا: ٹھیک ہے یہ اعلان کیا گیا اکٹھے ہو جاؤ! تو لوگ اکٹھے ہو گئے لوگ گھبرا گئے۔ سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر چڑھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میں نے تم لوگوں کو کسی رغبت یا خوف کی وجہ سے جمع نہیں کیا ہے' بلکہ ایک واقعہ پیش آیا ہے' جو مجھے تمیم داری نے بیان کیا ہے وہ یہ کہتا ہے کہ وہ تیس افراد جن کا تعلق لخم اور جذام قبیلے سے تھا وہ سمندر میں سفر کر رہے تھے اس نے یہ بیان کیا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



ہے کہ سمندر (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) موجیں ہمارے ساتھ کھیل کرنے لگیں ایک ماہ تک ایسا ہوتا رہا پھر ہماری کشتی سمندر میں موجود ایک جزیرے تک پہنچ گئی۔ تمیم داری بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نکل کر اس جزیرے کی طرف گئے' تو وہاں ہماری ملاقات ایک لڑکی سے ہوئی جو اپنے بال کھینچ رہی تھی ہمیں نہیں پتہ چلا کہ وہ آ رہی ہے یا جا رہی ہے۔ ہم نے دریافت کیا: تم کون ہو اس نے کہا: میں ''جساسہ'' ہوں ہم نے کہا: تم ہمیں کچھ بتاؤ اس نے کہا: تم لوگ گرجے میں موجود شخص کے پاس چلے جاؤ وہ تمہیں بتائے گا بھی اور تم سے اطلاعات حاصل بھی کرے گا۔ تمیم داری بیان کرتے ہیں: ہم لوگ اس کے پاس گئے' تو وہ ایک ایسا شخص تھا اس کے بعد انہوں نے اس کے بڑے ہونے کا ذکر کیا وہ لوہے کی رسی کے ساتھ بندھا ہوا تھا ہم نے دریافت کیا: تم کون ہو اس نے کہا: پہلے تم مجھے اس چیز کے بارے میں بتاؤ جس کے بارے میں' میں تم سے سوال کروں گا ان لوگوں نے کہا: تم ہم سے سوال کرو اس نے دریافت کیا: بیسان کے کھجوروں کے باغ کا کیا حال ہے کیا اس کا اناج اب بھی کھایا جاتا ہے ہم نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے کہا: عنقریب وہ نہیں کھایا جائے گا پھر اس نے دریافت کیا: تم مجھے زغر کے چشمے کے بارے میں بتاؤ کہ کیا اس میں پانی ہے ہم نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے کہا: عنقریب اس میں پانی نہیں رہے گا پھر اس نے کہا: تم لوگ مجھے ان صاحب کے بارے میں بتاؤ کیا ان کا ظہور ہو گیا ہے ان لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں' تو اس نے کہا: بے شک وہ سچے ہیں تم لوگ ان کی پیروی کرو۔ ہم نے دریافت کیا: تم کون ہو اس نے کہا: میں دجال ہوں۔''

کہمس بیان کرتے ہیں: ابن بریدہ نے یہاں کوئی چیز ذکر کی تھی جو مجھے یاد نہیں رہی تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

''اس کے لئے روئے زمین کو لپیٹ دیا جائے گا' یہاں تک کہ وہ تمام روئے زمین کا چکر چالیس دن میں لگا لے گا۔''

## ذِكْرُ الْعَلَامَةِ الثَّالِثَةِ الَّتِي تَظْهَرُ فِي الْعَرَبِ عِنْدَ خُرُوجِ الدَّجَّالِ مِنْ وَثَاقِهِ كَفَانَا اللّٰهُ وَكُلَّ مُسْلِمٍ شَرَّهُ وَفِتْنَتَهُ

## اس تیسری علامت کا تذکرہ' جو عربوں میں اس وقت ظہور پذیر ہو گی' جب دجال اپنی قید سے نکل آئے گا' اللہ تعالیٰ اس کے شر اور اس کے فتنے سے ہمیں اور ہر مسلمان کو بچائے

**6788** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ سُلَيْمَانَ الْقُرْقُسَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْقُمِّيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ، تَقُولُ:

(متن حدیث): صَعِدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أُنْذِرُكُمُ الدَّجَّالَ، فَإِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ قَبْلِي إِلَّا وَقَدْ أَنْذَرَهُ أُمَّتَهُ، وَهُوَ كَائِنٌ فِيكُمْ أَيَّتُهَا الْأُمَّةُ، إِنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَلَا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایۃ

www.KitaboSunnat.com



أُمَّةَ بَعْدَكُمْ، اِلَّا اِنَّ تَمِيمًا الدَّارِيَّ اَخْبَرَنِي اَنَّ ابْنَ عَمٍّ لَهُ وَاَصْحَابَهُ رَكِبُوْا بَحْرَ الشَّامِ، فَانْتَهَوْا اِلٰى جَزِيرَةٍ مِنْ جَزَائِرِهِ، فَاِذَا هُمْ بِدَهْمَاءَ تَجُرُّ شَعْرَهَا، قَالُوْا: مَا اَنْتِ؟، قَالَتْ: الْجَسَّاسَةُ اَوِ الْجَاسِسَةُ، قَالُوْا: اَخْبِرِيْنَا؟، قَالَتْ: مَا اَنَا بِمُخْبِرَتِكُمْ عَنْ شَيْءٍ، وَلَا سَائِلَتِكُمْ عَنْهُ، وَلٰكِنِ ائْتُوا الدَّيْرَ، فَاِنَّ فِيْهِ رَجُلًا بِالْاَشْوَاقِ اِلٰى لِقَائِكُمْ، فَاَتَوُا الدَّيْرَ، فَاِذَا هُمْ بِرَجُلٍ مَمْسُوحِ الْعَيْنِ مُوثَقٍ فِي الْحَدِيدِ اِلٰى سَارِيَةٍ، فَقَالَ: مِنْ اَيْنَ اَنْتُمْ؟ وَمَنْ اَنْتُمْ؟، قَالُوْا: مِنْ اَهْلِ الشَّامِ، قَالَ: فَمَنْ اَنْتُمْ؟، قَالُوْا: نَحْنُ الْعَرَبُ، قَالَ: فَمَا فَعَلَتِ الْعَرَبُ؟، قَالُوْا: خَرَجَ فِيْهِمْ نَبِيٌّ بِاَرْضِ تَيْمَاءَ، قَالَ: فَمَا فَعَلَ النَّاسُ؟، قَالُوْا: فِيْهِمْ مَنْ صَدَّقَهُ، وَفِيْهِمْ مَنْ كَذَّبَهُ، قَالَ: اَمَا اِنَّهُمْ اِنْ يُّصَدِّقُوْهُ وَيَتَّبِعُوْهُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُوْنَ، ثُمَّ، قَالَ: مَا بُيُوتُكُمْ؟، قَالُوْا: مِنْ شَعَرٍ وَّصُوفٍ تَغْزِلُهُ نِسَاؤُنَا،، قَالَ: فَضَرَبَ بِيَدِهٖ عَلٰى فَخِذِهٖ، ثُمَّ، قَالَ: هَيْهَاتَ، ثُمَّ، قَالَ: مَا فَعَلَتْ بُحَيْرَةُ طَبَرِيَّةَ؟ قَالُوْا: تَدَفَّقُ جَوَانِبُهَا يَصْدُرُ مَنْ اَتَاهَا، فَضَرَبَ بِيَدِهٖ عَلٰى فَخِذِهٖ، ثُمَّ، قَالَ: هَيْهَاتَ، ثُمَّ، قَالَ: مَا فَعَلَتْ عَيْنُ زُغَرَ؟، قَالُوْا: تَدَفَّقُ جَوَانِبُهَا يَصْدُرُ مَنْ اَتَاهَا، قَالَ: فَضَرَبَ بِيَدِهٖ عَلٰى فَخِذِهٖ، ثُمَّ، قَالَ: هَيْهَاتَ، ثُمَّ، قَالَ: مَا فَعَلَ نَخْلُ بَيْسَانَ؟، قَالُوْا: يُؤْتِي جَنَاهُ فِيْ كُلِّ عَامٍ، قَالَ: فَضَرَبَ بِيَدِهٖ عَلٰى فَخِذِهٖ، ثُمَّ، قَالَ: هَيْهَاتَ، ثُمَّ قَالَ: اَمَا اِنِّي لَوْ قَدْ حُلِلْتُ مِنْ وَثَاقِي هٰذَا لَمْ يَبْقَ مَنْهَلٌ اِلَّا وَطِئْتُهُ اِلَّا مَكَّةَ، وَطَيْبَةَ فَاِنَّهُ لَيْسَ لِي عَلَيْهِمَا سَبِيلٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذِهٖ طَيْبَةُ، حَرَّمْتُهَا كَمَا حَرَّمَ اِبْرَاهِيمُ مَكَّةَ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ، مَا فِيْهَا نَقْبٌ فِي سَهْلٍ وَّلَا جَبَلٍ اِلَّا وَعَلَيْهِ مَلَكَانِ شَاهِرَا السَّيْفِ يَمْنَعَانِ الدَّجَّالَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

امام شعبی بیان کرتے ہیں: ہم نے سیدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر چڑھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تم لوگوں کو دجال سے ڈرا رہا ہوں مجھ سے پہلے کے ہر نبی نے اپنی امت کو اس سے ڈرایا ہے اور وہ تمہارے درمیان ظہور پذیر ہوگا اے امت! بے شک میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے اور تمہارے بعد کوئی اور امت نہیں ہے البتہ تمیم داری نے مجھے بتایا ہے کہ اس کے چچا زاد اور اس کے ساتھی شام کے سمندر میں سفر کر

6788- حديث صحيح عبد الملك بن سليمان القرقساني ذكره المؤلف في "الثقات" 8/39، وقال: مستقيم الحديث، وقال العقيلي في "الضعفاء " 3/24: حديثه غير محفوظ، وعمران بن سليمان لقمي ذكره المؤلف في "الثقات" 7/241، وكذا البخاري ف تاريخه 6/426، وابن أبي حاتم 6/299، ولم يذكرا فيه جرحا ولا تعديلا . وأخرجه البخاري "959"/24، والبغوي في "شرح السنة" "4268" من طريقين عن عبد الله بن جعفر الرقي، عن عيسى بن يونس، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/373 - 374، والحميدي "364"، وابن أبي شيبة 15/154 - 156، ومسلم "2942" في الفتن: باب قصة الجساسة، وأبو داود "4327" في الملاحم: باب في خبر الجساسة، وابن ماجه "4074" في الفتن: باب فتنة الدجال، والطبراني "956"/24و"957"و"960"و"961"، والآجري في "الشريعة" ص376 - 378 و378 - 379، وابن منده في "الإيمان" "1057"و"1059"و"1060"، والبغوي "4269" من طرق عن الشعبي، به . وبعضهم يزيد في الحديث على بعض . وأخرجه مختصرا أبو داود "4325"، والطبراني "922"/42و"923" من طريقين عن ابن شهاب، عن أبي سلمة، عن فاطمة بنت قيس . وقوله: "يصدر من أتاها"، أي: ينصرف عن السقي، وقد روى في الحديث: كانت له ركوة تسمي الصادر به، لأنه يصدر عنها الري، ومنه فأصدرنا ركابنا، أي: صرفنا رواء ، فلم نحتج إلى المقام بها للماء .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



رہے تھے وہ کسی جزیرے تک پہنچ گئے وہاں ایک عورت تھی جو اپنے بال کھینچ رہی تھی ان لوگوں نے دریافت کیا: تم کون ہو اس نے کہا: جساسہ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جاسسہ۔ ان لوگوں نے کہا: تم ہمیں کسی چیز کے بارے میں بتاؤ اس نے کہا: میں تمہیں کسی چیز کے بارے میں نہیں بتاؤں گی اور نہ ہی کسی چیز کے بارے میں تم سے دریافت کروں گی لیکن تم لوگ عبادت خانے میں چلے جاؤ وہاں ایک شخص ہے جو تم سے ملاقات کا مشتہبہ ہے وہ لوگ عبادت خانے میں آئے تو وہاں ایک شخص تھا، جس کی آنکھ کانی تھی وہ لوہے کی زنجیروں میں ستون کے ساتھ بندھا ہوا تھا اس نے دریافت کیا: تم لوگ کہاں سے آئے ہو تم لوگ کون ہو۔ ان لوگوں نے جواب دیا: اہل شام سے۔ اس نے دریافت کیا: تم لوگ کون ہو۔ انہوں نے جواب دیا: ہم عربی ہیں۔ اس نے کہا: عربوں کا کیا حال ہے۔ ان لوگوں نے بتایا: ان میں ایک نبی کا ظہور ہوا ہے، جو تیماء کی سرزمین سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس نے دریافت کیا: لوگوں کا کیا حال ہے۔ انہوں نے بتایا: ان میں کچھ لوگ وہ ہیں جنہوں نے ان کی تصدیق کی ہے اور کچھ لوگ وہ ہیں جنہوں نے انہیں غلط قرار دیا ہے، تو اس نے کہا: اگر وہ ان کی تصدیق کر دیں اور ان کی پیروی کریں، تو یہ ان کے حق میں زیادہ بہتر ہے، اگر انہیں علم ہو پھر اس نے دریافت کیا: تمہارے گھر کس چیز کے ہیں۔ ان لوگوں نے بتایا: بالوں کے اور اون کے بنے ہوئے جنہیں ہماری عورتیں تیار کرتی ہیں۔ راوی کہتے ہیں: تو اس نے اپنا ہاتھ اپنے زانوں پر مارا پھر بولا یہی پھر اس نے دریافت کیا: بحیرہ طبریہ کا کیا حال ہے۔ انہوں نے بتایا: اس کے کنارے چھلک رہے ہیں، اس نے اپنے زانوں پر ہاتھ مارا پھر بولا جلدی کرو، پھر اس نے دریافت کیا: زغر کے چشمے کا کیا حال ہے ان لوگوں نے بتایا: اس کے کنارے چھلکتے ہیں جو اس تک آتا ہے وہ سیر ہوتا ہے، تو اس نے اپنے زانوں پر ہاتھ مارا اور پھر بولا جلدی کرو پھر اس نے دریافت کیا: بیسان کے نخلستان کا کیال حال ہے۔ ان لوگوں نے کہا: اس کی ٹہنیاں سارا سال پھل دیتی ہیں اس نے پھر اپنے زانوں پر ہاتھ مارا اور بولا: جلدی کرو پھر اس نے کہا: اگر میں اپنی ان بیڑیوں سے آزاد ہو گیا تو کوئی چشمہ ایسا نہیں ہوگا، جسے میں روند نہ دوں البتہ مکہ اور طیبہ (یعنی مدینہ منورہ) کا معاملہ مختلف ہے، کیونکہ میرے لئے وہاں جانے کی گنجائش نہیں ہے۔

(راوی بیان کرتے ہیں) تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ طیبہ ہے میں اسے اسی طرح حرم قرار دیتا ہوں جس طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرام قرار دیا تھا اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے عام زمین اور پہاڑوں میں اس میں داخلے کا جو بھی راستہ ہے اس پر دو فرشتے تعینات ہیں جنہوں نے تلواریں سونتی ہوئی ہیں اور وہ قیامت کے دن تک دجال کو (اس میں داخل ہونے سے) روکنے کے لئے (تیار رہیں گے)

**6789** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حُمَيْدٍ الطَّوِيلُ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ،

6789–حديث صحيح، وأحمد بن يحيى حميد الطويل ذكره المؤلف في الثقات 8/10، وأرخ وفاته سنة خمس وعشرين ومئتين أو قبلها أو بعدها بقليل . وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح. وأخرجه أحمد 6/374 و418 عن يونس بن محمد، و6/412 - 413 عن عفان بن مسلم، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 12/463، والطبراني "964"/24 من طريق حجاج بن منهال، والطبراني أيضا "964"/24 من طريق أبي عمر الضرير وأبي عمر الحوضي، خمستهم عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ ذَاتَ يَوْمٍ مُسْرِعًا، فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَنُودِيَ فِي النَّاسِ الصَّلَاةُ جَامِعَةً، فَاجْتَمَعَ النَّاسُ، فَقَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، اِنِّي لَمْ اَدْعُكُمْ لِرَغْبَةٍ وَّلَا لِرَهْبَةٍ نَزَلَتْ، وَلٰكِنَّ تَمِيمًا الدَّارِيَّ اَخْبَرَنِي اَنَّ نَاسًا مِنْ اَهْلِ فِلَسْطِينَ رَكِبُوا الْبَحْرَ، فَقَذَفَتْهُمُ الرِّيحُ اِلٰى جَزِيرَةٍ مِنْ جَزَائِرِ الْبَحْرِ، فَاِذَا هُمْ بِدَابَّةٍ لَا يُدْرَى اَذَكَرٌ هُوَ اَمْ اُنْثٰى مِنْ كَثْرَةِ الشَّعْرِ، فَقَالُوا: مَنْ اَنْتِ؟، قَالَتْ: اَنَا الْجَسَّاسَةُ، قَالُوا: اَخْبِرِينَا؟ قَالَتْ: مَا اَنَا بِمُخْبِرَتِكُمْ، وَلَا مُسْتَخْبِرَتِكُمْ، وَلٰكِنَّ هَاهُنَا مَنْ هُوَ فَقِيرٌ اِلٰى اَنْ يُّخْبِرَكُمْ، وَاِلٰى اَنْ يَّسْتَخْبِرَكُمْ، فَاَتَوُا الدَّيْرَ، فَاِذَا بِرَجُلٍ مَرِيرٍ مُصَفَّدٍ بِالْحَدِيدِ، فَقَالَ: مَنْ اَنْتُمْ؟ قَالُوا: نَحْنُ الْعَرَبُ، قَالَ: هَلْ بُعِثَ النَّبِيُّ؟ قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: فَهَلْ تَبِعَتْهُ الْعَرَبُ؟ قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: ذٰلِكَ خَيْرٌ لَهُمْ، قَالَ: مَا فَعَلَتْ فَارِسُ؟ قَالُوا: لَمْ يَظْهَرْ عَلَيْهَا، قَالَ: اَمَا اِنَّهُ سَيَظْهَرُ عَلَيْهَا، ثُمَّ، قَالَ: مَا فَعَلَتْ عَيْنُ زُغَرَ؟ قَالُوا: تَدَفَّقُ مَلْاٰى، قَالَ: فَمَا فَعَلَ نَخْلُ بَيْسَانَ؟ قَالُوا: قَدْ اَطْعَمَ اَوَائِلُهُ، فَوَثَبَ عَلَيْهِ وَثْبَةً، حَتّٰى خَشِينَا اَنْ سَيَغْلِبَ، فَقُلْنَا: مَنْ اَنْتَ؟ قَالَ: اَنَا الدَّجَّالُ، اَمَا اِنِّي سَاَطَاُ الْاَرْضَ كُلَّهَا اِلَّا مَكَّةَ وَطَيْبَةَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبْشِرُوْا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ، هٰذِهِ طَيْبَةُ لَا يَدْخُلُهَا

✿✿ امام شعبی سیّدہ فاطمہ بنت قیس ﷞ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ تیزی سے تشریف لائے آپ ﷺ منبر پر چڑھے لوگوں میں یہ اعلان کیا کہ اکٹھے ہو جاؤ تو لوگ اکٹھے ہو گئے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے لوگو میں نے تمہیں کسی رغبت یا کسی پریشانی کے نازل ہونے کی وجہ سے نہیں بلایا ہے البتہ تمیم داری نے مجھے بتایا کہ فلسطین سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ سمندری سفر پر روانہ ہوئے' تو ہوا نے انہیں سمندر میں موجود کسی جزیرے تک پہنچا دیا وہاں ایک جانور موجود تھا اس کا یہ پتہ نہیں چلتا تھا کہ وہ مذکر ہے یا مونث ہے کیونکہ اس کے جسم پر بال بہت زیادہ تھے' تو میں نے دریافت کیا: تم کون ہے۔ اس نے جواب دیا: میں جساسہ ہوں ان لوگوں نے کہا: تم ہمیں کسی چیز کے بارے میں بتاؤ تو اس نے کہا: میں تمہیں کسی چیز کے بارے میں نہیں بتاؤں گی نہ ہی تم سے کسی چیز کے بارے میں معلوم کروں گی البتہ وہاں ایک شخص ہے' جو اس بات کا محتاج ہے کہ وہ تمہیں کوئی اطلاع دے اور اس بات کا بھی ضرورت مند ہے کہ تم سے کسی چیز کے بارے میں معلوم کرے تو وہ اس عبادت خانے تک آئے وہاں ایک شخص تھا' جو لوہے کی زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا۔ اس نے دریافت کیا: تم کون لوگ ہو۔ ان لوگوں نے جواب دیا: ہم عرب ہیں اس نے دریافت کیا: کیا نبی اکرم ﷺ مبعوث ہو گئے ہیں۔ ان لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے دریافت کیا: کیا عربوں نے ان کی پیروی کر لی ہے۔ ان لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں اس نے کہا: یہ ان لوگوں کے حق میں بہتر ہے' پھر اس نے دریافت کیا: اہل فارس کا کیا حال ہے۔ ان لوگوں نے بتایا: وہ ابھی اس پر غالب نہیں آئے۔ اس نے کہا: وہ عنقریب اہل فارس پر غالب آ جائیں گے پھر اس نے دریافت کیا: زغر کے چشمے کا کیا حال ہے۔ ان لوگوں نے بتایا: اس کے کنارے بھرے ہوئے ہیں۔ اس نے دریافت کیا: بیسان کے نخلستان کا کیا حال ہے۔ ان لوگوں نے بتایا: وہ پیداوار دے رہا ہے' پھر وہ شخص اچھلا' یہاں تک کہ ہمیں اندیشہ ہوا کہ وہ غالب آ جائے گا (یعنی اپنے آپ کو چھڑا لے گا) ہم نے کہا: تم کون ہو۔ اس نے کہا: میں دجال ہوں' میں ساری روئے زمین کو روند دوں گا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



البتہ مکہ اور طیبہ (نہیں جا سکوں گا)

(راوی کہتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلمانوں کے گروہ تمہیں خوشخبری ہے کہ یہ (مدینہ منورہ) طیبہ ہے وہ (دجال) اس میں داخل نہیں ہوگا۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ الْمُبَادَرَةِ بِالْأَعْمَالِ الصَّالِحَةِ قَبْلَ خُرُوجِ الْمَسِيحِ نَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْهُ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ دجال کے نکلنے سے پہلے نیک اعمال کی طرف جلدی کر لے' ہم اس (دجال) سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

**6790** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ رِيَاحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): بَادِرُوا بِالْعَمَلِ سِتًّا: الدَّجَّالَ، وَالدُّخَانَ، وَدَابَّةَ الْأَرْضِ، وَطُلُوعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَأَمْرَ الْعَامَّةِ، وَخُوَيْصَّةَ أَحَدِكُمْ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''چھ (نشانیوں کے ظہور پذیر) ہونے سے پہلے عمل کر لو دجال، دھواں، دابۃ الارض، سورج کا مغرب سے نکلنا۔''

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ هَذَا الْعَدَدَ الْمَذْكُورَ لِلْأَشْيَاءِ الْمُتَوَقَّعَةِ قَبْلَ خُرُوجِ الْمَسِيحِ لَيْسَ بِعَدَدٍ لَمْ يُرِدْ بِهِ النَّفْيَ عَمَّا وَرَاءَهُ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' دجال کے خروج سے متوقع طور پر پیش آنے والی اشیاء کے بارے میں

6790- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير زياد بن رياح، فمن رجال مسلم، هو في صحيحه "129""2947" في الفتن: باب في بقية من أحاديث الدجال، عن أمية بن بسطام، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/324 و407، ومسلم "2947" من طريق همام، عن قتادة، به. وأخرجه الطيالسي "2549"، ومن طريقه أحمد 2/511، والحاكم 4/516 عن عمران القطان، عن قتادة، عن عبد الله بن رباح عن أبي هريرة. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي! قلت: عمران القطان حديثه حسن لا يرقى إلى الصحة. وأخرجه أحمد 2/337 و372، ومسلم "2947" "128"، والبغوي "4249" من طريقين عن العلاء بن عبد الرحمن، عن أبيه، عن أبي هريرة. وفي الباب عن أنس عند ابن ماجه "4056"، وإسناده حسن. وقوله: "بادروا بالأعمال ... " أي: أسرعوا بالأعمال الصالحة النافعة قبل وقوع هذه الآيات، قال القاضي فيما نقله عنه القاري في "شرح المشكاة" 5/188: أمرهم أن يبادروا بالأعمال قبل نزول هذه الآيات، فإنها إذا نزلت أدهشهم، وشغلتهم عن الأعمال، أو سد عليهم باب التوبة وقبول الأعمال.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## مذکورہ تعداد سے یہ مراد نہیں ہے: اس کے علاوہ عدد کی نفی کی جائے

**6791** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفُرَاتُ الْقَزَّازُ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الطُّفَيْلِ يُحَدِّثُ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غُرْفَةٍ، وَنَحْنُ تَحْتَهَا اِذْ اَشْرَفَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا تَتَذَاكَرُوْنَ؟ قُلْنَا: نَذْكُرُ السَّاعَةَ، قَالَ: فَاِنَّهَا لَا تَكُوْنُ حَتّٰى يَكُوْنَ بَيْنَ يَدَيْهَا عَشْرُ آيَاتٍ: طُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَالدَّجَّالُ، وَالدُّخَانُ، وَعِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ، وَالدَّابَّةُ، وَخُرُوْجُ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ، وَخَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيْرَةِ الْعَرَبِ، وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ مَوْضِعِ كَذَا ؟ قَالَ: اَحْسَبُهُ، قَالَ: تَقِيْلُ مَعَهُمْ حَيْثُ قَالُوا، وَتَنْزِلُ مَعَهُمْ حَيْثُ يَنْزِلُوْنَ

قَالَ شُعْبَةُ: وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ رُفَيْعٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيْدٍ مِثْلَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ

حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بالا خانہ میں موجود تھے ہم اس کے نیچے موجود تھے پھر اسی دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جھانک کر دریافت کیا: تم لوگ کس بارے میں بات چیت کر رہے ہو۔ ہم نے عرض کی: ہم قیامت کا ذکر کر رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ اس وقت تک نہیں آئے گی جب تک اس سے پہلے دس نشانیاں نمودار نہیں ہوتیں سورج کا مغرب سے نکلنا، دجال، دھواں، حضرت عیسیٰ بن مریم (کا نزول)، دابۃ الارض، یاجوج و ماجوج کا نکلنا، مشرق میں زمین میں دھنسنا، مغرب میں زمین میں دھنسنا اور جزیرہ عرب میں زمین میں دھنسنا اور ایک آگ ہوگی جو فلاں مقام سے نکلے گی (راوی کہتے ہیں:) میرا خیال ہے روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں: وہ ان لوگوں کے ساتھ آرام کرے گی جہاں وہ لوگ آرام کریں گے اور وہ ان کے ساتھ پڑاؤ کرے گی جہاں وہ لوگ پڑاؤ کریں گے۔

شعبہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اسی کی مانند

6791- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير أن صحابيه وهو حذيفة بن أسيد من رجال مسلم. إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه الحنظلي . وأخرجه أحمد 4/7، ومسلم "2901" "40" و"41" في الفتن: باب في الآيات التي تكون قبل الساعة، والترمذي 4/478 في الفتن: باب ما جاء في الخسف، والطبراني "3028" من طريق شعبة، بهذا الإسناد. وفي رواية الطبراني أبدل الدخان بريح تلقيهم في البحر . وأخرجه الطيالسي "1067"، وأحمد 4/6و7، والحميدي "827"، وابن أبي شيبة 15/163، ومسلم "39""2901"، وأبو داود "4311" في الملاحم: باب أمارات الساعة، والترمذي "2183"، والنسائي في "الكبرى"، وابن ماجه "4041" في الفتن: باب أشراط الساعة، والطبراني "3029" و"3030" و"3031" و"3032" و"3033"، والبغوي "4250" من طرق عن فرات القزاز، به. وبعضهم رواه مختصرا . وانظر الحديث رقم ."6790" وأخرجه الطبراني "3034"من طريق سعيد بن بشير، عن قتادة، عن أبي الطفيل، به . وأخرجه أيضا الطبراني "3060" من طريق بن أبي ليلى، عن الحكم، عن الربيع بن عميلة، عن حذيفة بن أسيد . وأبدل فيه "النار التي تطرد الناس إلى المحشر " "بريح تسفيهم فتطرحهم بالبحر."

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



منقول ہے' تاہم اس سند کے ساتھ مرفوع حدیث کے طور پر منقول نہیں ہے۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الْمَوْضِعِ الَّذِي يَخْرُجُ مِنْ نَاحِيَتِهِ الدَّجَّالُ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو اس جگہ کے بارے میں ہے' جس کے کنارے سے دجال نکلے گا

**6792** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ وَارَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سَابِقٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ بِلَالِ بْنِ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): يَخْرُجُ الدَّجَّالُ مِنْ هَاهُنَا، وَاَشَارَ نَحْوَ الْمَشْرِقِ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُ اَبِي هُرَيْرَةَ: وَاَشَارَ نَحْوَ الْمَشْرِقِ اَرَادَ بِهِ الْبَحْرَيْنِ، لِاَنَّ الْبَحْرَيْنِ مَشْرِقُ الْمَدِينَةِ، وَخُرُوجُ الدَّجَّالِ يَكُونُ مِنْ جَزِيرَةٍ مِنْ جَزَائِرِهَا، لَا مِنْ خُرَاسَانَ، وَالدَّلِيلُ عَلٰى صِحَّةِ هٰذَا اَنَّهُ مُوثَقٌ فِي جَزِيرَةٍ مِنْ جَزَائِرِ الْبَحْرِ، عَلٰى مَا اَخْبَرَ تَمِيمٌ الدَّارِيُّ، وَلَيْسَ بِخُرَاسَانَ بَحْرٌ وَّلَا جَزِيرَةٌ

❁❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''دجال اس طرف سے نکلے گا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرق کی طرف اشارہ کر کے (یہ بات ارشاد فرمائی)''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا: ''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرق کی طرف اشارہ کیا'' اس کے ذریعے مراد بحرین ہے' کیونکہ بحرین مدینہ منورہ کے مشرق میں ہے اور دجال کا ظہور بھی انہی علاقوں میں سے ہوگا خراسان سے نہیں ہوگا اس بات کے صحیح ہونے کی دلیل یہ ہے: دجال سمندر کے کسی جزیرے میں بندھا ہوا ہے جیسا کہ تمیم داری نے اس بارے میں اطلاع دی ہے' جبکہ خراسان میں نہ تو کوئی سمندر ہے نہ ہی کوئی جزیرہ ہے۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ السَّبَبِ الَّذِي يَكُونُ خُرُوجُ الْمَسِيحِ بِهِ

## اس سبب کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جس کی وجہ سے دجال نکلے گا

**6793** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ اَسْلَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوبَ، وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ،

---

6792– بلال بن أبي هريرة لم يرو عنه غير الشعبي، ولم يوثقه غير المؤلف 4/65، وعمرو بن أبي قيس روى له أصحاب السنن والبخاري تعليقا، وقال الحافظ في "التقريب": صدوق له أوهام، وباقي رجال السند ثقات. مطرف: هو ابن عبد اللّٰه بن الشخير. وأخرجه بنحوه البزار "3383" عن ممد بن المثني، ن يحيى - وهو القطان - عن مجالد، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْمُحَرَّرِ بْنِ أَبِي هُرَيْرَةَ، عن أبيه قال: سئل رسول اللّٰه عن الدجال فقال: - أحسبه قال -: "يخرج من نحو المشرق." قال الهيثمي في "المجمع" 7/348: فيه مجالد بن سعيد وهو ضعيف، وقد وثق.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


(متن حدیث): اَنَّ ابْنَ عُمَرَ رَاَى ابْنَ صَائِدٍ فِيْ سِكَّةٍ مِنْ سِكَكِ الْمَدِيْنَةِ، فَسَبَّهُ ابْنُ عُمَرَ، وَوَقَعَ فِيْهِ، فَانْتَفَخَ حَتّٰى سَدَّ الطَّرِيقَ، فَضَرَبَهُ ابْنُ عُمَرَ بِعَصًا، فَسَكَنَ حَتّٰى عَادَ، فَانْتَفَخَ حَتّٰى سَدَّ الطَّرِيقَ، فَضَرَبَهُ ابْنُ عُمَرَ بِعَصًا مَعَهُ، حَتّٰى كَسَرَهَا عَلَيْهِ، فَقَالَتْ لَهُ حَفْصَةُ: مَا شَأْنُكَ وَشَأْنُهُ، مَا يُوْلِعُكَ بِهِ، اَمَا سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اِنَّمَا يَخْرُجُ الدَّجَّالُ مِنْ غَضْبَةٍ يَّغْضَبُهَا.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: رُؤْيَةُ حَفْصَةَ ابْنَ عُمَرَ، وَضَرْبَهُ حَيْثُ كَانَ يَضْرِبُ الْمَسِيحَ بِالْعَصَا، كَانَ ذٰلِكَ فِيْ حَيَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے مدینہ منورہ کی کسی گلی میں ابن صائد کو دیکھا تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اسے برا کہا اور اسے ڈانٹنے لگے تو وہ اتنا پھول گیا کہ اس نے راستہ بند کر دیا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اسے عصاء کے ذریعے مارا تو اسے سکون آیا' یہاں تک کہ وہ واپس اپنی اصل حالت میں آ گیا پھر وہ پھول گیا' یہاں تک کہ اس نے راستہ بند کر دیا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنے پاس موجود عصا پھر اسے مارا' یہاں تک کہ اس پر اسے توڑ دیا تو سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا: تمہارا اور اس کا کیا واسطہ ہے یہ تمہیں کیوں غصہ دلا دیتا ہے کیا تم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے نہیں سنا۔

''دجال اس غضب کی وجہ سے باہر آئے گا' جو اسے لاحق ہوگا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اور ان کے مارنے کو دیکھنا اس صورت میں تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی عصاء کے ذریعے ماریں گے یہ واقعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں پیش آیا تھا۔

## ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنِ الْعَلَامَةِ الَّتِيْ يُعْرَفُ بِهَا الدَّجَّالُ عِنْدَ خُرُوْجِهِ

## اس علامت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جس کے ذریعے دجال کو اس کے خروج کے وقت پہچانا جائے گا

**6794** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ النَّرْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

6793- حديث صحيح، روح بن أسلم وإن كان ضعيفا قد توبع، وباقي رجاله ثقات من رجال الصحيح. وهو في "مسند أبي يعلى" ورقة 327. وأخرجه مسلم "2932" في الفتن: باب ذكر ابن صياد، من طريق هشام بن حسان، عن أيوب، به. وأخرجه الطبراني "336/23" و"373" من طريق حفص بن غياث، عن عبد الله وهو ابن عمر - به، ولم يذكر فيه قصة، وقال فيه: "إنما خروج ابن صياد ..." وهو وهم. وأخرجه مطولا أحمد 284/6، ومسلم "2932" "99" من طريق ابن عون، عن نافع، به. وأخرجه مختصرا أبو يعلى ورقة 326 من طريق سليمان بن أبي كريمة، عن الزهري، عن سالم، عن أبيه، عن حفصة قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسلم يقول: "الدجال لا يخرجه إلا غضبة يغضبها." وأخرجه الطبراني "370/23" من طريق صالح بن كيسان، عن الزهري، بهذا الإسناد إلى حفصة قالت: إنا كنا نتحدث أن الدجال يخرج من غضبة يغضبها.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الہدایہ

www.KitaboSunnat.com



(متن حدیث): إِنَّ بَيْنَ عَيْنَيْهِ مَكْتُوبٌ كَ فَ رَ، يَقْرَؤُهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ مِنْ أُمِّيٍّ وَكَاتِبٍ - يَعْنِي الدَّجَّالَ -

حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان ''ک ف ر'' لکھا ہوا ہوگا' جسے ہر مومن پڑھ لے گا خواہ وہ پڑھا لکھا ہو یا نہ ہو۔''

(راوی کہتے ہیں:) اس سے مراد دجال ہے (یعنی اس کی آنکھوں کے درمیان یہ لکھا ہوگا۔)

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ عَيْنِ الدَّجَّالِ الَّتِي هِيَ الْعَوْرَاءُ مِنْ عَيْنَيْهِ

## دجال کی آنکھ کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' اس کی دونوں آنکھوں میں سے جو آنکھ کانی ہوگی

**6795** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي الْهُذَيْلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): الدَّجَّالُ عَيْنُهُ خَضْرَاءُ كَزُجَاجَةٍ، وَتَعَوَّذُوا بِاللَّهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''دجال کی آنکھیں شیشے کی طرح سبز ہوں گی تم لوگ قبر کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگو۔''

---

6794– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وسماع يزيد بن زريع من سعيد وهو ابن أبي عروبة - قبل اختلاطه . وأخرجه أحمد 3/206 عن عبد الوهاب، و 3/207 عن روح، كلاهما عن سعيد بن أبي عروبة، بهذا الإسناد .وأخرجه بنحوه مطولا ومختصرا أحمد 3/173 و229 و276 و290، والبخاري "7131" في الفتن: باب ذكر الدجال، و "7408" في التوحيد: باب قول الله تعالى "ولتصنع على عيني"، ومسلم "102" "101" "2933" في الفتن: باب ذكر الدجال وصفة ما معه، وأبو داود "4316" و"4317" في الملاحم: باب خروج الدجال، والترمذي "2245" في الفتن: باب ما جاء في قتل عيسى ابن مريم الدجال، وأبو يعلى "3016" و"3017" و"3092" و"3265" من طرق عن قتادة، به . وأخرجه أيضا أحمد 3/115 و201 و228 و249 و250، ومسلم "2933" "103"، وأبو داود "3418" من طريقين عن أنس . وقوله: "إن بين عينيه مكتوب" كذا في الأصل و "التقاسيم" والجادة "مكتوبا" كما وقع في بعض الروايات، ويخرج ما هنا على أن اسم "إن" محذوف تقديره "الدجال" وجملة "بين عينيه كفر" مبتدأ وخبر في موضع رفع خبر "إن."

6795–إسناده صحيح، عبد الله بن خباب - هو ابن الأرت المدني حليف بني زهرة - ذكره الطبراني وغيره في الصحابة، وقال عبد الرحمن بن خراش: أدرك النبي صلى الله عليه وسلم. وروى ابن منده من طريق خالد بن يزيد، عن زكريا بن العلاء ، قال: أول مولود ولد في الإسلام عبد الله بن الزبير، وعبد الله بن خباب، وقال العجلي: ثقة من كبار التابعين، قتلته الحرورية، أرسله علي إليهم، فقتلوه، فأرسل إليهم: أقيدونا بعبد الله بن خباب، فقالوا: كيف نقيدك به وكلنا قتله، فنفذ إليهم فقاتلهم، وذكره المؤلف في ثقات التابعين .5/11 وأخرجه الطيالسي "544"، أحمد 5/123 - 124 من طريق شعبة، بهذا الإسناد . وأورده الهيثمي "المجمع" 7/337، ونسبه إلى أحمد وقال رجاله ثقات.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ خِلْقَةِ الدَّجَّالِ وَمَنْ كَانَ يُشْبِهُ مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ

## دجال کی شکل وصورت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ اور اس امت میں سے کون شخص اس کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے (اس کا تذکرہ)

**6796** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّهُ ذَكَرَ الدَّجَّالَ، فَقَالَ: اَعْوَرُ هِجَانٌ اَزْهَرُ، كَاَنَّ رَاْسَهُ اَصَلَةٌ، اَشْبَهُ النَّاسِ بِعَبْدِ الْعُزَّى بْنِ قَطَنٍ، فَاِنْ هَلَكَ الْهُلَّكُ، فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِاَعْوَرَ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: وہ کانا اور گورا چٹا ہوگا اس کا سر سانپ کی طرح چھوٹا ہوگا وہ لوگوں میں سے عبدالعزیٰ بن قطن کے ساتھ سب سے زیادہ مشابہت رکھتا ہے خواہ کتنے ہی لوگ ہلاکت کا شکار ہو جائیں لیکن بہر حال تمہارا پروردگار کانا نہیں ہے۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ فِرَارِ النَّاسِ مِنَ الْمَسِيحِ عِنْدَ ظُهُوْرِهِ

## دجال کے ظہور کے وقت لوگوں کے اس سے فرار اختیار کرنے کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

**6797** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوْسٰى الْمُخَرِّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا، يَقُوْلُ: حَدَّثَتْنِي اُمُّ شَرِيكٍ، اَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَيَفِرَّنَّ النَّاسُ مِنَ الدَّجَّالِ فِي الْجِبَالِ، قَالَتْ اُمُّ شَرِيكٍ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، فَاَيْنَ الْعَرَبُ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: هُمْ قَلِيلٌ

---

6796– حديث صحيح، رجاله رجال الصحيح، وسماك وإن كانت روايته عن عكرمة فيها اضطراب، قد توبع. وأخرجه أحمد 1/240و312 - 313، والطبراني "11711" من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه بنحوه ابن أبي شيبة 15/132 - 133، والطبراني "11712" من طريقين عن زائدة، عن سماك، به. وأخرجه الطبراني أيضا "11843" من طريق هشام بن عمار، حدثنا الوليد بن مسلم، حدثنا شيبان، عن قتادة، عن عكرمة، به. وأورده الهيثمي في "المجمع" 7/337 - 338 ونسبه إلى أحمد والطبراني وقال: ورجال الجميع رجال الصحيح، ورواه الطبراني في "الأوسط" وإسناده ضعيف.

6797–إسناده صحيح على شرط مسلم، وقد صرح ابن جريج بالتحديث عند مسلم وغيره، فانتفت شبهة تدليسه. وأخرجه أحمد 6/462، ومسلم "2945" في الفتن: باب في بقية أحاديث الدجال، والترمذي "3930" في المناقب: باب مناقب في فضل العرب، من طرق عن ابن جريج، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني "249"/25 من طريق إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَقِيلِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عبد الله، به. وقيل: أم شريك الأنصارية نزوجها النبي صلى الله عليه وسلم ولم يدخل بها، لأنه كره غيرة الأنصار.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



سیدہ ام شریک رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"کچھ لوگ دجال سے بھاگتے ہوئے پہاڑوں میں چلے جائیں گے سیدہ ام شریک رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یا رسول اللہ! اس دن عرب کہاں ہوں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ تھوڑی تعداد میں ہوں گے۔"

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ تَبَعِ الدَّجَّالِ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهِمْ

## دجال کے پیروکاروں کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ، ہم ان کے شر سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

**6798** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ الْخَلِيلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يَتْبَعُ الدَّجَّالَ سَبْعُوْنَ اَلْفًا مِنْ يَهُوْدِ اَصْبَهَانَ، عَلَيْهِمُ الطَّيَالِسَةُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"اصبہان کے ستر ہزار یہودی دجال کے پیروکار ہوں گے جنہوں نے طیالسی (مخصوص قسم کی چادریں) لی ہوئی ہوں گی۔"

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ بَعْضِ الْفِتَنِ الَّتِيْ يَبْتَلِي اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا الْبَشَرَ بِكَوْنِهٖ مَعَ الْمَسِيحِ

## ان بعض فتنوں کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ، جن کے ذریعے اللہ تعالیٰ لوگوں کو آزمائے گا اور وہ فتنے دجال کے ساتھ ہوں گے

**6799** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ

6798–إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير عبد الرحمن بن إبراهيم فمن رجال البخاري. وأخرجه مسلم "2944" في الفتن: باب في بقية أحاديث الدجال، عن منصور بن أبي مزاحم، عن يحيى بن حمزة، عن الأوزاعي، بهذا الإسناد.

6799– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير نعيم بن أبي هند، فمن رجال مسلم. أبو خيثمة: هو الزبير بن حرب، وجرير: هو ابن عبد الحميد الضبي، ومغيرة: هو ابن مقسم الضبي. وأخرجه مسلم "2935" "108" في الفتن وأشراط الساعة، عن علي بن حجر وإسحاق بن إبراهيم، كلاهما عن جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه بنحوه البخاري "3450" في أحاديث الأنبياء: باب ما ذكر عن بني إسرائيل، و"7130" في الفتن: باب ذكر الدجال، ومسلم "2934" "106" و"107"، والطبراني "642"/17 و"643" و"644"، والبغوي "4259" من طريق عبد الملك بن عمير، وابن أبي شيبة 15/133، ومسلم "2934" "105" من طريق أبي مالك الأشجعي، وابن أبي شيبة 15/134، وأبو داود في الملاحم: باب خروج الدجال، من طريق منصور ثلاثتهم عن ربعي بن حراش، به. وكلهم قرن في حديثه بين حذيفة وأبي مسعود سوى أبي مالك الأشجعي ومنصور عند ابن أبي شيبة، وعند بعضهم عن حذيفة مرفوعا.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



مُغِيرَةَ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اِجْتَمَعَ حُذَيْفَةُ، وَاَبُو مَسْعُودٍ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: اَنَا اَعْلَمُ بِمَا مَعَ الدَّجَّالِ مِنْهُ، اِنَّ مَعَهُ نَهْرًا مِنْ نَارٍ، وَنَهْرًا مِنْ مَاءٍ، فَالَّذِي يَرَوْنَ اَنَّهُ نَارٌ: مَاءٌ، وَالَّذِي يَرَوْنَ اَنَّهُ مَاءٌ: نَارٌ، فَمَنْ اَدْرَكَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَاَرَادَ الْمَاءَ، فَلْيَشْرَبْ مِنَ الَّذِي يَرَى اَنَّهُ نَارٌ، فَاِنَّهُ سَيَجِدُهُ مَاءً.

قَالَ اَبُو مَسْعُودٍ هٰكَذَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ.

❀❀ ربعی بن حراش بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ ایک جگہ اکٹھے ہوئے' تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں یہ بات جانتا ہوں کہ دجال کے ساتھ کیا چیز ہوگی اس کے ساتھ آگ کی ایک نہر ہوگی اور پانی کی ایک نہر ہوگی' جسے لوگ یہ سمجھیں گے کہ وہ آگ ہے وہ درحقیقت پانی ہوگا اور جسے لوگ یہ سمجھیں گے کہ وہ پانی ہے وہ درحقیقت آگ ہوگی تم میں سے جو شخص ایسی صورت حال کو پائے اور وہ پانی پینا چاہتا ہو' تو وہ اس میں سے پئے جو اسے آگ لگ رہا ہو وہ پانی کو پالے گا۔

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

## ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ اَبِي مَسْعُودٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

## اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ سے منقول اس روایت کی متضاد ہے' جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

**6800** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيرٌ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ بَلَغَنِي اَنَّ مَعَ الدَّجَّالِ جِبَالَ الْخُبْزِ، وَاَنْهَارَ الْمَاءِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُوَ اَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ، قَالَ الْمُغِيرَةُ: فَكُنْتُ مِنْ اَكْثَرِ النَّاسِ سُؤَالًا عَنْهُ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ بِالَّذِي يَضُرُّكَ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اِنْكَارُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمُغِيرَةِ بِاَنَّ مَعَ الدَّجَّالِ اَنْهَارَ الْمَاءِ لَيْسَ يُضَادُّ خَبَرَ اَبِي مَسْعُودٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ، لِاَنَّهُ اَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ اَنْ يَكُونَ مَعَهُ نَهْرُ

6800- إسناده صحيح على شرط الشيخين . جرير : هو ابن عبد الحميد الضبي . وأخرجه مسلم "2152" في الآداب: باب جواز قوله لغير ابنه "يا بني"، واستحبابه للملاطفة، و "2939" في الفتن: باب في الدجال وهو أهون على الله عز وجل، عن إسحاق بن إبراهيم. بهذا الإسناد. وقد تقدم الحديث عند المؤلف برقم "6782".

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


الْمَاءِ يَجْرِى، وَالَّذِى مَعَهُ يُرَى أَنَّهُ مَاءٌ وَّلَا مَاءَ، مِنْ غَيْرِ أَنْ يَّكُوْنَ بَيْنَهُمَا تَضَادٌّ

❁❁ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھ تک یہ بات پہنچی ہے دجال کے ساتھ روٹیوں کے پہاڑ اور پانی کی نہریں ہوں گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کے باوجود وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں انتہائی بے حیثیت ہوگا۔

حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں دجال کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت زیادہ سوالات کیا کرتا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ پر انکار کرنا کہ دجال کے ساتھ پانی کی نہریں ہوں گی یہ روایت حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت کی متضاد نہیں ہے' جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں' کیونکہ وہ ایسا ہونے کے باوجود اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حقیر ہوگا کہ اس کے ساتھ بہتے ہوئے پانی کی نہر ہوگی اور جو شخص یہ دیکھے گا کہ وہ پانی ہے وہ پانی نہیں ہوگا اس طرح ان دونوں روایات کے درمیان کوئی تضاد نہیں ہوگا۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الْبَعْضِ الْآخَرِ مِنَ الْفِتَنِ الَّتِي تَكُوْنُ مَعَ الدَّجَّالِ

## فتنوں میں سے اس دوسرے فتنے کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو دجال کے ساتھ ہوگا

**6801** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، حَدَّثَهُ، قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الدَّجَّالِ، فَقَالَ فِيمَا حَدَّثَنَا: يَأْتِي الدَّجَّالُ، وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْهِ أَنْ يَّدْخُلَ أَنْقَابَ الْمَدِيْنَةِ، فَيَخْرُجُ إِلَيْهِ رَجُلٌ، وَهُوَ خَيْرُ النَّاسِ يَوْمَئِذٍ - أَوْ مِنْ خَيْرِهِمْ - فَيَقُوْلُ: أَشْهَدُ أَنَّكَ الدَّجَّالُ الَّذِي حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثَهُ فَيَقُوْلُ الدَّجَّالُ: أَرَأَيْتُمْ إِنْ قَتَلْتُ هٰذَا ثُمَّ أَحْيَيْتُهُ، أَتَشُكُّوْنَ فِي الْأَمْرِ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: لَا، فَيُسَلَّطُ عَلَيْهِ، فَيَقْتُلُهُ، ثُمَّ يُحْيِيْهِ، فَيَقُوْلُ حِيْنَ يَحْيَى: وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ بِأَشَدَّ بَصِيْرَةً فِيْكَ مِنِّي الْآنَ، فَيُرِيْدُ قَتْلَهُ الثَّانِيَةَ، فَلَا يُسَلَّطُ عَلَيْهِ قَالَ مَعْمَرٌ: يَرَوْنَ أَنَّ هٰذَا

6801--حديث صحيح، ابن أبي السّري قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وهو في "مصنف عبد الرزاق" "20824"، وعنه أخرج أحمد في "المسند" .3/36 وأخرجه البخاري "1882" في فضائل المدينة: باب لا يدخل الدجال المدينة، من طريق عقيل بن خالد، و "7132" في الفتن: باب لا يدخل الدجال المدينة، ومسلم "2938" في الفتن: باب صفة الدجال، والبغوي في "شرح السنة" "4258" من طريق شعيب بن أبي حمزة، ومسلم أيضا "2938"، والنسائي في "الكبرى" كما في: "التحفة" 3/293 من طريق صالح بن كيسان، ثلاثتهم عن الزهري، به. وأخرجه بنحوه مسلم "2938" "113"، والبغوي "4262" من طريق قيس بن وهب، عن أبي الودّاك جبر بن نوف، عن أبي سعيد الخدري. وأخرجه بنحوه مطولا أبو يعلى "1074" و"1366"، والبزار "3394" من طريقين عن عطية العوفي، عن أبي سعيد. وفيه: أنه يذبحه ثلاثا ويمنع منه في الرابعة، وعطية العوفي ضعيف.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


الرَّجُلَ الَّذِیْ یَقْتُلُهُ الدَّجَّالُ ثُمَّ یُحْیِیهِ: الْخَضِرُ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دجال کے بارے میں بتایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس کے بارے میں جو بتایا اس میں یہ تھا کہ دجال آئے گا اس کے لئے یہ بات ممنوع ہوگی کہ وہ مدینہ منورہ کے کسی راستے میں داخل ہو سکے ایک شخص نکل کر اس کے پاس جائے گا یہ اس دن سب سے بہتر شخص ہوگا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) ان لوگوں کے بہترین لوگوں میں سے ایک ہوگا وہ یہ کہے گا میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ تم وہی دجال ہو جس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بتایا تھا تو دجال کہے گا تم لوگوں کا کیا خیال ہے اگر میں اسے قتل کر کے پھر زندہ کر دوں تو کیا تمہیں اس معاملے کے بارے میں کوئی شک ہوگا وہ لوگ جواب دیں گے جی نہیں تو دجال کو اس شخص پر تسلط عطا کیا جائے گا وہ اسے قتل کر دے گا پھر وہ اسے زندہ کرے گا وہ زندہ ہوگا تو یہ کہے گا اللہ کی قسم! تمہارے بارے میں جتنی بصیرت مجھے اب حاصل ہے پہلے حاصل نہیں تھی پھر دجال دوبارہ اس شخص کو قتل کرنے کا ارادہ کرے گا لیکن اس پر قابو نہیں پا سکے گا۔

معمر نامی راوی کہتے ہیں: لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ وہ شخص جسے دجال قتل کرے گا اور پھر دوبارہ زندہ کرے گا وہ حضرت خضر علیہ السلام ہیں۔

## ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الدَّجَّالَ لَا يَفْتَتِنُ بِهٖ كُلُّ النَّاسِ، وَلَا يُزِيلُ الْاِمَامَةَ عَمَّنْ كَانَتْ لَهٗ اِلٰى نُزُوْلِ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ

## اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے دجال کے ذریعے ہر شخص کو آزمائش میں

مبتلا نہیں کیا جائے گا اور وہ اس شخص کی امامت کو زائل نہیں کرے گا جسے امامت کا حق حاصل ہوگا یہاں تک کہ حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نزول کر لیں گے

**6802** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ:

6802- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الرحمن بن إبراهيم فمن رجال البخاري. وأخرجه ابن منده في "الإيمان" "413"، والبيهقي في "البعث" وابن الأعرابي في "معجمه"، والحافظ ابن حجر في "تغليق التعليق" 4/40 من طرق عن الأوزاعي، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "155" "246" في الإيمان: باب نزول عيسى ابن مريم حاكما بشريعة نبينا محمد صلى الله عليه وسلم، عن زهير بن حرب، عن الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، به . إلا أنه قال فيه "فأمكم منكم" قال الوليد بن مسلم: فقلت لابن أبي ذئب: إن الأوزاعي حدثنا عن الزهري عن نافع، عن أبي هريرة "وإمامكم منكم" قال ابن أبي ذئب: تدري "ما أمكم منكم" قلت: تخبرني، قال: فأمكم بكتاب ربكم تبارك وتعالى وسنة نبيكم صلى الله عليه وسلم. وأخرجه أحمد 2/336 عن عثمان بن عمر، عن ابن أبي ذئب، به بلفظ: "وإمامكم منكم .!" وأخرجه عبد الرزاق "20841"، ومن طريقه ابن منده "415" عن معمر، والبخاري "3449" في أحاديث الأنبياء : باب نزول عيسى ابن مريم عليهما السلام، ومسلم "244""155"، وابن منده "414"، والبيهقي في "الأسماء والصفات " ص 424، والبغوي "4277" من طريق يونس بن يزيد، ومسلم "245""155" من طريق ابن أخي الزهري، وابن منده "416" من طريق عقيل بن خالد، أربعتهم عن الزهري، به . قال ابن أخي الزهري في حديثه: "فأمكم منكم"، وفي حديث معمر: "فأمكم - أو قال: إمامكم - منكم" على الشك.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ نَافِعَ بْنَ أَبِي نَافِعٍ مَوْلَى أَبِي قَتَادَةَ، أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْيَمَ فِيكُمْ، وَإِمَامُكُمْ مِنْكُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اس وقت تمہارا کیا عالم ہوگا' جب حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام تمہارے درمیان نزول کریں گے اور امام تم میں سے ہوگا۔''

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ دُخُولِ الدَّجَّالِ حَرَمَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' دجال' اللہ تعالیٰ کے حرم میں داخل نہیں ہو سکے گا

**6803** - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَيْسَ مِنْ بَلَدٍ إِلَّا سَيَطَؤُهُ الدَّجَّالُ إِلَّا مَكَّةَ وَالْمَدِينَةَ، لَيْسَ نَقْبٌ مِنْ أَنْقَابِهَا إِلَّا عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ صَافِّينَ يَحْرُسُونَهَا، فَيَنْزِلُ السَّبَخَةَ، فَتَرْجُفُ الْمَدِينَةُ بِأَهْلِهَا ثَلَاثَ رَجَفَاتٍ يَخْرُجُ إِلَيْهِ كُلُّ كَافِرٍ وَمُنَافِقٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''کوئی بھی شہر ایسا نہیں ہوگا جہاں دجال نہیں پہنچے گا البتہ مکہ اور مدینہ نہیں پہنچ سکے گا وہاں کے ہر راستے پر فرشتے تلواریں سونت کر ان کی حفاظت کر رہے ہیں وہ شور زدہ سرزمین پر اترے گا' تو مدینہ منورہ میں تین مرتبہ زلزلہ آئے گا' تو

6803- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الرحمن بن إبراهيم. وأخرجه البخاري "1881" في فضائل المدينة: باب لا يدخل الدجال المدينة، ومن طريق البغوي "2022" عن إبراهيم بن المنذر، ومسلم "2943" في الفتن: باب قصة الجساسة، عن علي بن حجر السعدي. كلاهما عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 1/83 عن إسحاق بن إبراهيم، عن عمر بن عبد الواحد، عن الأوزاعي، به. وأخرجه أحمد 3/191، وابن أبي شيبة 12/181 و15/143، ومسلم "2943" من طرق عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طلحة، به. غير أنه قال: فيأتي سبخة الجرف، فيضرب رواقه، وقال: فيخرج غليه كل منافق ومنافقة. وأخرجه مختصرا أحمد 3/238، والبخاري "7124" في الفتن: باب ذكر الدجال، من طريقين عن شيبان النحوي، عن يحيى بن أبي كثير، عن إسحاق بن عبد الله بن أبي طلحة، به. ولفظه: "يجيء الدجال حتى ينزل في كل ناحية المدينة، ثم ترجف المدينة ثلاث رجفات، فيخرج إليه كل كافر ومنافق." قلت: والأنقاب: قال ابن وهب: المراد بها المداخل، وقيل الأبواب، وأصل النقب: الطريق بين الجبلين، وقيل: الأنقاب: الطرق التي يسلكها الناس، ومنه قوله تعالى: (فَنَقَّبُوا فِي الْبِلَادِ). والسبخة: الأرض المالحة. والجرف: بضم الجيم والراء: مكان بطريق المدينة من جهة الشام على ميل، وقيل: على ثلاثة أميال.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


ہر کافر اور منافق بھی نکل کر دجال کی طرف چلا جائے گا۔''

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ دُخُوْلِ الدَّجَّالِ مَدِيْنَةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## نبی اکرم ﷺ کے شہر مدینہ منورہ میں دجال کے داخل ہونے کی نفی کا تذکرہ

**6804** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْكَبِيْرِ بْنُ عُمَرَ الْخَطَّابِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَلْمَدِيْنَةُ يَاْتِيْهَا الدَّجَّالُ، فَيَجِدُ الْمَلَائِكَةَ يَحْرُسُوْنَهَا، فَلَا يَدْخُلُهَا الدَّجَّالُ وَلَا الطَّاعُوْنُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مدینہ کے قریب دجال آئے گا' تو وہ فرشتوں کو پائے گا: وہ اس کی حفاظت کر رہے ہیں' تو دجال مدینہ کے اندر داخل نہیں ہو سکے گا اور نہ ہی طاعون داخل ہو سکے گا اگر اللہ نے چاہا۔''

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ عَدَدِ الْمَلَائِكَةِ الَّتِيْ تَحْرُسُ حَرَمَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ دُخُوْلِ الدَّجَّالِ اِيَّاهَا

## فرشتوں کی ان تعداد کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو نبی اکرم ﷺ کے حرم کی حفاظت کرتے ہیں' تاکہ دجال اس میں داخل نہ ہو سکے

**6805** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ ذَرِيْحٍ، بِعُكْبَرَا، قَالَ: حَدَّثَنَا مَسْرُوْقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَدْخُلُ الْمَدِيْنَةَ رُعْبُ الْمَسِيْحِ، لَهَا يَوْمَئِذٍ سَبْعَةُ اَبْوَابٍ عَلٰى كُلِّ بَابٍ مَلَكَانِ

---

6804–إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 3/123و202و277، البخاري "7134" في الفتن: باب لا يدخل الدجال المدينة، و "7473" في التوحيد: باب في المشيئة والإرادة، والترمذي "2242" في الفتن: باب ما جاء في الدجال لا يدخل المدينة، من طريق يزيد بن هارون، بهذا الإسناد . وأخرجه بنحوه أحمد 3/206من طريق سعيد بن أبي عروبة، و3/229من طريق شيبان، كلاهما عن قتادة، عن أنس أن قائلا من الناس قال: يا نبي الله أما يرد الدجال المدينة؟ قال: "أما إنه ليعمد إليها، ولكنه يجد الملائكة صافة بنقابها وأبوابها، يحرسونها من الدجال." غير هذا الطريق برقم ."3731"

6805– حديث صحيح، المرزبان والد مسروق روى عنه اثنان، ووثقه المؤلف 9/200، وأورده ابن أبي حاتم 8/442، ولم يذكر فيه جرحاً ولا تعديلا، وابنه مسروق روى له ابن ماجه، وهو صدوق، وقد توبعا، ومن فوقهما ثقات من رجال الشيخين، وقد تقدم عند المؤلف من غير هذا الطريق برقم ."3731"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com


❁❁ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مدینہ میں دجال کا غلبہ داخل نہیں ہو سکے گا اس وقت مدینہ منورہ کے سات دروازے ہوں گے' جن میں سے ہر دروازے پر دو فرشتے تعینات ہوں گے۔''

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ ظُهُوْرِ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ عَلٰى مَنْ يَّكُوْنُ مَعَ الدَّجَّالِ فِيْ ذٰلِكَ الزَّمَانِ

## اس زمانے میں جو شخص دجال کے ساتھ ہوگا اس پر اہل مدینہ کے غالب آنے کی اطلاع کا تذکرہ

**6806** - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): تُقَاتِلُكُمُ الْيَهُوْدُ، فَتَظْهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ حَتّٰى يَقُوْلَ الْحَجَرُ: يَا مُسْلِمُ، هٰذَا يَهُوْدِيٌّ، وَرَائِيْ، فَاقْتُلْهُ

❁❁ سالم بن عبداللہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔

''یہودی تمہارے ساتھ جنگ کریں گے تم لوگ ان پر غالب آجاؤ گے' یہاں تک کہ پتھر یہ کہے گا: اے مسلمان یہ میرے پیچھے یہودی موجود ہے تم اسے قتل کر دو۔''

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الْعَلَامَةِ الَّتِيْ بِهَا يُعْرَفُ نَجَاةُ الْمَرْءِ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ

## اس علامت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جس کے ذریعے آدمی کے دجال کے فتنے سے نجات پانے کی شناخت ہو سکے گی

---

6806- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى، فمن رجال مسلم، وهو في "صحيحه" "2921" "81" في الفتن: باب لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرجل، فيتمنى أن يكون مكان الميت من البلاء ، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/122، والبخاري "3593" في المناقب: باب في علامات النبوة في الإسلام، من طريق شعيب بن أبي حمزة، وعبد الرزاق "20837"، ومن طريقه الترمذي "2236" في الفتن: باب ما جاء في علامات الدجال، والبغوي "4246" عن معمر، كلاهما عن الزهري، به. وأخرجه مسلم "2921" "80" من طريق عمر بن حمزة، عن سالم، به . وأخرجه البخاري "2925" في الجهاد: باب قتال اليهود، من طريق مالك، ومسلم "79" "2921" من طريق عبيد الله بن عمر، كلاهما عن نافع، عن ابن عمر . قال الحافظ في "الفتح" 6/706: وفي الحديث ظهور الآيات قرب قيام الساعة من كلام الجماد من شجرة وحجر، وظاهره أن ذلك ينطق حقيقة، ويحتمل المجاز بأن يكون المراد أنهم لا يفيدهم الاختباء ، والأول أولى. وفي قوله صلى الله عليه وسلم: "تقاتلكم اليهود" جواز مخاطبة الشخص والمراد من هو منه بسبيل، لأن الخطاب كان للصحابة والمراد من يأتي من بعدهم بدهر طويل، لكن لما كانوا مشتركين معهم في أصل الإيمان ناسب أن يخاطبوا بذلك.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



6807 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الدَّجَّالَ، فَقَالَ: لَفِتْنَةُ بَعْضِكُمْ اَخْوَفُ عِنْدِي مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ، اِنَّهَا لَيْسَتْ مِنْ فِتْنَةٍ صَغِيرَةٍ وَّلَا كَبِيرَةٍ اِلَّا تَتَّضِعُ لِفِتْنَةِ الدَّجَّالِ، فَمَنْ نَجَا مِنْ فِتْنَةٍ مَا قَبْلَهَا نَجَا مِنْهَا، وَاِنَّهُ لَا يَضُرُّ مُسْلِمًا مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ، مُهَجَّاةٌ كَ، فَ، رَ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: تمہارا (آپس کا اختلاف) میرے نزدیک دجال کے فتنے سے زیادہ خوف زدہ کرنے والا ہے' ہر چھوٹا اور بڑا فتنہ دجال کے فتنے کا پیش خیمہ ہوگا جو شخص اس سے پہلے کے فتنے سے نجات پالے گا وہ اس سے بھی نجات پالے گا اور یہ کسی مسلمان کو کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا' کیونکہ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان ہجوں میں "ک ف ر" (یعنی کافر) لکھا ہوا ہوگا۔

## ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَمِيمَ هُمْ اَشَدُّ هٰذِهِ الْاُمَّةِ عَلَى الدَّجَّالِ نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ الدَّجَّالِ

## اس بات کے بیان کا تذکرہ' اس امت میں سے بنو تمیم دجال کے لیے سب سے زیادہ سخت ہیں' ہم دجال کے شر سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

6808 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا جَرِيرٌ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): لَا اَزَالُ اُحِبُّ بَنِي تَمِيمٍ بَعْدَ ثَلَاثٍ سَمِعْتُهُنَّ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدِمَ مِنْهُمْ سَبْيٌ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ عَلٰى بَعْضِهِمْ رَقَبَةٌ مِّنْ بَنِي اِسْمَاعِيلَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَعْتِقْهَا، فَاِنَّهَا مِنْ وَلَدِ اِسْمَاعِيلَ، وَجَاءَتْهُ صَدَقَاتُ بَنِي تَمِيمٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذِهِ صَدَقَاتُ قَوْمِنَا، وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: هُمْ اَشَدُّ اُمَّتِي عَلَى الدَّجَّالِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب سے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی تین باتیں سنی ہیں اس کے بعد میں ہمیشہ بنو تمیم سے محبت کرتا ہوں ایک مرتبہ ان کے کچھ لوگ قیدی ہو کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لائے گئے ان میں سے ایک

6807- إسناده صحيح، سليمان بن ميسرة روى عنه الأعمش وحبيب بن أبي ثابت، ذكره المؤلف في "الثقات" 6/382، ووثقه ابن معين، والعجلي، والنسائي كما في "تعجيل المنفعة" ص168 نقلا عن ابن خلفون، وباقي السند ثقات من رجال الشيخين، ابو كريب: هو محمد بن العلاء بن كريب. وأخرجه البزار "3391" عن ابي كريب، بهذا الإسناد. وقال الهيثمي في "المجمع" 7/335: رجاله رجال الصحيح! وأخرجه أيضا "3392" مختصرا من طريق منصور بن أبي الأسود، عن الأعمش، به. وأخرجه كذلك أحمد 5/389 عن وهب بن جرير، عن أبيه، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ. وأورده السيوطي في "الجامع الكبير" ص644، وزاد نسبته إلى الروياني في "مسنده"، والضياء المقدسي في "الجنان."

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



قیدی بنو اسمٰعیل سے تعلق رکھتا تھا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے آزاد کردو جو حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد سے تعلق رکھتا ہے پھر ایک مرتبہ بنوتمیم کے صدقات آئے تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ ہماری قوم کے صدقات ہیں اور میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: میری امت میں دجال کے خلاف سب سے زیادہ سخت یہ لوگ ہیں۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ فَتْحِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ عِنْدَ قِتَالِهِمُ الدَّجَّالَ

## اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ 'مسلمانوں کے دجال کے ساتھ جنگ کے وقت اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو فتح عطا فرمائے گا

**6809** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْدُوْنَ بْنِ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ عُتْبَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): تُقَاتِلُوْنَ جَزِيْرَةَ الْعَرَبِ، فَيَفْتَحُهُ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ، وَتُقَاتِلُوْنَ فَارِسَ فَيَفْتَحُهُ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ، ثُمَّ تُقَاتِلُوْنَ الدَّجَّالَ فَيَفْتَحُهُ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ

✿✿ حضرت نافع بن عتبہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"تم لوگ جزیرہ عرب کے ساتھ جنگ کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہارے لئے اسے فتح کردے گا تم لوگ اہل فارس کے ساتھ جنگ کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہارے لیے اسے فتح کردے گا پھر تم لوگ دجال کے ساتھ جنگ کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہیں اس پر فتح نصیب کرے گا۔"

---

6808– إسناده صحيح على شرط الشيخين. إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه الحنظلي، وجرير: هو ابن عبد الحميد الضبي. وأخرجه البخاري "2543" في الفتن: باب من ملك العرب رقيقا فوهب وباع وجامع وفدى وسبى الذرية، و"4366" في المغازي: باب رقم "68"، ومسلم "2525" في فضائل الصحابة: باب من فضائل غفار وأسلم وجهينة ومزينة وتميم ودوس وطيء، عن زهير بن حرب، وأخرجه البخاري أيضا في الحديث "2543" عن محمد بن سلام، كلاهما عن جرير بن عبد الحميد، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "2543" عن محمد بن سلام، ومسلم "2525" عن قتيبة بن سعيد، كلاهما عن جرير بن عبد الحميد، عن مغيرة بن مقسم، عن الحارث بن يزيد العكلي، عن أبي زرعة، به. وأخرجه مسلم "2525" عن حامد بن عمر البكراوي، عن مسلمة بن علقمة المازني، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ أبي هريرة، قال: ثلاث خصال سمعتهن مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ في بني تميم، لا أزال أحبهن بعد، وساق الحديث بهذا المعنى، غير أنه قال: "هم أشد الناس قتالا في الملاحم"، ولم يذكر الدجال. وأخرجه بنحوه أحمد 2/390 عن أسود بن عامر، عن سفيان، عن رجل، عن أبي زرعة، عن أبي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "هذه صدقة قومي، وهم أشد الناس على الدجال" يعني بني تميم، قال أبو هريرة: ما كان قوم من الأحياء أبغض إلي منهم، فأحببتهم منذ سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول هذا. قلت: وفي سنده جهالة، وقال الحافظ ابن حجر في "الفتح": وكان ذلك لما كان يقع بينهم وبين قومه في الجاهلية من العداوة.

6809– إسناده حسن على شرط مسلم، سماك بن حرب حسن الحديث وقد تابعه عبيد الله بن عمرو الرقي، وقد تقدم برقم "6672".

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الْبَلَدِ الَّذِي يُهْلِكُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا الدَّجَّالَ بِهِ

## اس شہر کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ جس میں اللہ تعالیٰ دجال کو ہلاکت کا شکار کرے گا

**6810** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): يَأْتِي الْمَسِيحُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، وَهِمَّتُهُ الْمَدِينَةَ، حَتّٰى يَنْزِلَ عِنْدَ أُحُدٍ، ثُمَّ يَغْدُو قِبَلَ الشَّامِ، وَهُنَاكَ يَهْلِكُ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''دجال مشرق کی طرف سے آئے گا اس کا ارادہ مدینہ منورہ کا ہوگا' یہاں تک کہ جب وہ احد پہاڑ کے قریب پڑاؤ کرے گا' تو پھر وہ شام کی طرف روانہ ہوجائے گا اور وہاں وہ ہلاکت کا شکار ہوگا''۔

## ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ قَاتِلِ الْمَسِيحِ وَوَصْفِ الْمَوْضِعِ الَّذِي يَقْتُلُهُ فِيهِ

## دجال کے قاتل کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ اور اس مقام کا تذکرہ جہاں وہ (قاتل) دجال کو قتل کرے گا

**6811** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي

---

6810- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه أحمد 2/397، ومسلم "1380" في الحج: باب صيانة المدينة من دخول الطاعون والدجال إليها، والبغوي "2023" من طرق عن إسماعيل بن جعفر، بهذا الإسناد، غير أنهم قالوا فيه: "ثم تصرف الملائكة وجهه قبل الشام." وأخرجه أحمد 2/407 - 408 من طريق عبد الرحمن بن إبراهيم القاص المدني، و 457 من طريق شعبة، كلاهما عن العلاء، به. وزاد في أوله: "الإيمان يمان، والكفر من قبل المشرق، وإن السكينة في أهل الغنم، وإن الرياء والفخر في أهل الفدادين أهل الوبر وأهل الخيل، ويأتي المسيح من قبل المشرق ..."، والمسيح هو الدجال.

6811- حديث صحيح لغيره، عبد الله بن ثعلبة، ويقال له: عبيد الله بن عبد الله بن ثعلبة، ويقال: عبد الله بن عبيد الله بن ثعلبة الأنصاري المدني، قال الحافظ في التقريب" شيخ للزهري لا يعرف، واختلف عليه في إسناد حديثه، وباقي رجاله ثقات . وأخرجه أحمد 3/420 عن هاشم بن القاسم، عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/420 من طريق الأوزاعي، والطبراني "1080"/19 من طريق عبد الرحمن بن إسحاق، كلاهما عن الزهري، به. وأخرجه الترمذي "2244" في الفتن: باب ما جاء في قتل عيسى ابن مريم الدجال، عن قتيبة بن سعيد، والطبراني "1075"/19 من طريق عبد الله بن صالح، كلاهما عن الليث، به. عند الترمذي "عبيد الله بن عبد الله ثعلبة" وعند الطبراني "عبد الله بن عبيد الله بن ثعلبة." وقال الترمذي: حسن صحيح! وأخرجه أحمد 3/420، والحميدي "828"، والطبراني "1077"/19 عن سفيان بن عيينة، والطيالسي "1227"، والطبراني "1079"/19 عن زمعة بن صالح، والطبراني "1081"/19/19 من طريق عقيل بن خالد، ثلاثتهم عن الزهري، به. وسماه في رواية أحمد: "عبد الله بن عبيد الله بن ثعلبة"، وقال آخرون: عبيد الله بن عبد الله بن ثعلبة. وأخرجه عبد الرزاق "20835"، ومن طريق أحمد 3/420 و4/226 و390، والطبراني "1076"/19

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
AlHidayah - الهداية

www.KitaboSunnat.com



